مقالہ بعنوان

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ

بحیثیت

ماہر معاشیات

علوم اسلامیہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لئے پیش کیا گیا

مقالہ نگار

منور حسین چیمہ

اسسٹنٹ پروفیسر

شعبہ علوم اسلامیہ

گورنمنٹ اسلامیہ کالج سمبڑیال (سیالکوٹ)

نگران تحقیق

پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت

چیئرپرسن

ادارہ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب

لاہور

ادارہ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب لاہور

رجب المرجب ۱۴۱۸ھ نومبر ۱۹۹۷ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ
وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ط

(الاعراف : ۱۰)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(ج)

مولای صل وسلم دائماً ابداً
علی حبیبك خیر الخلق کلهم
محمد سید الکونین والثقلین
والفریقین من عرب ومن عجم
هو الحبیب الذی ترجیٰ شفاعته
لکل هول من الاهوال مقتحم
فاق النبیین فی خلق وفی خلق
ولم یدانوه فی علم ولا کرم
ثم الرضا عن ابی بکرؓ وعن عمرؓ
وعن علیؓ وعن عثمانؓ ذی الکرم
(البوصیریؒ)

"اے مالک میرے درُود اور سلام بھیج ہمیشہ ہمیشہ
تک اپنے دوست پر جو بہتر ہیں ساری خلقت سے۔
سو وہ کون محمد صلی اللہ علیہ وسلم دُنیا اور آخرت کے
سَردار اور جن وانسان کے سردار اور دونوں
فریقوں عرب اور عجم کے سَردار۔
وہی ہیں اللہ کے ایسے حبیب کہ ان کی شفاعت کی
اُمید ہے۔ ہر ایک خوف کے وقت جو آنے والے
خوف ہیں۔
نبیوں پر فوقیت لے گئے خلقت اور خلق میں اور دوسرے
نبی نہ ان کے علم کو پہنچ سکے اور نہ کرم کو۔
پھر راضی ہو حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے اور حضرت علیؓ
اور حضرت عثمانؓ سے کہ وہ صاحب کرم ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

انتساب

مخدوم امم

ابوالحسن سیّد علی بن عثمان ہجویریؒ

کے نام

خاک پنجاب از دمِ او زندہ گشت
صبح ما از مہر او تابندہ گشت
(اقبالؒ)

حضرت غلام حسن قادری نوشاہیؒ


کٹھیالہ (گجرات)

منجانب: مُنوّر

toobaa-elibrary.blogspot.com



ولید بن عبدالملک کے
دور کے سکے



ہشام بن عبدالملک
کے دور کے سکے



بنو امیہ کے دور کا دینار



ہارون الرشید کے دور کے سکے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اظہار تشکر

سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں جس نے مجھ ایسے بے کار شخص کو جو علم و عمل میں کوئی مقام نہیں رکھتا' امام ابو یوسف ایسی بلند پایہ شخصیت پر تحقیقی کام کرنے کی توفیق دی۔ اگر خالق کائنات کا خصوصی فضل و کرم راقم پر نہ ہوتا تو ایک لفظ بھی تحریر کرنا ناممکن تھا۔ یہ محض رب ذوالجلال کی عطا کردہ ہمت اور توفیق ہی کا نتیجہ ہے کہ یہ کام مقررہ مدت میں پایہ تکمیل کو پہنچ سکا۔

نگران تحقیق' محترمہ ڈاکٹر جمیلہ شوکت نے جس طرح مشفقانہ انداز میں راہنمائی کی وہ بھی میرے لیے بہت بڑا اعزاز ہے۔ محترمہ نے انتظامی اور علمی مصروفیات کے باوجود اپنا قیمتی وقت صرف کر کے دین اسلام اور علم کی ترویج و ترقی سے گہری وابستگی کا اظہار فرمایا۔

اس مقالہ میں اگر کوئی خوبی ہے تو وہ نگران تحقیق کی بہترین راہنمائی کا نتیجہ ہے اور جو خامیاں رہ گئی ہیں ان کا ذمہ دار صرف مقالہ نگار ہے۔

محترمہ نے محض اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لیے اس تحقیقی کام کی نگرانی کی ہے۔ اس لیے اس محنت کا صلہ بھی اللہ تعالیٰ ہی انہیں دنیا و آخرت میں عطا فرمائے گا۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے علم' عمل اور عمر میں برکت پیدا فرمائے۔

محترم پروفیسر غلام رسول عدیم صاحب کا احسان مند ہوں کہ جن کی راہنمائی کے بغیر راقم یہ ذمہ داری ادا نہ کر سکتا۔ راقم الحروف سات سال کے عرصہ میں متعدد بار ان کے در دولت پر حاضر ہوا تو موصوف نے جس خلوص بھرے انداز میں معاونت فرمائی اس کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ مجھے یہ اعتراف ہے کہ راقم ان کی علمی مصروفیت میں مخل ہوا امید ہے وہ در گذر فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں دنیا اور آخرت میں اس نیکی کا انعام عطا فرمائے۔

ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کا ممنون ہوں۔ جنہوں نے مقالہ کے خاکہ کی تیاری میں ہمدردانہ انداز میں راہنمائی فرمائی۔ ان کی ہدایات کی روشنی ہی میں مقالہ کے ابواب و فصول کی ترتیب ممکن ہوئی۔

محترم پروفیسر حافظ محمد ارشد صاحب کا بھی شکر گذار ہوں جنہوں نے نہ صرف موضوع کی منظوری کے لیے جدوجہد فرمائی بلکہ اس کام کی تکمیل کے لیے راقم کو وقتاً فوقتاً تلقین کرتے رہے۔

ادارہ علوم اسلامیہ کے اساتذہ کرام' پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ خاں' ڈاکٹر خالد علوی صاحب پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمود اختر صاحب' پروفیسر ممتاز احمد سالک صاحب' پروفیسر شبیر احمد منصوری صاحب پروفیسر ڈاکٹر حمید اللہ صاحب اور پروفیسر محمد رفیق چوہدری صاحب ایسی علم و عمل سے مزین شخصیات سے بحیثیت طالب علم بہت کچھ سیکھا اس لیے ان کے احسانات کو بھی نہیں بھول سکتا۔

برادرم سجاد صاحب (سجاد کمپوزنگ سنٹر گوجرانوالہ) نے جس محنت اور خلوص سے اس مقالہ کی کمپوزنگ کی وہ بھی قابل تحسین ہے۔

منور حسین چیمہ

گورنمنٹ اسلامیہ کالج سمبڑیال

تحقیقی کام کا آغاز ۲ دسمبر ۱۹۹۰

تکمیل ۲۲ نومبر ۱۹۹۷

toobaa-elibrary.blogspot.com

عمومی اشارات

1 حواشی و حوالہ جات ہر باب کے آخر میں دیئے گئے ہیں

2 مقالہ میں پہلی بار کسی کتاب کا حوالہ تحریر کرتے وقت مکمل نام مع نام مصنف مقام اشاعت وغیرہ کا التزام کیا گیا ہے۔ بعد ازاں کتاب اور مصنف کا مختصر نام لکھا گیا ہے۔

3 کتب حدیث کے حوالہ جات تقریباً" ہر جگہ مکمل تحریر کئے گئے ہیں

4 مقالہ میں حوالہ دیتے ہوئے "الخراج" سے مراد امام ابو یوسف کی کتاب الخراج ہے۔ خراج کے موضوع پر دیگر کتب کے حوالہ جات لکھتے وقت مصنف کا نام بھی تحریر کیا گیا ہے۔

5 ہر باب میں پہلی بار کسی شخصیت کا مکمل نام مع سن وفات دیا گیا ہے۔

(6) مقالہ میں جن کتب کے ایک سے زائد ایڈیشن استعمال کئے گئے ہیں۔ ان کی صراحت مصادر و مراجع کی فہرست میں کر دی گئی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرست مضامین

عنوان: امام ابو یوسف بحیثیت ماہر معاشیات

	مقدمہ	1---18
	حواشی و حوالہ جات	16---18
باب اول	عہد امام ابو یوسف اور ان کے مختصر سوانح حیات	19---68
فصل اول	عہد امام ابو یوسف کا تاریخی پس منظر	21---33
	عہد ابو یوسف	22
	سیاسی حالت	22
	تمدنی و معاشرتی حالت	24
	علمی حالت	25
	معاشی حالت	27
فصل دوم	امام ابو یوسف کے مختصر سوانح حیات	34---53
	نام و نسب	35
	ولادت	"
	تحصیل علم	"
	خصوصی تربیت	37
	علمی مقام و مرتبہ	"
	درس و تدریس اور تلامذہ	39
	عہدہ قضاء	41
	تصانیف	42
	وفات	46
	مناقب و محاسن	47
	اعتراضات اور ان کا تحقیقی جائزہ	48
	حواشی و حوالہ جات باب اول	54---68

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب دوم	امام ابو یوسف کے معاشی افکار کے منابع	69---117
فصل اول	اجتہادی مقام	71---83
فصل دوم	معاشی افکار کے منابع	84---109
	قرآن حکیم	85
	امام ابو یوسف کی وہ آراء جو اس ماخذ پر مبنی ہیں	86
	حدیث	87
	فہم حدیث میں امام ابو یوسف کا مقام	87
	حدیث کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ	88
	مثالیں	89
	اقوال صحابہؓ	91
	اقوال صحابہؓ کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ	92
	آثار صحابہ سے استدلال کی مثالیں	93
	اجماع	94
	اجماع امام ابو یوسف کی نظر میں	95
	مثالیں	96
	قیاس	98
	قیاس، امام ابو یوسف کے فکر میں	99
	مثالیں	99
	استحسان	100
	امام ابو یوسف اور استحسان	101
	مثالیں	101
	عرف	102
	امام ابو یوسف کی ایک خصوصیت	104
	نص خاص اور عرف میں تضاد کے بارے میں امام ابو یوسف کا موقف	105
	حواشی و حوالہ جات باب دوم	110 تا 117

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب سوم	امام ابویوسف کے معاشی افکار و نظریات	411---118
فصل اول	معاشی فکر کی مختصر تاریخ۔ عہد ابویوسف تک	137---121
	معاشیات کا مفہوم	122
	معاشی فکر کی مختصر تاریخ	122
	(ا) غیر اسلامی معاشی فکر کی تاریخ	123
	(ب) اسلامی معاشی فکر	125
فصل دوم	ٹیکسوں کے بارے میں امام ابویوسف کی اصولی بحث	146---138
	ٹیکس عائد کرنے کے اصول	139
	ٹیکس وصول کرنے کے عام اصول	142
فصل سوم	بیت المال کے مداخل کے بارے میں	
	ابویوسف کا معاشی فکر	196---147
	زکوٰۃ	148
	امام ابویوسف کی طرف منسوب ایک حیلہ اور اس کا تحقیقی جائزہ	158
	عشر	161
	صدقہ فطر	166
	صاع کی مقدار	167
	عشری اور خراجی زمینوں کی تحقیق	169
	عشور	175
	جزیہ	178
	فئے اور خراج	183
	رکاز اور معدنیات	184
	بازیافتہ اموال	187
	لقطہ	187
	لاوارث ترکے	188
	جنگ کے غنائم	188

toobaa-elibrary.blogspot.com

	وقف	191
فصل چہارم	بیت المال کے مصارف امام ابویوسف کی نظر میں	207---197
	بیت المال کا مفہوم	198
	مختصر تاریخ	198
	ہارون الرشید کے دور میں بیت المال کے مصارف	198
	بیت المال کے مصارف امام ابویوسف کی نظر میں	199
فصل پنجم	ابویوسف کے فکر کی روشنی میں	
	اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریاں	237---208
	(1) کفالت عامہ	209
	(2) معاشی ترقی کا اہتمام	214
	(ا) وہ بنیادیں جن پر معاشی ترقی استوار ہوتی ہے	214
	(ب) معاشی ترقی کس طرح ممکن ہے؟	220
	(i) ترقیاتی اسکیموں کا اجراء	220
	(ii) ذرائع آمدورفت کی تعمیر	220
	(iii) ذرائع آبپاشی کی تعمیر و اصلاح	222
	(iv) ترقیاتی اسکیموں کی لاگت کس طرح پوری کی جائے؟	224
	(v) مخصوص ترقیاتی اسکیموں کی لاگت	
	کن لوگوں کے ذمہ ہوگی؟	228
	(vi) مصلحتوں میں تعارض پیدا ہو جائے	
	تو کس کو ترجیح دی جائے	229
	(vii) ترقیاتی اسکیموں پر نگران اہل کاروں کے اوصاف	231
	(viii) معائنہ و احتساب	233
	(ix) قومی املاک کا پیداآور استعمال	
	معاشی جدوجہد میں ہر شہری کی عملی شرکت	237
فصل ششم	امام ابویوسف کی معاشی اصلاحات	289---238

toobaa-elibrary.blogspot.com

	(1) خراج وظیفہ کی بجائے خراج مقاسمہ کی سفارش	241
	(2) خراج کی وصولی میں قبالہ کے نظام کی ممانعت	259
	(3) عاملین کی تنخواہیں بیت المال سے دی جائیں	268
	(4) خراج کی وصولی بروقت کی جائے	270
	(5) سرکاری غلہ کی وصولی کے جملہ اخراجات حکومت برداشت کرے۔	272
	(6) مقاسمہ کے نظام کے تحت اندازہ سے لینے کی ممانعت	274
	(7) خراج و صدقات کی آمدنیوں کو الگ الگ رکھا جائے	275
	(8) قیدیوں کی معاش کا بندوبست کیا جائے	276
	(9) ٹیکسوں کی وصولی صالح اور باصلاحیت افراد کے ذریعے کی جائے	280
	(10) نظام احتساب کا قیام	284
فصل ہفتم	امام ابو یوسف اور مسائل زمین	290---303
	(1) مزارعت	291
	مزارعت کے بارے میں امام ابو حنیفہ کا نقطہ نظر	292
	امام ابو یوسف کا فتویٰ	293
	امام ابو یوسف کے نزدیک مزارعت و مضاربت	293
	امام ابو یوسف کے نزدیک مزارعت کی جائز صورتیں	297
	فاسد صورت	299
	(2) احیائے موات (بنجر اراضی کو آباد کرنا)	299
	موات زمینوں کی تعریف	299
	احیاء کے ذریعے ملکیت	299
	آباد کاری کے طریقے	300
	حکومت کی اجازت کا مسئلہ	301

toobaa-elibrary.blogspot.com

	ٹیکس کی ادائیگی	303
فصل ہشتم	جاگیروں کے بارے میں امام ابویوسف کا نظریہ	312---304
	شرعی حیثیت	305
	امام ابویوسف کے بارے میں ڈاکٹر ضیاء الدین الریس کی ایک رائے کا تنقیدی جائزہ	"
	جاگیر دینے کا اختیار	306
	غرض وغایت	307
	جاگیروں کی ملکیت	309
	حدود	"
	اقسام	310
	قطائع (یا جاگیروں) پر ٹیکس	"
فصل نہم	مسائل تجارت سے متعلق	
	امام ابویوسف کا معاشی فکر	338---313
	خرید و فروخت	314
	احتکار	333
	مضاربت	"
	شرکت	338
فصل دہم	امام ابویوسف اور مسائل محنت	346---339
	اجارہ کا مفہوم	340
	محنت و اجرت کے بارے میں امام ابویوسف کا معاشی فکر	340
فصل یازدہم	نفقات واجبہ اور امام ابویوسف کا معاشی فکر	353---347
فصل دوازدہم	امام ابویوسف کے متفرق معاشی افکار	374---354
	حجر (مالکانہ تصرفات پر پابندی)	
	غلہ کا نرخ اور اس کی رسد	355

toobaa-elibrary.blogspot.com

	کرنسی کی قیمت میں تبدیلی	358
	ملکی تجارت	359
	مشترکہ ملکیت	360
	حق شفعہ	"
	رہن	"
	ہبہ	365
	دارالحرب میں سود کا مسئلہ	366
	جرمانہ	"
	قرض	367
	وراثت	368
	وصیت	370
	اضطراری حالات میں مبتلا اہل حاجت کے حقوق	373
	نظریہ التعسف فی استعمال الحق	373
	حواشی و حوالہ جات باب سوم	411---375
باب چہارم	امام ابو یوسف کے معاشی افکار و نظریات کا تنقیدی جائزہ	554---412
فصل اول	کتاب الخراج پر ایک تحقیقی نظر	424---414
فصل دوم	مالیات عامہ	457---425
فصل سوم	خراج اور جزیہ سے متعلق ابو یوسف کے معاشی فکر پر مستشرقین کی تنقید اور اس کا تحقیقی جائزہ	472---458
فصل چہارم	اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریاں	482---473
فصل پنجم	معاشی اصلاحات کی افادیت	493---483
فصل ششم	مسائل زمین	514---494
فصل ہفتم	متفرق معاشی افکار	535---515
	حواشی و حوالہ جات باب چہارم	554---536

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب پنجم	امام ابو یوسف کی اقتصادی بصیرت کے اثرات	555---584
فصل اول	وہ کتب جن پر ابو یوسف کے معاشی فکر کے اثرات ہیں	558---561
فصل دوم	مسلم ریاستوں کے مالیاتی و معاشی نظام میں آپ	
	کے افکار و نظریات کے اثرات	562
	(ا) خلافت عباسیہ	563
	(ب) خلافت عثمانیہ	570
	(ج) سلاطین دہلی اور عہد مغلیہ کا مالیاتی نظام	570
فصل سوم	مسلم ممالک کے قوانین میں آپکے افکار کے اثرات	574---579
	(ا) مجلّہ الاحکام العدلیہ	575
	(ب) دیگر ممالک کے قوانین	579
	حواشی و حوالہ جات باب پنجم	580---584
باب ششم	امام ابو یوسف اور ممتاز ماہرین معاشیات	
	ایک تقابلی جائزہ	585 تا 612
	یحییٰ بن آدم القرشی	587
	ابو عبید القاسم بن سلام	592
	قدامہ بن جعفر	595
	علی بن احمد، ابن حزم	597
	ابو حامد محمد بن محمد الغزالی	600
	عبد الرحمٰن بن محمد ابن خلدون	603
	ایڈم سمتھ	607
	حواشی و حوالہ جات باب ششم	609-612
باب ہفتم	پاکستان میں ٹیکس کے نظام کا تنقیدی جائزہ	
	اور ابو یوسف کے معاشی افکار کی روشنی میں	
	اصلاح کی تجاویز	613---638

toobaa-elibrary.blogspot.com

	قوانین محاصل	614
	تنقیدی جائزہ	617
	ابو یوسف کے افکار کی روشنی میں اصلاح کی تجاویز	624
	حواشی و حوالہ جات باب ہفتم	638---637
باب ہشتم	ابو یوسف کے معاشی افکار کی روشنی میں	
	پاکستان کے معاشی مسائل کا حل	650---639
	پاکستان کے معاشی مسائل	640
	ابو یوسف کے معاشی افکار کی روشنی میں مسائل کا حل	644
	حواشی و حوالہ جات باب ہشتم	650

- مصادر و مراجع
- کتب خانے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مقدمہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جدید دور میں انسان کی دنیوی زندگی میں معاشیات کو جو اہمیت حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ تاریخ کے ہر دور میں یہ علم ارتقاء پذیر رہا ہے۔ مختلف مصنفین اپنی کتب میں مختلف موضوعات مثلاً زراعت، تجارت، صنعت و حرفت اشیاء کے مبادلے، زر کے استعمال اور دیگر معاشی امور سے متعلق بحثیں کرتے رہے ہیں۔ اور اب یہ مباحث ایک مرتب اور منضبط علم کی شکل اختیار کر چکے ہیں۔

دور حاضر میں اس علم کی تعلیم و تدریس کا انتظام تقریباً ہر ملک کے تعلیمی اداروں میں ہے۔ اسی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے یورپ میں معاشی تجزیہ (Economic Analysis) کی تاریخ پر کئی کتب تحریر کی گئیں۔ آج ہمارے کتب خانوں میں معاشی نظریات کی تاریخ پر "History of Economic Thought" اور "History of Economic Analysis" کے نام سے درجنوں کتب ملتی ہیں۔(1)

ان میں مورخین نے جدید دور سے پہلے کے زمانہ کو چار ادوار میں تقسیم کیا ہے۔

(1) قدیم مشرقی دور (The Ancient Oriental Age)

(2) یونانی دور (The Greek Age)

(3) رومن دور (The Roman Age)

(4) قرون مظلمہ کا عیسائی دور (The Christian Medieval Age)

یہ کس قدر حیرت آفریں بات ہے کہ تمام مورخین معاشی فکر کی تاریخ مرتب کرتے وقت یونانی فلاسفر افلاطون (Plato) (م 347 ق-م) اور ارسطو (Aristotle) (م 322 ق-م) سے آغاز کرتے ہوئے دور حاضر تک کے ماہرین معاشیات کا تذکرہ کرتے ہیں۔ لیکن مسلم مفکرین کو یکسر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔(2)

625ء تا 1550ء کے زمانہ کو انہوں نے تاریک دور "Dark Age" قرار دیا ہے۔ جوزف - اے شمپیٹر (Joseph A.Schumpeter) نے اپنی کتاب "History of Economic Analysis" میں یونانی، رومی معاشیات پر بحث کرنے کے بعد دوسرے باب میں "The Great Gap" کے عنوان کے تحت یہ لکھا ہے۔

> *So far as our subject is concerned we may safely leap over 500 years to the epoch of St. Thomas Aquinas (1225-74), whose summa theologica is in the history of thought what the south western spire of the cathedral of chartres is in the history of architecture.* (3)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"جہاں تک ہمارے موضوع کا تعلق ہے ہم باسانی سینٹ ٹامس اکوئی ناس (1225-74) 500 سال کے زمانے تک بیک جست پہنچ سکتے ہیں۔ جس کی جامع لاہوتی تحریر تاریخ فکر میں وہی مقام رکھتی ہے جو چارتری 2/3 (Chartres) کے کلیسا کے جنوب مغربی منار کا فن تعمیر کی تاریخ میں ہے۔"

شمپیٹر (Schumpeter) کے اس بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پانچ سو سال تک تحریری یا عملی شکل میں معاشیات پر کوئی کام نہیں ہوا۔ اور پھر اس کی پیروی کرتے ہوئے دیگر مورخین نے بھی مسلم علماء کو قابل التفات نہیں سمجھا۔

ہمارے نزدیک معاشی تجزیہ کی تاریخ میں مسلم ماہرین معاشیات کو نظرانداز کرنے کے تین بڑے اسباب ہیں۔

(ا) پہلا اور بنیادی سبب تو وہ تعصب اور عناد ہے جو یورپ کو اسلام سے ہر دور میں رہا ہے۔

(ب) دوسرا سبب یہ ہے کہ مغرب میں مختلف علوم کا ارتقاء ایک مخصوص ماحول میں ہوا ہے۔ اس کے نتیجے میں مغربی دانشور مسلمانوں کے معاشی افکار و نظریات سے آگاہ نہ ہو سکے۔ (4)

(ج) خود مسلمان مصنفین نے بھی اپنے اسلاف کے معاشی فکر اور مسلم علماء و مفکرین کے یہاں معاشی تجزیے کی تاریخ مرتب کرنے کی کوشش نہیں کی۔ (5)

حقیقت یہ ہے کہ مغربی مورخین معاشیات نے معاشی فکر کی تاریخ کی جو تقسیم کی ہے وہ نامکمل ہے۔ کیونکہ اس طرح مسلمانوں یا عربوں کا تقریباً ایک ہزار سال کا طویل دور حذف کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے جس تاریک دور (Dark Age) کی طرف اشارہ کیا ہے وہ یورپ کی تاریخ پر تو منطبق ہو سکتا ہے (6) لیکن اسے مسلمانوں کی تاریخ پر کسی طرح بھی چسپاں نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ یہ تو مسلمانوں کی تاریخ کا وہ دور ہے جو تعلیمی، معاشرتی، تہذیبی اور معاشی لحاظ سے دنیا کی سب قوموں سے اعلیٰ تھا۔ اس وقت مسلمانوں کی عظیم سلطنت تھی جو یورپ اور افریقہ کے مغربی ساحلوں اور ایشیا کے جنوب مشرقی ساحلوں تک پھیلی ہوئی تھی۔ مسلمان قوم زندگی کے ہر میدان میں ترقی کی اعلیٰ منازل طے کر رہی تھی۔ ایک عام قاری بھی اس بات کو تسلیم نہیں کر سکتا کہ مغربی تہذیب سے پہلے جس عظیم قوم نے کئی سو سال دنیا کے ایک بڑے حصے پر حکومت کی ہو اور جس کے علمی کاموں سے آج یورپ بھی استفادہ کر رہا ہے۔ اس نے معاشی فکر و تجزیے کے باب میں کوئی قابل ذکر کام نہ کیا ہو گا۔ (7) اے۔ گلیوم (A-Guillaume) کہتا ہے۔

At the height of Abbasid power their subjects enjoyed a period of unexampled economic prosperity. Trade by land and sea was developed by an amazing degree; agriculture and irrigation were developed and arts

toobaa-elibrary.blogspot.com

and sciences were cultivated as never before (8)

"عباسیہ کے زمانہ عروج میں ان کی رعایا عدیم المثال قسم کی خوشحالی سے بہرہ ور ہوئی۔ خشکی اور سمندر کے راستوں سے تجارت نے حیران کن حد تک ترقی کی۔ زراعت' آب پاشی' فنون لطیفہ اور سائنس کی مختلف شاخوں نے اس قدر ترقی کی کہ اس سے قبل ان علوم میں ایسی ترقی نہ ہوئی تھی۔"

معاشی تجزیہ سے ہماری مراد یہ ہے کہ ان قوتوں اور ان انسانی اعمال و رجحانات کا پتہ چلایا جائے جن کے تعامل کے نتیجے میں سطح زندگی پر نمایاں معاشی مظاہر وجود میں آتے ہیں یا ان اثرات و نتائج کی نشاندہی کی جائے جو کسی معاشی عمل یا اقدام سے متعلقہ افراد یا اداروں پر مرتب ہوتے ہیں۔ تجزیہ کا اطلاق اسباب و عوامل کی دریافت پر بھی ہوتا ہے اور اثرات و نتائج کی تحقیق پر بھی۔ معاشی تجزیہ پیچیدہ اور مرکب معاشی امور کے پیچھے کام کرنے والی سادہ اور مفرد قوتوں کو دریافت کرتا ہے یا معاشی اعمال کے پیچیدہ اثرات کے مختلف اجزاء کو ایک دوسرے سے الگ کرکے دکھلاتا ہے۔ قیمتوں کے تعین کو طلب و رسد کے تعامل کا نتیجہ قرار دینا۔ پھر طلب کی تعیین کرنے والے عوامل ..... افراد کے ذوق اور ان کی ترجیحات' ان کی آمدنی وغیرہ..... کی نشاندہی کرنا معاشی تجزیے کی ایک مثال ہے۔ اس طرح کسی محصول کا تجزیہ یہ متعین کرے گا کہ اس کے اثرات محصول ادا کرنے والوں پر کیا پڑتے ہیں۔ اور اس سے وصول کرنے والوں کو کیا حاصل ہوتا ہے۔ ان اثرات اور اس حاصل کا' محصول کی نوعیت' اس کی شرح یا طریق تحصیل سے کیا تعلق ہے اور ان میں کوئی ترمیم ان اثرات و نتائج کو کس طرح متاثر کرسکتی ہے۔

معاشی فکر کا دائرہ زیادہ وسیع ہے۔ اس سے مراد وہ تمام افکار و خیالات ہیں جو معاشی امور سے متعلق ہوں۔ معاشی مسائل کے حل کے لئے کئے جانے والے اقدامات' اور معاشی بہبود کے لئے پیش کی جانے والی تجاویز اس کے دائرے میں شامل ہیں۔ اور وہ تمام امور و مباحث جن کا مطالعہ موجودہ علماء معاشیات معاشی پالیسی (*Economic Policy*) کے عنوان کے تحت کرتے ہیں۔ کسی معاشی مظہر کے پسندیدہ یا ناپسندیدہ ہونے یا کسی معاشی نتیجے کے مطلوب یا غیر مطلوب ہونے کی بابت ظاہر کئے جانے والے خیالات بھی معاشی فکر کے ترجمان ہوتے ہیں..... معاشی افکار کے مطالعہ سے ان کے پیچھے کام کرنے والی تجزیاتی بصیرت کا بآسانی پتہ لگایا جاسکتا ہے۔ (9)

ایک ماہر معاشیات جب کسی ٹیکس کے بارے میں یہ رائے دیتا ہے کہ یہ کیوں ضروری ہے؟ اس کے فوائد کیا ہیں اور اس کے اثرات ٹیکس دہندگان پر کیا پڑتے ہیں؟ کون سے ٹیکس عوام پر محض بوجھ ہیں اور ان کے کیا نقصانات ہیں؟ تو اس سے اس کی تجزیاتی بصیرت نکھر کر سامنے آتی ہے۔ ماہر معاشیات کا فریضہ ہے کہ ملک جن معاشی مسائل سے دوچار ہو ان کی نشاندہی کرے اور ان کے حل کے لئے تجاویز بھی پیش کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاشی فلاح و بہبود کیوں ضروری ہے؟ وہ کون سی بنیادیں ہیں جن پر معاشی ترقی استوار ہوتی ہے اور اس کے حصول کے کیا طریقے ہیں؟ ان سب امور کے بارے میں حکومت کو مکمل راہنمائی دینا بھی ماہر معاشیات ہی کی ذمہ داری ہے۔

اس حوالے سے جب ہم اسلامی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ یورپی مورخین نے جس دور کو معاشی فکر و تجزیہ کی تاریخ میں خلا قرار دیا ہے اس میں مسلم علماء، فقہاء اور مفسرین نے مختلف معاشی موضوعات پر فلاسفہ یونان افلاطون (م 347 ق-م) اور ارسطو (م 322 ق-م) سے بڑھ کر بحثیں کی ہیں۔ امام ابو حنیفہ النعمان بن ثابت (م 150ھ / 767ء) امام مالک بن انس (م 179ھ / 795ء)، امام محمد بن ادریس الشافعی (م 204ھ / 820ء)، امام احمد بن حنبل (م 241ھ / 855ء) ایسے مسلم فقہاء کی آراء سے ان کے معاشی فکر (Economic Thinking) اور تجزیاتی رسائی (Analytical approach) کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اسلام کی ابتدائی دو صدیوں میں، جبکہ یونانی فلاسفہ کی کتابیں ابھی عربی زبان میں منتقل نہیں ہوئی تھیں، اسلامی دنیا میں درج ذیل معاشی موضوعات ترقی پا چکے تھے۔

حکومت کی ٹیکسیشن پالیسی (Taxation Policy of Government) پیداوار بڑھانے اور ارتکاز دولت کی حوصلہ شکنی کے لئے ٹیکسوں کا استعمال (Use of taxation as a tool to encourage production and discourage accumulation of wealth)

ٹیکسوں کی شرحیں (Rates of Taxes) سرکاری مصارف (Government expenditures)

نظام زر کے متعلق پالیسی اور ادارے (Monetary policy and Institutions)

ہنڈی اور اس کی دستاویزات (Credit and credit instruments)

قیمت کا تعین اور قیمت کی پالیسی (Price determination and Price policy)

گورنمنٹ بجٹ (Government budgets)

گورنمنٹ بجٹ کے توازن کے طریقے (Methods of balancing government budget)

تجارت اور کامرس (Trade and commerce) تجارتی مال کا مبادلہ (Commodity exchange)

پیداواری استعداد (Productive capacity) احیاء موات (Cultivation of virgin land)

مزارعت (Partnership to cultivate land) مساقات (Partnership to cultivate trees)

زرعی اصلاحات (Agrarian reforms) شرکت (Partnership)

اراضی کی مختلف اقسام (Different kinds of land) زرعی ملکیت (Agricultural ownership)

بیت المال (Public treasury) منڈی کے قواعد (Market regulations)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذخیرہ اندوزی (Hoarding) منافع (Profit) سود (Interest) سود خواری (Usury)

حوالہ (Transfer of debt) نفقہ (Maintenance) میراث (Heritage) اجارہ (Rent)

رسد اور طلب (Supply and demand) معاشی حاجات (Economic needs)

ظلم و استبداد کے معاشی نتائج (Economic consequences of oppression)

عدل کے معاشی نتائج (Economic consequences of justice)

حسابات کی جانچ پڑتال اور بحث (Checking and saving accounts)

وہ کتب جن میں مسلم علماء نے معاشی امور سے بحث کی ہے۔ ان کو ہم درج ذیل اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(1) مختلف مفسرین کی کتب مثلاً ابو جعفر محمد بن جریر الطبری (م 310ھ / 923ء) کی تفسیر جامع البیان فی تفسیر القرآن، فخر الدین الرازی (م 606ھ / 1210ء) کی تفسیر "التفسیر الکبیر"۔

(2) فقہی تالیفات، مثلاً ابو بکر احمد بن علی الجصاص (م 370ھ / 981ء) کی احکام القرآن۔ ابو محمد علی بن احمد ابن حزم (م 456ھ / 1064ء) کی کتاب المحلیٰ۔

(3) مسلم فلاسفہ کی کتابیں مثلاً ابو نصر محمد الفارابی (م 339ھ / 950ء) کی کتاب "السیاسۃ المدنیۃ"۔

(4) تاریخ کے موضوع پر تصانیف مثلاً عبدالرحمٰن بن محمد ابن خلدون (م 808ھ / 1406ء) کی کتاب "مقدمۃ"

(5) اخلاقیات کے موضوع پر کتب مثلاً ابو حامد محمد بن محمد الغزالی (م 505ھ / 1111ء) کی کتاب احیاء علوم الدین اور کیمیائے سعادت۔ اسی طرح محمد بن حسن طوسی (م 673ھ / 1274ء) کی کتاب "اخلاق ناصری"۔

(6) وہ کتب جو جغرافیہ کے موضوع پر تحریر کی گئیں۔ مثلاً احمد بن عمر، ابن رستہ (م 290ھ / 903ء) کی کتاب الاعلاق النفیسۃ..... ابو القاسم محمد بن علی، ابن حوقل (م بعد 367ھ / بعد 977ء) کی تصنیف کتاب صورۃ الارض..... ابو عبداللہ محمد بن ابی طالب، شیخ الربوہ (م 727ھ / 1327ء) کی کتاب نخبۃ الدھر فی عجائب البر والبحر۔

(7) مسلم علماء کی وہ کتب جو تاریخ کے مختلف ادوار میں سرکاری محکموں میں کام کرنے منشیوں کے لئے دستور العمل کا کام دیتی رہیں۔ مثلاً ابو بکر احمد بن یحییٰ (م 335ھ / 946ء) کی کتاب ادب الکتاب..... ابو العباس احمد بن علی القلقشندی (م 821ھ / 1419ء) کی تصنیف کتاب صبح الاعشی فی صناعۃ الانشاء۔

(8) مختلف سفرنامے۔ مثلاً محمد بن احمد، ابن جبیر (م 614ھ / 1217ء) کی کتاب رحلۃ ابن جبیر .....

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن
محمد بن عبداللہ، بطوطہ (م 777ھ / 1377ء) کی کتاب رحلۃ ابن بطوطۃ المسماۃ تحفۃ النظار فی غرائب الامصار وعجائب الاسفار۔

(9) وہ کتب جو مسلم علماء نے حکمرانوں کی راہنمائی کے لئے تحریر کرکے انہیں پیش کیں۔ مثلاً عبدالرحمٰن بن نصر الشیزری (م 589ھ / 1192ء) کی کتاب "النہج السلوک فی سیاسۃ الملوک"۔(10)

ان کتب کے علاوہ کچھ تصانیف وہ ہیں جو خالص معاشی موضوعات کا احاطہ کرتی ہیں۔ اور مسلم علماء نے یہ کتب اس دور میں تحریر کی ہیں جس کو مورخین معاشیات تاریک دور "Dark Age" قرار دیتے ہیں۔ یہاں ان کتب کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

مصنف	کتاب	اہم مضامین	مقام اور سن اشاعت
ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم (م 182ھ / 798ء)	کتاب الخراج	(i) اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن (ii) بیت المال کے مصارف (iii) اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریاں	بولاق = 1302ھ
محمد بن الحسن الشیبانی (م 189ھ / 805ء)	الاکتساب فی الرزق المستطاب	(i) کسب کی اقسام ..... غنی ..... معاشی ترقی کی اقسام ..... معاشی حاجات ..... زراعت اور تجارت کی ترغیب ..... زرعی آلات ..... رزق حاصل کرنے کی ترغیب	دمشق، مطبعۃ الانوار 1938م (تقدیم و تحقیق محمد عرنوس)
یحییٰ بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء)	کتاب الخراج	..... اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن ..... اراضی کی اقسام اور ان کے احکام ..... تجارت اور زراعت	لاہور = ادارۃ العلمیۃ = 1395ھ (تحقیق = ابو الاشبال احمد محمد شاکر)
ابو عبید القاسم	کتاب الاموال	..... زرائع آمدن اور	سانگلہ ہل = المکتبۃ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بن سلام (م 224ھ / 838ء)		مصارف ـ ناپ تول کے پیمانوں مثلاً صاع، رطل وغیرہ کی تحقیق ـ مشترکہ ملکیت ـ اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن ـ مصارف ـ اراضی کی اقسام ـ سود ـ اوقاف ـ عدل اجتماعی ـ اوزان اور پیمانوں کی تحقیق ـ اقتصادی آزادی ـ اقتصادی ترقی کی بنیاد تقویٰ ہے۔ ـ قیمتوں کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ ـ ذخیرہ اندوزی کا مفہوم اسباب اور نقصانات ـ تجارت کی اقسام ـ زرعی اجناس کی خرید و فروخت ـ معاشی قوانین (یہ عالم اسلام کی پہلی کتاب ہے جس میں بازار اور فرد کے معاملات کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔	الاثریۃ (تصحیح و تعلیق محمد حامد الفقی)
حمید بن مخلد، ابن زنجویہ (م 251ھ / 865ء)	کتاب الاموال		الریاض = المرکز الملک فیصل للبحوث والدراسات الاسلامیۃ / 1406ھ (تحقیق = الدکتور شاکر ذیب فیاض)
ابو زکریا یحییٰ بن عمر الکنانی (م 289ھ / 902ء)	کتاب الخطر والاحکام فی جمیع احوال السوق		تونس = الشرکۃ التونسیۃ للتوزیع، طبع 1975ء (تحقیق = حسن حسنی عبدالوھاب)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو بکر احمد بن محمد بن ہارون الخلال (م 312ھ / 924ء)	الحث علی التجارۃ والصناعۃ والعمل		۔۔۔ تجارت اور بازار ۔۔۔ تجارت کس طرح حصول معیشت کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ ۔۔۔ مال اور اس کے فوائد ۔۔۔ محنت کی اہمیت	الریاض، دار العاصمۃ طبع، 1407ھ
قدامہ بن جعفر الکاتب (م 337ھ / 948ء)	نبذ من کتاب الخراج وصنعۃ الکتابۃ		۔۔۔ ذرائع آمدن ۔۔۔ ملکی سکے **سواد عراق کے** مختلف علاقوں سے حاصل ہونے والی آمدنی کا گوشوارہ ۔۔۔ حجاج بن یوسف اور مامون الرشید کے دور میں عراق میں مختلف اشیاء کے نرخ کیا تھے؟	لیدن = مطبع بریل 1306ھ
ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم، ابن بصال (م چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی	کتاب الفلاحۃ		۔۔۔ زرعی اراضی کی اقسام ۔۔۔ زراعت کے مختلف طریقے ۔۔۔ زراعی آلات ۔۔۔ مختلف زرعی اجناس اور ان کی کاشت کا صحیح موسم ۔۔۔ مختلف پھلوں کے خواص	المغرب = مطبعۃ کریماديس، 1955ء (تحقیق = خوسی ماریہ میاس)
ابو الحسن علی بن محمد الماوردی (م 450ھ / 1058ء)	الاحکام السلطانیۃ والولایات الدینیۃ		۔۔۔ اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن ۔۔۔ مصارف	مصر = دار الفکر للطباعۃ والنشر، 1404ھ
احمد بن محمد، ابن حجاج الاشبیلی (م پانچویں صدی ہجری / گیارہویں صدی عیسوی	المقنع فی الفلاحۃ		۔۔۔ اس دور کے کاشت کاروں کی معاشی حالت ۔۔۔ زرعی اراضی کی مختلف اقسام ۔۔۔ زراعت کے	عمان = مجمع اللغۃ العربیۃ الاردنی 1982ء (تحقیق، صلاح جرار جاسر ابو صفیہ عبد العزیز

toobaa-elibrary.blogspot.com

		مختلف طریقے	الدوری
		ـــ زرعی آلات	
		ـــ مختلف زرعی	
		اجناس اور ان کی	
		کاشت کا صحیح موسم	
ابو الخیر الاندلسی	کتاب فی الفلاحة	ـــ اس دور کے کاشتکاروں	فاس=المطبعة الجدیدة
		کی معاشی حالت	1357ھ
		ـــ مختلف علاقوں کے محاصل	
		ـــ زرعی اراضی کی مختلف اقسام	
		ـــ زراعت کے مختلف طریقے	
		ـــ مختلف قسم کی	
		زمینیں کن کن اجناس	
		کے لئے زیادہ مفید ہیں	
		ـــ زرعی اجناس	
		ـــ مختلف قسم کی فصلیں	
		اور ان کی کاشت کا	
		صحیح موسم	
		ـــ زرعی آلات	
عبد الرحمٰن بن نصر	کتاب نهایة الرتبة	محتسب بننے کیلئے	بیروت=دار الثقافة
الشیزری	فی طلب الحسبة	ضروری شرائط	تحقیق=الدکتور السید
(م 589ھ / 1192ء)		ـــ محتسب کے فرائض	الباز العربی
		ـــ مختلف پیشوں کا ذکر	
		ـــ تجارت کی اقسام	
		ـــ سود	
		ـــ مختلف اشیاء کے نرخ	
		ـــ ذخیرہ اندوزی	
		ـــ مختلف سکے	
ابو الفضل جعفر ابن	الاشارة الی محاسن	ـــ مختلف اشیاء کی	القاهرة=مکتبة
علی الدمشقی	التجارة	لاگت اور قیمت کا	الکلیات الازهریة
(م چھٹی صدی ہجری /		تعین کس طرح ہوگا؟	1977م

toobaa-elibrary.blogspot.com

بارھویں صدی عیسوی)		ـــ قیمتیں کیوں بڑھتی ہیں؟	(تحقیق، البشری الشوربجی)
		ـــ نظریہ قدر	
		ـــ مختلف اشیاء کے نرخ اور بازار پر ان کا اثر	
		ـــ کام کی تقسیم	
		ـــ سونے اور چاندی کے سکے	
		ـــ تجارت اور اس کے اسلوب	
		ـــ محنت کے پھیلاؤ کے اسباب اور اس کی ضرورت	
اسعد بن المہذب ابن مماتی (م 606ھ / 1209ء)	قوانین الدواوین	ـــ مصر میں عہد آل ایوب کا زرعی نظام	القاھرۃ=1943م (تحقیق=عزیز سوریال عطیہ)
		ـــ زرعی محاصل	
		ـــ زرعی اجناس	
		ـــ زرعی سرگرمیاں	
		ـــ جزیہ	
		ـــ قبالہ	
		ـــ وراثت کے احکام	
		ـــ مصری اوزان اور پیمانوں کی تحقیق	
ابو زکریا یحییٰ بن محمد ابن العوام الاشبیلی (؟؟) (م ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی	کتاب الفلاحۃ	ـــ زرعی اراضی کی اقسام	میڈرڈ=1802م
		ـــ زراعت کے مختلف طریقے	
		ـــ مختلف زرعی اجناس اور ان کی کاشت کا صحیح موسم	
		ـــ اس دور کے کاشتکاروں کی معاشی حالت	
ابو العباس احمد بن عبد الحلیم، ابن تیمیہ (م 728ھ / 1328ء)	الحسبۃ فی الاسلام او وظیفۃ الحکومۃ الاسلامیۃ	ـــ محتسب کے فرائض	مطبعۃ المؤید، 1318ھ
		ـــ معاملات کی مختلف اقسام	
		ـــ ذخیرہ اندوزی	
		ـــ ذخیرہ اندوز	

toobaa-elibrary.blogspot.com

		کیسے عمل کرتا ہے۔ ـــ خرید و فروخت ـــ تسعیر کا جواز اور عدم جواز ـــ زراعت ـــ شراکت ـــ اجارہ	
محمد بن محمد بن احمد القرشی، ابن الاخوۃ (م 729ھ / 1329ء)	معالم القربۃ فی احکام الحسبۃ	ـــ محتسب بننے کیلئے شرائط ـــ محتسب کے فرائض ـــ مختلف اشیاء کے نرخ ـــ بازار اور ان کی تنظیم ـــ زکوٰۃ ـــ مختلف پیشے رکھنے والے افراد کا ذکر ـــ سود ـــ تجارت کی اقسام ـــ اجارہ ـــ اوزان اور پیمانوں کی تحقیق	کیمبرج، مطبعۃ دار الفنون، 1937 (تصحیح۔ روبن لیوی)
ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر، ابن قیم (م 751ھ / 1350ء)	الطرق الحکمیۃ فی السیاسۃ الشرعیۃ	الحسبۃ تسعیر (قیمتوں کا تعین) ـــ ذخیرہ اندوزی ـــ مزارعت ـــ مختلف صنعتوں کی نوعیت اور ان کا علم	بیروت، دار الکتب العلمیۃ
ابو عبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن، الوصابی الجبشی الیمنی (م 782ھ / 1380ء)	البرکۃ فی فضل السعی والحرکۃ	عبادات کا معاشی پہلو ـــ محنت کی عظمت ـــ کاہلی کے نقصانات	القاہرۃ = المکتبۃ التجاریۃ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو الفرج عبد الرحمٰن بن احمد، ابن رجب (م795ھ / 1393ء)	الاستخراج لاحکام الخراج	..... قبل از اسلام سواد کے علاقے میں خراج ..... خراج وظیفہ اور خراج مقاسمہ ..... اراضی کی مختلف اقسام ..... مزارعت ..... مساقات ..... جزیہ ..... اقطاع ..... مصارف زکوٰۃ کی تحدید ..... حکومت ٹیکسوں سے حاصل کردہ رقوم کو کن مصالح پر خرچ کرے۔	بیروت = دار الکتب العلمیۃ، 1405ھ
شہاب الدین احمد بن علی الدلجی (م838ھ / 1435ء)	الفلاکۃ والمفلوکون	..... معاش کے طریقے ..... تجارت ..... کاشتکاری ..... صنعت و حرفت ..... آمد و خرچ اور ان کے مابین تعلق ..... معاشی سرگرمیوں کی اہمیت	القاھرۃ، مطبعۃ الشعب، 1322ھ
تقی الدین احمد بن علی المقریزی (م845ھ / 1441ء)	المواعظ والاعتبار فی ذکر الخطط والآثار	..... مصر کی معاشی تاریخ ..... بازار اور ان کی تاریخ بجٹ (آمد و خرچ کا تخمینہ) ..... بجٹ بنانے کے اصول ..... مختلف ادوار میں بجٹ سازی کس طرح ہوئی؟ ..... کرنسی اور اس کے مختلف ادوار	لبنان = مکتبۃ احیاء العلوم
ایضاً	کتاب النقود الاسلامیۃ المسمی بشذور العقود	..... اسلام سے قبل اور اس کے بعد عرب شہروں	قم = منشورات الشریف الرضی،

toobaa-elibrary.blogspot.com

	فی ذکر النقود	میں کرنسی کے استعمال کی تاریخ ۔۔قدیم کرنسی ۔۔وہ کرنسی جو مختلف مسلم حکمرانوں کے ادوار میں زیر استعمال رہی ۔۔مصری کرنسی	1387ھ (تحقیق، محمد السید علی بحرالعلوم)
ابن بسام، محمد (م نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی	نہایۃ الرتبۃ فی طلب الحسبۃ	۔۔محتسب بننے کیلئے شرائط ۔۔محتسب کے فرائض ۔۔ذخیرہ اندوزی ۔۔مختلف اشیاء کے نرخ ۔۔مختلف پیشے رکھنے والے افراد ۔۔اوزان اور پیمانوں کی تحقیق ۔۔دلال کی اجرت	بغداد=مطبعۃ المعارف، 1968م (تحقیق، حسام الدین السامرائی)
عبدالغنی النابلسی (م 935ھ / 1529ء)	علم الملاحۃ فی علم الفلاحۃ	۔۔زرعی اراضی کی مختلف اقسام ۔۔زراعت کے مختلف طریقے ۔۔زراعت کے فوائد ۔۔مختلف پھلوں کو محفوظ کرنے کے طریقے ۔۔مختلف زرعی اجناس اور ان کی کاشت کا صحیح موسم	بیروت، دار الآفاق الجدیدۃ، طبع 1979م

یہ تو ان کتب کی فہرست ہے جو طبع ہو چکی ہیں اور مختلف کتب خانوں میں دستیاب ہیں لیکن ان کے علاوہ بھی معاشیات کے موضوع پر درجنوں کتب (12) ہیں جو ہنوز زیور طبع سے آراستہ نہیں ہو سکیں۔

راقم الحروف نے اپنے تحقیقی مقالہ کے لئے مذکورہ بالا علماء و مفکرین میں سے ایک ایسی شخصیت کا انتخاب کیا ہے جن

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے معاشی افکار و نظریات کے اثرات نہ صرف عباسی خلیفہ ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کی حکومت پر پڑے بلکہ بعد میں آنے والی مسلم حکومتوں نے بھی آپ کے افکار سے استفادہ کیا۔

ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم (م 182ھ / 798ء) کی مشہور تصنیف کتاب الخراج ہے جو ان کے معاشی فکر کا آئینہ ہے۔ آپ نے یہ کتاب ہارون الرشید کے دور میں اسلامی سلطنت کے وزیر قانون اور قاضی القضاۃ کی حیثیت سے تحریر کی تھی۔ یہ کتاب اپنی جامعیت، افادیت اور اہمیت کے اعتبار سے منفرد ہے۔ اتنی صدیاں گزرنے کے باوجود کتاب الخراج کی عظمت قائم ہے۔ جس نے بھی اس کتاب کا، اور اس موضوع پر دوسری کتب کا مطالعہ کیا ہے وہ اس اعتراف پر مجبور ہے کہ یہ کتاب اپنے موضوع مغز اور مواد کے اعتبار سے لاثانی اور بے مثل ہے۔

زیر نظر مقالہ کی بنیاد یہی کتاب ہے۔ تاہم اس کے علاوہ راقم نے حنفی فقہ کی مستند کتب سے بھی استفادہ کیا ہے۔ کیونکہ ان میں بعض قانونی مسائل (Legal problems) پر امام ابو یوسف کی ایسی آراء ملتی ہیں جن کا ذکر کتاب الخراج میں نہیں ہے۔ ان آراء کے جائزے سے بھی آپ کے معاشی فکر اور تجزیاتی بصیرت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) مثال کے طور پر دیکھئے۔

---- *Bach, George Leland. Economics An introduction to Analysis and policy. New Jersey, prentice hall inc.*(یہ کتاب سات سو بیس صفحات پر مشتمل ہے۔)

---- *Gide, charles .... Rist, charles. A History of Economic Doctrines. London, George G. Harrap company, 1950.*(یہ کتاب سات سو چھیانوے صفحات پر مشتمل ہے)

---- *Haney, Lewish. History of Economic Thought. New York, The Macmillan company, 1965.*(یہ کتاب نو سو چھیانوے صفحات پر مشتمل ہے۔)

---- *Schumpeter, Joseph A. History of Economic Analysis. London, George Allen - Unwin Ltd.*(یہ کتاب بارہ سو ساٹھ صفحات پر مشتمل ہے۔)

---- *Schumpeter, Joseph A. The Great Economists, London. George Allen - Unwin Ltd.*(یہ کتاب تین سو پانچ صفحات پر مشتمل ہے۔)

---- *Taylor, Overton H. A History of Economic thought. Tokyo, Kogakusha company, Ltd.*(یہ کتاب پانچ سو چوبیس صفحات پر مشتمل ہے۔)

---- *Weber, Max, General Economic History. (Translated by Frank H. Knight) London, George Allen Unwin Ltd.*(یہ کتاب چار سو ایک صفحات پر مشتمل ہے۔)

---- *Wilson, E.M. Carus. Essays in Economic History. London,Edward Arnold (Publishers) Ltd, 1962.*(یہ کتاب تین جلدوں میں ہے۔ صفحات گیارہ سو انسٹھ)

(2) اگرچہ بعض مستشرقین نے' عبدالرحمٰن بن محمد' ابن خلدون (م 808ھ / 1406ء) کے معاشی فکر کا اعتراف کیا ہے۔ مثال کے طور پر سپینگلر (Spengler) نے اپنے ایک تحقیقی مقالہ میں ابن خلدون کے معاشی تصورات پر بحث کی ہے۔ مقالہ کا عنوان یہ ہے:

> *"Economic thought of Islam = Ibn Khaldun comparative studies in society and History."*

یہ مقالہ 1964ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اس مقالہ میں مستشرقین کے رویہ کی جھلک نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ کیونکہ اس نے اس بات پر زور دیا ہے کہ مسلم علماء کے افکار پر یونانی فلاسفہ کے اثرات ملتے ہیں۔ تاہم یہ ایک قابل قدر کوشش ہے اس مقالہ کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اشاعت سے یہ حقیقت تو واضح ہو گئی ہے کہ مورخین نے معاشی نظریات کی تاریخ بیان کرتے ہوئے مسلم علماء کے کام کو نظرانداز ضرور کیا ہے۔ سپینگلر (Spengler) نے ابن خلدون کے کام کا جائزہ لینے سے پہلے جن دیگر مسلم علماء کے معاشی افکار پر مختصر بحث کی ہے۔ ان میں یہ نام نمایاں ہیں۔ ابونصر محمد الفارابی (م 339ھ / 950ء)، ابو علی الحسین بن عبداللہ، ابن سینا (م 428ھ / 1037ء)، ابو حامد محمد بن محمد الغزالی (م 505ھ / 1111ء)، ابوبکر محمد ابن یحییٰ، ابن باجہ (م 533ھ / 1138ء)، ابوالفضل جعفر بن علی الدمشقی (م چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی)، ابو الولید محمد بن احمد، ابن رشد (م 595ھ / 1198ء)، محمد بن حسن طوسی (م 673ھ / 1274ء)، محمد بن محمد، ابن الاخوۃ (م 729ھ / 1329ء)۔

سپینگلر (Spengler) نے مسلم علماء کے جن نظریات پر بحث کی ہے وہ درج ذیل موضوعات سے متعلق ہیں محاصل (Taxation)، سود (Interest)، اجرتیں (Wages)، قیمتیں (Prices)، تقسیم کار (Division of labour)، دولت بطور مبادلہ کا ذریعہ (Money as medium of exchange)، سکے (Coinage)، قیمت کا اتار چڑھاؤ (Price fluctuations) وغیرہ۔ دیکھئے:

Mirakhor, Abbas Dr., The Muslim scholars and the History of Economics A Need for consideration. The American Journal of Islamic Social Sciences. Vol.4, No:2, 1987 / 249,250.

(3) Schumpeter, History of Economic Analysis / 74.

(3/2) چارتری (Chartres) فرانس میں دریائے یورے (Eure) کے کنارے پیرس سے 53 میل جنوب مغرب میں واقع ایک شہر کا نام ہے۔ رومیوں کے ہاں بشپ فلبرٹ (Fulbart) کے کلیسائی مدرسہ کی وجہ سے مشہور ہے جو بارھویں صدی میں قائم ہوا (پروفیسر غلام رسول عدیم)

(4) معروف مورخین معاشیات نے معاشی فکر کی تاریخ بیان کرتے ہوئے ابو یوسف اور ابن خلدون ایسے ماہرین معاشیات کو بھی کوئی جگہ نہیں دی۔ شمپیٹر (Schumpeter) نے اگرچہ اپنی کتاب میں ابن خلدون کا ذکر کیا ہے لیکن وہ صرف ایک عالم عمرانیات اور مورخ کی حیثیت سے ہے۔ دیکھئے:

Schumpeter, History of Economic Analysis / 788

ابن خلدون کے معاشی فکر و تجزیے سے یہ مستند مورخ معاشیات بھی آگاہ نہیں ہے۔

(5) اس وقت ہمارے سامنے ایک عرب مصنف ابراہیم کبہ کی کتاب "دراسات فی تاریخ الاقتصاد والفکر الاقتصادی" ہے۔ یہ کتاب بغداد، مطبعہ الارشاد سے 1970ء میں شائع ہوئی۔ یہ پانچ سو ساٹھ صفحہ کی کتاب ہے۔ اور اس میں مسلم علماء کا کہیں بھی ذکر نہیں کیا گیا۔

(6) تفصیل کے لئے دیکھئے:

العوضی، رفعت السید الدکنور، روية فی منهج الاقتصاد الوضعی کلية الشريعة والدراسات الاسلامية، الدوحة، جامعة قطر، العدد الثانی 1984م / 350-355)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(7) ممتاز مسلم ماہر معاشیات ڈاکٹر رفیق احمد (سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی لاہور) نے ایک فکر انگیز مقالہ انگریزی زبان میں تحریر کیا ہے۔ ہم نے یہاں اس مقالہ سے استفادہ کیا ہے۔ دیکھئے:

Ahmad, Rafiq; the origin of Economics and the Muslims .... A preliminary survey (Journal, The Punjab University Economist. Lahore, University of the Punjab.) P. 19 , 20.

(8) *Ibid / 33*

(9) نجات اللہ صدیقی، ڈاکٹر، امام ابو یوسف کا معاشی فکر، ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور، شمارہ اگست 1964ء / 56,55

(10) اس کتاب کے مصنف الشیرزی، الملک الناصر سلطان صلاح الدین الایوبی (م 589ھ / 1192ء) کے ہمعصر تھے۔ دونوں کا سال وفات ایک ہی ہے۔ مصنف نے یہ کتاب تحریر کر کے سلطان کی خدمت میں پیش کی تھی۔ دیکھئے:

الشیرزی، عبدالرحمٰن بن نصر، کتاب نهاية الرتبة فی طلب الحسبة (تحقیق السید الباز العرینی) بیروت = دار الثقافة مقدمة الناشر / ی ایضاً، کتاب النهج السلوک فی سیاسة الملوک، القاهرة مطبعة الظاهر (1326ھ /13

(11) یہ واحد عالم فلاحت ہے جسے ابن خلدون (م 808ھ / 1406ء) نے اپنے مقدمہ میں قابل حوالہ سمجھا ہے۔ دیکھئے:

ابن خلدون، عبدالرحمٰن بن محمد، مقدمة الباب السادس من الكتاب الاول، الفصل العشرون = فی الفلاحة مصر = مطبعة مصطفیٰ محمد صاحب المكتبة التجارية / 494

(12) ان کتب میں سے کچھ نام اس مقالہ کے باب "امام ابو یوسف کی اقتصادی بصیرت کے اثرات" کے آغاز میں عنوان "خراج کے موضوع پر کتب" کے تحت دیئے گئے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب اوّل

عہد امام ابو یوسف اور ان کے مختصر سوانح حیات

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصول

فصل اوّل ۔ عہدِ امام ابو یوسف کا تاریخی پس منظر

فصل دوم ۔ امام ابو یوسف کے مختصر سوانح حیات

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اوّل

عہد امام ابو یوسف کا تاریخی پس منظر

toobaa-elibrary.blogspot.com

عہد ابو یوسف

امام ابو یوسف نے جب اس جہاں میں آنکھ کھولی تو بنو امیہ کا عہد عروج ختم ہو چکا تھا اور ان کی حکومت زوال پذیر تھی۔ آپ کے عہد شباب میں بنو عباس اقتدار حاصل کر چکے تھے۔ اور آپ کی وفات کے وقت عباسی خلافت دنیا کی ایک عظیم قوت بن چکی تھی۔

اس طرح آپ نے اموی خلافت کا عہد زوال اور بنو عباس کا عہد عروج دونوں مشاہدہ کئے۔ تاہم آپ کی حیات کا ایک طویل عرصہ جو پچاس سال پر محیط ہے عباسی خلافت میں بسر ہوا۔ یہ وہ دور ہے جس میں علم کی بلندیوں پر فائز ہوئے اور آپ کے افکار و نظریات میں پختگی پیدا ہوئی۔

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس عہد کی سیاسی، تمدنی و معاشرتی، علمی اور معاشی حالت کا جائزہ لیں تاکہ اس دور کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے آپ کے معاشی افکار و نظریات کی قدر و قیمت کا تعین کر سکیں۔

سیاسی حالت

عہد رسالت و خلافت راشدہ کے مثالی نظام حکومت کے بعد بنو امیہ نے مملکت اسلامیہ کی بھاگ ڈور سنبھالی۔ یہ خالص ملوکیت پر مبنی نظام حکومت تھا جس میں اہل اسلام عموماً اور اہل بیت خصوصاً ظلم و ستم کا شکار رہے اور ان کے دل میں بنو امیہ کے خلاف نفرت کے جذبات پروان چڑھتے رہے۔ سانحہ کربلا کے بعد جب اہل بیت پر مظالم اور مصائب میں اضافہ ہو گیا تو امت مسلمہ کے ایک گروہ نے بنو امیہ کے خلاف خفیہ تحریک چلانے اور انہیں اقتدار سے محروم کرنے کے منصوبے بنانے شروع کئے۔ حضرت علیؓ بن ابی طالب (35-40ھ / 656-661ء) کے غیر فاطمی فرزند یعنی حضرت امام حسینؓ (م 61ھ / 681ء) کے پدری بھائی محمد بن الحنفیہ (محمد بن علی) (م 81ھ / 700ء) خفیہ تحریک کا سرباہ بنایا گیا۔ (1) بعد ازاں ان کے بیٹے ابو ہاشم عبداللہ (م 100ھ / 718ء) جانشین مقرر ہوئے۔ انھوں نے وفات سے پہلے تحریک کی قیادت و سیادت حضرت عبداللہ بن عباسؓ (م 68ھ / 687ء) کے پوتے محمد بن علی (م 126ھ / 744ء) کے سپرد کر دی۔ (2) ابو ہاشم عبداللہ کا یہ اقدام کہ جس کے ذریعے انہوں نے خلافت کا دعویٰ اپنے خاندان سے عباسی خاندان میں منتقل کر دیا بڑی اہمیت اور دور رس نتائج کا حامل ثابت ہوا کیونکہ اس سے نہ صرف یہ کہ اس خفیہ تحریک میں نئی جان پڑ گئی بلکہ اس سے امامت کا منصب علویوں سے عباسیوں میں منتقل ہو گیا۔

اس تحریک کے سربراہ اور داعی مختلف ادوار میں مختلف اموی حکمرانوں کے ہاتھوں قتل ہوتے رہے اور آخر کار 132ھ میں زاب کے خونریز معرکہ کے بعد اموی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا اور اس کی جگہ عباسی خلافت قائم ہو گئی۔ (3)

خلافت عباسیہ کے قیام کے لئے اہل ایران کی بہت خدمات تھیں اس لئے سیاسی معاملات میں ان کا عمل دخل بہت

toobaa-elibrary.blogspot.com

بڑھ گیا۔ اس دور میں وزارت کے اہم منصب پر اکثر و بیشتر اہل فارس ہی فائز رہے وزیر کو حجابت کے سوا مملکت کے تمام داخلی و خارجی اختیارات حاصل ہوتے تھے۔ (4) وزارت کی دو قسمیں تھیں۔ (ا) وزارت تفویض (ب) وزارت تنفیذ۔ (5) بنو امیہ کی طرح بنو عباس کی حکومت میں بھی بادشاہت کا تصور تھا۔ اپنے بعد ولی عہد بنانے کا طریقہ اس طرح جاری رہا۔ تاہم عباسی خلفاء نے استحقاق حکومت کے لئے مذہب کا بھی سہارا لیا۔ انہوں نے عقیدہ کے طور پر عوام کے ذہنوں میں یہ بات بٹھانے کی کامیاب کوشش کی کہ انہیں فرمانروائی کا حق خدا کی طرف سے عطا ہوا ہے۔ محمد بن علی بن طباطبا' ابن الطقطقی (م 709ھ / 1309ء) لکھتے ہیں۔

و اعلم - ان هذه دولة من كبار الدول - ساست العالم سياسة ممزوجة بالدين والملك' فكان اخيار الناس و صلحاوهم يطيعونها تديناً والباقون يطيعونها رهبة اور غبة(6)

"اور جان لو کہ اس سلطنت کا شمار بڑی سلطنتوں میں ہوتا تھا۔ اس کی عالمگیر حکومت کی سیاست کا امتزاج دین اور ملوکیت دونوں سے تھا۔ پس نیک اور صالح افراد اس کی اطاعت اس کی دین داری کی وجہ سے کرتے تھے اور باقی لوگ ڈر یا لالچ کی وجہ سے اس کی اطاعت کرتے تھے۔"

سلطنت اسلامیہ کا مرکز بغداد تھا جہاں سے تمام صوبوں کے گورنروں کو فرامین جاری ہوتے تھے۔ حکومت کا نظم و نسق تقسیم کار کے لحاظ سے نہایت اعلیٰ تھا۔ اس دور میں اہم دفاتر درج ذیل تھے۔

(1) دیوان خراج۔ (خراج اور جزیہ وغیرہ کے حسابات رکھنا)

(2) دیوان جند۔ (فوج کے سپاہیوں کے نام اور ان کی تنخواہ کے حسابات رکھنا)

(3) دیوان برید۔ (ڈاک کا محکمہ)


(4) دیوان مظالم۔ (یعنی محکمہ قضاء)

(5) دیوان شرطہ۔ (محکمہ پولیس جو ملک میں نظم و ضبط کا ذمہ دار تھا)

(6) دیوان الاکرہ۔ (زراعت اور کاشتکاری سے متعلق امور کی دیکھ بھال)

ہارون الرشید بن محمد (مہدی) (170-193ھ / 786-809ء) اپنے وقت کا ایک عظیم حکمران تھا۔ سرزمین اندلس کے سوا تمام اسلامی دنیا اس کی فرمانبردار تھی۔ تھامس واکر آرنلڈ Thomas Walker Arnold (م 1349ھ / 1930ء) نے 800ء (184ھ) کو دولت اسلامیہ کے انتہائی عروج کا زمانہ بتایا ہے۔ (7) اس کے خارجہ تعلقات یورپ اور ہندوستان سے بھی تھے۔ روم و یونان ایسے ترقی یافتہ ممالک اس نامور خلیفہ کو خراج دینے پر مجبور تھے۔ (8)

toobaa-elibrary.blogspot.com



toobaa-elibrary.blogspot.com

تمدنی و معاشرتی حالت

عہد رسالت اور خلافت راشدہ میں قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق مسلمانوں کا طرز زندگی بنیادی طور پر سادہ ہی تھا۔ لیکن بنو امیہ اور بالخصوص بنو عباس کے دور میں مختلف قوموں اور تمدنوں کے اختلاط کی وجہ سے اسلامی معاشرہ پر عجمی اثرات مرتب ہونا شروع ہو گئے۔

امراء کا طبقہ پر تعیش زندگی گزارنے کا عادی ہو چکا تھا۔ ایرانی طرز تعمیر سے متاثر ہو کر عالی شان محلات پر بے دریغ رقم صرف کی جاتی۔ ہارون الرشید خصوصاً" اس کے برمکی وزراء نے بڑے بڑے محل تعمیر کرائے برامکہ کے محلات کی عظمت و شان کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ بعض محلات کی تعمیر پر دو دو کروڑ درہم صرف ہوئے۔ (9)

بیاہ شادی کی رسموں پر غیر معمولی اہتمام کیا جاتا۔ امراء کے یہاں پر تکلف کھانوں کے لئے جو مرغ پکائے جاتے تھے ان کو کچھ دنوں تک پہلے دانے اور پانی کے بجائے خشک میوے کھلاتے اور عرق گلاب پلایا جاتا تاکہ گوشت لذیذ ہو۔ (10)

ابو العباس احمد بن محمد ابن خلکان (م 681ھ / 1282ء) کے بیان کے مطابق اس دور میں امام ابو یوسف نے سب سے پہلے علماء کا ایک امتیازی لباس قرار دیا۔ (11)

ابو بکر احمد بن علی، الخطیب البغدادی (م 463ھ / 1071ء) کے بیان کے مطابق ہارون الرشید کے عہد میں بغداد کی معاشرت اس قدر ترقی یافتہ تھی کہ دنیا کا کوئی شہر اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ (12)

اس دور کے اسلامی معاشرہ میں مختلف فرقوں شیعہ، خوارج، جہمیہ قدریہ اور معتزلہ کا بھی بہت زور تھا۔ ان فرقوں کے درمیان کشمکش عباسیوں کے دور اول میں نہ صرف جاری رہی بلکہ اس میں تنوع پیدا ہوتا رہا۔

اہل ذمہ میں یہود و نصاریٰ، ہندو اور اہل چین قابل ذکر ہیں۔ ایک معمولی تعداد مجوسیوں کی تھی جو زرادشت بن اسپیمان کے پیرو کار تھے۔ یہ لوگ فارس سے عراق کی طرف منتقل ہوئے تھے۔ (13)

اس عہد میں اہل ذمہ اپنے مذہبی شعائر امن و سلامتی سے ادا کر سکتے تھے۔ حکومت کے معاملات میں ان کو شریک کیا جاتا تھا۔ اہل ذمہ کا لباس مسلمانوں سے مختلف ہوتا تھا۔ ابن الاثیر کے الفاظ ہیں۔

"و امر الرشید ... و اخذ اهل الذمة بمخالفة هيئة المسلمين فی لباسهم و ركوبهم" (14)

"اور (ہارون) الرشید نے حکم دیا کہ اہل ذمہ اپنے لباس اور سواریوں میں مسلمانوں کی ظاہری حالت سے اختلاف رکھیں۔"

یہودی آبادی سودی کاروبار کرتی تھی۔ ایرانی مجوسیوں کا پیشہ شیشوں پر نقش و نگار بنانا اور اسلحہ تیار کرنا تھا۔ ہندو اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اہل چین تجارت پیشہ تھے۔(15)

اس معاشرہ میں غلاموں کا ایک بہت بڑا گروہ تھا۔ مختلف شہروں میں ان کی خرید و فروخت ہوتی تھی۔ تاہم غلاموں کو بہ نظر حقارت نہیں دیکھا جاتا تھا۔(16)

علمی حالت

علوم و فنون کی ترقی و ترویج کے اعتبار سے اس دور کو خاص اہمیت حاصل ہے مسجدیں ایسے علمی مراکز کی حیثیت رکھتی تھیں جہاں قرآن و سنت اور ان سے متعلق دوسرے علوم کی تعلیم دی جاتی تھی۔ سلطنت اسلام کے مرکز بغداد کی حیثیت "مدینۃ العلم" کی تھی جہاں ہر فن کے صاحب کمال موجود تھے اور جہاں سے تمام دنیائے اسلام کے تشنگان علم سیراب ہوتے تھے۔ امام محمد بن ادریس الشافعی (م 204ھ / 820ء) فرمایا کرتے کہ جس نے بغداد نہیں دیکھا اس نے دنیا نہیں دیکھی۔ (17) آپ اگرچہ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے تھے لیکن اس شہر کو اپنا وطن جانتے تھے۔ ابو الفداء اسماعیل، ابن کثیر (م 774ھ / 1373ء) نے "البدایۃ والنہایۃ" میں امام شافعی کا یہ قول نقل کیا ہے۔

ما دخلت بلدا قط الا عددته سفرا الا بغداد فانی حین دخلتها عددتها وطنا

(18)

"میں جب بھی کسی شہر میں گیا تو اس کو سفر شمار کیا۔ سوائے بغداد کے کہ میں جب بھی وہاں گیا اس کو اپنا وطن سمجھا۔"

خطیب بغدادی کہتے ہیں ہمارے بعض مشائخ کا یہ قول ہے کہ بغداد میں جمعہ کا دن عید کی مانند ہے۔

لان مشایخنا کانوا یقولون یوم الجمعة ببغداد کیوم العید(19)

"یہ اس لئے کہ ہمارے مشائخ کہا کرتے تھے کہ بغداد میں جمعہ کا دن عید کے دن کی طرح ہے۔"

ابراہیم بن السری، ابو اسحاق الزجاج (م 311ھ / 923ء) فرماتے تھے۔

بغداد حاضرة الدنیا و ماعداها بادیة(20)

ہارون الرشید علماء کا بڑا قدر دان تھا۔ اس کی علماء نوازی اور علم پروری کے واقعات کتب تاریخ میں موجود ہیں۔ اس نے "بیت الحکمۃ" کے نام سے تصنیف و تالیف و تراجم کا ایک ادارہ قائم کیا اور علماء کو کثیر تنخواہیں دے کر یونانی، فارسی اور دوسری متعدد زبانوں سے مفید اور علمی و تحقیقی کتابوں کے تراجم کرائے۔(21)

مسلمانوں نے علوم کو دو اقسام میں تقسیم کیا تھا۔ علوم نقلیہ، یعنی وہ علوم جن کا تعلق قرآن کی تفہیم سے تھا مثلاً

toobaa-elibrary.blogspot.com



امام ابو یوسف کے دور میں بغداد شہر کا نقشہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

علم تفسیر، علم حدیث، علم فقہ، علم کلام، علم نحو، علم لغت، علم بیان و ادب۔ دوسری قسم علوم عقلیہ کی تھی مثلاً فلسفہ، ہندسہ، نجوم، طب اور کیمیا کے علوم۔

ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے الفاظ میں "علمائے تفسیر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرامؓ اور تابعین سے منقول روایات کی روشنی میں مستند تفسیریں مرتب کیں۔ محدثین نے سنت کے مجموعے مرتب کئے۔ فتنہ وضع حدیث کا مقابلہ کیا اور احادیث میں صحیح اور موضوع، قوی اور ضعیف کو پرکھنے کے معیار مقرر کئے۔ فقہاء نے کتاب و سنت سے احکام شریعت کے استنباط کے اصول وضع کئے۔ اور زمانہ کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور روزمرہ پیش آنے والے نئے مسائل میں اجتہاد و استنباط، استصلاح اور استحسان کے ذریعہ شریعت کے احکام معلوم کئے۔ یہ دور ائمہ مجتہدین کا دور تھا۔ ائمہ اربعہ کے فقہی اسکول زیر تشکیل تھے۔" (22)

اسی عہد میں تصوف نے اپنا ایک مقام پیدا کیا اس کی دعوت یہ تھی کہ نفس کے باطن کی اصلاح و انقلاب کی طرف پوری توجہ دی جائے نہ کہ ساری توجہ ظواہر پر مبذول کی جائے۔

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم مختصر طور پر کوفہ کی علمی حالت کا خصوصی ذکر کریں کیونکہ امام ابویوسف نے یہاں اپنی زندگی کے ابتدائی پچاس سال بسر کئے۔ کوفہ حضرت عمر بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء) کے زمانہ خلافت میں تعمیر ہوا۔ (23) یہاں مختلف قبائل نے اقامت اختیار کرلی۔ ابو عبداللہ محمد ابن سعد (م 230ھ / 844ء) نے طبقات کی چھٹی (24) جلد میں 150 صحابہ کے بارے میں ذکر کیا ہے۔ جنہوں نے یہاں کافی عرصہ قیام فرمایا۔ خاص طور پر حضرت عبداللہ بن مسعودؓ (م 32ھ / 653ء) سے حدیث و فقہ کی تعلیم حاصل کرنے والوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی تھی۔ روایت ہے کہ جب حضرت علی بن ابی طالبؓ (35-40ھ / 656-661ء) کوفہ میں داخل ہوئے تو یہاں کے لوگوں کی تحصیل علم میں دلچسپی اور علم کی قدر و منزلت کو دیکھ کر فرمانے لگے۔

رحم اللہ ابن ام عبد قد ملا ھذہ القریۃ علما (25)

"اللہ تعالیٰ ام عبد کے بیٹے (یعنی عبداللہ بن مسعودؓ) پر رحمت نازل فرمائے تحقیق انہوں نے اس بستی کو علم سے بھر دیا ہے۔"

فن اسماء الرجال پر جو کتب لکھی گئی ہیں ان میں ہزاروں راوی ایسے ملتے ہیں جن کا تعلق کوفہ کی سرزمین سے تھا۔ صحاح ستہ میں ان کی روایات موجود ہیں۔ ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری (م 256ھ / 870ء) فرماتے ہیں۔

لا احصی کم دخلت الی الکوفۃ و بغداد مع المحدثین (26)

میں (حصول حدیث کے لئے) محدثین کے ہمراہ کوفہ و بغداد کتنی بار گیا؟ اس کو میں شمار نہیں کر سکتا۔

ابو عبداللہ شمس الدین محمد الذہبی (م 748ھ / 1348ء) نے تذکرۃ الحفاظ جلد اول میں کوفہ کے ستانوے

toobaa-elibrary.blogspot.com

محدثین کرام کے نام مع تاریخ وفات وغیرہ درج کئے ہیں۔ (27) فقہی مسائل کے بارے میں اہل کوفہ کو نمایاں مقام حاصل تھا۔ سفیان بن عیینہ (م 198ھ / 814ء) کہتے ہیں۔

خذوا الحلال والحرام عن اهل الكوفة (28)

"حلال و حرام (کے مسائل) اہل کوفہ سے حاصل کرو۔"

شاید یہی وجہ ہے کہ ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی (م 279ھ / 892ء) نے اپنی کتاب جامع الترمذی کے فقہ سے متعلق ابواب میں اہل کوفہ کے تعامل کو بھی نقل کیا ہے۔ (29) حضرت علیؓ کا یہ قول بھی کوفہ کی علمی حیثیت کو واضح کرتا ہے۔

الكوفة كنز الايمان و حجة الاسلام (30)

کوفہ ایمان کا خزانہ اور اسلام کی دلیل ہے۔

محمد بن عبداللہ، ابن بطوطہ (م 777ھ / 1377ء) نے اپنے سفرنامہ میں کوفہ کے بارے میں لکھا ہے۔

"مثوى الصحابة والتابعين و منزل العلماء والصالحين" (31)

یہ ہے امام ابو یوسف کا مولد و مسکن جہاں کے خالص علمی ماحول میں انہوں نے تعلیم و تربیت حاصل کی اور ترقی کی منازل طے کیں۔

معاشی حالت

زراعت، صنعت و حرفت اور تجارتی ترقی کی بناء پر معاشی لحاظ سے اس دور کو عہد زریں کہا جا سکتا ہے۔ مختلف غذائی اشیاء مثلاً گوشت، غلے اور پھلوں کی اس قدر بہتات تھی کہ ہر کسی کو ارزاں نرخوں پر دستیاب ہو جاتے تھے۔ خطیب بغدادی کے بیان کے مطابق ابو جعفر منصور (136-158ھ / 754-775ء) کے زمانے میں ایک مینڈھا ایک درہم میں فروخت ہوتا تھا اور ایک بار شتر غلہ 3/2 درہم میں ملتا تھا۔ کھجوریں ایک درہم میں 60 (ساٹھ) رطل (پونڈ) ملتی تھیں۔ زیتون کا تیل ایک درہم میں 16 رطل اور گھی ایک درہم میں 8 رطل ملتا تھا۔ (32)

اس دور میں بیت المال کے ذرائع آمدن کثیر تھے۔ خراج، جزیہ، زکوٰۃ، عشر، مال غنیمت اور عشور وغیرہ محاصل سے سرکاری خزانہ ہر وقت معمور رہتا تھا۔ روایت ہے کہ ایک مرتبہ ہارون الرشید بن محمد (مہدی) (170-193ھ / 786-809ء) نے ابر کے ایک ٹکڑے کو دیکھ کر بڑے اطمینان سے کہا۔

اذهبي الى حيث شئت ياتني خراجك (33)

"تو جہاں چاہتا ہے چلا جا تیرا خراج میرے ہی پاس آئے گا۔"

عبدالرحمٰن بن محمد، ابن خلدون (م 808ھ / 1406ء) کے بیان کے مطابق ہارون الرشید کے زمانے میں سلطنت

toobaa-elibrary.blogspot.com

عباسیہ کی سالانہ آمدنی سات ہزار پانچ سو قنطار (سات کروڑ ڈیڑھ لاکھ دینار) سے زیادہ تھی۔ (34) یعنی اکتیس کروڑ پچاس لاکھ روپیہ (31,5000000) سالانہ سے زائد جو اس زمانہ کے اعتبار سے بہت بڑی مالیت تھی۔ محمد بن جریر الطبری (م 310ھ / 923ء) نے لکھا ہے کہ جب ہارون الرشید کی وفات ہوئی تو بیت المال میں 90 کروڑ (900000000) درہم تھے۔ (35)

ذیل میں ہم آمدنی (Income) کا وہ گوشوارہ (Schedule) پیش کرتے ہیں جو ہارون الرشید کے دور میں عمر بن مطرف کاتب (م 207ھ / 822ء) نے، وزیر یحییٰ بن خالد البرمکی (م 190ھ / 806ء) کے ملاحظہ کے لئے تیار کیا تھا۔ اس میں بیت المال (Pulbic Treasury) کی ایک سال کی آمدنی نقد اور مال کی صورت میں دکھائی گئی ہے۔ اس آمدنی کی تفصیل یہ تھی۔

اقلیم	آمدنی (درہم و دینار میں)	اموال
(1) ارض سواد	آٹھ کروڑ سات لاکھ اسی ہزار درہم (80780000)	نجرانی کپڑے کے تھان = ایک سو مہر لگانے کی لاکھ - دو سو چالیس رطل (240)
(2) کسکر	ایک کروڑ سولہ لاکھ درہم (11600000)	------
(3) اضلاع دجلہ	دو کروڑ آٹھ لاکھ درہم (20800000)	------
(4) حلوان	اڑتالیس لاکھ درہم (4800000)	------
(5) الاھواز	دو کروڑ پچاس لاکھ درہم (25000000)	شکر = تیس ہزار رطل (30000)
(6) فارس	دو کروڑ ستر لاکھ درہم (27000000)	سیاہ منقوں کا عرق = بیس ہزار رطل (20000) انار اور بہی = اڑھائی لاکھ عدد (250000) گلاب کا عرق = تیس ہزار بوتلیں (30000) آم کا مربہ = پندرہ ہزار رطل (15000) سیرافی مٹی پچاس ہزار رطل (50000)

toobaa-elibrary.blogspot.com

		روغن زیتون=پچاس ہزار ناند(50000)
(7) کرمان	بیالیس لاکھ درہم	یمنی اور شہر خیص کے تھان=پانچ سو(500)
	(4200000)	کھجور=بیس ہزار رطل(20000)
		زیرہ سیاہ=سو رطل(100)
(8) مکران	چار لاکھ درہم(400000)	.....
(9) سندھ اور	ایک کروڑ پندرہ لاکھ درہم	ہاتھی=تین عدد(3)
متعلقہ علاقے	(11500000)	مصنوعی ریشم اور حشیش کپڑے کے تھان=
		بیس ہزار(20000)
		لنگیاں=چار ہزار(4000)
		عود ہندی=ڈیڑھ سو من(150)
		عود کی مختلف قسمیں=ڈیڑھ سو من(150)
		جوتے=دو ہزار جوڑے(2000)
		گندم=دس لاکھ قفیز(ایک پیمانہ)(10,00000)
(10) بجستان	چھیالیس لاکھ درہم	خاص قسم کے کپڑے کے تھان=تین سو(300)
	(4600000)	فانید(ایک قسم کا حلوہ)=بیس ہزار رطل(20000)
(11) خراسان	دو کروڑ اسی لاکھ درہم	خالص چاندی=دو ہزار نقرہ(2000)
	(28000000)	ترکی نسل کے گھوڑے=چار ہزار(4000)
		غلام=ایک ہزار(1000)
		کپڑے کے تھان=ستائیس ہزار(27000)
		ھڑ=تین سو رطل(300)
		فانید(حلوا)=بیس ہزار پونڈ(20000)
(12) جرجان	ایک کروڑ بیس لاکھ درہم	ریشم=دس ہزار من(10000)
	(12000000)	
(13) قومس	پندرہ لاکھ درہم	خالص چاندی=ایک ہزار نقرہ(1000)
	(1500000)	کپڑے کے تھان=ستر(70)

toobaa-elibrary.blogspot.com

		انار=چالیس ہزار عدد(40000)
(14)طبرستان	تریسٹھ لاکھ درہم	طبری فرش=چھ سو قطعہ(600)
الرویان	(6300000)	چادر=دو سو(200)
دنباوند		کپڑے کے تھان=پانچ سو(500)
		رومال=تین سو عدد(300)
		پیالے=چھ سو(600)
(15)رے	ایک کروڑ بیس لاکھ درہم	انار=دس کروڑ عدد(100000000)
	(12000000)	شفتالو=ایک ہزار رطل(1000)
(16)اصفہان	ایک کروڑ دس لاکھ درہم	شہد=بیس ہزار رطل(20000)
(خمتش اور عیسیٰ	(11000000)	موم=بیس ہزار رطل(20000)
رادیس کے علاقوں کے سوا)		
(17) ھذان اور دستبی	ایک کروڑ اٹھارہ لاکھ درہم	شیرہ=ایک ہزار پونڈ(1000)
	(11800000)	اروندی شہد=بیس ہزار رطل(20000)
(18)بصرہ و کوفہ	دو کروڑ سات لاکھ درہم	
	(20700000)	
(19)شہرزور اور	دو کروڑ چالیس لاکھ درہم	
اس کے مفصلات	(24000000)	
(20)موصل اور	دو کروڑ چالیس لاکھ درہم	سفید شہد=بیس ہزار رطل(20000)
اس کے مضافات	(24000000)	
(21)الجزیرہ	تین کروڑ چالیس لاکھ درہم	
دیارات اور فرات	(34000000)	
(22) آذربائیجان	چالیس لاکھ درہم(4000000)	
(23)موقان کرخ جیلان	تین لاکھ درہم(300000)	غلام=ایک سو(100)
		ریشم=(مقدار نہیں دی گئی)
		شہد=بارہ مشکیزے

toobaa-elibrary.blogspot.com

		باز=دس عدد کپڑے کے تھان=بیس (20)
(24) آرمینیا	ایک کروڑ بیس لاکھ درہم (12000000)	زرد رنگ کی ترکی دریاں=20 دھاری دار چادریں=سات سو پچاس (750) نمک لیموں=دس ہزار رطل (10000) چھوٹی مچھلیاں=دس ہزار رطل (10000) باز=تیس عدد (30) خچر=دو سو (200)
(25) قنسرین و عواصم	چار لاکھ نوے ہزار دینار (490000)	
(26) حمص	تین لاکھ بیس ہزار دینار (320000)	منقے=ایک ہزار گاڑیاں
(27) دمشق	چار لاکھ بیس ہزار دینار (420000)	-----
(28) اردن	چھہتر ہزار دینار (76000)	-----
(29) فلسطین	تین لاکھ بیس ہزار دینار (320000)	مختلف قسم کے منقے=تین لاکھ رطل (300000)
(30) مصر	دس لاکھ درہم (1000000) اور تین لاکھ دینار (300000)	
(31) برقہ	دس لاکھ درہم (1000000)	
(32) افریقہ	ایک کروڑ تیس لاکھ درہم (13000000)	
(33) یمن	آٹھ لاکھ ستر ہزار دینار (870000)	

toobaa-elibrary.blogspot.com

(34) مکہ و مدینہ — تین لاکھ دینار (300000)

ابو عبداللہ محمد بن عبدوس الجہشیاری (م 331ھ / 942ء) نے اس گوشوارہ (Schedule) کو نقل کرنے کے بعد اشیاء (Goods) اور پیداوار (Production) کی قیمت (Price) کا تخمینہ لگایا ہے اور دینار کو درہم میں تبدیل کر کے جملہ آمدنی یہ بتائی ہے۔

قیمت اشیاء پیداوار	=	125,532,000
نقد	=	404,708,000
		==========
جملہ میزان	=	530,240,000 درہم (36)

بغداد کے محل وقوع کی مناسبت اور آمدورفت کے بہترین ذرائع کی بدولت یہ دور کاروباری اور تجارتی لحاظ سے بھی بہت اہم ہے۔ اس دور میں تاجر طبقہ زیادہ تر مسلم آبادی پر مشتمل تھا۔ ذمی تاجر اقلیت میں تھے اور ان میں یہود کی ایک بڑی تعداد تھی۔ (37) تجارت پیشہ لوگ دو طبقوں میں منقسم تھے۔ ایک طبقہ تو وسیع کاروبار کا مالک تھا۔ جبکہ دوسرے چھوٹے چھوٹے تاجر بھی معاشی لحاظ سے خوشحال تھے۔ (38)

ہندوستان، چین، یورپ، شمالی افریقہ اور مغربی ساحلوں سے سوداگر اپنا ساز و سامان لے کر بغداد جاتے تھے۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے الفاظ میں "بغداد کے بازاروں میں چین سے ریشم، مشک اور چینی برتن، ہندوستان اور ملایا سے مسالے، رنگ اور معدنی اشیاء وسط ایشیا کے ترک علاقوں سے کپڑے، غلام اور ہیرے جواہرات، روس سے شہد، موم، سمور اور سفید غلام، مشرقی افریقہ سے ہاتھی دانت، سونا اور سیاہ غلام درآمد کئے جاتے تھے۔ خود سلطنت کے مختلف صوبوں سے وہاں کی مقامی پیداوار دارالخلافہ کے بازاروں میں آتی تھی۔ مثلاً مصر سے چاول، دوسرے غلے اور کپڑا، شام سے پھل، شیشہ اور دھات کے برتن، عرب سے اسلحے، موتی اور قیمتی کپڑے اور ایران سے ریشم، عطر اور ترکاریاں۔ بغداد برآمدی تجارت کا مرکز تھا۔ یہاں سے تاجر خام اشیاء دوسرے ممالک سے درآمد کئے ہوئے سامان، اور خاص بغداد کی مصنوعات لے کر یورپ اور افریقہ جاتے تھے۔ (39)

خلافت عباسیہ کے قیام کے بعد اراضی کے بارے میں اہم تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ صوافی (40) زمینوں کی کثرت ہو گئی۔ سلطنت کے اعلیٰ عہدیدار اور سرکردہ افراد نے ان زمینوں میں سے بڑے بڑے رقبے خرید کر اپنے لئے خاص کر لئے تھے۔ جیسا کہ طبرستان کے والی نے ہارون الرشید کو زمین کا ایک بڑا رقبہ ہدیہ کے طور پر دیا تھا۔ (41)

اس دور میں جو سکے رائج تھے وہ پانچ درجات پر منقسم تھے۔

(ا) دینار (ب) درہم (ج) قیراط (د) حبہ (ر) دانق (42)

toobaa-elibrary.blogspot.com

الف سکوں کی شرح تبادلہ وقتاً "فوقتاً" بدلتی رہتی تھی۔ کیونکہ وزن میں کمی بیشی ہوتی رہتی تھی۔

اس دور میں زراعت کی ترقی کو خاص اہمیت دی گئی۔(43) ہارون الرشید نے جنس کی بجائے نقدی صورت میں مالیہ وصول کرنے کا حکم دیا۔ اسی دور میں کاشتکاروں سے آبیانہ بھی وصول کیا جانے لگا۔ ہارون الرشید نے آب پاشی کی خاطر سرکاری طور پر سہولتیں فراہم کرنے کا اہتمام کیا تھا۔ اگر کاشتکاروں کو اقتصادی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا تو ان کے ٹیکس میں مناسب تخفیف کر دی جاتی۔(44)

تاہم امام ابو یوسف کی کتاب الخراج کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں مختلف طریقوں سے کاشتکار طبقہ کا معاشی استحصال بھی ہوتا تھا۔ انہی مظالم اور ناانصافیوں کی بناء پر آپ نے معاشی اصلاحات پیش کیں۔ یہاں ان حالات کی تفصیل بیان کرنا مناسب نہیں کیونکہ باب "امام ابو یوسف کے معاشی افکار و نظریات" میں ابو یوسف کی معاشی اصلاحات پیش کرتے ہوئے۔ ہم ان حالات پر شرح وبسط سے روشنی ڈالیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

امام ابو یوسف کے مختصر سوانح حیات

toobaa-elibrary.blogspot.com

نام و نسب

ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم بن حبیب بن خنیس بن سعد بن حبتہؓ انصاری۔ آپ کے جد اعلیٰ حضرت سعد بن حبتہؓ (م 66ھ / 685ء) صحابی رسولؐ تھے۔ حبتہ آپ کی والدہ کا نام ہے جو بنو عمرو بن عوف سے تعلق رکھتی تھیں۔ اور والد بجیر بن معاویہ' بنو عمرو بن عوف کے حلیف قبیلہ' بجیلہ سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت سعد تاریخ میں والدہ کے نام سے مشہور ہوئے۔ (45)

حضرت سعد بن حبتہؓ ان صحابہ کرام (46) میں سے ایک ہیں جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ احد کے موقع پر صغر سنی کی وجہ سے جہاد میں شرکت کی اجازت نہ دی۔ (47) بعد ازاں غزوہ خندق میں حصہ لیا اور نہایت بہادری سے لڑے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آپ کو یوں داد شجاعت دیتے ہوئے دیکھا تو اپنے پاس بلا لیا۔ اور فرمایا اے نوجوان تم کون ہو؟ حضرت سعد نے عرض کیا سعد بن حبتہ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے قریب آ جاؤ حضرت سعد قریب ہوئے تو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سر اور پیشانی پر اپنا دست اقدس پھیرا اور اولاد و نسل میں خیر و برکت کے لئے دعا فرمائی۔ (48)

امام ابو یوسف اس واقعہ پر فخر کرتے ہوئے فرماتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کے چھونے کی برکات آج بھی میں محسوس کرتا ہوں۔ (49) متعدد محققین نے اپنی کتب میں لکھا ہے کہ جب کوئی شخص ابو یوسف کے چہرہ کی طرف دیکھتا تو آپ کی پیشانی کا نور چمکتا ہوا نظر آتا تھا۔ اور چہرہ ایسے چمکتا دکھائی دیتا گویا کسی نے تیل لگا دیا ہے۔ (50)

حضرت سعد بن حبتہؓ نے کوفہ میں رہائش اختیار کر لی تھی۔ اور اسی شہر میں ان کا انتقال ہوا۔ حضرت زید بن ارقم (م 68ھ / 687ء) نے نماز جنازہ پڑھائی۔ (51)

ولادت

اہم تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ ابو یوسف کی ولادت 113ھ میں کوفہ میں ہوئی۔ (52)

تحصیل علم

امام ابو یوسف کو بچپن ہی سے تحصیل علم کا شوق تھا۔ ابتداء میں اصحاب حدیث کی طرف میلان تھا۔ حدیث کی روایت منجملہ دیگر مشائخ کے یحییٰ بن سعید الانصاری (م 143ھ / 760ء) سلیمان بن مہران الاعمش (م 148ھ / 765ء)' ہشام بن عروہ (م 149ھ / 766ء) عطاء بن السائب (م 153ھ / 770ء)' محمد بن اسحاق بن یسار (م 151 / 768ء) اور لیث بن سعد (م 175ھ / 792ء) سے کی۔ مشہور فقیہ اور قاضی' محمد بن عبدالرحمٰن ابن ابی لیلیٰ (م 148ھ / 765ء) کے حلقہ درس میں نو برس تک حدیث اور فقہ کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد امام ابو حنیفہ النعمان

toobaa-elibrary.blogspot.com

بن ثابت (م 150ھ / 767ء) کے درس میں شامل ہو گئے۔ (54) خطیب بغدادی نے "تاریخ بغداد" میں اور ابن خلکان نے "وفیات الاعیان" میں ایک طویل اور دلچسپ واقعہ لکھا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے والدین معاشی تنگدستی کی بناء پر اس بات کو پسند نہیں کرتے تھے کہ ان کا بیٹا محنت مزدوری کرنے کے بجائے تعلیم حاصل کرنے میں وقت صرف کرے۔ امام ابو حنیفہ کی ذاتی خواہش اور جدوجہد سے آپ نے تحصیل علم کا سلسلہ جاری رکھا۔ (55) آپ نے علم کی طلب میں غیر معمولی محنت کی۔ ابو یوسف کا اپنا قول ہے کہ "العلم شئی لا یعطیک بعضہ حتی تعطیہ کلک" (علم ایک ایسی چیز ہے کہ جب تک آپ اسے اپنا سب کچھ نہ دے دیں یہ آپ کو اپنا کچھ حصہ نہیں دے گا۔)

آپ اپنا اکثر وقت امام ابو حنیفہ کی رفاقت میں گزارتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے۔

ما کان فی الد نیا احب الی من مجلس اجلسہ مع ابی حنیفۃ و ابن ابی لیلیٰ، فانی مارایت فقیھا افقہ من ابی حنیفۃ و لا قاضیا خیرا من ابن ابی لیلیٰ (57)

"دنیا میں کوئی چیز مجھ کو ابو حنیفہ اور ابن ابی لیلیٰ کی مجلس سے زیادہ محبوب نہ تھی۔ پس بے شک میں نے ابو حنیفہ سے بڑھ کر فقیہ اور ابن ابی لیلیٰ سے بہتر قاضی نہیں دیکھا۔"

اپنے مربی و محسن استاد ابو حنیفہ سے جو علمی استفادہ کیا تھا اس کا اعتراف وہ تمام زندگی کرتے رہے۔ علی بن حرملہ کہتے ہیں۔

کان ابو یوسف القاضی یقول فی دبر کل صلاۃ اللھم اغفرلی و لابی حنیفۃ (58)

"قاضی ابو یوسف ہر نماز کے بعد یہ دعا کیا کرتے تھے۔ اے اللہ مجھے اور ابو حنیفہ کو بخش دے۔"

آپ نے اپنی خداداد ذہانت اور مسلسل جدوجہد سے آخر کار وہ علمی مقام حاصل کیا کہ امام ابو حنیفہ کو اپنے تمام تلامذہ میں آپ سے بڑھ کر کوئی عزیز نہ رہا۔ ایک بار جب ابو یوسف بیمار ہو گئے اور زندگی کی امید نہ رہی تو امام ابو حنیفہ نے آپ کی عیادت کرنے کے بعد فرمایا۔

لئن مات ھذا الغلام لم یخلفہ احد علی وجہ الارض (59)

"اگر یہ لڑکا وفات پا گیا تو روئے زمین پر کوئی اس کا قائم مقام نہ ہو گا۔"

علم کے ساتھ آپ کو جو لگاؤ تھا اس کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ حالت نزع میں بھی علمی مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئی جان دی۔ ابراہیم بن الجراح (م 217ھ / 832ء) کہتے ہیں۔ میں ابو یوسف کے مرض وفات میں ان کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

عیادت کے لئے پہنچا تو دیکھا کہ ان پر غشی طاری ہے۔ تھوڑی دیر بعد انہوں نے آنکھیں کھولیں تو دیکھا کہ میں ان کے پاس بیٹھا ہوں۔ مجھے دیکھتے ہی انہوں نے سوال کیا۔

ابراہیم بتایئے حاجی کے لئے افضل طریقہ کون سا ہے؟ وہ پیدل رمی کرے یا سوار ہو کر؟

میں نے عرض کیا پیدل کرنا افضل ہے۔

ابو یوسف نے فرمایا یہ درست نہیں۔

میں نے عرض کیا سوار ہو کر افضل ہے۔

آپ نے ارشاد فرمایا یہ بھی غلط ہے۔

پھر ابو یوسف نے خود ہی فرمایا جس رمی کے بعد کوئی اور رمی کرنی ہو اس کا پیدل کرنا افضل ہے اور جس کے بعد کوئی اور رمی نہ ہو اسے سوار ہو کر کرنا افضل ہے۔

ابراہیم کہتے ہیں کہ مجھے مسئلہ معلوم ہونے سے زیادہ اس بات پر تعجب ہوا کہ امام ابو یوسف ایسی بیماری کی حالت میں بھی علمی مذاکرے کے کتنے شائق ہیں۔ اس کے بعد میں ان کے پاس سے اٹھا اور ابھی دروازے تک بھی نہیں پہنچا تھا کہ گھر سے عورتوں کے رونے کی آواز آئی۔ معلوم ہوا کہ ابو یوسف اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ (60)

خصوصی تربیت

امام ابو حنیفہ کے منفرد طرز تعلیم اور خاص علمی مجلس نے آپ کی علمی تربیت میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اس مجلس کی خاص خوبی یہ تھی کہ شرکاء کسی پیش آمدہ مسئلہ پر آزادانہ بحث کرتے۔ اکثر ایسا ہوتا کہ امام ابو یوسف دوسرے فقہاء سے علمی بحث کرتے امام ابو حنیفہ خاموشی سے سنتے رہتے اور آخر میں دلائل کے ساتھ اپنی رائے پیش کر دیتے۔ پھر اس رائے پر بحث ہوتی۔ بسا اوقات ایک ہی مسئلہ پر کئی کئی دن بلکہ مہینہ بھر تک گفتگو جاری رہتی۔ اس طرح امام ابو حنیفہ کی تربیت نے آپ میں اجتہادی صلاحیتیں پیدا کر دیں، حتیٰ کہ آپ اجتہاد کے اعلیٰ منصب پر فائز ہوئے۔

علمی مقام و مرتبہ

فقہ حنفی میں امام ابو حنیفہ کے بعد آپ ہی کا مقام ہے۔ امام محمد بن الحسن الشیبانی (م 189ھ / 805ء) نے بھی آپ سے استفادہ کیا۔ علمی مجلس میں آپ کو یہ خصوصیت حاصل تھی کہ تحریر کا فریضہ آپ ہی انجام دیتے تھے۔ بلکہ بعض معاملات مثلاً قضاء و شہادت وغیرہ کے سلسلہ میں آپ کی رائے سب سے زیادہ قوی ہوتی تھی۔ آپ ہی نے سب سے پہلے امام ابو حنیفہ کے مذہب پر کتب تحریر کیں۔ (61)

خطیب بغدادی نے اپنی کتاب "تاریخ بغداد" میں طلحہ بن محمد کا یہ قول نقل کیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو یوسف ـ و اول من وضع الکتب فی اصول الفقه علی مذهب ابی حنیفة و املی المسائل و نشرها و بث علم ابی حنیفة فی اقطار الارض (62)

"ابو یوسف ـ اور وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ابو حنیفہ کے مذہب پر اصول فقہ میں کتب تحریر کیں اور مسائل تحریر کئے اور ان کی نشر و اشاعت کی اور ابو حنیفہ کے علم کو پوری دنیا میں پھیلا دیا۔"

حماد بن ابی حنیفہ کہتے ہیں۔

رایت ابا حنیفة یوما و عن یمینه ابو یوسف و عن یساره زفر وهما یتجادلان فی مسالة فلا یقول ابو یوسف قولا الا افسده زفر بن الهذیل و لا یقول زفر قولا الا افسده ابو یوسف الی وقت الظهر فلما اذن المؤذن رفع ابو حنیفة یده فضرب بها علی فخذ زفر و قال = لا تطمع فی ریاسة ببلدة فیها ابو یوسف - قال و قضی لابی یوسف علی زفر (63)

"ایک دن میں نے (امام) ابو حنیفہ کو دیکھا کہ آپ کے دائیں طرف ابو یوسف اور آپ کے بائیں جانب زفر تھے۔ اور وہ کسی مسئلہ پر بحث کر رہے تھے۔ (نماز) ظہر تک (یہ حالت رہی) ابو یوسف جو بات کہتے' زفر بن الہذیل اس کو رد کر دیتے اور زفر جو بات کہتے' ابو یوسف اس کو رد کر دیتے۔ پھر جب موذن نے اذان دی تو (امام) ابو حنیفہ نے زفر کی (ران) پر ہاتھ مار کر کہا' جس شہر میں ابو یوسف ہوں اس کی ریاست کی ہوس مت کرو۔ (حماد نے) کہا (ابو حنیفہ نے) زفر کے مقابلہ میں ابو یوسف کے حق میں فیصلہ دیا۔

اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفہ (م 212ھ / 827ء) کہتے ہیں۔

کان اصحاب ابی حنیفة عشرة ـ و لم یکن فیهم مثل ابی یوسف و زفر (64)

"(امام) ابو حنیفہ کے اصحاب دس تھے ـ اور ان میں ابو یوسف و زفر کی مانند کوئی نہ تھا۔"

ابن خلکان نے اپنی کتاب "وفیات الاعیان" میں عمار بن ابی مالک کا یہ قول تحریر کیا ہے۔

ما کان فی اصحاب ابی حنیفة مثل ابی یوسف' لو لا ابو یوسف ما ذکر ابو حنیفة و لا محمد بن ابی لیلیٰ و لکنه هو نشر قولهما و بث علمهما (65)

"ابو حنیفہ کے اصحاب میں ابو یوسف کی مانند کوئی بھی نہ تھا۔ اگر ابو یوسف نہ ہوتے تو ابو حنیفہ اور محمد بن ابی لیلیٰ کو بھی کوئی نہ جانتا۔ یہی ہیں جنہوں نے ان دونوں کے اقوال کی نشر و اشاعت کی اور ان کا علم پھیلایا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ بیان اگرچہ مبالغہ سے خالی نہیں ہے مگر اس سے اسلامی قانون میں امام ابو یوسف کے رسوخ اور کمال کا اندازہ ہوتا ہے۔ امام احمد بن حنبل (م 241ھ / 855ء)، یحییٰ بن معین (م 233ھ / 847ء) اور علی بن المدینی (م 234ھ / 848ء) نے آپ کی ثقاہت نقل فی الحدیث میں کچھ اختلاف نہیں کیا۔ (66) محمد بن ابی یعقوب اسحاق، ابن الندیم (م 438ھ / 1047ء) نے آپ کو حافظ حدیث لکھا ہے (67) مغازی، ایام العرب اور تفسیر پر ان کو کامل دسترس حاصل تھی۔ (68) ابن خلکان آپ کے بارے میں یہ لکھتے ہیں۔

کان فقیھا عالما حافظا (69)

(یعنی آپ فقیہ، عالم (اور) حافظ تھے۔)

ابو حنیفہ ایسے مردم شناس فقیہہ اپنے ہر شاگرد کی اہلیت دیکھ کر اس کے لئے منصب تجویز فرماتے تھے۔ چنانچہ امام ابو یوسف کے ذمہ قاضیوں اور مفتیوں کی تربیت تھی۔ (70)

ابو عثمان عمرو بن بحر الجاحظ (م 255ھ / 869ء) نے لکھا ہے کہ حسن اتفاق سے ہارون الرشید کے دربار میں جس قدر بلند پایہ اہل علم جمع ہوئے، وہ کسی اور اسلامی حکمران کے ہاں یکجا نہیں ملتے اور ان میں ایک قاضی ابو یوسف تھے۔ (71)

ابو الفرج عبد الرحمٰن بن علی، ابن الجوزی (م 597ھ / 1201ء) نے ابو یوسف کو قوت حفظ کے اعتبار سے ان اناسی (79) افراد میں شمار کیا ہے جو اس امت کے مخصوص و بے نظیر صاحب حفظ ہوئے ہیں۔ ابو یوسف کے بارے میں لکھتے ہیں۔

کان یعرف بحفظ الحدیث، یحضر مجلس المحدث یتحفظ خمسین و ستین حدیثا فیقوم فیملیھا علی الناس (72)

"آپ حافظ حدیث مشہور تھے۔ کسی محدث کی مجلس میں حاضر ہوتے۔ اور پچاس ساٹھ احادیث یاد کر لیتے۔ پھر کھڑے ہوتے۔ پھر لوگوں کو املاء کرا دیتے۔"

درس و تدریس اور تلامذہ

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ابو حنیفہ کی زندگی ہی میں آپ نے اپنا الگ حلقہ درس قائم کر لیا تھا۔ امام صاحب نے امتحان لینے کی غرض سے چند سوالات آپ کے پاس بھیجے۔ لیکن امام ابو یوسف صحیح جوابات نہ دے سکے۔ (73) اس سے آپ کو احساس ہوا کہ ابھی مجھے استاد سے علمی استفادے کی ضرورت ہے۔ 150ھ میں امام ابو حنیفہ کا وصال ہوا اور 166ھ میں امام ابو یوسف منصب قضاء پر فائز ہوئے۔ اس درمیانی عرصہ میں آپ نے درس و تدریس کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

سلسلہ جاری رکھا بلکہ قاضی بننے کے بعد بھی تشنگان علم آپ سے استفادہ کرتے رہے۔ خطیب بغدادی کے بیان کے مطابق آپ دوبار بصرہ تشریف لے گئے۔ پہلی بار 176ھ اور دوسری بار 180ھ میں۔ دونوں بار متعدد علماء نے آپ سے حدیث و فقہ میں استفادہ کیا۔ (74) امام ابو یوسف کے تلامذہ کی تعداد کثیر ہے۔ ان میں وہ محدثین و فقہاء بھی شامل ہیں جن کی روایات صحاح ستہ کے مولفین نے اپنی اپنی کتب میں نقل کی ہیں۔ ہم یہاں چند محدثین و فقہاء کے نام نقل کرتے ہیں جنہوں نے امام ابو یوسف سے استفادہ کیا اور علم کی روشنی کو پھیلایا۔

ابراہیم بن الجراح الکوفی (م 217ھ / 832ء)، ابراہیم بن یوسف بن میمون البلخی (م 241ھ / 855ء)، احمد بن حنبل (م 241ھ / 855ء)، احمد بن منیع (م 244ھ / 858)، اسحاق بن الفرات بن الجعد الکندی (م 204ھ / 820ء)، اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفہ (م 212ھ / 827ء)، بشار بن موسیٰ الخفاف (م 228ھ / 842ء)، بشر بن ابی الازھر النیسابوری (م 213ھ / 828ء)، بشر بن غیاث المریسی (م 218ھ / 833ء)، بشر بن الولید الکندی (م 238ھ / 852ء)، جعفر بن یحییٰ البرمکی (م 187ھ / 803ء)، حبان بن بشر (م 238ھ / 852ء)، الحسن بن زیاد اللولوی (م 204ھ / 819ء)، الحسن بن شبیب (م 209ھ / 824ء)، الحسین بن ابراہیم (م 210ھ / 825ء)، ابن حفص (م 212ھ / 827ء)، الحسین بن الولید (م 202ھ / 818ء) حفص بن غیاث الکوفی (م 194ھ / 810ء)، حماد بن دلیل (م 198ھ / 814ء)، خلف بن ایوب العامری البلخی (م 220ھ / 835ء)، داؤد بن رشید الخوارزمی (م 230ھ / 844ء)، شجاع بن مخلد (م 235ھ / 849ء)، شعیب بن سلیمان الکیسانی (م 204ھ / 819ء)، عبدالرحمٰن بن عبداللہ العمری (م 194ھ / 810ء)، عبدالرحمٰن بن مسہر (م 199ھ / 815ء)، عبدالرحمٰن بن مھدی (م 198ھ / 814ء)، عبداللہ بن غانم الافریقی (م بعد 200ھ / بعد 816ء)، عصام بن یوسف البلخی (م 210ھ / 825ء)، عکرمہ بن طارق السلمقانی (م 215ھ / 830ء) علی بن الجعد الجوھری (م 230ھ / 844ء)، علی بن حجر المروزی (م 244ھ / 858ء)، علی بن حرملہ الکوفی (م بعد 200ھ / بعد 816ء)، علی الرازی (م بعد 200ھ / 816ء)، عمار بن عبدالملک المروزی (م 205ھ / 820ء)، عمرو بن ابی عمرو الحرانی (م بعد 200ھ / بعد 816ء)، عمرو بن بحر الجاحظ (م 255ھ / 869ء)، عمرو بن محمد الناقد (م 202ھ / 818ء)، فرات بن نصر الھروی (م 236ھ / 850ء)، الفضل بن غانم (م 236 / 850ء)، الفضیل بن عیاض (م 187ھ / 803ء)، القاسم بن الحکم (م 208ھ / 823ء)، محمد بن ابی رجاء الخراسانی (م 207ھ / 822ء)، محمد بن الحسن الشیبانی (م 189ھ / 805ء)، محمد بن خالد الحنظلی الرازی (م 213ھ / 828ء)، محمد بن سلمہ التمیمی (م 233ھ / 847ء)، محمد بن الصباح (م 227ھ / 841ء)، المعلی بن منصور الرازی (م 211ھ / 826ء)، موسیٰ بن سلیمان الجوزجانی (م بعد 200ھ / بعد 816ء)، نصر بن عبدالکریم البلخی (م 169ھ / 785ء)، وکیع بن الجراح (م 192ھ / 808ء)، ہشام بن عبیداللہ الرازی (م 201ھ / 817ء)، ہشام بن

toobaa-elibrary.blogspot.com

معدان کاتب ابی یوسف (م 213ھ / 828ء)، ہلال بن یحییٰ بن مسلم البصری (م 245ھ / 859ء)، الہیثم بن خارجہ (م 227ھ / 841ء)، یحییٰ بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء)، یحییٰ بن معین (م 233ھ / 847ء)، یزید بن ہارون الواسطی (م 206ھ / 821ء)(75)

عہدہ قضاء

امام ابویوسف مشہور عباسی خلفاء محمد مہدی بن منصور (158-169ھ / 775-785ء) موسیٰ ہادی بن مہدی (169-170ھ / 785-786ء) اور ہارون الرشید بن محمد مہدی (170-193ھ / 786-809ء) کے ادوار میں منصب قضاء پر فائز رہے۔ (76) ہارون الرشید کے دور میں تمام سلطنت عباسیہ کے قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) مقرر ہوئے۔ آپ اسلام میں پہلے شخص ہیں جنہیں قاضی القضاۃ کا منصب دیا گیا۔ (77) اور آپ وفات تک اس عہدہ پر فائز رہے۔ آپ کو "قاضی قضاۃ الدنیا" بھی کہا جاتا تھا۔ (78) ابو الفداء اسماعیل، ابن کثیر (م 774ھ / 1373ء) لکھتے ہیں۔

و کان یقال له = قاضی قضاۃ الدنیا، لانه کان یستنیب فی سائر الاقالیم التی یحکم فیها الخلیفة (79)

"اور آپ کو قاضی قضاۃ الدنیا کہا جاتا تھا۔ یہ اس لئے کہ ان کی قضاء ان تمام ریاستوں میں نافذ العمل تھی جہاں خلیفہ کا حکم چلتا تھا۔"

عباسی دور میں قاضی القضاۃ کا عہدہ موجودہ زمانے کے تصور کے مطابق محض عدالت عالیہ (ہائی کورٹ) کے حاکم اعلیٰ کا نہ تھا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ وزیر قانون کے فرائض بھی اس میں شامل تھے بلکہ سلطنت کے تمام داخلی و خارجی معاملات میں قانونی راہنمائی کرنا بھی آپ کا کام تھا۔ (80) ہارون الرشید نے آپ کو اس بات کا کلی اختیار دیا تھا کہ دیار و امصار کے جملہ قاضیوں کا تقرر وہ خود کیا کریں اور جسے جہاں مناسب خیال کریں مقرر کر دیں۔ ابو الفلاح عبدالحی، ابن العماد (م 1089ھ / 1678ء) نے اپنی کتاب "شذرات الذهب فی اخبار من ذهب" میں، ابو عمر یوسف بن عبداللہ، ابن عبدالبر (م 463ھ / 1071ء) کا یہ قول نقل کیا ہے۔

کان الیه تولیة القضاء فی الآفاق من المشرق الی المغرب (81)

"ابو یوسف کے اختیار میں تھا کہ مشرق سے مغرب تک (سارے) آفاق میں قاضیوں کا تقرر کریں۔"

الموفق المکی (م 568ھ / 1172ء) نے اپنی کتاب "مناقب الامام الاعظم ابی حنیفة" میں ابو یوسف کا یہ قول نقل کیا ہے۔

فولانی قضاء البلاد کلها (82)

"پھر مجھ کو تمام شہروں کی قضاء کی ذمہ داری سونپ دی گئی۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

تصانیف

امام ابو یوسف نے خداداد علمی و فکری صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تصنیف و تالیف کے سلسلہ میں کافی کام کیا۔ آپ کی چند تصانیف طبع ہو چکی ہیں۔ بعض کتب وہ بھی ہیں جو ہم تک نہیں پہنچ سکیں۔ اس لئے ہم آپ کی کتب کی فہرست کو دو اقسام میں تقسیم کریں گے۔

(ا) کتب مفقودہ

(ب) کتب موجودہ

(ا) کتب مفقودہ

امام ابو یوسف کی وہ کتب جو حوادث زمانہ کی وجہ سے ناپید ہو چکی ہیں' درج ذیل ہیں۔

(1) کتاب فی اصول الفقہ

خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد (83) میں' عبدالکریم بن محمد' السمعانی (م 562ھ / 1166ء) نے "الانساب" (84) میں' ابن خلکان نے وفیات الاعیان (85) میں' زین الدین قاسم' ابن قطلوبغا (م 879ھ / 1474ء) نے "تاج التراجم" (86) میں' احمد بن مصطفیٰ' طاش کبریٰ زادہ (م 968ھ / 1561ء) نے اپنی دو کتب مفتاح السعادۃ اور "طبقات الفقہاء" (88) میں اور ابن العماد الحنبلی نے شذرات الذہب" (89) میں اس کتاب کو ابو یوسف کی طرف منسوب کیا ہے۔

(2) کتاب فی ادب القاضی

مصطفیٰ بن عبداللہ' حاجی خلیفہ (م 1067ھ / 1657ء) نے کشف الظنون (90) میں اور عمر رضا کحالہ نے معجم المولفین (91) میں لکھا ہے کہ ابو یوسف نے یہ کتاب تحریر کی۔

راقم نے اس کتاب کا ایک مخطوطہ 'کتب خانہ پیر محمد اعظم' خانقاہ فاضلیہ گڑھی افغاناں (راولپنڈی) میں دیکھا ہے اس پر بھی مصنف کے طور پر ابو یوسف کا نام تحریر ہے۔ لیکن اس مخطوطہ کی ورق گردانی کے بعد یہ بات پورے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ یہ ابو یوسف کی تصنیف نہیں ہے۔ کسی اور مصنف نے لکھ کر ابو یوسف کی طرف منسوب کر دی ہے۔ اس امر کی واضح دلیل یہ ہے کہ اس کتاب میں بعض متاخرین مثلاً ابو بکر احمد بن عمر الخصاف (م 261ھ / 875ء) ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی (م 321ھ / 933ء) ابو بکر الرازی (م 370ھ / 981ء) اور ابو بکر محمد بن احمد السرخسی (م 483ھ / 1439ء) وغیرہ کی آراء بھی نقل کی گئی ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(3) کتاب المبسوط

حاجی خلیفہ نے کشف الظنون (92) میں' اسماعیل باشا البغدادی (م 1339ھ / 1920ء) نے ھدیۃ العارفین (93) میں اور محمد امین' ابن عابدین (م 1252ھ / 1836ء) نے اپنے رسائل (94) میں لکھا ہے کہ ابو یوسف نے یہ کتاب تحریر کی تھی۔

(4) کتاب الجوامع

امام ابو یوسف نے یہ کتاب یحییٰ بن خالد البرمکی (م 190ھ / 806ء) کے لئے تالیف کی تھی۔ یہ چالیس بحثوں پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے فقہاء کے درمیان اختلاف کا اور ہر مختلف فیہ مسئلہ میں مختار رائے کا ذکر کیا ہے۔ (95) ابن الندیم نے الفہرست (96) میں اور اسماعیل باشا البغدادی نے ھدیۃ العارفین (97) میں اس کا ذکر کیا ہے۔

(5) کتاب الرد علی مالک بن انس

ابن الندیم نے الفہرست (98) میں' اسماعیل باشا البغدادی نے "ھدیۃ العارفین" (99) میں' محمد زاہد بن الحسن الکوثری (م 1371ھ / 1952ء) نے "حسن التقاضی" (100) میں لکھا ہے کہ ابو یوسف نے یہ کتاب تحریر کی۔

(6) کتاب اختلاف الامصار

ابن الندیم نے الفہرست (101) میں اس کتاب کا ذکر کیا ہے۔

(7) کتاب الامالی

یہ چھتیس بحثوں پر مشتمل ہے۔ جسے بشر بن الولید الکندی (م 238ھ / 852ء) نے روایت کیا ہے۔ اس کے اہم مباحث یہ ہیں۔

کتاب الصلوۃ' کتاب الزکوۃ' کتاب الصیام' کتاب الفرائض' کتاب البیوع' کتاب الحدود' کتاب الوکالۃ' کتاب الوصایا' کتاب الصید والذبائح' کتاب الغصب والاستبراء۔ (102)

ابن الندیم نے الفہرست (103) میں' ابو محمد عبدالقادر' ابن ابی الوفاء القرشی (م 775ھ / 1374ء) نے "الجواھر المضیئۃ" میں' طاش کبریٰ زادہ نے طبقات الفقہاء (105) میں' الملا علی القاری (م 1014ھ / 1606ء) نے "ذیل الجواھر المضیۃ" (106) میں اور ابن عابدین نے اپنے رسائل (107) میں لکھا ہے کہ یہ ابو یوسف کی تصنیف ہے۔ حاجی خلیفہ نے "کشف الظنون" (108) میں لکھا ہے کہ ابو یوسف کے امالی تین سو سے زائد جلدوں پر مشتمل تھے۔ زاہد الکوثری نے اپنی کتاب "حسن التقاضی" میں لکھا ہے کہ شیخ یحییٰ الغزی جو مسجد حرام میں منصب

toobaa-elibrary.blogspot.com

وعظ پر فائز تھے اور حجر اسود کے مواجہہ میں کعبہ مشرفہ کے میزاب کے سامنے وعظ کیا کرتے تھے۔ 908ھ کا واقعہ ہے کہ وہ شہر زبید میں تشریف لائے تھے۔ انہوں نے کہا تھا۔

"میں نے بچشم خود تین سو مجلدات میں "امالی ابویوسف" شہر غزہ (جو ارض شام میں واقع ہے) کے ایک کتب خانے میں دیکھے ہیں اور جس کتب خانے میں یہ بے مثال علمی سرمایہ دیکھنے میں آیا وہ صرف امام ابویوسف کی کتابوں کے لئے مخصوص تھا۔" (109)

(8) کتاب النوادر

ابن ابی الوفاء القرشی نے "الجواهر المضية" (110) میں اور ابوالحسنات محمد عبدالحی (م 1304ھ / 1887ء) نے "الفوائد البهية" (111) میں اس کتاب کا ذکر ابویوسف کی تصانیف میں کیا ہے۔

(9) کتاب المخارج فی الحیل

الجاحظ نے اپنی کتاب "الحیوان" (112) میں اس کا ذکر کیا ہے۔ اس کا مخطوطہ دارالکتب المصریہ میں موجود ہے۔ (113)

یہی کتاب المخارج فی الحیل کے نام سے جوزف شاخت (Joseph Schacht) نے ایڈٹ کر کے 1930ء میں لیپزگ سے شائع کی ہے۔ جوزف شاخت نے اس کتاب کو امام محمد کی تصنیف ظاہر کیا ہے۔ (114)

جوزف شاخت نے لکھا ہے کہ امام محمد نے اس کتاب میں ابویوسف کی کتاب الحیل کے بعض حصے شامل کر لئے ہیں۔ (115)

راقم کی رائے یہ ہے کہ صاحبین میں سے کسی نے بھی کتاب المخارج فی الحیل کے نام سے کتاب تحریر نہیں کی۔ ابو سلیمان موسیٰ بن سلیمان الجوزجانی جو امام محمد کے تلمیذ خاص ہیں' وہ کہتے ہیں کہ جو شخص یہ کہے کہ امام محمد نے "کتاب الحیل" نامی کتاب تصنیف کی تھی' اس کی تصدیق نہ کیجئے۔ لوگوں کے پاس جو اس قسم کی کتاب ہے وہ دراصل بغداد کے کتب فروشوں میں سے کسی کی تصنیف ہے۔ کتابیں فروخت کرنے والے بعض کتب کو شہرت دینے کے لئے ہمارے علماء کی جانب منسوب کر دیتے ہیں۔ یہ کیونکر ممکن ہے کہ امام محمد نے اپنی کسی تصنیف کو اس نام سے موسوم فرمایا ہو تاکہ جاہلوں کو اپنی من مانی کاروائیاں کرنے کے لئے حربہ ہاتھ آئے۔ (116) حاجی خلیفہ نے کشف الظنون میں الخصاف (م 261ھ / 875ء) کی کتاب الحیل کا ذکر کیا ہے۔ لیکن امام ابویوسف کی طرف اس موضوع پر کوئی کتاب منسوب نہیں کی۔ (117)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(10) مسند الامام ابی یوسف

حاجی خلیفہ نے کشف الظنون (118) میں اور استاذ محمد سلام مدکور نے المدخل للفقہ الاسلامی (119) میں اس کتاب کا ذکر کیا ہے۔

(ب) کتب موجودہ

امام ابو یوسف کی وہ تصانیف جو شائع ہو چکی ہیں اور آسانی سے دستیاب ہیں' درج ذیل ہیں۔

(1) کتاب الآثار

یہ کتاب امام ابو حنیفہ کی روایت کی ہوئی احادیث پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کو "مسند ابی حنیفہ" بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ فقہاء کوفہ کے فتاویٰ بھی اس میں موجود ہیں۔ جنہیں امام ابو یوسف نے پسند کیا یا ان کی مخالفت کی اور سبب اختلاف بھی ذکر کر دیا ہے۔ کتاب فقہی ابواب کے مطابق ترتیب دی گئی ہے۔ (120)

(2) الرد علیٰ سیر الاوزاعی

اس کتاب میں امام ابو یوسف نے جہاد' غنیمت اور صلح و جنگ کے احکام و مسائل بیان کئے ہیں۔ اور اس سلسلہ میں عبدالرحمٰن بن عمرو بن یحمد الاوزاعی (م 157ھ / 774ء) کے اقوال نقل کر کے ان پر نقد و تبصرہ اور امام ابو حنیفہ کے مذہب سے ان کا موازنہ کر کے ان کی تردید بھی کی ہے۔ (121)

(3) اختلاف ابی حنیفہ و ابن ابی لیلیٰ

امام ابو یوسف نے اس کتاب میں اپنے دونوں اساتذہ کے فقہی اختلافات کو نقل کیا ہے۔ اور حضرت علی بن ابی طالبؓ (م 40ھ / 661ء) حضرت عبداللہ بن عباسؓ (م 68ھ / 687ء) اور حضرت قاضی شریحؒ (م 78ھ / 697ء) وغیرہ ائمہ سلف کے اقوال کی روشنی میں ان کا جائزہ لیا ہے اور جس مسلک کو انہوں نے بہتر اور صحیح سمجھا ہے اس کو بیان کیا ہے۔ مگر اس میں بیشتر بلکہ تمام تر امام ابو حنیفہ ہی سے اتفاق کیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے امام ابو حنیفہ کی دقت نظر' علمی تبحر' واقعات و حقائق سے گہری واقفیت' اور علمی تجربہ کا اندازہ ہوتا ہے۔ فقہاء کے اختلافات اور مذاہب و شرائع کے تقابلی مطالعہ کے نقطہ نظر سے یہ نہایت مفید اور بیش قیمت کتاب ہے۔ (122)

(4) کتاب الخراج

آپ نے یہ کتاب عباسی خلیفہ ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کے سوالات کے جوابات میں تحریر

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی۔ اس میں زکوٰۃ و صدقات' جزیہ' عشر وغیرہ حکومت کے تمام مالی امور اور ٹیکسوں وغیرہ کا مفصل اور تاوان وغیرہ کے احکام کا مختصر ذکر ہے۔

کتاب الخراج پہلی دفعہ قاہرہ میں 1302ھ میں شائع ہوئی۔ پھر مطبعہ سلفیہ قاہرہ سے تین بار یعنی 1932ء' 1933ء اور 1962ء میں شائع ہوئی۔

Carl کتاب الخراج کے مخطوطات دنیا کے مختلف کتب خانوں میں موجود ہیں۔ کارل بروکلمان (Brockelmann (م 1375ھ / 1956ء) نے بہت سے ایسے قلمی نسخوں کا ذکر کیا ہے جو برلن' آیا صوفیہ' لندن' رام پور' پشاور' پیرس اور سلیمانیہ کے کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔ (123)

کتاب الخراج کے فرانسیسی مترجم ای۔ فاگنان (E-Fagnan) نے کتب خانہ پیرس میں موجود چار مختلف نسخوں کا ذکر کیا ہے۔ (124) ای۔ فاگنان (E-Fagnan) کا ترجمہ 1921ء میں پیرس سے شائع ہوا۔ (125) انگریزی زبان میں کتاب الخراج کا ترجمہ اے بن شمس A Ben Shemesh نے کیا ہے جو 1969ء میں شائع ہوا۔ (126) اس کا اردو ترجمہ محمد نجات اللہ صدیقی نے کیا ہے جو مکتبہ چراغ راہ کراچی سے 1966ء میں شائع ہوا۔ (127) اس کے علاوہ اطالوی اور ترکی زبانوں میں بھی اس کے تراجم ہو چکے ہیں۔

عبدالعزیز بن محمد الرحبی (م بعد 1184ھ / بعد 1770ء) نے عربی زبان میں کتاب الخراج کی شرح تحریر کی ہے۔ اس شرح کا نام "فقہ الملوک و مفتاح الرتاج المرصد علی خزانۃ کتاب الخراج" ہے۔ یہ دو جلدوں میں ہے۔ اس کی پہلی جلد 1176ھ میں' اور دوسری جلد 1180ھ میں مکمل ہوئی۔ (128) یہ شرح بغداد کے مطبعہ الارشاد سے 1973ء میں الدکتور احمد عبید الکبیسی کی تحقیق کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔ (129)

وفات

آپ نے 5 ربیع الاول 182ھ کو جمعرات کے دن ظہر کے وقت بغداد میں وفات پائی۔ (130) خطیب بغدادی کا بیان ہے کہ آخری وقت آپ کی زبان پر یہ الفاظ تھے۔

اللھم انک تعلم انی لم اطا فرجا حراما قط و انا اعلم' اللھم انک تعلم انی لم آکل درھما حراما قط و انا اعلم (131)

"اے اللہ تو جانتا ہے کہ میں نے کبھی بدکاری نہیں کی اور یہ بات مجھے معلوم ہے۔ اے اللہ تو جانتا ہے کہ میں نے کبھی ایک درہم بھی حرام کا نہیں کھایا اور یہ بات مجھے معلوم ہے۔"

وفات سے پہلے یہ وصیت کی تھی کہ میرے مال میں سے چار لاکھ درہم مکہ' مدینہ' کوفہ اور بغداد کے محتاجوں میں تقسیم کر دیئے جائیں۔ (132) آپ کی وفات عالم اسلام کے لئے ایک سانحہ تھی۔ خود خلیفہ ہارون الرشید بہت غمگین

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھا۔ مشہور صوفی، حضرت معروف بن فیروز، الکرخی (م 200ھ / 816ء) کو آپ کی وفات کی خبر سن کر سخت صدمہ پہنچا۔ (133) جب ابو یوسف کا جنازہ گھر سے چلا تو مشایعت کرنے والوں میں ابو یعقوب الخریمی، اسحاق، مشہور شاعر بھی تھا۔ اس نے لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ آج فقہ کا خاتمہ ہو گیا۔ ابن خلکان کے الفاظ ہیں۔

فلما توفی ابو یوسف سمع الخریمی رجلا یقول = الیوم مات الفقه (134)

"پس جب ابو یوسف نے وفات پائی تو (ابو یعقوب) الخریمی نے ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ "آج فقہ ختم ہو گئی۔"

یہ الفاظ سن کر ابو یعقوب الخریمی نے برجستہ ایک رقت انگیز مرثیہ کہا جس کے چند اشعار یہ ہیں۔

یاناعی الفقه الی اهله ان مات یعقوب ولایدری
لم یمت الفقه و لکنه حول من صدر الی صدر
القاه یعقوب الی یوسف فزل من طیب الی طهر
فهو مقیم فاذا ما ثوی حل و حل الفقه فی قبر (135)

"اے اہل فقہ کو فقہ کی موت کی خبر دینے والے یہ کہ یعقوب فوت ہو گئے اور وہ (موت کی خبر دینے والے) کو معلوم نہیں کہ فقہ ختم نہیں ہوئی بلکہ یہ ایک سینہ سے دوسرے سینہ تک منتقل ہوئی ہے۔ یعقوب نے اسے یوسف تک پہنچا دیا ہے پس یہ عمدہ سے پاکیزہ ہو گئی ہے۔ پس وہ (ابو یوسف) اقامت گزیں ہے مگر جب اسے دفن کیا جائے گا تو وہ اتر جائے گا۔ اور فقہ بھی (ابو یوسف کے ساتھ) قبر میں اتر جائے گی۔"

ہارون الرشید خود جنازہ کے ساتھ تھا۔ اسی نے نماز پڑھائی اور اپنے خاص قبرستان میں دفن کیا۔ (136) شجاع بن مخلد (م 235ھ / 849ء) کا قول ہے کہ ہم امام ابو یوسف کے جنازہ میں شریک ہوئے۔ عباد بن العوام (م 216ھ / 831ء) بھی ہمارے ساتھ تھے۔ میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا۔

ینبغی لاهل الاسلام ان یعزی بعضهم بعضا بابی یوسف (137)

"اہل اسلام کو چاہیے کہ ابو یوسف کی وفات پر ایک دوسرے کے ساتھ تعزیت کریں۔"

مناقب و محاسن

ایک عظیم انسان میں جن خوبیوں کا ہونا ضروری ہے وہ تمام ابو یوسف کی سیرت میں موجود تھیں۔ امام ابو حنیفہ نے وفات سے قبل آپ کو ایک وصیت نامہ دیا تھا۔ (138) حقیقت یہ ہے کہ امام ابو یوسف کی زندگی کا ایک ایک ورق اس وصیت نامہ کی عملی شکل تھا۔ علم و دانش، تفقہ اور ایک اعلیٰ منصب پر فائز ہونے کے باوجود آپ کی زندگی میں فخر و غرور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور نمود و نمائش کا شائبہ تک نہ تھا۔ دوست دشمن سب کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتے۔ کسی کا دل نہیں دکھاتے تھے۔ اگر کسی کے کام آسکتے تو ذرا تامل نہ کرتے۔ عبادت و ریاضت اور زہد و تقویٰ میں قدم راسخ رکھتے تھے۔ محمد بن سماعہ التمیمی (م 233ھ / 847ء) فرماتے ہیں۔

كان ابو يوسف يصلي بعد ما ولي القضاء في كل يوم مائتي ركعة(139)

"ابو یوسف (منصب) قضاء پر فائز ہونے کے بعد ہر روز سو رکعت (نفل) پڑھتے تھے۔"

حکومت کی طرف سے آپ کو کچھ زمین دی گئی تھی جس کا خراج معاف تھا لیکن آپ ہر سال ایک رقم بقدر محصول صدقہ کر دیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ بھی اپنی دولت سے حاجت مندوں کی مدد کرتے۔ عدل و انصاف کے معاملے میں کسی کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ خلیفہ کے سامنے حق گوئی آپ کا شیوہ تھا۔ خطیب بغدادی نے "تاریخ بغداد" اور ابن خلکان نے "وفیات الاعیان" میں ایسے کئی واقعات نقل کئے ہیں۔ جنہیں طوالت سے بچنے کے لئے قلم انداز کیا جاتا ہے۔

اعتراضات اور ان کا تحقیقی جائزہ

خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد جلد 14 میں امام ابو یوسف کے حالات زندگی، علمی مقام و مرتبہ اور مناقب و محاسن بیان کرنے کے بعد آپ پر جرح سے متعلق بعض لوگوں کے اقوال نقل کئے ہیں۔ اس جرح کا بعض حصہ عقائد سے متعلق ہے۔ اور کچھ اعمال سے۔ ان اقوال کا خلاصہ یہ ہے۔

(ا) آپ خلق قرآن کے قائل تھے، فاسق اور زندیق تھے۔

(ب) حدیث کا علم نہیں رکھتے تھے۔

(ج) یتیموں کا مال مضاربت پر دے دیا کرتے تھے تاکہ اس سے جو نفع ہو اس سے خود فائدہ اٹھائیں۔

(د) ہارون الرشید کو خوش کرنے کے لئے اس کی مرضی کے مطابق فتوے دیتے تھے۔

(ر) آپ نے دنیا کو دین پر ترجیح دی اور ایسے فقہی حیلے وضع کئے جن کے ذریعہ انسان قانون کو دھوکا دے سکتا ہے۔(140)

خطیب بغدادی نے ایک مورخ کی حیثیت سے امام ابو یوسف کے متعلق ہر قسم کے اقوال کو نقل کر دیا ہے۔ جرح کے بیان کرنے والے راویوں کی توثیق اور تعدیل کی نہ جرح کا سبب بیان کیا۔ حالانکہ یہ دونوں باتیں اصولاً لازم ہیں حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے اس طرح اپنے اسلوب کتاب کی پابندی کی ہے ورنہ وہ بذاتہ امام ابو یوسف کی عظمت و علمیت کے قائل تھے۔ اگر مذکورہ بالا جرحوں میں سے عقائد یا اعمال کے متعلق ایک جرح بھی ان کے نزدیک ثابت ہوتی

toobaa-elibrary.blogspot.com

تو وہ آپ کے مناقب و محاسن سے متعلق اقوال نقل نہ کرتے۔

اصول حدیث پر لکھی گئی اکثر کتب میں یہ اصول ملتا ہے کہ جس شخص کی امامت و عدالت ثابت ہو' جرح کے مقابلے میں اس کی تعدیل و تزکیہ کرنے والے کثیر ہوں اور جرح کا سبب بھی بیان نہ کیا گیا ہو تو اس کے متعلق جرح کی طرف توجہ نہیں کی جائے گی۔ کیونکہ بعض اوقات حسد یا مذہبی تعصب کی بناء پر بھی ایسا کیا جاتا ہے۔

اس اصول کی بنیاد پر ائمہ رجال نے اپنی کتب میں امام ابو یوسف کے متعلق جرح کو غیر مقبول قرار دے کر اس کو نقل نہیں کیا اور وہ آپ کی تعریف میں رطب اللسان نظر آتے ہیں چنانچہ ذیل کے مستند ائمہ رجال کی کتابیں اس کی شاہد ہیں۔

(ا) شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن احمد' الذہبی (م 748ھ / 1348ء) کی کتاب "تذکرۃ الحفاظ" (141)

(ب) ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی' ابن حجر العسقلانی (م 852ھ / 1448ء) کی کتاب "تہذیب التہذیب" (142) اور تقریب التہذیب (143)

(ج) ابو حاتم محمد' ابن حبان (م 354ھ / 965ء) کی تصنیف "کتاب الثقات" (144)

صفی الدین احمد بن عبداللہ' الخزرجی (م بعد 923ھ / بعد 1517ء) نے "خلاصۃ تذہیب تہذیب الکمال فی اسماء الرجال" (145) میں صرف مناقب لکھے ہیں جرح کا ذکر نہیں کیا۔ ابو زکریا محی الدین یحییٰ بن شرف النووی (م 676ھ / 1277ء) نے "تہذیب الاسماء واللغات" (146) میں' ابو محمد عبداللہ بن اسعد' الیافعی (م 768ھ / 1366ء) نے "مرآۃ الجنان و عبرۃ الیقظان" (147) میں' ابن العماد الحنبلی نے "شذرات الذہب" (148) میں اور ابو محمد عبداللہ بن مسلم ابن قتیبہ (م 276ھ / 889ء) نے اپنی کتاب "المعارف" (149) میں امام ابو یوسف کے صرف مناقب لکھے ہیں' جرح کا ایک لفظ بھی نقل نہیں کیا۔

اہل علم نے امام ابو یوسف کے مناقب و فضائل بھی کثرت سے بیان کئے ہیں۔ مثلاً شمس الدین الذہبی نے مناقب ابی یوسف میں ایک رسالہ لکھا جو طبع ہو چکا ہے اس میں ایک عنوان ہے "ثناء الائمۃ علی ابو یوسف" موفق بن احمد المکی نے "مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ" میں' ابن البزاز الکردری نے "مناقب الامام الاعظم" میں' ابو عبداللہ الصیمری نے اخبار ابی حنیفۃ و اصحابہ میں اور ابو القاسم بن ابی العوام نے اپنی کتاب فضائل ابی حنیفۃ و اصحابہ میں بڑے شرح و بسط سے آپ کے مناقب بیان کئے ہیں۔

امام ابو یوسف کی طرف جو خلق قرآن و زندقہ وغیرہ کی نسبت کی گئی ہے اس کے ابطال کے لئے یہی کافی ہے کہ علمائے احناف کی آج سینکڑوں کتب عقائد اور فروع میں موجود ہیں ان کی بنیاد پر یہ ثابت نہیں ہوتا کہ جو عقائد و مسائل امام ابو یوسف کی طرف منسوب کئے گئے ہیں وہ درست ہیں۔ آج کروڑوں کی تعداد میں حنفی مختلف ممالک میں موجود ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیاان میں کوئی خلق قرآن' زندقہ وغیرہ عقائد یا حلت ربوٰ وغیرہ مسائل فروعی کا قائل ہے؟اس سے صاف ظاہر ہے کہ بنیاد جرح غلط فہمی ہے یا حسد۔ زاہد الکوثری نے اپنی کتاب "حسن التقاضی فی سیرۃ الامام ابی یوسف القاضی" میں دو روایتیں نقل کی ہیں۔ (150) جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ایسے شخص کو قید کرنے اور کوڑے مارنے کا فتویٰ دیتے ہیں جو کہتا ہے کہ قرآن مخلوق ہے۔ بشار بن موسیٰ الخفاف (م 228ھ / 842ء) کہتے ہیں کہ میں نے امام ابو یوسف کو یہ کہتے ہوئے سنا۔

من قال القرآن مخلوق فحرام کلامہ(151)

"جس نے کہا قرآن مخلوق ہے' اس کی بات حرام ہے۔"

ابو یوسف کے علم حدیث کے بارے میں جس رائے کا اظہار کیا گیا ہے وہ محض تعصب اور کم علمی کی بناء پر ہے۔ عمر الناقد (152)' یحییٰ بن معین (153) ابو حاتم (154)' مزنی (155)' ابن عدی (156)' امام نسائی (157) اور امام احمد بن حنبل (158)' محمد بن احمد الدولابی (159) (م 310ھ / 922ء) ایسے جلیل القدر محدثین نے آپ کے ثقہ فی الحدیث ہونے پر شہادت دی ہے۔ ابو بکر احمد بن الحسین البیہقی (م 458ھ / 1066ء) نے السنن الکبریٰ میں ان کا ذکر اچھے الفاظ میں کیا ہے۔ (160) ابن حبان نے کتاب الثقات میں آپ کے حالات و سوانح کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے۔

و نقول فی کل انسان ما کان یستحقہ من العدالۃ والجرح' ادخلنا زفرا و ابا یوسف بین الثقات لما تبین عندنا من عدالتھما فی الاخبار (161)

"اور ہم ہر انسان کے بارے میں وہی اعتقاد رکھتے ہیں جس عدالت اور جرح کا وہ مستحق ہوتا ہے۔ (چنانچہ) ہم نے زفر اور ابو یوسف کو ثقات میں داخل کیا ہے کیونکہ روایت حدیث کے سلسلہ میں ان دونوں کی عدالت ہم پر ظاہر ہو چکی ہے۔"

یتیموں کے مال سے ذاتی نفع لینے کے بارے میں جو روایت نقل کی گئی ہے اس روایت کی سند میں احمد بن علی الابار کا نام ہے جو امام ابو حنیفہ اور آپ کے اصحاب سے سخت تعصب رکھتا تھا۔ ظاہر ہے کہ متعصب اور مخالف کی روایت کس طرح قبول کی جا سکتی ہے۔ ابن حجر العسقلانی نے اپنی کتاب لسان المیزان میں یزیدین ہارون کا قول نقل کیا ہے جس کے مطابق اس روایت میں کوئی صداقت نہیں۔ (162)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج کے مقدمہ میں ہارون الرشید کو جس طرح مخاطب کیا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ خلیفہ سے قطعاً" مرعوب نہ تھے بلکہ پند و موعظت میں اس کے جلال و جبروت کی بالکل پرواہ نہیں کرتے تھے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ آپ اسے اللہ تعالیٰ سے ڈراتے ہوئے عدل و احسان پر زور دیتے ہیں' ظلم سے روکتے ہیں۔ اور خلق خدا کے ساتھ نرمی اور ملاطفت کا برتاؤ کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ امام ابو یوسف نے کئی مواقع پر ہارون

toobaa-elibrary.blogspot.com

الرشید کو جادہ حق سے منحرف نہ ہونے دیا۔

منصب قضاء کا فریضہ آپ نے جس دیانت داری سے ادا کیا' اس کا اندازہ آپ کے ان الفاظ سے ہوتا ہے جو وفات سے کچھ دیر پہلے آپ کی زبان پر جاری تھے۔ القاسم بن الحکم (م 208ھ / 823ء) کہتے ہیں میں نے اس موقع پر آپ سے یہ الفاظ سنے۔

یا لیتنی مت علی ما کنت علیه من الفقر' و انی لم ادخل فی القضاء علی انی ما تعمدت بحمداللّٰه و نعمته جورا و لا حابیت خصما علی خصم من سلطان و لا سوقة(163)

"اے کاش اس فقروفاقہ ہی کی حالت میں مجھ کو موت آتی جو شروع میں تھی اور قضاء کے کام میں نہ پھنستا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اور اس کی یہ نعمت ہے کہ میں نے قصداً" کسی پر ظلم نہیں کیا۔ اور نہ ایک فریق کو دوسرے پر ترجیح دی۔ خواہ وہ بادشاہ تھا یا عام آدمی۔"

ابو یوسف کے یہ الفاظ بھی نقل کیے گئے ہیں۔

"اللهم انک تعلم انی ولیت هذا الامر فلم امل الی احد الخصمین الا فی خصومة النصرانی مع الرشید فقد قضیت للنصرانی علی الرشید' و لکن کنت اتمنی ان یکون الحق بجانب الرشید' فاستغفرک اللهم علی هذا المیل وبکی"(164)

"اے اللہ تو جانتا ہے کہ یہ کام (یعنی منصب قضاء) میرے سپرد کیا گیا۔ پس دو جھگڑا کرنے والوں میں سے کسی کی طرف بھی میرا رجحان نہ رہا۔ ہاں ایک جھگڑے میں جو ایک عیسائی کا (ہارون) الرشید کے ساتھ تھا' اور میں نے (ہارون) الرشید کے خلاف نصرانی کے حق میں فیصلہ دیا تھا۔ لیکن میری آرزو یہ تھی کہ حق (ہارون) الرشید کی طرف ہوتا۔ اے اللہ اس ذہنی میلان پر (جو مجھے ہارون الرشید کے ساتھ تھا) میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں۔ اور آپ رونے لگے۔"

امام ابو یوسف پر فقہی حیلے وضع کرنے کا الزام بھی غلط فہمی پر مبنی ہے۔ آپ نے کبھی کوئی ایسا فتویٰ نہیں دیا جس سے شریعت کے احکام کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔ البتہ "یسر" یعنی عوام کی سہولت اور آسانی کو ضرور پیش نظر رکھا اور شریعت کا منشا بھی یہی ہے۔

محمد بن احمد' ابو زہرہ (م 1394ھ / 1974ء) نے حیلوں کے بارے میں امام ابو یوسف کے مسلک کی تحقیق کی ہے۔ ان کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ ابو یوسف کی طرف جن حیلوں کی نسبت صحیح ہو سکتی ہے وہ ایسے حیلے نہیں جن سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کسی ایسی چیز کا جائز کرنا مقصود ہو جو فی نفسہٖ حرام ہے۔ ان حیلوں کے ذریعہ مباح طریقہ سے دفع ظلم یا حصول حق چاہا گیا ہے۔(165)

ابو بکر احمد بن الحسین' البیہقی (م 458ھ / 1066ء) نے امام شافعی کے حالات میں ایک کتاب تحریر کی ہے اس میں لکھا ہے کہ امام شافعی جب ہارون الرشید کے دربار میں گرفتار ہو کر آئے تو امام ابو یوسف اور امام محمد نے خلیفہ کو مشورہ دیا کہ امام صاحب کو قتل کر دیا جائے ورنہ یہ شخص سلطنت کے لئے خطرہ ثابت ہو گا۔(166) لیکن محققین نے اس روایت کو قبول کرنے سے انکار کیا ہے کیونکہ امام ابو یوسف اس زمانے سے بہت پہلے انتقال کر چکے تھے۔ ابن حجر العسقلانی اپنی کتاب "توالی التاسیس لمعالی محمد بن ادریس" میں اس روایت کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

و هی مکذوبة و غالب فیها موضوع و بعضها ملفق من روایات ملفقة و اوضح ما فیها من الکذب قوله فیها : ان ابا یوسف و محمد بن الحسن حرضا الرشید علی قتل الشافعی و هذا باطل من وجهین احدهما : ان ابا یوسف لما دخل الشافعی بغداد کان (قد) مات و لم یجتمع به الشافعی والثانی = انهما کانا اتقی لله من ان یسعیا فی قتل رجل مسلم لا سیما و قد اشتهر بالعلم و لیس له الیهما ذنب الا الحسد له علی ما اتاه الله من العلم۔ و هذا مما لا یظن بهما و ان منصبهما و جلالتهما و ما اشتهر من دینهما لیصد عن ذلک' والذی تحرر لنا بالطرق الصحیحة = ان قدوم الشافعی بغداد اول ما قدم کان سنة اربع و ثمانین و کان ابو یوسف قدمات قبل ذلک بسنتین و انه لقی محمد بن الحسن فی تلک القدمة و کان یعرفه قبل ذلک من الحجاز واخذ عنه و لازمه(167)

"اور یہ (روایت) جھوٹی ہے۔ اور اس کا اکثر حصہ موضوع ہے۔ اور اس کا کچھ حصہ دوسری جھوٹی روایات کی طرح کذب پر مبنی ہے اور جو صریح جھوٹ اس میں ہے وہ یہ ہے کہ ابو یوسف اور محمد بن الحسن نے ہارون الرشید کو (امام) شافعی کے قتل کی ترغیب دی۔ اور یہ بات دو وجوہ کی بنیاد پر غلط ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ جب (امام) شافعی بغداد آئے تو اس وقت ابو یوسف وفات پا چکے تھے۔ اور (امام) شافعی کی ان سے ملاقات ہی نہیں ہوئی۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ دونوں اس بات سے اللہ سے ڈرتے تھے کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کرنے کی کوشش کریں' خصوصاً" ایسا شخص جو علم میں خاص شہرت کا حامل ہو اور اس شخص نے ان کا کچھ بگاڑا بھی نہ ہو اور اس حسد کی وجہ سے (اسے قتل کر دیں) کہ وہ ایک بہت بڑا عالم ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اس بات کا ان پر گمان نہیں ہو سکتا اس لئے کہ ان کا منصب' ان کی جلالت شان اور دین میں ان کی جو شہرت ہے (یہ سب باتیں) ان کو اس سے روکتی تھیں۔ اور صحیح طرق' سے جو بات ہمارے سامنے ظاہر ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ (امام) شافعی پہلی بار 184ھ میں بغداد آئے اور ابو یوسف اس سے دو سال پہلے وفات پا چکے تھے۔ اور بے شک آپ نے اس آمد پر محمد بن الحسن سے ملاقات کی۔ اور آپ اس سے پہلے حجاز میں ان سے جان پہچان کر چکے تھے' اور ان سے علم حاصل کر چکے اور وہ ان سے وابستہ رہ چکے تھے۔"

ابن کثیر نے اپنی کتاب "البدایۃ والنہایۃ" میں لکھا ہے۔

"و من زعم من الرواۃ ان الشافعی اجتمع بابی یوسف کما یقولہ عبداللہ بن محمد البلوی الکذاب فی الرحلۃ التی ساقھا الشافعی فقد اخطا فی ذلک ... و انما اجتمع الشافعی بمحمد بن الحسن الشیبانی فاحسن الیہ و اقبل علیہ' و لم یکن بینھما شنآن کما یذکرہ بعض من لا خبرۃ لہ فی ھذا الشان واللہ اعلم" (168)

"اور رواۃ میں سے جس شخص کا خیال ہے کہ امام شافعی نے امام ابو یوسف سے ملاقات کی ہے' جیسا کہ عبداللہ بن محمد البلوی کذاب اس سفر کے بارے میں لکھتا ہے جسے امام شافعی نے اختیار کیا تھا' اس نے غلطی کی ہے..... امام شافعی نے محمد بن الحسن الشیبانی سے ملاقات کی ہے اور انہوں نے آپ سے حسن سلوک کیا اور آپ کے پاس آئے۔ اور ان دونوں کے درمیان کوئی عداوت نہ تھی جیسا کہ بعض لوگوں نے بیان کیا ہے۔ جنہیں اس کے بارے میں کچھ خبر نہیں ہے۔ واللہ اعلم"

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) الدینوری، ابو حنیفۃ احمد بن داؤد، کتاب الاخبار الطوال، (تحقیق = عبدالمنعم عامر = الدکتور جمال الدین الشیال) بیروت، دار المسیرۃ / 332

(2) ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد، "الکامل فی التاریخ" بیروت، دار الکتب العربیہ الطبعۃ الثانیہ 1387ھ، 4 / 159

(3) ابن کثیر، عماد الدین ابوالفداء اسماعیل، البدایۃ والنہایۃ، بیروت، مکتبۃ المعارف الطبعۃ الاولی 1966م - 10 / 38، 39

(4) ابن خلدون، مقدمۃ، 238

(5) الماوردی، ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب، قوانین الوزارۃ (تحقیق و دراسۃ = الدکتور فواد عبدالمنعم احمد - الدکتور محمد سلیمان داؤد) موسسۃ الجامعۃ الاسکندریۃ - طبعۃ 1398ھ / 62

(6) ابن الطقطقی، محمد بن علی، الفخری فی الآداب السلطانیۃ والدول الاسلامیۃ مصر المکتبۃ التجاریۃ 1319ھ، 125 بحوالہ حسن ابراہیم حسن وعلی ابراہیم حسن، النظم الاسلامیۃ، مصر، مکتبۃ النہضۃ المصریۃ، الطبعۃ الاولی 1358ھ / 63

(7) Arnold, Thomas, W. Caliphate. London, 1965 / 80.

(8) ابن کثیر، البدایۃ والنہایۃ 10 / 194

(9) ابن الاثیر الکامل فی التاریخ 5 / 114

احمد موسیٰ، الفن الاسلامی، بیروت، دار النفائس - / 39

(10) ابن ابی اصیبعۃ، ابو العباس احمد بن القاسم، عیون الانباء فی طبقات الاطباء، الطبعۃ الاولی بالمطبعۃ الوہبیۃ 1299ھ / 1882ء، 1 / 140

(11) ابن خلکان، ابوالعباس شمس الدین احمد بن محمد، وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، بیروت، دار الثقافۃ، 6 / 379

(12) الخطیب البغدادی، ابوبکر احمد بن علی، تاریخ بغداد او مدینۃ السلام، بیروت، دار الکتب العلمیہ، 1 / 119

(13) المسعودی، ابو الحسن علی بن الحسین بن علی، مروج الذہب و معادن الجوہر، (تحقیق و تعلیق = یوسف اسعد داغر) بیروت = دار الاندلس الطبعۃ الاولی 1965ء - 2 / 243

(14) ابن اثیر، الکامل فی التاریخ 5 / 127

کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہارون الرشید کو یہ مشورہ امام ابو یوسف ہی نے دیا تھا۔ آپ لکھتے ہیں۔

و ان یتقدم فی ان لا یترک احد منهم یتشبه بالمسلمین فی لباسه و لا فی مرکبه و لا فی هیئته و یوخذوا بان یجعلوا فی اوساطهم الزنارات - مثل الخیط الغلیظ یعقده فی وسطه کل واحد منهم - و بان تکون قلانسهم مضربة و ان یتخذوا علی سروجهم فی موضع القرابیس مثل الرمانة من خشب، و بان یجعلوا شراک نعالهم مثنیة و لا یحنوا علی حذو المسلمین، و تمنع نساوهم من رکوب الرحائل - (ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج بولاق، 1302ھ / 137)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"یہ حکم جاری کر دیا جائے کہ کوئی ذمی اپنے لباس، وضع قطع اور سواری میں مسلمانوں سے مشابہت اختیار نہ کرے۔ ان سے مطالبہ کیا جائے کہ یہ اپنی کمر پر زنار باندھیں۔ ایک موٹا ڈورا جسے یہ لوگ اپنی کمر کے گرد لپیٹ لیتے ہیں۔ اور ان کی ٹوپیاں مخروطی شکل کی ہوں۔ ان سے کہا جائے کہ گدے اور زین کی جگہ لکڑی کی کاٹھیاں استعمال کریں۔ اپنی چپلوں میں دو ہرے تسمے لگایا کریں۔ اور مسلمانوں جیسے جوتے نہ پہنیں۔ ان کی عورتوں کو چمڑے کی زینوں پر بیٹھنے سے روک دیا جائے۔"

(15) الجومرد، عبدالجبار الدکتور، ہارون الرشید (مترجم، سید رئیس احمد جعفری) لاہور = اردو سائنس بورڈ، طبع دوم 1986 / 297، 298

(16) ایضاً" 287

(17) ابن کثیر، البدایۃ والنہایۃ 10 / 102

(18) ایضاً"

(19) الخطیب، تاریخ 1 / 47

(20) النویری، احمد بن عبدالوہاب، نہایۃ الادب فی فنون الادب - القاہرۃ = وزارۃ الثقافۃ والارشاد القومی الموسسۃ المصریۃ، طبع 1955، 1 / 360

(21) ابن ابی اصیبعۃ، عیون الانباء 1 / 175

(22) محمد نجات اللہ صدیقی، اسلام کا نظام محاصل (ترجمہ کتاب الخراج) کراچی، مکتبہ چراغ راہ / 26-

(23) یاقوت، شہاب الدین ابو عبداللہ یاقوت بن عبداللہ الحموی، معجم البلدان، بیروت دار صادر للطباعۃ والنشر - 1376ھ / 1957ء - 4 / 491

(24) ابن سعد، ابو عبداللہ محمد ابن سعد، الطبقات الکبری، بیروت، دار صادر للطباعۃ والنشر 1377ھ - 6/5 تا 65

(25) الزیلعی، جمال الدین ابو محمد عبداللہ بن یوسف الحنفی، نصب الرایۃ لاحادیث الہدایۃ، سورت الہند المجلس العلمی، الطبعۃ الاولی 1357ھ / 1938م - 1 / 30

(26) ابن حجر، احمد بن علی، ہدی الساری مقدمۃ فتح الباری، کراچی، قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ - / 663

(27) الذہبی، شمس الدین ابو عبداللہ، تذکرۃ الحفاظ، حیدر آباد دکن، مطبعۃ دائرۃ المعارف النظامیہ جلد 1،

(28) یاقوت، معجم البلدان، 4 / 493

(29) ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، جامع الترمذی (مع شرح) کراچی، ایچ، ایم - سعید کمپنی - 1988

(30) یاقوت، معجم البلدان - 4 / 492، البراقی، حسین بن احمد، تاریخ الکوفۃ، النجف، المکتبۃ المرتضویہ / 1)

(31) ابن بطوطہ، محمد بن عبداللہ، رحلۃ ابن بطوطۃ المسماۃ تحفۃ النظار فی غرائب الامصار و عجائب الاسفار - بیروت دار الکتاب اللبنانی / 146

(32) الخطیب، تاریخ، 1 / 70

(33) القلقشندی، ابو العباس احمد، "کتاب صبح الاعشیٰ فی صناعۃ الانشا" القاہرۃ، مطبعۃ الامیریۃ 1332ھ، 3

toobaa-elibrary.blogspot.com

270 /

صبحی الصالح' الدکتور' النظم الاسلامیة نشاتها و تطورها' بیروت دارالعلم للملایین' الطبعة الثانیة 1388ھ / 390

(صبحی الصالح نے ہارون الرشید کے الفاظ اس طرح نقل کئے ہیں "اعطری حیث شئت فسیاتینی خراجک

حسن ابراہیم' حسن' تاریخ اسلام' بیروت = دار احیاء التراث العربی' الطبعة السابعة' 1964ء، 2/62

(34) ابن خلدون' مقدمة' 181

(35) الطبری' ابو جعفر محمد بن جریر' تاریخ الرسل والملوک' (تحقیق = محمد ابو الفضل ابراہیم) القاہرة دار المعارف' 8 / 364

(36) الجہشیاری' ابو عبداللہ محمد بن عبدوس' کتاب الوزراء والکتاب' (تحقیق' مصطفیٰ السقا - ابراہیم الابیاری - عبدالحفیظ شلبی) القاہرة - مطبعة مصطفیٰ البابی الحلبی واولادہ' الطبعة الاولیٰ 1357ھ / 281 تا 288

(37) الشخیلی' صباح ابراہیم سعید' الاصناف فی العصر العباسی نشاتها و تطورها' وزارة الاعلام - الجمہوریة العراقیة' 1976 / 27 الدوری' الدکتور عبدالعزیز' نشوء الاصناف والحرف فی الاسلام' بغداد' مطبعة المعارف / 13

(38) ملیحة' الدکتورة' بناء المجتمع العراقی فی العصر العباسی' مجلة حولیة کلیة البنات بجامعة عین شمس' العدد السادس / 191

(39) نجات اللہ صدیقی' اسلام کا نظام محاصل / 23

(40) صوافی وہ زمینیں ہیں جن کو بزور قوت فتح کیا گیا۔

(41) العرینی' الدکتور السید الباز' الاقطاع فی الشرق الاوسط (منذ القرن السابع حتی القرن الثالث عشر المیلادی) مجلة حولیات کلیة الاداب المجلد الرابع یناير 1957ء القاہرة' مطبعة جامعة 1957 / 124

Lambton, Ann K.S, "Landlord and peasant in persia"

Oxford 1953 / 25.

(42) الجومرد' ہارون الرشید (ترجمہ) / 583

(43) الشیرازی' السید محمد بن المہدی الحسینی' من التمدن الاسلامی' بیروت = دار الصادق' الطبعة الاولی 1397ھ / 118' 119

(44) الجومرد' ہارون الرشید / 586' 587

کحالہ عمر رضا مباحث اجتماعیة فی عالمی العرب والاسلام' دمشق مطبعة الحجاز' 1394ھ / 137

(45) دیکھئے۔ ابن عبدالبر' ابو عمر یوسف بن عبداللہ' الاستیعاب فی معرفة الاصحاب (مع

toobaa-elibrary.blogspot.com

الاصابة فی تمییز الصحابة) بیروت' دار احیاء التراث العربی الطبعة الاولی 1328ھ / 2/51

ابن ماکولا' ابو نصر علی بن ھبة اللہ' الاکمال فی رفع الارتیاب عن الموتلف والمختلف من الاسماء والکنی والانساب (تصحیح و تعلیق' عبدالرحمٰن الیمانی) الھند - حیدر آباد الدکن' الطبعة الاولی' 1382ھ-2 / 340

السمعانی' عبدالکریم بن محمد' کتاب الانساب' بغداد - مکتبة المثنی / 439

السھیلی' ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن احمد' الروض الانف' (فی تفسیر ما اشتمل علیه احادیث السیرة النبویة لابن ھشام) و بھامشه السیرة النبویة' ملتان' عبدالتواب اکیدمی' 2 / 129

ابن اثیر' عزالدین ابو الحسن علی بن محمد' اسد الغابة فی معرفة الصحابه طھران المکتبة الاسلامیة 2 / 271

مصنف مجھول - مناقب الامام ابی یوسف و مناقب الامام محمد بن الحسن الشیبانی' (مخطوطہ' کتب خانہ پیر محمد اعظم' خانقاہ فانیلہ گڑھی افغاناں (راولپنڈی) نمبر 227 / ورق 1'

مصنف مجھول' رسالة فی بیان السلف من العلماء الراسخین' (مخطوطہ' کتب خانہ پیر محمد اعظم' خانقاہ فانیلہ گڑھی افغاناں (راولپنڈی) نمبر 213' ورق 8 الدجیلی' عبدالصاحب بن عمران' اعلام العرب فی العلوم والفنون النجف' مطبعة النعمان' طبع 1386ھ-1 / 78

ابن سعد' الطبقات الکبری 6 / 52

(46) ان صحابہ کرام کے نام یہ ہیں۔

البراء بن عازب (م 71ھ / 690ء)' زید بن ارقم (م 68ھ / 687ء)' سعد بن مالک بن سنان' ابو سعید الخدری (م 74ھ / 693ء)' زید بن حارثہ الانصاری (م 44ھ / 664ء) زید بن ثابت (م 45ھ / 665ء) اسید بن ظہیر (م 20 / 641ء

دیکھیے۔

ابن سعد' طبقات 6 / 52)

ابن عبدالبر' الاستیعاب' 2 / 52

ابن العماد' ابو الفلاح عبدالحی' شذرات الذھب فی اخبار من ذھب بیروت' دار احیاء التراث' العربی' 1 / 299

السھیلی' الروض الانف' 2 / 120

(47) طاش کبری زادہ' ابوالخیر احمد بن مصطفیٰ' مفتاح السعادة و مصباح السیادة حیدر آباد الدکن' الطبعة الثانیة 1397ھ / 2 / 100

الصیمری' ابو عبداللہ حسین بن علی' اخبار ابی حنیفة واصحابه' لاہور' ادارہ ترجمان السنة / 91

(48) ابن عبدالبر' ابو عمر یوسف' الانتقاء فی فضائل الثلاثة الائمة الفقھاء قاہرہ' مکتبة القدس 1350ھ /

toobaa-elibrary.blogspot.com

172

طاش کبریٰ زادہ، مفتاح السعادۃ، 2 / 100

ابن اثیر، اسد الغابۃ، 2 / 270

السہیلی، الروض الانف 2 / 129

(49) طاش کبریٰ زادہ، مفتاح السعادۃ، 2 / 100

(50) الموفق المکی، بن احمد، مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ، حیدر آباد الدکن الہند، مطبعہ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ 1321ھ / -2 / 210

طاش کبریٰ زادہ، مفتاح السعادۃ 2 / 100

مناقب الامام ابی یوسف و مناقب الامام محمد بن الحسن الشیبانی / 1

(51) ابن حجر العسقلانی، ابو الفضل احمد بن علی، الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ، مع الاستیعاب

مصر = المکتبۃ التجاریۃ الکبری- طبع 1358ھ-2 / 21

ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، 6 / 52

الصیمری، اخبار ابی حنیفۃ و اصحابہ / 91

طاش کبریٰ زادہ، مفتاح السعادۃ، 2 / 100

(52) الذہبی، شمس الدین ابو عبداللہ، مناقب الامام ابی حنیفۃ و صاحبیہ ابی یوسف و محمد بن الحسن (تحقیق محمد زاھد الکوثری و ابو الوفا الافغانی) کراتشی، ایچ- ایم سعید- / 35

الشیرازی، ابو اسحاق ابراھیم بن علی طبقات الفقہاء بغداد المکتبۃ العربیۃ 1356ھ / 113

ابن البزاز الکردری، حافظ الدین محمد بن محمد، مناقب الامام الاعظم، حیدر آباد الدکن- الہند، مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ الطبعۃ الاولی 1321ھ-2 / 117

الثعالبی، محمد بن الحسن، الفکر السامی فی تاریخ الفقہ الاسلامی، بیروت = دار الکتب العلمیۃ، الطبعۃ الاولی 1416ھ - القسم الثانی / 512

اسماعیل باشا، البغدادی، ھدیۃ العارفین اسماء المولفین و اثار المصنفین، بیروت مکتبۃ المثنی، 1955ء-2 / 536

کحالہ، عمر رضا، معجم المولفین، دمشق، مطبعۃ الترقی، 1380ھ-13 / 240

احمد امین، ابن الشیخ ابراھیم، ضحی الاسلام، القاھرۃ، مکتبۃ النھضۃ المصریۃ -2 / 198

الخطیب، تاریخ، 14 / 243

الملا علی القاری، علی بن (سلطان) محمد- ذیل الجواھر المضیۃ، حیدر آباد الدکن، الہند

toobaa-elibrary.blogspot.com

519 / 1332ھ

ایضاً - طبقات الحنفیة - (مخطوطہ قائداعظم لائبریری لاہور نمبر 1117، ص 13)

(53) ابن خلکان، وفیات الاعیان 6 / 379

(54) ابن عرنوس، محمود بن محمد، تاریخ القضاء فی الاسلام، قاہرہ، المطبعة المصریة الاهلیة الحدیثة 1352ھ / 176

(55) الخطیب، تاریخ 14 / 244

ابن خلکان، وفیات الاعیان 6 / 380، 381

ابو علی المحسن بن علی، التنوخی (م 384ھ / 994ء) نے لکھا ہے کہ قاضی ابو یوسف نے شدید افلاس کی حالت میں تعلیم حاصل کی، شادی ہو چکی تھی اور یہ امام ابو حنیفہ کے حلقہ میں بڑی مستعدی سے تعلیم کے لئے جاتے تھے۔ کمانے کے لئے بالکل وقت نہ ملتا تھا۔ ان کی بیوی کسی نہ کسی طرح گھر چلاتی تھی۔ ایک رات جب یہ پڑھ کر گھر واپس آئے، اور کھانا مانگا تو بیوی نے ایک ڈھکی تھالی سامنے لاکر رکھ دی۔ ابو یوسف نے کھولا تو اس میں اپنے نوٹس اور کاپیوں کا انبار دیکھا۔ کھانے کے لئے کچھ نہ تھا۔ آپ نے بیوی سے پوچھا یہ کیا ہے؟ اس نے کہا یہ وہی کچھ ہے جس کے لئے تم دن رات مشغول رہتے ہو۔ یہ سن کر آپ رونے لگے اور اس رات بھوکے سو رہے۔ صبح کو کھانے کا کچھ انتظام کیا اور اس وجہ سے امام ابو حنیفہ کے درس میں تاخیر سے پہنچے۔ جب امام صاحب نے دیر سے آنے کی وجہ پوچھی تو آپ نے تمام واقعہ بتا دیا۔ انہوں نے کہا میں کچھ نہ کچھ تمہاری مدد کر دیا کروں گا۔ غم نہ کرو اگر تم جیتے رہے تو فقہ کی بدولت اخروٹ اور پستہ کے کیک کھاؤ گے۔ دیکھئے۔

التنوخی - ابو علی المحسن بن علی۔ نشوار المحاضرة و اخبار المذاکرة (تحقیق عبود الشالجی المحامی، طبع الفرج بعد الشدة (تحقیق = عبود الشالجی) بیروت، دار صادر، طبع 1398ھ - 2 / 387، 388

ایضاً - کتاب

(56) الخطیب، تاریخ 14 / 249

الموفق المکی، مناقب - 2 / 230

الجندی، عبدالحلیم، ابو حنیفة بطل الحریة والتسامح فی الاسلام، القاهرة دار المعارف / 96

(57) الخطیب، تاریخ، 14 / 245

(58) ابن عبد البر، الانتقاء / 173

(59) ابن حجر الهیتمی، شهاب الدین احمد بن حجر الهیتمی المکی، الخیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفة النعمان (مع تعلیق محمد عاشق الٰہی البرنی)، کراتشی، ایچ ایم سعید کمپنی ادب منزل، 1414ھ / 107

الذهبی، شمس الدین محمد بن احمد، تاریخ الاسلام و وفیات المشاهیر والاعلام، (تحقیق - الدکتور عمر عبد السلام تدمری) بیروت = دار الکتاب العربی الطبعة الثانیة 1410ھ / حوادث و وفیات 181-190ھ / 498

toobaa-elibrary.blogspot.com

(60) ابن الہمام، کمال الدین محمد بن عبدالواحد، فتح القدیر شرح ہدایۃ، کوئٹہ المکتبۃ الرشیدیۃ 2 / 395

الزرنوجی، برہان الدین، تعلیم المتعلم آداب التعلم فی جمیع العلوم الاخرویۃ الدنیویۃ (کراچی، کتب خانہ ہمدرد دواخانہ نمبر 1482 / 12)

الموفق المکی، مناقب 2 / 223

ابن البزاز الکردری، مناقب 2 / 133

مناقب الامام ابی یوسف و مناقب الامام محمد بن الحسن الشیبانی / 6

الکوثری، محمد زاہد بن الحسن، حسن النقاضی فی سیرۃ الامام ابی یوسف القاضی، کراتشی، شرکۃ ایچ ایم سعید (ادارۃ نشر الکتب) طبع ثانی 1403ھ / 19، 20

(61) ابراہیم البنا، الدکتور محمد "من عیون التراث" = وصیۃ ابی یوسف لہارون الرشید دار الاعتصام ص 5، الخضری بک، محمد بن عفیفی، تاریخ التشریع الاسلامی۔ بیروت = دار الکتب العلمیۃ۔ 1390ھ / 171

(62) الخطیب، تاریخ 14 / 245، 246

(63) ابن خلکان، وفیات 6 / 383

الخطیب، تاریخ 14 / 247

الکوثری، محمد زاہد بن الحسن، لمحات النظر فی سیرۃ الامام زفر، کراتشی، شرکۃ ایچ۔ ایم۔ سعید (ادارۃ نشر الکتب) طبع ثانی 1397ھ / 11

(64) الخطیب، تاریخ 14 / 245

(65) ابن خلکان، وفیات الاعیان 6 / 382

الذہبی، مناقب / 39

(66) ابن خلکان، وفیات الاعیان 6 / 379

(67) ابن الندیم، ابو الفرج محمد بن اسحاق، الفہرست، مصر المکتبۃ التجاریۃ الکبری / 286

(68) ابن خلکان، وفیات الاعیان 6 / 382

(69) ایضا، 6 / 379

(70) الخطیب، تاریخ، 14 / 247، 248

(71) القرمانی، ابو العباس احمد بن یوسف، اخبار الدول و آثار الاول فی التاریخ۔ بیروت عالم الکتب / 149

الدیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس، بیروت، موسسہ شعبان للنشر و التوزیع 2 / 331

(72) ابن الجوزی، ابو الفرج عبدالرحمن بن علی، الحث علی حفظ العلم و ذکر کبار الحفاظ (تحقیق، الدکتور فواد عبدالمنعم احمد) الاسکندریۃ، دار الدعوۃ، الطبعۃ الاولی 1403ھ / 87

(73) اس قسم کے سوالات کے لئے دیکھئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن حجر الهیتمی' الخیرات الحسان / 107

(74) الخطیب' تاریخ' 14 / 255

(75) دیکھئے۔

ابن ابی الوفاء' محی الدین ابو محمد عبدالقادر - الجواهر المضیئة فی طبقات الحنفیة حیدر آباد الدکن الهند' مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامیة' الطبعة الاولی' 1332ھ - 1 / 36' 131' 132' 138' 148' 149' 164 تا 168' 207' 210' 221' 225' 228' 237' 257' 258' 310' 347 تا 349' 355' 356' 400' 405' 409' 410' 2 / 42' 44' 53' 54' 58' 177' 186' 187' 195' 205 تا 209' 220' عبدالحی' ابوالحسنات محمد' الفوائد البهیة فی تراجم الحنفیة (تصحیح محمد بدرالدین ابو فراس النعسانی) القاهرة - الطبعة الاولی 1324ھ / 11 12' 46' 54' 55' 60' 61' 68' 71 تا 73' 119' 120' 144' 163' 170' 171' 215' 216' 222' 223' ابن حجرا العسقلانی' ابو الفضل شهاب الدین احمد بن علی' لسان المیزان' حیدر آباد الدکن - الهند = مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامیة' الطبعة الاولی' 1331ھ - 2 / 29 / 4 / 355 / 5 / 121 / 6 / 195' 300 الذهبی' شمس الدین ابو عبدالله محمد بن احمد' میزان الاعتدال فی نقد الرجال (تحقیق علی محمد البجاوی) سانگله ہل - المکتبة الاثریة 1 / 150' 228' 442' 3 / 186' 254'-

ایضاً - العبر فی خبر من غبر - (تحقیق صلاح الدین المنجد) الکویت = التراث العربی' الطبعة الاولی' 1960ء' 1 / 414' 427' 429' 456'

ایضاً - تذکرة الحفاظ - حیدر آباد الدکن - الهند' دائرة المعارف النظامیه' 2 / 66 ابن حجر العسقلانی' ابو الفضل شهاب الدین احمد بن علی' تهذیب التهذیب' لاهور' نشر السنة = 1 / 84' 4 / 312' 7 / 289' 293' 9 / 204' 229' 10 / 238' 11 / 175 الکندی' ابو عمر محمد بن یوسف' الولاة و کتاب القضاة' بیروت' 1908ء / 393' 394'

ابن الاثیر' عزالدین ابو الحسن علی بن محمد' اللباب فی تهذیب الانساب' بغداد - مکتبة المثنی 2 / 219

ابن تغری بردی' ابو المحاسن جمال الدین یوسف' النجوم الزاهرة فی ملوک مصر والقاهرة مصر = وزارة الثقافة' 2 / 123' 130' 228'

السهمی' حمزة بن یوسف بن ابراهیم' تاریخ جرجان حیدر آباد الدکن - الهند 1369ھ / 1950ء / 364' 365

الاصفهانی' احمد بن عبدالله' حلیة الاولیاء و طبقات الاصفیاء' القاهرة = مطبعة السعادة 1357ھ 9 / 3' 161'-

العراقی' زین الدین عبدالرحمٰن بن الحسین' شرحا الفیة العراقی المسماة بالتبصرة والتذکرة

toobaa-elibrary.blogspot.com

(تصحیح و تعلیق = محمد بن الحسین العراقی الحسینی فاس - 1354ھ - 1 / 28
عبدالحی' ابوالحسنات محمد - السعایہ فی کشف ما فی شرح الوقایۃ' لاہور سہیل اکیڈمی / 30
ابن الجوزی' ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی' مناقب الامام احمد بن حنبل (تصحیح و تعلیق = محمد امین الخانجی الکتبی) القاہرۃ' 1349ھ الطبعۃ الاولی / 23'22
حاجی خلیفہ مصطفی بن عبداللہ' کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون' بیروت' مکتبۃ المثنی - 2 / 1081
الخطیب' تاریخ' 2 / 172' 4 / 412' 5 / 160' 341' 6 / 243' 7 / 118' 152' 314' 328' 8 / 143' 9 / 251' 10 / 240' 11 / 360' 12 / 212' 357' 14 / 47' 58' 177' 242'
مصنف مجہول' معجم المصنفین' بیروت - مطبعتہ و زنکو غراف طباره 2 / 58 تا 116
ابن کثیر' البدایۃ والنہایۃ 10 / 189' 202' 325
ابن الندیم' الفہرست (بہ تحقیق رضا تجدد - کتاب پر ناشر کا نام تحریر نہیں) 256' 257
ابن سعد' طبقات' 6 / 402' 7 / 87' 354' 358
ابن الاثیر' اسد الغابۃ 5 / 69
ابن البزاز الکردری' مناقب' 2 / 125
الموفق المکی' مناقب' 2 / 61
ابن عبدالبر' الانتقاء' / 60' 174
فقیر محمد جہلمی' حدائق الحنفیہ' (مرتبہ مع حواشی و تکملہ خورشید احمد خاں) لاہور مکتبہ حسن سہیل' طبع سوم 1906ء / 143
ابراہیم البنا' الدکتور محمد' تحقیق و تعلیق کتاب الخراج لابی یوسف' دار الاصلاح للطبع والنشر / 17
الکوثری' محمد زاہد بن الحسن' الامتاع بسیرۃ الامامین الحسن بن زیاد و صاحبہ محمد بن شجاع کراتشی' ادارۃ نشر الکتب / 12
(76) ابن خلکان' وفیات الاعیان' 6 / 379
(77) الصیمری' ابو عبداللہ حسین بن علی' اخبار ابی حنیفۃ و اصحابہ' لاہور' ادارہ ترجمان السنۃ / 90
الزرکلی' خیر الدین' الاعلام' بیروت' دار العلم للملایین' 8 / 193
ابن اثیر' الکامل فی التاریخ' 5 / 107
ابن خلکان' وفیات الاعیان' 6 / 379
الخطیب' تاریخ' 14 / 243
جرجی زیدان' جرجی بن حبیب' تاریخ آداب اللغۃ العربیۃ بیروت' منشورات دار المکتبۃ

toobaa-elibrary.blogspot.com

الحیاۃ' الطبعۃ الثانیۃ' 1978ء - 2 / 449

(78) ابن کثیر' البدایۃ والنہایۃ' 10 / 180

(79) ایضاً"

(80) الشکعۃ' مصطفی' الدکتور' الائمۃ الاربعۃ' القاھرۃ = دارالکتاب المصری الطبعۃ الثانیۃ' 1403ھ / 1983ء' / 205

احمد شلبی' الدکتور' تاریخ التشریح الاسلامی و تاریخ النظم القضائیۃ فی الاسلام القاھرۃ مکتبۃ النھضۃ المصریۃ' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء / 284

(81) ابن العماد' شذرات الذھب' 1 / 300

(82) الموفق المکی' مناقب' 2 / 225

(83) 14 / 246 (الخطیب' تاریخ)

(84) 439 (السمعانی' الانساب)

(85) 6 / 382 (ابن خلکان' وفیات الاعیان)

(86) 81 (ابن قطلوبغا' زین الدین قاسم' تاج التراجم فی طبقات الحنفیۃ' کراتشی' ایچ ایم سعید

(87) 2 / 105 (طاش کبری زادہ' مفتاح السعادۃ)

(88) 16 (طاش کبری زادہ' ابو الخیر احمد بن مصطفی' طبقات الفقہاء' الموصل 1961ء

(89) 1 / 301 (ابن العماد' شذرات الذھب)

(90) 1 / 46 - حاجی خلیفہ نے اس کتاب کا نام ادب القاضی علی مذھب ابی حنیفۃ لکھا ہے۔

(91) 13 / 240 (کحالہ' عمر رضا' معجم المولفین)

(92) 2 / 1581 - حاجی خلیفہ نے اس کتاب کا نام "المبسوط فی فروع الحنفیۃ" لکھا ہے۔

(93) 2 / 536 (اسماعیل باشا البغدادی' ھدیۃ العارفین)

(94) 1 / 21 (ابن عابدین' محمد امین' مجموعۃ رسائل ابن عابدین' لاہور' سہیل اکیڈمی' 1400ھ

(95) الکوثری' حسن التقاضی / 33

(96) 257 (بہ تحقیق = تجدد رضا) کتاب پر ناشر کا نام تحریر نہیں۔ (ابن الندیم' الفہرست)

(97) 2 / 536 (اسماعیل باشا البغدادی' ھدیۃ العارفین)

(98) 257 (بہ تحقیق = تجدد رضا) کتاب پر ناشر کا نام تحریر نہیں۔ (ابن الندیم' الفہرست)

(99) 2 / 536 (اسماعیل باشا البغدادی' ھدیۃ العارفین)

(100) 33 (الکوثری' حسن التقاضی)

(101) 257 (تحقیق تجدد رضا) ابن الندیم' الفہرست

toobaa-elibrary.blogspot.com

(102) ابن الندیم، الفہرست، 257 (بہ تحقیق = تجدد رضا) کتاب پر ناشر کا نام تحریر نہیں۔

(103) 256 (ابن الندیم، الفہرست)

(104) 2 / 220 (ابن ابی الوفاء، الجواہر المضیئۃ)

(105) 16 (طاش کبریٰ زادہ، طبقات الفقہاء)

(106) 524 (الملا علی القاری، ذیل الجواہر المضیئۃ)

(107) 1 / 17 (ابن عابدین، رسائل)

(108) 1 / 164 (حاجی خلیفہ، کشف الظنون)

(109) الکوثری، حسن النقاضی / 34

زاہد الکوثری نے لکھا ہے کہ کتب خانے سے مراد شاید راوی نے الماریاں لی ہیں کیونکہ اس زمانے میں یہ دستور تھا کہ خاص خاص اصحاب کی کتب کے لئے الماریاں مخصوص کر دیتے تھے۔ انہی میں ان کی کتابیں رکھی جاتی تھیں۔ امام ابو یوسف کی تین سو مجلدات پر مشتمل اس ضخیم کتاب کے بارے میں اب کچھ معلوم نہیں۔ غالباً یہ کتاب بھی دسویں صدی ہجری کی اس خانہ جنگی میں ضائع ہو گئی جو مصر میں جرکس حکومت کے زمانہ میں ہوئی۔ جس سے بہت سے نادر و نایاب کتابیں ضائع ہو گئیں۔

دیکھئے، الکوثری، حسن النقاضی / 34

(110) 2 / 220 (ابن ابی الوفاء القرشی) الجواہر المضیئۃ)

(111) 225 (عبدالحی لکھنوی، الفوائد البہیۃ)

(112) الجاحظ، ابو عثمان عمرو بن بحر، کتاب الحیوان، (تحقیق و شرح = عبدالسلام محمد ہارون) مصر = مکتبہ مصطفیٰ البابی الحلبی، 1356ھ - 3 / 11

(113) الکوثری، حسن النقاضی / 33

(114) دیکھئے الشیبانی، محمد بن الحسن، کتاب الخارج فی الحیل، (تصحیح = جوزف شاخت) لیپزگ، 1930ء

(115) *Schacht, J. Abu Yusuf. Encyclopaedia of Islam.*

(New Edition) Leiden, E.J.brill. Volume I, Page 164.

(116) السرخسی، المبسوط، 30 / 209

(117) حاجی خلیفہ، کشف الظنون، 1 / 695

(118) ایضاً - 2 / 1680

(119) محمد سلام مدکور، المدخل للفقہ الاسلامی، القاہرۃ = 1380ھ / 302

(120) دیکھئے۔

ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الآثار، (تصحیح و تعلیق = ابو الوفاء الافغانی) بیروت = دار الکتب العلمیہ۔

(121) دیکھئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو یوسف' یعقوب بن ابراہیم' الرد علی سیر الاوزاعی (تصحیح و تعلیق ابو الوفاء الافغانی) حیدر آباد الدکن' الہند = لجنۃ احیاء المعارف النعمانیۃ

(122) دیکھئے۔

ابویوسف' یعقوب بن ابراهیم' اختلاف ابی حنیفة و ابن ابی لیلٰی (تصحیح و تعلیق = ابوالوفاء الافغانی) مطبعة الوفاء= ۱۳۵۷ھ

(123) کارل بروکلمان' تاریخ الادب العربی - (نقله الی العربیة = الدکتور عبدالحلیم النجار) القاهرة' دار المعارف' طبع 1962ء 3 / 246

(124) دیکھئے۔ *E. Faqnan - livre de limpot foncier (Kitab-El-Kharadj)*

paris, Librairie orientaliste paul geuthner, 1921 / 11

(125) *Ibid.*

(126) *A. Ben shemesh. Taxation in Islam - volume III, Leiden*

E.J. Brill, 1969.

(127) نجات اللہ صدیقی' اسلام کا نظام محاصل (ترجمہ کتاب الخراج) کراچی' مکتبہ چراغ راہ' 1966ء

(128) دیکھئے۔

الکبیسی' احمد عبید الدکتور' مقدمة التحقیق - مفتاح الرتاج / ق

(129) الرجی' عبدالعزیز بن محمد' فقه الملوک و مفتاح الرتاج المرصد علی خزانة کتاب الخراج' (تحقیق = الدکتور احمد عبید الکبیسی) بغداد - مطبعة الارشاد' 1973ء

(130) ابن خلکان' وفیات الاعیان' 6 / 388' الدیار بکری' تاریخ 2 / 332

ابن عبدالبر' الانتقاء' 173

السمعانی' ابوالقاسم علی بن محمد' روضة القضاة مصر' مطبعة السعادة (سن اشاعت درج نہیں)

(131) الخطیب' تاریخ' 14 / 255' موفق مکی' مناقب 2 / 242

(132) ابن قطلوبغا' ابوالعدل زین الدین قاسم' تاج التراجم فی طبقات الحنفیة' طبع اول = بغداد' مکتبة المثنی' مطبعة العانی 1962ء - طبع ثانی - کراتشی - ایچ - ایم - سعید / 81

ابن ابی الوفاء' ابو محمد عبدالقادر' الجواهر المضیه فی طبقات الحنفیه' حیدر آباد الدکن' بمطبعة مجلس دائرة المعارف النظامیة' الطبعة الاولی 1332ھ' 2 / 222

عبدالحلیم الجندی' ابو حنیفة' 108

(133) الخطیب' تاریخ 14 / 261

خطیب بغدادی نے لکھا ہے کہ جب ابو یوسف بستر مرگ پر تھے تو حضرت معروف کرخی نے اپنے ایک رفیق سے کہا کہ میں نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

سنا ہے' ابو یوسف زیادہ علیل ہیں' تم ان کی وفات کی خبر مجھ کو دینا' راوی کا بیان ہے کہ میں دار الرقیق کے دروازہ پر پہنچا تو ابو یوسف کا جنازہ نکل رہا تھا' دل میں کہا کہ اب اگر معروف کرخی کو خبر کرنے جاتا ہوں تو نماز جنازہ نہ ملے گی' چنانچہ نماز میں شریک ہو کر ان کے پاس پہنچا اور وفات کی خبر سنائی' ان کو سخت صدمہ ہوا' بار بار انا للہ پڑھتے تھے۔ میں نے کہا یا ابا محفوظ! آپ کو نماز جنازہ میں شریک نہ ہونے کا اس قدر صدمہ کیوں ہے؟ کہا میں نے خواب میں دیکھا کہ میں جنت میں داخل ہوا ہوں' دیکھتا ہوں کہ ایک محل تیار ہوا ہے' اس کا بالائی حصہ مکمل ہو چکا' پردے آویزاں کر دیئے گئے۔ غرض ہر طرح پورا ہو چکا' میں نے پوچھا یہ کس کے لئے تیار ہوا ہے' لوگوں نے کہا' ابو یوسف کے لئے ہے۔ میں نے کہا یہ مرتبہ انہوں نے کس طرح حاصل کیا۔ جواب ملا' اچھی تعلیم دینے اور اس کے شوق کے صلے میں' اور لوگوں نے انہیں جو اذیت پہنچائی' اس پر صبر کرنے کے صلے میں۔ (14 / 260' 261)

(134) ابن خلکان' وفیات الاعیان 6 / 389

(135) وکیع' محمد بن خلف بن حیان' اخبار القضاۃ' بیروت' عالم الکتب۔ 3 / 257

ابن خلکان' وفیات الاعیان' 6 / 389' الشکعۃ' الائمۃ الاربعۃ / 216

(136) ابن البزاز الکردری' حافظ الدین محمد بن محمد بن شہاب' مناقب الامام الاعظم' حیدر آباد الدکن' مطبعتہ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ' الطبعۃ الاولی 1321ھ۔ 2 / 120

ابن العماد الحنبلی' ابوالفلاح عبدالحی' شذرات الذہب فی اخبار من ذہب' بیروت' داراحیاء التراث العربی' 1 / 301

(137) الخطیب' تاریخ۔ 14 / 262

(138) اس وصیت کے لئے دیکھئے۔ الشرباصی' احمد' الائمۃ الاربعۃ' موسسۃ دارالہلال / 43 تا 51

التمیمی' تقی الدین بن عبدالقادر' الطبقات السنیۃ فی تراجم الحنفیۃ' تحقیق عبدالفتاح محمد الحلو' الریاض' دار الرفاعی للنشر والطباعۃ' الطبعۃ الاولی 1403ھ۔ 1 / 160 تا 169

(139) الخطیب' تاریخ' 14 / 255' الذہبی' تذکرۃ الحفاظ' 1 / 267

(140) الخطیب' تاریخ' 14 / 256 تا 261

جلال الدین السیوطی نے تاریخ الخلفاء میں امام ابو یوسف کی طرف منسوب بعض حیلے نقل کئے ہیں۔ دیکھئے۔

السیوطی' عبدالرحمٰن جلال الدین' تاریخ الخلفاء (تحقیق = محمد محی الدین عبدالحمید) کراتشی' نور محمد تجارت کتب' / 291

(141) الذہبی' تذکرۃ الحفاظ' 1 / 267' 268

(142) ابن حجر' احمد بن علی' تہذیب التہذیب' ملتان' عبدالتواب اکیدمی' 11 / 334

(143) ابن حجر' احمد بن علی' تقریب التہذیب' لاہور' دار نشر الکتب الاسلامیہ' 386'

(144) ابن حبان' محمد بن حبان بن احمد التمیمی' کتاب الثقات' حیدر آباد الدکن' مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' الطبعۃ الاولی 1401ھ۔ 7 / 646

(145) الخزرجی' حافظ صفی الدین احمد بن عبداللہ' خلاصۃ تذہیب تہذیب الکمال فی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسماء الرجال (تحقیق = محمود عبدالوهاب) سانگله ہل' المکتبة الاثریه' 3 / 180 / 181

(146) النووی' ابو زکریا محی الدین بن شرف النووی' تهذیب الاسماء واللغات' بیروت' دار الکتب العلمیة 2 / 273

(147) الیافعی' ابومحمد عبدالله بن اسعد' مرآة الجنان و عبرة الیقظان فی معرفة ما یعتبر منه حوادث الزمان' بیروت' موسسة الاعلمی للمطبوعات الطبعة الثانیة 1390ھ' 1 / 382-388

(148) ابن العماد الحنبلی' شذرات الذهب 1 / 298 تا 301

(149) ابن قتیبه' ابو محمد عبدالله بن مسلم' المعارف' کراچی' قدیمی کتب خانه ص 218' 219

(150) الکوثری' حسن النقاضی / 36' 37

(151) النسفی' عبدالله بن احمد' کشف الاسرار فی شرح المنار' بولاق = المطبعة الامیریة الکبری' الطبعة الاولی 1316ھ-1 / 5

ابن الجوزی' ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی' المنتظم فی تاریخ الامم والملوک (دراسته و تحقیق- محمد عبدالقادر عطا- مصطفیٰ عبدالقادر عطا) بیروت = دار الکتب العلمیة 9 / 75

ابن کثیر' البدایة والنهایة 10 / 180

الخطیب' تاریخ 14 / 253

(152) ابن البزاز الکردری' مناقب' 2 / 125'

(153) زاهد الکوثری' حسن النقاضی' 29'

(154) الذهبی' ابو عبدالله محمد بن احمد بن عثمان' میزان الاعتدال فی نقد الرجال' (تحقیق علی محمد البجاوی) سانگله ہل' المکتبة الاثریة' 4 / 447

(155) ابن حجر' احمد بن علی' لسان المیزان حیدر آباد الدکن' مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامیة' الطبعة الاولی 1331ھ-6 / 300

(156) ایضاً' 6 / 301

(157) الجورجانی' ابو اسحاق ابراهیم بن یعقوب' احوال الرجال' سانگله ہل' المکتبة الاثریة' 77

(158) الخطیب' تاریخ' 14 / 255

(159) الدولابی' محمد بن احمد' کتاب الکنی والاسماء' حیدر آباد الدکن' دائرة المعارف النظامیة' 1322ھ-2 / 159' 160

(160) الجورجانی' احوال الرجال' 77

(161) ابن حبان' کتاب الثقات' 7 / 646

(162) ابن حجر' لسان المیزان' 6 / 301

(163) الخطیب' تاریخ 14 / 252

(164) محمد شبیر ارسلان' القضاء والقضاة' بیروت = دار الارشاد' الطبعة الاولی' 1389ھ / 79' 80

toobaa-elibrary.blogspot.com

(165) ابوزهرہ، محمد بن احمد، ابو حنیفة حیاته و عصرہ، آراوہ و فقهه، دار الکفر العربی

(166) بیهقی، ابوبکر احمد بن حسین، مناقب الشافعی، (تحقیق السید احمد صقر) قاهرة مکتبة دار التراث، 1/143، 144

(167) ابن حجر، احمد بن علی، توالی التاسیس لمعالی محمد بن ادریس (حققه ابو الفداء عبدالله القاضی) بیروت، دار الکتب العلمیة، الطبعة الاولی 1406ھ / 131

(168) ابن کثیر، البدایة والنهایة 10 / 182

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب دوم

امام ابو یوسف کے معاشی افکار کے منابع

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصول

فصل اوّل ـــــ اجتہادی مقام

فصل دوم ـــــ معاشی افکار کے منابع

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اوّل

اجتہادی مقام

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کے معاشی افکار کے منابع پر بحث کرنے سے قبل مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم آپ کے اجتہادی مقام کا تعین کریں تاکہ آپ کے افکار و نظریات کی قدر و قیمت کا صحیح ادراک ہو سکے۔

بعض علماء کا موقف یہ ہے کہ حنفی مذہب میں جملہ افکار و آراء کا اصل منبع امام ابو حنیفہ النعمان بن ثابت (م 150ھ / 767ء) ہیں۔ اس لئے یہ کہنا درست ہے کہ امام ابویوسف کے افکار 'امام ابو حنیفہ کے اقوال سے ماخوذ ہیں۔ چنانچہ امام ابویوسف کی طرف ایک قول یہ منسوب کیا جاتا ہے۔

ما خالفت ابا حنیفة فی شئی قط فند بر ته الا رایت مذ هبه الذی ذهب الیه انجی فی الآخرة(1)

علماء کی ایک جماعت نے یہ رائے بھی دی ہے کہ امام ابویوسف مجتہد مطلق نہیں تھے بلکہ آپ مجتہد فی المذہب (یا مجتہد منتسب) تھے۔ آپ نے امام ابو حنیفہ کے وضع کردہ قواعد پر مسائل کا استنباط کیا ہے۔ گویا امام ابویوسف نے اصول و قواعد میں اپنے استاذ کے ساتھ اختلاف نہیں کیا البتہ فروعات میں اپنے اجتہاد کی بناء پر مختلف آراء دی ہیں۔ چنانچہ اس گروہ نے آپ کا شمار دوسرے طبقہ میں کیا ہے۔ ان لوگوں میں ایک احمد بن سلیمان' ابن کمال (م 940ھ / 1534ء) ہیں۔ انہوں نے فقہاء کو سات طبقات میں تقسیم کیا ہے۔ اس تقسیم کو محمود بن سلیمان کفوی (م 1014ھ / 1606ء) نے اپنے طبقات "اعلام الاخیار من فقہاء مذہب النعمان المختار" میں اور السید احمد بن محمد' الطحطاوی (م 1231ھ / 1816ء) نے ابن کمال کے رسالہ "وقف بنات" سے مختصراً روایت کیا ہے۔ ابن کمال لکھتے ہیں۔

اعلم ان الفقهاء علی سبع طبقات = الاولی طبقة المجتهدین فی الشرع کالائمة الاربعة رضی الله عنهم و من سلک مسلکهم فی تاسیس قواعد الاصول و استنباط احکام الفروع عن الادلة الاربعة = الکتاب والسنة والاجماع والقیاس علی حسب تلک القواعد من غیر تقلید لاحد فی الفروع و لا فی الاصول - والثانیة = طبقة المجتهدین فی المذهب کابی یوسف و محمد و سائر اصحاب ابی حنیفة القادرین علی استخراج الاحکام من الادلة المذکورة علی مقتضی القواعد التی قررها استاذهم ابو حنیفة فی الاحکام و ان خالفوه فی بعض احکام الفروع لکن یقلدونه فی قواعد الاصول(2)

"جان لیجئے کہ فقہاء کے سات طبقات ہیں۔ پہلا طبقہ شریعت میں مجتہدین کا ہے جیسا کہ ائمہ اربعہ رضی اللہ عنہم جنہوں نے اپنے مسلک کی بنیاد ان اصول قواعد اور احکام فروع پر رکھی جو ادلہ اربعہ یعنی قرآن' سنت' اجماع اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

قیاس سے اخذ کئے گئے ان قواعد میں وہ کسی کی تقلید نہیں کرتے تھے نہ فروع میں اور نہ اصول میں۔ اور دوسرا طبقہ مجتہدین فی المذہب کا ہے۔ مثلاً ابو یوسف و محمد اور امام ابو حنیفہ کے تمام شاگرد جنہوں نے ادلہ اربعہ سے ان قواعد کی بنیاد پر احکام اخذ کئے جو ان کے استاد ابو حنیفہ نے احکام میں مقرر کئے تھے۔ اگرچہ انہوں نے بعض احکام فروع میں ان کی مخالفت کی لیکن اصول قواعد میں وہ ان کی پیروی کرتے تھے۔"

ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر' ابن قیم (م 751ھ / 1350ء) نے اپنی کتاب " اعلام الموقعین عن رب العالمین" میں یہی رائے پیش کی ہے۔(3)

حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ بالا دونوں آراء امام ابو یوسف کے صحیح مقام سے لاعلمی کا نتیجہ ہیں۔ سب سے پہلے ہم اس غلط فہمی کو دور کرنا چاہتے ہیں کہ مذہب حنفی صرف امام ابو حنیفہ کے اقوال کا نام ہے اور تلامذہ کی اپنی کوئی رائے نہیں ہے۔

یہ امر ذہن نشین رہے کہ فقہ حنفی کسی ایک مجتہد کی فقہ نہیں ہے بلکہ اس کے اخذ و تدوین میں ایک پوری جماعت کا حصہ ہے۔

امام ابو حنیفہ کی یہ جماعت شوریٰ چالیس افراد پر مشتمل تھی۔ طریق کار یہ ہوتا تھا کہ امام ابو حنیفہ ایک مسئلہ کو اپنے اصحاب کے سامنے پیش کرتے۔ تلامذہ گہرے غور و فکر کے بعد آزادانہ ماحول میں جواب دیتے پھر اس جواب پر بحث و تمحیص ہوتی کبھی امام صاحب ان کی رائے کے موافق ہوتے اور کبھی مخالف۔ پھر اس کی تدوین کا حکم دیتے۔ اسد بن فرات (م 213ھ / 828ء) نے اسی بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے۔

كانوا يختلفون عند ابى حنيفة فى جواب المسالة فياتى هذا بجواب و هذا بجواب ثم يرفعونها اليه و يسالونه عنها فياتى الجواب من كثب اى من قرب و كانوا يقيمون فى المسالة ثلاثة ايام او اكثر ثم يكتبونها فى الديوان

(4)

"کسی مسئلہ کے جواب میں وہ (تلامذہ) ابو حنیفہ سے اختلاف کرتے۔ کوئی کچھ جواب دیتا' کوئی کچھ۔ پھر اس (مسئلے) کو آپ کے سامنے پیش کرتے اور اس کے بارے میں آپ سے پوچھتے۔ آپ فی الفور جواب دیتے ایک مسئلہ میں تین تین دن یا اس سے زائد عرصہ گزر جاتا پھر وہ اس کو دیوان میں لکھ لیتے۔"

الموفق بن احمد المکی (م 568ھ / 1172ء) اپنی کتاب "مناقب الامام الاعظم ابی حنیفة" میں 'امام ابو حنیفہ کے بارے میں لکھتے ہیں۔

فوضع ابو حنيفة رحمه الله مذهبه شورى بينهم لم يستبد فيه بنفسه

toobaa-elibrary.blogspot.com

دونهم اجتهادا منه فی الدین' و مبالغة فی النصیحة للّٰه و رسوله والمومنین

(5)

"آپ نے اپنے مسلک کی اساس اپنے تلامذہ کی شوریٰ پر رکھی اور اپنے آپ کو ان پر ترجیح نہ دیتے۔ ان پر اپنی رائے ٹھونستے نہ تھے۔ اس سے آپ کا مقصد دینی کاوش اور خدا اور رسول اور مومنین سے تعلق خلوص میں زیادہ سے زیادہ کوشاں رہنا تھا۔"

امام ابو یوسف نے قواعد کی تشکیل میں کافی کردار ادا کیا ہے۔ ہم کتب احناف میں کسی ایک فقہی مسئلہ کے بارے میں امام ابو حنیفہ' امام ابو یوسف اور دیگر ائمہ کی مختلف آراء دیکھتے ہیں۔ اور پھر مولف کسی ایک رائے کو ان الفاظ میں ترجیح دیتے نظر آتے ہیں۔ یعنی

"و علیه المذهب" "و علیه الفتویٰ" اور "و به ناخذ" امام ابو یوسف کے افکار کا بہ نظر غائر جائزہ لینے سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ آپ کو نہ صرف کتاب و سنت کے نصوص کا کامل علم تھا بلکہ مسائل اجماعیہ سے بھی پوری واقفیت تھی۔ مزید بر آں علوم لسانی' ناسخ و منسوخ اور اس دور کے دیگر مروجہ علوم سے آگاہی حاصل رکھنے کے ساتھ ساتھ غیر معمولی ذہین بھی تھے اور یہی خوبیاں ایک مجتہد میں ہونا ضروری ہیں۔

امام ابو یوسف کی فقہی بصیرت پر مختلف علماء کے اقوال دلالت کرتے ہیں۔ علی بن صالح (م 220ھ / 835ء) آپ کو "افقہ الفقہاء" کہتے ہیں۔ (6) طلحہ بن محمد بن جعفر (م 215ھ / 830ء) کے نزدیک آپ اپنی زمانے کے سب سے بڑے فقیہ تھے۔ (7) شہاب الدین احمد بن حجر الھیتمی (م 974ھ / 1567ء) نے اپنی کتاب "الخیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفة النعمان" میں یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک آدمی نے کسی مسئلہ میں مشہور محدث وکیع بن الجراح (م 192ھ / 808ء) کے سامنے یہ الفاظ کہے کہ امام ابو حنیفہ نے خطا کی۔ حضرت وکیع نے اس کو تنبیہ کی اور فرمایا۔

کیف یخطئی و عنده ائمة الفقة کابی یوسف و محمد (8)

"وہ خطا کس طرح کر سکتے ہیں؟ جبکہ ان کے پاس ابو یوسف اور محمد جیسے فقہ کے امام ہیں"

امام ابو یوسف کی وہ آراء جن میں وہ امام ابو حنیفہ کے ساتھ موافقت رکھتے ہیں وہ محض تقلید کی بناء پر نہیں بلکہ ان کی آزادانہ سوچ کا نتیجہ ہیں۔ آپ اگر اپنے استاد کے ساتھ اتفاق کرتے تھے تو یہ اتفاق دلائل کی روشنی میں ہوتا تھا اور انہوں نے بہت سے مسائل میں امام صاحب سے اختلاف بھی کیا ہے۔ فقہ حنفی کے متعلق علماء کا خیال ہے کہ اس میں ایک تہائی مسائل امام ابو حنیفہ کے اپنے ہیں اور باقی دو تہائی صاحبین کی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ ابو حامد محمد بن محمد' الغزالی (م 505ھ / 1111ء) فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

انهما خالفا ابا حنيفة فی ثلثی مذهبه(9)

"ان دونوں نے دو تہائی مذہب میں ابو حنیفہ سے اختلاف کیا ہے۔"

امام ابو یوسف نے اپنے استاد کے ساتھ جو بہت سے مسائل میں اختلاف کیا ہے اس کے تین بڑے اسباب ہیں۔

(ا) مختلف محدثین سے ملاقات کر کے ان سے حدیث کا علم حاصل کیا۔ آپ نے ان احادیث سے استدلال کیا جو امام ابو حنیفہ کے زمانے میں مشہور نہ ہو سکیں۔

(ب) آپ نے مدینہ کا سفر کیا اور وہاں امام مالک بن انس (م 179ھ / 795ء) سے ملاقات کی۔ مختلف مسائل پر دونوں ائمہ کے درمیان بحث و مباحثہ ہوا۔ (10) اور اس کے نتیجے میں آپ نے ان بعض آراء سے رجوع کر لیا جن میں وہ پہلے امام ابو حنیفہ کے ساتھ متفق تھے۔ اس طرح امام ابو یوسف فقہ کے عراقی اور حجازی مکاتب فکر کے مابین کسی حد تک اتصال کا سبب بنے۔

(ج) قاضی القضاۃ کے منصب پر فائز ہونے کی وجہ سے آپ کو انفرادی زندگی کے مسائل اور عام معاملات کے علاوہ حکومت کے نظم و نسق اور مالیات عامہ کے پیچیدہ امور و مسائل کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔

محمد بن احمد' ابو زہرہ (م 1394ھ / 1974ء) اپنی کتاب "اصول الفقہ" میں امام ابو یوسف کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"فابو یوسف لزم اهل الحدیث' و اخذ عنهم احادیث کثیرة لعل ابا حنیفة لم یطلع علیها' ثم هو قد اختیر القضاء و عرف احوال الناس' فصقل ما و افق فیه شیخه بصقل قضائی' و خالف شیخه متسلحا بما هداه الیه اختیاره للحکم والقضاء بین الناس"(11)

"پس ابو یوسف اہل حدیث کے ساتھ رہے اور ان سے بہت سی احادیث حاصل کیں۔ جو شاید ابو حنیفہ کو (اس ضمن میں) معلوم نہ تھیں۔ پھر یہ کہ وہ قضاء کے عہدہ پر فائز کر دیئے گئے تھے اور لوگوں کے احوال سے واقف تھے۔ پس جن مسائل میں وہ اپنے استاد سے موافقت رکھتے تھے' اپنے قضاء کے تجربہ سے انہیں مزید جلا دی۔ اور لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کے تجربہ کی بناء پر بہت سے مسائل میں اپنے استاد سے اختلاف بھی کیا۔"

آپ نے اپنے بعض اجتہادات سے بعد میں رجوع کر لیا جن میں وہ امام ابو حنیفہ کے ساتھ موافقت رکھتے تھے۔ آپ کے مرجوع مسائل کو مفتی مہدی حسن نے امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے مرجوع مسائل کے ساتھ ایک رسالہ میں جمع کر دیا ہے۔

وہ علماء جو امام ابو یوسف کو مجتہد فی المذہب کہتے ہیں اور مجتہد مطلق کا مقام نہیں دیتے ان کی ایک دلیل یہ بھی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ امام ابویوسف نے اپنے استاد امام ابو حنیفہ سے علم حاصل کیا تھا اور بحیثیت شاگرد رشید ایک طویل عرصہ ان کی رفاقت میں گزارا۔ اس لئے وہ انہی کے اصول و قواعد کی پابندی کرتے رہے۔ ابوزہرہ نے اپنی کتاب اصول الفقہ میں اس دلیل کو بڑے خوبصورت انداز میں رد کیا ہے۔ ان کی طویل بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ جس منطق کی رو سے امام ابویوسف کو مجتہد مطلق ماننے سے انکار کیا جاتا ہے وہی منطق امام ابو حنیفہ پر بھی صادق آسکتی ہے کیونکہ انہوں نے بھی تو اپنے استاد حماد بن ابی سلیمان (م 120ھ / 738ء) کے ذریعہ ابراہیم نخعی (م 96ھ / 715ء) کی فقہ سیکھی تھی اور اکثر مسائل میں ان سے اتفاق کرتے تھے۔ اگر یہ بات امام ابو حنیفہ کے مجتہد مطلق ہونے میں مانع نہیں ہے تو پھر امام ابویوسف کے بارے میں اس کو کیوں اہمیت دی جائے۔(12)

بعض لوگوں کی یہ رائے بھی درست نہیں ہے کہ امام ابویوسف نے اصول میں اختلاف نہیں کیا بلکہ فروع میں کیا ہے کیونکہ امام ابو حنیفہ کے دور میں اصول و قواعد مکمل صورت میں احاطہ تحریر میں نہیں آئے تھے کہ یہ کہا جائے کہ انہوں نے اپنے استاد کے اصولوں کی پیروی کی۔ اگر انہوں نے بعض اصولوں میں امام ابو حنیفہ کے ساتھ اتفاق کیا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ محض تقلید کی وجہ سے تھا بلکہ انہوں نے دلائل کے ذریعہ اتفاق کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ امام ابویوسف نے بعض ایسے قواعد میں بھی امام ابو حنیفہ سے اختلاف کیا ہے جو اصول استنباط کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حنفی مذہب میں امام ابویوسف کے اقوال امام ابو حنیفہ کے اقوال کے برابر تصور کئے جاتے ہیں۔ اکثر حنفی علماء نے یہ کہا ہے کہ عبادات میں ابو حنیفہ کے قول پر اور وقف و قضاء میں ابویوسف کے قول پر فتویٰ دیا جائے۔ محمد امین ابن عابدین (م 1252ھ / 1836ء) لکھتے ہیں۔

الفتوی علی قول ابی یوسف فیما یتعلق بالقضاء لزیادۃ تجربتہ(13)

"قضاء کے معاملات میں ان کے زیادہ تجربہ کی بناء پر ابویوسف کے قول پر فتویٰ دیا جائے گا۔"

اصول و قواعد میں اپنے استاذ کے ساتھ امام ابویوسف کے اختلاف کے ضمن میں ابن عابدین، امام الحرمین (ابو المعالی الجوینی، عبدالملک بن عبداللہ (م 478ھ / 1085ء) کا قول نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

و قال امام الحرمین لری کل اختیار المزنی تخریجا فانہ لا یخالف اصول الشافعی لا کابی یوسف و محمد فانہما یخالفان صاحبہما(14)

"اور امام الحرمین کا قول ہے کہ میں مزنی (15) کا ہر اختیار کردہ قول تخریج پاتا ہوں کیونکہ وہ امام شافعی کے اصول کے خلاف نہیں کرتے۔ ابویوسف اور محمد کی طرح نہیں کہ وہ اپنے امام کے خلاف بھی کرتے ہیں۔"

ابن عابدین مجتہد مطلق ہونے کی توضیح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

و اما المسائل التی قال بہا ابو یوسف و نحوہ من اصحاب الامام فکثیر منہا مبنی

toobaa-elibrary.blogspot.com

علی قواعد لهم خالفوا فیها قواعد الامام لانهم لم یلتزموا قواعده کلها کما یعرفه من له معرفة بکتب الاصول (16)

"اور وہ مسائل جن سے متعلق ابو یوسف اور دیگر اصحاب امام نے بات کی ہے تو ان میں سے بہت سے خود ان کے اپنے قواعد پر مبنی ہیں کہ جن میں انہوں نے امام کے قواعد کی مخالفت کی۔ کیونکہ انہوں نے امام کے تمام قواعد کا التزام نہیں کیا جیسا کہ کتب اصول سے واقفیت رکھنے والا شخص جانتا ہے۔"

ابو نصر عبد الوہاب بن علی، تاج الدین السبکی (م 771ھ / 1370ء) اپنی کتاب "طبقات الشافعیة الکبریٰ" میں لکھتے ہیں۔

ان المزنی لا یخالف اصول الشافعی و انه لیس کابی یوسف و محمد فانهما یخالفان اصول صاحبهما (17)

"یہ کہ مزنی (امام) شافعی کے اصول کی مخالفت نہیں کرتے۔ اور وہ ابو یوسف و محمد کی طرح نہیں ہیں۔ وہ دونوں اصول میں بھی اپنے استاد کی مخالفت کرتے تھے۔"

ابو زید عبید اللہ بن عمر بن عیسیٰ، الدبوسی (م 430ھ / 1039ء) جو سمرقند و بخارا کے ایک عظیم فقیہ تھے۔ انہوں نے اپنی کتاب "تاسیس النظر" (18) میں بڑی شرح و بسط سے وہ اصول مختلفہ بیان کئے ہیں جو امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے مابین مختلف ہیں۔ ہم یہاں اپنے الفاظ میں ان کی طویل بحث کی صرف تلخیص بیان کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔

(1) امام ابو حنیفہ کے یہاں اصل یہ ہے کہ جب شئے غالب الوجود ہو تو اس کو موجود ہی کی طرح سمجھا جائے گا اگرچہ نفس الامر میں ابھی موجود نہ ہوئی ہو جبکہ امام ابو یوسف کے نزدیک اس کا نفس الامر میں موجود ہو جانا ضروری ہے اس کی مثال یہ ہے کہ اگر کوئی بچہ پندرہ برس کا ہو جائے اور ابھی آثار رشد ظاہر نہ ہوئے ہوں تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس کا مال اس کے حوالہ کر دیا جائے گا لیکن امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مال اس وقت تک نہیں دیا جائے گا جب تک کہ آثار رشد ظاہر نہ ہو جائیں۔

(2) امام ابو حنیفہ کے نزدیک اصل یہ ہے کہ جب اذن مطلق ہو تو وہ عرف کے ساتھ مخصوص نہیں ہوتا لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک مختص بالعرف ہوتا ہے۔ مثلاً اگر موکل نے وکیل کو خرید و فروخت کی اجازت دی اور اس نے کوئی چیز فروخت کی تو اس کی فروخت جائز ہو گی چاہے جس قیمت پر بھی ہو کیونکہ اذن مطلق ہے لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک یہ جائز نہ ہو گا۔

(3) امام ابو حنیفہ کے یہاں اصل یہ ہے کہ موجب عقد کی نفی جائز نہیں اور موجب شرط کی نفی جائز ہے۔ جبکہ امام

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو یوسف کے نزدیک موجب عقد کی نفی بھی جائز ہے۔ مثلاً اگر کسی نے درزی سے یہ کہا کہ اگر تو نے یہ کپڑا آج ہی بنادیا تو ایک درہم ملے گا اور اگر کل بنایا تو نصف درہم ملے گا تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک شرط اول جائز ہوگی اور شرط ثانی باطل کیونکہ شرط ثانی موجب عقد کی نفی ہے جو جائز نہیں۔ اب اگر درزی نے کپڑا کل بنایا تو اس کو اجرت مثل دی جائے گی امام ابو یوسف کا موقف یہ ہے کہ دونوں شرطیں جائز ہیں۔

(4) امام ابو یوسف کے یہاں اصل یہ ہے کہ جب اصل شے صحیح نہ ہو تو جو اس کے ضمن میں ہو وہ صحیح نہ ہوگی۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک اصل یہ ہے کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ جو شے کے ضمن میں ہو وہ ثابت ہو جائے اگرچہ خود شے صحیح نہ ہو مثلاً ایک شخص نے صبی مجور علیہ کے پاس کچھ مال ودیعت رکھا اور بچہ نے اس کو ضائع کر دیا تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس پر ضمان نہ ہوگا کیونکہ یہاں گو عقد ودیعت صحیح نہیں مگر اس کے ضمن میں جو اس نے بچہ کو مال تلف کرنے پر مسلط کیا ہے وہ صحیح ہے۔ امام ابو یوسف کے نزدیک ضمان واجب ہوگا کیونکہ جب عقد ہی صحیح نہیں جو اصل شے ہے تو جو اس کے ضمن میں ہے یعنی بچہ کو مال تلف کرنے پر مسلط کرنا وہ بھی صحیح نہیں۔

(5) امام ابو یوسف کے یہاں اصل یہ ہے کہ عقد موقوف میں جو چیز قبل از تمام عقد عارض ہو اس کو اس شے کی مانند نہیں کیا جاتا جو بوقت عقد موجود ہو۔ امام ابو حنیفہ کے یہاں اصل یہ ہے کہ عارض مذکور اسی کے مانند ہوتا ہے جو بوقت عقد موجود ہو۔ مثلاً ایک بچہ بالغ ہوا جس کے وصی نے اس کے لئے بشرط خیار کوئی چیز خریدی یا فروخت کی تھی تو امام ابو یوسف کے نزدیک بیع تام ہوگی اور خیار باطل ہو جائے گا۔ امام ابو حنیفہ اس کے خلاف ہیں۔

(6) امام ابو حنیفہ کے یہاں اصل یہ ہے کہ جب تسمیہ صحیح ہو تو مقتضی تسمیہ کا اعتبار نہیں ہوتا اور اگر تسمیہ صحیح نہ ہو تو مقتضی کا اعتبار ہوتا ہے۔ امام ابو یوسف کے نزدیک دونوں صورتوں میں مقتضی کا اعتبار ہوتا ہے۔ مثلاً ایک شخص نے بکریوں کا ایک گلہ اس طرح فروخت کیا کہ اس کی ہر بکری سو روپے میں ہے اور کل تعداد بیان نہیں کی تو عقد صحیح نہ ہو گا۔ پس یہاں مقتضی یعنی جہالت کا اعتبار ہوا' اور اگر کوئی یہ کہے کہ میں نے تجھ سے یہ بکریاں جو ایک سو ہیں خرید لیں اس طرح کہ ہر بکری سو روپیہ میں ہے اور کل قیمت دس ہزار ہے اس کے بعد وہ بکریاں نوے ہوں تو بیع جائز ہوگی کیونکہ تسمیہ صحیح ہو چکا لہٰذا مقتضی کا اعتبار نہ ہوگا اور عقد کو فاسد نہ کہیں گے۔ اگرچہ جہالت اس صورت میں بھی موجود ہے۔

(7) امام ابو حنیفہ کے یہاں اصل یہ ہے کہ مملوک جو کچھ کمائے یا اس کو کوئی چیز ہبہ کی جائے تو وہ کمائی اور موہوب چیز اس کے آقا کی ہوتی ہے خواہ اس کی ملک تام ہو یا ناقص ہو۔ نیز وہ مالک کے ضمان میں ہو یا غیر مالک کے ضمان میں ہو۔ امام ابو یوسف کے نزدیک اصل یہ ہے کہ اگر وہ مالک کے ضمان میں ہو۔ تو اس کی کمائی مالک کی ہوگی ملک تام ہو یا ناقص۔ اور اگر وہ غیر مالک کے ضمان میں ہو تو کمائی کی ملک موقوف ہوگی۔

(8) امام ابو حنیفہ کے نزدیک اصل یہ ہے کہ جب عقد میں ایسا قوی فساد داخل ہو جائے جو مجمع علیہ ہو تو وہ فساد کل معقود

toobaa-elibrary.blogspot.com

علیہ میں ساری ہو جاتا ہے۔ امام ابویوسف کے نزدیک ایسا نہیں ہے۔ مثلاً اگر کسی نے نقد و ادھار بعوض دینار سونے کی ایک انگوٹھی خریدی جس میں جوہر کا نگینہ بھی ہے اور وہ بلانقصان اس سے علیحدہ کیا جاسکتا ہے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک انگوٹھی اور جوہر دونوں میں عقد فاسد ہو گا۔ امام ابویوسف کے نزدیک جوہر کے حصہ میں جائز ہو گا۔

(9) امام ابو حنیفہ کے یہاں اصل یہ ہے کہ مرتد کی ملک نفس ردۃ کی وجہ سے زائل ہو جاتی ہے اور امام ابویوسف کے نزدیک اس وقت تک زائل نہیں ہوتی جب تک قاضی فیصلہ نہ کردے۔ چنانچہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک مرتد کا وہ مال جو اس نے بحالت اسلام کمایا تھا میراث ہو گا کیونکہ نفس ردۃ کی وجہ سے اس کی ملکیت زائل ہو گئی اور ورثہ کی طرف منتقل ہو گئی اور جو مال اس نے ردت کی حالت میں کمایا ہے وہ فئی ہو گا۔ امام ابویوسف کے نزدیک دونوں حالتوں کا مال ورثہ کا ہو گا کیونکہ قاضی جب تک فیصلہ نہ کرے اس کی ملکیت زائل نہیں ہوتی۔

(10) امام ابو حنیفہ کے نزدیک اصل یہ ہے کہ جب نص (یعنی قرآن و حدیث) سے کوئی چیز ثابت ہو جائے تو پھر عرف و عادت میں تبدیلی کی بناء پر اس میں ردوبدل نہیں کیا جاسکتا۔ امام ابویوسف کہتے ہیں کہ اگر نص کی بنیاد عرف و عادت پر ہو تو عادت میں تبدیلی کی بناء پر عرف کو ترجیح دی جائے گی۔ مثلاً اگر حاکم خراج میں اضافہ کرنا چاہے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس کو اختیار نہیں۔ لیکن امام ابویوسف کے نزدیک یہ جائز ہو گا۔ (19)

اصول و قواعد میں اس اختلاف کی بناء پر امام ابویوسف اور امام ابو حنیفہ کے مابین اسی نوعیت کے فروعی اختلافات شریعت کے ہر باب میں نظر آتے ہیں جس طرح کہ امام ابو حنیفہ اور ائمہ ثلاثہ (امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل) میں پائے جاتے ہیں۔ ایک تاتاری عالم دین ہارون شہاب الدین المرجانی (م 1306ھ) کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اگر ائمہ ثلاثہ کو امام ابو حنیفہ کے مقابلہ میں مجتہد مطلق کا درجہ دیا جاتا ہے تو کیا وجہ ہے کہ امام ابویوسف اور امام محمد کو اجتہاد مطلق کے منصب سے ہٹا کر مجتہد مقلد ٹھہرایا جائے۔ دیگر ائمہ کی فقاہت و اجتہاد اپنی جگہ مسلم اور ان کی جلالت شان اپنی جگہ ثابت لیکن امام ابویوسف و امام محمد کے بارے میں یہ تاثر رکھنا کہ وہ ائمہ ثلاثہ سے کمتر تھے درست نہیں ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

و حالهم فی الفقه ان لم یکن لرفع من مالک والشافعی و امثالهما فلیسوا بدونهما (20)

"اور فقہ میں ان کی حیثیت یہ ہے کہ اگر وہ امام مالک، امام شافعی اور ان جیسے (ائمہ) سے بڑھ کر نہیں ہیں تو ان سے کم تر بھی نہیں ہیں۔"

امام ابویوسف کے شاگرد (21) امام محمد کے بارے میں خود امام شافعی فرماتے ہیں۔

واللّٰه ما صرت فقیها الا بکتب محمد بن الحسن (یعنی از داد فقاهة واطلع

toobaa-elibrary.blogspot.com

واطلع علی مسائل لم یکن مطلعا علیها فان محمدا ابدع فی کثیر (22)

"اللہ کی قسم میں محمد بن الحسن کی کتابوں سے فقیہ بنا (یعنی فقاہت میں زیادہ ہوئے اور ایسے مسائل سے باخبر ہوئے جن سے پہلے آگاہی نہ تھی کیونکہ محمد بن الحسن نے بہت سے نئے مسائل نکالے۔"

ایک اور موقع پر آپ نے فرمایا۔

حملت من علم محمد بن الحسن و قر بعیر کتبا ۔ و قال امن الناس علی فی الفقه محمد بن الحسن (23)

"میں نے محمد بن الحسن کے علم سے اونٹ کا بوجھ کتابوں کا حاصل کیا ہے۔ اور فرمایا فقہ میں لوگوں میں سب سے زیادہ احسان مجھ پر محمد بن الحسن کا ہے۔"

ایک موقع پر امام محمد کی عظمت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

ما رایت اعلم بکتاب اللّٰه عزو جل من محمد بن الحسن کانه علیه نزل (24)

"من نے محمد بن الحسن سے بڑھ کر کتاب اللہ کو زیادہ جاننے والا نہیں دیکھا' ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے یہ کتاب انہی پر نازل ہوئی ہے۔"

ہارون شہاب الدین المرجانی کا خیال یہ ہے کہ امام ابو یوسف چونکہ امام ابو حنیفہ کے شاگرد تھے اس لئے خود کو تلمذا" امام ابو حنیفہ ہی کی طرف منسوب کرتے رہے اس لئے کسی مستقل مکتب خیال کی حیثیت سے ان کے نظریات و اجتہادات نے شہرت حاصل نہیں کی۔ چنانچہ لکھتے ہیں۔

و لو انهم اولعوا بنشر آرائهم بین الخلق لکان کل ذلک مذهبا منفردا عن مذهب ابی حنیفة (25)

"اور اگر یہ لوگ (یعنی صاحبین) بھی عام لوگوں میں اپنی آراء کی اشاعت کے گرویدہ ہوتے تو ان کا بھی ایک مستقل مذہب ابو حنیفہ کے مذہب سے جدا ہو جاتا۔"

انہوں نے امام ابو یوسف کا شمار اس طبقہ میں کیا ہے جس میں امام مالک امام شافعی اور امام احمد بن حنبل وغیرہ فقہاء ہیں اور جن کے مجتہد مطلق ہونے میں کسی کو کوئی اختلاف نہیں۔ موصوف اپنی کتاب "ناظورۃ الحق" میں لکھتے ہیں۔

"اعلم ان المجتهد ضربان = احدهما المجتهد المطلق" و هو صاحب الملکة الکاملة فی الفقه' والنباهة و فرط البصیرة والتمکن من الاستنباط المستقل به من ادلته' کابی حنیفة و ابی یوسف و محمد و زفر و مالک والشافعی و احمد والثوری والاوزاعی" (26)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"جان لیجئے کہ مجتہد دو قسم کے ہیں۔ ان میں سے ایک قسم مجتہد مطلق کی ہے ان کو فقہ میں کامل دسترس حاصل ہوتی ہے۔ شہرت، گہری بصیرت اور استنباط احکام میں ان کا بلند مرتبہ ہوتا ہے۔ ماخذ میں ان کے مستقل (قواعد) ہوتے ہیں۔ مثلاً ابو حنیفہ اور ابو یوسف اور محمد اور زفر اور مالک اور شافعی اور احمد اور ثوری اور اوزاعی۔

شبلی نعمانی، محمد (م 1332ھ / 1914ء) اپنی کتاب "سیرۃ النعمان" میں لکھتے ہیں۔

"انصاف یہ ہے کہ امام صاحب کے بعض شاگرد خصوصاً قاضی ابو یوسف و امام محمد اس رتبہ کے عالم تھے کہ اگر امام ابو حنیفہ کی طبیعت سے الگ ہو کر مستقل اجتہاد کا دعویٰ کرتے تو ان کا جدا طریقہ قائم ہو جاتا اور امام مالک و امام شافعی کی طرح ان کے بھی ہزاروں، لاکھوں مقلدین بن جاتے۔" (27)

اسلامی فقہ کے وہ جید علماء جنہوں نے اصول فقہ پر کتب تحریر کی ہیں ان کی بھی یہی رائے ہے کہ امام ابو یوسف مجتہد مطلق کے مقام پر فائز ہیں کیونکہ مجتہد مطلق کے لئے جن شرائط کا پایا جانا ضروری ہے وہ تمام امام ابو یوسف کی ذات میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ انہوں نے فروع اور اصول میں امام ابو حنیفہ کی تقلید نہیں کی۔ ابو بکر محمد بن احمد السرخسی (م 483ھ / 1090ء) لکھتے ہیں۔

"غیر ان تمام الفقه لا یکون الا باجتماع ثلاثة اشیاء = العلم بالمشروعات، والاتقان فی معرفة ذلک بالوقوف علی النصوص بمعانیها و ضبط الاصول بفروعها ثم العمل بذلک، فتمام المقصود لا یکون الا بعد العمل بالعلم، و من کان حافظا للمشروعات من غیر اتقان فی المعرفه فهو من جملة الرواة و بعد الاتقان اذالم یکن عاملا بما یعلم فهو فقیه من وجه دون وجه، فاما اذا کان عاملا بما یعلم فهو الفقیه المطلق ــ و هو صفة المتقدمین من ائمتنا = ابی حنیفة و ابی یوسف و محمد رضی الله عنهم" (28)

"سوائے اس کے کہ تمام فقہ تین چیزوں کے مجموعے کا نام ہے۔ شریعت کی رو سے جائز چیزوں کا علم، اس (علم) کی پہچان میں مفاہیم سمیت نصوص کو جاننے میں پختگی اور اس کی فروع کے ساتھ ساتھ اصول پر دسترس، پھر اس پر عمل پیرا ہونا۔ کیونکہ علم پر عمل کئے بغیر پورا مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور جو مشروعات کا حافظ ہو لیکن گہری بصیرت نہ رکھتا ہو تو وہ محض راویوں میں سے ایک راوی ہو گا۔ اور (مشروعات) پر گہری بصیرت کے ساتھ اگر وہ اپنے علم پر عمل پیرا نہ تو وہ صرف ایک طرح کا فقیہ ہے۔ لیکن اگر وہ اپنے علم پر عمل کرنے والا بھی ہو تو وہ فقیہ مطلق ہے۔ اور یہ صفت ہمارے پہلے ائمہ ابو حنیفہ، ابو یوسف، اور محمد رضی اللہ عنہم کی تھی۔"

ابو محمد علی بن احمد، ابن حزم (م 456ھ / 1064ء) بھی امام ابو یوسف کو مجتہد مطلق ہی قرار دیتے ہیں۔ آپ رقم

toobaa-elibrary.blogspot.com

طراز ہیں۔

و اصحاب ابی حنیفة کابی یوسف القاضی و زفر بن الهذیل ... لانهم لم یستهلکوا فی التقلید' بل خالفوه باختیارهم فی کثیر من الفقه' فدخلوا من اجل ذلک فی جملة الفقهاء(29)

"اور ابو حنیفہ کے اصحاب مثلاً قاضی ابو یوسف اور زفر بن الہذیل ... وہ صرف تقلید ہی میں مشغول نہیں رہے بلکہ انہوں نے بہت سے فقہی مسائل میں اپنی مرضی و منشاء سے ان کی مخالفت بھی کی ہے۔ اس طرح انہوں نے اپنے آپ کو بڑے بڑے فقہاء میں شامل کر لیا۔"

استاذ علی الخفیف مذہب حنفی پر گفتگو کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

و انما نسب المذهب الی ابی حنیفة لانه کان عمیدهم و استاذهم و ان کانوا جمیعا من اهل الاجتهاد المطلق یستوون فیه(30)

"اور یہ کہ انہوں نے اس مذہب کو ابو حنیفہ کی طرف منسوب کیا اس لئے کہ وہ ان کے سردار اور استاد تھے۔ اگرچہ وہ سب اجتہاد مطلق کے منصب پر فائز تھے اور اس میں برابر تھے۔"

ابو الحسنات محمد عبد الحی (م 1304ھ / 1887ء) لکھتے ہیں۔

انهما مجتهدان مستقلان (31)

"وہ دونوں مجتہد مستقل تھے۔"

مشہور مستشرق جوزف شاخت (J.Schacht) نے بھی اسی رائے کا اظہار کیا ہے۔(32)

مختصر یہ کہ امام ابو یوسف کے افکار کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ رائے قائم کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے کہ امام ابو یوسف کو مجتہد فی المذہب کہا جائے۔ یہ خیال کرنا گویا ان کو ان کے اصل مقام و مرتبہ سے محروم کرنا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امام ابو یوسف کو اپنے استاد سے حد درجہ محبت تھی۔ ان کی جلالت شان اور ادب و احترام کی وجہ سے آپ انہی کے مذہب کی نشر و اشاعت کر کے اس کی تائید و نصرت کرتے رہے اس لئے راقم کے نزدیک اس گروہ کا موقف زیادہ قرین صواب ہے جو آپ کو مجتہد مطلق کا مقام دیتے ہیں۔ ہم اس بحث کو استاذ ابو زہرہ کے ان الفاظ پر ختم کرتے ہیں جو انہوں نے اپنی کتاب "اصول الفقہ" میں محمد بن الحسن الشیبانی کے بارے میں کہے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں۔

ان الانصاف والمنطق یوجبان ان نقول انه لا محالة کان هو و شیخه ابویوسف و زفر مجتهدین مطلقین لا یقلدون لا فی الفروع و لا فی الاصول(33)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"بے شک انصاف اور منطق' دونوں کی وجہ سے ہم کہیں گے کہ وہ (یعنی امام محمد) اور ان کے استاد ابو یوسف اور زفر مجتہد مطلق تھے۔ اصول و فروع میں کسی کے مقلد نہیں تھے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

معاشی افکار کے منابع

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو یوسف کو احکام و مسائل کا سامنا کرنے اور قضاء کو انجام دینے کی بناء پر اجتہاد و مسائل کی تفریع اور رائے میں توسع سے کام لینے اور لوگوں کے لئے آسانی پیدا کرنے کے زیادہ مواقع ملے مگر ان کا دارومدار دلائل نقلیہ و شرعیہ یعنی قرآن و سنت' اقوال صحابہ اور اجماع و قیاس ہی پر رہا۔ آپ وفات سے قبل اپنے رب کی بارگاہ میں یہ التجا کر رہے تھے۔

اللھم انک تعلم انی نظرت فی کل حادثة وقعت فی کتابک فان وجدت الفرج والانظرت فی سنة نبیک ... علیه السلام ... فان وجدت الفرج والانظرت فی اقاویل الصحابة(34)

"اے اللہ بے شک تو جانتا ہے کہ میں نے تیری کتاب میں ہر پیش آمدہ مسئلہ کو دیکھا۔ پس اگر اس کا حل تیری کتاب میں نہ پایا تو تیرے نبیؐ کی سنت میں دیکھا۔ اگر اس میں بھی نہ پایا تو پھر صحابہ کے اقوال میں غور کیا۔"

اصول فقہ میں امام ابو یوسف کا نہج اور نقطہ نظر کو عموماً" اہل عراق اور اصحاب الرائے کے مکتب فکر کے مطابق ہے لیکن انہوں نے بہت سی ایسی احادیث کو جو ان کے معیار کے مطابق صحیح تھیں اور جن کو ان کے اصحاب نے تسلیم نہیں کیا تھا قبول کر لیا ہے۔ اس طرح ائمہ احناف میں امام ابو یوسف پہلے فقیہہ ہیں جنہوں نے اصحاب الرائے اور اہل حدیث کے درمیان بعد کو کافی حد تک کم کر دیا۔

تاہم حدیث کی جانب اس میلان و اعتناء کے باوجود ان کا طریقہ اور نہج دراصل وہی ہے جو اہل الرائے کا تھا۔ اس لئے ان کے یہاں بھی اہل الرائے کی طرح عقلی دلائل استحسان' عرف وغیرہ کی بنیاد پر اجتہاد و رائے کی کثرت ہے بلکہ ان سے ایسے فتوے اور فیصلے بھی منقول ہیں جو ان کے اصحاب کے فتووں اور فیصلوں کے مقابلہ میں زیادہ آزادی اور وسعت پر مبنی ہیں۔ اس کا اندازہ ان مثالوں سے ہو جائے گا جن کو ہم آگے بیان کریں گے۔ ذیل میں ہم ان نقلی و عقلی دلائل کو مع امثلہ بیان کرتے ہیں جن پر امام ابو یوسف کے معاشی افکار کی بنیاد ہے۔

قرآن حکیم

فقہ اسلامی کا پہلا ماخذ کتاب اللہ ہے۔ اس کی اصطلاحی تعریف یہ کی گئی ہے۔

ھو القرآن المنزل علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم المکتوب فی المصاحف' المنقول عن النبی صلی اللہ علیه وسلم نقلا متواترا بلا شبهة و ھو النظم والمعنی (35)

"قرآن وہ ہے جو (محمد) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر (خدا کی طرف سے) نازل ہوا۔ (اور جو) مصاحف میں لکھا ہوا ہے (اور جو) بغیر کسی شک و شبہ متواتر طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول چلا آ رہا ہے اور وہ الفاظ اور معانی (دونوں کا مجموعہ ہے۔)

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرآن حکیم کے بارے میں یہ امر ذہن نشین رہے کہ یہ اصطلاحی معنوں میں کوئی قانونی ضابطہ (Legal code) نہیں ہے۔ بلکہ یہ اسلامی قانون کا اصل الاصول ہے۔ اسلامی شریعت میں اس کی حیثیت وہی ہے جو ملکی قوانین میں دستور کی ہوتی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن حکیم میں قانونی نوعیت کے کچھ اصول اور قواعد وضوابط موجود ہیں اور چند مسائل میں قرآن نے بعض جزئیات کے احکام بھی بتائے ہیں لیکن قرآن کریم کا اصل مقصد بنی نوع انسان کو ایک ایسا طریق حیات دینا ہے جو بنی نوع انسان کے آپس میں اور بندے کے خالق کے ساتھ تعلق کو استوار کرے۔

قرآن حکیم کی متعدد آیات اس کے اولین ماخذ ہونے پر دلالت کرتی ہیں۔ یہاں صرف ایک آیت پیش کی جاتی ہے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْکُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىکَ اللّٰهُ (36)

"یقیناً ہم نے آپ پر کتاب حق کے ساتھ اتاری ہے۔ تاکہ آپ لوگوں کے درمیان فیصلہ اس کے مطابق کریں جو اللہ نے آپ کو بتادیا ہے۔"

فقہائے کرام نے قرآن کے اسی حصہ سے بحث کی ہے جس کا تعلق فقہی احکام سے ہے اس غرض کے لئے انہوں نے قرآن حکیم سے استدلال اور استنباط احکام کے اصول مدون کئے۔

امام ابو یوسف کی وہ آراء جو اس ماخذ پر مبنی ہیں

ہم یہاں صرف دو مثالیں پیش کرنے پر اکتفا کریں گے۔

(1) جو بچہ بالغ ہو جائے لیکن کم عقل ہو اس کو مال سپرد کرنے کے بارے میں فقہاء کے مابین اختلاف ہے۔ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اگر وہ پچیس برس کا ہو جائے تو اس کو اس کا مال سپرد کر دیا جائے گا اگرچہ اس سے سلیقہ ظاہر نہ ہو لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک کم عقل بالغ کو اس وقت تک مال نہیں دیا جائے گا جب تک کہ وہ خوش سلیقہ نہیں ہو جاتا۔ (37) امام ابو یوسف نے یہاں قرآن کی اس آیت سے استدلال کیا ہے۔

وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَکُمُ الَّتِیْ جَعَلَ اللّٰهُ لَکُمْ قِیٰمًا ... الخ (38)

("اور بے عقلوں کو ان کا مال جسے خدا نے تم لوگوں کے لئے سبب معیشت بنایا ہے مت دو۔")

(2) امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں یہ نظریہ پیش کیا ہے کہ عدل و انصاف کی حکمرانی اور معاشی ترقی لازم و ملزوم ہیں۔ (39) آپ نے یہاں قرآن حکیم ہی کی تعلیم کو پیش کیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَاِنْ حَکَمْتَ فَاحْکُمْ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ط اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ○ (40)

"اور اگر آپ فیصلہ کریں تو ان کے درمیان (قانون) عدل کے مطابق فیصلہ کریں۔ بے شک اللہ عدل کرنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

والوں سے محبت رکھتا ہے۔"

حدیث

لغت میں حدیث کے معنی خبر' بات یا گفتگو کے ہیں۔ علمائے اصول کی اصطلاح میں حدیث اس خبر کو کہتے ہیں جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی قول و فعل' تقریر یا صفت بیان ہو۔ اس تعریف کے لحاظ سے بعض محدثین کے نزدیک حدیث اور سنت مترادف ہیں۔ قرآن حکیم کے بعد حدیث و سنت دوسرا بڑا ماخذ قانون ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الذِّکْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْھِمْ۔ (41)

"اور ہم نے آپ پر یہ نصیحت نامہ اتارا ہے تاکہ آپ لوگوں پر ظاہر کردیں جو کچھ ان کے پاس بھیجا گیا ہے۔"

فہم حدیث میں امام ابو یوسف کا مقام

امام ابو یوسف نے فقہ کی تعلیم سے قبل حدیث کا علم حاصل کیا اور یہ سلسلہ امام ابو حنیفہ کی وفات کے بعد بھی جاری رہا۔ علم حدیث میں کثرت معلومات کی وجہ سے ہی آپ کو "کثیر الحدیث" "سریع الحفظ" اور "حافظ حدیث" کہا گیا ہے۔ یحییٰ بن معین (م 233ھ / 847ء) آپ کے بارے میں فرماتے ہیں۔

ما رایت فی اصحاب الرای اثبت فی الحدیث و لا احفظ و لا اصح روایۃ من ابی یوسف (42)

"میں نے اصحاب رائے میں ابو یوسف کے مقابلہ میں علم حدیث میں پختہ' حدیث کا حافظ' اور صحیح روایت کرنے والا کسی کو نہیں دیکھا۔"

عمرو بن محمد الناقد (م 202ھ / 818ء) فرمایا کرتے تھے۔

ما احب ان اروی عن احد من اصحاب الرای الا عن ابی یوسف فانہ کان صاحب سنۃ (43)

"میں اصحاب الرائے سے روایت کرنا پسند نہیں کرتا سوائے ابو یوسف کے کیونکہ وہ صاحب سنت ہیں۔"

امام احمد بن حنبل (م 241ھ / 855ء) کہتے ہیں کہ جب میں نے علم حدیث حاصل کرنا چاہا تو سب سے پہلے امام ابو یوسف ہی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا تھا۔

اول ما طلبت الحدیث ذھبت الی ابی یوسف القاضی (44)

"آغاز میں جب میں نے حدیث کا علم حاصل کرنا شروع کیا تو میں قاضی ابو یوسف کی خدمت میں حاضر ہوا۔"

امام ابو یوسف صرف حفظ حدیث ہی پر اکتفا نہیں کرتے تھے۔ بلکہ آپ احادیث کی تاویل و تفسیر کے بہت بڑے ماہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھے۔ سلیمان بن مہران الاعمش (م 148ھ / 765ء) ایسے جلیل القدر محدث نے حدیث کے بارے میں امام ابویوسف کی دقت نظر پر مہر تصدیق ثبت کی ہے۔ امام ابویوسف خود فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ اعمش نے مجھ سے ایک مسئلہ دریافت کیا۔ میں نے ان کو اس کا جواب دے دیا۔ انہوں نے مجھے کہا یہ مسئلہ تم نے کہاں سے نکالا ہے؟ میں نے کہا اسی حدیث سے جو آپ نے ایک موقع پر ہمارے سامنے بیان کی تھی۔ پھر میں نے ان کو وہ حدیث سنادی۔ یہ سن کر انہوں نے مجھ سے کہا اے یعقوب یہ حدیث تو مجھے تمہاری پیدائش سے بھی پہلے یاد تھی لیکن اس کا صحیح مفہوم میں آج تک نہیں سمجھ سکا تھا۔ (45) امام محمد بن الحسن الشیبانی جب اپنی تصانیف میں یہ کہتے ہیں کہ "اخبرنی الثقة" تو اس سے ان کی مراد امام ابویوسف ہوتے ہیں۔ (46)

حدیث کے بارے میں امام ابویوسف کا نظریہ

امام ابویوسف کا موقف یہ ہے کہ حدیث قرآن کی تشریح و توضیح کے لئے بہت ضروری ہے۔ لیکن وہ کہتے ہیں کہ حدیث کی داخلی و خارجی حیثیت کو پرکھنے کے بعد ہی اس سے استدلال ممکن ہے۔ وہ اس بات کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہر بات کو آنکھیں بند کر کے قبول کر لیا جائے۔ چنانچہ امام ابویوسف کا قول ہے کہ تین قسم کے علماء تین قسم کی خرابیوں سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔

(ا) جس نے فلسفہ کے ذریعہ دین کے عقائد حاصل کرنے کی کوشش کی وہ زندیق بنا۔

(ب) جس نے کیمیا کے ذریعہ مال طلب کیا وہ غریب و محتاج ہوا۔

(ج) جس نے بے سمجھے سوچے احادیث کو قبول کر لیا وہ جھوٹ میں مبتلا ہوا۔ (47)

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں تقریباً چار سو احادیث کے حوالے دیئے ہیں۔ کتاب کے شروع میں ہارون الرشید بن محمد (مہدی) (170-193ھ / 786-809ء) کو نصیحت کرنے کے بعد وہ فرماتے ہیں۔

فانی قد اجتهدت لک فی ذلک و لم آلک والمسلمین نصحا ـ و کتبت لک احادیث حسنة (48)

"آپ کی خاطر میں نے اس سلسلہ میں کافی محنت کی ہے اور آپ کی اور عام مسلمانوں کی خیر خواہی میں دقیقہ اٹھا نہیں رکھا ہے... اور میں نے آپ کے لئے کچھ اچھی احادیث بھی لکھ دی ہیں"

امام ابویوسف کے نزدیک خبر واحد حجت ہے۔ آپ نے مرسل (49) حدیث کو بھی قبول کیا ہے۔ آپ کی تصنیف کتاب الآثار میں بہت سی مرسل احادیث نظر آتی ہیں۔ (50) قیاس اور خبر واحد میں تعارض کی صورت میں آپ خبر واحد کو مطلقاً ترجیح دیتے ہیں۔ (51) اگر کسی مسئلہ میں ان کو صحیح حدیث مل جاتی ہے تو قیاس کو ترک کرنے یا امام ابوحنیفہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے اختلاف کرنے میں ذرا بھی تامل نہیں ہوتا۔ ہم یہاں چند مثالیں پیش کرتے ہیں۔

مثالیں

(1) امام ابو یوسف نے مسئلہ "مصراۃ" میں حدیث کے مقابلہ میں قیاس کو ترک کر دیا۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اشتری غنما مصراۃ فاحتلبھا فان رضیھا امسکھا وان سخطھا ففی حلبتھا صاع من تمر (52)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے "مصراۃ" بکری خریدی اور اسے دوھا تو اگر وہ اس معاملہ پر راضی ہے تو اسے اپنے لئے روک لے اور اگر راضی نہیں ہے تو (واپس کر دے اور) اس کے دودھ کے بدلہ میں ایک صاع کھجور دینا چاہئے۔"

امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ عیب نہیں اور مشتری (Purchaser) اسے رد نہیں کر سکتا لیکن امام ابو یوسف نے حدیث کے ظاہر پر عمل کیا ہے۔ ابو زکریا محی الدین یحییٰ بن شرف النووی (م 676ھ / 1277ء) نے شرح صحیح مسلم میں امام ابو یوسف کا یہ مسلک تحریر کیا ہے۔ (53)

(2) امام ابو حنیفہ کے نزدیک وقف "عاریت" کا درجہ رکھتا ہے۔ اس لئے واقف کو اپنی زندگی میں اس سے رجوع کرنے، دوسروں کو ہبہ کرنے یا فروخت کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ ان کے نزدیک وقف اس وقت لازم ہوتا ہے جب حکم حاکم ہو جائے یا بذریعہ وصیت ہو۔ (54)

لیکن امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ وقف کے الفاظ استعمال کرنے کے بعد ہی سے واقف کو رجوع کا حق حاصل نہیں رہتا۔ چنانچہ واقف شے موقوفہ کو ہبہ کر سکتا ہے، نہ فروخت کر سکتا ہے اور نہ اس میں وراثت جاری ہو سکتی ہے۔ (55)

امام ابو یوسف نے اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے یہ موقف اختیار کیا ہے جو محدث ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی (م 279ھ / 892ء) نے باب "ماجاء فی الوقف" میں حضرت عمرؓ سے روایت کی ہے۔ اس حدیث میں وقف کے ضمن میں یہ الفاظ ملتے ہیں۔

لا یباع، ولا یوھب ولا یورث (56)

"نہ اسے فروخت کیا جائے گا، نہ اس کا ہبہ کیا جائے گا اور نہ اس میں وراثت چلے گی۔"

(3) احیائے موات کے ضمن میں امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ ضروری ہے کہ پہلے حکومت سے اجازت لی جائے۔ (57) لیکن امام ابو یوسف حدیث سے استدلال کرتے ہوئے یہ رائے دیتے ہیں کہ حاکم کی اجازت ضروری نہیں۔ حدیث کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الفاظ یہ ہیں۔

من احیی ارضا میتۃ فھی لہ(58)

"یعنی جس نے کسی بنجر زمین کو آباد کیا۔ پس وہ اسی کی ہے۔"

اپنے استاذ سے اختلاف کرتے ہوئے امام ابویوسف فرماتے ہیں۔

ان اذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جائز الی یوم القیامۃ(59)

"یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی (دی ہوئی) اجازت قیامت تک جائز ہے۔"

(4) زمین کی پیداوار کی زکوۃ کے سلسلہ میں امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ پیداوار کم ہو یا زیادہ' عشر ہر صورت میں وصول کیا جائے گا۔ لیکن امام ابویوسف کے نزدیک اگر پیداوار پانچ وسق (تقریباً 948 کلوگرام) سے کم ہو تو عشر واجب نہیں ہو گا۔

امام ابویوسف نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ = ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال = لیس فیما دون خمسۃ اوسق من التمر صدقۃ(60)

"حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پانچ وسق سے کم کھجور میں زکوۃ نہیں ہے۔"

(5) امام ابوحنیفہ کے نزدیک زمین کی ہر پیداوار پر عشر واجب ہے لیکن امام ابویوسف کے نزدیک صرف ان اجناس پر عشر لیا جائے گا جو ذخیرہ کر کے رکھی جا سکیں۔ ان کے نزدیک ترکاریوں' پھولوں وغیرہ پر عشر نہیں۔ چنانچہ وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔

عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال - لیس فی الخضر اوات صدقۃ(61)

(6) مال غنیمت کی تقسیم میں گھوڑوں کے حصہ کے مسئلہ میں بھی انہوں نے امام ابوحنیفہ کی رائے سے اختلاف کیا ہے۔ ان کی دی ہوئی قیاسی دلیل کا جواب دیا ہے اور انہوں نے جن احادیث سے استناد کیا ہے ان کے بالمقابل اپنی رائے کے حق میں دوسری حدیثیں نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ۔

و ما جاء من الاحادیث والآثار ان للفرس سھمین و للرجل سھما اکثر من ذلک و اوثق والعامۃ علیہ(62)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"اور جن احادیث و آثار میں گھوڑے کے لئے دو حصے اور آدمی کے لئے ایک حصہ مذکور ہے ان کی تعداد زیادہ ہے اور وہ اس حدیث سے زیادہ ثقہ ہیں اور اسی مسلک کو عام طور پر اختیار کیا گیا ہے۔"

(7) امام ابو یوسف کو جب کسی مسئلہ میں ایسی حدیثیں مل جاتی ہیں جو زیادہ مشہور اور مخالف مفہوم والی حدیثوں سے تعداد میں بھی زیادہ ہوں تو وہ ان کے مطابق رائے اختیار کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس کی ایک مثال پرتی زمینوں کے سلسلہ میں مزارعت اور مساقات کا معاملہ ہے۔ اس مسئلہ میں بھی انہوں نے امام ابو حنیفہ سے، جن کے نزدیک یہ معاملہ ناجائز ہے اختلاف کیا ہے اور اپنے پہلے استاد محمد بن عبد الرحمٰن، ابن ابی لیلیٰ (م 148ھ / 765ء) کی رائے سے اتفاق کیا ہے جو اس کے جواز کے قائل ہیں۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

اتبعنا الاحادیث التی جاءت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مساقاۃ خیبر لانھا اوثق عندنا و اکثر و اعم مما جاء فی خلافھا من الاحادیث (63)

"ہم نے ان احادیث کی پیروی کی ہے جو خیبر کی مساقاۃ کے سلسلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں کیونکہ جو حدیثیں ان کے خلاف جاتی ہیں ان سے یہ احادیث ہماری نظر میں زیادہ قابل اعتماد، زیادہ عموم کی حامل اور تعداد میں بھی زیادہ ہیں۔"

اقوال صحابہؓ

صحابہ کرام کے اقوال کو اصطلاح میں آثار سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ اگرچہ بعض علماء نے اقوال صحابہؓ کے حجت ہونے میں اختلاف کیا ہے لیکن صحیح رائے یہی ہے کہ اقوال صحابہ دین میں حجت ہیں اور اس کے نقلی و عقلی دلائل موجود ہیں۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ... (64)

"اور جن لوگوں نے سبقت کی (یعنی سب سے) پہلے (ایمان لائے) مہاجرین سے بھی اور انصار میں سے بھی اور جنہوں نے نیکوکاری کے ساتھ ان کی پیروی کی خدا ان سے خوش ہے اور وہ خدا سے خوش ہیں ..."

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اصحابی کالنجوم فبایھم اقتدیتم اھتدیتم (65)

"میرے صحابہ ستاروں کی طرح ہیں۔ ان میں سے جس کی پیروی کرو گے تو ہدایت ہی پاؤ گے۔"

خصوصاً خلفائے راشدین کے بارے میں آپؐ نے فرمایا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فعلیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین المهدیین (66)

"پس تم پر میری اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت لازم ہے۔"

چونکہ صحابہ کرام" نے نزول وحی کا زمانہ پایا اور ان کے دل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے سرشار تھے اس لئے وہ شریعت کے احکام اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی منشاو مراد سے سب سے زیادہ واقف اور اس کو سمجھنے والے تھے اس لئے ان کے اقوال و افعال بھی حجت ہیں۔

اقوال صحابہؓ کے بارے میں امام ابویوسف کا نظریہ

اقوال صحابہ کے بارے میں امام ابویوسف کا موقف یہ ہے کہ اگر صحابی کا قول قرآن و سنت کے خلاف نہ ہو اور ایسے معاملات میں ہو جہاں اجتہاد اور رائے جاری نہ ہو تو اس صورت میں شرعی حجت ہے کیونکہ وہ مسئلہ جس کا تعلق اجتہاد اور رائے سے نہ ہو اس کے بارے میں کوئی جلیل القدر صحابی اس وقت تک فتویٰ نہیں دے سکتا جب تک کہ اس کے پاس کوئی شرعی سند نہ ہو۔

اسی طرح اگر کسی عام ضرورت کے وقت کسی بڑے صحابی نے کوئی فتویٰ دیا ہو اور دیگر صحابہ نے اس کا انکار نہ کیا بلکہ وہ خاموش رہے ہوں تو یہ بھی امام ابویوسف کے نزدیک شرعی حجت ہے کیونکہ یہ ایسے اجماع کے مانند ہے جسے سب لوگوں نے اپنی خاموشی کے ذریعے تسلیم کر لیا ہو۔ (67)

امام ابویوسف جب کسی مسئلہ میں اجتہاد کرتے اور اس میں صحابہ کرام کے اقوال بھی ہوتے تو ان میں سے کسی قول کا انتخاب کرتے۔ خاص طور پر انہوں نے حضرت علی بن ابی طالبؓ (م 40ھ / 661ء) حضرت عمر بن الخطابؓ (م 24ھ / 645ء)، حضرت عبداللہ بن عباسؓ (م 68ھ / 687ء) اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ (م 32ھ / 653ء) کے اقوال و فتاویٰ سے استناد کیا ہے۔

امام ابویوسف قول صحابی کو قیاس پر مقدم کرتے تھے۔ امام سرخسی لکھتے ہیں۔

و ذکر ابوبکر الرازی عن ابی الحسن الکرخی رحمه الله انه کان یقول = اری ابا یوسف یقول فی بعض مسائله = القیاس کذا الا انی ترکته للاثر و ذلک الاثر قول واحد من الصحابة فهذه دلالة بینة من مذهبه علی تقدیم قول الصحابی علی القیاس (68)

"اور ابوبکر الرازی نے ابوالحسن کرخی سے (نقل کرتے ہوئے) ذکر کیا ہے کہ وہ کہتے تھے کہ میں نے ابویوسف کو بعض مسائل میں یہ کہتے ہوئے دیکھا کہ قیاس اس طرح ہے لیکن میں اسے اثر کی وجہ سے چھوڑتا ہوں اور یہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اثر (بعض اوقات) کسی ایک صحابی کا قول ہوتا۔ پس یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ ابویوسف کے مذہب میں صحابی کے قول کو قیاس پر فوقیت حاصل ہے۔"

قول صحابی کو قیاس پر مقدم کرنے کی مثال امام ابویوسف کا وہ موقف ہے جو انہوں نے بصرہ کی اراضی کے بارے میں اختیار کیا۔ احیائے موات کے بعد متعلقہ اراضی پر عشر یا خراج عائد کرنے کے بارے میں امام ابویوسف کا اصولی نظریہ تو یہ ہے کہ اس کا محل وقوع دیکھا جائے گا۔ اگر اس کا محل وقوع خراجی زمین کے متصل ہے تو یہ خراجی ہوگی۔ اگر عشری زمین کے قرب وجوار میں ہے تو یہ عشری ہوگی۔

امام ابویوسف کے نزدیک بصرہ کی اراضی کے بارے میں قیاس یہ تھا کہ وہ خراجی ہو کیونکہ وہ خراجی اراضی کے قرب وجوار میں ہے لیکن چونکہ صحابہ کرام نے اس پر عشر مقرر کیا تھا تو ان کے اجماع کے پیش نظر قیاس کو ترک کر دیا۔ چنانچہ امام ابویوسف کے نزدیک بصرہ کی ساری زمین عشری ہے۔ (69)

آثار صحابہؓ سے استدلال کی مثالیں

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں کئی مقامات پر آثار صحابہ سے استدلال کیا ہے۔ ذیل میں چند ایک مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

(1) امام ابوحنیفہ اور ابن ابی لیلیٰ کے نزدیک سمندر سے نکالے جانے والے عنبر اور زیور بنانے کے لائق چیزوں میں خمس (1/5) واجب نہیں ہے۔ (70) لیکن امام ابویوسف نے اپنے دونوں اساتذہ سے اختلاف کرتے ہوئے یہ رائے دی ہے کہ ان دونوں چیزوں سے خمس لیا جائے گا۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و اما انا فانی اری فی ذلک الخمس و اربعة اخماسه لمن اخرجه لانا قد روینا فیه حدیثا عن عمر رضی اللّٰه عنه و وافقه علیه عبداللّٰه بن عباس فاتبعنا الاثر و لم نر خلافه (71)

"مگر جہاں تک میرا تعلق ہے' میرا خیال یہ ہے کہ ان میں خمس لیا جائے گا اور باقی 5/4 حصہ اس کے لئے ہے جس نے اسے نکالا ہو۔ (یہ رائے رکھنے کی) وجہ یہ ہے کہ اس باب میں ہم سے عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث بیان کی گئی ہے اور اس پر عبداللہ ابن عباس نے عمر سے اتفاق رائے ظاہر کیا ہے۔ چنانچہ ہم نے اس اثر کا اتباع کیا ہے اور اس کے خلاف جانا مناسب نہیں سمجھا۔"

اس کے بعد امام ابویوسف حضرت عمرؓ کے اس اثر کو نقل کرتے ہیں۔

(2) امام ابویوسف کے نزدیک حاکم کو زمین پر خراج عائد کرتے وقت کمی بیشی کا اختیار حاصل ہے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ کے عمل سے استناد کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان عمر رضی اللہ عنہ جعل علی اھل السواد (72)

"یہ کہ حضرت عمرؓ نے باشندگان سواد کے سلسلہ میں یہ طرز عمل اختیار کیا تھا۔"

(3) مویشیوں پر زکوٰۃ کے ضمن میں امام ابویوسف کا فکر یہ ہے کہ محنت کرنے والے اونٹوں اور بیلوں میں صدقہ واجب نہیں۔ کتاب الخراج میں اپنے رائے پیش کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔

و ھو قول علی رضی اللہ عنہ (73)

"اور یہی حضرت علیؓ کی رائے بھی ہے۔"

(4) مصارف زکوٰۃ کے ضمن میں اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بہت سے لوگوں کو تالیف قلب کے لئے زکوٰۃ دی جاتی تھی۔ لیکن اس امر میں اختلاف ہے کہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی یہ مد باقی ہے یا نہیں؟

امام ابویوسف نے حضرت عمرؓ کی رائے سے استدلال کرتے ہوئے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ اب یہ مد ساقط ہو گئی۔ (74) انہوں نے حضرت عمرؓ کے ان الفاظ سے استدلال کیا جو انہوں نے عیینہ بن حصن اور اقرع بن حابس کو کہے تھے۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یتالفکما والاسلام یومئذ قلیل و ان اللہ قد اغنی الاسلام (75)

"بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تم لوگوں کو تالیف قلب کے لئے دیتے تھے مگر وہ اسلام کی کمزوری کا زمانہ تھا اور (اب) بے شک اللہ تعالیٰ نے اسلام کو (تم جیسے لوگوں سے) بے نیاز کر دیا ہے۔"

اجماع

لغت میں اجماع کے معنی پختہ ارادہ کرنا اور کسی چیز پر متفق ہونا ہے۔ (76) اصطلاح شرع میں اس کی تعریف یہ کی گئی ہے۔

ھو اتفاق المجتھدین من ھذہ الامۃ فی عصر علی امر من الامور (77)

"وہ اس امت کے مجتہدین کا اتفاق ہے کسی بھی زمانہ میں امور مہمہ میں سے کسی امر پر۔"

اجماع کی حجیت کے دلائل قرآن و حدیث اور اقوال صحابہ سے ملتے ہیں۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَ مَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَ يَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ (78)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"اور جو شخص سیدھا رستہ معلوم ہونے کے بعد رسولؐ کی مخالفت کرے اور مومنوں کے راستے کے سوا اور راستے پر چلے تو جدھر وہ چلتا ہے ہم اسے ادھر ہی چلنے دیں گے اور (قیامت کے دن) اس کو جہنم میں داخل کریں گے اور وہ بری جگہ ہے۔"

اس ضمن میں ایک اہم روایت وہ ہے جسے مجمع الزوائد میں حضرت علیؓ سے نقل کیا گیا ہے۔ حضرت علیؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اگر کوئی ایسا معاملہ پیش آجائے جس میں قرآن و سنت میں حکم نہ ہو تو کیا کروں؟ آپؐ نے فرمایا۔

شاوروا فیہ الفقہاء والعابدین ولا تمضوا فیہ رای خاصۃ(79)

"اس معاملہ میں فقہاء اور عابدین سے مشورہ کرلو اور اس میں کسی کی شخصی رائے نافذ نہ کرو۔"

حضرت عبداللہؓ بن مسعود کا یہ ارشاد بھی اجماع کے حجت ہونے پر شاہد ہے۔

ما راہ المسلمون حسنا فھو عنداللہ حسن(80)

"جس چیز کو مسلمان اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھی ہے۔"

قرآن و حدیث کے ان واضح فرامین کی روشنی میں علماء کی اکثریت اجماع کو حجت شرعیہ تسلیم کرتی ہے۔ یعنی اس کے ذریعہ جو بات ثابت ہو اس پر عمل کرنا ہر مسلمان پر لازم ہے۔ البتہ ابراہیم بن سیار النظام (م 331ھ / 943ء) نے حجیت اجماع کا انکار کیا ہے۔ اور شیعہ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اجماع کرنے والوں میں جب تک ائمہ معصومین میں سے کوئی ایک شامل نہ ہو اس وقت تک اجماع معتبر نہیں ہے۔(81)

اجماع، امام ابو یوسف کی نظر میں

امام ابو یوسف کے نزدیک اجماع کی دونوں اقسام (یعنی قولی و سکوتی) دین میں حجت ہیں۔ انہوں نے کتاب الخراج میں صحابہ کرام کے اجماع کو نقل کیا ہے آپ بعض اوقات فقہائے عراق کے اجماع سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ کتاب الخراج میں "وعلیہ اصحابنا" اور "علیہ فقہاونا" یا "علیہ جماعۃ اھل العلم" کے الفاظ ملتے ہیں۔

امام ابو یوسف اس اجماع کو حجت تسلیم کرتے ہیں جس کے شرکاء قرآن و سنت کی گہری بصیرت رکھتے ہوں۔ اور وہ اہل بدعت سے نہ ہوں۔ علم و عمل سے عاری لوگوں کا اجماع آپ کے نزدیک حجت نہیں۔ اس کی دلیل ہمیں اس اختلاف سے ملتی ہے جو آپ نے ایک مسئلہ میں اجماع کے منعقد ہونے پر، عبدالرحمٰن بن عمرو بن یحمد، الاوزاعی (م 157ھ / 774ء) کے ساتھ کیا ہے۔ الاوزاعی یہ رائے دیتے ہیں کہ جہاد میں گھوڑے کو مال غنیمت میں سے دو حصے

toobaa-elibrary.blogspot.com

دیئے جائیں گے لیکن اس کا اطلاق صرف عربی گھوڑے پر ہو گا۔ ترکی گھوڑے کو حصہ نہیں دیا جائے گا۔ کیونکہ ان کے نزدیک ترکی گھوڑا معروف نہیں ہے۔ پھر وہ اپنے موقف کی تائید میں کہتے ہیں کہ گذشتہ زمانے میں ائمہ اسلام ترکی گھوڑے کو حصہ نہیں دیتے تھے۔ امام ابویوسف اپنی کتاب "الرد علی سیر الاوزاعی" میں ان کی تردید کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

فما کنت احسب احدا یجهل هذا و لا یمیز بین الفرس والبرذون، و من کلام العرب المعروف الذی لا تختلف فیه العرب ان تقول = هذه الخیل و لعلها براذین کلها اوجلها، و یکون فیها المقاریف ایضا، و مما نعرف نحن فی الحرب ان البراذین اوفق لکثیر من الفرسان میں الخیل = فی لین عطفها، و قودها، وجودتها، مما لم یبطل الغایة و اما قول الاوزاعی = " علی هذا کانت ائمة المسلمین فیما سلف" فهذا کما وصف من اهل الحجاز، او رای بعض مشائخ الشام ممن لا یحسن الوضوء و لا التشهد و لا اصول الفقه(82)

"میں نہیں سمجھتا تھا کہ کوئی شخص (یعنی امام اوزاعی) اس بات سے بھی بے خبر ہوں گے اور وہ فرس (گھوڑا) اور برذون (ترکی گھوڑا) میں فرق نہیں کریں گے۔ حالانکہ عرب کے معروف کلام، جس میں عرب (ذرہ بھر) اختلاف نہیں کرتے (اس طرح ہے) وہ بولتے ہیں کہ هذه الخیل (یہ گھوڑے ہیں) اور ہو سکتا ہے کہ وہ سب ترکی گھوڑے ہوں یا اکثر ان میں سے ترکی ہوں اور اس میں سرخ گھوڑے بھی شامل ہوں اور ہمیں معلوم ہے کہ لڑائی میں ترکی گھوڑے بہت سے (عربی) گھوڑوں کی نسبت، بڑی آسانی سے پھر جانے میں، اور آگے بڑھنے میں اور عمدگی میں برتر ہوتے ہیں اس طرح (عربی گھوڑوں) کی غرض پوری ہو جاتی ہے۔ باقی رہا (امام) اوزاعی کا یہ کہنا کہ "سلف (صالحین) میں مسلمانوں کے ائمہ کا نظریہ یہی تھا۔" ہو سکتا ہے کہ یہ اہل حجاز میں سے کسی کا وصف ہو۔ یا آپ نے مشائخ شام میں سے کسی ایسے شخص کو دیکھا جسے نہ اچھی طرح وضو کرنا آتا ہو، نہ تشہد سے آشنا ہو اور نہ اصول فقہ سے (اسے کوئی دلچسپی ہو)۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں امام ابویوسف نے انعقاد اجماع کا انکار کیا ہے کیونکہ یہ ان لوگوں کا خیال ہے جو علماء شمار نہیں ہوتے۔

مثالیں

(1) امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ کسی شخص کا مال اس کی مرضی کے بغیر نہیں لیا جا سکتا۔(83) انفرادی

toobaa-elibrary.blogspot.com

حق ملکیت کے بارے میں انہوں نے جو رائے دی ہے اس پر امت کے فقہاء کا اجماع ہے۔ ابو الولید محمد بن احمد' ابن رشد (م 595ھ / 1199ء) اپنی کتاب "بدایۃ المجتہد و نہایۃ المقتصد" میں لکھتے ہیں۔

لا یحل مال احد الا بطیب نفس منہ' کما قال علیہ الصلاۃ والسلام وانعقد علیہ الاجماع (84)

"کسی شخص کا مال اس کی خوش دلی کے بغیر حلال نہیں ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اور اس پر اجماع منعقد ہو چکا ہے۔"

(2) وقف کے لازم ہونے کے سلسلہ میں امام ابو یوسف نے اپنے استاد امام ابو حنیفہ سے اختلاف کیا ہے۔ ان کی یہ اختلافی رائے صحابہ کرام کے اجماع سے ماخوذ ہے۔ امام ترمذی نے "جامع الترمذی" میں لکھا ہے کہ وقف کے لازم ہونے پر صحابہ کرام کا اجماع ہے۔ (85)

(3) امام ابو یوسف نے جزیرۃ العرب کی تمام زمینوں کو عشری قرار دیا ہے۔ عرب کی بعض زمینوں پر اصولاً" خراج ہونے کا اطلاق ہونا چاہئے اس لئے کہ قہراً" اور عنوۃ فتح ہوئی تھیں اور وہ زمینیں بدستور مالکان کے قبضہ میں رہیں۔ مثلاً مکہ مکرمہ کی زمین حسب دستور مالکان کے قبضہ میں رہی جس کا تقاضا یہ تھا کہ وہاں کی زمین خراجی ہو۔ لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کی زمین کو عشری قرار دیتے ہوئے اس سے عشر وصول کرایا۔ آپؐ کے بعد خلفائے راشدین نے بھی عرب کی تمام زمینوں کو عشری قرار دیا۔

امام ابو یوسف کے نزدیک اس بات پر صحابہ کا اجماع ہے کہ عرب کی تمام زمینیں عشری ہیں۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و اما الخوارج فانھم اخطاوا الحجۃ و جعلوا قری عربیۃ بمنزلۃ قری عجمیۃ و لم یاخذوا بما اجتمع علیہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و قول عمر و علی - و من اجتمع من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھم احسن تاویلا و توفیقا من الخوارج (86)

"خوارج راہ راست سے بھٹک گئے اور انہوں نے عرب کی بستیوں کو وہی مقام دیا جو عجم کی بستیوں کو حاصل ہے۔ ان لوگوں نے اس بات کو اختیار نہیں کیا جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابیوں کا اجماع ہو چکا ہے۔ اور جو کہ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کی رائے ہے۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جن صحابیوں کا اجماع ہے وہ تحقیق کرنے اور توفیق پانے دونوں اعتبار سے خوارج سے بہتر تھے۔"

(4) امام ابو یوسف کے قول کے مطابق بصرہ کی زمین خراجی ہونی چاہئے اس لئے کہ بصرہ ایک نئی آبادی ہے۔ مسلمانوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے وہاں کی زمین کو امام وقت کی اجازت سے قابل کاشت بنایا اور وہ خراجی زمین سے متصل بھی ہے۔ لیکن صحابہ کرام نے بصرہ کی زمین کو عشری قرار دیا۔ اس لئے اجماع کی وجہ سے قیاس کو ترک کر دیا گیا۔ ابو بکر بن مسعود الکاسانی (م 587ھ / 1191ء) لکھتے ہیں۔

و قیاس قول ابی یوسف ان تکون البصرة خراجیة لانها من حیز ارض الخراج و ان احیاها المسلمون الا انه ترک القیاس باجماع الصحابة رضی الله عنهم حیث وضعوا علیها العشر (87)

قیاس

لغت میں اس کے معنی تقدیر (اندازہ لگانے) کے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قست الارض بالقصبة" (میں نے زمین کو ناپنے کی لکڑی سے ناپا) لغوی اعتبار سے قیاس میں اصل اور فرع کے درمیان "تساوی" ضروری ہے۔ نیز یہ بھی ضروری ہے کہ اصل اور فرع کے درمیان اصل کے حکم سے جو علت مستنبط ہو رہی ہے ان کے مابین استواء ہو۔ (88)

مختلف علماء نے قیاس کی تعریف کا تعین کیا ہے لیکن راقم الحروف کی رائے میں ابو زہرہ کی تعریف جامع ترین ہے۔ لکھتے ہیں۔

بانه الحاق امر غیر منصوص علی حکمه بامر آخر منصوص علی حکمه للاشتراک بینهما فی علة الحکم (89)

"یعنی علت حکم میں مشارکت کے باعث امر غیر منصوص کا حکم امر منصوص کے مطابق بیان کیا جائے۔"

قیاس کا مرتبہ اگرچہ کتاب و سنت اور اجماع کے بعد ہے لیکن یہ اپنے دائرہ اثر کے لحاظ سے اجماع کے مقابلہ میں کہیں زیادہ وسیع ہے۔ کیونکہ اجماعی مسائل عملاً" محدود اور معدودے چند ہیں۔ بخلاف قیاس کے کہ اس میں تمام مجتہدین کا اتفاق شرط نہیں بلکہ ہر مجتہد کتاب و سنت میں اپنی بصیرت سے کام لیتے ہوئے ہر ایسے مسئلہ میں قیاس کرتا ہے جس کا کوئی حکم کتاب و سنت میں موجود نہ ہو اور نہ اس کے کسی حکم پر اجماع ہو چکا ہو۔

النظام معتزلی، داؤد ظاہری اور کچھ شیعہ فرقوں نے قیاس کی حجیت کا انکار کیا ہے۔ (90) لیکن جمہور علماء اس کے قائل ہیں اور اس ضمن میں ان کے پاس قرآن و سنت اور صحابہ کرام کے عمل سے کثیر دلائل موجود ہیں۔ ارشاد ربانی ہے۔

فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ ... (91)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"پھر اگر تم میں باہم اختلاف ہو جائے کسی چیز میں تو اس کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف پھیر دیا کرو۔"

حدیث معاذؓ میں جس اجتہاد کا ذکر ہے اس سے یہی قیاس ہی مراد ہے۔

قیاس، امام ابو یوسف کے فکر میں

دیگر ائمہ احناف کی طرح امام ابو یوسف کے فکر میں بھی قیاس کی مثالیں کثرت سے ملتی ہیں۔ قرآن و سنت اور آثار صحابہ میں اگر کسی مسئلہ کا حل نہ ملتا ہو تو آپ اجتہاد فرماتے۔ آپ کی دو مطبوعہ تصانیف "کتاب الخراج" اور "الرد علی سیر الاوزاعی" میں قیاس کی مثالیں کثرت سے ملتی ہیں۔

امام ابو یوسف کے نزدیک مقیس علیہ کے لئے نص (کوئی آیت یا حدیث) ہونا ضروری نہیں۔ آپ قیاس سے ماخوذ حکم پر بھی قیاس کرتے ہیں۔ جس طرح کہ انہوں نے کتاب الخراج میں مزارعت کے مسئلہ میں دلیل دیتے ہوئے یہ کہا ہے کہ یہ معاملہ مضاربت کی طرح ہے۔ کیونکہ دونوں قسم کے معاہدوں (یعنی مزارعت اور مضاربت) میں نفع معلوم نہیں ہے۔ (92)

کتاب الخراج کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگر آپ کے قیاس اور اقوال صحابہ کے مابین ظاہری تعارض نظر آتا ہے تو آپ اس کی وضاحت فرماتے ہیں۔ مثلاً امام ابو یوسف نے خلیفہ ہارون الرشید کو اہل خراج سے جس نسبت سے محاصل لینے کی تاکید کی وہ حضرت عمرؓ کی مقرر کردہ شرح سے کم تھی۔ چنانچہ آپ سے سوال کیا گیا کہ آپ نے حضرت عمرؓ کی شرح کو بدل کر اپنی طرف سے خراج کی شرحیں کیوں تجویز کی ہیں۔ آپ اس کے جواب میں لکھتے ہیں۔

ان عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ رای الارض فی ذلک الوقت محتملة لما وضع علیها و لم یقل حین وضع علیها ما وضع من الخراج ان هذا الخراج لازم لاهل الخراج و حتم علیها و لا یجوز لی و لمن بعدی من الخلفاء ان ینقص منه ولا یزید فیه (93)

"حضرت عمرؓ نے جب یہ محاصل عائد کئے تھے اس وقت آپ کی نظر میں زمین ان کو برداشت کرنے کے قابل تھی، لیکن یہ خراج عائد کرتے وقت آپ نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ اہل خراج پر ہمیشہ اسی مقدار خراج کی ادائیگی لازم رہے گی اور میرے بعد آنے والے خلفاء کو اس میں کمی بیشی کا اختیار نہ ہوگا۔"

مثالیں

ہم یہاں امام ابو یوسف کی چند وہ آراء پیش کرتے ہیں جن میں آپ نے قیاس کیا ہے۔

(1) جمہور علماء کے نزدیک شہد پر عشر واجب نہیں۔ (94) کیونکہ اس ضمن میں تمام روایات سند کے لحاظ سے ضعیف

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں۔ امام ابو یوسف کے نزدیک شہد میں عشر ہے ان کا استدلال یہ ہے کہ شہد درختوں اور پھلوں سے حاصل ہوتا ہے اور یہ تولا جاتا ہے اور اس کا ذخیرہ ہو سکتا ہے۔ اس لئے قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ اس پر عشر واجب ہو۔

(2) امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں اقطاع پر بحث کرتے ہوئے خلیفہ کو یہ حق دیا ہے کہ وہ کسی کو زمین کا کوئی ٹکڑا بطور جاگیر دے۔ وہ زمین کو مال و دولت پر قیاس کرتے ہیں۔ چنانچہ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

والارض عندی بمنزلة المال(95)

"اور زمین میرے نزدیک مال کی طرح ہے۔"

(3) موات زمینوں کی آبادکاری کے لئے امام ابو حنیفہ حکومت کی اجازت ضروری قرار دیتے ہیں۔ لیکن امام ابو یوسف نے احادیث کی روشنی میں یہ رائے قائم کی ہے کہ حکومت کی اجازت کے بغیر بھی موات زمینوں کو آباد کرنے والا مالک بن جاتا ہے وہ کہتے ہیں کہ ان کے موقف کی تائید قیاس سے بھی ہوتی ہے۔ مثلاً ایک شخص اگر سمندر یا نہر سے پانی لے لیتا ہے تو ایسا کرنے سے وہ مالک بن جاتا ہے۔ اگرچہ حاکم اس کو لینے کی اجازت نہ دے اور نہ اس کو اس کی ملک قرار دے۔ اسی طرح اگر ایک شخص شکار کرتا ہے تو وہ اس کی ملکیت ہو جاتا ہے۔ وہ حاکم کی اجازت کا محتاج نہیں ہوتا۔ وہ کہتے ہیں کہ یہی حال موات زمینوں کا ہے کہ ان پر کسی کی ملکیت نہیں ہے۔ لہٰذا اگر کوئی ایسی زمینوں کا کوئی ٹکڑا آباد کرے تو وہ اس کی ملکیت ہو جائے گا۔(96)

استحسان

لغت میں اس کے معنی "بہتر خیال کرنا" (97) ہے۔ شرعی اصطلاح میں اس کو قیاس جلی کے مقابلہ میں قیاس خفی پر محمول کیا جاتا ہے۔ امام سرخسی اپنی کتاب "المبسوط" میں لکھتے ہیں۔

الاستحسان ترک القیاس والاخذ بما هو اوفق للناس(98)

"استحسان قیاس کو چھوڑ کر لوگوں کے حالات سے موافقت رکھنے والے احکام کو اپنانے کا نام ہے۔"

دوسرے لفظوں میں استحسان اس دلیل شرعی کو کہتے ہیں جس کا مقصد قیاس کو چھوڑ کر ایسی راہ اختیار کرنا ہے جس کی عرف، مصلحت یا ضرورت و حاجت متقاضی ہو۔ استحسان کے جواز میں قرآن حکیم کی درج ذیل آیت پیش کی جا سکتی ہے۔

يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ (99)

"اللہ تمہارے حق میں سہولت چاہتا ہے اور تمہارے حق میں دشواری نہیں چاہتا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو یوسف اور استحسان

استحسان کا مفہوم ہم امام ابو یوسف کے اس قول سے بھی اخذ کر سکتے ہیں۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

القیاس کان.... الا انی استحسنت(100)

"قیاس چاہتا تھا کہ ایسا ہو لیکن میں نے اسے بہتر جانا۔"

استحسان کی اصطلاح سب سے پہلے کس نے رائج کی؟ اس کا فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ گولڈزیہر (Goldziher) کی رائے یہ ہے کہ استحسان جیسا تصور اور طرز عمل امام ابو حنیفہ سے پہلے بھی موجود تھا لیکن خاص استحسان کی اصطلاح کو سب سے پہلے امام ابو یوسف نے استعمال کیا ہے۔(101) تاہم امام محمد متعدد مسائل میں استحسان کی اصطلاح کو امام ابو حنیفہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔(102)

امام ابو یوسف طریق استحسان پر عملدر آمد اور استحسان کی رو سے اخذ احکام کے باب میں بڑی شہرت رکھتے ہیں۔ استنباط استحسان کے باب میں ان کو ید طولیٰ حاصل تھا۔ چنانچہ بکثرت مسائل ایسے ہیں جہاں اگر قیاس ظاہر کی بناء پر احکام کا اثبات کیا جاتا تو کئی الجھنیں پیدا ہوتیں۔ اس لئے مصلحت دینی اور داعیہ ضرورت کے پیش نظر ان معاملات میں ظاہری قیاس پر اصرار کرنے سے اعراض کرتے ہوئے انہوں نے استحسان کا طریقہ اختیار کر کے مسائل حل کئے ہیں۔ اور بڑے نادر استحسانی استنباط کے نمونے پیش کئے ہیں۔

آپ جب بھی قیاس سے انحراف کر کے استحسان کو اختیار کرتے ہیں تو کسی ذاتی رجحان یا رائے کی وجہ سے نہیں بلکہ بعض ایسے مضبوط اور ٹھوس دلائل کی بناء پر جن کی گنجائش قانون میں موجود ہوتی ہے۔

مثالیں

ہم یہاں استحسان کی چند مثالیں بیان کرتے ہیں تاکہ امام ابو یوسف کے بعض اقوال میں اس کے اثر کا اندازہ ہو سکے۔

(1) بیوی کے نان و نفقہ کا ذمہ دار شوہر ہے۔ اس لئے اگر شوہر کے سفر کا اندیشہ ہو تو امام ابو یوسف نے استحسان کی بناء پر عورت کو یہ حق دیا ہے کہ وہ ایک مہینہ کے نفقہ کے لئے شوہر سے سفر سے پہلے ہی کوئی کفیل مقرر کرا لے۔(103)

(2) اگر کوئی عورت مرض وفات میں مرتد ہو جائے تو قیاس ظاہر کی رو سے شوہر اس کا وارث قرار نہیں پاتا لیکن امام ابو یوسف نے بربنائے استحسان شوہر کو اس کی میراث کا حقدار ٹھہرایا ہے۔(104)

(3) اجیر مشترک کو اگر کوئی چیز بننے کے لئے دی جائے اور اس کے پاس وہ چیز ضائع ہو جائے جس میں اس کا کوئی عمل دخل نہ ہو تو امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ اس سے تاوان نہیں لیا جائے گا۔(105) کیونکہ وہ چیز جو تلف ہوئی ہے اجیر کے ہاتھ میں امانت تھی اور امانت کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ ضائع ہو جائے تو اس کا تاوان اس پر نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ اس سے تاوان لیا جائے گا۔(106) اس لئے کہ اس کے اوپر یہ ذمہ داری تھی کہ وہ اس چیز کی حفاظت کرے جس کو اس نے اپنے ذمہ اور قبضہ میں لیا ہے۔ قیاس کی رو سے تو یہی بات درست ہے کہ تاوان نہ لیا جائے لیکن امام ابو یوسف نے استحسان کی رو سے تاوان عائد کرنے کی رائے دی ہے تاکہ لوگوں کی چیزوں اور اموال کی حفاظت ہو سکے۔ اور اجیر اپنی ذمہ داری کا احساس کرے اور اپنے فائدہ کے لالچ میں دوسروں کا نقصان نہ کرے۔

(4) اگر کوئی آدمی کسی مزدور کے ذریعہ مسلمانوں کی عام راہ گزر میں کنواں کھدوائے اور اس کے لئے حکومت کی اجازت حاصل نہ کی گئی ہو۔ پھر اس کنوئیں میں کوئی آدمی گر کر ہلاک ہو جائے تو قیاس کی رو سے اس کی دیت کنواں کھودنے والے مزدور کے عاقلہ کے ذمہ ہونی چاہئے لیکن امام ابو یوسف استحسان کی رو سے دیت مستاجر کے عاقلہ کے ذمہ عائد کرتے ہیں۔ آپ کتاب الخراج میں قیاس کو ترک کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے کہتے ہیں۔

فالقیاس ان یکون الضمان علی الاجیر' و لکنا ترکنا القیاس فی ذلک لان الاجراء لا یعرفون اذا تقام ذلک فالضمان علی عاقلة المستاجر (107)

"پس قیاس کی رو سے اس کی ضمان مزدور کے سر ہونی چاہئے لیکن ہم نے اس مسئلہ میں قیاس کو نہیں اختیار کیا ہے کیونکہ جب اس (کنوئیں کی تعمیر) پر زیادہ عرصہ گزر جاتا ہے تو مزدوروں کا پتہ نہیں ملتا چنانچہ مرنے والے کی ضمان مستاجر کے عاقلہ کے ذمہ ہوگی۔"

(5) بازیافتہ اموال مسروقہ کے سلسلہ میں امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اگر کوئی شخص یہ دعویٰ لے کر آئے کہ فلاں مال اس کا ہے اور وہ ثقہ' امانت دار اور راست باز ہو تو اسے وہ مال دے دیا جائے۔ البتہ اس سے اس بات کی ضمانت حاصل کر لی جائے کہ اگر بعد میں کوئی دوسرا فرد اس مال کا حقدار ثابت ہو گیا تو وہ اس کو واپس کر دے۔ قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ جب تک مدعی اپنے دعویٰ کا ثبوت فراہم نہ کرے اس کا دعویٰ تسلیم نہ کیا جائے۔ لیکن امام ابو یوسف استحسان کی رو سے ایسا کہتے ہیں۔ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و ھذا استحسان لانه ربما لا یمکن الرجل البینة علی متاع او مال انه له و ھو فی نفسه ثقة لیس ممن یدعی ما لیس له (108)

"اور یہ حکم بطور استحسان تجویز کیا جا رہا ہے کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ آدمی کے لئے اپنے کسی سامان یا رقم کے سلسلہ میں اس بات کا ثبوت پیش کرنا ممکن نہیں ہوتا کہ وہ اس کی ملکیت ہے لیکن بذات خود وہ قابل اعتماد ہوتا ہے اور ان لوگوں میں سے نہیں ہوتا جو ملکیت کا جھوٹا دعویٰ لے کر کھڑے ہوں۔"

عرف

109

لغت میں عرف کے معنی "بلند اور نمایاں چیز" نیز "اچھا قول و عمل" کے ہیں۔(110) عادت کسی چیز کے بار بار ہونے

toobaa-elibrary.blogspot.com

یا کرنے کو کہتے ہیں۔ یہ عود و معاودت سے ماخوذ ہے۔(111) اسی لئے کہا جاتا ہے "العادۃ طبیعۃ ثانیۃ" یعنی عادت طبیعت ثانیہ ہے۔

فقہاء نے عرف و عادت کی جو تعریفیں متعین کی ہیں ان کے مطابق یہ دونوں الفاظ ہم معنی ہیں۔ ابو بکر احمد بن علی، الجصاص (م 370ھ / 981ء) "احکام القرآن" میں عرف کی تعریف یہ کرتے ہیں۔

والمعروف هو ما حسن فی العقل فعله و لم یکن منکرا عند ذوی العقول الصحیحة (112)

"اور معروف (عرف) وہ ہے جس کا کرنا عقلی طور پر پسندیدہ بھی ہو اور وہ عقل سلیم رکھنے والوں کے نزدیک ناپسندیدہ بھی نہ ہو۔"

زین العابدین بن ابراہیم، ابن نجیم (م 970ھ / 1562ء) نے اپنی کتاب "الاشباہ والنظائر" میں عادت کی یہ تعریف نقل کی ہے۔

العادة عبارة عما یستقر فی النفوس من الامور المتکررة المقبولة عند الطباع السلیمة و هی انواع ثلثة العرفیة والعامة کوضع القدم والعرفیة الخاصة کاصطلاح کل طائفة مخصوصة والعرفیة الشرعیة کالصلوة والزکوة (113)

"عادت سے مراد وہ امور ہیں جو بار بار کے تعامل سے سلیم الفطرت لوگوں کے دلوں میں راسخ ہو جاتے ہیں اور مقبول ہو جاتے ہیں۔ اس کی تین قسمیں ہیں (ایک) عرفیت عامہ جیسے قدم رکھنے (کے معنی ہر شخص جانتا ہے)۔ (دوسرے) عرفیت خاصہ جیسے ہر گروہ کی مخصوص اصطلاحیں ہیں اور (تیسرے) عرفیت شرعیہ جیسے صلوۃ اور زکوۃ (کا لفظ ہے۔)"

اس قسم کا عرف اسلامی قانون سازی میں ایک ماخذ کی حیثیت رکھتا ہے۔ قرآن و حدیث میں اس کے باقاعدہ دلائل موجود ہیں۔ ارشاد ربانی ہے۔

خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ○ (114)

"درگزر اختیار کیجئے اور نیک کام کا حکم دیتے رہیے اور جاہلوں سے کنارہ کر لو۔"

قرآن حکیم کی بہت سی آیات احکام جو نکاح، طلاق، وصیت، رضاعت وغیرہ ایسے موضوعات سے متعلق ہیں، ان میں اللہ تعالیٰ نے معروف کا لفظ استعمال کیا ہے۔

قرآنی آیات کے علاوہ متعدد احادیث میں بھی معروف کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ امام بخاری نے اپنی "صحیح"

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں عرف سے متعلق ایک مستقل باب قائم کیا ہے۔ جس کا عنوان یہ ہے۔

"باب من اجری امر الامصار علی ما یتعارفون بینھم فی البیوع والاجارۃ والمکیال والوزن' و سنتھم علی نیاتھم و مذاھبھم المشھورۃ" (115)

"خرید و فروخت' ٹھیکہ اور ناپ تول میں ہر شہر کے لوگوں کے عرف ان کے رسم و رواج' نیتوں' اور مشہور طریقوں پر حکم جاری ہو گا۔"

آپ نے اس باب میں یہ روایت نقل کی ہے۔

"عن عائشۃ رضی اللہ عنھا تقول (و من کان غنیا فلیستعفف و من کان فقیرا فلیاکل بالمعروف) انزلت فی والی الیتیم الذی یقیم علیہ و یصلح فی مالہ ان کان فقیرا اکل منہ بالمعروف" (116)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے فلیاکل بالمعروف کی تفسیر میں فرمایا کہ یہ یتیم کے سرپرست کے بارے میں نازل ہوئی جو اس کی تربیت کرے اور اس کے مال کی دیکھ بھال کرے۔ اگر وہ تنگ دست ہو تو دستور کے مطابق اس کے مال میں سے کھالے۔"

اس حدیث کو بیان کرنے سے پہلے امام بخاری نے "ترجمۃ الباب" (باب کے عنوان) میں بعض آثار ذکر کئے ہیں۔ ان آثار کے ضمن میں حضرت شریحؒ (م 78ھ / 697ء) کا یہ قول نقل کیا ہے کہ آپ نے سوت فروخت کرنے والوں سے فرمایا کہ تمہارے رسم و رواج ہی کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا (سنتکم بینکم) (117)

استنباط احکام میں امام ابو یوسف نے جن شرعی اصولوں پر اعتماد کیا ہے ان میں ایک عرف بھی ہے۔

امام ابو یوسف کی ایک خصوصیت

مجتہد میں جن شرائط اور اوصاف کا پایا جانا ضروری ہے ان میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ وہ زمانے کے حالات اور رسم و رواج سے بخوبی آگاہ ہو۔

امام ابو یوسف عمیق علمی تجربہ اور وسعت نظر کے ساتھ ساتھ دقیق عملی تجربات بھی رکھتے تھے۔ انہوں نے فقہ کے اصول و مبادی کو امام ابو حنیفہ سے اور قضاء کے مبادی کو ابن ابی لیلیٰ سے حاصل کیا تھا اور اپنی قابلیت اور محنت و کاوش سے ان پر اضافے کئے۔ عہدہ قضاء اور حکومتی معاملات میں عمل دخل کی وجہ سے وہ زمانے کے بدلتے ہوئے حالات سے بخوبی واقف تھے۔ ابن عابدین فرماتے ہیں۔

یفتی بقول ابی یوسف فیما یتعلق بالقضاء لکونہ جرب الوقائع و عرف احوال الناس (118)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"وہ معاملات جو قضا سے متعلق ہیں ان میں ابو یوسف کے قول کے مطابق فتویٰ دیا جائے گا اس لئے کہ انہیں نئے نئے حادثات اور واقعات کا تجربہ تھا اور وہ لوگوں کے حالات سے بخوبی واقف تھے۔"

نص خاص اور عرف میں تضاد کے بارے میں امام ابو یوسف کا موقف

امام ابو یوسف کی یہ خواہش تھی کہ احکام و مسائل کے اصل منشاء میں غور و فکر کر کے لوگوں کی عادات کے مطابق ان کے تعامل کو برقرار رکھا جائے۔ جمہور فقہاء تو نص خاص اور عرف میں تعارض کی صورت میں نص کو عرف پر ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک خواہ عرف و عادت کتنے ہی بدل جائیں نص کا اتباع ضروری ہے کیونکہ نص عرف و عادت اور اجتہاد وغیرہ سے زیادہ اہم اور مقدم ہے اور نص کی موجودگی میں اجتہاد کا سرے سے سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ویسے تو امام ابو یوسف کا موقف بھی یہی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ایک استثنائی صورت کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ آپ کی رائے یہ ہے کہ کتاب و سنت کی بعض نصوص عرف پر مبنی ہیں۔ یعنی اس زمانے میں جو عرف تھا اس کے حکم کے بارے میں نص وارد ہوئی اور اس قسم کی نص کو "النصوص العرفیہ" میں شمار کیا جاتا ہے اس قسم کی نصوص کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اگر بعد ازاں کسی زمانے میں عرف تبدیل ہو جائے تو پھر اس حکم میں بھی تبدیلی آ جائے گی۔ اور اس کا حکم نئے عرف کے مطابق نافذ ہو گا۔ اور اس سے مراد یہ نہیں کہ نص کو ترک کر دیا گیا ہے۔ (119)

دوسرے الفاظ میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ زمان و مکاں کے اختلاف اور حالات کی تبدیلی سے اجتہادات، احکام اور فتووں میں بھی تغیر و تبدل ہو جاتا ہے اور اس کا سبب علت یا عادت کی تبدیلی یا ضرورت و مصلحت کا تقاضا ہوتا ہے۔ ابو الحسن علی بن الحسین، المسعودی (م 346ھ / 957ء) نے اپنی کتاب "مروج الذھب" میں اور خطیب بغدادی نے "تاریخ بغداد" میں ایک واقعہ نقل کیا ہے۔ جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ امام ابو یوسف کے نزدیک زمان و مکان کے اختلاف اور حالات و عادات کی تبدیلی کی وجہ سے احکام میں بھی تغیر و تبدل ہو جاتا ہے۔

"ام جعفر (ہارون الرشید کی بیوی، اصل نام امتہ العزیز، لقب زبیدہ م 216ھ / 831ء) نے ایک مسئلہ کے بارے میں امام ابو یوسف سے استفسار کیا۔ آپ نے شریعت کے مطابق اور اپنے اجتہاد کی رو سے جو فتویٰ دیا وہ اتفاق سے اس کی خواہش کے مطابق تھا۔ اس کے صلہ میں اس نے ایک گرانقدر ہدیہ جس میں سونا، چاندی، گھوڑے اور درہم و دینار بھی تھے۔ امام صاحب کے پاس بھیجا۔ حاضرین مجلس میں سے ایک آدمی نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو ہدیہ ملے تو اس کے ہم نشین بھی اس میں اس کے شریک ہوتے ہیں۔ امام ابو یوسف نے برجستہ جواب دیا کہ یہ ارشاد نبوی اس موقع کے لئے تھا جب لوگوں کے پاس دودھ اور کھجوریں ہدیہ میں آتے تھے اور اب وہ عادت جس پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس حدیث کی بنیاد تھی اور جس میں اس کا لحاظ کیا گیا تھا بدل چکی ہے۔ اب لوگوں کے ہدیے سونا اور چاندی وغیرہ ہوتے ہیں لہٰذا اب ہدیہ میں حاضرین کا حصہ ضروری نہیں رہا۔" (120)

یعنی امام ابویوسف اپنے شعور (Common Sense) کو استعمال کرتے ہیں۔ عرف کی تبدیلی کی وجہ سے احکام میں تغیر و تبدل کی ایک عمدہ مثال امام ابویوسف کا وہ نظریہ ہے جو انہوں نے سونا' چاندی' گندم' جو اور کھجور کے باہمی مبادلہ (Mutual exchange) اور قرض لینے دینے کے بارے میں اختیار کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

الذ هب بالذ هب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير بالشعير والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل سواء بسواء يدا بيد فاذاختلفت هذه الاصناف فبيعوا كيف شئتم اذا كان يدا بيد (121)

"سونا' سونے کے بدلہ میں' چاندی' چاندی کے بدلہ میں' گندم' گندم کے بدلہ میں' جو' جو کے بدلہ میں' کھجور' کھجور کے بدلہ میں اور نمک' نمک کے بدلہ میں برابر برابر دست بدست بیچا جائے۔ پس جب اجناس مختلف ہوں تو جس طرح چاہو فروخت کرو لیکن بیع دست بدست ہو۔"

اس حدیث کی روشنی میں جمہور فقہاء کی رائے یہ ہے کہ جس زمانے میں بھی ان چیزوں کا مبادلہ ہو گا یا یہ چیزیں قرض میں لی یا دی جائیں گی تو تول کر یا ناپ کر' مثلاً آپ نے سونے اور چاندی کو تول کر اور بقیہ چیزوں کو ناپ کر مبادلہ کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ اس لئے اب جب بھی ان چیزوں کا مبادلہ ہو گا تو ہم مثل برابر اور دست بدست ہونے کے ساتھ ناپنے والی چیزوں کو ناپ کر مبادلہ ہو گا اور وزن کرنے والی چیزوں کا وزن کر کے مبادلہ ہو گا خواہ وہ چیزیں جو آپ کے زمانے میں تول کر فروخت ہوتی تھیں' ناپ کر فروخت ہونے لگیں۔ اور جو ناپ کر فروخت ہوتی تھیں وہ تول کر بکنے لگیں۔ ان کے نزدیک ان منصوص اشیاء میں مبادلہ کی کوئی دوسری صورت ممکن ہی نہیں ہے۔

لیکن امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ تمام قابل مبادلہ' قابل قرض اور قابل فروخت چیزوں میں اعتبار عرف کا کیا جائے گا۔ یعنی خرید و فروخت اور مبادلہ میں جو طریقہ بھی عام طور پر رائج ہو گا اس کے مطابق ہم جنس چیزوں کا مبادلہ ہو گا۔ اس طرح وہ چیزیں جن کے بارے میں حدیث موجود ہے ان کے مبادلہ میں بھی عرف ہی کا اعتبار کیا جائے گا۔

وہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں گندم اور جو کیلی چیزوں میں سے تھے اور ان کو پیمانہ سے ناپ کر فروخت کیا جاتا تھا جس کا ذکر احادیث میں اسی حیثیت سے موجود ہے۔ لیکن اب ہمارے زمانے میں اختلاف عادت کی وجہ سے یہ وزنی چیزوں میں شامل ہیں اور ان کو تول کر فروخت کیا جانے لگا ہے۔ اس لئے نص شرعی کے مقابلہ میں اس نئی علت اور موجودہ صورت حال کا لحاظ کیا جائے گا۔ کیونکہ عادت ہی دراصل نص کی علت اور اس کی مطابقت کی شرط

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھی۔ اور اب جب کہ علت میں تبدیلی ہو گئی تو اس حکم میں بھی جو اس علت پر مبنی تھا مطابقت کی شرط باقی نہیں رہی۔

امام ابو یوسف کی رائے پر بعض لوگوں نے یہ سمجھ کر اعتراض کیا تھا کہ اس سے ترک نص لازم آتا ہے۔ اور ربوٰ کے جواز کی بھی صورت پیدا ہوتی ہے۔ ان لوگوں کا جواب دیتے ہوئے ابن عابدین لکھتے ہیں۔

حاشا للّٰہ ان یکون مراد ابی یوسف ذلک ... فلیس فی اعتبار العادۃ المتغیرۃ الحادثۃ مخالفۃ للنص بل فیہ اتباع النص ۔ فاللّٰہ تعالی یجزی الامام ابایوسف عن اھل ھذا الزمان خیر الجزاء فقد سد عنھم بابا عظیما من الربا (122)

"اللہ کی پناہ کہ ابو یوسف کی مراد اس سے یہ ہو ... نئی اور بدلنے والی عادت کے اعتبار اور لحاظ کرنے سے نص کی مخالفت نہیں ہوتی بلکہ اس سے نص کا اتباع ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اہل دنیا کی طرف سے امام ابو یوسف کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے سود کے بہت بڑے دروازے کو لوگوں کے لئے بند کر دیا۔"

حقیقت بھی یہی ہے کہ امام ابو یوسف کی رائے پر عمل کرنے سے نص میں تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔ دیگر ائمہ کی طرح ان کے نزدیک بھی نص نہایت مقدس اور قابل احترام ہے۔ احکام میں تبدیلی کے سلسلہ میں ان کے پیش نظر نص ہی کا اتباع ہے۔

امام ابو یوسف کی اس رائے کو فقہائے احناف میں ابن ہمام اور سعدی آفندی وغیرہ نے ترجیح دی ہے اور تعامل پوری امت کا اسی پر ہے۔ فقہ کی تمام اہم کتب میں تفصیل موجود ہے۔ صاحب درالمختار لکھتے ہیں۔

و عن الثانی اعتبار العرف مطلقا و رجحہ الکمال و خرج علیہ سعدی افندی (123)

"اور دوسرے (یعنی امام ابو یوسف) مطلقاً عرف کا اعتبار کرتے ہیں اسی کو الکمال (ابن ہمام) نے ترجیح دی ہے اور سعدی آفندی نے اس کے مطابق (بہت سے دلائل) کی تخریج کی ہے۔"

ابن عابدین، صاحب درمختار اور ابن ہمام کی رائے کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

و حاصلہ توجیہ قول ابی یوسف ان المعتبر العرف الطاری بانہ لا یخالف النص بل یوافقہ لان النص علی کیلیۃ الاربعۃ و وزنیۃ الذھب والفضۃ مبنی علی ما کان فی زمنہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم من کون العرف کذلک حتی لو کان العرف اذ ذاک بالعکس لو رد النص موافقا لہ و لو تغیر العرف فی حیاتہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لنص علی تغیر الحکم و ملخصہ = ان النص

toobaa-elibrary.blogspot.com

معلول بالعرف فیکون المعتبر ھو العرف فی ای زمن کان، و لا یخفی ان ھذا فیہ تقویۃ لقول ابی یوسف فافھم (124)

"ابویوسف کے قول کی توجیہ کا ماحصل یہ ہے کہ وہ عرف طاری معتبر ہے کیونکہ نص کے خلاف ہونے کے بجائے اس کے موافق ہوتا ہے۔ اس لئے کہ نص کی رو سے چار چیزوں کی ماپ اور سونے اور چاندی کا وزن اس پر مبنی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں یہی عرف تھا۔ چنانچہ اگر عرف اس کے برعکس ہوتا تو آپ کا حکم اس کے مطابق ہوتا اور اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں یہ عرف بدل جاتا تو آپ اس بدلے ہوئے عرف کے مطابق حکم فرماتے۔ خلاصہ یہ ہے کہ منصوص حکم کی علت عرف ہے۔ اس لئے اس میں عرف ہی کا اعتبار کیا جائے گا۔ خواہ کوئی بھی زمانہ ہو۔ اس سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ ابویوسف کا قول ہی قوی ہے پس اس کو سمجھ لیجئے۔"

امام ابویوسف کی اس رائے سے معلوم ہوا کہ اگر شریعت کا کوئی حکم خاص معلول بالعرف ہو تو عرف کے بدلنے سے اس کی صورت بدل جائے گی۔

جب منصوص حکم کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے یہ ہے تو پھر اجتہادی مسائل میں تو بدرجہ اولیٰ عرف و رواج کا لحاظ کرتے ہوں گے۔

چند مزید مثالیں:

(1) امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں مختلف قسم کی زمینوں کے لئے خراج مقاسمہ کی جو شرحیں تجویز کی ہیں وہ عباسی خلیفہ مہدی (158-169ھ / 775-785ء) کے وزیر ابوعبیداللہ معاویہ بن یسار (م 170ھ / 786ء) کی تجویز کردہ شرحوں سے مختلف ہیں۔ کیونکہ آپ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ زمانے کے حالات کی تبدیلی کی وجہ سے نظام المقاسمہ کی سابق شرحیں قابل عمل نہیں رہیں۔

(2) بیع بالتعاطی کے بارے میں رائے دیتے ہوئے امام ابویوسف نے عرف ہی کی بناء پر اس کو جائز قرار دیا ہے۔ (126) اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے لیکن اس کی کیفیت کو بیان نہیں کیا۔ لہٰذا کیفیت میں عرف و رواج ہی کا اعتبار ہوگا۔

(3) اگر کسی شخص نے سفید کپڑے کا ایک تھان چوری کر لیا اور پھر اس کو سیاہ رنگ میں رنگ دیا۔ بعد ازاں وہ کپڑا چور سے برآمد ہو جائے تو اس کی واپسی کی شکل کیا ہوگی؟ اس بارے میں ائمہ احناف میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ سیاہ رنگ ہو جانے کی وجہ سے اب اس کپڑے کی قیمت کم ہو گئی ہے۔ لہٰذا کپڑے کے مالک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ چاہے تو وہ اس کو چور کے پاس ہی رہنے دے اور اس سے اپنے سفید کپڑے کی قیمت لے لے، یا پھر دوسری صورت یہ ہے کہ سیاہ رنگ کا کپڑا لے لے اور اس کے ساتھ قاضی کپڑے کے مالک کو چور سے نقصان

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے برابر مالیت کا جرمانہ بھی دلائے گا۔

لیکن امام ابو یوسف فرماتے ہیں (اور امام محمد کی رائے بھی یہی ہے) کہ مالک کو صرف کپڑا واپس کیا جائے گا اور جرمانہ نہیں دلایا جائے گا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ سیاہ رنگ بھی دوسرے رنگوں کی طرح اضافہ ہے۔ اس لئے کپڑے کی قیمت کم نہیں ہوئی بلکہ زیادہ ہو گئی ہے۔

امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے مابین اس اختلاف کی وجہ عرف ہی ہے۔ امام ابو حنیفہ کے دور میں یعنی بنو امیہ کے دور میں سیاہ رنگ کو بہتر نہیں سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے امام ابو حنیفہ نے اس کو نقصان سے تعبیر کیا۔ (127) لیکن امام ابو یوسف کے دور، یعنی بنو عباس کے دور میں سیاہ رنگ کو فضیلت حاصل ہو گئی تھی۔ اس لئے آپ نے اس کو اصل کپڑے پر اضافہ قرار دیا۔ (128)

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) الخطیب، تاریخ، 13/ 340

(2) ابن عابدین، محمد امین، حاشیۃ ردالمحتار علی الدرالمختار، مصر، شرکۃ مکتبۃ و مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی و اولادہ، الطبعۃ الثانیۃ 1386ھ، 1/ 77

(3) ابن قیم، شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر، اعلام الموقعین عن رب العالمین قاہرہ، دارالحدیث خلف الجامع الازہر، 4/ 185

(4) الکوثری، حسن النقاضی، 12

(5) الموفق المکی، مناقب، 2/ 133، 134

(6) الکوثری، حسن النقاضی، 30

(7) ایضاً

(8) ابن حجر الہیتمی، الخیرات الحسان، 72، الخطیب، تاریخ، 14/ 247

(9) عبدالحی، ابوالحسنات محمد، النافع الکبیر لمن یطالع الجامع الصغیر (مقدمۃ الجامع الصغیر) کراتشی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ، 6

(10) ابن قتیبہ، ابو محمد عبداللہ بن مسلم، الامامۃ والسیاسۃ و ھو المعروف بتاریخ الخلفاء، (تحقیق = الدکتور طہ محمد الزینی) موسسۃ الحلبی و شرکاء النشر والتوزیع 2/ 183 تا 185

(11) ابو زہرہ، محمد بن احمد، اصول الفقہ، دارالفکر العربی، / 391

(12) ابو زہرہ، اصول الفقہ، 390

(13) ابن عابدین، مجموعۃ رسائل 1/ 35

(14) ایضاً، 1/ 31، 32

عبدالحی، النافع الکبیر / 6

(15) یہ امام شافعی کے شاگرد ہیں۔ آپ کا نام اسماعیل بن یحییٰ، ابوابراہیم المزنی ہے۔ سال وفات (264ھ / 878ء) ہے۔

(16) ابن عابدین، مجموعۃ رسائل 1/ 25

(17) السبکی، تاج الدین ابو نصر عبدالوہاب بن علی، طبقات الشافعیۃ الکبریٰ، بیروت = دارالمعرفۃ 1/ 243

(18) ابن خلدون نے مقدمہ میں اس کتاب کی تعریف کی ہے۔ دیکھئے۔

الباب السادس من الکتاب الاول - الفصل التاسع = فی اصول الفقہ و ما یتعلق بہ من الجدل و الخلافیات / 455

(19) الدبوسی، عبیداللہ بن عمر بن عیسیٰ، تاسیس النظر، قاہرۃ المطبعۃ الادبیۃ، / 29-37، 76

السرخسی، ابوبکر محمد بن احمد بن ابی سہل، المبسوط، کراتشی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ، الطبعۃ الاولی 1407، 11/ 12، 118/ 19، 154/ 24، 171، 170/ 163

toobaa-elibrary.blogspot.com

الکاسانی' علاء الدین ابوبکر بن مسعود' بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع' کراتشی ایچ' ایم' سعید' الطبعۃ الاولی 1328ھ-3 / 6'11 / 207

(20) عبدالحی لکھنوی' النافع الکبیر / 5

الکوثری' حسن التقاضی / 25

(21) امام ابوحنیفہ کے وصال کے بعد امام محمد نے امام ابویوسف سے تلمذ کیا تھا۔ دیکھئے۔

الکوثری' محمد زاھد بن الحسن' بلوغ الامانی فی سیرۃ الامام محمد بن الحسن الشیبانی' کراتشی' ایچ' ایم' سعید' الطبعۃ الاولی 1355ھ / 6'7' 35

الجندی' ابوحنیفہ / 108

(22) المولف مجھول' مناقب الامام ابی یوسف ومناقب الامام محمد بن الحسن الشیبانی / 57

(23) الکوثری' بلوغ الامانی / 22'23

الذھبی' مناقب / 48

(24) الذھبی' مناقب / 48

الکوثری' بلوغ الامانی / 55

(25) عبدالحی' النافع الکبیر' (ایڈیشن پشاور = مکتبۃ نشر القرآن والحدیث)- / 7

(26) الکوثری' حسن النقاضی' 83'84

(27) شبلی نعمانی' محمد سیرۃ النعمان' لاہور' اسلامی اکادمی' 315

(28) السرخسی' ابوبکر محمد بن احمد بن سہل' اصول السرخسی' (حقق اصولہ ابو الوفاء الافغانی) لاھور' دار المعارف النعمان الجامعۃ المدنیۃ' الطبعۃ الاولی 1401ھ' 1 / 10

(29) ابن حزم' حافظ ابومحمد علی بن حزم' الاحکام فی اصول الاحکام (تحقیق احمد محمد شاکر) کراچی' جامعہ الاسلامیہ' الطبعۃ الثانیۃ 1408ھ' 5 / 100'101

(30) الخفیف' علی' اسباب اختلاف الفقھاء' قاھرہ' مطبعۃ الرسالۃ 1375ھ' 269

(31) عبدالحی' النافع الکبیر (ایڈیشن - پشاور مکتبہ نشر القرآن والحدیث) / 11

(32) *Schacht, J. Abu Yusuf. Encyclopaedia of Islam. (New Edition)*

Leiden, E. J. Brill. 1 / 164, 165.

(33) ابو زھرہ' اصول الفقہ' 391

(34) الموفق المکی' مناقب' 2 / 242

ابوبکر' بن ایوب' السھم المصیب فی الرد علی الخطیب' المکتبۃ الاعزازیۃ / 45

(35) علاؤالدین عبدالعزیز' کشف الاسرار علی اصول الامام فخر الاسلام علی بن محمد البزدوی' شرکت صحافیہ' عثمانیہ' طبع اولی 1308ھ'

toobaa-elibrary.blogspot.com

23'22/1

(36) النساء=105

(37) المرغینانی' ابوالحسن علی بن ابی بکر' الهدایة (مع الدرایة فی منتخب تخریج احادیث الهدایة) ملتان' مکتبه شرکة علمیة' کتاب الحجر۔ 3/351، 352

(38) النساء-5

(39) دیکھئے۔ الخراج/120'121

(40) المائدة'42

(41) النحل=44

(42) الکوثری' حسن التقاضی/29

ابن حجر' لسان المیزان 6/301

ابن تغری بردی' ابوالمحاسن جمال الدین یوسف' النجوم الزاهرة فی ملوک مصر والقاهرة' مصر' وزارة الثقافة والارشاد القومی للتالیف والترجمة والطباعة والنشر 2/108

(43) ابن البزاز الکردری' مناقب' 2/125

(44) الخطیب' تاریخ' 14/255

(45) ابن خلکان' وفیات الاعیان 6/382

الخطیب' تاریخ' 14/246'

ابن البزاز الکردری' مناقب 2/133

(46) یہ قول امام سرخسی کا ہے۔ آپ لکھتے ہیں۔

و لهذا لم یذکر اسم ابی یوسف رحمه الله فی شیء منه ... و کلما احتاج الی روایة حدیث عنه قال = اخبرنی الثقة و هو مراده حیث یذکر هذا اللفظ۔

دیکھئے۔ السرخسی' ابوبکر محمد بن احمد بن ابی سهل۔ شرح کتاب السیر الکبیر لمحمد بن الحسن الشیبانی (تحقیق = صلاح الدین المنجد ... عبدالعزیز احمد)

المکتب للحرکة الثورة الاسلامیة 1/1

(47) ابن عبد ربه' ابو عمر احمد بن محمد' کتاب العقد الفرید (شرحه احمد امین) بیروت' دار الاندلس للطباعة والنشر والتوزیع' الطبعة الاولی 1408ھ، 2/4'5

ظفر العثمانی' مولانا احمد التهانوی' مقدمة اعلاء السنن (ابوحنیفة و اصحابه المحدثون) (حققه و راجع نصوصه و علق علیه - عبدالفتاح ابو غده) کراتشی' ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة' 3/70' الخطیب' تاریخ 14/253

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن عبد ربہ (م328ھ / 940ء) نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔

قال ابو یوسف القاضی = ثلاثة لا یسلمون من ثلاثة = من طلب الدین بالفلسفة لم یسلم من الزندقة' و من طلب المال بالکیمیاء لم یسلم من الفقر' و من طلب غرائب الحدیث لم یسلم من الکذب(2 / 5'4)

(48) الخراج / 6

(49) مرسل وہ حدیث ہے جس سے صحابی کا نام ساقط ہو گیا ہو۔

(50) دیکھئے۔

ابو یوسف' کتاب الآثار / 1-267

(51) عبدالعلی' محمد بن نظام الدین' فواتح الرحموت بشرح مسلم الثبوت' قم = منشورات الشریف الرضی' المطبعة الثانیة' 2 / 177'136

(52) البخاری' ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل' صحیح البخاری' کتاب البیوع باب ان شاء رد المصراة (ایڈیشن' کراتشی' نور محمد' اصح المطابع' الطبعة الثانیة 1381ھ) 1 / 288

(53) مسلم' بن حجاج قشیری' الصحیح لمسلم (مع شرح الکامل للنواوی) کتاب البیوع' باب حکم بیع المصراة' (ایڈیشن' کراتشی' قدیمی کتب خانه الطبعة الثانیة 1357ھ / 1956ء) 2 / 4

(54) ابن عابدین' حاشیة ردالمحتار' 4 / 338

داماد آفندی' عبداللہ بن محمد بن سلیمان' مجمع الانھر فی شرح ملتقی الابحر بیروت' دار احیاء التراث العربی' 1 / 731

(55) علاء الدین الحصکفی' محمد بن علی' الدرالمختار فی شرح تنویر الابصار لکھنؤ' منشی نو کشور' طبع 1294ھ - 2 / 298

(56) الترمذی' ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ' جامع الترمذی (مع شرح) ابواب الاحکام باب ماجاء فی الوقف (ایڈیشن' کراتشی' قدیمی کتب خانه) 1 / 218

(57) الخراج / 69

(58) الترمذی' ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ' جامع الترمذی (مع شرح)' ابواب الاحکام' باب ما ذکر فی احیاء ارض الموات 1 / 218 (ایڈیشن' کراتشی' قدیمی کتب خانه)

(59) الخراج / 70

(60) البخاری' ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل' صحیح البخاری' کتاب الزکوة' باب "لیس فیما دون خمس ذود صدقة" (ایڈیشن' بیروت' دار ابن کثیر' مع فہارس الدکتور مصطفیٰ دیب البغا) 2 / 529

(61) الدار قطنی' ابوالحسین علی بن عمر' سنن الدار قطنی (مع تعلیق المغنی) کتاب الزکاة' باب لیس فی الخضراوات صدقة" ملتان'

toobaa-elibrary.blogspot.com

نشر السنة' 2 / 95

(62) الخراج / 20

(63) ایضاً" / 96

(64) التوبۃ' / 100

(65) الخطیب' ولی الدین محمد بن عبداللہ' مشکوۃ المصابیح' کتاب الرویا باب مناقب الصحابۃ' الفصل الثالث / 554 (ایڈیشن' کراتشی' قدیمی کتب خانہ)

(66) ابن ماجہ' ابوعبداللہ محمد بن یزید' سنن ابن ماجہ' المقدمۃ' بحث اتباع سنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین' / 5 (ایڈیشن' کراتشی' نور محمد اصح المطابع)

(67) الخطیب' حسن احمد' فقہ الاسلام (ترجمہ = سید رشید احمد ارشد) نفیس اکیڈمی' کراچی' طبع سوم' اگست 82 / 251-252

(68) السرخسی' اصول السرخسی' 2 / 105

(69) المرغینانی' الھدایۃ 2 / 591

(70) الخراج' 75

(71) ایضاً" 75'76

(72) الخراج' 92

(73) الخراج' 84

(74) ایضاً" 87

(75) الجصاص' ابوبکر احمد بن علی' احکام القرآن' (تحقیق محمد الصادق قمحاوی) داراحیاء التراث العربی' 4 / 325

(76) الکیرانوی' محمد نظام الدین' النظامی شرح الحسامی' کراتشی' ایچ' ایم سعید / 94 عبدالعلی' محمد بن نظام الدین' فواتح الرحموت بشرح مسلم الثبوت' (مع المستصفی من علم الاصول)' قم' منشورات الشریف الرضی' الطبعۃ الثانیۃ 2 / 211

(77) الدوالیبی' محمد معروف' المدخل الی علم اصول الفقہ' مطابع دارالعلم للملایین' الطبعۃ الخامسۃ' 1385ھ / 49

(78) النساء-115

(79) الھیثمی' نورالدین علی بن ابی بکر' مجمع الزوائد ومنبع الفوائد' بیروت' موسۃ المعارف 1406ھ' 1 / 183

(80) ابن حنبل' احمد بن محمد' المسند (شرحہ و وضع فھارسہ احمد محمد شاکر) مصر' دارالمعارف للطباعۃ والنشر 1367ھ' 5 / 211

toobaa-elibrary.blogspot.com

الهیثمی، مجمع الزوائد 1/ 182

(81) صبحی الصالح، النظم الاسلامیة/ 238

(82) ابو یوسف، یعقوب بن ابراهیم، کتاب الرد علی سیر الاوزاعی (ویلیه کتاب اختلاف ابی حنیفه و ابن ابی لیلیٰ (تحقیق و تعلیق ابو الوفاء الافغانی) حیدر آباد الدکن، احیاء المعارف النعمانیه، 21/

(83) الخراج/ 71

(84) ابن رشد، ابو ولید محمد بن احمد بن محمد بن احمد، بدایة المجتهد و نهایة المقتصد، لاهور، المکتبة العلمیة، الطبعة الاولی 1396ھ-2/ 126

(85) الترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، جامع الترمذی (مع شرح) ابواب الاحکام، باب ماجاء فی الوقف 1/ 218 (ایڈیشن، کراتشی، قدیمی کتب خانه)

(86) الخراج/ 64

(87) الکاسانی، بدائع الصنائع 2/ 58

المرغینانی نے بھی الهدایة جلد 2، صفحہ 591 پر یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔

(88) السمرقندی، ابو الحسن علی بن محمد، الاحکام فی اصول الاحکام، (کتاب پر ناشر کا نام اور سن اشاعت درج نہیں) 3/ 167

(89) ابو زهره، اصول الفقه، 218

(90) عبد العزیز البخاری، علاؤ الدین، کشف الاسرار علی اصول الامام فخر الاسلام علی بن محمد البزدوی، شرکت صحافیه عثمانیه، طبع اولی 1308ھ 3/ 270

(91) النساء=59

(92) الخراج، 96

(93) ایضاً، 91

(94) الشوکانی، محمد بن علی بن محمد، نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار من احادیث سید الاخیار صلی الله علیه وسلم، کتاب الزکاة، باب ما جاء فی زکوة العسل، لاهور انصار السنة المحمدیة، 4/ 156

(95) الخراج، 66

(96) الطحاوی، ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامه، شرح معانی الآثار (عربی متن مع اردو ترجمه) لاهور، قانونی کتب خانه، 3/ 395

(97) الزبیدی، محب الدین ابو فیض محمد مرتضیٰ، تاج العروس من جواهر القاموس، دار الفکر للطباعة والنشر والتوزیع، 9/ 176

(98) السرخسی، المبسوط 10/ 145

(99) البقرة=185

(100) الخراج، 174، 197

toobaa-elibrary.blogspot.com

(101) *Schacht, J. The origins of Muhammadan jurisprudence, London, 1965, P. 112.*

(102) الشیبانی، محمد بن الحسن، کتاب الاصل المعروف بالمبسوط (مع التعلیق ابوالوفا الافغانی) کراتشی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ، 1 / 212

الشیبانی، محمد بن الحسن، الجامع الصغیر مع شرحہ النافع الکبیر، کراتشی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ، / 90

(103) السرخسی، المبسوط، 5 / 195

(104) الخراج، 197

(105) السرخسی، المبسوط، 16 / 10

(106) ایضاً، 16 / 14

(107) الخراج / 174

(108) ایضاً، 198، 199

(109) ابن منظور، ابوالفضل جمال الدین محمد بن مکرم، لسان العرب، قم، نشر ادب الحوزۃ 1405ھ، 9 / 241

(110) ایضاً، 9 / 239

(111) ایضاً، 3 / 316، 317

(112) ابوبکر جصاص، احکام القرآن، 4 / 214

(113) ابن نجیم، زین العابدین بن ابراھیم، الاشباہ والنظائر (مع شرح للحموی) کراتشی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ 1 / 127

(114) الاعراف۔ 199

(115) البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب البیوع (ایڈیشن، بیروت، دار ابن کثیر، مع فہارس الدکتور مصطفیٰ دیب البغا) 2 / 769

(116) ایضاً، 2 / 770

(117) ایضاً، 2 / 769

(118) ابن عابدین، مجموعۃ رسائل، 2 / 130

(119) صبحی محمصانی، المحامی، فلسفۃ التشریع فی الاسلام، بیروت، دارالکشاف للنشر والطباعۃ والتوزیع، الطبعۃ الثانیۃ 1371ھ / 160

الشاطبی، ابو اسحاق، ابراھیم بن موسیٰ، الموافقات فی اصول الشریعۃ (تخریج = الشیخ عبداللہ دراز) دارا لفکر العربی، 2 / 283

toobaa-elibrary.blogspot.com

(120) المسعودی، ابوالحسن علی بن الحسین بن علی، مروج الذهب و معادن الجوهر، (تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید)، مصر المکتبة التجاریة الکبری، الطبعة الثانیة 1367ھ، 3/351

الخطیب، تاریخ، 14/252

(121) مسلم، بن حجاج قشیری، الصحیح لمسلم (مع شرح الکامل للنواوی) کتاب المساقاة والمزارعة، باب الربا (ایڈیشن، کراتشی، قدیمی کتب خانہ الطبعة الثانیة 1375ھ/1956ء) 2/25

(122) ابن عابدین، مجموعۃ رسائل 2/118

(123) علاءالدین الحنفی، الدر المختار، 3/351

(124) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمحتار، 5/176، 177

(125) بیع التعاطی سے مراد ہے زبان سے ایجاب و قبول کے کلمات ادا کئے بغیر بائع کا مشتری کو مبیع پکڑانا اور مشتری کا بائع کو ثمن دینا۔ یہ ایک خاموش لین دین کا معاملہ ہے۔

(126) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمحتار 6/6

(127) امام ابوحنیفہ نے بنوعباس کے دور (یعنی 150ھ) میں انتقال کیا۔ ممکن ہے آپ کا یہ قول اس دور کا ہو جب بنوامیہ اقتدار پر قابض تھے۔

(128) الکاسانی، بدائع الصنائع 7/161

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب سوم

امام ابو یوسف کے معاشی افکار و نظریات

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصول

فصل اوّل ـــــ معاشی فکر کی مختصر تاریخ ۔عہد ابو یوسف تک

فصل دوم ـــــ ٹیکسوں کے بارے میں امام ابو یوسف کی اصُولی بحث

فصل سوم ـــــ بیت المال کے مداخل کے بارے میں ابو یوسف کا معاشی فکر

فصل چہارم ـــــ بیت المال کے مصارف، امام ابو یوسف کی نظر میں

فصل پنجم ـــــ ابو یوسف کے فکر کی روشنی میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسلامی ریاست کی معاشی ذمّہ داریاں

فصل ششم ـــــ امام ابو یوسف کی معاشی اصلاحات

فصل ہفتم ـــــ امام ابو یوسف اور مسائل زمین

فصل ہشتم ـــــ جاگیروں کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ

فصل نہم ـــــ مسائل تجارت سے متعلق امام ابو یوسف کا معاشی فکر

فصل دہم ـــــ امام ابو یوسف اور مسائل محنت و اُجرت

فصل یازدہم ـــــ نفقات واجبہ اور امام ابو یوسف کا معاشی فکر

فصل دوازدہم ـــــ امام ابو یوسف کے متفرق معاشی افکار

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اوّل

معاشی فکر کی مختصر تاریخ - عہد ابو یوسف تک

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاشیات کا مفہوم

اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کی ضروریات کی تکمیل کے لئے اس کائنات میں لاتعداد نعمتیں پیدا کی ہیں۔ انسان اس دنیوی حیات میں وسائل قدرت سے کام لے کر اپنی بے شمار مادی خواہشات و حاجات (Demands) کی تکمیل کے لئے جو جدوجہد کرتا ہے اس کے بیان کو ہم معاشیات کہتے ہیں۔ اس علم میں اجتماع انسانی کے ان تمام اعمال و افعال سے بحث کی جاتی ہے جو حصول دولت اور استعمال دولت سے متعلق ہیں۔ نیز اس میں انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو درپیش معاشی مسائل کی نشاندہی کی جاتی ہے اور ماہرین معاشیات ان کے حل کے لئے تجاویز پیش کرتے ہیں۔

دور جدید میں اس علم کے لئے اکنامکس (Economics) کی جو اصطلاح استعمال کی جاتی ہے وہ قدیم اہل یونان کی زبان کے ایک لفظ اوئی کونوموس (Oikonomos) سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی ہیں منزل یا گھربار۔ مسلم مفکرین نے اپنی کتب میں علم معاشیات کے لئے تدبیر منزل (Management of households and business)' سیاست مدن (Political Economy) اور المعاش (Economics) ایسی اصطلاحات استعمال کی ہیں۔

مختلف مسلم ماہرین معاشیات نے اپنی کتب میں معاشیات کی تعریف کا تعین کیا ہے۔ عبدالرحمٰن بن محمد ابن خلدون (م 808ھ / 1406ء) نے "مقدمہ" میں المعاش اور سیاست مدن ایسی اصطلاحات کی جو وضاحت کی ہے اس سے اس علم کی غرض و غایت واضح ہو جاتی ہے۔ ابن خلدون رقم طراز ہے۔

اعلم ان المعاش هو عبارة عن ابتغاء الرزق والسعي في تحصيله(1)

"جان لیجئے کہ معاش رزق ڈھونڈنے' اور اسے حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کا نام ہے۔"

وہ سیاست مدن (Political Economy) کی اصطلاح کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

علم السياسة المدنية ـ السياسة المدنية هي تدبير المنزل او المدنية بما يجب بمقتضى الاخلاق والحكمة ليحمل الجمهور على منهاج يكون فيه حفظ النوع و بقاوه(2)

"علم سیاست مدن ـ سیاست مدن سے مراد گھربار یا شہر کی دیکھ بھال ہے۔ وہ امور کہ اخلاق اور حکمت جن کا تقاضا کرتے ہیں تاکہ جمہور اس راستہ پر چل سکیں جس میں ان کی حفاظت اور بقا ہو۔"

یعنی ابن خلدون کے نظریہ کے مطابق معاشیات اور انسانی فلاح و بہبود میں گہرا تعلق ہے۔ اس علم کے مطالعہ کا مقصد انسان کی انفرادی زندگی سے زیادہ اجتماعی زندگی کی فلاح سے ہے۔

معاشی فکر کی مختصر تاریخ

معاشی فکر کی تاریخ اتنی ہی قدیم ہے جتنی انسانی معاشرے کی۔ انسان نے آغاز حیات ہی سے معاشی طور طریقے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اپنانے شروع کر دیئے تھے۔ حالانکہ اس دور میں ابھی معاشیات کے اصول و نظریات کی تشکیل نہیں ہوئی تھی۔ ابتدائی انسانی دور میں چونکہ لوگوں کا طرز زندگی سادہ تھا اس لئے وہ معاشی مسائل سے زیادہ دوچار نہیں تھے۔ اسی لئے اس زمانہ میں معاشی تجزیہ کی ضرورت کو بھی محسوس نہیں کیا گیا۔ تاہم مختلف معروف معاشی اصطلاحات مثلاً روپیہ (Money) قیمتیں (Prices)، منڈیاں (Markets)، نفع (Profit)، سود (Interest)، اجرت (Wage)، محاصل (Taxes) وغیرہ مختلف قدیم معاشروں میں رائج رہی ہیں۔ مختلف ادوار میں جو مذہبی تعلیمات قانونی ضوابط، اور اخلاقی مواعظ متعارف رہے ہیں ان میں معاشی افکار بھی ملتے ہیں۔ چنانچہ حمورابی کے بابلی ضابطوں میں معاشی امور سے متعلق تفصیلی احکام ملتے ہیں۔ بائیبل میں بھی چند معاشی امور کی طرف اشارہ ملتا ہے۔ (3)

امام ابو یوسف کے دور تک معاشی فکر کی تاریخ بیان کرنے کے لئے ہم اس کو دو حصوں میں تقسیم کریں گے۔

(ا) غیر اسلامی معاشی فکر کی تاریخ

(ب) اسلامی معاشی فکر کی تاریخ

(ا) غیر اسلامی معاشی فکر

معاشی افکار و نظریات کی تاریخ پر جو مستند کتب موجود ہیں ان کی روشنی میں ہم یہ رائے قائم کر سکتے ہیں کہ معاشی تجزیہ و تحلیل کا باقاعدہ آغاز فلاسفہ یونان نے کیا ہے۔ شمپیٹر (Schumpeter) رقم طراز ہے۔

> *"The history of economic thought starts from the records of the national theocracies of antiquity whose economies presented phenomena that were not entirely dissimilar to our own, and problems which they managed in a spirt that was, in fundamentals, not so very dissimilar either. But the history of economic analysis begins only with the Greeks." (4)*

> "معاشی تصور کی تاریخ عہد پارینہ کی قومی دینی حکومتوں سے شروع ہوتی ہے۔ جن کی معاشیات نے ایسے مظاہر پیش کئے جو ہمارے (معاشی) مظاہر سے کلیتہ" مختلف نہ تھے اور وہ مسائل جنہیں انہوں نے اپنے بنیادی دینی جوہر سے حل کیا وہ (مسائل) بھی ہمارے مسائل سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھے۔ لیکن معاشی تجزیہ کی تاریخ یونانیوں سے شروع ہوتی ہے۔"

سب سے پہلے افلاطون (Plato) (م 347 ق-م) نے اپنی کتاب "The Republic" (جمہوریت) میں معاشی

toobaa-elibrary.blogspot.com

افکار و نظریات پیش کئے ہیں۔ اس نے مذکورہ تصنیف میں اپنے تصور کے مطابق مثالی ریاست (Ideal state) کا ایک خاکہ پیش کیا ہے وہ کہتا ہے کہ حکمرانوں کو بچپن ہی سے پیش آنے والی ذمہ داریوں کی تعلیم دینی چاہیے۔

اس کے نزدیک دستکاری کا پیشہ 'کام کی نوعیت کے لحاظ سے دماغ کو ناکارہ اور جسمانی حالت کو کمزور کر دیتا ہے۔ یہ پیشہ اختیار کرنے والا بحیثیت انسان اور شہری ہونے کے اعلیٰ فرائض کو انجام دینے سے قاصر رہتا ہے۔ اس لئے دستکاروں کو سیاسی حقوق سے محروم رکھنا چاہیے۔(5)

اس نے پیشوں کے تنوع پر بھی بہت زور دیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ مختلف پیشوں کا وجود معاشرے کی ترقی کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ اس لئے کہ ہر شخص کی ضروریات زندگی اس قدر زیادہ ہوتی ہیں کہ وہ تنہا ان کی تکمیل نہیں کر سکتا۔ اگر ہر آدمی اپنی طبعیت اور مزاج کے مطابق کسی ایک پیشہ میں مشغول ہو اور باقی پیشوں سے الگ رہے تو اس طرح اشیاء بکثرت پیدا ہوں گی اور ان کا معیار بھی بہتر ہو گا۔(6)

معاشی فکر کی تاریخ میں ارسطو (Aristotle) (م 322-ق-م) کو ایک نمایاں مقام حاصل ہے۔ اس نے مبادلہ اشیاء (Exchange of goods) کو ضروری قرار دیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ مبادلہ ابتداء میں حالات کی بناء پر ایک فطری انداز میں شروع ہوتا ہے 'اس لئے کہ بعض لوگوں کے پاس ایک خاص چیز بہت زیادہ مقدار میں ہوتی ہے 'اور بعض کے پاس بہت کم مقدار میں۔ (7) اس کے نزدیک کاریگر 'مزدور اور کسان ریاست کی بنیادی معاشی ضرورتوں کو پورا کرتے ہیں۔ اس نے زراعت (Agriculture) کی اہمیت پر بھی زور دیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ عامیانہ اور بازاری فنون سے لوگ تن آسانی اور کاہلی کا شکار ہو جاتے ہیں۔(8)

اس نے سودی کاروبار کو پسند نہیں کیا کیونکہ اس طرح روپیہ غیر نفع بخش بن جاتا ہے۔ اس سے دولت Wealth میں عدم توازن (Non-balance) کو فروغ حاصل ہوتا ہے اور مالی بے قاعدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔(9)

افلاطون کے برعکس اس نے یہ رائے دی کہ انفرادی حق ملکیت انسان کا فطری تقاضا ہے اور مشترکہ ملکیت کا نظریہ قومی مفاد کے لئے نقصان دہ ہے۔(10)

یونانی فلسفی زینوفن (Xenophon) کے معاشی افکار و نظریات بھی نمایاں اہمیت کے حامل ہیں۔ اس نے خانہ داری (Home Economics) کے انتظامات پر ایک رسالہ (11) تحریر کیا۔

وہ زراعت کو معاشی دولت (Economic wealth) کی بنیاد قرار دیتا ہے۔ اس نے کانوں سے چاندی نکالنے پر بہت زور دیا ہے۔ تاکہ عام دولت میں اضافہ ہو۔ تجارت کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے وہ کہتا ہے کہ مشترکہ سرمائے سے کمپنیاں بنائی جائیں۔ اس طرح مختلف افراد کی صلاحیتوں سے بہتر طریقہ سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔(12)

اگرچہ ہندوؤں کی مذہبی کتب اور رومی لٹریچر میں معاشی امور پر بحثیں ملتی ہیں لیکن اہل یونان کے مقابلہ میں ان کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

خاص اہمیت حاصل نہیں۔

(ب) اسلامی معاشی فکر

جدید دور میں معاشی افکار و نظریات کی تاریخ پر متداول کتب میں اسلامی معاشی فکر کی تاریخ نہیں ملتی۔ اس لئے ہم قرآن و سنت اور مسلم علماء کی ان کتب کا مطالعہ کریں گے جن میں معاشی امور پر بحثیں کی گئی ہیں۔

قرآن حکیم میں انسانی زندگی کے اخلاقی اور روحانی پہلو کے ساتھ ساتھ معاشی پہلو پر بھی کافی توجہ دی گئی ہے۔ چونکہ یہ بنیادی طور پر کوئی معاشیات کی کتاب نہیں بلکہ انسان کی ہدایت اور فلاح کے لئے نازل ہوئی ہے اس لئے اس میں علیحدہ ابواب کی صورت میں علم معاشیات پر مباحث تو نہیں ملتے لیکن اس موضوع پر کئی آیات مل جاتی ہیں۔

قرآن حکیم میں جتنے بھی معاشی قواعد ہیں ان کا تعلق کسی نہ کسی طرح معاشرتی انصاف (Social justice) کے اصول سے ہے۔ قرآن حکیم میں معاشی انصاف (Economic justice) پر بہت زور دیا گیا ہے جو کہ معاشرتی انصاف (Social justice) کی بنیاد ہے۔

قرآن حکیم انسانی زندگی کے معاشی اور مادی پہلو پر بھی زور دیتا ہے۔ دولت (wealth) کو "خیر" اور "فضل اللہ" کے الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ معاشیات' اسلام کے معاشرتی نظام کی بنیاد ہے۔ قرآن کی رو سے وہ مسلمان جو پیداوار بڑھانے کے عمل میں مصروف ہے وہ گویا کہ عبادت میں مصروف ہے۔

قرآن حکیم اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی روشنی میں ملکیت کا تصور واضح ہوا۔ انسان کو بتایا گیا کہ کائنات کی جملہ اشیاء اس کے لئے تخلیق کی گئی ہیں۔ اس لئے وہ ان سے بھرپور استفادہ کرے۔ معاشی جدوجہد کی اہمیت بتائی گئی اور معاشی ترقی (Economic development) کے لئے جو ذرائع اختیار کئے جا سکتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ وہ امور جو انسان کی مادی فلاح میں رکاوٹ بنتے ہیں ان کی مذمت کی گئی۔ مختصر یہ کہ قرآن و سنت نے پیدائش دولت (Production of wealth)' صرف دولت (Consumption of wealth)' مبادلہ دولت (Exchange of wealth)' اور تقسیم دولت (Distribution of wealth) کے بارے میں انسان کی مکمل راہ نمائی کرتے ہوئے مثبت اور منفی معاشی اقدار تفصیل سے بیان کر دی ہیں۔

اسلامی معاشی فکر کی تاریخ میں حضرت عمرؓ بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء) ایک عظیم معاشی مفکر کی حیثیت سے سامنے آتے ہیں کیونکہ آپ کو اپنے دور حکومت میں بعض ایسے اقتصادی مسائل (Economic problems) سے دوچار ہونا پڑا جو عہد رسالت اور حضرت ابوبکر الصدیق (عبداللہ بن ابی قحافہ عثمان) (11-13ھ / 633-634ء) کے دور میں موجود نہیں تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپؓ نے اپنی اقتصادی بصیرت (Economic discernment) کی بدولت ان کو احسن طریقہ سے حل فرمایا۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں شام و عراق کی مفتوحہ زمینوں کے بارے میں حضرت عمرؓ کی اختیار کردہ پالیسی (Policy) پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ آپ کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ صحابہ کرام میں سے ایک جماعت کا مطالبہ یہ تھا کہ مفتوحہ زمینیں فاتحین کو بطور جاگیر دے دی جائیں لیکن حضرت عمرؓ نے بعض قومی مصالح کی بناء پر زمینیں تقسیم کرنے سے انکار کر دیا۔ آپ نے یہ رائے دی کہ زمینوں کو سرکاری ملکیت قرار دیا جائے اور سابق مالک ہی ان کو کاشت کریں اور کاشتکاروں پر خراج عائد کر دیا جائے۔ (13)

حضرت عمرؓ کے اس فیصلے سے مفتوحہ اراضی کے بارے میں ان کے معاشی فکر کے درج ذیل اصول و مبادی اخذ کئے جا سکتے ہیں۔

(ا) زمین کاشت کرنے کا اصل حقدار صاحب زمین ہی ہے۔ بہتر پیداوار کے حصول کے لئے زمین اس کے اصل مالک کے پاس ہی رہنی چاہیے۔

(ب) بہت زیادہ وسیع رقبے کا مالک زمین سے وہ فوائد حاصل نہیں کر سکتا جو چھوٹے رقبے کا مالک محدود زمین سے محنت کر کے حاصل کرتا ہے۔

(ج) اگر مفتوحہ اراضی فاتحین کے درمیان تقسیم کر دی گئی تو یہ وسیع و عریض رقبہ چند ہاتھوں میں محدود ہو جائے گا اور اس طرح حکومت کو محاصل و خراج میں خسارہ (Loss) برداشت کرنا پڑے گا۔

(د) مفتوحہ اراضی فاتح جرنیلوں میں تقسیم کرنے سے امت میں اغنیاء (The upper classes) کا ایک بڑا طبقہ پیدا ہو جائے گا اور اس سے ان کے مزاج اور عادات میں خلل پیدا ہو گا۔

(ر) فوج کا فریضہ زراعت اور کاشتکاری نہیں بلکہ جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

حضرت عمرؓ نے مصر کی زمینیں بھی ان کے اصل مالکوں کے پاس ہی رہنے دیں اور ان کو مسلمانوں کے قبضے سے بچانے کے لئے یہ قانون بنا دیا کہ کوئی مسلمان خرید کر بھی زمین حاصل نہیں کر سکتا۔ کئی صدیوں تک یہ قانون جاری رہا۔

حضرت عمرؓ کو بہبود عامہ کی فکر ہر وقت رہتی تھی۔ ابو جعفر محمد بن جریر الطبری (م 310ھ / 923ء) کی روایت کے مطابق حضرت عمرؓ نے ایک دفعہ فرمایا تھا کہ میں جمہور کی خوشحالی کا جائزہ لینے کے لئے تمام ملک کا دورہ کروں گا۔ (14) امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ اپنے عمال کو رخصت کرتے وقت جو نصیحتیں فرماتے تھے ان میں یہ الفاظ بھی ہوتے تھے کہ مسلمانوں کی سہولت اور خوشحالی کے لئے ہر طرح کا اہتمام کرتے رہنا۔ (15)

حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے عشور (Custom Duty) کی ابتداء کی۔ (16)

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپ بیت المال (Pbulictreasury) کے مداخل و مخارج کے بارے میں عمال کے نام احکام بھیجتے رہتے تھے۔ صاحب کنزالعمال 'علاء الدین علی المتقی (م 975ھ / 1567ء) نے حضرت عمرؓ کے ان فرامین کو نقل کیا ہے۔ جو انہوں نے اپنے عہد حکومت میں مختلف عمال کے نام تحریر کئے تھے۔ (17)

اسلام سے قبل عربوں کے ہاں رومی' فارسی اور یمن کے سکے (Coins) رائج تھے۔ اسلام کے ابتدائی دور میں انہی سکوں کے ذریعے لین دین ہوتا تھا۔ تقی الدین احمد بن علی المقریزی (م 845ھ / 1441ء) کے بیان کے مطابق اسلام میں سب سے پہلے حضرت عمرؓ کے دور میں سکے بنائے گئے۔ (18) آپؓ نے 18 ہجری میں یہ حکم دیا تھا کہ ساسانی طرز کے سکوں پر نئے سکے بنائے جائیں۔ آپ نے بعض سکوں پر الحمدللہ' کچھ پر "محمد رسول اللہ" اور بعض پر "لا الہ الا اللہ وحدہ" کے الفاظ کندہ کروائے۔ (19) اس دور کے بعض سکوں میں سے کچھ عراقی عجائب گھر میں اب بھی موجود ہیں۔ (20)

اسلامی معاشی فکر کے ارتقاء میں حضرت علیؓ بن ابی طالب (35-40ھ / 656-661ء) کا کردار بھی نمایاں ہے۔ آپ نے اپنے دور حکومت میں مختلف صوبوں کے عمال کو جو خطوط تحریر کئے ان میں آپ کے معاشی فکر کی جھلک واضح طور پر ملتی ہے۔ محمد بن الحسین 'الشریف الرضی (م 406ھ / 1015ء) نے حضرت علیؓ کے خطبات' مکتوبات اور اقوال کو "نہج البلاغۃ" کی شکل میں جمع کر دیا ہے۔

حضرت علیؓ "التنمیۃ" کی جگہ "العمارۃ" کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں۔ یعنی آپ کے نزدیک معاشی ترقی (Economic development) سے مراد "عدل اجتماعی" (Social Justice) ہے۔ آپ کے مکتوبات میں "العمارۃ" کی اصطلاح قرآن حکیم کی اس آیت سے ماخوذ نظر آتی ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

ھو انشاکم من الارض و استعمر کم فیھا ۔۔۔ (21)

"اسی نے تمہیں زمین سے پیدا کیا اور تمہیں اس زمین میں آباد کر دیا۔"

(ا) معاشی ترقی کی بنیادیں

حضرت علیؓ نے اپنے خطبات و مکتوبات میں ان بنیادوں کی طرف اشارہ کیا ہے جن پر کسی ملک کی معاشی تعمیر و ترقی کی عمارت قائم ہوتی ہے۔

(ا) تقویٰ

آپ کے نزدیک تقویٰ معاشی ترقی کی بنیاد ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ انسان زر و مال کی پرستش کی بجائے خوف الٰہی کو اپنی زندگی کا شعار بنائے۔ وہ ذات جو مسبب الاسباب ہے اس کی رضا و خوشنودی کے حصول کے لئے ہر وقت کوشاں رہے۔ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے ہوتے ہیں ان کو رزق ایسے ذرائع سے ملتا ہے جو کسی کے وہم و گمان میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

بھی نہیں ہوتے۔ آپؓ نے محمد بن ابی بکر (م 62ھ / 682ء) کو مصر کا گورنر بناتے وقت یہ فرمان دیا۔

و اعلموا عباد اللّٰہ' ان المتقین ذھبوا بعاجل الدنیا و اجل الاخرۃ' فشارکوا اھل الدنیا فی دنیاھم و لم یشارکھم اھل الدنیا فی آخرتھم' سکنوا الدنیا بافضل ما سکنت و اکلوھا بافضل ما اکلت' فحظوا من الدنیا بما حظی بہ المترفون و اخذوا منھا ما اخذہ الجبابرۃ المتکبرون ثم انقلبوا عنھا بالزاد المبلغ والمتجر الرابح(22)

"اللہ کے بندو جان لو! پرہیزگار لوگ دنیا کے قریبی اجر اور آخرت کے دور والے ثواب دنوں کو لے گئے' وہ دنیا والوں کے ساتھ ان کی دنیا میں بھی شریک رہے مگر دنیا والے ان کی آخرت میں شریک نہ ہوئے وہ دنیا میں افضل طریق پر رہے۔ انہوں نے دنیا کو بہتر سے بہتر برتا۔ انہیں دنیا سے وہ سب کچھ ملا جو عیش نعمت میں لوٹنے والوں کو ملتا ہے۔ انہوں نے دنیا سے وہ سب حاصل کیا جو جبار و متکبر حاصل کیا کرتے ہیں۔ پھر وہ دنیا سے پورا پورا توشہ لے کر اور مالا مال تجارت حاصل کر کے سدھار گئے۔"

(2) حقوق میں مساوات

معاشی جدوجہد کے لئے رعایا کو مساوی حقوق حاصل ہونے چاہیں تاکہ امراء غریب طبقہ کا استحصال (Extortion) نہ کر سکیں۔ آپ نے محمد بن ابی بکرؓ کے نام یہ لکھا۔

فاخفض لھم جناحک والن لھم جانبک وابسط لھم وجھک و آس بینھم فی اللحظۃ والنظرۃ' حتی لا یطمع العظماء فی حیفک لھم' و لا ییاس الضعفاء من عدلک بھم(23)

"اور اے محمد رعایا سے خاکساری برتنا' نرمی سے پیش آنا' بشاشت ظاہر کرنا' اپنے برتاؤ اور نظر میں سب کو مساوی رکھنا تاکہ نہ بڑے لوگ چھوٹوں پر تمہارے ظلم کی امید رکھیں۔ نہ چھوٹے لوگ بڑوں کے مقابلے میں تمہارے انصاف سے مایوس ہو جائیں۔"

آپؓ نے جب مالک بن الحارث الاشترا النخعی (م 37ھ / 657ء) کو مصر کا گورنر بنایا تو ایک بہترین دستور دیا۔ اس میں لکھتے ہیں۔

فافسح فی امالھم' و واصل فی حسن الثناء علیھم' و تعدید ما ابلی ذو والبلاء منھم' فان کثرۃ الذکر لحسن افعالھم تھز الشجاع و تحرض الناکل

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان شاء اللّٰہ(24)

"پس ان کی امیدوں میں وسعت و کشائش رکھنا۔ انہیں اچھے لفظوں سے سراہتے رہنا اور ان کارناموں کا تذکرہ کرتے رہنا۔ اس لئے کہ ان کے اچھے کارناموں کا ذکر بہادروں کو جوش میں لے آتا ہے اور پست ہمتوں کو ابھارتا ہے۔ ان شاء اللہ۔"

(3) حقوق و فرائض سے آگاہی

حضرت علیؓ کے نزدیک جب حکمران اور رعایا دونوں اپنے اپنے حقوق و فرائض سے آگاہ ہوں تو اس سے بھی معاشی ترقی کی نئی راہیں کھلتی ہیں۔ قومی یکجہتی اور حاکم و محکوم میں مکمل ہم آہنگی کا کسی ملک کی ترقی میں اہم کردار ہوتا ہے۔ ایک ایسا معاشرہ جہاں رعایا کے حقوق چھینے جاتے ہوں، حکمران طبقہ اور رعایا کے مابین شکوک و شبہات جنم لیتے ہوں، ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتا۔ آپؓ ایک خطبہ میں فرماتے ہیں۔

و اعظم ما افترض سبحانه من تلک الحقوق حق الوالی علی الرعیة و حق الرعیة علی الوالی، فریضة فرضها اللّٰه سبحانه لکل علی کل، فجعلها نظاما لالفتهم، و عزا لدینهم، فلیست تصلح الرعیة الا بصلاح الولاة و لا تصلح الولاة الا باستقامة الرعیة - فاذا ادت الرعیة الی الوالی حقه، و ادی الوالی الیها حقها، عز الحق بینهم، و قامت مناهج الدین، و اعتدلت معالم العدل(25)

"اور فرض شدہ حقوق میں سے ایک حاکم کا حق ہے رعایا پر۔ اور رعایا کا حق ہے حاکم پر۔ یہ خدا کا فرض (واجب) کردہ فریضہ ہے دونوں میں سے ہر ایک پر جسے عام انسانوں کی تنظیم اور ان کے دین کی عزت بنایا ہے۔ اب رعایا کی اصلاح حاکموں ہی کی اصلاح پر ہے اور ان کی اصلاح رعایا کی استقامت و استقلال پر موقوف ہے تو جب رعایا والی کا حق پورا کر دے اور حاکم محکوم کے حق ادا کر دے تو "حق" ان لوگوں میں معزز اور دین کے راستے واضح اور عدل کے نشانات اعتدال حاصل کر لیتے ہیں۔"

(4) معاشرہ کے محروم طبقات پر خصوصی توجہ

آپؓ زکوٰۃ کے ایک تحصیلدار کے نام اپنے مکتوب میں فرماتے ہیں۔

و ان لک فی هذه الصدقة نصیبا مفروضا و حقا معلوما و شرکاء اهل مسکنة وضعفاء ذوی فاقة و انا موفوک حقک فوفهم حقوقهم والاتفعل فانک من اکثر الناس خصوما یوم القیامة و بوسا لمن خصمه عنداللّٰه

toobaa-elibrary.blogspot.com

الفقراء والمساكين والسائلون والمدفوعون والغارم و ابن السبيل (26)

"اس صدقے میں تمہارا حصہ مقرر اور حق معلوم ہے مگر اس میں اور لوگ بھی تمہارے شریک ہیں یہ کون ہیں؟ غریب، کمزور، فاقہ زدہ لوگ۔ ہم تمہیں تمہارا پورا پورا حق دیں گے لہٰذا تم بھی اپنے شریکوں کو ان کا پورا پورا حق دینا۔ ورنہ یاد رکھو قیامت کے دن تم سے زیادہ کسی آدمی کے دشمن نہ ہوں گے اور بد بختی ہے اس کے لیے جس سے اللہ کے حضور جھگڑا کریں گے، فقیر، مسکین، سائل، محروم، مقروض، مسافر۔"

(5) امانت و دیانت

آپ کی رائے یہ ہے کہ امانت و دیانت معاشی ترقی کی بنیاد ہے۔ جس قوم کے افراد میں بد عنوانی اور خیانت کا عنصر سرایت کر جائے وہ اقتصادی طور پر تباہ ہو جاتی ہے۔ آپ کے الفاظ ہیں۔

و من استهان بالامانة و رتع فی الخيانة و لم ينزه نفسه و دينه عنها فقد احل بنفسه فی الدنيا الخزی و هو فی الاخرة اذل و اخزی و ان اعظم الخيانة خيانة الامة (27)

"اور جو کوئی امانت میں غفلت سے کام لیتا ہے خیانت کے میدان میں چرتا پھرتا ہے اور اپنے نفس و دین کو اس گندگی سے پاک نہیں رکھتا تو وہ اس دنیا میں بھی اپنے اوپر بلائیں نازل کراتا ہے اور آخرت میں وہ سب سے زیادہ گم کردہ راہ اور روسیاہ ہو گا۔ اور بے شک سب سے بڑی خیانت امت کی خیانت ہے۔

عدل و انصاف کی حکمرانی

آپؒ کا نظریہ یہ ہے کہ جس معاشرہ میں عدل و انصاف (Justice) کی حکمرانی ہو، وہاں قومی آمدنی بڑھ جاتی ہے۔ جبکہ ظلم و ستم سے نتائج برعکس نکلتے ہیں۔ آپ نے جب اپنے عامل کو مصر کے خراج پر مقرر کیا تو تنبیہہ کی کہ خراج کی وصولی میں عدل کو پیش نظر رکھنا اس سے خراج کی رقم میں بھی اضافہ ہو گا اور آبادی کی فلاح و بہبود بھی ہو گی۔ آپؒ نے فرمایا۔

و ليكن نظرك فی عمارة الارض ابلغ من نظرك فی استجلاب الخراج لان ذلك لا يدرك الا بالعمارة و من طلب الخراج بغير عمارة اخرب البلاد و اهلك العباد (28)

"اور خراج کی جمع آوری سے زیادہ زمین کی آبادی کا خیال رکھنا کیونکہ خراج بھی تو زمین کی آبادی ہی سے حاصل ہو سکتا ہے اور جو آباد کئے بغیر خراج چاہتا ہے وہ ملک کی بربادی اور بندگان خدا کی تباہی کا سامان کرتا ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

(ب) معاشی ترقی کس طرح ممکن ہے؟

آپؓ کے خطبات و مکتوبات سے ایسے اشارات بھی ملتے ہیں جن پر عمل کرنے سے معاشی ترقی کا حصول آسان ہو جاتا ہے۔

(1) غریب اور متوسط طبقہ کی فوقیت

آپ کی رائے یہ ہے کہ حکومت کو ایسے اقدامات کرنے چاہیں جن کے ذریعے امراء کی بجائے غریب اور متوسط طبقہ کی معاشی حالت بہتر ہو سکے۔ آپؓ اشترا النخعی کے نام لکھتے ہیں۔

و انما عماد الدین و جماع المسلمین والعدۃ للاعداء العامۃ من الامۃ فلیکن صغوک لھم و میلک معھم(29)

"دین کا اصل ستون، مسلمانوں کی اصل جمعیت، دشمن کے مقابلے میں اصل طاقت امت کے عوام ہی ہیں۔ لہٰذا عوام ہی کا تمہیں زیادہ سے زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔"

(2) تمام اہل پیشہ کو یکساں اہمیت دی جائے

معاشی ترقی کے لئے ضروری ہے کہ حکومت تمام اہل پیشہ کو یکساں اہمیت دے۔ زراعت، تجارت اور صنعت و حرفت تمام شعبوں کی اہمیت کو تسلیم کیا جائے اور ان کی ترقی پر توجہ دی جائے۔ مصر کے گورنر اشترا النخعی کو لکھتے ہیں۔

ثم استوص بالتجار، و ذوی الصناعات و اوص بھم خیرا المقیم منھم والمضطرب بمالہ والمترفق ببدنہ، فانھم مواد المنافع واسباب المرافق و جلابھا من المباعد والمطارح فی برک و بحرک و سھلک و جبلک و حیث لا یلتئم الناس لمواضعھا(30)

"تجار اور اہل حرفت کا پورا خیال رکھنا ان کا بھی جو مقیم ہیں اور ان کا بھی جو پھیری کرتے ہیں کیونکہ یہ لوگ ملک کی دولت بڑھاتے ہیں۔ دور دور سے سامان لاتے ہیں، خشکیوں، تریوں، میدانوں، ریگستانوں، سمندروں، دریاؤں، پہاڑوں کو پار کر کے ضروریات زندگی مہیا کرتے ہیں۔ ایسی ایسی جگہوں سے مال ڈھو لاتے ہیں جہاں اور لوگ نہیں پہنچتے۔"

حضرت علیؓ نے صیغہ مال میں بعض ایسی اصلاحات کیں جن سے اس کی آمدنی میں اضافہ ہو گیا۔ آپؓ کے عہد سے قبل جنگلات سے کوئی مالی فائدہ حاصل نہیں کیا جاتا تھا۔ امام ابو یوسف کے بیان کے مطابق آپ نے ان کو قابل ٹیکس قرار

toobaa-elibrary.blogspot.com

دیا۔ چنانچہ صحرائے برس سے چار ہزار درہم سالانہ آمدنی ہوتی تھی۔(31) حضرت علیؓ نے اپنے دور میں بعض چیزوں پر ٹیکس ختم کردیا۔ حضرت عمرؓ کے دور میں گھوڑوں پر زکوٰۃ لی جاتی تھی لیکن حضرت عمرؓ نے اسے منسوخ کردیا۔(32)

تجارتی معاملات میں ناپ تول کے پیمانوں کی درستگی پر آپ نے کافی توجہ دی۔ آپ درہ لے کر بازار نکل جاتے تھے اور اشیا فروخت کرنے والوں کو ناپ تول میں ایمانداری کی ہدایت کرتے۔ ابو عبداللہ محمد ابن سعد (م 230ھ / 844ء) اپنی کتاب "الطبقات الکبریٰ" میں لکھتے ہیں۔

قال = رایت علیا ... و معه درة له یمشی بها فی الاسواق و یامرهم بتقوی الله و حسن البیع و یقول اوفو الکیل والمیزان(33)

"کہا = میں نے علیؓ کو اس حالت میں دیکھا ... اور ان کے ہمراہ درہ (چرمی ہنٹر) تھا۔ جسے وہ بازاروں میں لے جاتے تھے اور لوگوں کو اللہ سے ڈرنے اور بیع میں خوبی کا حکم دیتے تھے اور کہتے تھے کہ کیل (پیمانہ) اور ترازو کو پورا کرو۔"

آپ نے اپنے دور خلافت میں متعدد اسلامی سکے (Coins) رائج کئے۔(34)

حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) کا دور بھی ان کے معاشی فکر (Economic thinking) اور تجزیاتی رسائی (analytical approach) کے بارے میں کافی معلومات مہیا کرتا ہے۔ ٹیکسوں کی وصولی میں جو بے اعتدالیاں پائی جاتی تھیں آپ نے ان کو دور کیا۔ آپ نے خراج کی وصولی کے متعلق اپنے عامل عبدالحمید بن عبدالرحمٰن (م 107ھ / 725ء) کو یہ فرمان لکھا۔

ان انظر الارض و لا تحمل خرابا علی عامر و لا عامرا علی خراب' وانظر الخراب فان اطاق شیئا' فخذ منه ما اطاق و اصلحه حتی یعمر' و لا تاخذ من عامر لا یعتمل شیئا' و ما اجدب من العامر من الخراج فخذه فی رفق و تسکین لاهل الارض و آمرک ان لا تاخذ فی الخراج الا وزن سبعة لیس فیها تبر ولا اجور الضبرابین ولا اذابة الفضة ولا هدیة النیروز والمهرجان ولا ثمن الصحف و لا اجور الفیوج و لا اجور البیوت ولا دراهم النکاح' و لا خراج علی من اسلم من اهل الارض(35)

"کہ زمین کا جائزہ لو۔ محاصل کی تعیین میں کسی ناکارہ زمین کو آباد زمین پر یا آباد زمین کو ناکارہ زمین پر نہ قیاس کرو۔ ناکارہ زمینوں کا جائزہ لینے پر اگر یہ اندازہ ہو کہ وہ کچھ محصول برداشت کر سکتی ہیں تو ان سے ان کی برداشت کے مطابق وصول کرو اور ان کی اصلاح کی تدبیر کرکے ان کو پوری طرح

toobaa-elibrary.blogspot.com

قابل کاشت بنادو۔ ایسی کار آمد زمین پر کوئی محصول نہ عائد کرو جو زیر کاشت نہ ہو۔ جن قابل کاشت زمینوں سے خراج وصول ہونا بند ہو گیا ہو ان کے معاملہ کو زمین والوں کے ساتھ نرمی اور سہولت برتتے ہوئے سلجھاؤ۔ اور میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ خراج میں صرف وزن سبع والے درہم لیا کرو جن میں جعلی یا ردی سکے نہ ہوں۔ سکہ ڈھالنے والوں کی اجرت اور چاندی پگھلانے کی اجرت نہ وصول کرو۔ نو روز اور مہرجان کے تحفے نہ لو۔ کاغذات کی قیمت اور ہرکاروں کی اجرت نہ وصول کرو۔ شب باشی کے مکانوں کا کرایہ اور پیشہ زنا سے ہونے والی آمدنی پر (ٹیکس) نہ لو۔ اور زمین والوں میں سے جو کوئی اسلام لائے اس پر خراج (یعنی جزیہ) نہیں عائد ہو گا۔"

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے عام فرمان جاری کیا کہ جو لوگ مسلمان ہو جائیں ان سے جزیہ نہ وصول کیا جائے۔ اس کی وجہ سے صرف مصر میں اتنے آدمی مسلمان ہوئے کہ جزیہ کی آمدنی گھٹ گئی۔ آپ کے ایک والی نے خط لکھ کر نو مسلموں سے جزیہ وصول کرنے کی اجازت مانگی تو آپ نے فرمایا۔

و ان اللہ جل ثناوہ بعث محمدا صلی اللہ علیہ وسلم داعیا الی الاسلام و لم یبعثہ جابیا فمن اسلم من اھل تلک الملل فعلیہ فی مالہ الصدقۃ و لا جزیۃ علیہ(36)

"اور بے شک اللہ جل ثناءہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو داعی بنا کر بھیجا تھا نہ کہ محصل بنا کر۔ ان مذاہب کے پیروؤں میں سے جو لوگ اسلام لے آئیں ان کے ذمہ اپنے مال کی زکوٰۃ ہو گی۔ ان پر جزیہ نہیں عاید ہو گا۔"

آپ نے تو یہ فرمان بھی جاری کر دیا کہ اگر کسی غیر مسلم کا جزیہ ترازو میں رکھا جا چکا ہو اور اس حالت میں بھی وہ اسلام قبول کر لے تو اس سے جزیہ نہ لیا جائے۔(37)

حضرت عمر بن عبدالعزیز کے ایک عامل نے ٹیکس کی وصولی کے لئے لوگوں کو سزا دینے کی اجازت طلب کی تو آپ نے اسے ایسا کرنے سے منع کیا۔(38)

انہوں نے اپنے دور میں جس قدر ناجائز ٹیکس تھے سب موقوف کر دیئے۔ ابن سعد نے الطبقات الکبریٰ میں لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے 'عدی بن ارطاۃ (م 102ھ / 720ء) کو ایک فرمان جاری کیا جس میں یہ الفاظ بھی تھے۔

ان ضع عن الناس المائدۃ و النوبۃ والمکس' والعمری ما ھو بالمکس و لکنہ' البخس الذی قال اللہ و لا تبخسو الناس اشیاء ھم و لا تعثوا فی الارض مفسدین (39)

"کہ لوگوں سے مائدہ' نوبہ اور مکس (محصول کے اقسام) اٹھالو' میری جان کی قسم یہ مکس نہیں ہے بلکہ بخس

toobaa-elibrary.blogspot.com

(نقصان) ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لوگوں کی چیزوں میں خیانت نہ کرو اور نہ زمین میں فساد کرتے پھرو۔"

آپ نے بیت المال (Public Treasury) کے مصارف (Expenditures) کی بھی اصلاح کی۔ تمام غیر ضروری مصارف بند کر کے انہیں مسلمانوں کے قومی مفادات (National Interests) کے لئے مخصوص کر دیا۔

بعض عمال چیزوں کا نرخ (Rate) گھٹا کر کم قیمت پر خرید لیتے تھے۔ حضرت عمر بن عبد العزیز نے یہ قانون بنا دیا کہ کوئی عامل کسی فرد کا مال کم قیمت پر نہیں خرید سکتا۔ فارس کے والی کو آپ نے لکھا۔

بلغنی ان عمالک بالفارس یخرصون الثمار علی اهلها ثم یقومونها بسعر دون سعر الناس الذی یتبایعون به فیاخذونه ورقا علی قیمتهم التی قوموها و ان طوائف من الاکراد یاخذون العشر من الطریق، و لو علمت انک امرت بشئی من ذلک او رضیته بعد علمک به ما ناظرتک ان شاء الله بما تکره(40)

"مجھے معلوم ہوا ہے کہ فارس کے تمہارے ماتحت عہدہ دار پھلوں کو ان کے مالکوں کے پاس اندازہ کر کے قیمت ایسے نرخ سے لگاتے ہیں جس پر لوگ باہم خرید و فروخت نہیں کرتے۔ اس اندازہ کی ہوئی قیمت پر اس کی چاندی لیتے ہیں اور کردوں کے چند گروہ راستے سے عشر (آمدنی کا دسواں حصہ) وصول کرتے ہیں اگر مجھے یہ معلوم ہوتا کہ ان امور میں سے تم نے کسی امر کا حکم دیا ہے یا اس کے معلوم ہونے کے بعد تم اس پر راضی ہو تو ان شاء اللہ میں کوئی ایسی بحث نہ کرتا جو تمہیں ناگوار معلوم ہوتی۔"

آپ نے اپنے دور میں کفالت عامہ کا بہترین انتظام کیا۔ آپ نے عدی بن ارطاۃ کو لکھا۔

فانظر اهل الذمة فارفق بهم، و اذا کبر الرجل منهم و لیس له مال فانفق علیه، فان کان له حمیم فمر حمیمه ینفق علیه(41)

"ذمیوں کے حال پر نظر کرو اور ان کے ساتھ مہربانی کرو۔ جب ان میں سے کوئی بوڑھا ہو جائے اور اس کے پاس مال نہ ہو تو اس پر تم خرچ کرو۔ اگر اس کا کوئی دوست ہو تو حکم دو کہ وہ اس پر خرچ کرے۔"

اسلامی تاریخ میں امام ابو حنیفہ النعمان بن ثابت (م 150ھ / 767ء) کے معاشی افکار و نظریات بھی بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ آپ چونکہ خود ایک بڑے تاجر تھے اس لئے فقہ کے مالی مسائل (Financial Problems) میں تاجرانہ انداز فکر سے متاثر نظر آتے ہیں۔ آپ نے ایک معاشی مفکر کی حیثیت سے خرید و فروخت کے معاملات میں راہنمائی دی ہے۔ تجارت سے متعلق آپ کے معاشی افکار حنفی فقہ کی کتب میں ملتے ہیں۔ آپ نے خرید و فروخت

toobaa-elibrary.blogspot.com

(Shopping) کے چار اصول پیش کئے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

(ا) جو چیز بدل میں لی جائے اس سے واقفیت ضروری ہے۔

(ب) معاملہ کرتے وقت ہر قسم کے سود سے بچنا چاہیے۔

(ج) خرید و فروخت کے معاملات میں جہاں نص نہ ہوگی 'عرف کو معتبر سمجھا جائے گا۔

(د) تمام معاملات میں امانت داری اساس و بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔(42)

لوگوں کو باہمی جھگڑوں سے بچانے کے لئے آپ نے بیع سلم میں چھ امور کی وضاحت ضروری قرار دی ہے۔

(1) تعریف و تعیین جنس

(2) تعیین نوع 'اگر اس کے مختلف انواع ہوں۔

(3) تعیین مقدار

(4) وضاحت اوصاف

(5) تعیین مدت

(6) اس مقام کی تعیین جہاں مسلم فیہ (وہ غلہ وغیرہ اشیاء جن کی بیع کی جائے) سپرد کیا جائے۔(43)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں امام ابو حنیفہ کے معاشی افکار سے بھی بحث کی ہے مثلاً امام ابو حنیفہ دیگر فقہاء کے برعکس احیائے موات (Cultivation of virgin land) کے لئے حاکم کی اجازت ضروری قرار دیتے ہیں۔ (44) جدید دور کے ماہرین معاشیات آپ ہی کی رائے کو ترجیح دیتے ہیں۔ آپ نے مزارعت (Partnership to cultivate land) اور مساقات (Partnership to cultivate trees) کے معاملہ کو بھی ناجائز قرار دیا۔(45) کیونکہ اس طرح کاشتکار طبقہ کا استحصال ہوتا ہے۔

عباسی خلیفہ محمد مہدی بن منصور (158-169ھ / 775-785ء) کے عہد خلافت میں اس کے وزیر ابو عبید اللہ معاویہ بن یسار (م 170ھ / 786ء) نے اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن پر "کتاب الخراج" کے نام سے ایک کتاب تحریر کی۔ تاریخ اسلام میں اس موضوع پر یہ پہلی باقاعدہ تصنیف ہے۔

خلیفہ مہدی سے قبل خراج وظیفہ (A fixed land tax) کا طریقہ رائج تھا۔ ابو عبید اللہ معاویہ نے اس نظام کی خامیوں پر غور و خوض کیا اور اس کی بجائے یہ تجویز پیش کی کہ حکومت کاشتکاروں سے ان کی زمین کی پیداوار کی ایک متعین نسبت وصول کرنے کا طریقہ اختیار کرے۔ یہ طریقہ خراج المقاسمہ (Khirajul maquasamah) کہلاتا ہے۔ مہدی نے یہ اصلاح نافذ کر دی کیونکہ یہ طریقہ کاشتکار طبقہ اور بیت المال دونوں کے مفاد میں تھا۔

ابو عبید اللہ معاویہ کی یہ کتاب اب ناپید ہو چکی ہے۔ البتہ قدامہ بن جعفر الکاتب (م 337ھ / 948ء) کی تصنیف "

toobaa-elibrary.blogspot.com

الخراج وصنعتہ الکتابۃ" میں اس کے کچھ مباحث ملتے ہیں۔

امام ابویوسف کی مشہور تصنیف "کتاب الخراج" ان کے معاشی فکر کا آئینہ ہے۔ جب عباسی خلیفہ ہارون الرشید نے مالیاتی معاملات میں آپ سے راہنمائی چاہی تو آپ نے کافی محنت اور جانفشانی سے کام لیتے ہوئے ایک جامع اور مفصل کتاب تحریر کردی۔

اگر اس کتاب کا دقت نظر سے مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ یہ کتاب صرف بیت المال (Public Treasury) کے ذرائع آمدن ہی پر بحث نہیں کرتی بلکہ یہ متعدد معاشی مباحث کا احاطہ بھی کرتی ہے۔ امام ابویوسف نے اس کتاب میں بہت سے اقتصادی افکار پیش کئے ہیں' خواہ وہ اسلام کے مالیاتی نظام سے تعلق رکھتے ہوں یا دیگر اقتصادی معاملات سے متعلق ہوں۔ اس کتاب کے مطالعہ سے اگر اس دور کے معاشی حالات و مسائل سے آگاہی ہوتی ہے تو اس کے ساتھ ہی امام ابویوسف کی پیش کردہ اصلاحات کی قدر و قیمت کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔ کتاب الخراج کے مقدمہ میں خود امام ابویوسف لکھتے ہیں۔

> ان امیر المومنین ایدہ اللہ تعالٰی سالنی ان اضع لہ کتابا جامعا یعمل بہ فی جباۃ الخراج والعشور والصدقات والجوالی' وغیر ذلک مما یجب علیہ النظر فیہ والعمل بہ(46)
>
> "امیرالمومنین نے' اللہ ان کی مدد فرمائے' مجھے ایک جامع کتاب مرتب کرنے کے لئے کہا ہے جس کو وہ خراج' عشور' صدقات اور جوالی کی تحصیل میں اپنا دستور العمل بنا سکیں اور جو ان دوسرے امور میں بھی ان کی راہنمائی کر سکے جن پر غور و فکر کرنا اور عمل کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔"

امام ابویوسف کی دوسری مطبوعہ تصانیف کتاب الآثار کتاب اختلاف ابی حنیفہ و ابن ابی لیلٰی اور کتاب الرد علی سیر الاوزاعی بھی ہمارے سامنے ہیں لیکن ان میں امام ابویوسف کی معاشی بحثیں نہ ہونے کے برابر ہیں۔

یہاں اس امر کی وضاحت کرنا بھی ضروری ہے کہ امام ابویوسف کی تصنیف "کتاب الخراج" اگرچہ معاشیات کے موضوع پر ہے لیکن یہ آپ کے جملہ معاشی افکار کا احاطہ نہیں کرتی اس لئے لامحالہ ہمیں حنفی فقہ کی ان کتابوں کی ورق گردانی کرنا پڑے گی جن میں قانونی مسائل پر آپ کی بہت سی آراء نقل کی گئی ہیں' ان کا جائزہ آپ کے معاشی فکر اور تجزیاتی بصیرت پر مزید روشنی ڈال سکتا ہے۔

کتب احناف میں بکھرے ہوئے آپ کے معاشی افکار میں سے بعض اس قدر اہمیت کے حامل ہیں کہ ان کے پیش کرنے میں آپ نے تمام فقہاء سے زیادہ شہرت حاصل کی ہے اور بعد ازاں کوئی مسلم معاشی مفکر آپ پر سبقت نہ لے جا سکا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ آپ کے بعد جن مسلم مفکرین نے بھی ان موضوعات پر بحث کی ہے تو انہوں نے آپ کی پیروی

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرتے ہوئے آپ کی موافقت کی ہے یا پھر مخالفت۔ اس طرح کے معاشی افکار سے امام ابویوسف کی وہ آراء ہیں جو احتکار، صاع اور تجارت سے متعلق ہیں۔

امام ابویوسف کے اقتصادی فکر کو صرف کتاب الخراج کے حوالہ سے بحث کرنا کافی نہیں ہے بلکہ اس ضمن میں ہمیں فقہ اسلامی کی عام کتب اور خصوصاً" حنفی فقہ کی کتابوں کو بنیاد بنانا پڑے گا۔

امام ابویوسف کے تجزیاتی نکات یا کسی خاص موضوع پر ان کے فکر کا جائزہ لینے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ان کی کتاب کی متعلقہ عبارتیں نقل کی جائیں لہٰذا اس باب کی مختلف فصول میں کتاب الخراج کی روشنی میں جو معاشی مباحث پیش کئے گئے ہیں ان میں آپ کے بیانات کی روشنی میں معاشی فکر کا مکمل اور جامع جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

ٹیکسوں کے بارے میں امام ابو یوسف کی اصولی بحث

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں مختلف محاصل (Taxes) پر بڑی شرح وبسط سے بحث کی ہے۔ ٹیکسوں کے بارے میں ان کے معاشی فکر کو ہم درج ذیل عنوانات کی صورت میں بیان کر سکتے ہیں۔

(ا) ٹیکس عائد کرنے کے اصول

(ب) ٹیکس وصول کرنے کے عام اصول

(ا) ٹیکس عائد کرنے کے اصول

(1) امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ ٹیکسوں کی تشخیص اور ان کی شرح کی تعیین میں اس بات کو مد نظر رکھا جائے کہ حکومت کی طرف سے کسی فرد پر ظلم نہ ہو۔ ہر فرد کی قوت برداشت سے زیادہ ٹیکس نہ لگایا جائے۔ امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کو نقل کیا ہے جو آپؐ نے حضرت عبداللہ بن الارقم (م 44ھ / 664ء) کو جزیہ کی وصولی کے بارے میں فرمایا تھا۔

الا من ظلم معاهدا او كلفه فوق طاقته او انتقصه او اخذ منه شيئا بغير طيب نفسه فانا حجيجه يوم القيامة (47)

"آگاہ رہو کہ جو کسی معاہد پر ظلم کرے گا یا اس پر اس کی برداشت سے زیادہ بوجھ ڈالے گا' یا اس کو کم کرے گا' یا اس سے اس کی رضامندی کے بغیر کچھ وصول کرے گا تو قیامت کے دن میں اس (مظلوم معاہد) کی طرف سے بحث کروں گا۔"

آپ نے کتاب الخراج میں حضرت عمرؓ اور حضرت عثمان بن حنیفؓ (م بعد 41ھ / بعد 661ء) کی گفتگو بھی نقل کی ہے۔ حضرت عمرؓ نے' حضرت عثمان بن حنیفؓ سے فرمایا تھا "شاید تم نے زمین پر اتنا بوجھ ڈال دیا ہے۔ جسے وہ برداشت نہیں کر سکتی۔ حضرت عثمانؓ نے کہا تھا۔

حملت الارض امرا هي له مطيقة' و لو شئت لاضعفت (48)

"میں نے زمین پر جو بار ڈالا ہے اسے وہ برداشت کر سکتی ہے اگر میں چاہتا تو اس سے دوگنا بار ڈال سکتا تھا۔"

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے ایک گورنر کو یہ لکھا۔

ان انظر الارض و لا تحمل خرابا على عامر و لا عامرا على خراب' و انظر الخراب فان اطاق شيئا' فخذ منه ما اطاق و اصلحه حتى يعمر' و لا تاخذ من عامر لا يعتمل شيئا و ما اجدب من العامر من الخراج فخذه في رفق و تسكين لاهل الارض (49)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"زمین کا جائزہ لو۔ محاصل کی تعیین میں کسی ناکارہ زمین کو آباد زمین پر یا آباد زمین کو ناکارہ زمین پر نہ قیاس کرو۔ ناکارہ زمینوں کا جائزہ لینے پر اگر یہ اندازہ ہو کہ وہ کچھ محصول برداشت کر سکتی ہیں تو ان سے ان کی برداشت کے مطابق وصول کرو اور ان کی اصلاح کی تدبیر کر کے ان کو پوری طرح قابل کاشت بنا دو۔ ایسی کار آمد زمین پر کوئی محصول نہ عائد کرو جو زیر کاشت نہ ہو۔ جن قابل کاشت زمینوں سے خراج وصول ہونا بند ہو گیا ہو ان کے معاملہ کو زمین والوں کے ساتھ نرمی اور سہولت برتتے ہوئے سلجھاؤ۔"

امام ابو یوسف لکھتے ہیں۔

اتبعنا ما امر به و تقدم فيه و رجونا ان يكون الرشد فى امتثال امره' فلم نحملهم مالا يطيقون و لم ناخذهم من الخراج الا بما تحتمله ارضهم(50)

"ان تمام باتوں کے پیش نظر ہم نے یہی مناسب سمجھا کہ اس باب میں اس اصول کی پیروی کریں جس کی تاکید خود عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کی ہے اور جس کی تلقین آپ نے (اپنے عمال کو) کی تھی۔ ہمیں توقع ہے کہ بھلائی آپ کی ہدایت کی پیروی میں مضمر ہے۔ چنانچہ ہم نے ان لوگوں پر وہ بوجھ نہیں ڈالا جس کو وہ برداشت نہیں کر سکتے اور ان سے صرف اسی قدر خراج وصول کرنے کی تجویز پیش کی جسے ان کی زمین برداشت کر سکے۔"

(2) امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ لوگوں کے صرف زائد از ضرورت اموال پر ٹیکس عائد کیا جائے۔ مالداروں سے وصول کیا جائے اور غریب طبقات پر خرچ کیا جائے۔ غریب طبقہ پر ٹیکس کا بوجھ کسی صورت بھی نہیں پڑنا چاہیے۔(51)

(3) امام ابو یوسف کا موقف یہ ہے کہ مسلمانوں اور غیر مسلموں پر ٹیکسوں کی نوعیت الگ الگ ہونی چاہیے۔ جو ذمی مسلمان ہو جائیں ان سے جزیہ نہ لیا جائے۔(52)

(4) امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ شریعت نے جن ٹیکسوں کی شرح متعین کر دی ہے ان میں ردوبدل نہیں ہو سکتا۔ ان ٹیکسوں کے مصارف بھی وہی ہوں گے جو قرآن و سنت سے ثابت ہیں۔ چنانچہ انہوں نے کتاب الخراج میں نقد مال' سامان تجارت' مویشیوں کی زکوٰۃ' عشر' خمس اور جزیہ کی وہی شرحیں (Rates) اور مصارف (Expenditures) بتائے ہیں جو شریعت سے ثابت ہیں اور ان میں کسی قسم کی تبدیلی تجویز نہیں کی۔(53)

(5) امام ابو یوسف اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ٹیکسوں کی شرحیں مرکزی حکومت (Central Government) کی طرف سے متعین ہونی چاہیں اور مقامی عمال حکومت کو یہ حق نہیں ہونا چاہیے کہ وہ ان میں کسی قسم کی ترمیم کریں۔ (54) مقامی افسروں کو مزید محصول عائد کرنے یا کسی عنوان سے مزید رقمیں یا غلہ وصول کرنے کا کوئی حق نہیں۔ اس ضمن میں وہ عمال حکومت کے لئے رعایا سے تحفے قبول کرنے کو بھی سختی سے منع کرتے ہیں۔(55)

(6) امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ ٹیکس دہندگان (Tax payers) سے اتنا ہی ٹیکس لیا جائے جو سرکاری اخراجات

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے لئے کافی ہو۔ اتنی ہی شرح سے ٹیکس لیا جائے جس سے نہ تو ٹیکس دہندگان سے ان کی حیثیت سے بڑھ کر وصول کرنا پڑے اور نہ ہی اتنی کم شرح ہو کہ حکومت اپنے اخراجات بھی پورے نہ کر سکے۔ ٹیکسوں کی وصولی پر اتنی رقم خرچ نہ کر دی جائے جس سے اصل رقم کا ایک بڑا حصہ ختم ہو جائے۔ امام ابو یوسف رقم طراز ہیں۔

لا یکون فیھا حمل علی اھل الخراج و لا یکون علی السلطان ضرر (56)

"اس میں نہ تو خراج ادا کرنے والوں پر کوئی زیادتی ہو' نہ حکومت کا کوئی نقصان۔"

و لا تجر علیھم ما یستغرق اکثر الصدقة (57)

"اور یہ تخواہیں اتنی زیادہ نہ ہوں کہ صدقات سے ہونی والی بیشتر آمدنی اسی میں صرف ہو جائے۔"

(7) امام ابو یوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ ٹیکس عائد کرتے وقت اصول عدل کو پیش نظر رکھا جائے۔ مسلمانوں اور غیر مسلموں سے ان کی مالی حیثیت کے مطابق ٹیکس لیا جائے۔ وہ افراد جو غریب' معذور اور نادار ہوں' ان سے ٹیکس نہ لیا جائے۔ (58)

(8) زمین کے خراج کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اس کا نظام اور اس کی شرحیں مختلف مصالح کے تحت تبدیل کی جا سکتی ہیں۔ لیکن یہ شرحیں کاشتکاروں کے لئے قابل برداشت ہونی چاہیں۔ (59) ان کی رائے یہ ہے کہ شرحیں جس قدر کم ہوں گی' اس قدر ہی ملکی آبادی خوشحال ہو گی۔ (60)

(9) امام ابو یوسف کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اسلامی حکومت ایسے نئے ٹیکس بھی عائد کر سکتی ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں لگائے لیکن اس کے ساتھ ہی وہ اس بات پر بھی زور دیتے ہیں کہ نئے ٹیکسوں کی صورت میں عوام پر ظلم و ستم کا دروازہ نہیں کھلنا چاہیے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں انہوں نے عشور (محاصل چنگی) پر جو بحث کی ہے۔ اس سے ان کے موقف کی وضاحت ہو جاتی ہے۔ (61)

(10) امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اسلامی ریاست حرام اشیاء پر بھی ٹیکس عائد کر سکتی ہے۔ آپ نے عشور پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے۔

و اذا مر اھل الذمة علی العاشر بخمر او خنازیر قوم ذلک علی اھل الذمة' یقومه اھل الذمة ثم یوخذ منھم نصف العشر' و کذلک اھل الحرب اذا مروا بالخنازیر والخمور فان ذلک یقوم علیھم ثم یوخذ منھم العشر (62)

"جب ذمی لوگ محصل چنگی کے یہاں شراب یا سور لے کر آئیں تو ان کی قیمت لگائی جائے گی۔ قیمت کا حساب ذمی لوگ خود لگائیں گے۔ اسی قیمت کے حساب سے ان سے بیسواں حصہ وصول کیا جائے گا۔ اسی طرح اگر حربی لوگ شراب یا سور لے کر گزریں تو ان کی قیمت کا حساب لگا کر اسی حساب سے دسواں حصہ وصول کیا جائے گا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

(11) امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ ٹیکس دہندگان سے ٹیکس اس وقت وصول کیا جائے جب وہ آسانی سے دے سکیں۔ ٹیکس دہندگان کی سہولت کو ہر صورت میں مد نظر رکھنا چاہیے۔(63)

(12) امام ابو یوسف مالی معاملات میں حاکم کو مکمل اختیارات دیتے ہیں۔ اسلامی ریاست کا سربراہ کاشتکاروں پر خراج کو گھٹا بھی سکتا ہے اور اضافہ بھی کر سکتا ہے۔ کاشتکاروں کی ادائیگی کی صلاحیت کے مطابق اسے ایسا کرنے کا اختیار ہے۔ امام ابو یوسف حضرت عمرؓ کے طرز عمل سے جواز پیش کرتے ہیں جنہوں نے ہر جریب پر ٹیکس عائد کیا تھا خواہ وہ آباد زمین ہو یا غیر آباد۔(64) امام ابو یوسف کے نزدیک حاکم کا مکمل مالی اختیار ریاست کے مالیاتی ڈھانچے کو باقاعدہ بناتا ہے۔

(13) امام ابو یوسف یہ رائے رکھتے ہیں کہ ٹیکسوں کا مقصد صرف حکومت کی ضروریات کو پورا کرنا نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کے ساتھ معاشرہ کی مجموعی فلاحی و بہبود بھی پیش نظر ہونی چاہیے۔(65)

(ب) ٹیکس وصول کرنے کے عام اصول

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ٹیکس وصول کرنے کے اصول بھی بتائے ہیں اور اس ضمن میں سب سے زیادہ زور "معاشی عدل" (Economic Justice) پر دیا ہے۔ امام ابو یوسف کے نزدیک کسی ریاست کی سالمیت کے لئے "معاشی عدل" کا ہونا بہت ضروری ہے۔ آپ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اقتصادی ظلم سے ملکی حالات خراب ہوتے ہیں اور خراج میں کمی واقع ہوتی ہے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و هذا كله ضرر على اهل الخراج و نقص للفئ مع ما فيه من الاثم(66)

"ان حرکتوں کے کار گناہ ہونے کے علاوہ ان سے اہل خراج کو بے جا تکلیف پہنچتی ہے اور مالیہ کی آمدنی میں بھی کمی آجاتی ہے۔

امام ابو یوسف نے ایک طرف تو آثار و احادیث سے استناد کیا ہے اور دوسری طرف مفاد عامہ اور انسانی حقوق کا حوالہ دے کر اس اصول کی اہمیت جتلائی ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ خیال بھی ظاہر کیا ہے کہ اس اصول کی پابندی میں معاشرے کی مادی اور روحانی فلاح بھی مضمر ہے۔

انہوں نے اپنے اس موقف کی صحت پر استقرائی انداز سے علمی دلیل قائم کی ہے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ کے عہد مبارک سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ان العدل و انصاف المظلوم و تجنب الظلم مع ما فی ذلک من الاجر یزید به الخراج و تکثر به عمارة البلاد والبرکة مع العدل تکون و هی تفقد مع الجور' والخراج الماخوذ مع الجور تنقص البلاد به و تخرب هذا عمر بن

toobaa-elibrary.blogspot.com

الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ کان یجبی السواد مع عدلہ فی اھل الخراج و انصافہ لھم و رفعہ الظلم عنھم مائۃ الف الف والدرھم اذ ذاک و زنہ وزن المثقال(67)

"عدل و انصاف کرنے اور ظلم و جور سے پرہیز کرنے میں جو اخروی اجر ہے اس کے ماسوا اس سے علاقوں کی خوشحالی میں اضافہ ہوتا ہے اور خراج کی آمدنی بڑھتی ہے۔ برکت عدل سے وابستہ ہے، ظلم و جور سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔ جو خراج ظلم و جور کے ذریعہ وصول کیا جاتا ہے اس سے ملک میں بدحالی اور تباہی مچتی ہے۔ عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ کا عہد مبارک ملاحظہ ہو کہ باوجود اس کے کہ آپ اہل خراج کے ساتھ کامل عدل و انصاف کا معاملہ کرتے اور ان پر سے ہر طرح کے ظلم کا ازالہ کرتے رہتے تھے، آپ کے زمانہ میں سواد سے دس کروڑ درہم کی آمدنی ہوتی تھی جب کہ اس زمانہ میں درہم کا وزن ایک مثقال ہوتا تھا۔"

اس مندرجہ بالا اقتباس میں امام ابو یوسف جب یہ کہتے ہیں کہ ٹیکسوں کی وصولی میں عدل و انصاف کو پیش نظر رکھا جائے اور ظلم و ناانصافی سے پرہیز کیا جائے تو اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ:

(ا) ٹیکس کی شرح کم سے کم ہونی چاہیے۔

(ب) شرعی ٹیکس مقررہ مقدار سے زیادہ نہ وصول کئے جائیں۔

(ج) ہر شخص سے اس کی مالی حیثیت کے مطابق ٹیکس لیا جائے۔

(د) وہ لوگ جو ٹیکس کی ادائیگی نہ کر سکیں ان کو ظالمانہ سزائیں نہ دی جائیں۔

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ جب اصول عدل کے تحت ٹیکس وصول کئے جائیں تو اس سے مجموعی طور پر وصول یابی زیادہ ہوتی ہے کیونکہ اس صورت میں ٹیکس دہندگان برضا و رغبت ٹیکس جمع کراتے ہیں۔ جبکہ دوسری صورت میں ٹیکسوں کی وصولی کم ہو جاتی ہے۔ مولانا حفظ الرحمٰن سیوھاروی، امام ابو یوسف کے اس فکر کی ترجمانی کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"عدل و ظلم کی حکومت کے درمیان ہمیشہ سے یہ امتیازی فرق چلا آتا ہے کہ عدل کی حکومت کا نصب العین رعایا اور عوام (پبلک) کی خدمت ہوتا ہے اور اس لئے عادل بادشاہ (حکمران) کا شاہی خزانہ رفاہ عام اور پبلک خدمات اور ان کی خوشحالی کے لئے ہوتا ہے اور وہ اپنی ذات پر ضروری حاجات سے زیادہ اس میں سے صرف نہیں کرتا اور نہ عوام کو ٹیکسوں کی کثرت سے پریشان حال بناتا ہے اس کے برعکس جبر و ظلم کی حکومت کا منشاء بادشاہ اور حکومت کا اقتدار، ذاتی تعیش اور اس کا استحکام ہوتا ہے۔ اس لئے وہ نہ رعایا کے دکھ درد کی پرواہ کرتا ہے اور نہ ان کی راحت و آرام کا خیال رکھتا ہے اور اس سلسلہ میں اگر کچھ ہو بھی جاتا ہے تو وہ حکومت کے مفاد و مصالح

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے پیش نظر ضمنی ہوتا ہے نیز اس حکومت میں رعایا ہمیشہ ٹیکسوں کے بوجھ سے دبی رہتی اور اس ملک کی اکثریت افلاس و غربت ہی کا شکار رہتی ہے۔" (68)

حضرت عمرؓ جو خراج کے معاملہ میں موسس (بانی) کا درجہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے اس تحصیل میں عدل کے پہلو کو خاص اہمیت دی ہے اور ہم یہ دیکھتے ہیں کہ امام ابویوسف نے اس ضمن میں متعدد آثار نقل کئے ہیں۔ انہیں اقوال میں سے حضرت عمرؓ کا خراج پر مقرر اپنے دو عاملوں کے نام یہ قول ملتا ہے۔

کیف وضعتما علی الارض' لعلکما کلفتما اهل عملکما مالا یطیقون؟ فقال حذیفة = لقد ترکت فضلا' و قال عثمان = لقد ترکت الضعف' و لو شئت لاخذته (69)

"تم دونوں نے زمین پر مالیہ کس حساب سے عائد کیا ہے؟ شاید تم نے اپنی عملداری کے باشندوں پر اتنا بوجھ ڈال دیا جسے وہ برداشت نہیں کر سکتے" حذیفہؓ نے جواب دیا "میں نے کچھ فاضل چھوڑ دیا ہے" اور عثمانؓ نے کہا "میں نے دوگنا چھوڑ دیا ہے اور میں چاہتا تو اسے بھی وصول کر لیتا۔"

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں حضرت عمرؓ کا یہ عمل بھی نقل کیا ہے۔

ان عمر بن الخطاب رضی الله عنه کان یجبی العراق کل سنة مائة الف الف ثم یخرج الیه عشرة من اهل الکوفة و عشرة من اهل البصرة یشهدون لربع شهادات بالله انه من طیب' ما فیه ظلم مسلم و لا معاهد (70)

"کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ عراق سے ہر سال دس کروڑ اوقیہ (چاندی) وصول کرتے تھے۔ پھر آپ کے پاس دس آدمی کوفہ سے اور دس بصرہ سے آتے اور ہر آدمی خدا کی قسم کھا کر چار بار یہ گواہی دیتا کہ یہ رقم پاکیزہ طریقہ سے وصول کی گئی ہے۔ اس میں سے کچھ کسی مسلم یا معاہد پر ظلم کر کے نہیں وصول کی گئی ہے۔"

حضرت عمر نے جب حضرت ابو ہریرہؓ کو بحرین اور ہجر کا عامل بنا کر بھیجا تو وہ وہاں سے دو تھیلیاں لے کر آئے جن میں پانچ لاکھ درہم تھے۔ انہیں دیکھ کر عمرؓ نے ان سے کہا۔

ما رایت مالا مجتمعا قط اکثر من هذا' فیه دعوة مظلوم او مال یتیم او ارملة (71)

"میں نے آج تک اس سے زیادہ مال یک جا نہیں دیکھا اس میں کسی مظلوم کا مارا ہوا حق یا کسی یتیم اور بیوہ کا (غصب کیا ہوا) مال تو نہیں شامل؟"

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے کہا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"نہیں خدا کی قسم' ایسا ہو تو سب سے برا آدمی میں ہی قرار پاؤں گا کہ سارا فائدہ تو آپ کے حصہ میں آئے اور سارا وبال میرے سر پڑے۔"

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اگر عوام معاشی طور پر خوش حال و مطمئن ہوں' ان پر بے جا ٹیکس عائد کر کے سختی نہ کی جائے اور ٹیکسوں کا نظام عادلانہ و منصفانہ ہو تو اس سے حکومت بھی سیاسی طور پر مضبوط ہوتی ہے۔ آپ ہارون الرشید کو نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

و تقدم الی من ولیت ان لا یکون عسوفا لاهل عمله و لا محتقرا لهم و لا مستخفا بهم' و لکن یلبس لهم جلبابا من اللین یشوبه بطرف من الشدة ولا استقصاء من غیر ان یظلموا او یحملوا ما لا یجب علیهم' واللین للمسلم' والغلظة علی الفاجر' والعدل علی اهل الذمة و انصاف المظلوم' والشدة علی الظلم والعفو عن الناس' فان ذلک یدعوهم الی الطاعة و ان تکون جبایته للخراج کما یرسم له و ترک الابتداع فیما یعاملهم به' والمساواة بینهم فی مجلسه و وجهه حتی یکون القریب والبعید والشریف والوضیع عنده فی الحق سواء(73)

"جن لوگوں کو آپ مامور کریں انہیں پہلے ہی دن جتلا دیں کہ انہیں اپنی عمل داری کے باشندوں پر ظلم و زیادتی نہیں کرنی چاہیے نہ ان کی تحقیر و توہین کرنی چاہئے۔ بلکہ تھوڑی سختی اور ہلکی گرفت کے ساتھ مجموعی طور پر نرم خوئی سے کام لینا چاہیے۔ رعایا پر ظلم کرنے یا بے جا بار ڈالنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اسے مسلمانوں کے ساتھ نرمی' بدکرداروں کے ساتھ سختی' اہل ذمہ سے عادلانہ برتاؤ' مظلوم کی داد خواہی' ظالموں پر سختی اور عام لوگوں کے ساتھ عفو و درگزر کی پالیسی اختیار کرنی چاہیے۔ یہی طریقہ لوگوں کو مطیع و فرماں بردار بنانے والا طریقہ ہے۔ خراج کی تحصیل اسی ضابطہ کے تحت عمل میں لائی جائے جو ان والیوں کے لئے مقرر کر دیا گیا ہو۔ یہ لوگ اپنی طرف سے نئے طریقے وضع کر کے رعایا کے ساتھ کوئی دوسرا سلوک نہ کریں۔ والی کو چاہیے کہ اپنی مجلس میں تمام لوگوں کے ساتھ مساوی سلوک کرے تاکہ نزدیک اور دور کے لوگ' معزز پست حیثیت افراد' سب حق کے معاملہ میں اس کے سامنے بالکل برابر ہوں۔"

امام ابو یوسف کے نزدیک ٹیکس کی وصولی کے لئے مارنا پیٹنا' اور تشدد کرنا انسانیت کی تذلیل ہے۔ آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و لا یضربن رجل فی دراهم خراج و لا یقال علی رجل فانه بلغنی انهم

toobaa-elibrary.blogspot.com

يقيمون اهل الخراج فی الشمس و يضربونهم الضرب الشديد و يطلقون عليهم الجرار و يقيدونهم بمايمنعهم من الصلاة و هذا عظيم عندالله شنيع فی الاسلام(74)

"خراج کی رقم وصول کرنے کی خاطر کسی آدمی کو مارنا یا ایک ٹانگ پر کھڑا رکھنا بھی سراسر ظلم ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ افسران خراج لوگوں کو دھوپ میں کھڑا رکھتے ہیں' انہیں سخت مار مارتے ہیں' ان کی گردنوں میں گھڑے لٹکا دیتے ہیں اور انہیں اس طرح پابہ زنجیر کر دیتے ہیں کہ وہ نماز بھی نہیں ادا کر سکتے۔ یہ بات اللہ تعالیٰ کی نظر میں بہت ہی بری ہے اور اسلام میں (ایسی سزائیں) انتہائی ناپسندیدہ ہیں۔"

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ٹیکس وصول کرتے وقت کسی کی تفتیش نہ کی جائے۔ آپ نے کتاب الخراج میں حضرت زیاد بن حدیر کا یہ قول نقل کیا ہے۔

ان اول من بعث عمر بن الخطاب علی العشور الی ههنا انا قال = فامرنی ان لا افتش احدا و مامر علی من شئی اخذت من حساب اربعين درهما درهما من المسلمين و اخذت من اهل الذمة من عشرين واحدا و ممن لاذمة له العشر (75)

"کہ وہ پہلا آدمی جسے عمر بن الخطاب نے عشور کی تحصیل پر مامور کر کے یہاں بھیجا تھا میں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آپؓ نے مجھے ہدایت کی تھی کہ کسی کی تلاشی نہ لوں اور جو کچھ میرے سامنے سے گزرے اس میں سے میں مسلمانوں سے چالیس درہم میں سے ایک درہم' ذمیوں سے بیس درہم میں سے ایک درہم اور غیر ذمی افراد سے دس درہم میں سے ایک درہم کے حساب سے وصول کیا کروں۔"

آپ ہارون الرشید کو کہتے ہیں کہ اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ جو مال رعایا سے محصول کی صورت میں وصول کیا جا رہا ہے' وہ طیب ہے یا نہیں؟ یعنی قرآن و سنت کے بتائے ہوئے ضابطوں کے مطابق وصول کیا جا رہا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کا طرز عمل یہی تھا کہ وہ اپنے عمال کو عدل و انصاف کی تعلیم دیتے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

بیت المال کے مداخل کے بارے میں ابو یوسف کا معاشی فکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

○ اس فصل میں ہم بیت المال (Public Treasury) کے مختلف ذرائع آمدن کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی فکر کو بیان کریں گے۔

زکوٰۃ

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں اسلامی حکومت کے اہم ذریعہ آمدن "زکوٰۃ" پر بھی بحث کی ہے۔ اس کے مختلف پہلوؤں پر امام ابویوسف کی آراء معتبر کتب احناف میں بھی ملتی ہیں۔ ان کی روشنی میں زکوٰۃ کے بارے میں ابویوسف کے معاشی فکر کو ہم درج ذیل عنوانات کی صورت میں بیان کرتے ہیں۔

بچہ اور دیوانہ کے مال کی زکوٰۃ

امام مالک بن انس (م 179ھ / 795ء) امام محمد بن ادریس الشافعی (م 204ھ / 820ء)، امام احمد بن حنبل (م 241ھ / 855ء) اور دیگر ائمہ کے نزدیک بچہ اور دیوانہ کے ہر قسم کے مال پر زکوٰۃ ہے۔ (76) لیکن امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ یتیم اور مجنون کی زکوٰۃ صرف کھیتی اور پھلوں میں ہوگی۔ دیگر اموال میں نہیں۔ (77)

امام ابویوسف کی دلیل یہ ہے کہ زکوٰۃ نماز کی طرح عبادت ہے۔ جس طرح بچہ اور مجنون کو نماز معاف ہے اسی طرح ان کے اموال سے زکوٰۃ بھی نہیں لی جائے گی۔ (78) اگر سال کے کسی حصے میں مجنون کے ہوش و حواس درست ہو جائیں تو اس صورت کے بارے میں امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ سال کے اکثر حصہ کے پیش نظر احکام کا اجراء ہوگا۔ اگر سال کا اکثر حصہ بیمار رہا تو زکوٰۃ ساقط ہوگی اور اگر اکثر حصہ صحت میں گزرا تو واجب ہوگی۔ (79)

وجوب زکوٰۃ سے انکار کا مسئلہ

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ اگر صدقہ لینے والا آئے اور مالک حلف اٹھا کر کہے کہ سائمہ (Cattle kept out at pasture) جانوروں پر سال مکمل نہیں گزرا یا کہے کہ ان جانوروں کی قیمت کے برابر مجھ پر قرض ہے یا کہے کہ یہ جانور میرے نہیں ہیں تو اس کی یہ بات تسلیم کر لی جائے گی۔ کیونکہ زکوٰۃ کی حیثیت خالص عبادت کی ہے۔ جو اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان معاملہ ہے۔ (80)

خیرات شدہ حصہ کی زکوٰۃ

اگر کسی شخص نے نصاب (What is fixed) کے بعض حصہ کو خیرات کر دیا تو امام محمد بن الحسن الشیبانی (م 189ھ / 805ء) کے نزدیک اس خیرات شدہ حصہ کی زکوٰۃ اس سے ساقط ہو جائے گی۔ لیکن امام ابویوسف یہ رائے

toobaa-elibrary.blogspot.com

دیتے ہیں کہ اس سے زکوٰۃ ساقط نہیں ہوگی بلکہ اس کو پورے مال کی زکوٰۃ دینی ہوگی۔ وہ یہ دلیل دیتے ہیں کہ اس کا بعض حصہ متعین نہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ وہ رقم جو باقی بچی ہے اسی میں واجب شدہ زکوٰۃ ہو' تو اس طرح ادائیگی کیسے ممکن ہوگی؟(81)

زکوٰۃ کے مال سے یتیم کی پرورش

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ اگر ایک شخص کسی یتیم کی پرورش کرتا ہو وہ اس کو اپنے مال سے کپڑا پہنائے اور کھانا کھلائے اور زکوٰۃ کی نیت کرے تو یہ جائز ہوگا۔ وہ کہتے ہیں کہ زکوٰۃ میں واجب چیز تملیک ہے۔ جب اس نے اس کو کھانا اور کپڑا سپرد کر دیا اور زکوٰۃ کی نیت کی تو یہ ادا ہو جائے گی۔(82)

تجارتی سامان پر زکوٰۃ

جب ایک آدمی نے تجارت کے لئے سامان خریدا اور اس پر ایک سال گزر گیا تو اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔ اس کی قیمت کے بارے میں اختلاف کیا گیا ہے۔ امام ابویوسف فرماتے ہیں اس کی قیمت وہ ہوگی جس پر وہ سامان خریدا گیا اگر درہم (Dirham, a coin of the value of two pence) یا دینار (Deenar, A golden coin) میں سے کسی ایک نقدی کے بدلے خریدا گیا تو اس کی قیمت اسی کے حساب سے ہوگی اور اگر نقدی کے بغیر خریدا گیا تو پھر اس صورت میں اس شہر میں غالب نقدی شمار ہوگی۔(83)

زیورات کی زکوٰۃ

تجارتی مقاصد یا مال کو محفوظ کرنے کی خاطر جو زیورات بنوائے گئے ہوں ان پر تو تمام فقہاء کے نزدیک زکوٰۃ واجب ہے۔ البتہ وہ زیورات جو عورتیں زیب و زینت کے لئے استعمال کرتی ہیں ان کی زکوٰۃ میں اختلاف ہے۔ امام مالک' امام احمد بن حنبل' اسحاق بن ابراہیم ابن راہویہ (م 238ھ / 852ء) اور امام شافعی کے نزدیک زیورات پر زکوٰۃ نہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ عورتوں کے لئے زیورات کی حیثیت وہی ہے' جو مختلف قسم کے خوبصورت کپڑوں' عمدہ سازوسامان اور مختلف قسم کے سامان آرائش کی ہوتی ہے۔(84) چونکہ ان اشیاء پر جو ذاتی استعمال کے لئے ہوں بالاجماع زکوٰۃ نہیں ہے اس لئے وہ زیورات جو عورتیں پہنتی ہوں' ان پر زکوٰۃ نہیں۔

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ عورتوں کے زیر استعمال زیورات پر زکوٰۃ ہے۔ امام ابویوسف ان احادیث سے استدلال کرتے ہیں جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف مواقع پر مختلف عورتوں کو سونے اور چاندی کے زیورات پر زکوٰۃ کی ادائیگی کا حکم دیا۔(85)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اونٹوں کی زکوٰۃ

امام ابو یوسف کے نزدیک اونٹوں پر زکوٰۃ درج ذیل جدول (Shedule) کے مطابق ہے۔

تعداد	زکوٰۃ
5 تا 9	ایک بکری جس کی عمر ایک سال سے کم نہ ہو
10 تا 14	دو بکریاں
15 تا 19	تین بکریاں
20 تا 24	چار بکریاں
25 تا 35	ایک بنت مخاض، یعنی اونٹ کا مادہ بچہ جسے ایک سال پورا ہو گیا ہو اور دوسرے سال میں داخل ہوا ہو۔
36 تا 45	ایک بنت لبون، یعنی اونٹ کا مادہ بچہ جسے دو سال پورے ہو گئے ہوں اور تیسرے سال میں داخل ہوا ہو۔
46 تا 60	ایک حقہ، یعنی مکمل تین سال کی ایک اونٹنی جو چوتھے سال میں داخل ہو گئی ہو۔
61 تا 75	ایک جذعہ، یعنی مکمل چار سال کی اونٹنی جو پانچویں سال میں داخل ہو گئی ہو۔
76 تا 90	دو ایسی اونٹنیاں جو عمر کے چوتھے سال میں ہوں۔

اگر تعداد ایک سو بیس سے زیادہ ہو تو ہر پچاس پر ایک ایسی اونٹنی جو عمر کے چوتھے سال میں ہو اور ہر چالیس پر ایک ایسی اونٹنی جو عمر کے تیسرے سال میں ہو۔ (86)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ صدقہ وصول کرنے میں حساب لگاتے وقت نہ تو مختلف گلوں کو یکجا کیا جائے گا نہ ایک گلہ کو مختلف گلوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ اور جو گلہ دو شریکوں کی ملکیت ہو اس کے صدقہ کا بار دونوں شریک برابر برداشت کریں گے۔ (87)

گائے کی زکوٰۃ

امام ابو یوسف کے نزدیک گائے پر زکوٰۃ درج ذیل جدول (Schedule) کے مطابق ہے۔

تعداد	زکوٰۃ
1 تا 29	کوئی زکوٰۃ نہیں۔
30 تا 39	ایک سال سے زائد عمر کا نر یا مادہ بچھڑا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

40 ایک بڑی عمر کی گائے۔

اگر تعداد چالیس سے زیادہ ہو تو ہر تیس پر ایک سال بھر سے زیادہ عمر کا بچھڑا اور چالیس پر ایک بڑی عمر کی گائے واجب ہے۔(88)

بھیڑ بکریوں کی زکوٰۃ

امام ابو یوسف کے نزدیک بھیڑ بکریاں جب زیادہ ہوں تو ہر سو بکری میں سے ایک بکری واجب ہے۔(89)

گھوڑوں کی زکوٰۃ

امام ابو حنیفہ اور زفر بن الہذیل (م 158ھ / 775ء) کہتے ہیں کہ باہر چرنے والے گھوڑوں پر زکوٰۃ واجب ہے۔(90) لیکن امام ابو یوسف ان سے اختلاف کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان گھوڑوں پر زکوٰۃ واجب نہیں۔(91) آپ نے کتاب الخراج میں متعدد ایسی روایات نقل کی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ گھوڑوں اور غلاموں پر زکوٰۃ نہیں۔(92)

زکوٰۃ میں کیسے جانور لیے جائیں گے

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ زکوٰۃ لیتے وقت وہی راسیں لی جائیں گی جن کے اگلے چار دانت نکل آئے ہوں یا جو اس سے بھی بڑی ہوں بوڑھی، اندھی، اور کانی راسیں یا ایسی جن کی ایک آنکھ بہت خراب ہو صدقہ میں نہیں لی جائیں گی۔

نیز بھیڑ یا بکرا، یا ایسی بھیڑ یا بکری جو بچہ جننے والی ہو، گابھن ہو، یا جسے دودھ کی خاطر گھر میں پال رکھا گیا ہو یا جسے ان مویشیوں کے مالک نے خود کھانے کی غرض سے کھلا کھلا کر موٹا کیا ہو اور ایسی بھیڑ یا بکری جو ابھی عمر کے دوسرے سال میں ہو یا اس سے بھی کم عمر کی ہو، نہیں لی جائے گی۔

جو راسیں سال بھر سے زیادہ عمر کی ہوں اور مذکورہ بالا چاروں قسموں میں نہ شامل ہوں انہیں محصل صدقہ قبول کر لیا کرے گا۔

محصل صدقہ کو چن چن کر عمدہ راسیں لینے کا حق نہیں نہ وہ سب سے گھٹیا یا اوسط سے گری ہوئی راسیں لے گا بلکہ سنت کے مطابق اور اس سلسلہ میں جو آثار منقول ہیں ان کی روشنی میں اسے چاہیے کہ اوسط قسم کی راسیں لے۔ محصل صدقہ کو ایک علاقہ سے وصول کردہ بھیڑ بکری دوسرے علاقہ میں نہیں لے جانا چاہیے۔ بلکہ اسی علاقہ کے مستحقین میں تقسیم کر دینی چاہیے۔(93)

toobaa-elibrary.blogspot.com

سال پورا ہونے کی شرط

امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ اونٹوں' گایوں' اور بھیڑ بکریوں میں سے صدقہ اسی وقت وصول کیا جائے گا جبکہ ان پر پورا ایک سال گزر جائے۔ جب سال پورا ہو جائے تو اس میں سے (صدقہ) وصول کر لیا جائے گا۔ (94)

مویشیوں کی گنتی

مویشیوں کو شمار کرنے میں چھوٹی اور بڑی راسوں' اور بھیڑ اور بکری کے بچوں' سب کو شامل کیا جائے گا۔ خواہ وہ اتنا چھوٹا ہو کہ چرواہا اسے اپنے ہاتھوں میں اٹھا کر لائے۔ بشرطیکہ یہ بچہ سال پورا ہونے سے قبل پیدا ہو چکا ہو۔ جو بچے سال پورا ہونے کے بعد پیدا ہوئے ہوں ان کو اس سال کے شمار میں نہیں بلکہ آئندہ سال کے شمار میں شامل کیا جائے گا۔ بشرطیکہ یہ اس سال کے پورا ہونے تک باقی رہیں۔ (95)

امام ابو یوسف کے نزدیک صدقہ کا حساب لگانے میں بھیڑوں اور بکریوں کی حیثیت یکساں ہے۔ (96)

نصاب مکمل ہونے کی تشریح

اگر مالک کے پاس بچے اور بڑی راسیں ملا کر کل چالیس راسیں ہوں اور ان پر پورا سال گزر چکا ہو تو امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ ان میں سے کچھ بھی واجب نہیں لیکن امام ابو یوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ محصل صدقہ کو ان میں سے ایک راس لے لینی چاہیے۔

بچھڑوں اور اونٹ کے یک سالہ بچوں کے سلسلہ میں بھی جو دودھ چھوڑ چکے ہوں' امام ابو یوسف اور امام ابو حنیفہ' دونوں کی رائے میں یہی فرق ہے۔

اگر مالک کے پاس پختہ عمر کو پہنچی ہوئی بھیڑ یا بکری ایک ہو' اور اس کے علاوہ چھوٹی بڑی سب راسیں ملا کر انتالیس (39) اور ہوں اور ان پر پورا سال گزر جائے تو ان میں سے ایک پختہ عمر والی بھیڑ یا بکری واجب ہو گی۔

اسی اصول کا اطلاق اونٹوں اور گائے بیلوں پر بھی ہو گا۔ (97)

تخفیف کا طریقہ

اگر پوری عمر والی بھیڑ یا بکری سال پورا ہونے کے بعد مر جائے تو امام ابو حنیفہ کے قول کی رو سے مویشیوں کے اس گلہ میں کچھ نہیں واجب ہو گا لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ اس ناقص گلہ پر پورے گلہ کی زکوٰۃ کا 39/40 حصہ واجب ہو گا۔

اگر سال پورا ہونے پر گلہ کے مالک کے پاس چالیس گائیں ہوں لیکن محصل زکوٰۃ کے آنے سے قبل ان میں سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بیس مرجائیں تو بقیہ گایوں میں سے پوری عمر کی ایک راس کا نصف واجب ہو گا۔ اگر اس سے کم گائیں مری ہوں تو زکوٰۃ بھی اسی حساب سے کم کی جائے گی۔ چالیس میں سے ایک تہائی گائیں مرجائیں تو بڑی راس کا 3/2 واجب رہ جائے گا۔ اور چوتھائی مرگئی ہوں تو ایک پوری عمر کی راس کا 4/3 واجب ہو گا۔ (98)

پوری عمر کی راس کا جتنا بھی حصہ واجب ہو' اسے محصل صدقہ ایک پورے بچھڑے کے برابر نہیں قرار دے سکتا۔ (99)

امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ اسی اصول کا اطلاق اونٹوں پر بھی ہو گا اگر مالک کے پاس پچیس اونٹ ہوں اور سال پورا ہو جائے تو اونٹ کا ایک ایسا بچہ واجب ہو گا جو عمر کے دوسرے سال میں ہو۔ اب اگر ایک اونٹ کے سوا یہ سارے اونٹ مرجائیں تو اس ایک میں سے سال بھر سے زیادہ عمر کے بچہ کا 25/1 واجب ہو گا۔ اگر بیس مرگئے ہوں اور پانچ باقی ہوں تو اس وقت ان اونٹوں کے مالک سے کچھ بھی نہیں وصول کیا جائے گا۔ بلکہ ان اونٹوں میں محصل صدقہ کا 5/1 بچہ اونٹ باقی سمجھا جائے گا۔ (100)

مالک کے پاس پچاس گائیں ہوں اور اس میں پوری عمر کی راس صرف ایک ہو تو تیس سے زیادہ پر' چالیس تک صرف ایک ایسا بچھڑا واجب ہوتا ہے جو عمر کے پہلے سال میں ہو۔ جب تعداد چالیس ہو جائے تو اس میں ایک پوری عمر کی گائے واجب ہوتی ہے۔ اور چالیس سے زائد پر جب تک کہ تعداد ساٹھ نہ ہو جائے' وہی ایک پوری عمر کی گائے واجب ہے۔ تعداد ساٹھ ہو جانے پر دو بچھڑے واجب ہوں گے۔ اور جب تعداد ستر ہو جائے تو پوری عمر کی ایک گائے اور ایک بچھڑا واجب ہو گا۔ جب گایوں کی تعداد اس سے بہت زیادہ ہو تو ہر چالیس پر ایک پوری عمر کی گائے اور ہر تیس پر ایک نر بچھڑا جو عمر کے پہلے سال میں ہو یا ایک گائے جو عمر کے دوسرے سال میں ہو واجب ہے۔ (101)

مالک کے پاس سال پورا ہونے پر پچاس گائیں رہی ہوں اور اس کے بعد ان میں سے دس مرجائیں تو ان گایوں میں سے' حسب سابق' پوری عمر کی ایک گائے واجب ہو گی کیونکہ اتنی تعداد باقی رہ گئی ہے جس پر کہ ایک پوری عمر کی گائے واجب ہوتی ہے لیکن اگر بیس گائیں ہلاک ہو گئیں ہوں تو بقیہ میں ایک پوری عمر کی گائے کا 4/3 واجب ہو گا کیونکہ جتنی گایوں میں ایک پوری عمر کی گائے واجب ہوتی ہے' یعنی چالیس۔ اس میں سے 4/1 جاتی رہیں' لہٰذا پوری عمر کی ایک راس کا 4/1 ساقط ہو جائے گا۔ (102)

اگر سال پورا ہونے پر مالک کے پاس پچاس اونٹ ہوں تو اس پر ان اونٹوں میں سے ایک ایسی اونٹنی واجب ہے جو عمر کے چوتھے سال میں ہو۔ اب اگر ان اونٹوں میں سے تین یا چار محصل صدقہ کے آنے سے قبل ہی مرجاتے ہیں اور چھیالیس (46) اونٹ بچ رہتے ہیں تو بھی محصل صدقہ ان میں سے ایک ایسی اونٹنی لے لے گا جو عمر کے چوتھے سال میں ہو۔ لہٰذا مرجانے والے اونٹوں کا حساب پر کوئی اثر نہیں پڑے گا لیکن اگر بچ رہنے والے اونٹوں کی تعداد چھیالیس سے کم

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہو تو ایک چوتھے سال والی اونٹنی کو چھیالیس حصوں میں تقسیم کرکے یہ حساب لگایا جائے گا کہ جتنے اونٹ زندہ بچے ہیں ان کا حصہ ان حصوں میں سے کتنا ہوتا ہے۔ اور اسی حساب سے مالک پر ان اونٹوں کی زکوٰۃ واجب ہوگی (یعنی باقی ماندہ اونٹوں کی تعداد ضرب 1/46 اونٹنی)

اسی اصول کا اطلاق بھیڑوں اور بکریوں پر بھی ہوگا۔ مالک کے پاس ایک سو بیس راسیں ہوں تو ان میں سے ایک راس واجب ہوگی کیونکہ بھیڑ بکریوں کی تعداد جب تک چالیس نہ ہو ان میں کچھ نہیں واجب ہوتا۔ اور چالیس ہو جانے کے بعد ایک سو بیس کی تعداد تک ایک ہی بھیڑ یا بکری واجب ہوتی ہے۔ اب اگر ان ایک سو بیس میں سے بیس' یا چالیس یا اسی راسیں ہلاک ہو جاتی ہیں تو بھی باقی چالیس میں ایک راس واجب ہوگی کیونکہ اتنی تعداد باقی بچ گئی ہے جس پر صدقہ واجب ہے۔ لیکن اگر ان میں سے سو مرجائیں اور بیس بچ رہیں تو ان میں صرف 1/2 راس واجب ہوگی۔ یعنی چالیس پر جو واجب ہوتا ہے اس کا نصف۔ تخفیف میں اس تعداد کا کوئی لحاظ نہ کیا جائے گا جو چالیس سے زیادہ رہی ہو بلکہ اس کی کے حساب سے تخفیف کی جائے گی جو چالیس کی تعداد میں واقع ہوئی ہو۔

اگر سال پورا ہونے پر ایک سو اکیس راسیں ہوں تو ان میں سے دو راسیں واجب ہوں گی۔ اب اگر محصل صدقہ کے آنے سے پہلے ان میں سے کچھ راسیں ہلاک ہو جاتی ہیں تو اسی حساب سے صدقہ میں تخفیف کردی جائے گی۔ 1/6 تعداد ہلاک ہو جاتی ہے تو دو راستوں کا 1/6 (یعنی 1/3 راس) ساقط ہو جائے گی۔ اسی طرح اگر 1/5 تعداد ہلاک ہو جاتی ہے تو دو راسوں کا 1/5 یعنی 2/5 راس ساقط ہو جائے گی۔ اگر ان ایک سو اکیس میں سے صرف دو بکریاں یا بھیڑیں ہلاک ہوئی ہیں تو مالک پر دو راسوں کے ایک سو اکیس حصوں میں سے ایک سو انیس حصے (یعنی 119×2) راسیں واجب ہیں۔ (103)

مصارف زکوٰۃ

امام ابو یوسف نے مصارف زکوٰۃ کے ضمن میں بھی اجتہاد کیا ہے چنانچہ کتاب الخراج میں سورہ توبہ کی آیت نمبر 60 کا حوالہ دینے کے بعد اس کی تشریح بھی کرتے ہیں۔

آپ کے نزدیک سب سے پہلے اس رقم سے عاملین زکوٰۃ کی تنخواہیں دی جائیں گی۔ (104) آپ فرماتے ہیں کہ اس مد پر خرچ ہونے والی رقم زکوٰۃ میں وصول ہونے والے مال کے 1/8 حصہ سے کم بھی ہو سکتی ہے اور زیادہ بھی۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ عاملین کو اتنی تنخواہ دینی چاہیے جس سے وہ متوسط معیار زندگی (Middle quality of life) کے لوازمات پورے کر سکیں۔ (105)

عاملین کا حصہ نکالنے کے بعد وہ ایک حصہ فقراء اور مساکین کے لئے ضرور قرار دیتے ہیں۔ (106) آپ کے نزدیک

toobaa-elibrary.blogspot.com

فقیر اور مسکین یکساں ہیں۔ (107) ابو عبداللہ محمد بن عمر الرازی (م 606ھ / 1209ء) "التفسیر الکبیر" میں لکھتے ہیں۔

لا فرق بین الفقراء و المساکین، واللّٰہ تعالٰی و صفھم بھذین الوصفین، والمقصود شئی واحد و ھو قول ابی یوسف (108)

"فقراء اور مساکین کے مابین کوئی فرق نہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان دو الفاظ سے ایک ہی وصف بیان کیا ہے اور اس سے مقصود ایک ہی چیز ہے اور یہ قول (امام) ابو یوسف کا ہے۔"

ان کا نظریہ یہ ہے کہ تندرست و توانا فقیر کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔ (109)

غنی کی حد کے بارے میں مختلف ائمہ کے درمیان اختلاف ہے۔ اگر ایک شخص کسی چیز کا مالک ہو جو نقدی تو نہ ہو لیکن اس سے اس کی ضرورت پوری ہو رہی ہو مثلاً ضرورت کے مطابق روزی یا مکان وغیرہ کا کرایہ تو امام احمد، امام شافعی، امام مالک اور بعض دیگر ائمہ کے نزدیک اسے زکوٰۃ دینا ناجائز ہے۔ لیکن امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ ایسے شخص کو زکوٰۃ دینا غیر مناسب ہے البتہ اگر دے دی جائے تو ادا ہو جائے گی کیونکہ وہ بہرحال غنی نہیں ہے۔ (110)

امام ابو یوسف حضرت عمرؓ کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے "مولفتہ القلوب" کی مد (item) کو ساقط کرتے ہیں۔ (111) ان کے نزدیک غارمین (Debtors) وہ لوگ ہیں جو اپنے قرضے ادا کرنے کی استطاعت نہ رکھتے ہوں۔ (112) وہ کہتے ہیں کہ ایک حصہ گردنوں کو چھڑانے کے لئے ہو گا اور اسی حصہ میں سے ایسے لوگوں کو دیا جائے گا جن کا کوئی آدمی غلام ہو یا ان کے باپ، بھائی، بہن، ماں، بیٹی، بیوی، دادا، دادی، چچا، چچی، ماموں، ممانی اور ان جیسے دوسرے قریبی اعزا کسی کی ملکیت ہوں۔ ایسے لوگوں کی مدد کی جائے گی تاکہ وہ ان رشتہ داروں کو خرید کر آزاد کر سکیں۔ اسی حصہ میں سے مکاتب غلاموں کی بھی مدد کی جائے گی۔ (113) وہ کہتے ہیں کہ ایک حصہ غریب الوطن بے سہارا مسافروں کے لئے ہو گا۔ (114) امام ابو یوسف کے نزدیک "فی سبیل اللہ" سے مراد وہ مجاہدین ہیں جن کے پاس جنگ کا ساز و سامان نہ ہو۔ (115) ابو بکر محمد بن احمد السرخسی (م 483ھ / 1090ء) نے "المبسوط" میں لکھا ہے۔

"و فی سبیل اللّٰہ فھم فقراء الغزاۃ ھکذا قال ابو یوسف ... و ابو یوسف رحمہ اللّٰہ تعالی یقول الطاعات کلھا فی سبیل اللّٰہ تعالی و لکن عند اطلاق ھذا اللفظ المقصود بھم الغزاۃ عند الناس و لا یصرف الی الاغنیاء من الغزاۃ عندنا۔ (116)

"اور "فی سبیل اللہ" سے مراد محتاج غازی ہیں۔ یہی رائے (امام) ابو یوسف کی ہے ... اور ابو یوسف رحمتہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نیکی کے سارے کام اگرچہ سبیل اللہ تعالیٰ میں داخل ہیں لیکن یہ لفظ جب مطلق ہو تو لوگوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

(یعنی اہل علم) کے نزدیک اس سے مقصود غازی ہوتے ہیں۔ اور ہمارے نزدیک (زکوٰۃ) ان غازیوں پر خرچ نہیں کی جاسکتی جو اغنیاء ہوں۔"

امام ابویوسف کے نزدیک زکوٰۃ کی رقم میں سے سڑکوں کی مرمت بھی کی جاسکتی ہے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں جب وہ مصارف زکوٰۃ (Expenditures of Zakat) پر گفتگو کرتے ہیں تو فرماتے ہیں۔

و سهم فی اصلاح طرق المسلمین (117)

"اور ایک حصہ مسلمانوں کی سڑکوں کی مرمت کے لئے رکھا جائے گا۔"

امام ابویوسف حاکم کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ وہ فقراء اور مساکین کا حصہ نکالنے کے بعد زکوٰۃ کی بقیہ رقم کو کسی ایک مصرف (Use) پر بھی خرچ کر سکتا ہے۔ (118)

فقراء اور مساکین کے حصہ کے بارے میں وہ یہ شرط عائد کرتے ہیں کہ اسے اسی شہر اور آبادی کے باشندوں میں تقسیم کرنا چاہیے، جہاں سے زکوٰۃ وصول کی گئی ہے۔

وہاں سے لے جاکر دوسرے شہر کے مستحقین (Deserving Persons) میں تقسیم نہ کی جائے۔ (119)

امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ زکوٰۃ کی رقم سے مصارف حکمرانی (Cost of Government) نہیں پورے کئے جاسکتے۔ اس آمدنی سے صرف اس محکمہ کے مصارف پورے کئے جاسکتے ہیں جو زکوٰۃ و عشر کی تحصیل اور تقسیم کا ذمہ دار ہو۔ دیگر محکموں کے ملازمین کو اس مد سے تنخواہیں نہیں دی جاسکتیں۔ چنانچہ امام ابویوسف فرماتے ہیں۔

و لا تجر علی الولاۃ والقضاۃ من مال الصدقۃ شیئا الا والی الصدقۃ فانه یجری علیه منها کما قال اللّٰه تبارک و تعالی (والعاملین علیها) (120)

"اور تحصیل صدقہ پر مامور والی کے علاوہ دوسرے والیوں اور قاضیوں کے مشاہرے صدقات کی مد سے نہیں دیئے جائیں گے۔ البتہ صدقہ کے والی کا مشاہرہ اس مد سے دیا جائے گا۔ جیساکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے (مصارف زکوٰۃ کی آیت میں) والعاملین علیہا، فرماکر صراحت کردی۔"

بنوہاشم کو زکوٰۃ کی ادائیگی کا مسئلہ

بنوہاشم کو زکوٰۃ کی ادائیگی کے ضمن میں امام ابویوسف نے درج ذیل مسائل میں دیگر ائمہ سے اختلاف کیا ہے۔

(ا) کیا بنوہاشم کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے یا نہیں؟

(ب) کیا بنوہاشم کے لئے صرف فرض صدقہ (زکوٰۃ) کا لینا ناجائز ہے یا نفلی صدقہ لینا بھی ناجائز ہے۔

(ج) کیا ہاشمی کو صدقات وصول کرنے پر مقرر کیا جاسکتا ہے؟

ابو جعفر احمد بن محمد الطحاوی (م 321ھ / 933ء) نے ابویوسف کے امالی سے نقل کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

نزدیک نظام خمس نہ ہونے کی صورت میں آل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو زکوٰۃ دینا درست ہو گا۔(121)

بعض احناف، شوافع اور حنابلہ کے نزدیک بنوہاشم کے لئے نفلی صدقہ لینا جائز ہے۔(122)

بعض اہل علم کے نزدیک ہاشمی کو صدقات کی وصولی پر مقرر کیا جاسکتا ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ اگر اغنیاء کو یہ فریضہ سونپا جاسکتا ہے۔ حالانکہ ان کو صدقہ لینا بھی حرام ہے تو قیاس کی رو سے بنوہاشم کے لئے بھی صدقات کی تحصیل پر مقرر کرنا جائز ہونا چاہیے۔(123)

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ بنوہاشم کے لئے زکوٰۃ اور نفلی صدقہ دونوں ناجائز ہیں۔(124) وہ یہ دلیل دیتے ہیں کہ زکوٰۃ کو حدیث میں لوگوں کی میل کہا گیا ہے اور حدیث میں صدقہ کا لفظ استعمال ہوا ہے اس لئے فرض زکوٰۃ کی طرح نفلی صدقہ لینا بھی حرام ہے۔

اسی طرح امام ابویوسف ہاشمی کو تحصیل زکوٰۃ کی ذمہ داری سونپنا بھی ناجائز سمجھتے ہیں۔(125) ابو جعفر الطحاوی اپنی کتاب "شرح معانی الآثار" میں رقم طراز ہیں۔

و قد كان ابو يوسف يكره لبنى هاشم ان يعملوا على الصدقة اذا كانت جعالتهم منها قال لان الصدقة تخرج من مال المتصدق الى الاصناف التى سماها الله تعالى فيملك المصدق بعضها و هى لا تحل له(126)

"اور تحقیق ابویوسف بنوہاشم کے لئے زکوٰۃ کی ملازمت ناپسند کرتے تھے۔ اس صورت میں کہ ان کو تنخواہ بھی اس مد سے دی جائے آپ نے فرمایا یہ اس لئے کہ صدقہ خیرات کرنے والے کے مال سے نکل کر ان اصناف کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جن کے نام اللہ تعالیٰ نے (اپنی کتاب میں) گنوائے ہیں۔ پس جس کو صدقہ دیا گیا وہ اس کا مالک ہو گا حالانکہ وہ اس کے لئے حلال نہیں ہے۔"

امام ابویوسف نے حضرت ابورافعؓ کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے جس میں انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بنی مخزوم کے عامل کے ساتھ جانے کی اجازت مانگی تھی۔ اور آپؐ نے انہیں اس کے ساتھ جانے سے منع کیا تھا۔ (127)

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ بنوہاشم آپس میں ایک دوسرے کی زکوٰۃ لے سکتے ہیں۔(128) و عن ابى يوسف، يحل من بعضهم لبعض لا من غيرهم(129)

کیا بیوی شوہر کو زکوٰۃ دے سکتی ہے

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ جس طرح شوہر اپنے مال کی زکوٰۃ بیوی کو نہیں دے سکتا اس طرح عورت کے لئے بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جائز نہیں کہ وہ اپنے شوہر کو زکوٰۃ دے۔(130)

امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ عورت اپنے مال کی زکوٰۃ کا کچھ حصہ اپنے شوہر کو دے سکتی ہے۔(131)

امام ابویوسف نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے استدلال کیا ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ (م 32ھ / 653ء) کی بیوی کے استفسار پر فرمایا تھا کہ اگر تم اپنے شوہر کو صدقہ دو گی تو تمہارے لئے دو اجر ہیں۔ ایک اجر قرابت اور ایک اجر صدقہ۔(132)

زکوٰۃ کی ادائیگی کا ایک مسئلہ

اگر کسی نے ایک شخص کو زکوٰۃ کا مستحق سمجھ کر زکوٰۃ دے دی پھر اس کو معلوم ہوا کہ لینے والا دولتمند تھا یا وہ اس کا بیٹا تھا تو اس صورت میں امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ اور اس نے اپنی ذمہ داری پوری کر دی۔

امام ابویوسف ان دونوں ائمہ سے اختلاف کرتے ہیں۔ ان کی رائے یہ ہے کہ اسطرح ادا کرنے سے وہ بری الذمہ نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کی غلطی یقینی طور پر ظاہر ہو چکی ہے۔

امام ابویوسف کہتے ہیں' اس کی مثال اس طرح ہی ہے جیسے کوئی لاعلمی میں نجس پانی سے وضو کرے یا ناپاک کپڑے پہن کر نماز پڑھے۔ بعد میں علم ہو جانے پر اسے دوبارہ نماز پڑھنی پڑے گی۔

اسی طرح اگر ایک قاضی اپنے رائے اور اجتہاد سے فیصلہ کرے۔ بعد ازاں اسے اس کے خلاف نص شرعی کا علم ہو جائے تو اسے اپنے فیصلہ سے رجوع کرنا ہو گا۔(133)

امام ابویوسف کی طرف منسوب ایک حیلہ اور اس کا تحقیقی جائزہ

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس حیلہ کا تحقیقی جائزہ پیش کریں جو زکوٰۃ کی ادائیگی سے بچنے کے لئے امام ابویوسف کی طرف منسوب کیا جاتا ہے تاکہ اس ضمن میں امام ابویوسف کا اصل فکر واضح ہو سکے۔

حیلہ کی صورت یہ ہے کہ حولان حول (سال گزرنے) (Completion of a year) سے کچھ وقت پہلے تھوڑا سا مال صدقہ کر دیا جائے تاکہ نصاب (What is fixed) سے کم رہ جائے۔ اور زکوٰۃ کی ادائیگی نہ کرنی پڑے۔ بعض فقہاء اور ائمہ دین نے لکھا ہے کہ امام ابویوسف اس حیلہ کو جائز قرار دیتے ہیں۔ امام سرخسی اپنی کتاب المبسوط میں لکھتے ہیں۔

و استد ل ابو یوسف رحمه الله علی ذلک فی الامالی قال ارایت لو کان لرجل مائتا درهم فلما کان قبل الحول بیوم تصدق بدرهم منها کان هذا مکروها و انما تصدق بالدرهم حتی یتم الحول و لیس فی ملکه نصاب

toobaa-elibrary.blogspot.com

فلا یلزمه الزکاة و لا احد یقول بان هنا یکون مکروها او یکون هو فیه آثما(134)

"اور ابو یوسف نے امالی میں اس کی دلیل پیش کی ہے۔ آپ نے فرمایا دیکھئے تو اگر کسی شخص کے پاس دو سو درہم ہوں جب سال گزرنے میں ایک دن باقی ہو تو وہ ایک درہم صدقہ کر دے تو کیا یہ مکروہ ہو گا؟ حالانکہ اس نے صرف ایک درہم صدقہ کیا ہے جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ جب سال پورا ہو گا تو وہ نصاب کا مالک نہ رہے گا۔ لہٰذا زکوٰۃ فرض نہ ہو گی۔ کوئی شخص اس بارے میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ مکروہ ہے یا وہ ایسا کرنے سے گنہگار ہو گا۔

"

زین العابدین بن ابراہیم' ابن نجیم (970ھ / 1562ء) نے اپنی کتاب "الاشباہ والنظائر" میں امام ابو یوسف سے اسقاط زکوٰۃ کا اسی قسم کا ایک حیلہ نقل کیا ہے۔(135) ابو العباس احمد' ابن تیمیہ نے "القواعد النورانیة الفقهیة" میں بیان کیا ہے کہ ابو حنیفہ زکوٰۃ کو ساقط کرنے کی غرض سے حیلہ سازی کو جائز قرار دیتے ہیں۔ البتہ امام محمد کے نزدیک مکروہ ہے لیکن ابو یوسف کے نزدیک مکروہ نہیں ہے۔(136) امام غزالی کے بیان کے مطابق قاضی ابو یوسف ہر سال اپنا تمام مال بیوی کے نام ہبہ کر دیتے اور وہ اختتام حول (End of year) سے پہلے ان کے نام واپس کر دیتی۔ اس طرح زکوٰۃ ساقط سمجھ لی جاتی اور اس پر طرہ یہ کہ جب امام ابو حنیفہ کے سامنے یہ واقعہ نقل کیا گیا تو انہوں نے ابو یوسف کی تعریف کی اور فرمایا۔ "ذلک من فقهه" (یہ ابو یوسف کی کمال فقاہت سے ہے)۔

امام غزالی یہ واقعہ نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ اس میں شک نہیں کہ جمع دنیا کے لئے تو یہ بہت اچھی فقاہت تھی' لیکن آخرت میں اس سے بڑھ کر کوئی چیز نقصان پہنچانے والی نہیں ہو سکتی۔ اور یہی وہ علم ہے جو نافع ہونے کی جگہ ضار و مہلک ہے۔(137)

الامالی کی اس مشکوک روایت کو بنیاد بنا کر' امام ابو یوسف ایسی علم و عمل سے مزین شخصیت کے بارے میں اس طرح کی رائے قائم کرنا' دراصل انہیں ان کے اصل مقام و مرتبہ سے محروم کرنے کی ایک سعی لاحاصل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس قسم کا حیلہ بعد کے کسی نام نہاد فقیہ کی ذہنی اختراع ہے۔ اس نے اپنی اس باطل سوچ کو قبول عام دینے کے لئے' امام ابو یوسف کی طرف منسوب کر دیا ہے۔

آپ کے معاشی فکر کو سمجھنے کے لئے ہمارے پاس مستند ترین ذریعہ ان کی اپنی تصنیف "کتاب الخراج" ہے سب سے پہلے ہم کتاب الخراج کا مطالعہ کریں گے۔ اگر اس کتاب میں جس کی نسبت امام ابو یوسف کی طرف کسی شک و شبہہ سے بالاتر ہے' ہمیں راہنمائی نہ ملے تو تب ہی حقیقت کی تلاش کے لئے ہم دیگر کتب فقہ کی ورق گردانی کریں گے۔

امام ابو یوسف نے "کتاب الخراج" میں بڑے واضح انداز میں اس قسم کے حیلہ کی سختی سے تردید کی ہے۔ وہ مالکان

toobaa-elibrary.blogspot.com

مویشی کو اسقاط زکوٰۃ کے لئے انتقال ملک سے منع کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لا یحل لرجل یومن باللہ والیوم الاخر منع الصدقة ولا اخراجها من ملکه الی ملک جماعة غیره لیفرقها بذلک فتبطل الصدقة عنها بان یصیر لکل واحد منهم من الابل والبقر والغنم ما لا یجب فیه الصدقة و لا یحتال فی ابطال الصدقة بوجه و لا سبب(138)

"اللہ اور یوم آخر پر ایمان رکھنے والے کسی فرد کے لئے زکوٰۃ کی ادائیگی سے گریز جائز نہیں۔ یہ بھی جائز نہیں کہ قابل زکوٰۃ مال کو اپنی ملکیت سے نکال کر دوسروں کی ملکیت بنادے تاکہ وہ متفرق ہو جائے۔ اور ہر ایک فرد کے پاس اونٹوں، گایوں اور بھیڑ بکریوں کی ایسی تعداد جمع ہو جائے جن پر صدقہ واجب نہیں ہوتا، اور اس طرح اس مال پر سے زکوٰۃ ساقط ہو جائے۔ کسی طریقہ سے اور کوئی وجہ پیدا کر کے بھی کسی مال کی زکوٰۃ کو ساقط کرنے کی ترکیب نہیں کرنا چاہیے۔"

امام ابویوسف کے اس بیان سے، ان کے نظریہ کی وضاحت ہو جاتی ہے۔ اور کسی قسم کے شک و شبہہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

ابوالفضل احمد بن علی، ابن حجر العسقلانی (م 852ھ / 1449ء) کی رائے یہ ہے کہ اگر اسقاط زکوٰۃ کے اس حیلہ کی نسبت ابویوسف کی طرف درست ہے تو پھر تحقیقی بات یہ ہے کہ بعد میں انہوں نے اس فتویٰ سے رجوع کر لیا تھا۔ ان کے الفاظ یہ ہیں۔

و الا شبه ان یکون ابو یوسف رجع عن ذلک(139)

"اور اغلب یہ ہے کہ ابویوسف نے اس (حیلہ اسقاط زکوٰۃ کے فتویٰ) سے رجوع کر لیا تھا۔"

محمد بن احمد، ابو زہرہ (م 1394ھ / 1972ء) نے بھی اپنی کتاب "ابوحنیفة حیاته و عصره ... آراوه و فقهه" میں ابویوسف کی طرف منسوب حیلہ اسقاط زکوٰۃ کی اس روایت کو قبول کرنے سے انکار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں۔

و انی اتردد کل التردد فی قبول روایة الامالی عن ابی یوسف رحمه اللہ .... و الامالی لیست فی قوة ظاهر الروایة و لیست من کتب الدرجة الاولی التی لا یشک فی نسبة ما فیها الی ابی یوسف رضی اللہ عنه، و نستبعد کل الاستبعاد ان یکون ابو یوسف ممن یتحایل لمنع وجوب عبادة من العبادات(140)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"مجھے ابو یوسف سے الامالی کی روایت قبول کرنے میں شک ہے۔۔۔ اور الامالی ظاہر الروایۃ جیسی مستند نہیں۔ اور نہ ہی یہ اول درجہ کی ان کتب میں شمار ہوتی ہیں جن میں ابو یوسف کے اقوال کو بغیر کسی شک و شبہہ کے نقل کیا گیا ہے۔ یہ بات بعید ہے کہ ابو یوسف ایک ایسا حیلہ وضع کریں کہ جس سے عبادات میں سے ایک عبادت واجب ہونے کی ممانعت ہو۔"

احمد بن خیر الدین' ابو الکلام آزاد (م 1377ھ / 1958ء) نے اس ضمن میں بڑی فیصلہ کن بات کہی ہے۔ منقولہ حیلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"حضرت قاضی ابو یوسف اور امام ابو حنیفہ کا مقام اس سے کہیں ارفع و اعلیٰ ہے کہ ایسے منکرات و شنائع کا ان کی نسبت وہم بھی کیا جا سکے۔ یہ سارے حیلے بعد کے فقہائے حیل و علمائے دجل و فساد کے تراشے ہوئے ہیں اور یقیناً انہوں نے ہی اپنی بضاعت رویہ کے رواج دینے کے لئے ان کو ائمہ سلف و فقہائے امصار کے نام سے منسوب کر دیا۔" (141)

عشر

زمین کی پیداوار کی زکوٰۃ کو عشر کہتے ہیں۔ عشر کے لفظی معنی ہیں دسواں حصہ۔ چونکہ اس کی شرح بالعموم کل پیداوار کا عشر (دسواں حصہ 1/10) اور بعض صورتوں میں نصف العشر (بیسواں حصہ 1/20) مقرر ہے۔ اس لئے زکوٰۃ کی اس قسم پر عشر کا اطلاق ہوتا ہے۔

امام ابو یوسف نے عشر کے درج ذیل مسائل میں دیگر ائمہ سے اختلاف کیا ہے۔

(ا) عشر کس قسم کی پیداوار پر ہے؟

(ب) عشر کا نصاب کیا ہے اور مختلف قسم کے اناج' سبزیوں اور پھلوں کو اکٹھا کر کے ایک نصاب بنایا جا سکتا ہے یا نہیں؟

(ج) پیداواری اخراجات عشر کی ادائیگی سے قبل منہا کئے جائیں گے یا نہیں؟

(د) اگر زمین ٹھیکہ (on rent) پر دی گئی ہے تو عشر صاحب زمین پر ہو گا یا ٹھیکہ دار پر۔

(ر) پھلوں کا عشر بذریعہ خرص جائز ہے یا نہیں؟

(ز) عشر کی ادائیگی کا وقت۔

(ا) عشر کس قسم کی پیداوار پر ہے؟

امام ابو حنیفہ کے نزدیک ہر قسم کی پیداوار پر عشر واجب ہے۔ (142) ان کا استدلال قرآن حکیم کی اس آیت سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے۔

وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ (143)

"اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالی ہیں۔"

امام ابو یوسف صرف اس پیداوار پر عشر کے قائل ہیں جو دو شرطیں پوری کرتی ہو۔

(ا) لوگ اس پیداوار کو ذخیرہ کر کے رکھ سکیں۔ لہٰذا ایسی سبزیاں جن کو ذخیرہ کر کے نہ رکھا جا سکے مثلاً کھیرا، کدو، بینگن، گاجر وغیرہ اور تربوز پر عشر نہیں۔

(ب) پیمانے سے ناپ تول سکیں مثلاً گندم، جو، مکئی، چاول، دوسرے غلے، پٹ سن، بادام، چلغوزہ، اخروٹ، پستہ، زعفران، زیتون، پیاز، لہسن اور اس قسم کی دوسری چیزیں۔ (144)

(ب) عشر کا نصاب کیا ہے؟

امام ابو حنیفہ کے نزدیک کھیتوں کی پیداوار کا کوئی نصاب نہیں۔ پیداوار تھوڑی ہو یا زیادہ عشر واجب ہو گا۔ (145)

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اگر عشری زمین کی پیداوار پانچ وسق (تقریباً 948 کلوگرام) تک ہو جائے تو عشر واجب ہو گا۔ اس سے کم پیداوار پر نہیں۔ آپ کے نزدیک مختلف قسم کے اناجوں اور پھلوں کو اکٹھا کر کے ایک نصاب بنایا جا سکتا ہے۔ (146)

(ج) پیداواری اخراجات عشر کی ادائیگی سے قبل منہا کئے جائینگے یا نہیں؟

امام ابو یوسف کے نزدیک عشر کل پیداوار کا وصول کیا جائے گا اور عشر ادا کرنے کے بعد باقی پیداوار سے ہل، بیل، سنچائی، نگرانی وغیرہ کے مصارف (Expenditures) ادا کئے جائیں گے۔ عشر کی ادائیگی سے قبل پیداواری اخراجات نہیں نکالے جا سکتے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ محنت اور زیادہ اخراجات والی پیداوار پر 1/20 اور کم محنت اور معمولی اخراجات سے ہونے والی پیداوار پر 1/10 بطور عشر واجب کر کے پہلے ہی سے اخراجات اور محنت کی رعایت فرما دی ہے اب مزید کمی بیشی کرنا شریعت میں اپنی رائے کو دخل دینا ہے۔ امام ابو یوسف "کتاب الخراج" میں فرماتے ہیں۔

ولا نحسب منه اجرة العمال ولا نفقة البقر (147)

"اور (عشر کا حساب لگانے سے پہلے) اس میں سے محنت کاروں کی اجرت یا بیل پر آنے والا خرچہ نہیں وضع کیا جائے گا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

ٹھیکہ پر دی گئی زمین کا مسئلہ

اگر زمین ٹھیکہ پر دی گئی ہو تو اس صورت میں امام ابو یوسف کے نزدیک عشر کاشتکار پر واجب ہو گا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ عشر پیداوار پر لیا جاتا ہے۔ اور پیداوار کاشتکار کی ہوتی ہے' اس لئے وہی اس کی ادائیگی کا ذمہ دار ہو گا۔ (148)

مزارعت کی صورت میں عشر کس پر ہے؟

اگر زمین بٹائی پر دی گئی ہو اور بیج (Seed) کی فراہمی عامل (Worker) کے ذمہ ہو تو امام ابو یوسف کے نزدیک عشر مالک زمین (Land owner) اور عامل دونوں کے ذمہ ہو گا۔ محمد امین' ابن عابدین (م 1252ھ / 1836ء) لکھتے ہیں۔

ان العشر عند الامام علی رب الارض مطلقا و عندهما کذالک لو البذر منه و لو من العامل فعلیهما والفتوی علی قولهما (149)

"امام (ابو حنیفہ) کے نزدیک بیج خواہ رب الارض کی جانب سے ہو یا عامل کی جانب سے بہر دو صورت عشر رب الارض پر ہو گا۔ صاحبین فرماتے ہیں' اگر بیج رب الارض کی جانب سے ہو تو مسئلہ ایسا ہی ہے لیکن اگر عامل کی جانب سے ہے تو پھر دونوں پر ہے اور صاحبین کے قول پر فتویٰ ہے۔"

راقم الحروف کا خیال یہ ہے کہ مزارعت کی صورت میں عشر کی ادائیگی کے بارے میں ابن عابدین نے' امام ابو حنیفہ کی جانب جو رائے منسوب کی ہے وہ درست نہیں ہے۔ یہ اس لئے کہ امام ابو حنیفہ تو عقد مزارعت کو سرے سے ہی باطل (void) کہتے ہیں۔ (150) اور اس صورت میں عشر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ علاء الدین ابو بکر الکاسانی (م 587ھ / 1191ء) نے بدائع الصنائع جلد دوم میں یہی رائے اختیار کی ہے۔ (151)

عشر کب واجب ہوتا ہے؟

امام ابو حنیفہ' اور امام زفر کی رائے یہ ہے کہ جب فصل پر پھل ظاہر ہو جائے اور اس سے فائدہ اٹھانا ممکن ہو' اس وقت عشر واجب ہو جاتا ہے۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ عشر کھیتی کٹنے کے وقت واجب ہوتا ہے۔ (152) آپ نے قرآن حکیم کی اس آیت سے استدلال کیا ہے۔

كُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ (153)

"اس کے پھلوں میں سے کھاؤ جب وہ نکل آئے اور اس کا حق (شرعی) اس کے کاٹنے کے دن ادا کر دیا کرو۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

(ر) پھلوں کا عشر بذریعہ خرص

خرص کے لفظی معنی اندازہ اور تخمینہ کرنے کے ہیں۔ عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کم خرص ارضک (تمہاری زمین کا اندازہ اور تخمینہ کیا ہے) اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ جب پھل پک جائیں اور ابھی توڑے نہ گئے ہوں تو حکومت کا عامل جا کر ان میں سے عشر کی مقدار کا اندازہ کرے۔ (154)

امام مالک، امام احمد بن حنبل، اور امام شافعی کے نزدیک یہ جائز ہے۔ (155) ان ائمہ کی دلیل یہ ہے کہ عہد رسالت اور خلفائے راشدین کے دور میں اس پر عمل رہا ہے۔ امام ابو یوسف کے نزدیک خرص ناجائز ہے (کتاب الخراج ص ۷۱) آپ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں جس کو ابوداؤد نے حضرت جابر بن عبداللہؓ کی روایت سے نقل کیا ہے۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان تباع الثمرة حتى تشقح، قيل = و ما تشقح؟ قال تحمار و تصفار و يوكل منها (156)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا پھلوں کے فروخت کرنے سے، جب تک کہ وہ مشقح نہ ہو جائیں لوگوں نے آپؐ سے پوچھا کہ مشقح کیا چیز ہے؟ آپؐ نے فرمایا، سرخ ہو جائیں اور زرد ہو جائیں، اور وہ کھانے کے قابل ہو جائیں۔"

امام ابو یوسف یہ دلیل بھی دیتے ہیں کہ پھلوں کا عشر بذریعہ خرص وصول کرنا ایسا ہی ہے جیسا غیر موجود غلوں سے فروخت کرنا یا درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو کٹے ہوئے پھلوں سے فروخت کرنا یا تر کھجوروں کو چھوہاروں سے ادھار فروخت کرنا۔ چونکہ یہ سب چیزیں شریعت میں حرام ہیں، اس لئے خرص کے ذریعے پھلوں کا عشر وصول کرنا بھی حرام ہوا۔ آپ کہتے ہیں کہ عہد رسالت اور خلفائے راشدین کے دور میں خرص کا جو جواز ملتا ہے وہ اس معنی میں ہے کہ اسوقت صرف یہ اندازہ کرنے کی کوشش کی جاتی تھی کہ لوگوں کے پاس پھلوں کی کتنی مقدار ہے تاکہ وہ بعد میں خیانت نہ کر سکیں اس معنی میں خرص جائز ہے لیکن اس معنی میں جائز نہیں ہے کہ اس سے کوئی شرعی حکم (یعنی اس کے بعد اسی کے مطابق عشر وصول کرنا) بھی لازم آتا ہو۔ (157)

عشر کے چند مسائل

شہد پر عشر

امام مالک، امام شافعی اور محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (م 148ھ / 765ء) کے نزدیک شہد پر عشر نہیں۔ (158) امام شافعی کہتے ہیں کہ شہد حیوان سے پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے اس کی مشابہت ریشم سے ہوگی۔ تمام ائمہ کرام کے نزدیک

toobaa-elibrary.blogspot.com

ریشم پر عشر نہیں۔ اسی طرح شہد پر بھی عشر نہ ہو گا کیونکہ یہ شہد کی مکھی کی پیداوار ہے زمین کی نہیں۔ (159)

ان ائمہ نے ایک اور دلیل بھی دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ شہد ایک مائع چیز ہے جو حیوان کے جسم سے خارج ہوتی ہے جس طرح کہ دودھ ہے اور فقہاء کا اس بات پر اجماع (consensus of opinion) ہے کہ دودھ پر زکوٰۃ نہیں۔ (160)

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اگر شہد عشری زمین (The land of Ushr) میں پایا جائے تو اس میں عشر واجب ہو گا لیکن اگر یہ شہد خراجی زمینوں (The lands of Khiraj) میں' یا میدانوں' پہاڑوں' درختوں اور غاروں میں پایا جائے تو اس پر کچھ واجب نہ ہو گا کیونکہ اس صورت میں اس کی حیثیت جنگلی پھلوں جیسی ہو گی۔ جن پر نہ خراج واجب ہوتا ہے نہ عشر۔ (161)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ایسی روایات نقل کی ہیں جن سے شہد پر عشر کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔ (162)

شہد پر عشر ہونے کے بارے میں امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ شہد کی مکھی پھلوں اور پھولوں سے رس حاصل کرتی ہے اور ان دونوں پر عشر واجب ہے۔ اس لئے ان کے رس سے پیدا شدہ چیز پر بھی عشر واجب ہو گا۔ البتہ ریشم کے کیڑے کی نوعیت اس سے مختلف ہے کیونکہ وہ پتوں سے غذا حاصل کرتا ہے۔ اور پتوں پر عشر واجب نہیں ہوتا۔ (163)

شہد کا نصاب

امام ابو حنیفہ کے نزدیک شہد کی مقدار کم ہو یا زیادہ اس پر عشر ہو گا۔ (164) لیکن امام ابو یوسف اس ضمن میں باقاعدہ نصاب کا تعین کرتے ہیں۔ چنانچہ اس ضمن میں ان سے تین آراء نقل کی گئی ہیں۔

(ا) ایک قول کے مطابق شہد کا نصاب وہ قیمت ہے جو ادنیٰ جنس کی پانچ وسق مقدار کی قیمت ہوتی ہے۔

(ب) دوسرے قول کے مطابق اس کی کم از کم مقدار دس مشکیزے ہے۔

(ج) تیسرے قول کے مطابق شہد کا نصاب دس رطل (تقریباً 5 سیر) ہے۔ (165)

ناقابل پیمائش چیزوں کا نصاب

امام ابو یوسف کے نزدیک زرعی پیداوار کی قابل پیمائش چیزوں کا نصاب تو پانچ وسق ہے لیکن وہ چیزیں جو قابل پیمائش نہیں ہیں مثلاً روئی' زعفران وغیرہ تو ان کے بارے میں امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ ایسی چیزوں میں قیمت کا اعتبار کیا جائے گا اور اس کی صورت یہ ہے کہ جو اناج معمولی قیمت کا ہو مثلاً جو وغیرہ اس کے پانچ وسق کی قیمت کے مساوی قیمت کے بقدر روئی وغیرہ کی پیداوار ہو۔ لہٰذا روئی پر زکوٰۃ اس صورت میں واجب ہو گی جبکہ اس کی پیداوار پچاس کلو جو کی قیمت کے برابر ہو۔ (166)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مہندی پر عشر

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مہندی میں عشر ہو گا اس لئے کہ پورا سال اس سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔(167)

"وسمہ" نامی پتے کے بارے میں امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اس میں عشر ہے۔ امام محمد لکھتے ہیں۔

قلت = ارایت الوسمة هل فيها عشر اذا كانت فى ارض العشر؟ قال نعم فى قول ابى حنيفة(168)

"میں نے پوچھا وسمہ (ایک رنگ دار پودا) میں عشر ہے۔ اگر عشری زمین میں ہو؟ امام ابو یوسف نے کہا ہاں' امام ابو حنیفہ کے قول پر۔"

فروخت شدہ زمین کا عشر

اگر ایک شخص نے زمین فروخت کی اور اس میں پیداوار ہو تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک فروخت کرنے والے (seller) پر عشر ہو گا۔ لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ خریدار (purchaser) پر ہو گا کیونکہ عشر پیداوار پر ہوتا ہے۔ (169)

صدقہ فطر

فطر کا لفظ افطار سے ہے۔ صدقہ فطر کو اسی لئے زکوٰۃ فطر کہا جاتا ہے کہ وہ رمضان کے روزے پورے ہونے کے بعد دی جاتی ہے۔ صدقہ فطر رمضان 2ھ میں فرض ہوا۔(170)

امام ابو یوسف کے نزدیک صدقہ فطر کے لئے صاحب نصاب (دو سو درہم چاندی یا اس کی قیمت کا مالک) ہونا ضروری ہے۔(171)

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ نصف صاع گندم ادا کرنے سے صدقہ فطر کی ادائیگی ہو جائے گی۔ آپ کے نزدیک گندم' جو یا کھجور میں سے کسی چیز کی قیمت ادا کی جا سکتی ہے۔(172)

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ صدقہ فطر کی ادائیگی کے لئے آٹا گندم سے بہتر ہے اور نقدی آٹے سے افضل ہے۔ کیونکہ اصل مقصد فقیر کی ضرورت کو پورا کرنا ہے۔(173)

ابو جعفر الطحاوی نے امام ابو یوسف کے قول کو پسند کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس کے مطابق غرباء اپنی ضرورت کو باآسانی پورا کر سکتے ہیں۔(174)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اہل ذمہ کو صدقہ فطر کی ادائیگی

کیا اہل ذمہ (Non-Muslim citizens of an Islamic state) کو صدقہ فطر دینا جائز ہے۔ اس ضمن میں امام ابو یوسف سے تین روایات نقل کی گئی ہیں۔

پہلی روایت کے مطابق امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ ہر وہ صدقہ جس کا ذکر قرآن میں ہے وہ اہل ذمہ کو نہیں دیا جا سکتا۔ اس روایت کے مطابق صدقہ فطر ذمیوں کو دیا جا سکتا ہے۔

دوسری روایت یہ ہے کہ ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ہر وہ صدقہ جو شریعت کے حکم سے واجب ہوتا ہے اور اس کی فرضیت میں بندے کا اپنا ذاتی دخل نہیں ہوتا' وہ اہل ذمہ کو نہیں دیا جا سکتا۔ چنانچہ اس روایت کے مطابق ان کو صدقہ فطر دینا جائز نہیں۔

تیسری روایت یہ ہے کہ ابو یوسف فرماتے ہیں' ہر واجب صدقہ اہل ذمہ کو دینا جائز نہیں۔ اور اس روایت کے مطابق ان کو صدقہ فطر دینا جائز نہ ہو گا۔ اور اسی طرح مختلف کفارات بھی۔ البتہ نفلی صدقات ان کو دیئے جا سکیں گے۔ (175)

صاع کی مقدار

صاع کی مقدار کے بارے میں علمائے حجاز اور فقہائے عراق کے مابین اختلاف ہے۔ امام ابو حنیفہ اور ان سے اتفاق رکھنے والے فقہاء صاع کی مقدار آٹھ رطل بتاتے ہیں۔ (176) جبکہ امام مالک' امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک اس کی مقدار 5 1/3 رطل ہے۔ (177)

امام ابو یوسف کی رائے بھی امام ابو حنیفہ کے موافق تھی لیکن جب سفر حج کے دوران میں انہوں نے خود اس کی تحقیق کی تو اپنی پہلی رائے سے رجوع کر لیا۔ (178) ابو بکر احمد بن الحسین البیہقی (م 458ھ / 1066ء) نے السنن الکبریٰ میں اور محمد بن عبدالواحد' ابن الہمام (م 861ھ / 1457ء) نے فتح القدیر شرح ہدایۃ میں الحسین بن الولید (م 202ھ / 818ء) کی روایت سے یہ واقعہ نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔

قدم علینا ابو یوسف من الحج فاتیناہ فقال انی ارید ان افتح علیکم بابا من العلم همنی تفحصت عنه فقد مت المدینة فسالت عن الصاع فقالوا صاعنا هذا صاع رسول الله صلی الله علیه وسلم قلت لهم ما حجتکم فی ذلک فقالوا نانیک بالحجة غدا فلما اصبحت اتانی نحو من خمسین

toobaa-elibrary.blogspot.com

شیخا من ابناء المهاجرین والانصار مع کل رجل منهم الصاع تحت ردائه کل رجل منهم یخبر عن ابیه او اهل بیته ان هذا صاع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فنظرت فاذا هی سواء قال فعیرته فاذا هو خمسة ارطال و ثلث بنقصان معه یسیر فرایت امرا قویا فقد ترکت قول ابی حنیفة فی الصاع و اخذت بقول اهل المدینة(179)

"(فریضہ) حج (کی تکمیل) کے بعد ابو یوسف ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا بے شک میں تم پر ایک اہم علم کا دروازہ کھولنا چاہتا ہوں جس کی میں نے خوب تحقیق کی ہے۔ جب میں مدینہ گیا تو میں نے صاع کے متعلق دریافت کیا۔ وہ کہنے لگے ہمارا یہ صاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صاع ہے۔ میں نے ان کو کہا کہ تمہارے پاس اس بارے میں کیا دلیل ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہم کل تجھے اس کی دلیل پیش کریں گے۔ پس جب صبح ہوئی تو مہاجرین و انصار کی اولاد میں سے پچاس بزرگ میرے پاس اس حالت میں آئے کہ ان میں سے ہر آدمی کی چادر کے نیچے صاع تھا۔ ان میں سے ہر آدمی اپنے باپ یا اپنے گھر والوں کے حوالے سے یہ خبر دے رہا تھا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صاع ہے پس جب میں نے غور سے دیکھا تو وہ برابر تھے۔ آپ نے فرمایا جب میں نے وزن کیا تو ہر صاع تقریباً 51/3 رطل کا تھا۔ پس میں نے یہ رائے قائم کرلی کہ یہ موقف قوی ہے۔ پس میں نے صاع کے بارے میں ابو حنیفہ کا قول ترک کر دیا اور اہل مدینہ کے قول کو قبول کر لیا۔

ابو محمد علی بن احمد' ابن حزم (م 456ھ / 1064ء) نے "المحلیٰ" میں لکھا ہے۔

و قد رجع ابو یوسف الی الحق فی هذه المسالة اذ دخل المدینة و وقف علی امداد اهلها(180)

"جب ابو یوسف مدینہ گئے اور وہاں کے رہنے والے لوگوں کے مدوں کے بارے میں واقفیت حاصل کر لی تو اس مسئلہ میں (مسلک) حق کی طرف رجوع کر لیا۔"

ایک شبہہ اور اس کا ازالہ

بعض علمائے احناف نے امام ابو یوسف اور امام ابو حنیفہ کے اقوال میں تطبیق دینے کی کوشش کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب امام ابو یوسف نے صاع کا اندازہ لگایا تو وہ اہل مدینہ کے رطل کے حساب سے 51/3 رطل کا تھا۔ اور حقیقت میں یہی مقدار 8 بغدادی رطل کے برابر تھی۔ لیکن کتاب الخراج میں امام ابو یوسف نے صاع کے بارے میں جب یہ کہا کہ صاع 51/3 رطل کا ہوتا ہے تو اس سے مندرجہ بالا شبہہ کی تردید ہو جاتی ہے۔ کیونکہ یہ بات تو تسلیم شدہ ہے کہ امام ابو یوسف نے یہ کتاب خلیفہ ہارون الرشید کی راہنمائی کے لئے مرتب کی تھی۔ اس کی سلطنت کا دار الخلافہ بغداد تھا۔ امام ابو یوسف

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے بھی اسی شہر میں یہ کتاب تالیف کی تو لامحالہ ان کی مراد بغدادی رطل ہی ہوگی۔

اور دوسری اہم بات یہ ہے کہ اگر ان دونوں کے درمیان فرق نہ ہوتا تو امام ابویوسف اپنی پہلی رائے سے رجوع کیوں کرتے۔؟

ابوالولید محمد بن احمد' ابن رشد (م595ھ / 1198ء) نے اپنی کتاب "بدایۃالمجتہدونہایۃالمقتصد" میں لکھا ہے۔

و الیہ رجع ابویوسف حین ناظرہ مالک علی مذھب اھل العراق لشھادۃ اھل المدینۃ بذلک(181)

عشری اور خراجی زمینوں کی تحقیق

عشر اور خراج شریعت اسلام کے دو اصطلاحی الفاظ ہیں۔ ان دونوں میں یہ بات مشترک (Common) ہے کہ اسلامی حکومت کی طرف سے زمینوں پر عائد کردہ ٹیکس کی حیثیت ان دونوں میں ہے۔

عام فقہاء ان دونوں اصطلاحوں میں یہ فرق کرتے ہیں کہ عشر صرف ٹیکس نہیں بلکہ اس میں عبادت کا پہلو بھی موجود ہے جبکہ خراج ایک خالص ٹیکس ہے جس میں عبادت کا عنصر موجود نہیں۔ لیکن امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ خراج زمین کی زکوٰۃ ہے اور وہ تمام مسلمانوں کے لئے فئے (Fai) کی حیثیت رکھتا ہے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

لان الخراج صدقۃ الارض و ھو فئی لجمیع المسلمین

(182)

"کیونکہ خراج زمین کی زکوٰۃ ہے اور سارے مسلمانوں کے لئے فئے کی نوعیت رکھتا ہے۔"

امام ابویوسف نے "کتاب الخراج" میں بڑے شرح وبسط سے مختلف علاقوں کی زمینوں کے بارے میں تحقیق کی ہے کہ آیا وہ عشری ہیں یا خراجی؟ اس ضمن میں انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے عمل سے استشہاد کیا ہے۔

مشرکین کے وہ علاقے جو اسلامی ریاست کے تحت آجائیں اگر ان کے مالک مسلمان ہو جائیں تو امام ابویوسف کے نزدیک ان پر عشر لاگو ہوگا۔ اور وہ زمین ہمیشہ نسل در نسل ان کے قبضہ اور خاندان میں رہے گی اور وہ جس طرح چاہیں گے تصرف کر سکیں گے لیکن مشرکین میں سے جو اپنے سابق مذہب پر قائم رہیں وہ ذمی ہیں اور ان سے صرف اس قدر خراج لیا جائے گا جتنا ان سے طے ہوا ہے۔(183)

احیائے موات کے تحت جو زمینیں قابل کاشت بنائی جائیں۔ ان پر عشر عائد ہوگا یا خراج؟ اس ضمن میں امام

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابویوسف کا موقف یہ ہے کہ اگر آباد کرنے والے غیر مسلم ہیں تو ان کی یہ زمینیں بھی خراجی ہوں گی۔ اور اگر مسلمانوں نے ان کو قابل کاشت بنایا ہے تو پھر ان زمینوں کا محل وقوع دیکھا جائے گا۔ اگر ان کا محل وقوع خراجی زمین کے متصل ہے تو یہ خراجی ہوں گی۔ اور اگر عشری زمین کے قرب وجوار میں ہے تو یہ عشری ہوں گی۔ (184) اگر قرب وجوار میں دونوں قسم کی زمینیں ہوں تو یہ نو آباد زمینیں عشری ہوں گی۔

یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ امام ابویوسف کے نزدیک بصرہ کی ساری زمین عشری ہے۔ صحابہ کرام کا اس پر اجماع ہے۔ امام ابویوسف کے نزدیک بصرہ کی اراضی کے بارے میں قیاس یہ تھا کہ وہ خراجی ہو۔ کیونکہ وہ خراجی اراضی کے قرب وجوار میں ہے۔ لیکن چونکہ صحابہ کرام نے اس پر عشر مقرر کیا تھا تو ان کے اجماع کے پیش نظر قیاس کو چھوڑ دیا گیا۔ (185)

اگر کوئی خراجی زمین بذریعہ ہبہ' یا تجارت کسی مسلمان کے قبضے میں آجائے تو امام ابویوسف کے نزدیک اس پر صرف عشر عائد ہو گا۔ جبکہ جمہور فقہاء کے نزدیک عشر و خراج دونوں واجب ہوں گے۔ (186)

اگر ایک مسلمان نے اپنے گھر کو باغ بنالیا یا کھیت کی شکل میں آباد کیا تو کیا اس پر عشر ہو گا یا خراج؟ ابویوسف فرماتے ہیں "اگر یہ اراضی عشری اراضی کے قریب ہو تو اس پر عشر ہو گا اور اگر یہ خراجی زمین کے قریب ہو تو اس پر خراج ہو گا کیونکہ اصل اعتبار قریب ہونے کا ہوتا ہے۔ کیا آپ یہ دیکھتے نہیں کہ جو بنجر زمین بستی کے قریب ہوتی ہے تو بستی والوں کے حق کی وجہ سے کسی کو اسے آباد کرنے کا حق نہیں ہوتا۔" (187)

بڑے دریاؤں کے پانی کے بارے میں دیگر ائمہ احناف کے برعکس امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ وہ بھی خراجی ہیں۔ (188)

بزور قوت فتح کرنے والے علاقوں کے بارے میں امام ابویوسف کے نزدیک اصل تو یہی ہے کہ وہ زمین مجاہدین کے درمیان تقسیم کر دی جائے اور اس صورت میں یہ زمین عشری قرار پائے گی لیکن اگر یہ طے ہو کہ وہ ذمیوں کے تسلط و قبضہ میں چھوڑ دی جائے جیسا کہ حضرت عمرؓ نے علاقہ سواد کے سلسلہ میں کیا تھا تو امام کو ایسا کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ اس صورت میں یہ زمین خراجی ہو گی۔ پھر امام کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ زمین ان لوگوں سے واپس لے لے اب یہ ان کی ملکیت ہے وہ اسے آئندہ نسلوں تک منتقل کر سکیں گے۔ اور اس کی خرید و فروخت بھی کر سکیں گے۔ (189) امام محمد کے نزدیک اس طرح کی زمین خراجی ہے۔ (190)

اگر کوئی غیر تغلبی ذمی عشری زمین خریدے تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس سے خراج وصول کیا جائے گا اور پھر وہ زمین دوبارہ عشری نہیں بن سکے گی (کیونکہ خراجی زمینوں کو عشری بنانا غلط ہے)۔ لیکن امام ابویوسف کے نزدیک اس زمین کی پیداوار میں سے عشر کا دوگنا (1/5) بطور خراج وصول کیا جائے گا۔ اور اگر وہ زمین فروخت وغیرہ کے ذریعہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوبارہ کسی مسلمان کی ملکیت ہو جاتی ہے تو اسے حسب سابق عشری زمین سمجھا جائے گا۔ اپنی رائے کے حق میں انہوں نے قیاسی دلیل بھی دی ہے اور حضرت حسن بصری (حسن بن یسار) (م 110ھ / 728ء) اور عطاء بن ابی رباح (م 115ھ / 733ء) کا قول بھی نقل کیا ہے۔ اور کہتے ہیں۔

فکان قول الحسن و عطاء احسن عندی من قول ابی حنیفة(191)

"میرے نزدیک حسن اور عطاء کی رائے ابو حنیفہ کی رائے سے بہتر ہے۔"

اسلامی ریاست کی طرف سے دی گئی جاگیروں پر عشریا خراج عائد کرنے کے بارے میں امام ابو یوسف حاکم کو کلی اختیارات دیتے ہیں۔ ان کے نظریے کے مطابق وہ چاہے تو عشر عائد کرے اور اگر چاہے تو خراج' بشرطیکہ ان کو خراجی نہروں سے سینچا جاتا ہو۔(192)

امام ابو یوسف کے نزدیک سرزمین عرب کی تمام مفتوحہ زمینوں پر عشر عائد ہو گا۔(193) امام ابو یوسف نے اس بات کو ناپسند کیا ہے کہ جزیرۃ العرب کی زمینوں سے خراج اکٹھا کیا جائے۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس قسم کی زمینوں پر عشر عائد کر چکے تھی اور آپؐ نے ان پر کوئی دوسرا ٹیکس نہیں لیا۔ اور نہ ہی بعد ازاں اس میں کوئی تبدیلی کی گئی۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں۔

و اما ارض الحجاز و مکة والمدینة و ارض الیمن و ارض العرب التی افتتحها رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فلا یزاد علیها و لا ینقص منها' لانه شئی قد جری علیه امر رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم و حکمه' فلا یحل للامام ان یحوله الی غیر ذلک' و قد بلغنا ان رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم افتتح فتوحا من الارض العربیة فوضع علیها العشر و لم یجعل علی شئی منها خراجا(194)

"اور حجاز' مکہ' مدینہ' یمن کی زمینوں اور عرب کی ان ساری زمینوں کے مالیہ میں کوئی کمی بیشی نہیں کی جائے گی جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کیا تھا۔ کیونکہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے فیصلہ ہو کر آپؐ کا حکم نافذ ہو چکا ہے۔ اب امام کے لئے یہ جائز نہیں کہ اس کو کسی دوسرے (نظام محاصل) سے بدل دے۔ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرزمین عرب کے متعدد علاقے فتح کئے اور ان سب پر عشر عائد کیا۔ کسی زمین پر بھی خراج نہیں عائد کیا۔"

آپ مزید لکھتے ہیں۔

و کذلک قول اصحابنا فی تلک الارضین' الاتری ان مکة والحرم لم یکن

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیها خراج فاجروا الارض العربیة کلها هذا المجری و اجری النجران والطائف کذلک لولاتری ان العرب من عبدة الاوثان حکمهم القتل او الاسلام و لم تقبل منهم الجزیة و هذا خلاف الحکم فی غیرهم فکذلک ارض العرب(195)

"ہمارے رفقاء ان زمینوں کے بارے میں یہی رائے رکھتے ہیں۔ چونکہ مکہ اور حرم کے علاقہ میں خراج نہیں عائد کیا گیا لہٰذا ان حضرات نے عرب کی ساری زمینوں پر اسی اصول کا اطلاق کیا اور نجران و طائف کی زمینوں کو بھی اس اصول کے تحت رکھا گیا۔ عرب کی سرزمین کے بارے میں دوسری سرزمینوں سے مختلف حکم اس لئے بھی قابل فہم ہے کہ اسی طرح عرب کے بت پرستوں کے بارے میں یہ حکم ہے کہ یا تو وہ اسلام لائیں یا قتل کر دیئے جائیں۔ ان سے جزیہ نہیں قبول کیا جائے گا یہ حکم اس سے مختلف ہے جو ان کے دوسرے لوگوں کے بارے میں آیا ہے۔"

امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کے حق میں اس طرح فیصلہ کیا کہ خود ان کی ذات پر خراج عائد کیا' لیکن ان کی زمینوں پر خراج عائد نہیں کیا۔ بلکہ ان کی زمینوں سے عشر لیا۔(196) آپ خوارج کے نظریہ کی تردید کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

و اما الخوارج فانهم اخطاوا المحجة و جعلوا قری عربیة بمنزلة قری عجمیة و لم یاخذوا ایما اجتمع علیه اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم و قول عمر و علی۔ و من اجتمع من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم هم احسن تاویلا و توفیقا من الخوارج(197)

"اور جہاں تک خوارج کا تعلق ہے وہ راہ راست سے بھٹک گئے اور انہوں نے عرب کی بستیوں کو وہی مقام دیا جو عجم کی بستیوں کو حاصل ہے۔ ان لوگوں نے اس بات کو نہیں اختیار کیا جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابیوں کا اجماع ہو چکا ہے۔ اور جو کہ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کی رائے ہے۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جن صحابیوں کا اجماع ہے وہ تحقیق کرنے اور توفیق پانے' دونوں اعتبار سے خوارج سے بہتر تھے۔"

اہل حرب میں سے جو لوگ اپنی جانوں اور زمینوں کے مالک رہتے ہوئے اسلام لائے ہوں' ان کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ ان کی زمینیں عشری ہیں۔(198) خواہ وہ زمین عرب کی ہو یا عجم کی۔(199) آپ "کتاب الخراج" میں عشری و خراجی زمینوں کی تحدید (Limitation) کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

فاما ما سالت عنه یا امیر المومنین من حد ارض العشر من حد ارض

toobaa-elibrary.blogspot.com

الخراج فكل ارض اسلم اهلها عليها و هى من ارض العرب او ارض العجم فهى لهم و هى ارض عشر' بمنزلة المدينة حين اسلم عليها اهلها و بمنزلة اليمن' و كذلك كل من لا تقبل منه الجزية و لا يقبل منه الا الاسلام او القتل و من عبدة الاوثان من العرب فارضهم ارض عشر و ان ظهر عليها الامام' لان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد ظهر على ارضين من ارض العرب و تركها فهى (ارض) عشر حتى الساعة - قال و ايمادار من دور الاعاجم قد ظهر عليها الامام تركها فى ايدى اهلها فهى ارض خراج' و ان قسمها بين الذين غنموها فهى ارض عشر' الا ترى ان عمر بن الخطاب رضى الله عنه ظهر على ارض الاعاجم و تركها فى ايديهم فهى ارض خراج - و كل ارض من اراضى الاعاجم صالح عليها اهلها و صاروا ذمة فهى ارض خراج(200)

"اور اے امیرالمومنین! آپ نے عشری و خراجی زمین کی تحدید و تعیین کے بارے میں جو سوال کیا ہے تو اس بارے میں یہ (جواب) ہے کہ ہر وہ زمین جس کے مالک اس پر قابض رہتے ہوئے اسلام لائے ہوں' ان کی ملکیت ہے اور عشری زمین قرار پائے گی۔ خواہ وہ زمین عرب کی ہو یا عجم کی' جیسے کہ مدینہ' جس کے مالک اس پر قابض رہتے ہوئے اسلام لائے تھے یا جیسے کہ یمن اسی طرح بت پرست عربوں کی زمین اور ہر اس فرد کی زمین عشری قرار پائے گی جس سے جزیہ نہ قبول کیا جاتا ہو بلکہ اس کے لئے اسلام لانے یا قتل کئے جانے کے سوا کوئی اور شکل نہ رکھی گئی ہو۔ خواہ امام نے اس زمین پر (بزور قوت) غلبہ حاصل کیا ہو۔ وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرزمین عرب کے متعدد علاقے فتح کئے اور انہیں بغیر تقسیم کیے چھوڑ دیا۔ چنانچہ وہ قیامت تک عشری (زمینیں) رہیں گی۔ عجمیوں کے علاقوں میں سے جس علاقہ کو بھی امام نے فتح کرلیا ہو اور پھر اسے اس کے باشندوں ہی کے قبضہ میں رہنے دیا ہو اس کی زمین خراجی ہے' اور اگر اسے ان لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیا ہو۔ جنہوں نے اسے بطور غنیمت حاصل کیا تھا تو وہ عشری زمین ہے۔ اس کی نظیر یہ ہے کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے عجمیوں کی زمین فتح کرنے کے بعد اسے انہی لوگوں کے قبضہ میں رہنے دیا تو وہ زمینیں خراجی قرار پا گئیں۔ عجمیوں کے علاقہ کی ہر وہ زمین جس پر امام نے اس کے باشندوں سے مصالحت کرلی ہو اور وہ لوگ ذمی بن گئے ہوں۔ خراجی زمین ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس عبارت میں امام ابویوسف نے عشری زمینوں کی تشریح کرتے ہوئے یہ واضح کیا ہے کہ:

(الف) ہر ایسی زمین و علاقہ جہاں کے رہنے والے لوگ بلاجہاد و قتال نفس تبلیغ سے از خود مسلمان ہو گئے ہوں، جیسے مدینہ منورہ کے لوگ، اوس و خزرج وغیرہ قبائل کے افراد مسلمان ہو گئے تھے تو اسلام لانے کے بعد یہ لوگ بدستور اپنی زمینوں کے مالک رہیں گے اور یہ زمینیں عشری ہوں گی۔

(ب) دوسری قسم کی وہ زمینیں عشری ہیں جو عرب کی سرزمین ہے۔ وہاں کی اراضی کے مالک چاہے از خود اسلام لائے ہوں یا بہ زور شمشیر ان کی اراضی پر مسلمانوں کا غلبہ ہوا ہو، یہ ہمیشہ عشری رہیں گی۔

(ج) تیسری قسم کی وہ تمام اراضی (Lands) عشری ہیں جو عجم کی حدود میں ہیں اور وہاں مسلمانوں نے بذریعہ جہاد غلبہ حاصل کیا ہو۔ اور امیرالمسلمین کے ذریعہ ان اراضی کی تقسیم مجاہدین میں ہوئی ہو (اور پھر وہ مسلمانوں میں منتقل ہوتی چلی آ رہی ہو) اسی ذیل میں وہ اراضی آتی ہیں جن کے مالک اسلامی فوج کے خوف سے بھاگ گئے ہوں اور ان کو امام نے مجاہدین میں تقسیم کر دیا۔

اسی طرح امام ابویوسف نے دو طرح کی اراضی کو خراجی قرار دیا ہے۔

(الف) اول وہ تمام اراضی عجم جس پر مسلمانوں کو فتح و غلبہ ملا ہو۔ مگر امام و امیر نے ان اراضی کو مجاہدین میں تقسیم کرنے کے بجائے ان کے مالکوں (اصحاب اراضی) کو ہی دے دیا ہو تو یہ اراضی خراجی ہوں گی۔

(ب) اسی طرح عجم کی وہ تمام اراضی جن کے مالکین (اصحاب اراضی) کی حکومت کے ساتھ صلح ہوئی ہو اور ان لوگوں نے مسلمانوں کو سالانہ خراج دینا طے کر لیا ہو تو یہ لوگ ذمی ہوں گے اور ان کی اراضی خراجی ہو گی۔

اگر آباد کردہ زمین ایسے علاقہ کی ہو جو پہلے مشرکین کے قبضہ میں تھا۔ پھر اسے مسلمانوں نے فتح کر لیا اور اسے آباد کرنے والا اس کے لئے کسی ایسے چشمہ وغیرہ سے پانی لاتا ہے جو پہلے مشرکین کے قبضہ میں تھا تو یہ زمین خراجی قرار پائے گی۔ البتہ اگر وہ اس قسم کا پانی استعمال نہیں کرتا بلکہ اسی زمین میں کنواں کھود کر، یا اسی میں سے کوئی چشمہ نکال کر اس کو آباد کرتا ہے تو وہ زمین عشری قرار پائے گی۔ لیکن اگر اس کے لئے اس زمین پر ان نہروں سے پانی لانا ممکن ہو جو پہلے عجمی قوموں کے قبضہ میں تھیں، خواہ وہ یہ پانی لائے یا نہ لائے، یہ زمین خراجی قرار پائے گی۔ (201) اور آخر میں امام ابویوسف لکھتے ہیں۔

و لا یحل لاحد ان یحول ارض خراج الی ارض عشر، و لا ارض عشر الی ارض خراج، و ذلک ان یکون للرجل ارض عشر و الی جانبها ارض خراج فیشتریها فیصیرها مع ارضه و یودی عنها العشر، او یکون للرجل ارض خراج و الی جانبها ارض عشر فیشتریها فیصیرها مع ارضه و یودی

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنها الخراج(202)

"کسی فرد کے لئے جائز نہیں کہ خراجی زمین کو عشری یا عشری زمین کو خراجی بنادے۔ ایسا کرنے کی شکل عموماً" یہ ہوتی ہے کہ کسی فرد کے پاس عشری زمین ہو اور اسی سے متصل کوئی خراجی زمین بھی ہو پھر یہ اسے خرید کر اپنی زمین میں ملالے اور ساری زمین پر عشر ادا کرنے لگے۔ یا کسی آدمی کے پاس خراجی زمین ہو اور اس سے متصل کوئی عشری زمین ہو جسے یہ خرید کر اپنی زمین میں ملالے اور اس پر بھی خراج ادا کرنے لگے۔"

عشور

مسلم اور غیر مسلم تاجر جب اپنا مال اسلامی ریاست کی حدود میں بغرض تجارت لائیں تو حکومت اس مال پر جو ٹیکس وصول کرتی ہے' اس کو عشور کہتے ہیں۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ یہ ٹیکس حضرت عمرؓ کے دور میں شروع ہوا تھا۔ اگر اس کی وصولی میں ظلم نہ کیا جائے تو اس کے وصول کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔(203)

ایک غلط فہمی اور اس کا ازالہ

بعض لوگ' امام ابو یوسف کے اس بیان سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے دور میں جو محصول چنگی (Octroi) کا نظام تھا۔ وہ اس دور کے محصول چنگی نظام کی طرح ہی تھا۔

راقم کی رائے یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کے دور کے محصول چنگی اور آج کل کے محصول چنگی میں بہت بڑا فرق ہے۔ یہ بالکل مختلف اور دو متباین چیزیں ہیں۔ اس لئے کہ حضرت عمرؓ نے جو محصول چنگی کا نظام قائم کیا تھا وہ اس دور کا ٹیکس نہیں تھا بلکہ اموال زکوٰۃ کو بطور محصول وصول کرنے کا حکم دیا تھا۔ جبکہ موجودہ دور کی محصول چنگی میں' اموال زکوٰۃ' شرح زکوٰۃ' اور سال کا گزرنا' کسی بھی چیز کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و کل ما اخذ من المسلمین من العشور فسبیله سبیل الصدقة و سبیل ما یوخذ من اهل الذمة جمیعا و اهل الحرب سبیل الخراج' و کذلک ما یوخذ من اهل الذمة جمیعا من جزیة رء و سهم و ما یوخذ من مواشی بنی تغلب فان سبیل ذلک کله سبیل الخراج' یقسم فیما یقسم فیه الخراج' و لیس هو کالصدقة' قد حکم الله فی الصدقة حکما قد قسمها علیه فهی علی ذلک(204)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"اور مسلمانوں سے چنگی کے طور پر جو کچھ لیا جائے گا اس کی حیثیت زکوٰۃ کی ہوگی۔ مختلف طرح کے ذمیوں اور حربی افراد سے جو چنگی وصول کی جائے گی' اس کی نوعیت خراج کی ہوگی۔ یہی نوعیت ان محاصل کی بھی ہے جو ذمیوں سے جزیہ کے طور پر یا بنو تغلب کے مویشیوں میں سے وصول کئے جاتے ہیں۔ ان سب کی نوعیت خراج کی ہے اور ان کو ان مصارف پر لگایا جائے گا جن پر خراج کا مال لگایا جاتا ہے۔ ان کی نوعیت زکوٰۃ کی نہیں۔ زکوٰۃ کے مصارف اللہ تعالیٰ نے اپنے حکم کے ذریعہ متعین کر دیئے ہیں اور انہی پر عمل ہوتا ہے۔"

کتاب الخراج کی اس عبارت سے چند باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

(1) اسلامی حکومت مسلمانوں کے اموال تجارت سے جو عشور بطور محصول چنگی وصول کرے گی اس کی حیثیت صدقہ واجبہ (زکوٰۃ) کی ہوگی اس لئے حکومت محصول وصول کرتے وقت نصاب زکوٰۃ اور شرح زکوٰۃ بلکہ تمام قوانین زکوٰۃ کو ملحوظ رکھتے ہوئے وصول کرے گی۔

(2) مقدار واجب سے زیادہ مطالبہ کر کے ان سے ظلم نہیں کیا جائے گا۔

(3) اگر مقدار واجب سے زیادہ زکوٰۃ ادا کرنے کا مطالبہ کیا جائے تو اس وقت حکومت نہ وصولی زکوٰۃ کی مجاز ہوگی اور نہ زکوٰۃ دینے والے لوگ حکومت کو زکوٰۃ ادا کریں گے۔

(4) غیر مسلم ذمی یا حربیوں سے جو اموال بطور محصول وصول کئے جائیں گے ان کا حکم مال خراج جیسا ہوگا اور ان کا مصرف خراج کا مصرف ہوگا۔

(5) چونکہ مسلمانوں کے اموال میں سے جو مقدار محصول وصول کی جائے گی اس کی حیثیت زکوٰۃ اور صدقہ واجبہ کی ہے۔ اس لئے اس کو مصرف زکوٰۃ و صدقہ میں صرف کیا جائے گا۔

امام ابو یوسف 'کتاب الخراج میں لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے محصول عشور پر جن حضرات کو متعین فرمایا تھا' ان کو ہدایت دی تھی کہ تحصیل عشور میں نصاب زکوٰۃ اور شرح زکوٰۃ کا لحاظ رکھا جائے۔

قال ابویوسف = حدثنی اسماعیل بن ابراھیم بن مھاجر قال سمعت ابی یذکر قال سمعت زیاد بن حدیر قال = اول من بعث عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ علی العشور انا' قال فامرنی ان لا افتش احدا' و ما مر علی من شئی اخذت من حساب اربعین درھما درھما واحدا من المسلمین' و من اھل الذمۃ من کل عشرین واحدا' و ممن لاذمۃ لہ العشر (205)

"ابو یوسف نے کہا' مجھ سے اسماعیل بن ابراہیم بن مہاجر نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ میں نے اپنے والد کو یہ کہتے سنا ہے کہ = میں نے زیاد بن حدیر کو یہ کہتے سنا ہے کہ میں وہ پہلا شخص ہوں جسے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

چنگی کی تحصیل پر مامور کیا۔ آپ نے حکم دیا تھا کہ میں کسی کی تلاشی نہ لوں' اور یہ کہ جو اموال میرے پاس سے گزریں ان پر میں اس حساب سے چنگی لوں کہ مسلمان سے چالیس درہم میں سے ایک درہم' ذمی سے بیس میں سے ایک' اور جو غیر مسلم ذمی نہ ہوں ان سے دسواں حصہ۔"

انہوں نے کتاب الخراج میں عشور کے لئے نصاب اور شرح کا تعین بھی کیا ہے۔ ان کے نزدیک ہر اس مال تجارت پر جسے لے کر لوگ محصل چنگی کے پاس سے گزریں اور جس کی مجموعی قیمت 200 درہم یا اس سے زیادہ ہو' چنگی لی جانے چاہیے۔ اگر مال تجارت کی قیمت 200 درہم سے کم ہو تو چنگی نہیں لی جائے گی۔ تاجر اگر بار بار محصل چنگی کے سامنے سے گزرے مگر ہر بار اس کے پاس 200 درہم سے کم مالیت کا مال ہو تو اس سے کچھ بھی وصول نہیں کیا جائے گا۔ (206)

امام ابو یوسف کے نزدیک عشور سال میں ایک دفعہ ہی لیا جا سکتا ہے۔ دوسرے سال کی اسی تاریخ تک اس کے اس مال میں سے کوئی محصول نہیں لیا جائے گا خواہ وہ اس عرصہ میں اسے لے کر کئی بار گزرے۔ (207)

اگر مال تجارت کے لئے نہ ہو تو محصول نہیں لیا جائے گا۔ اگر کوئی مسلمان بھیڑ' بکری' گائے' بیل یا اونٹ لے کر گزرے اور یہ کہے کہ یہ چرنے والے (سائمہ) مویشی نہیں ہیں تو اس سے حلف لیا جائے گا اور حلف لینے کے بعد چھوڑ دیا جائے گا۔ اسی طرح اگر کوئی غلہ یا پھل وغیرہ لے کر گزرے اور کہے کہ یہ تجارت کے لئے نہیں بلکہ ذاتی استعمال کے لئے ہے تو اس سے بھی محصول نہیں لیا جائے گا۔ اگر تاجر حلف اٹھا کر یہ کہے کہ میں نے اس مال کی زکوۃ ادا کر دی ہے تو اس کی یہ بات مان لی جائے گی اور اس سے محصول نہیں لیا جائے گا۔ لیکن کوئی ذمی یا حربی یہ بات کہے تو اسے تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ ان پر زکوۃ واجب ہی نہیں ہوتی کہ وہ اسے ادا کرنے کا دعویٰ کریں۔ مال لے کر گزرنے والا اگر یہ کہے کہ یہ مال مضاربت کا ہے یا اس کے پاس بطور امانت ہے تو حلف لینے کے بعد محصول سے بری کر دیا جائے گا۔ مسلمان تاجر سے اس ضمن میں جو کچھ لیا جائے گا اس کی حیثیت زکوۃ کی ہو گی اور ذمیوں اور حربی افراد سے جو کچھ لیا جائے گا اس کی حیثیت خراج کی ہو گی۔ (208)

حرام چیزوں پر ٹیکس

ذمی یا دارالحرب (The land of warfare) کے باشندے اگر حرام چیزوں مثلاً سور اور شراب کا کاروبار کرتے ہوں تو کیا اسلامی ریاست ان اموال پر بھی عشور وصول کرے گی۔ اور اس آمدنی کو بیت المال (Public treasury) میں جمع کرایا جا سکتا ہے؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے امام ابو یوسف کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و اذا مر اهل الذمة على العاشر بخمر او خنازير قوم ذلك على اهل الذمة' يقومه اهل الذمه ثم يوخذ منهم نصف العشر' و كذلك اهل الحرب اذا مروا

toobaa-elibrary.blogspot.com

بالخنازیر والخمور فان ذلک یقوم علیھم ثم یوخذ منھم العشر (209)

"اور جب ذمی لوگ محصل چنگی کے یہاں شراب یا سور لے کر آئیں تو ان کی قیمت لگائی جائے گی۔ قیمت کا حساب ذمی لوگ خود لگائیں گے۔ اسی قیمت کے حساب سے ان سے بیسواں حصہ وصول کیا جائے گا۔ اسی طرح اگر حربی لوگ شراب یا سور لے کر گزریں تو ان کی قیمت کا حساب لگا کر اسی حساب سے دسواں حصہ وصول کیا جائے گا۔"

یعنی امام ابو یوسف کے نزدیک حرام چیزوں پر بھی ٹیکس لیا جا سکتا ہے۔

جزیہ

مفہوم

جزیہ (Jizya) عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا مادہ ج ز ی ہے۔ اس کا لفظی معنی بدلہ کے ہیں۔ اسلامی ریاست میں حکومت، ذمیوں (غیر مسلم رعایا) سے ان کی جان، مال، عزت و آبرو کی حفاظت کے بدلہ میں جو سالانہ ٹیکس وصول کرتی ہے۔ اسے جزیہ کہتے ہیں۔ (210) ذمیوں سے جزیہ لینے کا حکم قرآن حکیم میں دیا گیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَةَ عَنْ یَّدٍ وَّھُمْ صٰغِرُوْنَ ○ (211)

"یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں رعیت ہو کر اور اپنی پستی کا احساس کر کے۔"

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں جزیہ کو خراج کے مماثل قرار دیا ہے آپ فرماتے ہیں۔

والجزیة بمنزلة مال الخراج (212)

"جزیہ کی حیثیت خراج کے مال کی ہے۔"

جزیہ کی دو اقسام ہیں ایک بذریعہ صلح، اس کی مقدار وہی ہوگی جو صلح نامہ میں طے پائی ہے۔ دوسری قسم جزیہ کی یہ ہے کہ اسلامی فوج کافروں کے مالک پر غالب آجائے اور ان کو بدستور سابق اپنے اموال و املاک پر قابض چھوڑ دیا جائے اور ان کو ذمی بنا لے۔ سب سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجران کے عیسائیوں پر یہ ٹیکس لگایا۔ (213)

جزیہ کی شرحیں

امام شافعی کے نزدیک ہر بالغ پر ایک دینار یا اس کے مساوی رقم ہوگی۔ اور اس میں امیر و غریب برابر ہوں گے۔ (214) انہوں نے غالباً نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے استشہاد کیا ہے۔ آپؐ نے فی آدمی ایک دینار کے حساب سے یکسانیت کے اصول پر جزیہ عائد کیا تھا۔ (215) امام مالک کہتے ہیں کہ سونا رکھنے والوں پر چار دینار اور چاندی

toobaa-elibrary.blogspot.com

رکھنے والوں پر چالیس درہم جزیہ مقرر کیا جائے گا۔(216)

امام ابویوسف جزیہ کی شرح بیان کرتے ہوئے اہل ذمہ کے تین طبقات کا ذکر کرتے ہیں۔

(ا) خوش حال لوگوں پر 48 درہم

(ب) متوسط طبقہ پر 24 درہم

(ج) غریب کاشتکاروں اور محنت کاروں پر بارہ درہم۔(217)

امام ابویوسف نے اس ضمن میں حضرت عمرؓ کی پیروی کی ہے۔ انہوں نے اپنے دور میں اہل ذمہ کو ان کے مالی مقام و مرتبہ (Financial status) کے اعتبار سے تین اقسام میں تقسیم کیا تھا۔ (ا) امیر (ب) متوسط (ج) نادار لوگ' اور اسی شرح کے مطابق جو امام ابویوسف نے تجویز کی ہے' جزیہ عائد کیا تھا۔(218)

امام ابویوسف نے اپنے دور کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تاجروں' صنعتکاروں' صرافوں' زمینداروں' طبیبوں' کو مالدار طبقہ میں شمار کیا ہے اور دستکاری کا کام کرنے والے مثلاً درزیوں' رنگریزوں' موچیوں اور قصابوں کو غریب طبقہ میں شمار کیا ہے۔(219)

امام ابویوسف نے متوسط طبقہ کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں دی۔

جزیہ میں لی جانے والی اشیاء

امام ابویوسف کے نزدیک جزیہ میں نقدی کے علاوہ سامان یا جانور وغیرہ کو بھی ان کی قیمت کے حساب سے لیا جا سکتا ہے۔ البتہ ان لوگوں سے مرادار یا سور یا شراب نہیں لی جائے گی۔ ان اشیاء کے مالکوں کو کہا جائے گا کہ وہ خود انہیں فروخت کریں اور نقدی کی صورت میں ادائیگی کریں۔(220)

جزیہ سے مستثنیٰ افراد

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ یہودی' عیسائی' مجوسی' صابی اور سامری لوگوں پر جزیہ واجب ہو گا۔ البتہ درج ذیل قسم کے افراد جزیہ سے مستثنیٰ ہوں گی۔

(ا) عورتیں اور بچے

(ب) وہ مسکین جن کو خیرات دی جاتی ہو۔

(ج) وہ اندھا جس کا نہ کوئی پیشہ ہو نہ وہ کوئی کام کرتا ہو۔

(د) وہ معذور ذمی جو غریب و نادار ہو۔

(ر) وہ مسکین راہب جو خانقاہوں میں رہتے ہوں اور ان کے ہم مذہب ان کو خیرات دیتے ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(ز) فاتر العقل ذمی

(ص) بوڑھا آدمی جو کام کرنے سے معذور اور مفلس ہو۔

(ض) مرتد اور عرب کے بت پرست۔(211)

اگر معذور، اندھے اور خانقاہوں میں رہنے والے افراد خوشحال ہوں تو ان سے جزیہ لیا جائے گا۔(222)

جزیہ کب واجب ہوتا ہے؟

امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ جزیہ سال کے شروع میں واجب الادا (Payable) ہوتا ہے۔(223) لیکن امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ جزیہ سال کے آخر میں واجب الادا ہوتا ہے اور اس سے قبل اس کا مطالبہ نہیں کیا جا سکتا۔ (224)

مسلمان سے جزیہ

اگر کوئی شخص اسلام قبول کرے تو جزیہ اس سے ساقط ہو جائے گا خواہ وہ سال کے وسط میں یا اس کے بعد داخل اسلام ہوا ہو خواہ اس کے ذمہ کئی سال کا جزیہ ہو۔ یہ جمہور فقہاء کی رائے ہے۔(225) ابو عبید القاسم بن سلام (م 224ھ / 838ء) بھی یہی رائے رکھتے ہیں۔(226)

لیکن امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اگر ایک سال گزر جاتا ہے تو اس صورت میں اس سے اس سال کا جزیہ لیا جا سکتا ہے کیونکہ یہ مسلمانوں کے لئے خراج بن گیا ہے۔(227) تاہم اگر وہ سال پورا ہونے سے مہینہ، دو مہینہ، ایک دن دو دن یا اس سے کچھ کم یا زیادہ عرصہ پہلے بھی مسلمان ہو چکا ہو تو اس سے جزیہ کا مطالبہ نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ وہ سال پورا ہونے سے پہلے ہی مسلمان ہو چکا تھا۔(228)

مرنے والے ذمی پر واجب الادا جزیہ

اگر جزیہ ادا کرنے والا سال کے وسط میں فوت ہو جاتا ہے تو اس سے کچھ بھی نہیں لیا جائے گا لیکن اگر وہ سال کے آخر میں فوت ہوتا ہے تو اس صورت میں امام شافعی کے قول کے مطابق جزیہ ساقط نہیں ہو گا بلکہ اس کے ترکہ میں سے وصول کیا جائے گا۔(229) لیکن امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اس کے وارثوں سے اس رقم کا مطالبہ نہیں جائے گا نہ اس کے ترکہ میں سے یہ رقم وصول کی جا سکے گی۔ کیونکہ اس کی نوعیت اس فرد کے ذمہ قرض کی نہیں۔(230)

جزیہ میں تخفیف اور معافی

امام ابو عبید کی رائے یہ ہے کہ حاکم کو اختیار حاصل ہے کہ وہ جزیہ کی شرح میں کمی کر دے یا ذمی کی عدم استطاعت کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

مد نظر رکھتے ہوئے معاف کردے۔(231)

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ چونکہ ذمی کے جان و مال کو جزیہ ادا کرنے کے عوض میں ہی محفوظ قرار دیا گیا ہے اس لئے حاکم کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ جزیہ میں کمی کرے یا کسی سے وصول کرے اور کسی کو چھوڑ دے۔(232)

وصولی کا طریقہ کار

امام ابویوسف تحصیل جزیہ کے لئے ٹھیکہ (On rent) کے نظام کو پسند نہیں کرتے کیونکہ اس طرح ان کے نزدیک جزیہ کی آمدنی میں کمی واقع ہوتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایسا بھی ممکن ہے کہ ٹھیکہ لینے والا اپنی زمینداری میں کام کرنے والے ذمی افراد سے فی کس 12 درہم سے کم وصول کرے حالانکہ اس سے کم جزیہ لینا کسی طرح جائز نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ ان ذمیوں میں ایسے خوشحال افراد بھی ہوں جن سے 48 درہم وصول کیا جانا چاہئے تھا۔(233)

امام ابویوسف یہ تجویز دیتے ہیں کہ ہر شہر کے جزیہ کی تحصیل حاکم' وہاں کے کسی نیک' دین دار' امانت دار اور معتمد علیہ فرد کے سپرد کردے اور اس کے لئے چند معاون مقرر کردے۔ یہ لوگ ہر مذہب کے ذمیوں کو اس ذمہ دار فرد کے یہاں جمع کریں اور وہ مختلف طبقات سے مجوزہ شرحوں کے مطابق جزیہ لے۔(234)

وہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی ذمی جزیہ ادا نہیں کرتا تو اس کو اس وقت تک قید میں رکھنا چاہیے جب تک کہ اس سے جزیہ کی رقم وصول نہ ہو جائے۔ جزیہ کی خاطر کسی ذمی کو مارنا' دھوپ میں کھڑا کرنا' جسمانی تکلیف پہنچانا کسی طرح بھی جائز نہیں۔(235)

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں حضرت عمرؓ کے سفر شام سے واپسی کا واقعہ تحریر کیا ہے۔ انہوں نے دیکھا کہ کچھ لوگوں کو دھوپ میں کھڑا کیا گیا ہے اور ان کے سروں پر تیل ڈالا جا رہا ہے۔ آپؓ نے سبب پوچھا تو بتایا گیا کہ یہ لوگ استطاعت نہ ہونے کی بناء پر جزیہ ادا نہیں کرتے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا۔

فدعوهم' لاتكلفوهم ما لا يطيقون فانى سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول " لا تعنبوا الناس فان الذين يعنبون الناس فى الدنيا يعنبهم الله يوم القيامة(236)

"پس ان لوگوں کو چھوڑ دو اور ان پر ان کی برداشت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو' کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ "لوگوں کو عذاب نہ دو کیونکہ جو لوگ دنیا میں انسانوں کو عذاب دیتے ہیں ان کو قیامت کے دن اللہ عذاب دے گا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

جزیہ کے مصارف

امام ابویوسف کے نزدیک جزیہ کی حیثیت چونکہ خراج کے مال کی ہے اس لئے وہ کہتے ہیں کہ اس آمدنی کو خراج کی آمدنی کے ساتھ بیت المال (Public treasury) میں رکھنا چاہیے۔ اس کے مصارف بھی وہی ہیں جو خراج کی آمدنی کے ہیں۔ (237)

آپ کے نزدیک جزیہ کا اہم مصرف فوجی انتظام ہے۔ آپ کتاب الخراج میں حضرت عمرؓ کا یہ قول نقل کرتے ہیں۔

و اضع علیهم فیها الخراج و فی رقابهم الجزیة یودونها فتکون فیئا للمسلمین = المقاتلة والذریة و لمن یاتی من بعدهم (238)

"اور اس کے کاشتکاروں پر خراج عاید کردوں' اور ان پر فی کس جزیہ مقرر کردوں جسے وہ ادا کرتے رہیں۔ اس طرح یہ جزیہ اور خراج مسلمانوں کے لئے (ایک مستقل) فنے کا کام کرے گا جس (کی آمدنی) میں فوجی' کم سن افراد اور آنے والی نسلیں حصہ دار ہوں گی۔"

اس کے علاوہ اہل ذمہ کے ایسے افراد جو امداد کے قابل ہوں' اسی سے ان کی بھی مدد کی جاسکتی ہے۔ آپ نے کتاب الخراج میں حضرت خالد بن الولید (م 21ھ / 642ء) کا ایک فرمان جو حیرہ والوں کے نام تھا نقل کیا ہے۔ اس میں یہ الفاظ ملتے ہیں۔

ایما شیخ ضعف عن العمل او اصابته آفة من الافات او کان غنیا فافتقر و صار اهل دینه یتصدقون علیه طرحت جزیته و عیل من بیت مال المسلمین و عیاله ما اقام بدار الهجرة و دار الاسلام (239)

"ایسا بوڑھا آدمی جو کام سے معذور ہو جائے یا اسے مصائب میں سے کوئی مصیبت آجائے یا جو پہلے مال دار رہا ہو اور پھر ایسا غریب ہو جائے کہ اس کے ہم مذہب اسے خیرات دینے لگیں تو اس کے سر سے جزیہ ساقط کر دیا جائے اور جب تک وہ دارالہجرت اور دارالاسلام میں رہے گا اس کے اور اس کے اہل و عیال کے مصارف مسلمانوں کے بیت المال سے پورے کئے جائیں گے۔"

جزیہ عائد کرنے کی وجہ

امام ابویوسف کے نزدیک جزیہ ذمیوں کے دفاع کا معاوضہ ہے چنانچہ کتاب الخراج میں ایک صلح نامہ کا ذکر کرتے ہوئے ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کو بتاتے ہیں۔

و علی ان یحقنوا لهم دماء هم و علی ان یقاتلوا من ناواهم من عدوهم و یذبوا عنهم

toobaa-elibrary.blogspot.com

فادو الجزية اليهم على هذا الشرط ـ فافتتحت الشام كلها والحيرة الا اقلها على هذا(240)

"یہ طے ہوا تھا کہ ان کی جان محفوظ رہے گی اور اگر کوئی دشمن ان پر حملہ کرے تو اس سے جنگ کرکے ان کا دفاع کیا جائے گا۔ اس شرط پر وہ انہیں جزیہ ادا کریں گے۔ سارا شام اور تھوڑے علاقہ کو چھوڑ کر پورہ حیرہ اسی شرط پر فتح ہوا تھا۔"

اگر اہل اسلام ذمیوں کا دفاع نہ کر سکیں تو اس صورت میں ان کا جزیہ واپس کر دیا جائے گا۔ امام ابو یوسف نے اس ضمن میں کتاب الخراج کے صفحہ 149، 150 پر لکھا ہے کہ جب ابو عبیدہ بن الجراح (عامر بن عبداللہ م 18ھ / 639ء) نے یہ دیکھا کہ وہ رومیوں سے اہل شام کی حفاظت نہیں کر سکتے تو انہوں نے وہاں کے ذمیوں سے لیا ہوا جزیہ واپس کر دیا۔ (241)

فئے اور خراج

وہ زمین جو کافروں کی ہو، کافر فوت ہو جائے اور اس کا کوئی وارث نہ ہو تو امام ابو یوسف کے نزدیک یہ مال فئے (Fai) کی حیثیت رکھتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس قسم کی زمین کو مصالح خاصہ کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ (242)

امام ابو یوسف فئے اور خراج کو ایک ہی مد قرار دیتے ہیں۔ فئے کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

فاما الفئی یا امیر المومنین فهو الخراج عندنا، خراج الارض (243)

"اے امیر المومنین! فئے ہمارے نزدیک خراج ہے، زمین کا خراج۔"

امام ابو یوسف قرآن حکیم کی اس آیت سے استدلال کرتے ہیں۔

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ وَ لِذِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَ ابْنِ السَّبِيْلِ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ (244)

"جو کچھ اللہ اپنے رسول کو (دوسری) بستیوں والوں سے بطور فئے دلوا دے سو وہ اللہ ہی کا حق ہے اور رسول کا اور (رسول کے) عزیزوں کا، اور یتیموں کا اور مسکینوں کا اور مسافروں کا۔ تاکہ وہ (مال فئے) تمہارے تونگروں ہی کے قبضہ میں نہ آجائے۔"

امام ابو یوسف بعد ازاں ایک جگہ خراج کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

لان الخراج صدقة الارض و هو فئی لجميع المسلمين (245)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"کیونکہ خراج زمین کی زکوۃ ہے اور سارے مسلمانوں کے لئے فئے کی نوعیت رکھتا ہے۔"

رکاز اور معدنیات

رکاز سے مراد وہ چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے زمین کے نیچے پیدا کی ہو یا بندوں نے اس کو دفن کیا ہو۔(246)

امام شافعی کے نزدیک رکاز اور معدنیات میں فرق ہے۔ ان کے نزدیک رکاز سے مراد وہ مدفون خزانہ ہے جو کسی انسان نے زمین میں دبایا ہو۔ اور معدنیات سے مراد وہ دھاتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے زمین میں پیدا کی ہوں۔(247)

لیکن امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ان دونوں الفاظ سے ایک ہی مفہوم مراد لیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔

و اما الرکاز فهو الذهب والفضة الذی خلقه الله عزوجل فی الارض یوم خلقت (248)

"رکاز وہ سونا چاندی ہے جسے اللہ عزوجل نے ابتدائے آفرینش ہی سے زمین کے اندر پیدا کر رکھا ہے۔"

امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ رکاز (buried treasures of the earth) کا مادہ "رکز" ہے۔ جس کا مفہوم گاڑنا ہے۔ لہٰذا ہر وہ چیز جو زمین سے نکلے خواہ وہ بندوں کی دفن کردہ ہو یا اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہو، وہ رکاز ہے۔

اس قیاس کے علاوہ انہوں نے اپنے موقف کی تائید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بھی نقل کیا ہے۔

... فقیل له = ما الرکاز یا رسول الله؟ فقال = الذهب والفضة الذی خلقه الله فی الارض یوم خلقت(249)

"آپؐ سے دریافت کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول رکاز کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا "وہ سونا اور چاندی جسے اللہ نے زمین بنانے کے ساتھ بنا دیا تھا۔"

امام ابو یوسف کے نزدیک رکاز اور معدنیات سے خمس (Khums) (پانچواں حصہ) بیت المال میں جمع ہو گا۔(250) اور بقیہ 5/4 اس شخص کو ملے گا جس نے انہیں نکالا ہے۔

Enemy's

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ رکاز اور معدنیات کا حکم مال غنیمت (Property taken during Jehad) کی مانند ہے۔ یعنی جب کسی گروہ کے ہاتھ مال غنیمت آتا ہے تو اس میں سے پانچواں حصہ لے لیا جاتا ہے اور باقی ان لوگوں کے لئے ہوتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ امام ابو یوسف کے نزدیک رکاز اور معدنیات کے لئے نصاب کی شرط نہیں۔ آپ فرماتے ہیں۔

فی کل ما اصیب من المعادن من قلیل او کثیر الخمس، و لو ان رجلا اصاب فی معدن اقل من وزن مائتی درهم فضة او اقل من وزن عشرین

toobaa-elibrary.blogspot.com

مثقالا ذهبا فان فيه الخمس (251)

"کانوں میں کم یا زیادہ جتنا کچھ بھی پایا جائے گا اس پر پانچواں حصہ (خمس) لیا جائے گا۔ یہاں تک کہ اگر کسی کو کسی کان میں دو سو درہم کے وزن سے کم چاندی یا بیس مثقال کے وزن سے کم سونا ملے تو اس پر بھی خمس عائد ہو گا۔

"

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اگر کوئی حربی دار الاسلام (The land governed according to the law of Islam) میں کوئی دفینہ پائے خواہ وہ امان لے کر ہی دار الاسلام میں داخل کیوں نہ ہوا ہو۔ اس سے تمام دفینہ لے لیا جائے گا اور اس کو کچھ بھی نہیں ملے گا۔ (252) مسلمان اگر دار الحرب میں بغیر امان لئے داخل ہوا ہو اور وہاں اسے کوئی دفینہ ملے تو وہ تمام اسی کی ملک ہو گا۔ اس سے خمس وصول نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اگر یہ شخص امان لے کر داخل ہوا ہو اور کسی آدمی کی مملوکہ زمین میں اسے کوئی دفینہ مل جائے تو وہ دفینہ مالک زمین کا حق ہو گا۔ البتہ اگر دفینہ کسی ایسی زمین میں پایا گیا ہو جو کسی آدمی کی ملک میں نہ ہو تو وہ پانے والے کا حق ہو گا۔ (253)

جو شخص ان معدنیات کو بر آمد کرے، اس کے نکالنے کے اخراجات خمس کا حساب لگانے میں منہا نہیں کئے جائیں گے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ یہ اخراجات بر آمد شدہ معدنیات کے برابر یا اس سے زیادہ ہو جاتے ہیں تو اس صورت میں خمس نکالنا واجب نہیں رہے گا۔ (254)

امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ دفینہ حاصل کرنے والے شخص پر اگر قرض ہو تو قرض کی وجہ سے خمس ساقط نہیں ہو گا۔ آپ اس کی دلیل میں کہتے ہیں کہ اگر کوئی فوج اہل حرب سے مال غنیمت حاصل کرتی ہے تو اس میں سے پانچواں حصہ بہر حال لے لیا جاتا ہے اور یہ نہیں دیکھا جاتا کہ ان لوگوں پر قرض ہے یا نہیں؟ اگر ان پر قرض ہو تو بھی یہ بات خمس وصول کرنے سے مانع نہیں ہوتی۔ (255)

خمس سے استثناء

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ وہ پتھر جو کانوں سے نکالے جائیں مثلاً یاقوت، فیروزہ، سرمہ، پارہ، گندھک اور گیرو مٹی، ان میں سے کسی چیز پر بھی خمس نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ساری چیزیں مٹی کے مانند ہیں۔ (256)

سمندر سے نکلنے والی اشیاء

امام ابو حنیفہ اور ابن ابی لیلیٰ کے نزدیک سمندر سے نکلنے والی اشیاء مثلاً عنبر موتی وغیرہ پر کوئی محصول عائد نہیں ہوتا۔ ان فقہاء کے نزدیک سمندر کی تمام اشیاء کی نوعیت مچھلی جیسی ہے۔ (257) یہ اشیاء ملک کے عام باشندوں کا مشترک

toobaa-elibrary.blogspot.com

سرمایہ (Joint Capital) ہیں۔ جو شخص چاہے ان کو نکال کر فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ لیکن امام ابو یوسف نے حضرت عمرؓ کے ایک فرمان کی روشنی میں یہ رائے اختیار کی ہے کہ سمندر کی وہ چیزیں جو بطور زیور یا خوشبو کے استعمال ہوتی ہیں ان سے خمس لیا جائے گا۔ (258) آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و سالت یا امیر المومنین عما یخرج من البحر من حلیة و عنبر' فان فیما یخرج من البحر من الحلیة والعنبر الخمس' فاما غیرهما فلا شئی فیه (259)

"اے امیرالمومنین! آپ نے سمندر سے نکالے جانے والے عنبر اور زیور بنانے کے لائق چیزوں کے بارے میں دریافت کیا ہے۔ واضح رہے کہ سمندر سے زیور بنانے کے لائق جو اشیاء یا عنبر برآمد ہوں ان میں خمس (1/5) واجب ہے۔ ان دو کے سوا اور چیزوں میں کچھ نہیں (واجب ہے)۔"

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں۔

و اما انا فانی لری فی ذلک الخمس و اربعة اخماسه لمن اخرجه (260)

"مگر جہاں تک میرا تعلق ہے' میرا خیال یہ ہے کہ ان میں خمس لیا جائے گا اور باقی 5/4 حصہ اس کے لئے ہے جس نے اسے نکالا ہو۔"

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں حضرت عمرؓ کا ارشاد نقل کیا ہے۔

ان عمر بن الخطاب رضی اللّٰه عنه استعمل یعلی ابن امیة علی البحر فکتب الیه فی عنبرة وجدها رجل علی الساحل یساله عنها و عما فیها' فکت الیه عمر "انه سیب من سیب اللّٰه - و فیما اخرج اللّٰه جل ثناوه من البحر الخمس (261)

"کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے یعلی بن امیہ کو سمندر پر افسر مقرر کیا تو انہوں نے آپ سے ایک وہیل مچھلی کے بارے میں' جسے ایک آدمی نے ساحل پر پایا تھا' لکھ کر دریافت کیا کہ اس میں کیا (واجب) ہے۔ (جواب میں) عمرؓ نے انہیں یہ لکھا کہ "یہ اللہ کے عطا کردہ اموال میں سے ایک مال ہے۔ اس میں اور سمندر میں سے اللہ جل ثناءہ جو کچھ بھی نکالے' خمس واجب ہے۔"

اس فرمان کے راوی حضرت عبداللہ بن عباسؓ (م 68ھ / 687ء) خود بھی فرماتے ہیں۔

و ذلک رایی (262)

"اور میری بھی یہی رائے ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

بازیافتہ اموال

وہ مختلف اموال جو چوروں اور لٹیروں سے برآمد کئے گئے ہوں ان کے بارے میں امام ابو یوسف یہ کہتے ہیں کہ اگر ان اموال کے اصل مالک گواہ پیش کردیں تو یہ ان کو واپس کردیئے جائیں گے۔ لیکن اگر کوئی شخص ان اموال کی ملکیت کے بارے میں دعویٰ نہیں کرتا تو پھر ان اشیاء کو فروخت کرکے ان کی قیمت اور نقد مال جو برآمد ہو' وہ بیت المال میں داخل کردیئے جائیں گے۔(263)

لقطہ

اصطلاح شریعت میں جیساکہ ابو محمد' عبداللہ بن احمد' ابن قدامہ (م620ھ / 1223ء) نے بیان کیا ہے کہ لقطہ اس مال کو کہتے ہیں جو مالک سے گر جائے اور اسے کوئی دوسرا شخص اٹھالے۔(264) امام مالک اور امام شافعی کا نظریہ یہ ہے کہ وہ آدمی جس کو مال ملا ہے ایک سال کے بعد وہ خود یہ مال اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اس کو صرف صدقہ کرنے کا حق ہے۔(265)

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اس طرح کے مال کو مسلمانوں کے بیت المال میں جمع کیا جائے گا۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و ما صار الی القضاۃ فی المدن والامصار من متاع الغرباء و ما لھم لذلک طالب و لا وارث فینبغی ان یرفع الیک ذلک فانہ ان بقی فی ایدی القضاۃ صیروہ الی اقوام یاکلونہ' و ھذا و شبہہ ما وجد مع اللصوص مما لیس لہ طالب و لا مدع انما ھو لبیت مال المسلمین(266)

"قصبات اور مرکزی شہروں کے قاضیوں کے یہاں غریب الوطن اجنبی افراد کا جو مال و متاع جمع ہو جائے' جس کا نہ کوئی وارث ہو' نہ دعویٰ دار' تو اسے آپ کے علم میں لایا جانا چاہیے۔ اندیشہ ہے کہ اگر یہ مال زیادہ عرصہ ان قاضیوں کے پاس رہ گیا تو یہ اسے ایسے لوگوں کے سپرد کردیں گے جو اسے کھا جائیں۔ یہ اموال چوروں کے یہاں سے برآمد ہونے والے اموال' اور وہ سارے مال جن کا کوئی مطالبہ کرنے والا نہ ہو مسلمانوں کے بیت المال کے لئے ہیں۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

لاوارث ترکے

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ ایسے تمام ترکے جن کا کوئی وارث (Heir) نہ ہو' بیت المال میں جمع کئے جائیں گے۔ ہارون الرشید کے دور میں ایسی لاوارث زمینیں جن کا مطالبہ کرنے والا کوئی بھی نہ تھا مختلف قاضیوں کے پاس جمع تھیں۔ قاضی اور ان کے ایجنٹ' ان زمینوں کی آمدنی کھا رہے تھے۔ امام ابویوسف ہارون الرشید کو کہتے ہیں کہ قاضیوں کو ایسی زمینوں کی آمدنی اپنے پاس رکھنے کا کوئی حق نہیں۔ یہ تمام آمدنی بیت المال میں جمع ہونی چاہیے۔

آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و تامر بان تحمل غلاتها الی بیت مال المسلمین الی ان یاتی مستحق لشئی منها' فان کل من مات من المسلمین لا وارث له فما له لبیت المال' الا ان یدعی مدع منها شیئا بمیراث یرثه عن بعض من مات و ترکها و یاتی علی ذلک ببرهان و بینة فیعطی منها ما یجب له (267)

"اور حکم دے دیجئے کہ ان کی ساری آمدنی مسلمانوں کے بیت المال میں داخل کردی جایا کرے تا آنکہ کوئی شخص اس میں سے کسی چیز کا حقدار ہونے کا دعویٰ لے کر کھڑا ہو۔ کیونکہ جو مسلمان کوئی وارث چھوڑے بغیر وفات پا جائے اس کا مال بیت المال کے لئے ہے۔ البتہ کوئی مدعی اگر کسی مرنے والے کا وارث ہونے کی بنا پر کسی چیز کا مطالبہ کرے اور اس دعویٰ کے حق میں ثبوت اور گواہ فراہم کردے تو اسے اس کا حق واجب دے دیا جائے گا۔

جنگ کے غنائم

امام ابویوسف کتاب الخراج میں مال غنیمت کی تعریف کا تعین نہیں کرتے البتہ سورۃ الانفال آیت نمبر 41 "وَاعْلَمُوٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ" الخ کا حوالہ دینے کے بعد وہ لکھتے ہیں۔

فهذا و الله اعلم فیما یصیب المسلمون من عساکر اهل الشرک و ما اجلبو اجلبوا به من المتاع والسلاح والکراع فان فی ذلک الخمس لمن سمی الله عزوجل فی کتابه العزیز' و اربعة اخماسه بین الجند الذین اصابوا ذلک (268)

"یہ حکم' اللہ بہتر جانتا ہے' ان اموال کی بابت ہے جو مسلمان اہل شرک کی فوجوں سے حاصل کریں' جو سازوسامان' اسلحے اور مویشی مسلمان لے کر آئیں اس میں پانچواں حصہ ان لوگوں کے لئے ہے جن کے نام اللہ نے اپنی کتاب عزیز میں گنائے ہیں۔ اور اس کے باقی چار حصے (4/5) اس فوج کے درمیان تقسیم ہوں گے

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقسیم ہوں گے جنہوں نے یہ مال پایا ہے۔"

امام ابو حنیفہ کے نزدیک مال غنیمت (Enemy's property taken during Jehad) میں سوار کے دو حصے اور پیدل کا ایک حصہ ہے۔ (269) امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ ہر گھڑسوار کو تین حصے دیئے جائیں گے۔ دو حصے اس کے گھوڑے کے لئے اور ایک حصہ خود سوار کے لئے۔ اور پیادہ کو ایک حصہ ملے گا۔ (270)

امام ابو یوسف اپنی رائے کی تائید میں کچھ احادیث نقل کرتے ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑسوار کو تین حصے دیئے تھے۔

امام ابو حنیفہ، حضرت عمرؓ کے ایک اثر سے دلیل لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں ایک جانور کو مسلمان آدمی سے افضل قرار نہیں دے سکتا۔ امام ابو یوسف، ابو حنیفہ کی رائے پر محاکمہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر گھوڑے کو بھی اکہرا حصہ دیا جائے تو اس سے یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ انسان اور جانور مساوی ہیں۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ (271)

امام ابو یوسف کی پہلی دلیل یہ ہے کہ گھوڑے کو دوہرا حصہ دینے کے بارے میں جو احادیث و آثار مروی ہیں، ان کی تعداد زیادہ ہے اور وہ زیادہ قوی و مستند ہیں۔

وہ دوسری دلیل یہ دیتے ہیں کہ گھوڑے کا حصہ بھی تو مالک ہی کو ملتا ہے اس لئے یہاں جانور کو انسان پر فضیلت و فوقیت دینے کی کوئی بات نہیں۔

ان کی تیسری دلیل یہ ہے کہ اگر گھوڑے کو دوہرا حصہ دیا جائے گا تو اس سے لوگوں کو جہاد کے لئے گھوڑوں کی پرورش و دیکھ بھال کی ترغیب ملے گی۔ اور وہ ان کے اخراجات بہتر طریقہ سے برداشت کر سکیں گے۔ (272)

غنیمت کی تقسیم کا وقت

امام شافعی کے نزدیک غنیمت کو دارالحرب (The land of warfare) میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ (273) لیکن امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ دارالحرب میں تقسیم جائز نہیں ہوتی۔

غنیمت کو پہلے دارالاسلام (The land governed according to the law of Islam) میں منتقل کیا جائے گا۔ پھر اس کو تقسیم کیا جائے گا۔ (274)

امام ابو یوسف اس کی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ جب تک مال دارالحرب میں ہوتا ہے اس کو محفوظ مال قرار نہیں دیا جا سکتا۔ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ سے بھی دلیل لی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے غنائم کو مدینہ آنے کے بعد تقسیم کیا تھا۔ اسی طرح حنین کے غنائم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف سے واپس آکر جعرانہ میں تقسیم کیا تھا۔ خیبر کے غنائم کو آپؐ نے خیبر ہی میں تقسیم کر دیا تھا لیکن آپؐ اس علاقہ پر پوری طرح غالب آ چکے تھے اور اس کے باشندوں کو جلاوطن کر دیا تھا۔ لہٰذا اب اس کی حیثیت دارالاسلام کی ہو گئی

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھی۔ بنی المصطلق کے غنائم کو بھی آپؐ نے انہی کے ملک میں تقسیم کیا تھا لیکن اسے بھی آپؐ فتح کر چکے تھے اور وہ علاقہ آپؐ کے زیر حکومت آگیا تھا۔ وہاں تقسیم کرنا ایسا ہی تھا جیسے مدینہ میں تقسیم کرنا۔ (275)

تقسیم سے پہلے غنیمت میں تصرف

امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ غنیمت میں جو اشیاء خوراک ہاتھ آئیں ان کو تقسیم سے پہلے کھانے میں' یا جو چارا وغیرہ ملے اسے جانوروں کو کھلانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اگر ضرورت پڑے تو بکری یا گائے ذبح کر کے کھا سکتے ہیں۔ اپنی اور اپنے جانوروں کی خوراک میں وہ جو کچھ صرف کر لیں اس پر خمس عائد نہیں ہو گا۔ لیکن کوئی شخص ان چیزوں میں سے کسی چیز کو فروخت نہیں کرے گا۔ اگر کسی نے کوئی چیز فروخت کی تو اس کی قیمت کو صرف کرنا اس کے لئے جائز نہ ہو گا۔ وہ اس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ بلکہ اسے چاہیے کہ اس قیمت کو تقسیم غنائم کے ذمہ دار کے حوالہ کر دے۔ تقسیم غنیمت سے قبل تصرف کی اجازت صرف غذائی اشیاء اور جانوروں کی خوراک کے سلسلہ میں دی گئی ہے کسی اور چیز میں تصرف کی اجازت نہیں۔ جس شخص نے خود کھانے یا جانوروں کو کھلانے کے علاوہ کوئی اور تصرف کیا وہ مال غنیمت میں خیانت کا مرتکب ہوا۔ (276)

toobaa-elibrary.blogspot.com

وقف

وقف (Endowment) کے لفظی معنی روکنا' باندھنا' تحویل میں رکھنا ہیں۔ عربی لغت میں اس کے معنی "حبس "(بند کرنے' قید کرنے) کے ہیں۔ وقف کے اصطلاحی معنی بقول شمس الائمہ السرخسی "کسی شئے کو محفوظ کرنے اور کسی تیسرے فرد کی ملکیت میں جانے سے بچانے کے ہیں۔" ان کے الفاظ ہیں۔

هو حبس المملوک عن التملیک من الغیر (277)

امام ابو حنیفہ وقف کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

هو حبس العین علی ملک الواقف والتصدق بالمنفعة بمنزلة العاریة(278)

"اس سے مراد یہ ہے کہ مال عین کو وقف کرنے والا اپنی ملکیت میں روک لے اور اس کے منافع کو صدقہ کر دے جیسا کہ عاریت میں ہوتا ہے۔"

یعنی امام ابو حنیفہ کی رائے میں وقف "عاریت" (Property lent for use) کی طرح ہے۔ اور اس کا نفاذ بھی اسی کی مانند ہو گا۔ شئے موقوفہ واقف کی ملکیت ہی میں رہے گی۔ آپ کہتے ہیں کہ جب تک وقف لازم نہ ہو جائے واقف (A person making waqf) اپنی زندگی میں اس سے رجوع کر سکتا ہے' دوسروں کو ہبہ کر سکتا ہے یا فروخت بھی کر سکتا ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ وقف کے لازم ہونے کی دو صورتیں ہیں۔

پہلی صورت یہ ہے کہ حاکم اپنا حکم نافذ کر دے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ مرنے والے نے وصیت کر دی ہو۔ (279)

امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک وقف کی تعریف یہ ہے۔

حبس العین علی حکم ملک اللّٰہ تعالٰی (280)

"مال عین کو روکے رکھنا۔ اللہ تعالیٰ کی ملکیت کے حکم میں داخل ہے۔"

یعنی امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ کسی شئے کو وقف کر دینے سے وہ شئے واقف کی ملکیت سے نکل کر اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں منتقل ہو جاتی ہے اور اپنی بقا تک اسی حالت میں برقرار رہتی ہے۔ شئے موقوفہ کو اس کا سابقہ مالک نہ فروخت کر سکتا ہے' نہ ہبہ کر سکتا ہے اور نہ ہی اس میں وراثت جاری ہو سکتی ہے۔ (281)

ان کا معاشی فکر یہ ہے کہ وقف کا معاملہ ناقابل تنسیخ معاملہ ہے اور اس پر نظر ثانی یا تبدیلی کرنے کا کسی بھی شخص کو حق باقی نہیں رہتا۔

امام ابو یوسف کے نزدیک وقف صرف قول سے لازم ہو جاتا ہے اور حکم حاکم کی ضرورت نہیں۔

اگر ایک شخص اپنی ذات کے لئے کوئی جائیداد وقف کرے تو جمہور علماء کے نزدیک ایسا وقف باطل ہے لیکن امام

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو یوسف اس کے جواز کے حق میں ہیں۔ (282)

امام ابو یوسف کے نزدیک ضروری ہے کہ وقف دائمی ہو یعنی اس کے لئے وقت کی کوئی حد مقرر نہ ہو۔ اگر وقف چند معین افراد کے لئے کیا گیا ہو مثلاً اپنے بیٹوں کے لئے یا اسی طرح چند معین و محدود افراد کے لئے تو امام ابو یوسف کے نزدیک مذکورہ افراد کی موت کے بعد اس کے منافع غریب اور محتاج لوگوں میں تقسیم کر دیئے جاتے ہیں اور وقف کو ختم نہیں کیا جاتا۔ گویا ہر وقف ناقابل انتقال ہوتا ہے۔ (283)

کتب احناف میں امام ابو یوسف سے ایک قول یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ آپ وقف کے دوامی ہونے کو صحت وقف کے لئے شرط قرار نہیں دیتے۔ چنانچہ ابن ہمام نے فتح القدیر میں اور ابو بکر السرخسی نے المبسوط میں اس کو بیان کیا ہے۔ السرخسی اپنی کتاب المبسوط میں لکھتے ہیں۔

فالحاصل ان ابا یوسف یوسع فی امر الصدقة الموقوفة فی قوله الاخر غاية التوسع و فی قوله الاول ضيق فيها غاية التضييق ... و مما توسع فيه ابو يوسف رحمه الله انه لا يشترط التابيد فيها حتى لو وقفها على جهة يتوهم انقطاعها يصح عنده و ان لم يجعل آخرها للمساكين ... و ابو يوسف رحمه الله يقول المقصود هو التقرب الى الله تعالٰى و التقرب تارة يكون فی الصرف الى جهة يتوهم انقطاعها و تارة بالصرف الى جهة لا يتوهم انقطاعها (284)

"پس (اس ساری بحث کا) ماحصل یہ ہے کہ امام ابو یوسف نے اپنے آخری قول میں وقف شدہ صدقہ کے مسئلہ کو بے انتہا وسعت دے دی تھی۔ حالانکہ ابتدائی قول میں نہایت سختی اختیار کئے ہوئے تھے ..... اور ابو یوسف رحمہ اللہ نے اپنے قول میں جو وسعت اختیار کی ہے وہ یہ ہے کہ وقف کا ابدی ہونا شرط نہیں ہے۔ حتیٰ کہ اگر کسی شخص نے ایسے مصرف پر وقف کیا جو منقطع ہو جانے والا ہو تو وقف ان کے نزدیک صحیح ہو گا خواہ وہ آخر میں مساکین وغیرہ کے لئے نہ کیا ہو ... اور ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ (دلیل کے طور پر) کہتے ہیں کہ اس عمل سے اللہ تعالیٰ کا تقرب مقصود ہوتا ہے اور یہ مقصد کبھی تو ابدی طریقہ اختیار کرنے سے حاصل ہوتا ہے اور کبھی غیر ابدی ہونے سے بھی حاصل ہو جاتا ہے۔"

ابن ہمام لکھتے ہیں۔

محمد بن مقاتل عن ابی یوسف اذا وقف علی رجل بعينه جاز و اذا مات الموقوف عليه رجع الوقف الى ورثة الواقف قال و عليه الفتوىٰ (285)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"محمد بن مقاتل ابو یوسف سے روایت کرتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی آدمی پر وقف کردے تو یہ وقف جائز ہو گا لیکن جب موقوف علیہ فوت ہو جائے گا تو یہ وقف واقف کے ورثاء کی طرف لوٹ آئے گا اور اسی قول پر فتویٰ ہے۔"

بعض فقہاء نے اگرچہ امام ابو یوسف کی طرف یہ قول منسوب کیا ہے کہ آپ نے ابدیت کو وقف کا جزو قرار نہیں دیا لیکن تمام کتب احناف کے دقیق مطالعہ کے بعد یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ امام ابو یوسف کا اصح' مفتیٰ بہ اور زیر عمل قول وہی ہے جس میں آپ نے ابدیت کو وقف کا لازمی جزو قرار دیا ہے۔ صحیح رائے یہی ہے کہ امام ابو یوسف نے حدیث عمرؓ ملنے پر اپنی رائے کو بدل لیا تھا۔ ابن حجر العسقلانی اپنی کتاب "فتح الباری" میں لکھتے ہیں۔

فحکی الطحاوی عن عیسیٰ بن ابان قال = کان ابویوسف یجیز بیع الوقف' فبلغه حدیث عمرؓ هذا فقال = من سمع هذا من ابن عون؟ فحدثه به ابن علیة' فقال هذا لا یسع احدا خلافه' و لو بلغ ابا حنیفة لقال به فرجع عن بیع الوقف حتی صار کانه لا خلاف فیه بین احدا(286)

"(امام) طحاوی نے عیسیٰ ابن ابان سے نقل کیا ہے۔ کہا کہ امام ابو یوسف وقف کی بیع کے جائز ہونے کے قائل تھے۔ جب ان کو حضرت عمرؓ کی یہ حدیث معلوم ہوئی تو فرمایا کہ ابن عون سے اس حدیث کو کس نے سنا ہے تو ان سے ابن علیہ نے یہ حدیث بیان کی تو فرمایا کہ اب تو اس کے بعد کسی کے لئے جائز نہیں کہ اس کے خلاف کہہ سکے اور اگر یہ حدیث ابو حنیفہ کو پہنچ جاتی تو وہ بھی اس کے قائل ہو جاتے۔ چنانچہ وقف کی بیع کے جواز کے قول سے آپ نے رجوع کر لیا اب یہ مسئلہ عدم جواز متفق علیہ ہو گیا۔"

ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن رقم طراز ہیں۔

"ہمارے خیال میں اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ امام ابو یوسف تابید کے قائل ہو چکے تھے اگر ایسا نہ ہوتا تو جس طرح واقف کے ورثاء کی طرف وقف کے واپس ہونے کے قائل تھے اسی طرح واقف کو وقت ضرورت اس کی بیع کے جواز کے بھی قائل رہتے۔ اور یہی وجہ ہے کہ متاخرین فقہاء احناف نے امام ابو یوسف کا آخری قول وقف کے لئے تابید شرط ہونا نقل کیا ہے حتیٰ کہ صرف لفظ وقف ہی ان کے نزدیک اس کے ابدی ہونے کے لئے کافی ہو گا۔ اس کی صراحت کی بھی ضرورت نہ ہو گی۔ المبسوط میں امام ابو یوسف سے جو کچھ نقل کیا ہے اس کا منشاء بھی یہی ہے کہ وہ ابدیت کی تصریح کی شرط کے قائل نہیں بلکہ بغیر صراحت کے وقف ابدی ہو جائے گا۔" (287)

امام محمد اور قاضی ابن ابی لیلیٰ کے نزدیک وقف کی سپرداری بھی ضروری ہے۔ یعنی متعلقہ لوگوں تک اس وقف کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اطلاع پہنچانا یا کم از کم وقف کے ناظم کو اس کا انتظام سپرد کرنا بھی لازمی ہے۔ (288) لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک واقف کے اعلان کے ساتھ ہی وقف مکمل ہو جاتا ہے اور اس کو کسی کی سپرداری میں دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ابو بکر السرخسی اپنی کتاب "المبسوط" میں لکھتے ہیں۔

و ان جعل ارضاله مسجد العامة المسلمين و بناها و اذن للناس بالصلاة فيها و ابانها من ملكه فاذن فيه المؤذن و صلى الناس جماعة صلاة واحدة او اكثر لم يكن له ان يرجع فيه و ان مات لم يكن ميراثا ـــ و لا رجوع له فيما جعله لله تعالٰى خالصا كالصدقة التى امضاها - ثم عند ابى يوسف يصير مسجدا اذا ابانه عن ملكه و اذن للناس بالصلاة فيه و ان لم يصل فيه احد كما فى الوقف على مذهبه ان الوقف يتم بفعل الواقف من غير تسليم الى المتولى (289)

"اور اگر اپنی زمین کو عامتہ المسلمین کی مسجد کے لئے وقف کر دیا اور اس پر تعمیر کر کے اپنی ملک سے علیحدہ کر کے لوگوں کو اس میں نماز ادا کرنے کی اجازت دے دی اور موذن نے اذان دی اور لوگوں نے اس میں نماز باجماعت ادا کر لی۔ خواہ ایک ہی مرتبہ ایسا ہوا ہو یا زیادہ بار۔ تو اب واقف کو رجوع کرنے کا حق نہیں رہتا۔ اور اس کے مرنے کے بعد وہ جائیداد میراث میں شامل نہ ہو گی ـــ جو چیز اللہ کے لئے مخصوص کر دی جاتی ہے اس سے صدقہ کی طرح رجوع کرنا جائز نہیں ہوتا۔ امام ابو یوسف کے نزدیک جب واقف اس کو اپنی ملک سے علیحدہ کر دے گا اور لوگوں کو نماز کی اجازت دے دے گا تو اسی وقت وقف لازم ہو جائے گا خواہ اس میں نماز ادا کی گئی ہو یا نہ ادا کی گئی ہو۔ کیونکہ وقف کے سلسلہ میں ابو یوسف کا یہی مسلک ہے کہ وقف واقف کے اپنے ذاتی فعل سے مکمل ہو جاتا ہے۔ متولی کے قبضہ میں دینا ان کے نزدیک شرط نہیں۔"

اگر کسی شخص نے یہ کہا کہ جو زمین میں وقف کر رہا ہوں اس کا تمام نفع یا اس کا کچھ نفع تاحیات میرے لئے اور میرے بعد مساکین اور ضرورت مندوں کے لئے ہو گا تو امام ابو یوسف کے نزدیک یہ جائز ہے۔ (290) اسی طرح اگر کسی شخص نے یہ کہا کہ مال وقف سے میرا قرض ادا کیا جائے تو یہ بھی درست ہو گا۔ اسی طرح اگر وہ اپنے ساتھ اپنی اولاد کو بھی کسی طرح وقف میں شامل کرے مثلاً وہ کہے کہ تاحین حیات میں اور میری اولاد اور میری وفات کے بعد میری اولاد اس وقف سے مستفید ہو گی تو امام ابو یوسف کے مذکورہ مسلک کے مطابق ایسا کہنا بھی درست ہو گا۔

امام ابو یوسف کے نزدیک واقف کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر وہ چاہے تو اپنے قائم کردہ وقف کی نگرانی اور اس کا انتظام خود اپنے پاس رکھ لے اور خود اس کا متولی بن جائے۔ (291)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مشترک (مشاع) اشیاء کے وقف کے بارے میں امام ابو یوسف نے دیگر فقہاء سے اختلاف کیا ہے۔

اگر مشترک (مشاع) شئے قابل تقسیم ہو مثلاً زمین، مکان وغیرہ تو اگر کوئی مالک اپنا حصہ وقف کر دے تو تمام فقہاء کے نزدیک اس کا وقف کرنا درست ہے لیکن اگر وہ شئے ناقابل تقسیم ہو، مثال کے طور پر نصف کنواں وغیرہ تو امام محمد کے نزدیک اس شئے کا وقف کرنا جائز نہیں۔

امام ابو یوسف کے نزدیک اس کا وقف کرنا بھی جائز ہے۔ البتہ اس امر میں امام ابو یوسف، امام محمد سے اختلاف نہیں رکھتے کہ مسجد اور قبرستان کے لئے مشاع کا وقف جائز نہیں کیونکہ کسی شے کی ملکیت میں دوسرے شخص کی شرکت خدا کے تنہا حق میں ملکیت کے منافی ہے۔ (292)

ابو بکر السرخسی اپنی کتاب "المبسوط" میں لکھتے ہیں۔

و لو وقف نصف ارض او نصف دار مشاعا على الفقراء فذلک جائز فی قول ابی یوسف رحمه الله لان القسمة من تتمة القبض فان القبض للحيازة و تمام الحيازة فيما يقسم بالقسمة - ثم اصل القبض عنده ليس بشرط فی الصدقة الموقوفة فكذلک ما هو من تتمة الوقف و هذا لان الوقف على مذهبه قياس العتق والشيوع لا يمنع العتق فكذلک لا يمنع الوقف الا ان العتق لا يتجزأ عنده (293)

"اور اگر کسی شخص نے اپنی نصف زمین یا نصف مکان غیر منقسم شکل میں فقراء پر وقف کیا تو ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول کے مطابق یہ جائز ہو گا۔ کیونکہ تقسیم قبضہ کے لواحقات میں شامل ہے۔ چونکہ قبضہ سے مقصود شے کا محفوظ کر دینا ہوتا ہے اور جو شے قابل تقسیم ہو اس کی حفاظت اسی طرح ہو سکتی ہے کہ اس کو تقسیم کر کے قبضہ دیا جائے۔ چونکہ صدقہ موقوفہ میں ابو یوسف کے نزدیک اصل قبضہ ہی شرط نہیں تو جو امر تتمہ وقف ہو گا اس میں بطریقہ اولیٰ قبضہ شرط نہ ہو گا اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے نزدیک وقف عتق سے مشابہت رکھتا ہے اور عتق میں غلام کا منقسم ہونا شرط نہیں ہے (بلکہ جو غلام دو افراد میں مشترک ہو اور ان دونوں میں سے ایک شخص اپنا حصہ آزاد کر دے تو یہ حصہ آزاد ہو جائے گا اور غلام کا اشتراک آزادی کا مانع نہ ہو گا) اسی طرح کسی شئے کا غیر منقسم ہونا وقف کا مانع نہ ہو گا۔"

اگر واقف وقف کرتے وقت خیار شرط رکھے تو امام ابو یوسف کے ایک قول کے مطابق وقف و شرط دونوں صحیح ہوں گے جبکہ دوسرے قول کے مطابق وقف صحیح ہو گا اور شرط باطل ہو گی۔ (294) امام سرخسی اپنی کتاب "المبسوط" میں لکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

و من ذلک انه اذا شرط فی الوقف ان یستبدل به ارضا اخری اذا شاء ذلک فهو جائز عند ابی یوسف رحمه الله(295)

"اور اس میں سے ہے کہ جب (کوئی وقف کرنے والا) وقف میں یہ شرط کرے کہ اس (موقوفہ زمین) کو دوسری زمین سے تبدیل کیا جا سکے گا اور وہ جب چاہے گا ایسا کرے گا تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک یہ جائز ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل چہارم

بیت المال کے مصارف
امام ابو یوسف کی نظر میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

بیت المال کا مفہوم

بیت المال کے لغوی معنی مال یا دولت کا گھر ہے۔ مگر شرعی اصطلاح میں اس کے معنی کسی مسلم ریاست کے "خزانے" کے ہیں۔ بیت المال تمام مسلمانوں کی مشترکہ ملکیت ہوتا ہے۔

مختصر تاریخ

عہد رسالت' اور حضرت ابوبکر الصدیق (عبداللہ بن ابی قحافہ عثمان) (11-13ھ / 633-634ء) کے دور میں بیت المال کا باقاعدہ وجود نہیں تھا۔ مال غنیمت' جزیہ' خراج اور دیگر ذرائع سے جو رقم مدینہ میں آتی' اس کو فوراً تقسیم کر دیا جاتا۔

امام ابویوسف' ابو جعفر محمد بن جریر الطبری (م 310ھ / 923ء) اور ابن خلدون کے بیان کے مطابق سب سے پہلے حضرت عمرؓ بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء) نے مدینہ منورہ میں بیت المال ((Public treasury) قائم کیا۔ اس کے باقاعدہ رجسٹر اور دیوان مرتب کئے۔ (296) پھر اس کی شاخیں عراق' شام اور مصر کے مختلف شہروں میں قائم کیں۔ (297) حضرت عثمان غنیؓ (24-35ھ / 645-655ء) اور حضرت علی بن ابی طالبؓ (35-40ھ / 656-661ء) کے ادوار میں یہ ادارہ اسی نہج پر چلتا رہا جو حضرت عمرؓ نے مقرر کیا تھا۔ بنو امیہ کے دور میں بیت المال کے مصارف میں کچھ بے اعتدالیاں رونما ہوئیں۔ اموی خلیفہ عبدالملک بن مروان (65-86ھ / 685-705ء) نے اپنے دور حکومت میں کچھ اصلاحات کیں' جن کا ذکر امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں کیا ہے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) نے بیت المال کے مصارف میں کافی اصلاحات کیں۔ اگر کسی عامل سے اس ضمن میں ذرا بھی غفلت ہوتی تھی تو اسے سخت تنبیہہ کرتے۔ (298)

عباسی خلفاء میں ابو جعفر منصور (136-158ھ / 753-774ء) نے بیت المال کے مصارف میں غیر معمولی اعتدال اور کفایت شعاری سے کام لیا۔ اپنے بیٹے مہدی کو جو وصیت نامہ دیا تھا اس میں بیت المال کے مصارف کے بارے میں بھی ہدایات دی تھیں۔ (299)

ہارون الرشید کے دور میں بیت المال کے مصارف

ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کے دور میں بیت المال کے مصارف میں نمایاں تبدیلی رونما ہو چکی تھی۔ شریعت اسلامیہ کے بتائے ہوئے سرکاری اخراجات کے اصولوں کو چھوڑ کر ذاتی خواہشات کی تکمیل میں مال دولت کا بے دریغ استعمال کیا جاتا۔ خراج اور صدقات کی آمدنیوں کو ملا دیا جاتا اور پھر ان کو خرچ کرنے میں لاپرواہی برتی جاتی۔ اس دور میں خلیفہ کی حیثیت ایک ایسے مطلق العنان حاکم کی تھی جو کسی کے سامنے جوابدہ نہیں تھا اس لئے اسے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مکمل مالی اختیارات حاصل تھے وہ جن مصارف (Expenditures) پر چاہتا' قومی خزانہ (Public Treasury) کو بے دریغ خرچ کرتا۔ اور مصارف کی نئی مدات (Heads) بھی قائم کر سکتا تھا اس دور میں بیت المال کے مصارف کے اہم خدوخال یوں تھے۔

(ا) بیت المال کی آمدنیوں (Incomes) میں سے ایک خطیر رقم خلیفہ' اس کے اہل و عیال' دوست احباب اور حاشیہ نشینوں پر صرف ہو جاتی۔ خلیفہ اور دیگر اہم عہدہ دار بیت المال سے اپنی ضروریات کی تکمیل کے لئے قرض کے طور پر رقم لیتے اور پھر واپس نہ کی جاتی۔ برائے مصالح عامہ کے نام پر قومی خزانہ (Public treasury) سے بڑی بڑی رقمیں لیتے اور پھر اپنے غیر معمولی اختیارات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کو خرچ کرتے۔

(ب) اسی خزانہ سے ان لوگوں کو عطایا اور تحائف دیئے جاتے تھے جو فنی یا ادبی حیثیت سے نمایاں مقام رکھتے تھے۔ مثلاً شعراء ادبا اور راوی' نیز گویے اور ماہرین فنون موسیقی' مسخرے اور دیگر لوگ جو خلیفہ کی مجالس خاص میں حاضر ہوتے تھے ابو بکر احمد بن علی' الخطیب البغدادی (م 463ھ / 1071ء) نے "تاریخ بغداد" میں ہارون الرشید کی طرف سے ان لوگوں کو دیئے گئے عطایا کا ذکر کیا ہے۔ (300)

(ج) مختلف انتظامی عہدہ داروں کی تنخواہیں بھی بیت المال سے دی جاتی تھیں۔

بیت المال کے مصارف امام ابو یوسف کی نظر میں

کتاب الخراج کے سرسری مطالعہ سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ امام ابو یوسف نے اپنی کتاب میں صرف اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن کے بارے میں افکار پیش کئے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے بیت المال کے مصارف (Expenditures) کے بارے میں بھی ہارون الرشید کی مکمل راہنمائی کی ہے۔ اگرچہ انہوں نے اس ضمن میں تفصیل سے بحث نہیں کی لیکن اختصار کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ ضرور لیا ہے۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں مصارف کے بارے میں جو بحث کی ہے اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ آپ نے بیت المال کے بارے میں یہ بنیادی اصول پیش کیا ہے کہ یہ ادارہ خلیفہ کی ذاتی ملکیت نہیں کہ وہ اسے جس طرح چاہے استعمال کرے بلکہ یہ اس کے پاس قوم کی امانت ہے۔ اس کو عوام کی معاشی فلاح و بہبود کے کاموں ہی میں خرچ کرنا چاہیے۔

آپ متعدد بار حضرت عمرؓ کے اقوال کی روشنی میں خلیفہ کو اس امر کی یاددہانی کراتے ہیں کہ حکومت کے خزانے میں خلیفہ کا حصہ اس قدر ہی ہے جتنا ایک یتیم کے مال میں اس کے ولی (Guardian) کا ہوتا ہے۔ یعنی اگر وہ مالدار ہے تو اسے کچھ بھی نہیں لینا چاہیے اور فی سبیل اللہ اس کی جائیداد کا انتظام کرنا چاہیے۔ اور اگر وہ حاجت مند ہو تو معروف

toobaa-elibrary.blogspot.com

طریقے سے اپنی ضرورت کے مطابق لینا چاہیے۔(301)

امام ابو یوسف' حضرت عمرؓ کی مثال دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ وہ بیت المال سے خرچ کرتے وقت اس سے بھی زیادہ احتیاط کرتے تھے' جس قدر ایک باشعور آدمی اپنے مال کو خرچ کرتے ہوئے کرتا ہے۔ اس ضمن میں آپ لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ بن الخطاب نے حضرت عمار بن یاسرؓ کو نماز اور جنگ کا امیر بنا کر بھیجا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو قضاء اور بیت المال کی ذمہ داری دی' اور عثمان بن حنیفؓ کے سپرد زمینوں کی پیائش کا کام کیا۔

آپ نے ان سب کے لئے ایک بکری روزانہ کا وظیفہ مقرر کیا۔ پیٹ اور نصف بکری عمار بن یاسرؓ کے لئے' چوتھائی حصہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے لئے اور باقی چوتھائی حصہ حضرت عثمان بن حنیف کے لئے۔

حضرت عمرؓ نے یہ بھی فرمایا خدا کی قسم! جس زمین سے روزانہ ایک بکری لی جاتی ہو' میرے خیال میں وہ بہت جلد اجڑ جائے گی۔(302)

امام ابو یوسف بیت المال کے مصارف کے ضمن میں بھی عدل پر زور دیتے ہیں یعنی عدل و انصاف اور شریعت کی اصل روح کے مطابق جو ٹیکس وصول کئے گئے ہوں ان کو رعایا پر خرچ کرتے وقت بھی عدل و انصاف کے اصول کو سامنے رکھا جائے۔ اسلامی ریاست کے ہر شہری کو خواہ وہ مسلم ہو یا غیر مسلم' اسے اس کا حق ملنا چاہیے۔ آپ حضرت عمرؓ کا یہ قول نقل کرتے ہیں۔

> واللہ الذی لا الہ الا ھو ما احد الا ولہ فی ھذا المال حق اعطیہ او منعہ' و ما احد احق بہ من احد الا عبد مملوک' و ما انا فیہ الا کاحدکم' و لکنا علی منازلنا من کتاب اللہ عزوجل و قسمنا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' فالرجل و تلادہ فی الاسلام' والرجل و قدمہ فی الاسلام' والرجل و غناوہ فی الاسلام' والرجل و حاجتہ فی الاسلام' و اللہ لئن بقیت لیاتین الراعی بجبل صنعاء حظہ من ھذا المال و ھو مکانہ قبل ان یحمر و جھہ یعنی فی طلبہ(303)

"اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی اور الٰہ نہیں' کوئی فرد ایسا نہیں جس کا اس مال میں کچھ حق نہ ہو' چاہے اسے یہ حق دیا جائے یا نہ دیا جائے۔ کوئی فرد کسی دوسرے فرد کے مقابلہ میں زیادہ کا حقدار نہیں سوائے مملوک غلام کے (کہ آزاد کو اس سے زیادہ کا حق ہے) اس معاملے میں میری حیثیت بھی بعینہ وہی ہے جو تم میں سے کسی فرد کی ہے لیکن اس کے باوجود اللہ عزوجل کی کتاب کی روشنی میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق کے اعتبار سے' ہم سب کے رتبے جدا جدا ہیں لہٰذا تقسیم میں افراد کے دعوت اسلام کو سب سے پہلے لبیک کہنے' ان کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیش قدمیوں اور ان کے صاحب مال ہونے یا حاجت مند ہونے کا بھی لحاظ رکھا جائے گا۔ خدا کی قسم اگر میں زندہ رہا تو صنعاء کی پہاڑی پر مویشی چرانے والے کو بھی اپنی جگہ پر بیٹھے بیٹھے اس مال میں سے اس کا حصہ پہنچ جائے گا' بغیر اس کے کہ اس کا چہرہ سرخ ہو۔ آپ کا مطلب یہ تھا کہ بغیر اس کے کہ اسے اپنا حق حاصل کرنے کے لئے کوئی بھاگ دوڑ کرنی پڑے (جس میں اس کا چہرہ تمتما اٹھے)۔"

ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے اس قول میں حق (Right) کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ یعنی یہ کوئی بھیک اور خیرات نہیں ہے بلکہ رعایا کا قانونی حق (Legal Right) ہے جو حکومت کے ذمہ عائد ہے اور جب تک حکومت اس حق کو ادا نہ کرے وہ خدا اور رسول اور تمام رعایا کے مجرم اور مقروض ہیں۔ امام ابویوسف نے مصارف پر جو گفتگو کی ہے اس کو ہم درج ذیل عنوانات کی صورت میں بیان کر سکتے ہیں۔

(ا) بہبود عامہ سے متعلق مصارف

(ب) قیدیوں کی معاش سے متعلق مصارف

(ج) قاضیوں اور عاملین سے متعلق مصارف

(د) فوجی خدمات انجام دینے والوں سے متعلق مصارف

امام ابویوسف نے بہبود عامہ سے متعلق بیت المال کے جو مصارف بیان کئے ہیں ان کو ہم اسی باب کی فصل بعنوان "اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریاں ابویوسف کی نظر میں" میں تفصیل سے بیان کریں گے۔ اسی طرح قیدیوں کی معاش سے متعلق جو مصارف ہیں ان کا ذکر ہم اسی باب کی ایک فصل بعنوان "امام ابویوسف کی معاشی اصلاحات" میں کریں گے۔ اس لئے اس فصل میں مذکورہ مصارف کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بقیہ دو مصارف پر اس فصل میں گفتگو کی جائے گی۔

(ا) قاضیوں اور عمال کے مشاہرے

امام ابویوسف نے تصریح کی ہے کہ ہر وہ شخص جو مسلمانوں کی کوئی خدمت سرانجام دیتا ہے' اس کو بیت المال سے اتنا دیا جائے جو اس کی ضروریات کو کفایت کرے۔ آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و سالت من ای وجه تجری علی القضاة و العمال الارزاق؟ فاجعل اعز الله امیر المومنین بطاعته - ما یجری علی القضاة والولاة من بیت مال المسلمین = من جبایة الارض او من خراج الارض والجزیة لانهم فی عمل المسلمین فیجری علیهم من بیت مالهم و یجری علی کل والی مدینة و قاضیها بقدر ما یحتمل' و کل رجل تصیره فی عمل المسلمین فاجر

toobaa-elibrary.blogspot.com

علیه من بیت مالهم و لا تجر علی الولاة والقضاة من مال الصدقة شیئا الا والی الصدقة فانه یجری علیه منها کما قال الله تبارک و تعالی "والعاملین علیها" (304)

"آپ نے دریافت کیا ہے کہ قاضیوں اور عمال حکومت کو مشاہرے کس مد سے دیئے جائیں؟ اللہ امیرالمومنین کو اپنی اطاعت کے ذریعہ عزت بخشے' قاضیوں اور والیوں کے مشاہرے مسلمانوں کے بیت المال سے دیجئے' یعنی زمین کے محاصل یا خراج اور جزیہ میں سے۔ چونکہ یہ لوگ مسلمانوں کی خدمت میں مشغول ہیں لہٰذا ان کو جو کچھ دینا ہو مسلمانوں کے خزانہ سے دیا جائے گا۔ ہر شہر کے والی اور قاضی کو اس کی ذمہ داریوں کی مناسبت سے مشاہرہ دیا جائے گا۔ جس آدمی کو بھی آپ مسلمانوں کے کسی کام پر مامور کریں اس کا مشاہرہ مسلمانوں کے خزانہ سے دیجئے۔ تحصیل صدقات پر مامور والیوں کے علاوہ دوسرے والیوں اور قاضیوں کے مشاہرے صدقات کی مد سے نہیں دیئے جائیں گے البتہ صدقہ کے والی کا مشاہرہ اس مد سے دیا جائے گا جیساکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے (مصارف زکوٰۃ کی آیت میں) "والعاملین علیها" فرماکر صراحت کردی۔"

آپ کتاب الخراج میں ایک اور جگہ پر ریاست کے عاملین (ملازمین) کے بارے میں فرماتے ہیں۔

و یجری لهم من الرزق من بیت المال و لیدر علیهم (305)

"ان افراد کا وظیفہ بیت المال سے مقرر کیا جائے اور ان کو بڑی بڑی تنخواہیں دی جائیں۔"

امام ابویوسف اسلامی ریاست کے سربراہ کو کلی اختیار دیتے ہیں کہ وہ عاملین اور قاضیوں کی تنخواؤں میں کمی بیشی کرے۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

فاما الزیادة فی ارزاق القضاة والعمال والولاة والنقصان مما یجری علیها فذلک الیک' من رایت ان تزیده فی رزقه منهم زدت' و من رایت ان تحط من رزقه حططت' ارجو ان یکون ذلک موسعا علیک' و کل ما رایت ان الله تعالٰی یصلح به امر الرعیة فافعله و لا توخره فانی ارجو لک بذلک اعظم الاجر و افضل الثواب (306)

"قاضیوں' والیوں اور دوسرے عمال حکومت کے مشاہروں میں کمی بیشی کرنا تمام تر آپ کی صوابدید پر منحصر ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ کو اس بارے میں پورا اختیار ہے کہ جس مشاہرہ میں اضافہ کرنا مناسب سمجھیں اضافہ کیجئے اور جس کے مشاہرہ میں کمی کرنا مناسب سمجھیں کمی کیجئے۔ جس اقدام سے بھی آپ کو یہ توقع ہو کہ اللہ اس سے رعایا کا بھلا کرے گا اسے ضرور کیجئے اور بلا تاخیر کیجئے توقع ہے کہ اللہ آپ کو ان کاموں کی انجام دہی پر بڑا اجر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور بہت ثواب عطا فرمائے گا۔"

ہارون الرشید کے دور میں قاضیوں اور عمال کو معاوضہ دینے کا ایک غلط طریقہ یہ بھی رائج ہو گیا تھا کہ بعض قاضی جن کی نگرانی میں خلفاء یا بنو ہاشم کی کوئی میراث ہوتی تو اسی میں سے ان کو تنخواہ دی جاتی۔ امام ابو یوسف ہارون الرشید کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ طریقہ درست نہیں۔ آپ نے سابقہ خلفاء کے طرز عمل سے استدلال کرتے ہوئے یہ رائے دی ہے کہ ان کے مشاہرے بیت المال سے دیئے جائیں۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و اما قولک یجری علی القاضی اذا صار الیه میراث من مواریث الخلفاء و بنی هاشم و غیرهم من الذی یصیر الیه و یوکل من قبله من یقوم بضیاعهم و ما لهم فلا' انما یعطی للقاضی رزقه من بیت المال لیکون قیما للفقیر والغنی والصغیر والکبیر' و لا یاخذ من مال الشریف و لا الوضیع اذا صارت الیه مواریثه رزقا' و لم تزل الخلفاء تجری للقضاة الارزاق من بیت مال المسلمین' فاما من یوکل بالقیام بتلک المواریث فی حفظها والقیام بها فیجری علیهم من الرزق بقدر ما یحتمل ماهم فیه لا یجحف بمال الوارث فیذهب به و یاکله الوکلاء والامناء و یبقی الوارث هالکا(307)

"آپ کی یہ رائے درست نہیں کہ اگر قاضی کے سپرد خلفاء یا بنو ہاشم وغیرہ کی کوئی میراث ہو تو اس کا مشاہرہ اس میراث میں سے دیا جائے اور وہ اپنی جانب سے ان ورثاء کے مال و املاک کی نگرانی کے لئے کسی کو ذمہ دار مقرر کر دے۔ قاضی کا مشاہرہ بہرحال بیت المال سے دیا جانا چاہیے تاکہ وہ غریب اور امیر' چھوٹے اور بڑے' سب کا نگراں اور کارندہ بن کر رہے۔ معزز یا ادنیٰ جس کی میراث بھی اس کی نگرانی میں دی جائے اسے اپنا مشاہرہ اس کے مال میں سے نہیں لینا چاہیے۔ سارے خلفاء قاضیوں کا مشاہرہ مسلمانوں کے بیت المال سے دیتے چلے آئے ہیں۔ البتہ جن لوگوں کے سپرد ان میراثوں کی حفاظت اور ان سے متعلق امور کی انجام دہی کی خدمت کی جائے گی ان کے لئے ان کے زیر نگرانی جائیداد کی قوت برداشت کی مناسبت سے معاوضہ مقرر کر دیا جائے گا۔ ایسا نہ ہو کہ اصل وارث کے مال پر اتنا بار ڈال دیا جائے کہ سب ختم ہو جائے۔ امین اور معتمم ہی سارا مال کھا جائیں اور وارث تباہ ہونے کے لئے رہ جائے۔"

سرکاری حکام' والیوں' قاضیوں اور دوسرے عمال کی سرگرمیوں' اثاثوں اور تصرفات کے بارے میں مختلف ذرائع سے خبریں اکٹھی کرنا بھی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ تاکہ انتظام سلطنت میں بدعنوانی (Corruption) کو ختم کیا جا

toobaa-elibrary.blogspot.com

سکے۔ خبر رسانی کے اس کام پر اٹھنے والے مصارف بھی بیت المال سے پورے کئے جائیں گے امام ابویوسف ہارون الرشید کو نصیحت کرتے ہیں کہ "ہر بڑے شہر یا علاقہ کے راست باز اور قابل اعتماد افراد کو منتخب کر کے ڈاک (308) اور خبر رسانی کا محکمہ ان کے سپرد کر دینا چاہیے۔ ان افراد کا وظیفہ بیت المال سے مقرر کیا جائے اور ان کو بڑی بڑی تنخواہیں دی جائیں۔" (309) آگے چل کر امام ابویوسف اس کام سے متعلق ذرائع نقل و حمل کے استعمال کے بارے میں فرماتے ہیں۔

و نقدم اليهم ان لا يحملوا على دواب البريد الا من تامر بحمله فى امور المسلمين فانها للمسلمين (310)

"ان لوگوں کو ہدایت کر دیجئے کہ ڈاک کے لئے باربرداری کے جو جانور ان کے پاس ہوں ان پر صرف ان آدمیوں کو سوار کیا کریں جن کو آپ نے مسلمانوں کے کاموں کے سلسلہ میں سواری فراہم کرنے کا حکم دیا ہو' کیونکہ یہ جانور سارے مسلمانوں کی ملکیت ہیں۔"

(ب) فوج کو ان کے مقام و مرتبہ کے لحاظ سے عطایا دینا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں مال غنیمت میں سے خمس نکالنے کے بعد بقیہ مال و اسباب کے چار حصے (4/5) فوج میں کبھی مساوات کے اصول پر اور کبھی بعض لوگوں کی تالیف قلب کی خاطر کم و بیش حصہ کی بنیاد پر تقسیم کر دیئے جاتے۔ جب حضرت ابوبکر صدیق خلیفہ بنے تو آپ مساوات کے اصول پر فئے کو تقسیم فرماتے۔ (311) جب بعض لوگوں نے آپ کو مشورہ دیا کہ مال کی تقسیم میں قدیم الاسلام لوگوں کو فوقیت دی جائے تو آپ نے فرمایا۔

اما ما ذكرتم من السوابق والقدم والفضل فما اعرفنى بذلك' و انما ذلك شئى ثوابه على الله جل ثناء وه' و هنا معاش فالاسوة فيه خير من الاثرة (312)

"تم نے سابقیت' اولیت اور فضل کا جو ذکر کیا ہے تو میں اس سے اچھی طرح واقف ہوں۔ یہ ایسی چیزیں ہیں جن کا ثواب اللہ جل ثناءہ دے گا۔ مگر یہ (تقسیم مال کا) معاملات دنیا میں سے ہے اور اس میں ترجیح و امتیاز کے بجائے مساوات بہتر ہے۔"

حضرت عمر بن الخطابؓ نے اپنے دور حکومت میں مال تقسیم کرنے میں ترجیحی سلوک کیا۔ آپ نے فرمایا۔

لا اجعل من قاتل رسول الله صلى الله عليه وسلم كمن قاتل معه (313)

"جن لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ کی ہے ان کو میں ان لوگوں کے مساوی نہیں قرار

toobaa-elibrary.blogspot.com

دے سکتا جنہوں نے آپ کے ساتھ مل کر جنگ کی ہے۔"

آپ نے ایک موقع پر تقسیم فئے میں عدم مساوات کی مصلحت بتاتے ہوئے فرمایا۔

واللہ الذی لا الہ الا ھو ما احد الا ولہ فی ھذا المال حق اعطیہ او منعہ' و ما احد احق بہ من احد الا عبد مملوک' و ما انا فیہ الا کاحدکم' و لکنا علی منازلنا من کتاب اللہ عزوجل و قسمنا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فالرجل و تلادہ فی الاسلام' والرجل و قدمہ فی الاسلام' والرجل و غناوہ فی الاسلام' والرجل و حاجتہ فی الاسلام واللہ لئن بقیت لیاتین الراعی بجبل صنعاء حظہ من ھذا المال و ھو مکانہ قبل ان یحمر وجھہ یعنی فی طلبہ(314)

"اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی اور معبود نہیں کوئی فرد ایسا نہیں جس کا اس مال میں کچھ حق نہ ہو' چاہے اسے یہ حق دیا جائے یا نہ دیا جائے۔ کوئی فرد کسی دوسرے فرد کے مقابلہ میں سے زیادہ کا حق دار نہیں سوائے مملوک غلام کے (کہ آزاد کو اس سے زیادہ کا حق ہے) اس معاملے میں میری حیثیت بھی بعینہ وہی ہے جو تم میں سے کسی فرد کی ہے لیکن اس کے باوجود اللہ عزوجل کی کتاب کی روشنی میں' اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق کے اعتبار سے' ہم سب کے رتبے جدا جدا ہیں۔ لہٰذا تقسیم میں افراد کے دعوت اسلام کو سب سے پہلے لبیک کہنے' ان کی پیش قدمیوں اور ان کے صاحب مال ہونے یا حاجت مند ہونے کا بھی لحاظ رکھا جائے گا۔ خدا کی قسم اگر میں زندہ رہا تو صنعا کی پہاڑی پر مویشی چرانے والے کو بھی اپنی جگہ پر بیٹھے بیٹھے اس مال میں سے اس کا حصہ پہنچ جائے گا بغیر اس کے کہ اس کا چہرہ سرخ ہو۔ آپ کا مطلب یہ تھا کہ بغیر اس کے کہ اسے اپنا حق حاصل کرنے کے لئے کوئی بھاگ دوڑ کرنی پڑے (جس میں اس کا چہرہ تمتما اٹھے)۔"

چنانچہ حضرت عمرؓ نے اپنے دور حکومت میں صحابہ کام کے وظائف ان کے مقام و مرتبہ کے لحاظ سے مقرر کئے۔ مثلاً

(1) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور آپؐ کے چچا حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کے لئے بارہ ہزار درہم (12000) فی کس۔

(2) مہاجرین و انصار میں سے وہ۔ لوگ جو غزوہ بدر میں شریک ہوئے تھے اور امام حسن بن علیؓ (م 50ھ / 670ء) اور امام حسین بن علیؓ (م 61ھ / 681ء) کو ان کے مقام و مرتبہ کے پیش نظر پانچ ہزار درہم (5000) فی کس۔

(3) وہ لوگ جنہوں نے غزوہ بدر میں شرکت نہیں کی تھی ان کے لئے چار ہزار درہم (4000) فی کس۔ اور ان کے ساتھ حضرت اسامہ بن زیدؓ کو بھی چار ہزار درہم (4000)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(4) حضرت عبداللہ بن عمرؓ (م 73ھ / 692ء) اور مہاجرین و انصار کی بعض اولاد مثلاً عمر بن ابی سلمہ کے لئے تین ہزار درہم (3000) فی کس۔

(5) مہاجرین و انصار کے لڑکوں کے لئے دو ہزار درہم (2000) فی کس۔

(6) اہل مکہ اور عام لوگوں کے لئے آٹھ سو درہم (800) فی کس۔

(7) عربی اور موالی، سارے عوام کے لئے تین سو درہم (300) اور چار سو درہم (400) فی کس۔

(8) مہاجرین و انصار کی عورتوں کے لئے چھ سو درہم (600) چار سو درہم (400) تین سو درہم (300)، اور دو سو درہم (200) فی کس۔

(9) فوجیوں اور بستیوں کے امراء کے لئے نو ہزار درہم (9000) آٹھ ہزار درہم (8000)، سات ہزار درہم (7000) فی کس۔ ان کے لئے اتنا وظیفہ مقرر کیا جاتا جو ان کی غذائی ضروریات کے لئے کافی ہوتا اور جس کے ذریعہ وہ اپنی دوسری ذمہ داریوں کو بہتر طریقہ سے ادا کر سکتے۔

(10) بچے کی پیدائش کے دن ہی سو درہم (100) مقرر ہو جاتے۔ جب وہ بڑا ہو جاتا تو اس کا وظیفہ دو سو درہم (200) ہو جاتا اور جب بالغ ہو جاتا تو اس میں اور اضافہ کر دیا جاتا۔

(11) غریب آدمی کے لئے جو تنہا ہو مہینہ میں دو جریب آٹا مقرر ہوتا۔ (315)

مختلف لوگوں کو وظائف دینے کے لئے باقاعدہ ایک محکمہ قائم تھا۔ جس میں ان تمام لوگوں کے نام اور ان کے وظیفہ کی مقدار درج تھی اور سال کے آغاز میں ان کو یہ وظائف دیئے جاتے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے طرز عمل میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اگر اقتصادی حالات اس قسم کے ہوں کہ عطایا میں مساوات ضروری ہو تو ان حالات میں عطایا میں مساوات ہی بہتر ہے اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں یہی حالات تھے لیکن جب اقتصادی حالات اس کے برعکس ہوں تو اس صورت میں اسلام عطایا میں تفاوت کو جائز قرار دیتا ہے اور حضرت عمرؓ نے اپنے دور میں یہی طرز عمل اختیار کیا۔

امام ابو یوسف "کتاب الخراج" میں ہارون الرشید کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ وہ بیت المال سے ان لوگوں کو جنہوں نے اسلام کی کوئی خدمت سرانجام دی ہو، عطایا دے۔ آپ ایک جگہ پر لکھتے ہیں۔

فللامام ان یجیز من بیت المال من کان له غناء فی الاسلام و من یقوی به علی العدو و یعمل فی ذلک بالذی یری انه خیر للمسلمین و اصلح لامرهم (316)

"چنانچہ امام کو یہ اختیار حاصل ہے کہ بیت المال میں سے ان لوگوں کو انعامات دے جنہوں نے اسلام کی کوئی

toobaa-elibrary.blogspot.com

نمایاں خدمت انجام دی ہو یا جو اس مال کے ذریعہ دشمن کے مقابلہ کی تیاری کرنے والے ہوں۔ امام اس باب میں وہ پالیسی اختیار کرے گا جو اس کی رائے میں مسلمانوں کے لئے بہتر اور ان کے حق میں موزوں ہو۔"

خمس کے مصارف

اللہ تعالیٰ نے سورہ الانفال میں خمس کے مصارف بیان کئے ہیں۔

وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ وَ لِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ۔ (317)

"اور جانے رہو کہ جو کچھ تمہیں بہ طور غنیمت حاصل ہو۔ سو اس کا پانچواں حصہ اللہ اور رسول کے لئے اور (رسول کے) قرابت داروں کے لئے اور یتیموں کے لئے اور مسکینوں کے لئے اور مسافروں کے لئے ہے۔"

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں خمس کے پانچ حصے کئے جاتے تھے۔ اللہ اور رسول کے لئے ایک حصہ، قرابت داروں کے لئے ایک حصہ، اور تین حصے یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لئے۔ پھر حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم، خمس کو تین حصوں میں تقسیم کرنے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ اور قرابت داروں کا حصہ ساقط ہو گیا اور وہ حق داروں کی باقی تین قسموں ہی پر تقسیم کیا جانے لگا۔ پھر علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے بھی اسے اسی طرح تقسیم کیا جس طرح ابو بکر، عمر اور عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے تقسیم کیا تھا۔ (318)

امام ابو یوسف کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں کہ بعد ازاں صحابہ کرام اس بات پر متفق ہو گئے تھے کہ ان دونوں حصوں کو (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ اور آپ کے رشتہ داروں کا حصہ) اسلحہ اور جانوروں کی فراہمی پر صرف کیا جایا کرے۔ (319)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں۔

و کان ابو حنیفة رحمه الله تعالٰی و اکثر فقهائنا یرون ان یقسمه الخلیفة علی ما قسمه علیه ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی الله تعالٰی عنهم (320)

"ابو حنیفہ رحمہ اللہ اور ہمارے اکثر فقہاء کی رائے یہ ہے کہ خلیفہ خمس کو اسی طریقہ پر تقسیم کیا کرے جیسے ابو بکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم تقسیم کیا کرتے تھے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل پنجم

ابو یوسف کے فکر کی روشنی میں
اسلامی ریاست کی معاشی ذمّہ داریاں

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں صرف اسلامی ریاست کی ٹیکسیشن پالیسی (Taxation Policy) پر گفتگو نہیں کی بلکہ اس سے بڑھ کر انہوں نے اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریوں پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ اس ضمن میں کتاب کے مختلف صفحات پر جو مواد بکھرا ہوا ہے اس کو ہم درج ذیل عنوانات کی صورت میں بیان کرتے ہیں۔

کفالت عامہ

کفالت عامہ سے مراد یہ ہے کہ اسلامی ریاست کی حدود کے اندر بسنے والے ہر انسان کی بنیادی ضروریات زندگی (Basic requirements of life) مثلاً غذا، لباس، مکان اور علاج وغیرہ کی تکمیل کا اس طرح اہتمام کیا جائے کہ ہر شہری معاشی جدوجہد کے ذریعے یہ ضروریات پوری کر سکے اور معذور، اپاہج، بوڑھے، بیوہ عورتیں اور وہ افراد جو روزی کمانے کے قابل نہ ہوں ان کا وظیفہ بیت المال (Public treasury) سے مقرر کیا جائے۔

امام ابویوسف کے نزدیک کفالت عامہ (Social security) اسلامی ریاست کی اہم اور بنیادی ذمہ داری (Liability) ہے۔ ان کے خیال میں وہی ریاست اقتصادی (Economic) لحاظ سے مضبوط ہو سکتی ہے جس کے شہریوں کی بنیادی ضروریات زندگی کا اہتمام احسن طریقے سے ہو۔ کتاب الخراج میں متعدد مقامات پر انہوں نے خلیفہ ہارون الرشید کو کفالت عامہ کے ضمن میں اس کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا ہے۔ چنانچہ کتاب الخراج کے مقدمہ میں لکھتے ہیں۔

> یا امیر المومنین، ان اللہ وله الحمد قد قلدک امرا عظیما: ثوابه اعظم الثواب و عقابه اشد العقاب قلدک امر هذه الامة فاصبحت و امسیت و انت تبنی لخلق کثیر قد استرعاکهم اللہ و ائتمنک علیهم و ابتلاک بهم وولاک امرهم (321)
>
> "اے امیر المومنین! خدائے بزرگ و برتر نے، جس کی ذات ہر طرح کی حمد و ستائش کی واحد مستحق ہے، آپ پر ایک بڑی بھاری ذمہ داری ڈال دی ہے۔ (بحسن و خوبی انجام دی جائے تو) اس کا ثواب سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ اور (کوتاہی ہو تو) اس کی سزا بھی ساری سزاؤں سے زیادہ سخت ہے۔ اس نے اس امت کے معاملات کا بار آپ کے کاندھوں پر ڈالا ہے۔ اب آپ صبح و شام، ہر آن خلق خدا کی ایک کثیر تعداد کے لئے (ایک عمارت کی) تعمیر میں مصروف ہیں۔ اللہ نے آپ کو ان کا نگران بنا دیا ہے۔ اور ان کو بطور امامت آپ کے سپرد کر دیا ہے۔ ان کے جملہ امور کا سرپرست بنا دیا ہے۔ اس طرح سے وہ ان لوگوں کے ذریعہ دراصل آپ کا امتحان لے رہا ہے۔"

"کتاب الخراج" میں حضرت عمرؓ کا یہ قول نقل کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اما لئن بقیت لا رامل اهل العراق لادعهن لا یحتجن الی احد بعدی(322)

"اگر میں اہل عراق کی بیواؤں کی خدمت کے لئے زندہ رہا تو انہیں ایسے حال میں چھوڑ جاؤں گا کہ میرے بعد کسی کی محتاج نہ رہیں۔"

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اسلامی ریاست کے سربراہ کی حیثیت ایک ایسے نگران کی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی معاش کا بندوبست کرنے کے لئے مقرر فرمایا ہے۔ اور وہ اس ضمن میں اپنے رب کے سامنے جوابدہ ہے۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

ان الرعاة مودون الی ربهم ما یودی الراعی الی ربه فاقم الحق فیما ولاک الله و قلدک و لو ساعة من نهار فان اسعد الرعاة عندالله یوم القیامة راع سعدت به رعیته(323)

"بے شک جو لوگ (قوموں کے) نگراں ہیں ان کو اپنے رب کے حضور اپنا معاملہ اسی طرح بے باق کرنا ہو گا جس طرح چرواہا (مویشیوں کے گلہ کو واپس لاکر) اپنے آقا کو ایک ایک جانور کا حساب بے باق کرتا ہے۔ اللہ نے آپ کو جو حکمرانی بخشی ہے اور جو ذمہ داریاں آپ کو سونپی ہیں ان کو حق پر استوار کیجئے' خواہ (آپ کا دور حکمرانی) دن کی ایک گھڑی کے بقدر کیوں نہ ہو۔ کیونکہ قیامت کے دن اللہ کے حضور سب سے نیک بخت نگران وہ ہو گا جو اپنی رعایا کے لئے موجب سعادت تھا۔"

آپ نے کتاب الخراج میں یہ روایت نقل کی ہے کہ حضرت ابوذر غفاری (جندب بن جنادہ' م 32ھ / 652ء) نے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کی کہ ان کو امیر مقرر کر دیا جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انت ضعیف و هی امانة و هی یوم القیامة خزی و ندامة الا من اخذها بحقها و ادی ما علیه فیها(324)

"تم کمزور ہو اور امارت ایک امانت ہے۔ قیامت کے دن یہ رسوائی اور پشیمانی کا باعث بن جائے گی بجز اس شخص کے جو اس کا حق رکھتا ہو اور اسے اختیار کر کے اس سلسلہ میں عائد ہونے والی ساری ذمہ داریاں ادا کرے۔

امام ابو یوسف کے معاشی فکر کے مطابق ہر زمانہ میں اسلامی ریاست کسی نئے طریقہ کی بنیاد رکھ سکتی ہے جس کا تعلق ان معاشی طبقوں کی کفالت اور امداد سے ہو جو مرور زمانہ کے ساتھ معرض وجود میں آئیں بشرطیکہ وہ طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کی سنت سے پوری طرح مطابقت رکھتا ہو۔ آپ "کتاب الخراج" میں لکھتے ہیں۔

والعمل فی ذلک بما سنة رسول الله صلی الله علیه وسلم ثم الخلفاء من

toobaa-elibrary.blogspot.com

بعدہٗ و اعلم انہ من سن سنۃ حسنۃ کان لہ اجرھا و مثل اجر من عمل بھا من غیر ان ینتقص من اجورھم شئی ۔ و ان یعینک علی ما ولاک و یحفظ لک ما استرعاک (325)

"اس باب میں اسی طریقہ پر عمل کیا جائے گا جس کی سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم فرمادی ہے اور جسے آپؐ کے بعد آپؐ کے خلفاء نے اختیار کیا۔ اور جان لو کہ جس شخص نے بھی کسی اچھی سنت کی طرح ڈالی اسے اس کا اجر بھی ملے گا اور اس پر عمل کرنے والے کا اجر بھی ملے گا۔ اور اس سے خود ان (دوسرے) لوگوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں واقع ہوتی ۔۔۔ اور یہ کہ (اللہ تعالیٰ) آپ کی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں آپ کی مدد فرمائے اور جن امور کی نگرانی و سرپرستی آپ کے سپرد کی ہے ان کا تحفظ فرمائے۔"

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ حکام (Authorities) عوام کی معاشی فلاح و بہبود کے ضامن ہوتے ہیں۔ اگر یہ درست رہیں اور رعایا کی کفالت کا انتظام احسن طریقے سے کریں تو اس سے عوام کی بہت سی مشکلات دور ہو جاتی ہیں اور ان کا معیار زندگی (Quality of life) بہتر ہو جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب حکام اپنی ذمہ داریوں سے غافل ہو جاتے ہیں تو رعایا معاشی بدحالی کا شکار ہو جاتی ہے۔ آپ کتاب الخراج میں ہارون الرشید کو نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

و انی لوصیک یا امیر المومنین بحفظ ما استحفظک اللہ و رعایۃ ما استرعاک اللہ ۔۔ فان الراعی المضیع یضمن ما ھلک علی یدیہ مما لو شاء ردہ عن اما کن الھلکۃ باذن اللہ و اوردہ اما کن الحیاۃ والنجاۃ فاذا ترک ذلک اضاعہ (326)

"امیر المومنین! میں آپ کو تہہ دل سے نصیحت کرتا ہوں کہ اللہ نے جن چیزوں کی حفاظت و پاس داری آپ کے ذمہ کی ہے ان کا پورا پورا تحفظ کیجئے اور جن امور کی نگرانی آپ کے سپرد کی ہے ان کی پوری پوری دیکھ بھال کیجئے ۔۔۔ پس بے شک اپنے گلہ کو ضائع کرنے والا چرواہا ان نقصانات کا ذمہ دار قرار پاتا ہے جو اس کے ہاتھوں اس حال میں ہوئے کہ اگر وہ چاہتا تو ان کو مشیت الٰہی کے تحت، ہلاکت کی وادیوں سے نکال کر نجات اور زندگانی کے میدان میں لے آتا۔ نگران احتیاط کی روش سے ہٹتا ہے تو رعیت کو تباہی کے حوالہ کر بیٹھتا ہے۔"

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ہارون الرشید کو یاددہانی کراتے ہوئے حضرت عمر بن عبد العزیز کے وہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں جو انہوں نے خلیفہ بننے کے بعد ارشاد فرمائے تھے۔ یہ کفالت عامہ ہی کی اہم ذمہ داری، اور اس کی جوابدہی کا تصور تھا جس نے ان کو غمگین اور پریشان کر دیا تھا۔ حضرت عمر بن عبد العزیز کے الفاظ ہیں۔

انی قد وجدتنی ولیت امر ھذہ الامۃ اسودھا و احمرھا فذکرت الغریب

toobaa-elibrary.blogspot.com

القانع الضائع' والفقير المحتاج' و الاسير المقهور و اشباههم فی اطراف الارض' فعلمت ان اللّٰه تعالٰی سائلنی عنهم' و ان محمدا صلی اللّٰه علیه وسلم حجیجی فیهم' فخفت ان لا یثبت لی عنداللّٰه عذر' و لا یقوم لی مع محمد صلی اللّٰه علیه وسلم حجة' فخفت علی نفسی(327)

"بے شک میں نے اپنے آپ کو اس پوری امت کے تمام سیاہ و سفید کا ذمہ دار پایا۔ مجھے زمین کے مختلف گوشوں میں پھیلے ہوئے غریب الوطن' خستہ حال بھکاری' محتاج غرباء مجبور و مظلوم قیدی' اور اسی قبیل کے دوسرے لوگ یاد آئے۔ مجھے یہ احساس ہوا کہ اللہ ان سب کے بارے میں مجھ سے محاسبہ کرے گا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کے معاملہ میں میرے خلاف مقدمہ لڑیں گے' میں ڈرا کہ خدا کے آگے میرا کوئی عذر نہ چلے گا' اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میں کسی دلیل سے بھی قائل نہ کر سکوں گا۔ پس مجھے اپنے بارے میں بڑا ڈر لگنے لگا۔"

امام ابو یوسف' کفالت عامہ کی ذمہ داری بتاتے ہوئے مسلم اور غیر مسلم میں کوئی فرق نہیں کرتے آپ نے کتاب الخراج میں کفالت عامہ ہی کے ضمن میں اس بوڑھے نابینا ذمی کا واقعہ بھی نقل کیا ہے جو حضرت عمرؓ کے دور میں بھیک مانگ رہا تھا۔ آپؓ نے جب اس سے کا سبب پوچھا تو اس نے کہا کہ میں بڑھاپے اور بیماری کی وجہ سے کام کرنے کے قابل نہیں۔ آپؓ اسے اپنے گھر لے گئے اور بیت المال کے خازن کو بلا کر فرمایا۔

انظر هذا و ضرباء ہ' فواللّٰه ما انصفناه ان اکلنا شبیبته ثم نخذله عندالهرم (328)

"اس کا اور اس جیسے دوسرے افراد کا خیال رکھو۔ خدا کی قسم ہم نے اس سے انصاف نہیں کیا کہ اس کی جوانی میں ہم (اس سے جزیہ وصول کر کے) کھائیں۔ پھر بڑھاپا آئے تو اسے بے سہارا چھوڑ دیں۔"

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں حضرت خالد بن ولیدؓ کے اس معاہدہ کا بھی ذکر کیا ہے جو انہوں نے حضرت ابو بکر صدیقؓ کے دور میں اہل حیرہ کے ساتھ کیا تھا۔ اس معاہدہ میں ایک دفعہ یہ بھی رکھی کہ۔

و جعلت لهم ایما شیخ ضعف عن العمل او اصابته آفة من الافات او کان غنیا فافتقر و صار اهل دینه یتصدقون علیه طرحت جزیته و عیل من بیت مال المسلمین و عیاله ما اقام بدار الهجرة و دار الاسلام(329)

"میں نے ان کا یہ حق قرار دیا ہے کہ ایسا بوڑھا آدمی جو محنت کرنے سے معذور ہو جائے یا جس پر کوئی مرض یا مصیبت آپڑے' یا جو آدمی پہلے مال دار رہا ہو اور اب ایسا غریب ہو جائے کہ اس کے ہم مذہب اسے خیرات دینے لگیں۔ اس کا جزیہ ساقط کر دیا جائے گا اور جب تک وہ دار الہجرت اور دار الاسلام میں مقیم رہے گا اس کی اور اس

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے اہل و عیال کی کفالت مسلمانوں کے بیت المال سے کی جائے گی۔"

امام ابو یوسف کے نزدیک جو حاکم کفالت عامہ پر پوری توجہ دیتے ہیں ان کی سلطنت کو معاشی استحکام ملتا ہے کیونکہ اس طرح لوگ اطمینان قلب سے اپنی خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ اور جو حاکم اس ذمہ داری سے غافل ہو جاتے ہیں ان کی حکومت کو زوال آجاتا ہے۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

فاحذر ان تضیع رعیتک فیستوفی ربها حقها منک و یضیعک ... بما اضعت ۔ اجرک' و انما یدعم البنیان قبل ان ینهدم' و انما لک من عملک ما عملت فیمن و لاک اللّٰه امره و علیک ما ضیعت منه فلا تنس القیام بامر من و لاک اللّٰه امره فلست تنسی(330)

"خوب چوکنے رہیے ایسا نہ ہو کہ آپ اپنی رعیت کو تباہ کر دیں تو اللہ تعالیٰ آپ سے اس کا بدلہ چکالے اور آپ نے جو تباہی مچائی اس کے بدلہ آپ کو اجر و ثواب سے محروم کر دے۔ عمارت کی مرمت اس کے پیوست زمین ہونے سے پہلے ہی کر لینی چاہیے۔ آپ کے کام آنے والی چیز صرف آپ کی وہ خدمات ہیں جو آپ ان لوگوں کے سلسلہ میں انجام دیں جن کے معاملات کا اللہ نے آپ کو سربراہ کار بنایا ہے۔ ان معاملات میں سے جن کو آپ خراب کریں گے ان کا وبال آپ پر ہو گا۔ اللہ نے آپ کو جن لوگوں کے معاملات کا سربراہ کار بنایا ہے ان کو سرانجام دینے میں فراموشی کا شکار نہ ہوں گے تو آپ بھی فراموش نہیں کیے جائیں گے۔

آپ نے کتاب الخراج کے مقدمہ میں حضرت عمرؓ کے بارے میں لکھا ہے کہ انہوں نے ایک مرتبہ خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

ایها الناس ان لنا علیکم حق النصیحة بالغیب والمعونة علی الخیر' ایها الرعاء انه لیس من حلم احب الی اللّٰه ولا اعم نفعا من حلم امام و رفقه و لیس من جهل ابغض الی اللّٰه و اعم ضررا من جهل امام و خرقه و انه من یاخذ بالعافیة فیما بین ظهرانیه یعط العافیة من فوقه(331)

"اے لوگو! ہم تم پر یہ حق رکھتے ہیں کہ ہمارے پیٹھ پیچھے بھی ہمارے خیر خواہ رہو اور بھلائی کے کاموں میں ہم سے تعاون کرتے رہو۔ اے لوگوں کی نگرانی کا فرض سرانجام دینے والو! آگاہ رہو کہ امام کی بردباری اور نرم روی سے زیادہ نہ تو اللہ کو کوئی بردباری اور نرم روی عزیز ہے اور نہ اس سے بڑھ کر کوئی اور چیز ہمہ گیر نفع کی حامل ہے۔ اور امام کی تند مزاجی اور بے تدبیری سے زیادہ نہ تو اللہ کو کوئی تند مزاجی اور بے تدبیری مبغوض ہے اور نہ اس سے بڑھ کر کوئی اور چیز ہمہ گیر نقصان کی حامل ہے۔ جو اپنے ماحول میں امن و عافیت اختیار کرتا ہے اسے اوپر سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بھی امن و عافیت عطا ہوتی ہے۔"

2- معاشی ترقی کا اہتمام

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں متعدد مقامات پر اس حقیقت کو اچھی طرح واضح کر دیا ہے کہ ملک کی معاشی ترقی (Economic development) کا اہتمام اور قومی دولت (National wealth) میں اضافہ کرنا اسلامی ریاست کے سربراہ کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے معاشی ترقی کے بارے میں ہارون الرشید کو مکمل راہنمائی دی ہے۔ وہ اپنی کتاب میں جگہ جگہ خلیفہ کو ایسے مشورے دیتے ہیں جن کا مقصد عوام کی مادی فلاح و بہبود میں اضافہ کرنا ہے۔ وہ کتاب الخراج میں اس بات پر زور دیتے ہیں کہ خلیفہ کو چاہیے کہ وہ اہل الرائے اور صاحب بصیرت لوگوں سے اس ضمن میں مشورہ کرے کہ معاشی فلاح و بہبود میں اضافہ کیونکر ممکن ہے؟

(ا) وہ بنیادیں جن پر معاشی ترقی استوار ہوتی ہے

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ان بنیادوں کی طرف بھی اشارہ کیا ہے جو کسی ملک کی معاشی ترقی کے لئے بہت ضروری ہیں۔ ان کے بغیر کوئی بھی ملک معاشی طور پر مضبوط نہیں ہو سکتا۔ ان کے نزدیک یہ بنیادیں درج ذیل ہیں۔

(i) عدل و انصاف کی حکمرانی

(ii) انفرادی حق ملکیت کی حفاظت

(iii) معاشی ترقی کے کاموں میں حکومت کی دلچسپی

(iv) عمال حکومت پر خصوصی پابندیاں

(i) عدل و انصاف کی حکمرانی

امام ابو یوسف کے فکر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عدل و انصاف کی حکمرانی اور ظلم و استبداد کی بیخ کنی ہی اقتصادی ترقی کی اصل بنیاد ہے۔ ظلم اور معاشی ترقی دو متضاد امور ہیں جو کسی معاشرہ میں یکجا نہیں ہو سکتے۔ عدل و انصاف اور معاشی ترقی آپس میں لازم و ملزوم ہیں۔ انہوں نے کتاب الخراج میں ہارون الرشید کو واضح طور پر عدل و انصاف کے بارے میں ہدایات دی ہیں۔ فرماتے ہیں۔

و لیس یلبث البنیان ۔ اذا اسس علی غیر التقوی - ان یاتیه الله من القواعد فیهدمه علی من بناه و اعان علیه - فلا تضیعن ما قلدک الله من امر هذه الامة والرعیة(332)

"عمارت اگر تقویٰ کے سوا کسی اور چیز پر کھڑی کی گئی تو بعید نہیں کہ اللہ اس کو بنیادوں سے اکھاڑ کر اس کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

معمار اور اس کے مددگاروں کے سر پر گرا دے۔ آگاہ! اللہ نے اس امت اور رعیت کے جو کام آپ کے سپرد کئے ہیں انہیں خراب نہ کریں۔"

و لا تنزغ فتزيغ رعيتک - و اياک و الامر بالهوى والاخذ بالغضب ... واجعل الناس عندک فی امر اللّٰه سواء القريب والبعيد(333)

"آپ کج روی نہ اختیار کریں ورنہ آپ کی رعایا بھی راہ راست سے ہٹ جائے گی۔ خواہش نفس کے تحت حکمرانی کرنے اور غیض و غضب میں دارو گیر کرنے سے بچیں۔ فرمان الٰہی کے باب میں سارے عوام کو' خواہ کوئی آپ سے دور ہو یا نزدیک' یکساں سمجھئے۔

و جور الراعی هلاک للرعية' واستعانته بغير اهل الثقة والخير هلاک للعامة(334)

"حکمران کا ظلم پر اتر آنا رعایا کے لئے ہلاکت کے ہم معنی ہے اور اس کا قابل اعتماد اور بھلے آدمیوں کے علاوہ کسی کو دست و بازو بنانا عوام کی تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے۔"

و ليس شئی احب الی اللّٰه من الاصلاح' و لا ابغض اليه من الفساد(335)

"اصلاح سے بڑھ کر اللہ کے نزدیک کوئی پسندیدہ کام نہیں ہے اور فساد سے زیادہ اس کی نگاہ میں کوئی مبغوض چیز نہیں ہے۔"

فان صلاحهم باقامة الحدود عليهم و رفع الظلم عنهم والتظالم فيما اشتبه من الحقوق عليهم(336)

"رعایا کی فلاح و بہبود دراصل اسی میں ہے کہ حدود اللہ نافذ کی جائیں۔ ان پر نہ تو حکومت کی طرف سے کسی طرح کا ظلم ہونے پائے اور نہ وہ حقوق کے مشتبہ ہونے کی وجہ سے باہم ظلم کریں۔"

امام ابو یوسف کے مندرجہ بالا فرامین کی روشنی میں' ان کے معاشی فکر کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

(1) قوم کے ہر طبقہ اور ہر فرد کے ساتھ یکساں سلوک ہونا چاہیے تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔

(2) جب حکمران طبقات (Ruling elite) ظالم ہو جائیں تو رعایا بھی ایک دوسرے پر ظلم کرنے میں بے باک ہو جاتی ہے۔

(3) جب عوام کے حقوق واضح طور پر متعین نہ کئے گئے ہوں تو پھر ظلم کو پروان چڑھنے کا موقع ملتا ہے۔

(4) جب معاملات نااہل اور بد عنوان (corrupt) لوگوں کے سپرد ہو جائیں تو عوام معاشی طور پر کمزور ہو جاتے ہیں۔

(5) جہاں عدل و انصاف کی حکمرانی ہوتی ہے وہاں رعایا معاشی طور پر خوشحال ہوتی ہے اور جہاں ظلم ہوتا ہے وہاں خیرو

toobaa-elibrary.blogspot.com

برکت ختم ہو جاتی ہے۔

امام ابو یوسف کتاب الخراج میں ایک اور مقام پر رقم طراز ہیں۔

ان العدل و انصاف المظلوم و تجنب الظلم مع ما فی ذلک من الاجر یزید به الخراج و تکثر به عمارة البلاد والبرکة مع العدل تکون و هی تفقد مع الجور، والخراج الماخوذ مع الجور تنقص البلاد به و تخرب (337)

"عدل و انصاف کرنے اور ظلم و جور سے پرہیز کرنے میں جو اخروی اجر ہے اس کے ماسوا اس سے علاقوں کی خوشحالی میں اضافہ ہوتا ہے اور خراج کی آمدنی بڑھتی ہے۔ برکت عدل سے وابستہ ہے، ظلم و جور سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔ جو خراج ظلم و جور کے ذریعہ وصول کیا جاتا ہے اس سے ملک میں بدحالی اور تباہی ہوتی ہے۔"

اس اقتباس میں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ امام ابو یوسف "عمارة الارض" کے الفاظ کی بجائے "عمارة البلاد" کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ گویا امام ابو یوسف کے نزدیک ان دونوں تعبیروں کے درمیان واضح فرق ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اس ضمن میں انہوں نے حضرت علیؓ کی پیروی کی ہے جو ان دونوں تعبیروں کے درمیان فرق کرتے تھے۔ (338) اسی طرح امام ابو یوسف بھی ایک وسیع مفہوم کی خاطر "عمارة البلاد" کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ اس میں "عمارة الارض" کا مفہوم خود بخود آجاتا ہے۔

امام ابو یوسف، حضرت عمرؓ کے عہد سے مثال دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ آپ دراصل عدل کرتے تھے اور عوام پر کسی قسم کا ظلم نہیں ہونے دیتے تھے اس لئے آپؓ کے دور میں صرف علاقہ سواد ہی سے دس کروڑ (100000000) درہم کی آمدنی ہوتی تھی۔ (339)

(ii) انفرادی حق ملکیت کی حفاظت

امام ابو یوسف کے نزدیک معاشی ترقی اور شہروں کی آبادکاری کے لئے دوسری اہم بنیاد انفرادی حق ملکیت کی حفاظت ہے۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ ہر فرد کی ملکیت کی حفاظت ہونی چاہیے۔ اور اسلامی ریاست کو اس ضمن میں اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔ انفرادی حق ملکیت کے بارے میں ان کا معاشی فکر درج ذیل ہے۔

(i) وہ انفرادی حق ملکیت کی حفاظت پر زور دیتے ہیں اور ان کے مالکوں کے حق کو ترجیح دیتے ہیں۔ آپ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و لیس للامام ان یخرج شیئا من ید احد الا بحق ثابت معروف (340)

"امام کو یہ اختیار نہیں کہ کسی چیز کو بھی کسی کے قبضہ سے بغیر کسی ثابت شدہ اور معروف حق کے نکال لے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس ضمن میں امام ابویوسف نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کا یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ جب فوج کے گزرنے سے ایک شخص کی کھیتی تباہ ہو گئی تھی تو آپ نے اس کو دس ہزار درہم بطور معاوضہ دیئے تھے۔(341)

(2) وہ حکومت سے یہ توقع کرتے ہیں کہ معاشی ترقی (Economic development) کی راہ پر اس طرح چلے کہ کسی کے حق ملکیت پر زد نہ پڑے۔ وہ حکومت کو بتاتے ہیں کہ موات زمینوں کے قطعات ان کو دیئے جائیں جو ان کی آباد کاری بھی کر سکیں۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و لا اری ان یترک ارضا لا ملک لاحد فیها و لا عمارة حتی یقطعها الامام فان ذلک اعمر للبلاد و اکثر للخراج (342)

"میرے خیال میں غیر مملوکہ اور غیر آباد زمینوں کو بے کار چھوڑ رکھنے کی بجائے امام کو چاہیے کہ انہیں بطور جاگیر مختلف افراد کو دے دے۔ اس طرح ہمارے علاقے زیادہ آباد و خوش حال ہو جائیں گے اور خراج میں بھی اضافہ ہو گا۔"

امام ابویوسف کے نزدیک انفرادی حق ملکیت کی حفاظت معاشی ترقی اور قومی فلاح و بہبود کے لئے ضروری ہے۔ اس لئے کہ حکومت افراد کے مجموعے ہی کا دوسرا نام ہے۔ اگر افراد کی معاشی حالت بہتر ہو گی تو حکومت اسی قدر اقتصادی لحاظ سے مضبوط ہو گی۔ انفرادی حق ملکیت ہی کے احترام میں وہ کہتے ہیں کہ خلیفہ کو یہ اختیار نہیں کہ کسی کا حق چھین کر جاگیر کے طور پر کسی کو دے دے۔ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و ذلک بمنزلة المال الذی لم یکن لاحد و لا فی ید وارث (343)

"اور اس کا حال اس مال جیسا ہے جو کسی ملک میں نہ ہو، نہ ہی کسی وارث کے قبضہ میں ہو۔"

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں۔

و لیست لاحد و لا فی ید احد و لا ملک احد و لا وراثة و لا علیها اثر عمارة (344)

"اور نہ کسی کا حق ہو، نہ کسی کے قبضہ میں ہو، نہ کسی کی ملکیت ہو، نہ کسی کا ورثہ ہو، اور جس پر کسی عمارت کے آثار بھی نہ ہوں۔"

خلفائے راشدین نے جو جاگیریں دیں ان کے بارے میں کہتے ہیں۔

و لم یقطعوا حق مسلم و لا معاهد (345)

"انہوں نے کسی مسلمان یا معاہد کا حق کبھی جاگیر کے طور پر کسی دوسرے کو نہیں دیا۔"

اس کے بعد امام ابویوسف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

من اخذ شبرا من ارض بغير حق طوقه من سبع ارضين(346)

"جو شخص بغیر حق کے ایک بالشت زمین ہتھیالے گا اسے سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔"

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ مملوکہ اراضی خراج ان کے مالکوں کی ملکیت خاصہ ہے اور وہ اس میں ایسے ہی تصرف کر سکتے ہیں جس طرح کہ ایک مالک کرتا ہے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و ایما ارض افتحها الامام عنوة فقسمها بين الذين افتتحوها فان راى ان ذلک افضل فهو فی سعة من ذلک و هی لرض عشر' و ان لم یر قسمتها وراى الصلاح فی اقرارها فی ایدی اهلها کما فعل عمر بن الخطاب رضی الله عنه فی السواد فله ذلک و هی ارض خراج و لیس له ان یاخذها بعد ذلک منهم' و هی ملک لهم یتوارثونها و یتبایعونها(347)

"جس زمین کو امام بزور قوت فتح کرتا ہے اور پھر اسے فاتحین کے درمیان تقسیم کر دیتا ہے تو اگر اس کی رائے میں یہی شکل بہتر ہے تو وہ ایسا کر سکتا ہے اور وہ زمین عشری قرار پائے گی لیکن اگر وہ تقسیم کرنا مناسب نہ سمجھے اور ان زمینوں کو ان کے باشندوں ہی کے قبضہ میں رہنے دینا بہتر سمجھے جیسا کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے سواد کے سلسلہ میں کیا تھا تو اسے ایسا کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ اس صورت میں یہ زمین خراجی قرار پائے گی۔ ایسا کرنے کے بعد اسے یہ اختیار نہیں رہ جاتا کہ وہ زمین ان لوگوں سے واپس لے لے۔ اب یہ ان کی ملکیت ہے وہ اسے ورثہ میں منتقل کریں گے اور اس کی خرید و فروخت کر سکیں گے۔"

(iii) معاشی ترقی کے کاموں میں حکومت کی دلچسپی

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ حکومت کو اقتصادی کاموں اور معاشی فلاح و بہبود کے منصوبوں (Schemes) میں خصوصی دلچسپی لینی چاہیے۔ ان کے نزدیک تمام اجتماعی کاموں (Collective Works) کی بنیاد حکومت ہے۔ اور حکومت کی دلچسپی کے بغیر کسی ملک کی معاشی ترقی ناممکن ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حکومت کو یہ فریضہ عبادت سمجھ کر ادا کرنا چاہیے۔ وہ زور دے کر یہ بات کہتے ہیں کہ جن معاشی و فلاحی منصوبوں سے زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچتا ہو ان کے اخراجات (Charges) حکومت کو خود برداشت کرنے چاہئیں۔ اور عوام پر زیادہ بوجھ نہیں ڈالنا چاہیے۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و کل ما فیه مصلحة لاهل الخراج فی ارضیهم و انهارهم و طلبوا اصلاح ذلک لهم اجیبوا الیه اذا لم یکن فیه ضرر علی غیرهم من اهل طسوج

toobaa-elibrary.blogspot.com

آخر و رستاق آخر مما حولهم۔ فان کان فی ذلک ضرر علی غیرهم و ذهاب بغلاتهم و کسر للخراج لم یجابوا الیه(348)

"اپنی زمینوں اور نہروں کے سلسلہ میں اہل خراج کے ہر ایسے مطالبہ کو پورا کیا جانا چاہیے جس سے ان کے مفادات و مصالح کی ترویج متوقع ہو بشرطیکہ اس اسکیم پر عمل کرنے سے ان کے گردوپیش کے دوسرے گاؤں اور قصبات کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہ ہو۔ اگر ان کا مطالبہ پورا کرنے سے دوسروں کی پیداوار گھٹ جانے اور خراج کی آمدنی میں کمی ہو جانے کا اندیشہ ہو تو اسے نہیں تسلیم کرنا چاہیے۔

(iv) عمال حکومت پر خصوصی پابندیاں

ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ کسی قوم کی معاشی ترقی اس وقت ہی ممکن ہے جب عمال (Governors) حکومت اپنے فرائض احسن طریقہ سے ادا کریں۔ وہ کہتے ہیں کہ ان پر چند ایسی پابندیاں عائد کر دیں جائیں جن کی وجہ سے وہ اپنے اختیارات کا غلط استعمال نہ کریں۔ آپ کی اس رائے میں کافی وزن ہے کہ جس قوم کے حاکم سرکش ہو جائیں، جہاں قانون کی حکمرانی (Rule of the law) ختم ہو جائے اور کمزور لوگ اپنے حقوق حاصل کرنے میں ناکام رہیں، وہ اقتصادی طور پر تباہ ہو جاتی ہے۔ آپ حضرت عمرؓ کے عمل سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ جب وہ کسی شخص کو عامل (A Governors) مقرر کرتے تو انصار اور دوسرے لوگوں پر مشتمل ایک جماعت کو گواہ بنا کر اس شخص سے چار شرائط کی پابندی کا عہد لیتے تھے۔

ان لا یرکب برذونا، و لا یلبس ثوبا رقیقا، و لا یاکل نقیا، و لا یغلق بابا دون حوائج الناس، و لا یتخذ حاجبا(349)

"یہ کہ وہ عمدہ خچر پر نہ سوار ہو گا، باریک کپڑے نہ پہنے گا۔ چھنا ہوا آٹا نہ کھائے گا، اپنے دروازے بند کر کے لوگوں کی ضروریات سے بے نیازی نہ برتے گا اور اپنی ڈیوڑھی پر دربان نہ رکھے گا۔"

حضرت عمرؓ جب اپنے کسی عامل کے بارے میں یہ سنتے کہ وہ مریضوں کی عیادت نہیں کرتا اور کمزور لوگوں کو اپنے پاس آنے نہیں دیتا تو اسے معزول کر دیتے۔"(350)

آپؓ نے حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ (عبداللہ بن قیس، م 44ھ / 665ء) کو یہ لکھا تھا کہ سارے انسانوں کو اپنی نظر میں یکساں رکھو اور اپنی مجلس میں ان کے ساتھ مساوی سلوک کرو تاکہ کمزوروں کو تم سے انصاف کی امید باقی رہے اور معززین میں یہ خیال پیدا نہ ہو کہ تم ان کی خاطر دوسروں پر زیادتی کر سکتے ہو۔(351) آپؓ نے شام کے والی حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ کو یہ لکھا۔

۔۔ ثم ادن الضعیف حتی تبسط لسانه و یجتری قلبه، و تعهد الغریب فانه اذ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اطال حبسه ترک حاجته و انصرف الی اهله' و ان الذی ابطل من لم یرفع به راسا (352)

"کمزور کو اپنے قریب آنے دو تاکہ اس کے دل کو تقویت ہو اور اس کی زبان کھل سکے۔ غریب الوطن پردیسیوں کی طرف جلد توجہ کیا کرو کیونکہ اگر اسے زیادہ عرصہ روکے رکھا جائے گا تو وہ اپنا کام چھوڑ کر واپس چلا جائے گا۔ اس کا کام خراب کرنے کی ذمہ داری اس کے سر ہے جس نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ کی۔"

(ب) معاشی ترقی کس طرح ممکن ہے؟

ترقیاتی اسکیموں کا اجراء

زرعی معاشیات (Agricultural Economics) میں سب سے زیادہ اہمیت آبپاشی کے لئے نہروں کی تعمیر کو حاصل ہوتی ہے۔ تجارت کے فروغ کے لئے سڑکوں اور پلوں کی تعمیر اور فی الجملہ بہتر ذرائع نقل و حمل کی فراہمی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔

دوسری صدی ہجری میں اسلامی مملکت کی معیشت زراعت (Agricuture) اور تجارت (Trade) پر مبنی تھی۔ چنانچہ امام ابویوسف نے زرعی اور تجارتی معیشت کی ترقی کے لئے نہروں کی تعمیر' سیلاب کی روک تھام' اور سڑکوں کی تعمیر پر بہت زور دیا ہے۔ ان کے نزدیک ترقیاتی اسکیموں کے اجراء سے عوام کی اقتصادی حالت بہتر ہوتی ہے۔

ذرائع آمدورفت کی تعمیر

امام ابویوسف کے نزدیک کسی ملک کی معاشی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے پہلی اور بنیادی شرط یہ ہے کہ شہروں اور دیہاتوں کو ایک دوسرے سے ملانے والے خراب و خستہ حال راستوں کی نئے سرے سے تعمیر کی جائے آپ کے معاشی فکر میں یہ بات اور زیادہ اہمیت اختیار کر جاتی ہے جب ہم کتاب الخراج میں صدقات کے بارے میں آپ کی آراء کا مطالعہ کرتے ہیں۔

صدقات کے مصارف کے ضمن میں جیسا کہ تمام فقہاء نے یہ کہا ہے کہ وہ آٹھ ہیں لیکن امام ابویوسف ایک اور مصرف کا بھی اضافہ کرتے ہیں۔ زکوٰۃ کے مصارف کی تشریح کرتے ہوئے کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

وسهم فی اصلاح طرق المسلمین (353)

"اور ایک حصہ مسلمانوں کی سڑکوں کی مرمت کے لئے رکھا جائے گا۔"

آپ کے ان الفاظ سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ امام ابویوسف راستوں کی تعمیر کو خصوصی اہمیت دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ آپ زکوٰۃ کے مصارف میں اس کو شریک کرتے ہیں۔ بہرحال امام ابویوسف کی یہ اپنی انفرادی سوچ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

زکوٰۃ کے مصارف کے ضمن میں یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ اس میں یہ شرط نہیں ہے کہ اس کو تمام اصناف میں برابر تقسیم کیا جائے بلکہ اہمیت کے مطابق خرچ کرنے کا حکم ہے۔

امام ابویوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ فقراء اور مساکین کے حصہ کے علاوہ دوسرے حصوں کے سلسلہ میں امام کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ مصارف میں سے جن پر مناسب سمجھے خرچ کرے۔ اگر وہ باقی تمام مال زکوٰۃ کو کسی ایک مصرف پر صرف کردے تو بھی درست ہوگا۔ (354)

یعنی امام ابویوسف کے نزدیک اگر حاکم زکوٰۃ کی ایک بڑی رقم کو ذرائع آمدورفت (Transport) کی تعمیر اور ان کی مرمت و بہتری پر خرچ کردے تو شرعی (Legal) طور پر وہ اس کا مجاز ہے۔

امام ابویوسف خلیفہ ہارون الرشید کو یہ مشورہ دیتے ہیں کہ اقتصادی ترقی کے لئے یہ ضروری ہے کہ ریاست کے ہر علاقے میں ایسے آدمیوں کو بھیجا جائے جو وہاں راستوں کی کیفیت کو دیکھیں اور عوام الناس کی رائے کے مطابق ذرائع آمدورفت کی تعمیر ہو۔ کیونکہ ان کے نزدیک مسلمانوں کے راستے کسی فرد واحد کے لئے مخصوص نہیں ہوتے بلکہ سب کو ان سے یکساں استفادے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں احیاء موات (Cultivation of virgin land) کے ضمن میں جو بحث کی ہے اس کی روشنی میں یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ آپ کے معاشی فکر کے مطابق احیاء الارض کا معنی صرف یہ نہیں کہ زراعت اور کاشتکاری کے ذریعے پیداوار ہی حاصل کی جائے بلکہ اس سے مراد یہ بھی ہے کہ ایسی زمینوں پر ذرائع آمدورفت کی تعمیر کی جائے۔ (355) آپ کے نزدیک احیاء کا مفہوم یہ ہے کہ بنجر اور غیر آباد زمین کو مسلمانوں کے لئے نفع بخش بنادیا جائے۔

امام ابویوسف کے معاشی فکر میں ذرائع آمدورفت کو جو اہمیت حاصل ہے اس کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ امام ابویوسف جب حاکم کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ وہ حکومت کی ملکیت بنجر اراضی (virgin land) کسی کو بطور جاگیر دے سکتا ہے تو ساتھ ہی اس بات سے بھی آگاہ کرتے ہیں کہ ایسی اراضی جس سے مسلمانوں کا کوئی راستہ گزرتا ہو، کسی کو جاگیر کے طور پر نہیں دیا جاسکتا۔ چنانچہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

> و لا ینبغی لاحد ان یحدث شیئا فی طریق المسلمین مما یضرھم، و لا یجوز للامام ان یقطع شیئا من طریق المسلمین مما فیہ الضرر علیھم، و لا یسعہ ذلک، و ان اراد الامام ان یقطع طریقا من طرق المسلمین الجادۃ رجلا یبنی علیہ و للعامۃ طریق غیر ذلک قریب او بعید منہ لم یسعہ اقطاع ذلک و لم یحل لہ و ھو آثم ان فعل ذلک (356)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"اور کسی فرد کو بھی مسلمانوں کی راہ گزر میں کوئی ایسا تصرف کرنے کا اختیار نہیں جو ان کے لئے نقصان دہ ہو۔ امام کو بھی مسلمانوں کی راہ گزر کے کسی حصہ کو، جس کا کسی فرد کو دے دینا عام مسلمانوں کے لئے مضرت کا باعث ہو، کسی کو بطور جاگیر دینے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ امام اگر مسلمانوں کی کسی عام راہ گزر کو تعمیر مکان کے لئے کسی فرد کی ملکیت میں دینا چاہے تو اسے ایسا کرنے کا اختیار نہ ہو گا۔ خواہ وہ عوام کے لئے اس سڑک کے عوض قریب یا دور کوئی متبادل راستہ بھی فراہم کر رہا ہو۔ ایسا کرنا اس کے لئے جائز نہ ہو گا۔ اگر وہ ایسا کر بیٹھا تو گنہ گار ہو گا۔"

اس کے بعد مزید لکھتے ہیں۔

فالفرات و دجلة انما هما بمنزلة طريق المسلمين ليس لاحد ان يحدث فيه شيئا (357)

"پس فرات و دجلہ کی حیثیت مسلمانوں کی شاہراہوں جیسی ہے کسی کو ان میں تصرف کا اختیار نہیں۔"

ذرائع آبپاشی کی تعمیر و اصلاح

امام ابو یوسف کے نزدیک کسی ملک کی زرعی ترقی (Agricultural Improvement) کے لئے ضروری ہے کہ پانی وافر مقدار میں موجود ہو۔ اس لئے وہ حکومت پر زور دیتے ہیں کہ زمینوں سے بہتر پیداوار حاصل کرنے کی خاطر نئی نہریں کھدوائے اور پرانی نہروں کی مرمت اور صفائی کروا کر ان کو دوبارہ جاری کرنے کا اہتمام کیا جائے۔

وہ کہتے ہیں کہ اس سے نہ صرف رعایا خوشحال ہو گی بلکہ زمینوں کی آبادکاری سے ملک بھی ترقی کرے گا۔ امام ابو یوسف اس ضمن میں یہاں تک کہتے ہیں کہ اگر سرکاری خزانہ (Public Treasury) اتنے اخراجات (Expenses) کو برداشت نہ کر سکے تو خلیفہ مالدار لوگوں کو مجبور کر سکتا ہے کہ وہ اسلامی ریاست کے ساتھ اس کام میں تعاون کریں۔ (358) امام ابو یوسف "کتاب الخراج" میں نہروں کی کھدائی اور صفائی کے بارے میں خلیفہ ہارون الرشید کے سوال کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

قال ان كان هذا النهر قديما فانه يترك على حاله و ان كان محدثا من فعل وال او غيره نظر فى ذلك الى منفعته و الى ضرره، فان كانت منفعته اكثر ترك على حاله، و ان كان ضرره اكثر امرت بهدمه وطمه و تسويته بالارض، و كل نهر له منفعة اكثر فلا ينبغى للامام ان يهدمه و لا يتعرض له، و كل نهر مضرته اكثر من منفعته فعلى الامام ان يهدمه و يطمه و يسويه بالارض الا ما كان للشفة، فان كان فيه ضرر على قوم و صلاح لاخرين فى الشفة لم

toobaa-elibrary.blogspot.com

ینتعرض له و ان تعرض له قوم فسلوه او طموه بغیر اذن الامام فینبغی للامام ان یامر برده الی حاله و ان یوجعوا عقوبة(359)

"(ابو یوسف نے) کہا اگر یہ نہر قدیمی ہو تو اسے علیٰ حالہ چھوڑ دیا جائے اور اگر یہ نہر نئی ہو اور کسی والی نے یا دوسرے آدمی نے اسے حال ہی میں تعمیر کیا ہو تو اس کے فائدے اور نقصان کو دیکھا جائے گا۔ پس اگر اس کا فائدہ زیادہ ہو تو اسے علیٰ حالہ چھوڑ دیا جائے لیکن اگر نقصان کا پہلو غالب ہو تو آپ کو چاہیے کہ اسے منہدم کر کے، پاٹ کے، سطح زمین کے برابر کر دینے کا حکم دے دیں۔ جس نہر کے فائدے کا پہلو غالب ہو اس کے انہدام یا اس میں کسی اور مضر تصرف سے امام کو اجتناب کرنا چاہئے۔ البتہ اگر کسی نہر سے فائدہ سے زیادہ نقصان ہو رہا ہو تو امام کی ذمہ داری ہو جاتی ہے کہ اس منہدم کرا کے، پٹوا کر، سطح زمین کے برابر کروا دے۔ اس کلیہ سے صرف وہ نہریں مستثنیٰ ہیں جو انسانوں اور جانوروں کے پانی پینے کے کام آتی ہوں۔ اگر کچھ لوگوں کو ان سے نقصان پہنچ رہا ہو اور دوسرے لوگوں کو پانی پینے کا فائدہ حاصل ہو رہا ہو تو ان نہروں سے کوئی تعرض نہ کیا جائے گا اگر کچھ لوگ امام کی اجازت کے بغیر ایسی نہر کو پاٹ کر بند کر دیں تو امام کو چاہیے کہ اسے دوبارہ پہلے کی طرح جاری کرا دے اور ان لوگوں کو ایسا کرنے کی سخت سزا ملنی چاہیے۔"

اس مندرجہ بالا اقتباس سے امام ابو یوسف کے معاشی فکر کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں:

(1) وہ نہریں جو قدیم زمانہ سے کھیتوں کو سیراب کر رہی ہوں ان کو ہر صورت میں ان کی اصلی حالت ہی میں رہنے دیا جائے اور بند نہ کیا جائے کیونکہ ان کے ساتھ کثیر آبادی کا مفاد وابستہ ہوتا ہے۔

(2) نئی کھودی جانے والی نہروں کے بارے میں اگر یہ معلوم ہو کہ وہ ایک بڑے زرعی رقبہ کو سیراب کر رہی ہیں۔ اور اس کے مقابلہ میں نقصان کا پہلو کم ہو تو ان نہروں کو بھی بند نہیں کیا جائے گا۔


(3) اگر ان نئی نہروں سے ذرائع آمد و رفت کو نقصان پہنچ رہا ہو تو اس صورت میں ان کو بند کر دیا جائے۔

(4) البتہ وہ نہریں جن سے عوام پینے کی ضرورت پوری کرتے ہوں اور کسان اپنے مویشیوں کو پانی پلاتے ہوں تو نقصان کا پہلو غالب ہونے کے باوجود ان نہروں کو بند نہ کیا جائے۔

(5) کسی فرد یا حکومت کو ان نہروں کے بند کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ اگر اس قسم کی نہریں بند کر دی جائیں تو ان کو دوبارہ جاری کیا جائے گا اور نہر بند کرنے والوں کو سزا دی جائے گی۔

(6) وہ نہریں جن سے آبپاشی کے ساتھ ساتھ انسان اور جانور بھی پانی پیتے ہوں تو ان کی اہمیت ان نہروں سے زیادہ ہے جن سے صرف زمینوں کو سیراب کیا جاتا ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com



ہارون الرشید کے دور میں نظامِ آبپاشی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترقیاتی اسکیموں کی لاگت کس طرح پوری کی جائے؟

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں اس مسئلہ پر بھی بحث کی ہے کہ ترقیاتی اسکیموں کی لاگت (Cost) کس طرح پوری کی جائے گی؟ ان سے متعلق جملہ اخراجات (Total Expenses) ریاست کے عام خزانہ (Public Treasury) سے پورے کئے جائیں گے (جس میں خراج اور چنگی وغیرہ محاصل کی آمدنی جمع ہوتی تھی) یا ان افراد سے بھی کچھ وصول کیا جائے گا جن کو ان اسکیموں سے فائدہ پہنچنے والا ہو؟ انہوں نے اس سلسلہ میں ایک اصول تجویز کیا ہے۔ فرماتے ہیں۔

و رایت ان تامر عمال الخراج اذا اتاهم قوم من اهل خراجهم فذكروا لهم ان فی بلادهم انهارا عادية قديمة و ارضين كثيرة غامرة و انهم ان استخرجوا لهم تلك الانهار واحتفروها و اجری الماء فيها عمرت هذه الارضون الغامرة وزاد فی خراجهم كتب بذلك اليك فامرت رجلا من اهل الخير والصلاح يوثق بدينه و امانته فتوجهه فی ذلك حتی ينظر فيه و يسال عنه اهل الخبرة والبصيرة به و من يوثق بدينه و امانته من اهل ذلك البلد، و يشاور فيه غير اهل ذلك البلد ممن له بصيرة و معرفة و لا يجر الی نفسه بذلك منفعة و لا يدفع عنها به مضرة فاذا اجتمعوا علی ان فی ذلك صلاحا و زيادة فی الخراج امرت بحفر تلك الانهار و جعلت النفقة من بيت المال، ولا تحمل النفقة علی اهل البلد فانهم ان يعمروا خير من ان يخربوا و ان يفروا خير من ان يذهب مالهم و يعجزوا (360)

"میری رائے یہ ہے کہ آپ خراج کے افسران کو ہدایت کردیں کہ جب ان کی عمل داری کے کچھ لوگ ان کے پاس آکر یہ بتائیں کہ ان کے علاقہ میں بعض قدیمی نہریں ہیں جو اب ناکارہ ہو گئی ہیں اور بہت سی زمینیں ناکارہ ہو کر بغیر کاشت کے پڑی ہوئی ہیں، اور یہ کہ اگر ان نہروں کی کھدائی اور صفائی ہو جائے اور ان میں از سر نو پانی جاری ہو جائے تو یہ ناکارہ زمینیں پھر زیر کاشت آجائیں گی اور اس طرح خراج کی آمدنی میں اضافہ ہو گا تو ان کی یہ عرضداشت آپ کو ارسال کردی جائے، پھر آپ کسی معتمد علیہ، امانت دار اور صاحب صلاح و تقویٰ فرد کو اس بارے میں تحقیق کرنے کے لئے بھیجیں، یہ شخص اس علاقہ کے ثقہ، واقف کار اور صاحب بصیرت لوگوں سے معلومات حاصل کرے۔ اور اس علاقہ کے باہر کے تجربہ کار اور صاحب رائے افراد سے بھی مشورہ کرے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ اس سعی وجہد سے اس آدمی کو اپنے ذاتی نفع کی ترویج یا نقصان کی تلافی نہ مقصود ہو۔ اگر

toobaa-elibrary.blogspot.com

سب کی رائے یہی ہو کہ اس اسکیم کو زیر عمل لانے میں ملک کا فائدہ ہے اور خراج کی آمدنی میں بھی اضافہ کی توقع ہے تو آپ ان نہروں کی کھدائی اور صفائی کا حکم جاری کر دیجئے۔ اور اس سلسلہ کے سارے مصارف کا بار بیت المال پر ڈالیے۔ ان اخراجات کا بار اس علاقہ کے باشندوں پر نہ ڈالیے۔ حقیقت یہ ہے کہ لوگوں کا آباد و خوشحال رہنا ان کے اجڑ جانے اور مفلس ہو کر ادائیگی خراج سے بھی عاجز رہ جانے سے بہتر ہے۔"

علاقہ سواد کی زمینوں کے لئے جو نہریں کھودی جائیں ان کے مصارف کے ضمن میں خلیفہ ہارون الرشید کی راہنمائی کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

و اذا احتاج اهل السواد الى كرى انهارهم العظام التى تاخذ من دجلة والفرات كريت لهم و كانت النفقة من بيت المال و من اهل الخراج و لا يحمل ذلك كله على اهل الخراج' و اما الانهار التى يجرونها الى ارضهم و مزارعهم و كرومهم و رطابهم و بساتينهم و مباقلهم و ما اشبه ذلك فكريها عليهم خاصة ليس على بيت المال من ذلك شئ' فاما البثوق والمسنيات والبريدات التى تكون فى دجلة والفرات وغيرهما من الانهار العظام فان النفقة على هذا كله من بيت المال لا يحمل على اهل الخراج من ذلك شئ لان مصلحة هذا على الامام خاصة لانه امر عام لجميع المسلمين' فالنفقة عليه من بيت المال لان عطب الارضين من هذا و شبهه' و انما يدخل الضرر من ذلك على الخراج (361)

"باشندگان سواد کو اگر اپنی ان بڑی نہروں کی کھدائی اور صفائی کی ضرورت پیش آئے جو دجلہ اور فرات سے نکالی گئی ہوں تو آپ ان کی کھدائی اور صفائی کروا دیا کیجئے اور اس کے مصارف کا بار بیت المال اور اہل خراج دونوں پر ڈالیے' لیکن سارا بار اہل خراج پر ڈال دینا صحیح نہ ہو گا۔ رہیں وہ چھوٹی چھوٹی نہریں جن کے ذریعہ لوگ اپنی زمینوں' کھیتوں' انگور کی کیاریوں' کھجوروں' باغات اور ترکاری کے کھیتوں وغیرہ تک پانی لے جاتے ہیں تو ان کی کھدائی اور صفائی کے اخراجات انہی افراد کو برداشت کرنے ہوں گے' بیت المال پر اس سلسلہ میں کوئی بار نہ ڈالا جائے گا۔ دجلہ و فرات اور دوسرے بڑے دریاؤں پر گھاٹ یا پانی کے نکاس کی جگہوں کی تعمیر اور مرمت پر آنے والے مصارف تمام تر بیت المال سے کئے جائیں گے۔ اہل خراج پر اس کا بار نہ ڈالا جائے گا۔ کیونکہ یہ سارے مسلمانوں سے تعلق رکھنے والے امور ہیں اور ان کے مصالح کا تحفظ تمام تر امام کے ذمہ ہے۔ چونکہ زمینوں کی بربادی وغیرہ کا تعلق مصالح عامہ سے ہے اور ان کا بڑا اثر خراج کی آمدنی پر پڑتا ہے۔ لہٰذا اس سلسلہ کے جملہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصارف بیت المال سے پورے کئے جائیں گے۔"

ایک دوسرے مقام پر دجلہ و فرات اور ان جیسے دوسرے دریاؤں سے آبپاشی کے حق پر گفتگو کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

والمسلمون جميعا شركاء فی دجلة والفرات و كل نهر عظيم نحوهما او واد يستقون منه و يسقون الشفة والحافر والخف' و ليس لاحد ان يمنع' و لكل قوم شرب ارضهم و نخلهم و شجرهم' لا يحبس الماء عن احد دون احد' و ان اراد رجل ان يكرى نهرا فی ارضه من هذا النهر الاعظم فان كان فی ذلك ضرر فی النهر الاعظم لم يكن له ذلك و لم يترك يكريه' و ان لم يكن فيه ضرر ترك يكريه' و علی الامام كرى هذا النهر الاعظم الذی لعامة المسلمين ان احتاج الی كرى' و عليه ان يصلح مسناته ان خيف منه(362)

"سارے مسلمان دجلہ اور فرات اور ان جیسے سارے بڑے دریاؤں اور وادیوں میں یکساں طور پر شریک ہیں۔ ان سے وہ سینچائی کے لئے بھی پانی لے سکتے ہیں' اور اپنے اور اپنے جانوروں کے پینے کے لئے بھی' کسی کو انہیں اس سے روکنے کا حق نہیں۔ ہر گروہ کو اپنی اراضی' کھجوروں' اور دوسرے درختوں کی سینچائی کا حق ہے' کسی کو پانی دینے اور کسی سے روکنے کا طریقہ درست نہیں۔ اگر کوئی آدمی اس بڑے دریا سے نہر نکال کر اپنی زمین تک لے جانا چاہتا ہو تو اگر اس سے دریا کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اسے ایسا نہ کرنے دیا جائے گا اور اسے نہر نکالنے کی اجازت نہ ہوگی۔ البتہ اگر اس طرح کا نقصان نہ پہنچ رہا ہو تو اسے ایسا کرنے دیا جائے گا۔ یہ بڑا دریا جو سارے مسلمانوں کے لئے عام ہے اگر کسی طرح کی کھدائی یا مرمت کا محتاج ہو تو اس کی ذمہ داری امام کے سر ہوگی۔ اگر اس کے بند ٹوٹ جانے کا اندیشہ ہو تو امام کو چاہیے کہ اسے درست کرائے۔

ان مندرجہ بالا عبارتوں کی روشنی میں آبپاشی کے لئے نہروں کی تعمیر' مرمت اور صفائی پر آنے والے اخراجات کے بارے میں امام ابو یوسف کی رائے کا خلاصہ یہ ہے:

(1) دجلہ و فرات اور دوسرے دریاؤں کو آبپاشی کے قابل بنائے رکھنا۔ ان پر بند گھاٹ اور آبپاشی کے لئے پانی نکالنے کی جگہیں تعمیر کرنا اور ان کو اچھی حالت میں رکھنا ریاست کے ذمہ ہے۔ ان کاموں کی پوری لاگت (Total Cost) سرکاری خزانے سے ادا کی جائے گی۔

(2) خراجی زمینوں کی آبپاشی کے لئے بالخصوص ایسے علاقوں میں جہاں نہروں کے ذریعے پانی نہ پہنچنے سے زمینیں بے کار پڑی ہوں حسب ضرورت نہریں کھدوانا اور پرانی نہروں کی مرمت اور صفائی کرانا بھی ریاست کے ذمہ ہے اور ان کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اخراجات بھی بیت المال سے پورے کئے جائیں گے۔

(3) دو آبہ دجلہ و فرات میں بڑے دریاؤں سے نکالی ہوئی نہریں، جن میں پانی جاری ہو، اگر کھدائی، مرمت اور صفائی کی محتاج ہوں تو یہ کام بھی ریاست انجام دے گی۔ البتہ ان کے اخراجات ریاست کے خزانے اور ان باشندوں کے درمیان تقسیم کر دیئے جائیں گے جن کو ان نہروں سے فائدہ پہنچتا ہو۔

(4) ان بڑی نہروں کے پانی کو اپنے کھیتوں اور باغات تک پہنچانے کے لئے لوگ جو چھوٹی نہریں اور نالیاں تعمیر کرنا چاہیں ان کی لاگت خود ان لوگوں کو پوری کرنی ہوگی۔ (363)

ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی لکھتے ہیں۔

"لاگت کی تقسیم اور اس سلسلے میں مختلف قسم کی نہروں کے درمیان تفریق کرنے میں قاضی صاحب نے جو اصول سامنے رکھے ہیں وہ واضح ہیں کسی اسکیم کی لاگت ان لوگوں کے ذمے ہے جن کو اس سے فائدہ پہنچے۔ جہاں فائدہ عام ہے وہاں لاگت کی ذمہ داری بھی عام ہے اور عوام کے مرکزی خزانے کی حیثیت میں یہ عام ذمہ داری بیت المال پر ڈالی گئی ہے۔ مذکورہ بالا پہلی قسم اسی اصول کے تحت آتی ہے۔ چوتھی قسم کی نہروں کے فوائد چونکہ مخصوص افراد تک محدود ہوں گے لہٰذا ان کی لاگت بھی انہیں کے ذمہ ڈالی گئی ہے۔"

لاگت کی ذمہ داری عائد کرنے میں دوسرا اصول یہ مد نظر رکھا گیا ہے کہ متعلقہ افراد کو اس اسکیم سے اتنا مالی فائدہ پہنچ رہا ہو کہ وہ باآسانی اس کے اخراجات کا بار برداشت کر لیں۔ دوسری اور تیسری قسم کی نہروں کے درمیان تفریق اسی لئے برتی گئی ہے۔ اہل خراج کو آباد اور خوشحال رکھنا حکومت کا ایک مقصد قرار دیا گیا ہے اور اسی مقصد کے تحت دوسری قسم کی نہروں کی پوری لاگت بیت المال کے ذمے ڈالی گئی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان نہروں کی تعمیر کے بعد بہت سی ایسی زمینیں زیر کاشت لائی جاسکیں گی جو ان کے بغیر افتادہ پڑی رہتی ہیں۔ ان زمینوں کے زیر کاشت آنے سے مجوزہ نظام مقاسمہ کے تحت خراج کی آمدنی میں معتدبہ اضافے کی توقع ہے۔ چونکہ نہروں کی تعمیر سے پہلے نہ یہ زمینیں زیر کاشت تھیں نہ ان کے مالکوں کو ان کے ذریعے کوئی آمدنی ہو رہی تھی لہٰذا ان پر اخراجات کا بار نہیں ڈالا گیا ہے۔ اس کے برعکس تیسری قسم کی نہروں میں پانی جاری تھا اور لوگ عملاً" ان سے فائدہ اٹھا کر کاشت کرتے اور نفع حاصل کرتے تھے۔ اس آمدنی کے پیش نظر ان کے لئے باآسانی ممکن تھا کہ ان نہروں کی درستگی پر آنے والے اخراجات کا ایک حصہ خود پورا کر سکیں۔ ان نہروں کی مرمت اور صفائی کے پورے اخراجات ریاست کے ذمے اس لئے نہیں ڈالے گئے کہ اس عمل سے خراج کی آمدنی میں کوئی نیا معتدبہ اضافہ نہیں متوقع ہے۔ ان کی مرمت اور صفائی خراج کی موجودہ آمدنی کو بحال رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ اور اس کی مناسبت سے ان پر آنے والے اخراجات کا ایک حصہ ریاست کو پورا کرنا

toobaa-elibrary.blogspot.com

چاہیے۔(364)

مخصوص ترقیاتی اسکیموں کی لاگت کن لوگوں کے ذمہ ہوگی؟

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں ان ترقیاتی اسکیموں کے بارے میں بھی بحث کی جو مخصوص افراد کی ملکیت ہوں۔ چنانچہ لکھتے ہیں۔

و سالت عن نهر بين قوم خاصة باخذ من دجلة او الفرات اراد وان يكروه او يحفروه، فكيف الحفر عليهم فانهم يجتمعون جميعا فيكرونه من اعلاه الى اسفله فكلما جازوا ارض رجل رفع عنه الكرى وكرى و بقيتهم كذلك حتى ينتهى الى اسفله و قد قال بعض الفقهاء - يكرى النهر من اعلاه الى اسفله فاذا فرغ من ذلك حسب اجر جميع حفر ذلك النهر على جميع ما يشرب منه الارض فلزم كل انسان من اهله بقدر ماله فخذ يا امير المومنين باى القولين احببت، فانى ارجو ان لا يضيق عليك الامر ان شاء الله تعالٰى (365)

"اور آپ نے ایسی نہر سے متعلق سوال کیا ہے جو دجلہ یا فرات سے نکلتی ہو اور کسی مخصوص گروہ کی ملکیت ہو۔ اگر یہ لوگ اس نہر کی کھدائی کرنا چاہیں تو اس کا بار ان کے درمیان کیسے تقسیم کیا جائے۔ اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ یہ سارے لوگ مل کر کھدائی شروع کریں گے اور کھدائی کا کام دریا کے قریب والے سرے سے شروع کریں گے۔ جس جس فرد کی زمین تک نہر کی کھدائی کا کام پورا ہوتا جائے گا اس کے سر سے کھدائی کی ذمہ داری ختم ہوتی جائے گی اور آگے صرف باقی ماندہ لوگ کام کریں گے، تا آنکہ نہر کا دوسرا سرا آجائے۔ بعض فقہاء نے یہ طریقہ تجویز کیا ہے کہ پہلے نہر کو دریا کے کنارے سے آخری سرے تک کھود لیا جائے گا۔ پھر اس پر آنے والے جملہ مصارف کا حساب لگایا جائے گا۔ ان مصارف کو ان ساری زمینوں پر تقسیم کر دیا جائے گا جو اس سے سیراب ہوتی ہوں، اور ہر مالک زمین پر اس کی زمین کے بقدر خرچہ عاید کر دیا جائے گا۔ آپ ان میں سے جس طریقہ کو چاہیں اختیار کر سکتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ اس معاملہ میں آپ (اپنے کو کسی ایک طریقہ کا پابند پا کر) تنگی نہ محسوس کریں گے۔"

اس اقتباس سے مخصوص ترقیاتی اسکیموں کی لاگت کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی فکر کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(1) جس شخص کی جتنی زمین سے نہر گزرتی ہو اس قدر حصہ کی کھدائی اور صفائی اسی کے ذمہ ہوگی یعنی اس نے اپنی جس زمین کو نہر سے سیراب کر کے فائدہ حاصل کرنا ہے تو اس کے لئے جو لاگت آئے وہ بھی اسے ہی برداشت کرنی چاہیے۔

(2) پہلے تمام نہر کی کھدائی اور صفائی کر لی جائے۔ اور پھر اس پر جس قدر لاگت آئی ہو اس کا حساب لگا لیا جائے۔ بعد ازاں زمینوں کی پیائش کر کے ہر مالک زمین پر اس کی زمین کے مطابق خرچہ عائد کیا جائے۔

یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ امام ابو یوسف مخصوص ترقیاتی اسکیموں کی تمام لاگت ان کے مالکوں کے ذمہ عائد کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بیت المال سے اس قسم کے منصوبوں کے لئے کوئی رقم نہیں دی جائے گی۔ حالانکہ عام ترقیاتی منصوبوں' جن سے عوام کی ایک بڑی تعداد فائدہ اٹھاتی ہو ان کی لاگت کے ایک حصہ میں وہ اسلامی ریاست کو بھی شریک کرتے ہیں۔ اس فرق و امتیاز کی وجہ بتاتے ہوئے امام ابو یوسف "کتاب الخراج" میں رقم طراز ہیں۔

و لیس النهر الاعظم الذی لعامة المسلمین کنهر خاص لقوم لیس لاحد ان یدخل علیهم الا تری ان اصحاب هذا النهر فیة شفعاء لو باع احدهم ارضا له' و لهم ان یمنعوا من ان یسقی احد من نهرهم لرضه او شجره او نخله و لیس الفرات و دجلة کذلک فان الفرات و دجلة یسقی منهما من شاء و تمر فیهما السفن و لا یکونون فیهما شفعاء لشرکتهم فی شربه(366)

"بڑے دریا جو سارے مسلمانوں کے لئے عام ہیں ان کی نوعیت ان مخصوص نہروں سے مختلف ہے جو کسی خاص گروہ کی ملکیت ہوں اور دوسرے اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہوں۔ مخصوص نہروں کے مالکوں کو ایک دوسرے کے مقابلہ میں حق شفعہ حاصل ہوتا ہے۔ جبکہ ان میں سے کوئی اپنی زمین فروخت کر رہا ہو۔ انہیں یہ حق بھی حاصل ہے کہ دوسروں کو اراضی اور باغات کی سینچائی کے لئے اس نہر سے پانی لینے سے روکیں۔ دجلہ و فرات کا حال یہ نہیں۔ ان میں سے ہر شخص سینچائی کے لئے پانی لے سکتا ہے' ہر کشتی گزر سکتی ہے اور اس کے پانی میں شرکت کے سبب لوگوں کو حق شفعہ نہیں مل سکتا۔"

مصلحتوں میں تعارض پیدا ہو جائے تو کس کو ترجیح دی جائے؟

امام ابو یوسف نے ایک ایسے مسئلہ پر بھی روشنی ڈالی ہے جو کئی صدیوں بعد مغربی معاشی فکر میں پیدا ہوا۔ مغربی اقتصادی فکر میں یہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے کہ اگر مصلحت عامہ اور مصلحت خاصہ میں تعارض پیدا ہو جائے تو پھر کیا طریقہ اختیار کیا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں اس امر پر بھی بحث کی ہے کہ بعض اوقات مصالح میں تعارض پیدا ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں پھر کیا تدبیر اختیار کرنی چاہیے۔ وہ ایک مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

و ان کانت هذه الجزیرة التی نضب عنها الماء اذا حصلت و ضرب علیها المسناة اضر ذلک بالسفن التی تمر بدجلة والفرات و خاف المارة فی السفن الغرق من ذلک اخرجت من ید هذا وردت الی حالها الاولی لان هذه الجزیرة بمنزلة طریق المسلمین' و لا ینبغی لاحد ان یحدث شیئا فی طریق المسلمین مما یضرهم(367)

"اگر صورت حال یہ ہو کہ جس علاقہ سے پانی ہٹ گیا ہے' اس کے گرد اگر بند باندھ دیا جائے تو یہ دجلہ و فرات میں سے گزرنے والے جہازوں اور کشتیوں کے لئے نقصان دہ ہو اور ان کشتیوں کے مسافروں کو غرق ہو جانے کا اندیشہ ہو تو ایسی شکل میں اس علاقہ کو آباد کاری کرنے والے کے قبضہ سے نکال کر سابق حالت میں لوٹا دیا جائے گا۔ وجہ یہ ہے کہ اس جزیرہ کی نوعیت مسلمانوں کی رہ گزر کی ہے اور کسی فرد کو بھی مسلمانوں کی رہ گزر میں کوئی ایسا تصرف کرنے کا اختیار نہیں جو ان کے لئے نقصان دہ ہو۔"

کتاب الخراج میں ایک اور مقام پر رقم طراز ہیں۔

و ان کان محدثا من فعل وال او غیره نظر فی ذلک الی منفعته و الی ضرره' فان کانت منفعته اکثر ترک علی حاله' و ان کان ضرره اکثر امرت بهدمه و طمه و تسویته بالارض' و کل نهر له منفعة اکثر فلا ینبغی للامام ان یهدمه و لا یتعرض له' و کل نهر مضرته اکثر من منفعته فعلی الامام ان یهدمه و یطعمه و یسویه بالارض(368)

"اور اگر یہ نہر نئی ہو اور کسی والی نے یا دوسرے آدمی نے اسے حال ہی میں تعمیر کیا ہو تو اس کے فائدے اور نقصان کو دیکھا جائے گا۔ پس اگر اس کا فائدہ زیادہ ہو تو اسے علیٰ حالہ چھوڑ دیا جائے لیکن اگر نقصان کا پہلو غالب ہو تو آپ کو چاہیے کہ اسے منہدم کر کے' پاٹ کے' سطح سمندر کے برابر کر دینے کا حکم دے دیں۔ جس نہر کے فائدے کا پہلو غالب ہو اس کے انہدام یا اس میں کسی اور مضر تصرف سے امام کو اجتناب کرنا چاہیے۔ البتہ اگر کسی نہر سے فائدہ سے زیادہ نقصان ہو رہا ہو تو امام کی ذمہ داری ہو جاتی ہے کہ اسے منہدم کرا کے پٹوا کر' سطح زمین کے برابر کروا دے۔"

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

و اذا خاف اهل هذا النهر ان ينشق عليهم فارادوا تحصينه من ذلک فامتنع بعض اهله من الدخول معهم فيه' فان كان فی ذلک ضرر عام اجبرهم جميعا علی ان يحصنوه بالحصص (369)

"اور جب اس مخصوص نہر کے مالکوں کو اس کے پھٹ جانے کا اندیشہ ہو اور وہ اس کے کناروں کی مرمت کرنا چاہتے ہوں لیکن بعض مالکان زمین اس کام میں شریک ہونے سے گریز کر رہے ہوں تو اگر نہر کو ایسا خطرہ لاحق ہو جو عام مضرت کا سبب بن سکتا ہو تو امام کو چاہیے کہ ان تمام لوگوں کو مجبور کرے کہ وہ کنکر وغیرہ کے ذریعہ اس کے کناروں کو مستحکم کریں۔

ان مندرجہ بالا عبارتوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ:

(1) امام ابو یوسف مصلحت عامہ کو مصلحت خاصہ پر ترجیح دیتے ہیں۔ اگر کسی ترقیاتی اسکیم سے انفرادی طور پر تو کسی کو فائدہ پہنچے لیکن بحیثیت مجموعی قومی ضیاع ہو تو وہ اس کی تکمیل کو ناپسند کرتے ہیں۔

(2) ہر ترقیاتی منصوبے کے آغاز سے قبل اس کے فوائد اور نقصانات پر غور کیا جائے گا اگر نقصان کا پہلو غالب ہو تو اس کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچانا چاہیے۔

(3) مصلحت عامہ کے تحفظ کے لئے خلیفہ بعض مخصوص مالکان زمین کو مجبور بھی کر سکتا ہے۔

(4) ترقیاتی منصوبوں پر حاکم کو مال صرف اسی وقت صرف کرنا چاہیے جب اس کام کے معاشی فوائد سے مکمل آگاہی حاصل ہو جائے۔

ترقیاتی اسکیموں پر نگران اہل کاروں کے اوصاف

امام ابو یوسف یہ رائے رکھتے ہیں کہ ہر کس و ناکس کو ان معاشی و فلاحی منصوبوں کی تکمیل کی ذمہ داری نہیں سونپنی چاہیے۔ چونکہ ان منصوبوں کا تعلق عوام کی فلاح و بہبود سے ہے اور ان پر بیت المال سے' جو پوری قوم کی امانت ہے خرچ کیا جاتا ہے اس لئے یہ بات بہت ضروری ہے کہ ان کی تکمیل کرتے وقت سرکاری خزانے (Public Treasury) کی رقم کا صحیح استعمال ہو۔ اور کسی قسم کی بد عنوانی نہ ہو سکے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کتاب الخراج میں ہارون الرشید کو نصیحت کرتے ہیں کہ ترقیاتی اسکیموں پہ نگران اہل کار مقرر کرتے وقت سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں۔ ان کے نزدیک ان منصوبوں کی کامیابی کا دارومدار اس بات پر ہے کہ صالح' دیانت دار اور باصلاحیت لوگوں کو یہ اہم ذمہ داری دی جائے۔ اگر دین دار اور امانت دار لوگوں کو یہ فریضہ سونپا جائے گا تو اس سے ملکی اقتصادی حالت پر خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے۔ اور اگر اس ضمن میں احتیاط نہ برتی گئی تو اس سے نہ صرف قومی دولت کا ضیاع ہو گا بلکہ وہ اعلیٰ مقاصد بھی حاصل نہ ہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

سکیں گے جو ملکی معیشت کے استحکام کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و لا یولی النفقة علی ذلک الا رجل یخاف اللّٰہ یعمل فی ذلک بما یجب علیه للّٰہ' عرفت امانته و حمد مذهبه' و لا تول من یخونک و یعمل فی ذلک بما لا یحل و لا یسعه یاخذ المال من بیت المال لنفسه و من معه' او یدع المواضع المخوفة و یهملها و لا یعمل علیها شیئا یحکمها به حتی تنفجر فتغرق ما للناس من الغلات و تخرب منازلهم و قراهم(370)

"ان مصارف میں مال صرف کرنے کا اختیار ایسے ہی ذمہ دار کے ہاتھ میں دیجئے جو خوف خدا رکھتا ہو' جس کی امانت داری اور مسلک پر پورا اطمینان ہو اور جو خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کام کرے۔ خائن اور جائز و ناجائز میں کوئی تمیز کئے بغیر کام کرنے والوں کو یہ ذمہ داری نہ سونپئے۔ ایسا آدمی بیت المال کا روپیہ اپنے اور اپنے ساتھیوں پر اڑا ڈالے گا۔ خطرہ کے مقامات کی مرمت نہیں کرائے گا یا ان پر پختہ کام کرا کے انہیں بالکل درست نہیں کرا دے گا تا آنکہ وہاں سے پانی پھٹ پڑے گا اور لوگوں کے غلہ مکانات اور پوری پوری بستیوں کو تباہ کر دے گا۔"

یعنی امام ابو یوسف کے نزدیک درج ذیل اوصاف کا حامل فرد ہی ترقیاتی منصوبوں پر نگران مقرر ہو سکتا ہے۔

(ا) جو نہ صرف مسلمان ہو بلکہ اعلیٰ درجہ کا متقی اور پرہیزگار بھی ہو۔

(ب) صحیح العقیدہ مسلمان ہو اور فسق و فجور سے دور رہتا ہو۔

(ج) جس کی زندگی کا مقصد اور نصب العین رضائے الٰہی کا حصول ہو۔

(د) وہ کبھی کسی معاملہ میں بدعنوانی (Corruption) کا مرتکب نہ ہوا ہو۔

(ر) اکتساب مال اور صرف مال میں اسلام کی حلال و حرام (Lawful and unlawful) کی حدود و قیود کی پابندی کرتا ہو۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ان اوصاف حمیدہ سے محروم افراد کو صرف اپنا ذاتی مفاد عزیز ہوتا ہے۔ دنیا اور مال و دولت کی محبت میں گرفتار ہو کر وہ اپنے فرائض منصبی سے غافل ہو جاتے ہیں۔ خائن اور بدکردار نگران نہ صرف خود بدعنوانیوں کا مرتکب ہوتا ہے بلکہ اپنے ماتحت عملہ کو بھی اسی راستے پر لگا دیتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس قسم کے افراد کی زیر نگرانی جب معاشی ترقی کے منصوبوں پر کام ہوتا ہے تو وہ تسلی بخش اور پائیدار نہیں ہوتا۔ ایسے لوگوں کو قوم کے اجتماعی مفاد سے قطعاً" کوئی ہمدردی نہیں ہوتی۔ اس کا نتیجہ یہ برآمد ہوتا ہے کہ ایسے معاشی منصوبوں سے فائدہ کی بجائے عوام کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہوتا ہے۔ مثلاً نہروں وغیرہ کی کھدائی اور صفائی میں جب دیانت داری سے کام نہ کیا گیا ہو تو ان نہروں

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے بند کسی بھی وقت ٹوٹ کر عوام کی تباہی کا سبب بن جائیں گے۔ جب بستیاں غیر آباد ہو جائیں گی اور فصلیں تباہ ہو جائیں گی تو اس سے نہ صرف عوام معاشی مشکلات سے دوچار ہوں گے بلکہ ریاست کو بھی خراج اور عشر نہ ملنے کی صورت میں نقصان ہو گا۔

معائنہ و احتساب

ہارون الرشید کے عہد سے قبل بعض اموی و عباسی خلفاء نے جو ترقیاتی کام کروائے تھے وہ زیادہ تر بد عنوان، غیر ذمہ دار اور نااہل لوگوں کی نگرانی میں ہوئے تھے۔ جس کی وجہ سے نہروں کے بند ٹوٹ جانے سے سڑکوں کے نقصان کے ساتھ ساتھ زیر کاشت فصلوں کا بھی کافی نقصان ہوا تھا۔ ان منصوبوں پر بیت المال سے جو رقم صرف کی گئی تھی وہ سود مند ثابت نہ ہو سکی۔ اسی وجہ سے ہارون الرشید نے امام ابو یوسف سے ان معاملات میں راہنمائی طلب کی تھی۔ چنانچہ امام ابو یوسف خلیفہ ہارون الرشید کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

ثم وجه من يتعرف ما يعمل به و اليك على هذه المواضع المخوفة منها و ما يمسك من العمل عليها مما قد يحتاج الى العمل و ما تفجر و ما السبب في انفجاره و لم مت عليه اجر العمل عليه و احكامه حتى انفجر ثم عامله على حسب ما يأتيك به الخبر عنه من حمد لامره او ذم و انكار و تاديب

(371)

"ذمہ دار مقرر کرنے کے بعد آپ کسی دوسرے آدمی کو اس ذمہ دار کی کارکردگی کا جائزہ لینے پر مامور کیجئے جو معائنہ کرے کہ یہ ذمہ دار پر خطر مقامات پر کیا کام کروا رہا ہے اور کن قابل مرمت جگہوں پر اس نے کام نہ لگانے کا فیصلہ کیا ہے، کن کن مرمت شدہ جگہوں سے پانی پھٹ جاتا ہے اور ایسا ہونے کا سبب کیا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ وہاں پر کام لگا کر جو اجرت دی گئی وہ بے فائدہ ضائع گئی اور مرمت ناکارہ ثابت ہوئی۔ اس جائزہ کے بعد آپ کو جو رپورٹ ملے، متعلقہ افسر کے ساتھ اس کے مطابق سلوک کیجئے۔ اس کے کام کی تعریف کیجئے یا اس کی مذمت کریں اور اس کے خلاف تادیبی کاروائی عمل میں لائیں۔"

امام ابو یوسف کے اس مندرجہ بالا بیان سے ان کے معاشی فکر کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں:

(1) ترقیاتی منصوبوں سے مثبت نتائج حاصل کرنے کے لئے نگران اہل کاروں کے کام کا معائنہ اور احتساب بہت ضروری ہے۔

(2) وہ اہل کار جو دیانت داری سے اپنے فرائض سرانجام دیں۔ ان کو انعام و اکرام دے کر حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(3) بدعنوان اور غیرذمہ دار نگران اہل کاروں کے خلاف قانونی کاروائی کرکے ان کو سخت سزادی جائے تاکہ آئندہ کوئی قومی دولت میں خیانت نہ کرسکے۔

قومی املاک کاپیدا آور استعمال

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ عوام کی معاشی فلاح و بہبود میں اضافہ کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ اسلامی ریاست قومی املاک کاپیدا آور استعمال عمل میں لائے وہ کہتے ہیں کہ وسائل پیداوار کو بے کار چھوڑ دینے سے عوام اور حکومت دونوں معاشی فوائد سے محروم رہتے ہیں۔ اور ان کے صحیح استعمال سے نہ صرف بیت المال کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ افراد کو روزگار کے مواقع بھی ملتے ہیں۔

عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے دور میں بعض لوگ لاوارث زمینوں کو کاشت کرکے ان سے ذاتی فوائد حاصل کر رہے تھے' امام ابویوسف ایسی زمینوں کو جن کے مالکوں کا کچھ پتہ نہ چلے اور جن کا کوئی وارث نہ ہو' ریاست کی ملکیت قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و قد رایت ان تامر باخراج تلک الارضین من ایدی القضاۃ الذین یاکلونھا و یوکلونھا و ان تختار لھا رجلا ثقۃ امینا عدلا و ان تامر ان یختار لھا الثقات فیتولوا امرھا و تامر بان تحمل غلاتھا الی بیت مال المسلمین الی ان یاتی مستحق لشئی منھا فان کل من مات من المسلمین لاوارث لہ فمالہ لبیت المال(372)

"میری رائے یہ ہے کہ آپ ان زمینوں کو ایسے قاضیوں کے قبضہ سے نکال لینے کا حکم جاری کردیں جو انہیں خود کھانے اور دوسروں کو کھلانے کا ذریعہ بنائے ہوئے ہیں' کسی منصف مزاج' امانت دار اور معتمد علیہ فرد کو ان زمینوں کا نگران مقرر کردیجئے۔ اس نگران کو حکم دیجئے کہ ان زمینوں سے متعلق امور کی انجام دہی کے لئے قابل اعتماد افراد کا تقرر عمل میں لائے۔ ان زمینوں کی ساری آمدنی مسلمانوں کے بیت المال میں داخل کردی جایا کرے جب تک کوئی شخص اس میں سے کسی چیز کا حق دار ہونے کا دعویٰ نہ کرے۔ کیونکہ جو مسلمان کوئی وارث چھوڑے بغیر وفات پاجائے اس کا مال بیت المال کے لئے ہے۔"

یعنی امام ابویوسف کے نزدیک ایسی لاوارث زمینوں کو انفرادی ہاتھوں میں دینا قوم کے اجتماعی مفاد کے خلاف ہے۔ وہ لوگ جو ایسی زمینوں پر قابض ہو جاتے ہیں۔ صلاحیتوں کے فقدان کی وجہ سے' وہ نہ تو ان کو صحیح طریقہ سے خود کاشت کرتے ہیں اور نہ ہی اس سے حاصل کردہ آمدنیوں کا صحیح استعمال کرتے ہیں۔ ایسی زمینوں پر قابض افراد' ان کو اپنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ملازموں کے ذریعے کاشت کرواتے ہیں۔ اس طرح قوم میں ایک ایسا مفت خور طبقہ پیدا ہو جاتا ہے جو دوسروں کی محنت پر عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتا ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ ایسی زمینوں کی پیداوار کا حساب کتاب نہ ہونے کی وجہ سے بیت المال کی آمدنی میں بھی کمی واقع ہوتی ہے۔

کتاب الخراج کے مطالعہ سے یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ امام ابو یوسف بنجر اور غیر آباد زمینوں کی آباد کاری پر بہت زور دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ایسی زمینوں کو یونہی چھوڑ رکھنے کی بجائے' ایسے لوگوں کو دے دینا چاہیے جو ان کو زیر کاشت لا سکیں۔ آپ لکھتے ہیں۔

و لا ارى ان يترک ارضا لا ملک لاحد فيها و لا عمارة حتى يقطعها الامام فان ذلک اعمر للبلاد و اكثر للخراج(373)

"میرے خیال میں غیر مملوکہ اور غیر آباد زمینوں کو بے کار چھوڑ رکھنے کی بجائے' امام کو چاہیے کہ انہیں بطور جاگیر مختلف افراد کو دے دے۔ اس طرح ہمارے علاقے زیادہ آباد و خوشحال ہو جائیں گے اور خراج میں بھی اضافہ ہو گا۔"

ایک اور مقام پر رقم طراز ہیں۔

و للامام ان يقطع كل موات و كل ما كان ليس لاحد فيه ملک و ليس فى يد احد و يعمل فى ذلک بالذى يرى انه خير للمسلمين و اعم نفعا(374)

"امام کو یہ حق حاصل ہے کہ ہر افتادہ زمین کو اور ہر اس (چیز) کو جس پر کسی کی ملکیت نہ ہو' اور نہ وہ کسی کے قبضہ میں ہو' بطور جاگیر عطا کر دے۔ امام اس سلسلہ میں وہ طریقہ اختیار کرے گا جو اس کی نظر میں مسلمانوں کے لئے سب سے بہتر ہو اور جس کے فوائد زیادہ سے زیادہ لوگوں کو پہنچ سکیں۔"

امام ابو یوسف کی تصریحات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اسلامی ریاست اپنی زمینوں کے پیدا آور استعمال اور ان کے ذریعہ مزید آمدنی حاصل کرنے کے لئے ان کو ریاست کے زیر اہتمام کاشت بھی کرا سکتی ہے اور ان کو مزارعت کے اصول پر افراد کو بھی دے سکتی ہے۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ اسلامی حکومت اس بات کی کوشش کرے کہ ریاست کی زمینوں میں سے کوئی زمین بے کار نہ پڑی رہے۔

ان کے نزدیک سرکاری زمینوں (Crown lands) کو بٹائی (Partnership to cultivate land) پر دینا ان کے پیدا آور استعمال کا ایک نفع بخش (Profitable) طریقہ ہے۔ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں لکھتے ہیں کہ یہ طریقہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شروع کیا تھا۔ خیبر کا علاقہ فتح ہونے کے بعد وہاں کی زمین ریاست کی طرف سے اہل خیبر کو نصف پیداوار لینے کی شرط پر کاشت کے لئے دی گئی۔(375) آپ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے بھی ریاست کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مملوکہ زمینوں کے بارے میں یہی طریقہ اختیار کیا تھا۔ کتاب الخراج میں یہ روایت نقل کرتے ہیں۔

"حسن بن عمارہ نے محمد بن عبیداللہ سے' انہوں نے عبدالرحمٰن بن سابط سے' اور انہوں نے یعلیٰ بن امیہ سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا ہے کہ انہوں نے کہا' جب عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے سرزمین نجران کے ۔۔ یعنی اس نجران کے جو یمن کے قریب واقع ہے ۔۔ خراج کی تحصیل پر مامور کر کے بھیجا تو میرے پاس یہ لکھا کہ "ہر اس زمین کا جائزہ لو جس کے مالک اسے چھوڑ کر چلے گئے ہوں۔ پھر ان میدانی علاقوں کا جن کو آسمان سیراب کرتا ہے۔ یا جن کو بہنے والے پانی سے سیراب کیا جاتا ہے' ایسی زمینوں میں جو کھجور کے درخت یا اور درخت ہوں ان لوگوں کے حوالہ کر دو' وہ اس کی دیکھ بھال اور سینچائی کریں گے اور اللہ تعالیٰ اس میں جو کچھ بھی پیدا کرے گا اس میں سے عمرؓ اور مسلمانوں کا حصہ دو تہائی ہو گا اور ان کے لئے ایک تہائی۔ اور ان میں سے جس زمین کی سینچائی بڑے ڈول کے ذریعہ کی جاتی ہو اس (کی پیداوار) میں دو تہائی ان کے لئے ہو گا اور ایک تہائی عمر اور مسلمانوں کے لئے۔ میدانوں علاقوں کو ان کے حوالے کر دو کہ یہ اس میں کھیتی کریں۔ جو علاقے بہتے ہوئے پانی سے سینچے جائیں یا جن کو آسمان سیراب کرے ان (کی پیداوار) میں ایک تہائی ان کے لئے ہو گا اور دو تہائی عمر اور مسلمانوں کے لئے اور جو میدانی زمین بڑے ڈول کے ذریعہ سینچی جاتی ہو اس (کی پیداوار) میں ان کے لئے دو تہائی ہو گا اور عمر اور مسلمانوں کے لئے ایک تہائی۔"

(376)

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اسلامی ریاست اپنی بعض املاک مثلاً جنگلات وغیرہ کو ٹھیکہ پر بھی دے سکتی ہے کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و قد بلغنا عن علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنه انه وضع علی اجمة برس اربعة آلاف درهم' و کتب لهم کتابا فی قطعة ادم و انما دفعها الیهم علی معاملة فی قصبها (377)

"ہمیں علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ آپ نے برس کے جنگل کا معاوضہ چار ہزار درہم (سالانہ) مقرر کیا تھا اور ان (ٹھیکہ داروں) کو ایک تحریر چمڑے کے ٹکڑے پر لکھ کر دے دی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ نے ان لوگوں کو یہ جنگل اس کے اندر پائے جانے والے بانس اور نرکل کے ٹھیکہ کے طور پر دیا تھا۔"

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ بنجر زمینوں کی آباد کاری سے بہت سے فوائد وابستہ ہیں اسی سے مخلوق کی زندگی قائم

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے۔ خراج بڑھتا ہے ملک کی دولت و ثروت میں اضافہ ہوتا ہے مویشیوں کے لئے چارہ مہیا ہوتا ہے۔ اشیاء کے نرخ ارزاں ہو جاتے ہیں۔ کسب معاش کے ذرائع بڑھتے ہیں اور معاش میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔

معاشی جدوجہد میں ہر شہری کی عملی شرکت

امام ابو یوسف سب سے زیادہ زور عمل پر دیتے ہیں۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

فان القوۃ فی العمل باذن اللہ(378)

"پس بے شک اللہ ہی قوت عمل عطا کرنے والا ہے۔"

وہ ہر فرد سے یہ خواہش رکھتے ہیں کہ وہ موت سے قبل اقتصادی ترقی کے لئے پوری جدوجہد کرے ان کا موقف یہ ہے کہ انسان کو اپنی قیمتی عمر کا ہر لمحہ نفع بخش کاموں میں گزارنا چاہیے خواہ یہ عمل زراعت ہو یا صناعت یا کوئی اور پیشہ ہو۔ امام ابو یوسف "کتاب الخراج" میں فرماتے ہیں۔

لا توخر عمل الیوم الی غد' فانک اذا فعلت ذلک اضعت ان الاجل دون الامل' فبادر الاجل بالعمل' فانه لاعمل بعد الاجل(379)

"آج کے کام کل پر نہ ٹالیے۔ اگر آپ نے یہ روش اختیار کی تو (ملک کا) ستیاناس کر دیں گے۔ موت انسان کی امیدیں بر آنے سے پہلے ہی آ جاتی ہے۔ موت سے پہلے جو کچھ کر سکیں کر ڈالیے۔ کیونکہ موت کے بعد عمل کا موقع نہیں رہتا۔"

امام ابو یوسف کے نزدیک آج کے کام کو کل پر ڈالنا وقت کا ضیاع ہے اور تضیع اوقات سے آبادکاری کے کاموں میں تاخیر ہوتی ہے اور اس کے نتیجہ میں پوری قوم کی حالت ناگفتہ بہ ہو جاتی ہے۔ آپ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و لا یحبس الطعام بعد الحصاد الا بقدر ما یمکن الدیاس فاذا امکن الدیاس رفع الی البیادر و لا یترک بعد امکانه للدیاس یوما واحدا فانه مالم یحرز فی البیادر نذهب به الاکرة والمارة والطیر والدواب' انما یدخل ضرر ذلک علی الخراج(380)

"فصل کٹنے کے بعد غلہ اتنے ہی عرصہ کھیت میں روکا جائے جتنے عرصہ میں کہ دنوائی کے انتظامات مکمل ہو جائیں' جب یہ ہو جائے تو غلہ کھلیانوں میں منتقل کر دیا جائے۔ اس میں ایک دن کی بھی تاخیر نہ ہو۔ کیونکہ جب تک غلہ کھلیان میں نہ محفوظ کر لیا جائے اسے کاشتکار اور راہ گیر' نیز جانور اور پرندے لے اڑتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں نقصان صرف خراج کا ہوتا ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ششم

امام ابو یوسف کی معاشی اصلاحات

toobaa-elibrary.blogspot.com

کتاب الخراج کے مطالعہ سے قاری پر یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ امام ابو یوسف نے ملکی حالات کا بنظر غائر جائزہ لینے کے بعد چند معاشی اصلاحات (Economic Reforms) بھی پیش کی ہیں۔ دراصل ہارون الرشید کی یہ خواہش تھی کہ وہ اچھے حکمرانوں کی سیرتوں سے سبق حاصل کرتے ہوئے ظلم و ناانصافی کا خاتمہ کرے تاکہ اس کی سلطنت کو معاشی استحکام (Economic Stability) حاصل ہو۔ وہ اس حقیقت سے بھی غافل نہیں تھا کہ اقتصادی تاریخ کے بعض ادوار میں کچھ حکومتوں کی طرف سے اہل خراج کے ساتھ بد سلوکیاں اور ناانصافیاں ہوتی رہی ہیں اور اس کے نتیجے میں پھر متعدد خرابیاں رونما ہوئیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہارون الرشید نے وقت کے اس اہم تقاضے کو محسوس کیا اور امام ابو یوسف کو یہ ذمہ داری (Liability) سونپی کہ وہ ان اقدامات کی طرف راہنمائی کریں جن کے ذریعے عوام کا معاشی استحصال (Economic Extortion) نہ ہو سکے اور حکومت و رعایا دونوں خوشحال ہوں۔ امام ابو یوسف "کتاب الخراج" میں اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

و انما اراد بذلک رفع الظلم عن رعیته والصلاح لامرهم وفق الله تعالٰی امیر المومنین' و سدده و اعانه علی ما تولی من ذلک و سلمه مما یخاف و یحذر و طلب ان ابین له ما سالنی عنه مما یرید العمل به و افسره و اشرحه و قد فسرت ذلک و شرحته(381)

"اس تحقیق سے امیر المومنین کا منشاء یہ ہے کہ اپنی رعایا پر اسے ہر طرح کے ظلم کا ازالہ کریں اور ان کے معاملات درست فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ امیر المومنین کو اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ ان کو راہ راست پر رکھے اور ان کی دست گیری فرمائے۔ اور خوف و خطرہ کی باتوں سے ان کو محفوظ رکھے۔ انہوں نے مجھ سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ بالا جن امور پر وہ عمل درآمد کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ان کی تفصیلات سے آگاہ کروں۔ چنانچہ میں نے ان امور کو کافی تفصیل کے ساتھ واضح کر دیا ہے۔"

یہ اصلاحات اس وقت ہی ممکن تھیں جب حاکم سیاسی لحاظ سے مضبوط ہو اور حکومت کے ذرائع آمدن (Sources of Income) کثیر ہوں۔ خوش قسمتی سے ہارون الرشید کے دور میں یہ سب کچھ ممکن تھا۔

یہاں ایک سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ ہارون الرشید نے ابو عبید اللہ معاویہ بن یسار (م 170ھ / 786ء) کی کتاب کے ہوتے ہوئے دوبارہ اس موضوع پر ایک نئی کتاب کی ضرورت کیوں محسوس کی؟

اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ابو عبید اللہ معاویہ کی کتاب میں ان معاشی مسائل (Economic Problems) کا حل نہیں بتایا گیا تھا جو ہارون الرشید کی حکومت کو درپیش تھے۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ہر نئے حکمران کی یہ خواہش رہی ہے کہ برسر اقتدار آنے کے بعد ٹیکسوں (Taxes) کے بوجھ میں کچھ کمی کر دے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عباسی خلیفہ ابو جعفر منصور (136-158ھ / 754-775ء) نے اپنے بیٹے محمد مہدی (158-169ھ / 775-785ء) کو جو وصیت کی تھی اس میں ہم اس قسم کی نصیحت دیکھتے ہیں۔ ابو جعفر منصور کے الفاظ ہیں۔

و علیک بعمارۃ البلاد بتخفیف الخراج (382)

"اور ٹیکس میں کمی کرکے تم پر شہروں کی آباد کاری لازم ہے۔"

قیاس کیا جاسکتا ہے کہ تخت نشینی کے وقت ہارون الرشید کو بھی نصیحت کی گئی ہو کہ وہ بعض ٹیکسوں کو ختم کردے اور اس نے عوام سے اس قسم کا وعدہ کیا ہو۔ اپنے وعدوں کو وفا کرنے کے لئے اسے ایک جامع قسم کی راہنمائی کی ضرورت تھی جو ابو عبید اللہ معاویہ کی کتاب سے نہیں ملتی تھی۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ ایک ایسا متبحر عالم دین ہو جو ٹیکسوں کا ایک ایسا نظام پیش کرے جو عدل و انصاف پر مبنی ہو۔ ان معاشی مسائل کے بارے میں غور و خوض کرے جو ہارون الرشید کی حکومت کو درپیش تھے اور ان کے حل کے لئے تجاویز پیش کرے۔

ہارون الرشید کی خواہش تھی کہ ٹیکسوں کا نظام سنت رسولؐ اور خلفائے راشدین کے نظام کے مطابق چلے اور بیت المال (Public Treasury) کے مقاصد پورے ہو سکیں۔ اس مقصد کے لئے اسے ایک ایسے ماہر معاشیات (Economist) کی ضرورت تھی جو نہ صرف فقہائے مدینہ کے آثار سے واقفیت رکھتا ہو بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اسے عراق کے احوال سے بھی آگاہی حاصل ہو۔ اور یہ خصوصیت امام ابو یوسف میں بدرجہ اتم موجود تھی۔

امام ابو یوسف کو اس لحاظ سے بھی منفرد مقام حاصل ہے کہ آپ نے انسانی تاریخ میں پہلی بار اس قسم کی معاشی اصلاحات پیش کی ہیں آپ کی اصلاحات کو درج ذیل عنوانات کے تحت بیان کیا جاسکتا ہے۔

----- خراج وظیفہ کی بجائے خراج مقاسمہ کی سفارش

----- خراج کی وصولی میں قبالہ کے نظام کی ممانعت

----- عاملین کی تنخواہیں بیت المال سے دی جائیں۔

----- خراج کی وصولی بروقت کی جائے۔

----- سرکاری غلہ کی وصولی کے جملہ اخراجات حکومت برداشت کرے۔

----- مقاسمہ کے نظام کے تحت اندازہ سے لینے کی ممانعت۔

----- خراج و صدقات کی آمدنیوں کو الگ الگ رکھا جائے۔

----- قیدیوں کی معاش کا بندوبست کیا جائے۔

----- ٹیکسوں کی وصولی صالح اور باصلاحیت افراد کے ذریعے کی جائے۔

----- نظام احتساب کا قیام۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(1) خراج وظیفہ کی بجائے خراج مقاسمہ کی سفارش

خراج کا مفہوم

کلام عرب میں خراج کے معنی کرایہ، محصول اور اجرت و معاوضہ کے ہیں جیساکہ قرآن حکیم کی اس آیت میں ہے۔

أَمْ تَسْأَلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ (383)

"کیا آپ ان سے (تبلیغ کے صلے میں) کچھ مال مانگتے ہیں۔ تو آپ کے پروردگار کا مال بہت اچھا ہے۔"

اس آیت میں خراج کا اطلاق اجرت کے معنی میں ہے۔ حسین بن مسعود، الفراء (م 510ھ / 1117ء) نے آیت کا مفہوم ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

ام تسالهم اجرا (384)

محمود بن عمر الزمخشری (م 538ھ / 1144ء) لکھتے ہیں۔

فخراج = و هو ما تخرجه الى الامام من زكاة ارضك و الى كل عامل من اجرته و جعله (385)

انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے مقالہ نگار نے لفظ خراج کو یونانی زبان سے ماخوذ بتایا ہے۔ (386)

ڈاکٹر اے بن شمس (A. Ben Shemesh) نے اس کی اصل آرامی زبان کے لفظ (Halak) کو بتایا ہے۔ جس سے مراد ٹیکس لیا جاتا تھا۔ (387)

خراج اصطلاحاً "اس اسلامی ٹیکس کو کہتے ہیں جس کو اسلامی حکومت ان اراضی (Lands) سے لیتی ہے جن کو بزور شمشیر فتح کیا ہو یا مالکان نے اس کے دینے پر صلح کر لی ہو۔ (388)

ما تاخذه الدولة من الضرائب على الارض المفتوحة عنوة او الارض التى صالح اهلها عليها (389)

فقہائے اسلام نے اس لفظ کو اجرت و معاوضہ کے مفہوم میں استعمال کیا ہے۔ ابن قدامہ ان زمینوں کے بارے میں جو مسلمانوں نے بزور قوت (by force) فتح کی ہوں، کہتے ہیں۔

و اما الثانى و هو ما فتح عنوة فهى ما اجلى عنها بالسيف و لم تقسم بين

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقسم بين الغانمين فهذه تصير وقفا للمسلمين يضرب عليها خراج معلوم يوخذ منها في كل عام يكون اجرة لها و تقر في ايدي اربابها ما داموا يودون خراجها(390)

"اور (زمینوں کی) دوسری (قسم) وہ ہے جو بذریعہ تلوار قوت سے فتح کی گئی ہوں اور غنیمت حاصل کرنے والوں کے درمیان تقسیم نہ کی گئی ہوں تو وہ (زمینیں) مسلمانوں کے لئے وقف کی ہوں گی۔ ان پر مقررہ خراج لگایا جائے گا جو ان کی اجرت کے طور پر ہر سال لیا جائے گا اور جب تک وہ ان زمینوں کا خراج ادا کرتے رہیں گے یہ زمینیں ان کے مالکوں کے پاس رہیں گی۔"

خراجی زمینوں کی قانونی (Legal) نوعیت یہ ہے کہ ان کی اصل مالک اسلامی ریاست ہے لیکن انہیں بدستور ان کے سابق مالکوں کے پاس رہنے دیا جائے گا۔ ان کی حیثیت موروثی کاشت کاروں (Hereditary Cultivators) کی ہوگی جنہیں بے دخل نہیں کیا جائے گا۔

محمد بن عبدالواحد، ابن الہمام (م 861ھ / 1457ء) اپنی کتاب فتح القدیر میں لکھتے ہیں۔

و لا يتكرر الخراج بتكرر الخارج من الارض في سنة واحدة "لان عمر لم يوظفه مكررا" (391)

"خراج لینے والے کے دوبارہ آنے پر بھی ایک ہی سال میں زمین پر خراج دوبارہ نہیں لگایا جائے گا کیونکہ حضرت عمرؓ دوبارہ (خراج) عائد نہیں کرتے تھے۔"

تاریخ کے مختلف ادوار میں خراج (Land Tax) کے موضوع پر جو کتب تحریر کی گئی ہیں ان کی روشنی میں ہم یہ رائے قائم کر سکتے ہیں کہ لفظ خراج کے ایک عام معنی ہیں اور دوسرے خاص۔

خراج کا عمومی معنی

خراج عمومی معنی کے اعتبار سے ان اموال کو کہتے ہیں جن کے جمع و صرف (collect and consume) کی ذمہ داری حکومت کی ہو۔ اس معنی کے اعتبار سے خراج کا اطلاق ان تمام صدقات واجبہ و نافلہ پر ہو گا جن کی وصولیابی اور ان کے مصارف (expenditures) پر صرف کرنے کا حق حکومت کو ہو۔ امام ابو یوسف اور یحییٰ بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء) نے اپنی کتب میں ان موضوعات کا احاطہ کیا ہے۔(392)

خراج کا خصوصی معنی

خراج اپنے خاص معنی کے اعتبار سے اس ٹیکس (Tax) کو کہتے ہیں جس کو امام وقت کسی قابل کاشت خراجی زمین

toobaa-elibrary.blogspot.com

(The land of khiraj) پر مقرر کرتا ہے۔

للخراج فی اصطلاح الفقهاء معنیان' عام و خاص۔ فالخراج بالمعنی العام - هو الاموال التی تتولی الدولة امر جبایتها و صرفها فی مصارفها' و اما الخراج' بالمعنی الخاص = فهو الوظیفة او الضریبة التی یفرضها الامام علی الارض الخراجیة النامیة(393)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں کلمہ خراج کے عام اور خاص دونوں معنی مراد لئے ہیں۔ جہاں تک کتاب کے عنوان کا تعلق ہے تو اس سے انہوں نے عام معنی مراد لئے ہیں کیونکہ انہوں نے اس میں بہت سے موضوعات (Topics) پر بحث کی ہے۔ مثلاً فئے' خراج' جزیہ' عشور' زکوٰۃ' عشر وغیرہ۔

آپ نے اس کے خاص معنی کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ مفتوحہ اراضی (Conquered lands) کی تقسیم کے بارے میں حضرت عمرؓ بن الخطاب کے موقف کے بارے میں لکھتے ہیں۔

فقال لهم = فما یکون لمن جاء من المسلمین؟ فترک الارض و اهلها' و ضرب علیهم الجزیة' و اخذ الخراج من الارض(394)

"پس آپ نے ان سے یہ فرمایا کہ پھر آئندہ آنے والے مسلمانوں کے لئے کیا بچے گا؟ پس آپ نے زمین اور اس کے باشندوں کو چھوڑ دیا اور ان باشندوں پر جزیہ عائد کر دیا اور زمین سے خراج لیا۔"

خراج کی تاریخ --- عہد ہارون الرشید تک

زمانہ قبل از اسلام سے خراج کی دو مشہور اقسام رائج رہی ہیں۔

(ا) خراج وظیفہ یا مساحہ = (A fixed land tax)

(ب) خراج مقاسمہ = (Khiraj Maquasamah)

(ا) خراج وظیفہ یا مساحہ

یہ رقبہ کے پر یونٹ (Per Unit) پر ٹیکس لگانے کا طریقہ تھا۔ زمین کا محصول رقبہ کے حساب سے ایک متعین شرح (Fixed Rate) کے مطابق وصول کیا جاتا تھا۔ مثلاً اتنے درہم فی جریب (A patch of arable land) اور اتنا غلہ فی جریب۔ خراج کی مقدار کا انحصار زمین کی نوعیت' آبپاشی کا طریقہ' پیداوار کی نوعیت اور بندرگاہوں و مارکیٹوں کی نزدیکی پر ہوتا تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(ب) خراج مقاسمہ

یہ ٹیکس زمین کے رقبہ کے مطابق ادا نہیں کیا جاتا تھا بلکہ پیداوار کے مطابق بطور فصل کے ایک متعین حصہ (Fixed Share) کے طے کر لیا جاتا تھا۔ مثلاً 1/3 یا 1/4 وغیرہ۔

تاریخ

بادشاہوں اور مزارعین (Tenants) کے درمیان نظام المقاسمہ کا طریقہ عہد قدیم سے فارس کی حکومت میں چلا آ رہا تھا۔ قباذ بن فیروز شاہ ایران نے اپنے دور حکومت میں اس نظام کو بدل کر مساحہ کا طریقہ رائج کیا۔ اس کے بیٹے کسریٰ نوشیرواں (531ء-578ء) نے اپنے دور حکومت میں اس تبدیلی کو برقرار رکھا۔ (395) یعنی اس کے دور میں زمین کا محصول رقبہ کے اعتبار سے ایک متعین شرح کے مطابق وصول کیا جاتا تھا۔ مثلاً اتنے درہم فی جریب یا ... اتنا غلہ فی جریب۔

اسلام میں سب سے پہلے حضرت عمرؓ نے اپنے دور حکومت میں عراق و شام کی مفتوحہ زمینوں پر خراج عائد کیا۔ (396) حضرت عمرؓ سے یہ مطالبہ کیا گیا کہ وہ ان علاقوں کو مسلمانوں کی فاتح فوج میں مال غنیمت کی طرح تقسیم کر دیں لیکن انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کیا اور کہا کہ اگر میں ان زمینوں کو اس وقت تقسیم کر دوں تو اس سے مسلمانوں کی آئندہ آنے والی نسلوں کی حق تلفی ہو گی۔ اور تم لوگ فارغ البال ہو جانے کی وجہ سے جہاد میں حصہ نہ لو گے لیکن اگر میں یہ علاقہ ان ہی لوگوں کے ہاتھ میں چھوڑ دوں تو ہماری سرحد دشمنوں کے حملہ سے محفوظ رہے گی۔ اور ہم کو سامان حرب اور رسد برابر وصول ہوتی رہیں گی۔ اسی بناء پر انہوں نے تمام زمین کو اس کے پرانے مالکوں کے ہاتھ میں چھوڑ دیا اور خراج کا انتظام کیا۔ (397)

398

اس مسئلہ میں حضرت عمرؓ نے آیات فئے سے استدلال کیا۔ حضرت عمرؓ کا طریقہ استدلال یہ تھا کہ مال فئے میں اللہ تعالیٰ نے بعد میں آنے والوں کو بھی شریک کیا ہے۔ اگر زمین فاتحین کے درمیان تقسیم کر دی جائے تو بعد میں آنے والے محروم رہیں گے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ایک وقت ایسا آئے کہ غنیمت کی کل جائیداد کا مالک ایک شخص بن جائے اور اس کی اولاد میں وہ لوگ بھی ہوں جو مسلم دشمن اور اسلام مخالف ہوں اور مال غنیمت کو اسلام کی مخالفت اور دوسروں کو اس سے روکنے میں استعمال کریں۔

اور اگر ان زمینوں کو تقسیم نہ کیا گیا تو ان میں صنعاء کے چرواہے کو بھی حصہ مل جائے گا اور اس کی عزت محفوظ رہے گی۔ (399)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں عراق و شام کی زمینوں کے بارے میں حضرت عمرؓ کی پالیسی (Policy) پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ ہم یہاں ان کی بحث کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

عراق کا وہ زرخیز علاقہ جو دجلہ و فرات کے درمیان واقع ہے۔ جس کی سرسبزی و شادابی کی وجہ سے اس کو عرب "سواد عراق" (400) کہا کرتے تھے۔ وہ 16ھ میں فتح ہوا۔ اس سے پہلے شام وغیرہ کے علاقے فتح ہو چکے تھے اور ان میں سے بھی کسی علاقہ کو فوجیوں میں تقسیم نہیں کیا گیا۔ بلکہ حضرت عمرؓ نے سواد عراق کی فتح کے بعد امیر عراق حضرت سعد بن ابی وقاصؓ (م 55ھ / 675ء) کو ان کے خط کے جواب میں یہ ہدایت بھیجی کہ:

اما بعد' فقد بلغنی کتابک تذکر فیه ان الناس سالوک ان تقسم بینهم مغانمهم' و ما افاء الله علیهم - فاذا اتاک کتابی هذا فانظر ما اجلب الناس علیک به الی العسکر من کراع و مال' فاقسمه بین من حضر من المسلمین واترک الارضین والانهار لعمالها لیکون ذلک فی اعطیات المسلمین' فانک ان قسمتها بین من حضر لم یکن لمن بعدهم شئی (401)

"امابعد! مجھے تمہارا خط ملا جس میں تم نے لکھا ہے کہ لوگوں نے تم سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے اموال غنیمت اور جو کچھ اللہ نے انہیں بطور فئے عطا کیا ہے وہ سب ان کے درمیان تقسیم کر دیا جائے۔ میرا یہ خط پہنچنے کے بعد جائزہ لو کہ لوگ تمہارے پاس لشکر میں از قسم مال و مویشی وغیرہ کیا کیا لے کر آئے ہیں۔ ان تمام چیزوں کو تم ان مسلمانوں کے درمیان تقسیم کر دو جو موجود ہوں (اور جنگ میں شریک رہے ہوں) زمینیں اور نہریں ان پر محنت کرنے والوں کے پاس چھوڑ دو تاکہ یہ مسلمانوں کو وظائف جاری کرنے میں کام آئیں۔ اگر تم انہیں بھی موجودہ لوگوں کے درمیان تقسیم کر دو گے تو ان کے بعد آنے والوں کے لئے کچھ بھی باقی نہیں بچے گا۔"

حضرت عمرؓ کے اس فیصلہ سے بعض صحابہ (402) نے اس غلط فہمی کی بنا پر اختلاف کیا کہ سنت نبوی کے مطابق اسے فوجیوں کے درمیان تقسیم ہونا چاہیے مگر حضرت عمرؓ نے اس کو تقسیم کرنے سے انکار کیا۔ لیکن جب ان حضرات کا اصرار بہت بڑھ گیا تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ عام صحابہ سے مشورہ کر لیا جائے۔ (403) ان کی جیسی رائے ہو گی ویسا ہی عمل کیا جائے گا۔ اس طرح اراضی کی تنظیم و تقسیم کے بارے میں مشورہ ہوا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ (م 32ھ / 652ء)، حضرت زبیر بن العوامؓ (م 36ھ / 656ء) اور حضرت بلالؓ (م 60ھ / 680ء) وغیرہ کی رائے یہ تھی کہ مفتوحہ زمین فوجیوں میں تقسیم کر دی جائے۔ اور حضرت علیؓ، حضرت طلحہؓ (م 36ھ / 656ء)، حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت معاذ بن جبلؓ (م 18ھ / 639ء) وغیرھم کی رائے یہ تھی کہ فوجیوں میں تقسیم نہ کی جائے۔ (404)

حضرت عمرؓ نے سب کو جمع کر کے یہ تقریر کی۔ حمد و ثنا کے بعد فرمایا:

toobaa-elibrary.blogspot.com

"میں نے آپ لوگوں کو اس لئے جمع کیا ہے کہ میں نے آپ کے معاملات کی جو ذمہ داری اٹھائی ہے اس میں آپ میری مدد کریں۔ اس لئے کہ میں بھی تمہاری طرح ایک انسان ہوں۔ آج آپ لوگوں کو ایک حق بات کا فیصلہ کرنا ہے۔ اس میں آپ یہ نہ دیکھئے کہ کس نے میری مخالفت کی ہے اور کس نے میری موافقت کی ہے میں نہیں چاہتا کہ آپ میری خواہش اور رائے کی پیروی کریں آپ کے ساتھ میں کتاب اللہ موجود ہے جو خود حق بات کو واضح کر دے گی۔ میں جو کچھ کہوں گا اس کا مقصد اظہار حق ہو گا۔ (اپنی رائے مسلط کرنا نہیں)"۔(405)

اس تمہید کے بعد آپ نے فرمایا:

"کیا آپ حضرات نے ان لوگوں کی باتیں سنیں جو مجھے اس معاملہ میں شک کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ شاید ان کا خیال ہو کہ میں ان کی حق تلفی کرنا چاہتا ہوں۔ حالانکہ کسی فرد کی بھی حق تلفی کرنا میرے نزدیک صریح ظلم ہے۔ معاذ اللہ! خدا شاہد ہے کہ میں نے کبھی کسی معاملہ میں ان پر ظلم کیا ہو یا اب ظلم کرنے کا ارادہ ہو۔ لیکن غور طلب بات یہ ہے کہ عراق و شام فتح ہونے کے بعد اور کونسی زمین رہ گئی ہے جس کی آمدنی سے خلافت کا انتظام سنبھالا جا سکے گا۔ یہ تو محض اللہ کا فضل و کرم ہے کہ اس نے کسریٰ (406) کے اموال' زمین' جائیداد اور جفاکش کام کرنے والوں پر ہمیں غلبہ عطا فرمایا ہے۔ آپ لوگ خود اس کے شاہد ہیں کہ اموال منقولہ میں نے فوجیوں میں تقسیم کر دیئے ہیں۔ خمس (مال غنیمت کا پانچواں حصہ) بھی مناسب محل پر صرف کر دیا گیا ہے۔ اب صرف زمین (جائیداد غیر منقولہ) باقی بچی ہے اس کے متعلق خیال ہے کہ اس کو اس کے آتش پرست مالکوں ہی کے پاس رہنے دیا جائے اور زمین پر خراج (ٹیکس) اور مالکوں پر ان کی جان و مال کی حفاظت کا معاوضہ (جزیہ) مقرر کر دیا جائے تاکہ یہ سب آمدنی اجتماعی مفاد کے کاموں میں خرچ کی جائے اور اس کے ذریعہ فوجیوں کی تنخواہوں اور موجودہ اور بعد کے آنے والے لوگوں کا بندوبست کیا جائے۔

آپ ہی بتائیے کہ کیا یہ ممالک سرحدوں کی حفاظت کے بغیر بیرونی حملوں سے محفوظ رہ سکیں گے۔ کیا جزیرہ' کوفہ' بصرہ' عراق و شام اور مصر وغیرہ کے بڑے شہروں میں ان کی حفاظت کے لئے فوجی چھاؤنیوں کی ضرورت نہ ہو گی؟ اگر زمین تقسیم کر دی جائے تو فوجیوں کی تنخواہیں اور دوسرے لوگوں کے وظیفوں کی رقم کہاں سے آئے گی۔"(407)

ان مصالح کو بیان کرنے کے بعد پھر فرمایا:

"میں نے جو کچھ فیصلہ کیا ہے وہ اپنے جی سے نہیں بلکہ کتاب اللہ کی روشنی میں ایسا کیا ہے۔ پھر

toobaa-elibrary.blogspot.com

انہوں نے سورہ حشر کی چند آیات پڑھیں۔ پہلی آیت و ما افاء اللہ علی رسولہ منھم(408) کے بعد فرمایا کہ یہ بنو نضیر کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور آگے والی آیت ما افاء اللہ علی رسولہ من اھل القری(409) آئندہ تمام فتح ہونے والی بستیوں کے لئے ہے۔ اس کے بعد خدا نے مہاجرین کا ذکر کیا۔ پھر انہیں پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ انصار کا بھی ذکر کیا۔ پھر اس پر بھی اکتفاء نہیں کیا بلکہ آخر میں کہا کہ "والذین جاء و من بعدھم"(410) اور ان لوگوں کے بعد جو آئیں (ان کا بھی حق ہے)"(411)

ان آیات کی تلاوت و تفسیر کے بعد آخری ٹکڑے کے بارے میں فرمایا:

فکانت ھذہ عامۃ لمن جاء من بعدھم' فقد صار ھذا الفی بین ھولاء جمیعا فکیف نقسمہ لھولاء و ندع من تخلف بعدھم بغیر قسم(412)

"تو یہ آیت ان لوگوں (مہاجرین و انصار) کے بعد آنے والے تمام لوگوں کے لئے عام ہے۔ (اس کی رو سے) اب یہ فئے ان تمام قسم کے لوگوں کا مشترکہ حق قرار پا چکی ہے۔ اب یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ ہم اسے انہی لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیں اور ان کے بعد آنے والے لوگوں کو حصہ سے محروم کر دیں۔"

پھر آپؓ نے کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم(413) سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا۔

لو قسمتھا بینھم لصارت دولۃ بین الاغنیاء منکم و لم یکن لمن جاء بعدھم من المسلمین شئی و قد جعل لھم فیھا الحق بقولہ (والذین جاوا من بعدھم) (414)

"اگر میں ان کے درمیان اس کو تقسیم کر دوں تو یہ زمین چند دولت مندوں کی جاگیر ہو کر ان ہی میں گردش کرتی رہے گی۔ اور بعد میں آنے والے مسلمانوں کے لئے کچھ بھی نہیں بچے گا۔ حالانکہ اس میں ان کا حق مقرر کیا گیا ہے۔ اللہ کے اس فرمان کی روشنی میں "اور ان لوگوں کے بعد جو آئیں (ان کا بھی حق ہے)"

حضرت عمرؓ کی اس توضیح کے بعد پوری مجلس نے آپ کی تائید ان الفاظ میں کی۔

الرای رایک' فنعم ما قلت و ما رایت(415)

"آپ ہی کی رائے (صحیح) رائے ہے۔ آپ نے جو فرمایا وہ خوب ہے اور جو رائے قائم کی وہ بہت موزوں ہے۔"

حضرت عمرؓ کی رائے اور فیصلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے امام ابو یوسف فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"حضرت عمرؓ کی یہ رائے کہ آپ نے مجاہدین اور فاتحین کے درمیان زمین تقسیم کرنے سے انکار کر دیا اور اس کی تائید میں قرآن کریم سے دلائل پیش کئے۔ یہ سب محض توفیق الٰہی کا نتیجہ تھا اور کتاب اللہ پر بصیرت حاصل ہونے کی بناء پر تھا۔ جس حقیقت کو حضرت عمرؓ نے پالیا تھا اس میں جماعتی لحاظ سے تمام مسلمانوں کی بھلائی تھی۔ لگان کی آمدنی کو ایک جگہ جمع کر کے عام ضروریات پر خرچ کرنا یہ اس سے کہیں زیادہ بہتر تھا کہ زمین کو چند لوگوں میں تقسیم کر دیا جائے اور وہی لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے رہیں اگر لگان کی آمدنی لوگوں کی تنخواہوں اور وظیفوں کے لئے وقف نہ ہوتی تو سرحدوں کی حفاظت اور فوجیوں کی کفالت کس مال سے کی جاتی اور ظاہر ہے کہ کوئی ملک اس قسم کے انتظامات کے بغیر بیرونی حملوں سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔" (416)

آپؓ نے علاقہ سواد کی پیائش کے لئے حضرت عثمان بن حنیفؓ (م بعد 41ھ / بعد 661ء) کو مقرر کیا کیونکہ وہ زمینوں کی پیائش کے ضمن میں کافی تجربہ اور فہم و بصیرت رکھتے تھے۔ (417) اور ان کے ساتھ حضرت حذیفہ بن الیمانؓ (حذیفہ بن حسل بن جابر' م 36ھ / 656ء) کو معاون کے طور پر بھیجا۔ (418)

اس کا طول علث سے عبادان تک ایک سو پچیس (125) فرسنگ' اور عرض حلوان سے عذیب تک اسی (80) فرسنگ تھا۔ اس طرح اس علاقے کا کل رقبہ تین کروڑ ساٹھ لاکھ (36000000) جریب تھا۔

حضرت عثمان بن حنیفؓ نے زمینوں کی پیائش کر کے حسب ذیل شرحوں (Rates) کے مطابق خراج عائد کیا۔

انگور کے باغ پر فی جریب=	دس (10) درہم
کھجور پر فی جریب=	(آٹھ (8) درہم
بانس اور نرکل پر فی جریب=	چھ (6) درہم
گندم کے کھیت پر فی جریب=	چار (4) درہم
جو کے کھیت پر فی جریب=	دو (2) درہم (419)

یعنی حضرت عمرؓ کے دور میں (13ھ تا 24ھ) عراق کی مالگزاری کا بندوبست اس طرح تھا کہ وہاں کی تمام اراضی کی پیائش کر لی گئی تھی اور ہر جریب زمین پر چاہے وہ مزروعہ ہو یا غیر مزروعہ' خواہ اس میں عملاً "کاشت ہوتی ہو یا نہ ہو' خواہ اس کو کنوئیں سے سینچا جاتا ہو یا نہر سے' ایک مقررہ لگان وصول کیا جاتا تھا۔ دوسرے الفاظ میں ان زمینوں پر خراج وظیفہ یا مساحہ عائد کیا گیا تھا اور اس میں کمی بیشی نہیں ہوتی تھی۔ (420)

بعد ازاں حضرت عثمان غنیؓ (24-35ھ / 645-655ء) اور حضرت علی بن ابی طالبؓ (35-40ھ / 656-661ء) کے ادوار میں بھی یہ نظام اسی طرح چلتا رہا۔ بنو امیہ کے دور میں بھی خراج وظیفہ کے طریقہ میں تبدیلی نہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوئی۔ البتہ عبدالملک بن مروان (65-86ھ / 685-705ء) نے اپنے دور میں یہ تبدیلی کی کہ تحصیل خراج کا حساب کتاب رکھنے کے لئے دفتری معاملات میں یہ ضروری قرار دیا کہ ان علاقوں کی قدیم زبانوں کی بجائے عربی زبان کو استعمال کیا جائے۔(421)

دوسری تبدیلی حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) کے عہد میں رونما ہوئی۔ آپ نے عبدالحمید بن عبدالرحمٰن کو ایک تحریر بھیجی جس میں لکھا کہ غیر مزروعہ زمین پر اتنا خراج نہ لگانا جو آباد زمین پر لگایا جاتا ہے۔ اور نہ آباد زمین کی تشخیص خراج، غیر مزروعہ زمین کے خراج کی شرح سے کرنا۔ جو غیر مزروعہ زمین ہو اسے دیکھ کر اس کی حیثیت کے مطابق خراج عائد کرنا۔ اور جو شخص مسلمان ہو جائے اس سے خراج نہ لیا جائے۔(422)

بنو امیہ کے بعد جب عباسی خلافت قائم ہوئی تو ابوالعباس عبداللہ بن محمد المعروف بہ سفاح (132-136ھ / 749-753ء) اور ابو جعفر منصور (عبداللہ بن محمد) (136-158ھ / 754-775ء) کے ادوار میں خراج وظیفہ پر عمل ہوتا رہا۔ ابو جعفر منصور نے خراج کے ضمن میں خصوصی دلچسپی لی اور اس نظام میں جو خرابیاں پیدا ہو چکی تھیں ان کو دور کرنے کی کوشش کی۔ ابو عبداللہ محمد بن عبدوس الجہشیاری (م331ھ / 942ء) کے بیان کے مطابق ابو جعفر منصور نے حماد الترکی کو علاقہ سواد کے محاصل (Taxes) پر نظر ثانی کے لئے بھیجا۔(423) ابو جعفر منصور کے اقوال سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کوئی حکومت اس وقت تک صحیح نظام نہیں چلا سکتی جب تک کہ خراج کا انتظام صحیح ہاتھوں میں نہ ہو۔(424) اس کے دور میں مشہور ادیب عبداللہ بن المقفع (م142ھ / 759ء) نے ایک یادداشت رسالۃ فی الصحابۃ کی صورت میں خلیفہ کو ارسال کی تھی۔ اس میں دیگر انتظامی معاملات کے علاوہ خراج اور امور خراج کی تنظیم کے بارے میں بھی راہنمائی کی گئی تھی۔ ابن المقفع نے ابو جعفر منصور کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کروائی کہ مختلف شہروں کے والی خراج کی شرحیں خود ہی تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ اس طرح انہیں رعایا پر ظلم و ستم کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اس نے مشورہ دیا کہ یہ شرحیں خود خلیفہ کی طرف سے متعین کی جانی چاہئیں۔(425)

ابو جعفر منصور کے بعد 158ھ / 775ء) میں محمد بن منصور الملقب بہ مہدی خلیفہ بنا۔ اس کے عہد (158-169ھ / 775-785ء) میں یہ تبدیلی رونما ہوئی کہ نظام المساحہ کی بجائے نظام المقاسمہ کو رائج کیا گیا۔(426) اس کے وزیر ابو عبیداللہ معاویہ بن عبیداللہ بن یسار (427) (م170ھ / 786ء) نے مختلف قسم کی زمینوں کے لئے خراج مقاسمہ کی مندرجہ ذیل شرحیں مقرر کیں۔

(ا) چشموں اور بارش سے سیراب ہونے والی زمین کا خراج = پیداوار کا 1/2

(ب) ڈول اور رہٹ سے سیراب ہونے والی زمین = پیداوار کا 1/3

(ج) ضروری محنت اور اور اجرت سے زائد رہٹ کی مدد سے سیراب ہونے والی زمین سے = پیداوار کا 1/4 (428)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگرچہ اس اصلاح سے خراج کی آمدنی میں کافی اضافہ ہو گیا لیکن مہدی نے اپنے دور حکومت میں فضول کاموں پر کافی رقم صرف کر دی اور جب مزید رقم کی ضرورت پڑی تو مصر اور دو آبہ دجلہ و فرات میں خراج کی شرحیں بڑھا دی گئیں۔(429)

چنانچہ بارانی زمینوں کی پیداوار پر ابو عبید اللہ معاویہ کی تجویز کردہ شرح (پیداوار کا 1/2) کو بدل کر اس کی جگہ 3/5 حصہ وصول کرنے کا فرمان جاری کیا۔(430)

اس کے بعد موسیٰ بن مہدی الملقب بہ ہادی (169-170ھ / 785-786ء) کے دور میں بھی یہی شرح نافذ رہی۔(431) خراج کی اس شرح کو غیر معمولی بوجھ سمجھتے ہوئے عوام میں اضطراب پیدا ہونا ایک فطری امر تھا۔ ربیع الاول 170ھ / 786ء) میں جب ہارون الرشید حکمران بنا تو اس نے اپنے وزیر یحییٰ بن خالد البرمکی (م 190ھ / 806ء) کی تجویز پر بارانی زمینوں کے خراج کی شرح 3/5 سے کم کر کے پھر 1/2 کر دی۔(432)

لیکن ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) ابو عبید اللہ معاویہ کی شرحوں سے مطمئن نہ تھا۔ کیونکہ ان سے عوام پر کافی بوجھ پڑ گیا تھا۔ یہ تھے وہ حالات جن میں خلیفہ نے ایک عادلانہ نظام مالیات کی تشکیل کے لئے امام ابو یوسف سے راہنمائی طلب کی۔

امام ابو یوسف کا کردار

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں خراجی زمینوں کے محاصل (Taxes) پر بڑی تفصیل سے گفتگو کی ہے۔ ان زمینوں کے اسلامی مملکت میں شامل ہونے اور ان کے نظام محاصل کی پوری تاریخ بیان کرنے کے بعد انہوں نے نظام المساحہ اور نظام المقاسمہ کا تقابلی جائزہ پیش کیا ہے۔ آپ بڑی تفصیل سے وہ واقعات سامنے رکھتے ہیں جن میں اس نئے نظام کی ضرورت محسوس ہوئی۔

حضرت عمرؓ کے عہد میں ایسی زمین جو زراعت کے لائق نہ ہو یا جس میں عملاً" کاشت نہ ہوتی ہو کم تھی۔ لیکن امام ابو یوسف کے زمانہ میں کاشتکاروں کی مسلسل بدحالی' بہت سے کاشتکاروں کے مسلمان ہونے اور دوسرے پیشے اختیار کرنے' نیز دیگر اسباب کی بناء پر تقریباً سو برس سے ایسی اراضی بہت بڑھ گئی تھی جس میں کاشت نہیں ہوتی تھی۔ اس لئے حالات کا تقاضا تھا کہ مالگزاری کے نظام میں ترمیم کی جائے قاضی صاحب نے پہلے بڑے بڑے ماہرین مالگزاری سے مشورہ کیا مگر کسی نے ایسا حل تجویز نہیں کیا جس سے کاشتکاروں کا بوجھ ہلکا ہوتا' پھر انہوں نے بڑے بڑے کاشتکاروں کی ایک کانفرنس منعقد کی' سب نے یک زبان ہو کر وہ اسباب جو اوپر بیان ہوئے پیش کئے اور کہا کہ ہمارے پاس نہ اتنی رقم ہے اور نہ اتنے آدمی کہ ہم اس زمین کو جو سو برس سے معطل پڑی ہے کاشت کے لائق بنائیں یہ کام آہستہ آہستہ ہونے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کا ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ ہماری مالی حالت بہتر ہو اور وہ اس طرح کہ ہم سے صرف اتنی اراضی کا لگان لیا جائے جو بالفعل زیر کاشت ہو اور لگان اتنا ہو کہ ہم آسانی سے ادا کر سکیں اور کچھ پس انداز بھی کر لیں جس سے معطل اراضی کو لائق کاشت بنایا جا سکے۔

امام ابو یوسف کتاب الخراج میں نظام المساحہ پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

نظرت فی خراج السواد و فی الوجوہ التی یجبی علیھا وجمعت فی ذلک اھل العلم بالخراج وغیرھم و ناظرتھم فیہ فکل قد قال فیہ بما لایحل العمل بہ' فناظرتھم فیما کان وظف علیھم فی خلافۃ عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالٰی عنہ فی خراج الارض واحتمال ارضھم اذ ذاک لتلک الوظیفۃ(433)

"میں نے سواد کے خراج اور اس کے محاصل وصول کرنے کے طریقوں پر غور کیا اس سلسلہ میں میں نے خراج کے متعلق علم رکھنے والوں اور دوسرے حضرات کو جمع کر کے ان سے بحث و مذاکرہ بھی کیا۔ کیونکہ ہر ایک نے اس باب میں ایسی آراء ظاہر کی ہیں جن پر عمل جائز نہیں ہو گا میں نے ان سے ان محاصل کی بابت گفتگو کی جو عمر بن الخطابؓ کے عہد خلافت میں ان لوگوں پر زمین کے خراج کے طور پر عائد کئے گئے تھے اور یہ بات سامنے رکھی کہ اس وقت ان کی زمینیں ان محاصل کا بار برداشت کر سکتی تھی۔"

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں۔

فذکروا ان العامر کان من الارضین فی ذلک الزمان کثیرا و ان المعطل منھا کان یسیرا' و وصفوا کثرۃ العامر الذی لا یعمل و قلۃ العامر الذی یعمل و قالوا - لو اخذنا بمثل ذلک الخراج الذی کان حتی یلزم للعامر المعطل مثل ما یلزم للعامر المعتمل' ثم نقوم بعمارۃ ما ھو الساعۃ غامر و لا نحرثہ لضعفنا عن اداء خراج ما لم نعملہ و قلۃ ذات ایدینا' فاما ما تعطل منذ مائۃ سنۃ واکثر و اقل فلیس یمکن عمارتہ و لا استخراجہ فی قریب' و لمن یعمر ذلک حاجۃ الی مونۃ و نفقۃ لا تمکنہ فھنا عذرنا فی ترک عمارۃ ما قد تعطل (434)

"لیکن ان لوگوں نے یہ کہا کہ اس زمانہ میں زیادہ تر زمینیں آباد تھیں اور ایسی زمینیں کم تھیں جن پر کاشت نہ کی جا رہی ہو' اور اب ایسی کار آمد زمینیں زیادہ ہیں جن پر کاشت نہیں کی جا رہی ہے اور ایسی کار آمد زمینیں کم ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

جن پر کاشت بھی کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ اگر ہم سے اب بھی خراج کی وہی شرحیں وصول کی گئیں جو (حضرت عمرؓ کے زمانہ میں مقرر کی گئی) تھیں تو ان کار آمد زمینوں پر جو زیر کاشت نہیں ہیں وہی مالیہ عائد ہو گا جو زیر کاشت زمینوں پر ہو گا اور پھر ہمیں (لازماً) ان زمینوں کی آبادکاری کا انتظام کرنا ہو گا جو آج کل بالکل بنجر ہو چکی ہیں حالانکہ ان کی کاشت ہم نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ایک تو ہم ان زمینوں کا خراج ادا کرنے سے بھی قاصر ہو رہے ہیں جو زیر کاشت نہیں ہیں اور دوسرے پاس سرمایہ بھی بہت کم ہے رہیں وہ زمینیں جو کم و بیش سو سال سے بے کار پڑی ہیں تو بھی مستقبل قریب میں ان کی بازیافت اور آبادکاری کا امکان نظر نہیں آتا۔ ایسی زمینوں کو آباد کرنے والوں کو اتنے زیادہ مصارف برداشت کرنے ہوں گے جو سردست استطاعت سے باہر ہیں۔ معطل زمینوں کی آبادی کاری سے گریز کا ہمارے پاس یہی عذر ہے۔)"

اس کے بعد امام ابو یوسف کہتے ہیں۔

فرایت ان وظیفة من الطعام - کیلا مسمی او دراهم مسماة توضع علیهم مختلفا - فیه دخل علی السلطان و علی بیت المال' و فیه مثل ذلک علی اهل الخراج بعضهم من بعض اما وظیفة الطعام' فان کان رخصا فاحشا لم یکتف السلطان بالذی وظف علیهم و لم یطب نفسا بالحط عنهم - و لم یقو بذلک الجنود و لم تشحن به الثغور' و اما غلاء فاحشا لا یطیب السلطان نفسا بترک ما یستفضل اهل الخراج من ذلک(435)

"(ان باتوں پر غور کرنے کے بعد) اب میں نے یہ رائے قائم کی ہے کہ محصول کے طور پر غلہ کی کوئی متعین مقدار' یا درہموں کی کوئی متعین تعداد مختلف شرحوں کے ساتھ ان پر عائد کرنا سلطان اور بیت المال کے لئے نقصان کا باعث ہو گا۔ یہ شکل خراج ادا کرنے والی رعایا کے باہمی معاملات کے لئے بھی مضر ہو گی۔

جہاں تک متعین مقدار غلہ کی شکل میں خراج عائد کرنے کا سوال ہے تو اگر غلہ بہت زیادہ سستا ہوا تو سلطان اس مقدار کو کافی نہیں سمجھے گا جو ان پر عائد کی گئی ہے اور نہ وہ بطیب خاطر اس تخفیف کو گوارا کرے گا۔ ان (تھوڑے محاصل) کے ذریعہ فوجوں کی ضروری قوت نہ بہم پہنچائی جا سکے گی اور سرحدوں پر فوجی چوکیوں کا قیام و انتظام ٹھیک طرح نہ ہو سکے گا۔

اگر غلہ بہت زیادہ گراں ہوا تو خراج ادا کرنے والوں کو مقدار مقررہ زیادہ معلوم ہو گی لیکن سلطان کو اس میں تخفیف گوارا نہیں ہو گی)"

نظام المساحہ کی ایک اور خرابی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام ابو یوسف رقم طراز ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

و اما ما یدخل علی اهل الخراج فیما بینهم فلا بدلها تین الطبقتین من مساحة او طرادة و ای ذلک کان غلب علیه اهل القوة اهل الضعف و استاثروا به و حملوا الخراج علی غیر اهله و علی الانکار مع اشیاء کثیرة تدخل فی ذلک لو لا ان تطول لفسرتها(436)

"(غلہ کی مقررہ مقدار یا دراہم کی متعینہ تعداد وصول کرنے کی شکل میں) خراج ادا کرنے والوں کو ایک دوسرے سے جو نقصان پہنچتا ہے اس کی نوعیت یہ ہے کہ ان محاصل کی تحصیل کے لئے (کھیتوں کی) پیائش' یا کسی اور طرح کے نشانات قائم کرنا ناگزیر ہو گا۔ ان میں سے جو شکل بھی اختیار کی جائے' طاقت ور لوگ کمزوروں پر ملسط ہو جائیں گے۔ یہ کام خود اپنے ہاتھ میں لے لیں گے اور خراج کا بار ان لوگوں کے سر ڈال دیں گے جن پر اس کا بار نہیں پڑنا چاہیے۔ باوجود ان کے احتجاج و انکار کے ایسا ہی ہو گا۔ اس کے علاوہ اس سلسلہ میں اور بہت سی قابل توجہ باتیں سامنے آتی ہیں۔ اگر طوالت کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان سب کو وضاحت سے بیان کرتا۔"

ان مندرجہ بالا اقتباسات سے امام ابو یوسف کے معاشی افکار کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

(1) حضرت عمرؓ کے دور میں نظام المساحہ' زمین کی حالت کے مطابق درست تھا۔ اس طریقہ سے کاشتکاروں میں زیادہ محنت اور عمل کا جذبہ پیدا ہوا زمین کی آبادکاری میں اضافہ ہوا' اشیاء کی قیمتیں (Prices) کم ہوئیں۔

(2) حضرت عمرؓ کے دور کے اقتصادی حالات اب بدل چکے ہیں۔ کچھ اراضی (Lands) نمکینی اور کم محنت کی وجہ سے خراب ہو چکی ہیں۔ اس دور میں آباد زمینیں زیادہ تھیں اور ایسی زمینیں کم تھیں جن پر کاشت نہ کی جارہی ہو لیکن اب ایسی کار آمد زمینیں زیادہ ہیں جن پر کاشت نہیں کی جارہی اور ایسی کار آمد زمینیں کم ہیں جن پر کاشت کی جارہی ہے۔ اس لئے حالات میں تبدیلی کا تقاضا یہ ہے کہ نظام (System) میں بھی تبدیلی کی جائے۔

(3) زرعی زمینوں (Agricultural lands) پر متعین مقداروں میں محصول عائد کرنا عدل کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتا۔ یہ طریقہ سلطان اور کاشتکار دونوں کے لئے نقصان دہ ہے۔

فرض کریں کہ محصول غلہ کی ایک متعین مقدار کی شکل میں عائد کیا گیا ہے۔ اب غلہ کی قیمت میں کمی واقع ہو گی یا اضافہ ہو گا۔ اگر قیمت میں کمی واقع ہوئی تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ سلطان کو جو کچھ وصول ہو گا اس کی فروخت سے اس کو اس سے کم آمدنی ہو گی جو غلہ کے سستا ہونے سے پہلے ہوتی تھی چونکہ ریاست کے اخراجات مثلاً فوجیوں کی تنخواہیں' سرحدی چھاؤنیوں کی تعمیر وغیرہ نقد رقوم کے ذریعے پورے کئے جاتے ہیں۔ لہٰذا آمدنی میں کمی سے یہ ذمہ داریاں پوری نہ ہو سکیں گی۔ اگر غلہ کی قیمت میں اضافہ ہو گا تو اس صورت میں کاشتکاروں کو غلہ کی ایک متعین مقدار دینا گراں

toobaa-elibrary.blogspot.com

گزرے گا۔

(4) اگر خراج نقدی کی صورت میں متعین ہو گا تو اس کے نتائج حکومت اور کاشتکار دونوں کے لئے نقصان دہ ہوں گے۔ قیمتیں بلند ہونے کی صورت میں حکومت اور مزارعین دونوں کو کوئی فائدہ نہ ہو گا۔ اس طرح قیمتوں کے بڑھنے اور کم ہونے کی صورت میں نظام المساحہ مناسب نہیں ہے۔ یہ نظام حکومت اور کاشتکار دونوں کے حقوق چھیننے والا ہے۔

(5) یہ نظام عنقریب کاشتکاروں کے مابین ایک دوسرے پر ظلم کرنے کا سبب بنے گا۔ قوی لوگ کمزوروں پر ظلم کریں گے۔ زراعت کے شعبہ میں تمام ممکنہ فوائد وہ حاصل کریں لیں گے جبکہ کمزوروں کے لئے کچھ نہیں چھوڑیں گے۔ خراج کا سارا بوجھ کمزوروں پر ڈال دیا جائے گا اور کاشتکاروں کے درمیان جھگڑے و فسادات بڑھ جائیں گے۔

(6) زمین کے ایک بڑے حصے کے خراب ہو جانے کی وجہ سے خراج کا نظام متاثر ہوا ہے۔ لوگ ایسی زمینوں کی اصلاح کرنے سے اس لئے عاجز ہیں کہ ان کے پاس وسائل کی کمی ہوتی ہے اور وہ اخراجات (Expenses) برداشت نہیں کر سکتے۔ زمین کے بعض حصوں کو آباد کرنا بہت مشکل ہے۔ زراعت نہ کر سکنے کی وجہ سے وہ خراج ادا کرنے سے بھی عاجز ہیں۔ پس نظام وظیفہ کی صورت میں تو زمین پر خراج اس وقت بھی عائد ہو جاتا ہے جب اس میں زراعت ہی نہ کی گئی ہو۔

(7) زمینوں کی آبادکاری کے لئے سخت محنت اور کثیر رقم کی ضرورت ہوتی ہے اور بہتر پیداوار کے حصول کے لئے ایک طویل مدت درکار ہوتی ہے۔

خراج وظیفہ کے نظام کے تحت کاشتکاروں کو جو کچھ ادا کرنا پڑتا ہے وہ ان کی زمین کی پیداوار سے دگنا ہوتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ کاشتکار طبقہ یہ سمجھتا ہے کہ خراج کا یہ نظام ہی ان کی زمین کے خراب ہونے کا سبب ہے۔ امام ابو یوسف اس ضمن میں ان کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں۔

امام ابو یوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ زمینوں کے خراب ہو جانے کی وجہ سے نظام المساحہ کے تحت اگر کاشتکاروں سے خراج وصول کیا جائے گا تو یہ ان پر ظلم ہو گا۔ انہوں نے خراج وظیفہ کی خرابیاں بیان کرنے کے بعد نظام المقاسمہ (پیداوار میں ایک متعین نسبت کے ساتھ شرکت کے اصول) کی سفارش کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہی طریقہ درختوں، کھجوروں اور انگور کی بیلوں والی زمینوں کے لئے بھی اختیار کیا جائے۔ اس طریقے کو وہ حکومت اور کاشتکار دونوں کے لئے زیادہ مفید اور عادلانہ قرار دیتے ہیں۔ کسانوں کی بہتری اور زراعت کی توسیع کے لئے یہ ایک سنہری اصول ہے۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و لم اجد شیئا اوفر علی بیت المال و الا اعفی لاهل الخراج من التظالم فیما بینهم و حمل بعضهم علی بعض، و لا اعفی لهم من عناب و لا تهم و

toobaa-elibrary.blogspot.com

عمالهم من مقاسمة عادلة خفيفة فيها للسلطان رضا و لاهل الخراج من النظالم فيما بينهم و حمل بعضهم على بعض راحة و فضل (437)

"میرے خیال میں پیداوار کے اندر ایک منصفانہ ہلکی سی نسبت سے حصہ دار بن جانا' بیت المال کی آمدنی بڑھانے' خراج ادا کرنے والوں کو ایک دوسرے کی دست درازیوں اور ایک دوسرے پر بے جا بار ڈالنے سے بچانے نیز ان کو والیوں اور دوسرے افسران حکومت کے ظلم و زیادتی سے محفوظ رکھنے کا بہترین طریقہ ہے۔ اس طریقہ سے سلطان بھی راضی رہے گا اور خراج ادا کرنے والے بھی ایک دوسرے کے ظلم و زیادتی سے محفوظ رہتے ہوئے سکھ چین اور کشادہ حالی کی زندگی بسر کر سکیں گے۔

"

امام ابو یوسف کا نقطہ نظر یہ ہے کہ زمانے کے حالات کی تبدیلی کی بناء پر نظام المقاسمہ کی سابق شرحیں قابل عمل نہیں رہیں۔ اب اگر انہیں شرحوں کے مطابق خراج وصول کیا جائے گا تو یہ کاشتکار طبقہ پر ناقابل برداشت بوجھ ہو گا۔ اس کا نتیجہ یہ بر آمد ہو گا کہ لوگ اپنی زمینیں کاشت کرنا چھوڑ دیں گے اور اس طرح بیت المال کی آمدنی میں بھی کمی واقع ہو گی۔ امام ابو یوسف مختلف قسم کی اراضی (Lands) پر محاصل Taxes کی مختلف شرحیں (Rates) تجویز کرتے ہیں۔

رایت ابقی الله امیر المومنین ان یقاسم من عمل الحنطة والشعیر من اهل السواد جمیعا علی خمسین للسیح منه' و اما الدوالی فعلی خمس و نصف و اما النخل والکرم والرطاب والبساتین فعلی الثلث' و اما غلال الصیف فعلی الربع ولا یوخذ بالخرس فی شئی من ذلک ولا یحزر علیهم شئی منه یباع من التجار' ثم تکون المقاسمات فی اثمان ذلک او یقوم ذلک قیمة عادلة لا یکون فیها حمل علی اهل الخراج و لا یکون علی السلطان ضرر' ثم یوخذ منهم ما یلزم من ذلک' ای ذلک کان اخف علی اهل الخراج فعل ذلک بهم' و ان کان البیع و قسمة الثمن بینهم و بین السلطان اخف فعل ذلک بهم (438)

"امیر المومنین کو اللہ باقی رکھے میری رائے یہ ہے کہ وہ سارے باشندگان سواد (439) سے گیہوں اور جو کی کاشت پر چشموں سے بہتے ہوئے پانی سے سیراب ہونے والی زمینوں کی پیداوار کے 5/2 پر معاملہ کریں اور رہٹ سے سیراب کی جانے والی زمینوں میں پانچ اور نصف (یعنی 10/3 پیداوار) پر' کھجور کے درختوں' انگور' پختہ کھجور اور باغات میں ایک تہائی (3/1) پر اور گرمی میں پیدا ہونے

toobaa-elibrary.blogspot.com

والے غلوں میں سے چوتھائی (1/4) پر معاملہ کریں۔ ان میں سے کسی چیز پر بھی خراج کی وصولی اندازہ کر کے نہ ہو۔ نہ ہی کوئی چیز تخمینہ سے طے کی جائے (بلکہ پیداوار) تاجروں کے ہاتھ فروخت کر دی جائے۔ پھر اس کی مجموعی قیمت میں سے حصے تقسیم کر لیے جائیں یا اس کی ایک منصفانہ قیمت لگائی جائے جس میں نہ تو خراج ادا کرنے والوں پر کوئی زیادتی ہو نہ حکومت کا کوئی نقصان۔ اور پھر اس حساب سے ان کے ذمہ جو کچھ نکلتا ہو وہ لے لیا جائے ان دونوں صورتوں میں سے جو صورت خراج ادا کرنے والوں کے لئے سہل تر ہو وہی اختیار کی جائے۔ اگر (پیداوار کو) فروخت کر کے اس کی قیمت کو ان کے اور حکومت کے درمیان تقسیم کر دینا زیادہ سہل ہو تو ان کے ساتھ یہی طریقہ اختیار کیا جائے۔"

امام ابو یوسف نے خراج کے اس مجوزہ نظام کے لئے خیبر کے واقعہ سے استدلال کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح خیبر کے بعد یہ علاقہ یہودیوں کو خراج مقاسمہ پر دیا تھا یعنی ان سے نصف پیداوار پر معاملہ کر لیا تھا۔

امام ابو یوسف اس ضمن میں ان تمام معاملہ احادیث کے حوالے بڑے اچھے انداز سے پیش کرتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں آپ کے نظریہ کے مطابق یہ مقاسمہ کا طریقہ مشہور معاملوں مثلاً مزارعت' مساقات اور کراء الارض کے مشابہہ ہے۔

امام ابو یوسف' حضرت عمر بن الخطابؓ (13-24ھ / 634-645ء) کے طرز عمل سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ ان کا نقطہ نظر یہ ہے کہ آپؓ کے دور میں بعض علاقوں میں کاشتکاروں کے ساتھ پیداوار میں شرکت کے اصول پر معاملہ کیا گیا تھا۔ (440)

امام ابو یوسف کے نزدیک جس طرح کاشتکاروں سے زیادہ وصول کرنا ظلم اور ضرر ہے۔ اسی طرح خراج میں سے کچھ چھوڑ دینا بھی ظلم و ضرر ہے آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و لا یحل لوالی خراج ان یهب لرجل من خراج ارضه شیئا الا ان یکون الامام قد فوض ذلک الیه فقال له = هب لمن رایت ان فی هبتک له صلاحا للرعیة و استدعا الخراج و لا یسع من یهب له والی الخراج شیئا من الخراج - بغیر اذن الامام - قبول ذلک و لا یحل له حتی یودی جمیع ما یجب علیه من الخراج لان الخراج صدقة الارض' و هو فئی لجمیع المسلمین (441)

"محصل خراج کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی فرد کو اس کی زمین کے مالیہ میں سے کچھ بطور امداد

toobaa-elibrary.blogspot.com

بخش دے ایسا وہ صرف اس شکل میں کر سکے گا جب امام اسے اس کا اختیار دے اور یہ ہدایت کرے کہ اگر وہ عوام الناس کی بہبود اور خراج کی آمدنی میں اضافہ کی خاطر کسی کے ساتھ اس طرح کی بخشش مناسب سمجھے تو کر سکتا ہے۔

اگر امام کی اجازت کے بغیر والی خراج کسی فرد کو خراج میں سے اس طرح کی بخشش دیتا ہے تو اس کے لئے اسے قبول کرنا جائز ہو گا۔ اس کی ذمہ داری ہے کہ اپنے اوپر واجب خراج پورا پورا ادا کرے کیونکہ خراج زمین کی زکوٰۃ ہے اور سارے مسلمانوں کے لئے فئے کی نوعیت رکھتا ہے۔)"

امام ابو یوسف نے خراج وظیفہ کی جگہ خراج مقاسمہ تجویز کرتے وقت خراج کی جو شرحیں بیان کی ہیں وہ بظاہر حضرت عمرؓ کی پالیسی سے متضاد نظر آتی ہیں۔ چنانچہ امام ابو یوسف خود اس کا ذکر کرتے ہیں اور پھر اس کا تسلی بخش جواب بھی دیتے ہیں۔ اس ضمن میں امام ابو یوسف کے فکر کا خلاصہ یہ ہے۔

(1) حضرت عمرؓ کے دور میں جو متعین مقدار میں خراج عائد کیا گیا تھا اس کی شرحیں عوام کے لئے قابل برداشت تھیں۔

(2) یہ متعین شرحیں عائد کرتے وقت حضرت عمرؓ کا یہ منشاء ہرگز نہ تھا کہ اس میں تبدیلی ناممکن ہے اور بعد کے خلفاء کو ان میں کمی بیشی کا کوئی اختیار نہیں ہو گا۔

(3) حضرت عمرؓ کی پالیسی یہ تھی کہ عوام پر خراج کا بوجھ کم سے کم ڈالا جائے۔ اور اگر آپ چاہتے تو ان شرحوں میں کمی بیشی کر سکتے تھے اسی لئے تو انہوں نے حضرت حذیفہ بن الیمانؓ اور حضرت عثمان بن حنیفؓ کو یہ کہا تھا کہ شاید تم دونوں نے زمین پر اس کی برداشت سے زیادہ بوجھ ڈال دیا ہے؟ اگر وہ اثبات میں جواب دیتے تو آپ خراج کی شرحوں پر ضرور نظر ثانی کرتے ہوئے کمی کر دیتے۔

(4) ان کا حضرت عمرؓ کو یہ جواب دینا کہ ہم نے اتنا ہی خراج عائد کیا ہے جس کو زمین برداشت کر سکتی ہے بلکہ بہت کم وصول کیا ہے اور اگر ہم چاہتے تو اس سے دوگنا بھی عائد کر سکتے تھے۔ (442) اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت عمرؓ کے دور کی شرحوں میں تبدیلی ممکن ہے اور یہ تبدیلی کرتے وقت زمین کی حالت کو دیکھنا ضروری ہے۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ خراج مقاسمہ کے تحت شرحیں تجویز کرتے وقت ہم نے حضرت عمرؓ کی پالیسی ہی کی پیروی کی ہے تاکہ حکومت کی ضروریات بھی پوری ہوتی رہیں اور عوام بھی ان شرحوں کو اپنے اوپر بوجھ تصور کرتے ہوئے زراعت میں دلچسپی لینا نہ چھوڑ دیں۔ آپ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

فلما راینا ما کان جعل علی ارضھم من الخراج یصعب علیھم و راینا ارضھم غیر محتملۃ لہ و راینا اخذھم بذلک داعیا الی جلائھم عن ارضھم و ترکھم

toobaa-elibrary.blogspot.com

لها - و قد كان عمر رضى الله تعالٰى عنه و هو الذى جعل الخراج عليهم سال عنهم = ايطيقون ذلك ام لا؟ و تقدم فى ان لا يكلفوا فوق طاقتهم' اتبعنا ما امر به و تقدم فيه و رجونا ان يكون الرشد فى امتثال امره - فلم نحملهم ما لا يطيقون و لم ناخذهم من الخراج الا بما تحتمله ارضهم(443)

"اب ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ان لوگوں کی زمینوں پر جتنا خراج عاید کیا گیا تھا اس کی ادائیگی ان کے لئے دشوار ہو گئی ہے۔ اور ان کی زمین اب اسے برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی اگر ہم اب بھی ان پر وہی شرحیں عائد کرتے ہیں تو اس سے ان کے اندر اپنی زمین چھوڑ کر چلے جانے کا رجحان پیدا ہو گا۔ اور اس طرح ہم ان کی جلاوطنی کے اسباب فراہم کر دیں گے۔ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے' جنہوں نے اولاً" ان پر یہ خراج عائد کیا تھا' ان کے بارے میں یہ دریافت کیا تھا کہ وہ اس خراج کو برداشت کر سکیں گے یا نہیں۔ آپ نے ہدایت کی تھی کہ ان لوگوں پر ان کی برداشت سے زیادہ بار نہ ڈالا جائے۔ ان تمام باتوں کے پیش نظر ہم نے یہی مناسب سمجھا کہ اس باب میں اس اصول کی پیروی کریں جس کی تاکید خود عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کی ہے' اور جس کی تلقین آپ نے (اپنے عمال کو) کی تھی۔ ہمیں توقع ہے کہ بھلائی آپ کی ہدایت کی پیروی میں ہی مضمر ہے۔ چنانچہ ہم نے ان لوگوں پر وہ بوجھ نہیں ڈالا جس کو وہ برداشت نہیں کر سکتے۔ اور ان سے صرف اسی قدر خراج وصول کرنے کی تجویز پیش کی جسے ان کی زمین برداشت کر سکے۔"

آپ مزید لکھتے ہیں۔

و مما يدل على ان للامام ان ينقص و يزيد فيما يوظفه من الخراج على اهل الارض على قدر ما يحتملون و ان يصير على كل ارض ماشاء بعد ان لايجحف ذلك باهلها من مقاسمة الغلات او من دراهم على مساحة جربانها ان عمر رضى الله عنه جعل على اهل السواد على كل جريب عامر او غامر قفيزا و درهما' و على الجريب من النخل ثمانية دراهم و قد قالوا انه الغى النخل عونا لاهل الارض' و قالوا انه جعل فيما سقى منه سيحا العشر و فيما سقى بالدالية نصف العشر و ما كان من نخل عملت ارضه فلم يجعل عليه شيئا' و جعل على الكرم والرطاب و غير ذلك مما قد ذكرناه(444)

"امام کو اس بات کا اختیار حاصل ہے کہ وہ اہل زمین پر جو خراج عائد کرے اس میں ان کی قوت برداشت کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مطابق کمی بیشی کر سکے اور اہل زمین پر بے جا بار ڈالنے سے پرہیز کرتے ہوئے ان سے پیداوار میں شرکت یا رقبہ اراضی کے حساب سے نقد مالیہ پر معاملہ کرے۔ اس کی ایک دلیل حضرت عمرؓ کا وہ طرز عمل ہے جو آپ نے باشندگان سواد کے سلسلہ میں اختیار کیا تھا آپ نے ان پر فی جریب ایک قفیز حنطہ اور ایک درہم نقد عائد کیا تھا۔ خواہ زمین زیر کاشت ہو یا نہ ہو۔ نخلستانوں پر آپ نے فی جریب آٹھ درہم عائد کیا تھا۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ نے زمین والوں کی آسانی کے لئے نخلستانوں کو محصول سے معاف رکھا تھا (راویوں نے) کہا ہے کہ آپ نے بہتے پانی سے سینچے جانے والے نخلستانوں پر عشر اور ڈول سے سینچے جانے والے نخلستانوں پر نصف عشر عائد کیا تھا۔ اور جن نخلستانوں کی زمینوں پر (دوسری اجناس کی) کاشت کی جاتی تھی ان پر کچھ محصول نہیں لگایا تھا۔ آپ نے انگور کی بیلوں اور ترکاریوں وغیرہ پر ان شرحوں کے مطابق مالیے عائد کئے تھے جن کا ذکر ہم اوپر کر چکے ہیں۔"

نظام المقاسمہ کے بارے میں اوپر دیئے گئے اقتباسات سے ہم امام ابو یوسف کے معاشی فکر کے درج ذیل نکات اخذ کر سکتے ہیں۔

(ا) یہ طریقہ حکومت اور کاشتکار دونوں کے لئے مفید اور منصفانہ ہے۔

(ب) یہ طریقہ اختیار کرنے سے ملکی پیداوار (Production) اور قومی آمدنی (National Income) میں اضافہ ہو گا۔

(ج) مختلف شرحوں (Rates) کا تعین کرتے وقت انصاف کے پہلو کو پیش نظر رکھا جائے اتنی ہی شرح سے ٹیکس عائد کیا جائے جس سے نہ تو ٹیکس دہندگان (Tax-payers) سے ان کی حیثیت سے بڑھ کر وصول کرنا پڑے اور نہ ہی اتنی کم شرح ہو کہ حکومت کو نقصان کا خطرہ لاحق ہو۔

(د) اگر دونوں (یعنی حکومت اور کاشتکار) کے لئے مناسب ہو تو پیداوار فروخت بھی کی جا سکتی ہے اور اس کی قیمت ٹھیک تناسب سے ٹیکس دہندہ اور حکومت میں تقسیم کر دی جائے۔

(ر) یہ طریقہ کاشتکار طبقہ کو افسران حکومت (Government Officers) کی چیرہ دستیوں سے محفوظ رکھے گا۔

(2) خراج کی وصولی میں قبالہ کے نظام کی ممانعت

قبالہ کا مفہوم

قبالہ کے لفظی معنی ٹھیکہ اور ضمانت کے ہیں۔ قبالہ اور ضمان کو ایک ہی مفہوم کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ضامن کا معنی یہ ہے کہ وہ شخص جو کوئی کام کرنے کی یقین دہانی کراتا ہے یا ضمانت دیتا ہے۔ یعنی قبالہ کی اصطلاح میں یقین

toobaa-elibrary.blogspot.com

دہائی یا ضمانت کا مفہوم پوشیدہ ہے۔ لاک گارڈ (Lokke gaard) کے نزدیک قبالہ یا ضمان بزنطینی ادارہ "Locatio" کے ہم معنی لفظ ہے۔(445)

اکثر مسلم فقہاء اور مورخین جب قبالہ اور ضمان کی اصطلاحات کو خراج کے موضوع میں زیر بحث لاتے ہیں تو وہ ان کی تعریفوں کا تعین نہیں کرتے۔ البتہ مشہور لغت نویسوں نے اپنی کتب میں قبالہ کا مفہوم متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ ابوالفضل محمد بن مکرم' ابن منظور (م 711ھ / 1311ء) نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ (م 68ھ / 687ء) سے مروی ایک حدیث کا حوالہ دے کر بات شروع کی ہے۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

ایاکم والقبالات فانها صغار و فضلها ربا(446)

"القبالات (قبالہ کی جمع) سے دور رہو کیونکہ اس میں عجز و نیاز پایا جاتا ہے اور اس کا منافع ربا ہے۔"

ابن منظور اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ پر ذمہ داری ڈالتے ہوئے خود ہی خراج ادا کیا جائے۔ ابن منظور کا موقف یہ ہے کہ قبالہ 'کفالہ (ضمانت) کی ایک شکل ہے۔(447) فخرالدین بن محمد بن علی' الطریحی (م 1085ھ / 1674ء) اور محمود بن عمر الزمخشری (م 538ھ / 1144ء) دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ قبالہ ضمانت کا نام ہے لیکن یہ ایک فرض بھی ہے اور معاہدہ بھی کہ اس میں ایک کام کا ذمہ لیا جاتا ہے۔ (448)

لغت نویسوں نے جو تعریفیں متعین کی ہیں وہ انتہائی مبہم ہیں اور دوسری اہم بات یہ ہے کہ لغت نویس ضمان الخراج کا ذکر نہیں کرتے جس کی طرف فقہا نے کافی توجہ دی ہے۔

ابتدائی مسلم ماخذوں میں قبالہ دو معنوں میں استعمال ہوتا تھا۔

(ا) یعنی قبالہ لگان کی ایک ایسی شکل ہے جس میں ایک زمیندار فصل کا ایک مقررہ حصہ حاصل کرتا ہے۔

(ب) دوسرا یہ کہ قبالہ کی اصطلاح ٹھیکہ (Tax Farming) کے معنی میں استعمال کی جاتی ہے۔ جس میں ایک ٹھیکہ دار ضمانت دیتا ہے اور ریاست کو یکمشت رقم ادا کر دیتا ہے اور ٹھیکہ شدہ زمین سے لگان اور آمدنیاں حاصل کرنے کا حق حاصل کر لیتا ہے۔(449)

بعض حالات میں کسی شہر کی مقامی آبادی اور انتظامیہ میں لگان کی ادائیگی کے سلسلہ میں ایک اقرار نامہ طے پاتا تھا۔ اس کی رو سے ایک اہم شخص یا رئیس اپنی طرف سے مطلوبہ رقم ادا کر دیتا اور پھر وہ یہ رقم رعایا سے وصول کرتا۔ یہ طریقہ کار اجارہ قبالہ کہلاتا تھا۔ پیش کش کو تقبیل اور نامزد شخص کو متقبل کہتے تھے۔ متقبل اکثر ایک بڑا زمیندار اور علاقے کا بااثر آدمی ہوتا تھا۔ یہ عنصر بے یارومددگار کاشتکاروں کے ناجائز انتفاع (Exploitation) اور بدعنوانی (Corruption) کا سبب بنتا۔(450)

toobaa-elibrary.blogspot.com

قبالہ کی تاریخ --- عہد ہارون الرشید تک

مسلمانوں کی فتوحات سے قبل بزنطینی سلطنت اور ساسانی مملکت میں قبالہ کا نظام رائج تھا۔ بالخصوص بزنطینی ریاست کے مشرقی صوبوں، مصر، فلسطین اور شام میں رعایا سے مختلف ٹیکسوں کی وصولی کے لئے یہی طریقہ متعارف تھا۔ (451) لاک گارڈ (Lokke gaard) کا موقف یہ ہے کہ مسلم دنیا میں ٹیکسوں کی وصولی کے ضمن میں ٹھیکیداری کا نظام رومن دنیا سے بغیر کسی اہم اور قابل ذکر تبدیلی کے لیا گیا ہے۔ (452)

مسلمانوں میں ٹیکسوں کی وصولی کا ٹھیکہ داری نظام بنوامیہ کے دور میں شروع ہوا اور عباسی سلطنت میں اس کو مزید وسعت حاصل ہوئی۔

بنوامیہ کے دور میں زمین کے بڑے بڑے رقبے جو اکثر کئی دیہاتوں یا صوبوں پر مشتمل ہوتے، ٹیکس وصول کرنے والی انتظامیہ کو جو اکثر ایک فرد ہوتا تفویض کر دیئے جاتے تھے۔ وہ ریاست کو ایک مقررہ رقم جو اس کے ذمہ واجب الادا (payable) ہوتی ادا کر دیتا۔ ایسا زمیندار (Landlord) یا جاگیردار ٹیکس دہندگان اور حکومت کے درمیان ایک درمیانے آدمی (Middle Man) کا کردار ادا کرتا اور اسے علاقے میں ایک نیم خودمختار کی حیثیت حاصل ہوتی۔ (453)

دراصل قبالہ کے نظام کے ذریعے حکومت بڑے بڑے زمینداروں اور علاقہ کے بااثر لوگوں کی حمایت حاصل کر کے اپنے اقتدار کو تقویت بخشتی تھی۔ ٹھیکے باقاعدہ نیلام کے ذریعے دیئے جاتے تھے۔ قبالہ کی نیلامی کے وقت سخت مقابلہ ہوتا تھا اور نیلامی میں اپنے حریف پر سبقت حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی تھی۔ مثال کے طور پر الجہشیاری (م 331ھ / 942ء) نے لکھا ہے کہ اموی خلیفہ ہشام بن عبدالملک (105-125ھ / 723-744ء) کے دور میں ایک شخص جس کا نام فروج تھا اس نے دریائے روم کے کنارے زمین کا ایک بڑا رقبہ قبالہ کے طور پر لیا۔ بعد ازاں عراق کے گورنر اور فروج کے درمیان کشمکش شروع ہو گئی جس کے نتیجے میں عراق کے گورنر نے ایک شخص حسن النبطی کو کہا کہ وہ فروج کے قبالہ سے زیادہ رقم کی پیشکش کرے اور اس سے لے کر خود سنبھال لے۔ فروج سے قبالہ لینے میں کامیاب ہونے کے بعد عراق کے گورنر اور حسن النبطی کے درمیان کشمکش شروع ہو گئی جس میں انجام کار گورنر کو اپنے عہدہ سے معزول ہونا پڑا۔ (454) یہی الجہشیاری بیان کرتا ہے کہ برامکہ کی تباہی کے بعد ہارون الرشید نے فارس کے خراج کی وصولی کے لئے ایک ایجنٹ مقرر کیا تھا۔ (455) ابو عمر محمد بن یوسف الکندی (م 350ھ / 961ء) نے اپنی کتاب "ولاۃ مصر" میں اور تقی الدین احمد بن علی المقریزی (م 845ھ / 1441ء) نے "کتاب الخطط المقریزیۃ" میں لکھا ہے کہ ہارون الرشید کے دور میں مصر کے امیر اللیث بن الفضل الیسودی کو ایک بغاوت سے دوچار ہونا پڑا۔ اللیث نے اپنے فوجوں کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ساتھ بغاوت پر قابو پانے کی کوشش کی لیکن ناکام رہا۔ اس نے ہارون الرشید کو یہ خط تحریر کیا کہ وہ خلیفہ کی طرف سے بھیجی گئی فوجی امداد کے بغیر مصر کا خراج اکٹھا نہیں کر سکتا۔ محفوظ بن سلیمان (م 254ھ / 868ء) نے یہ سن کر کہا کہ وہ مصر کا خراج بغیر ایک چھڑی یا کوڑا مارے 'اکٹھا کرنے کی ضمانت دیتا ہے۔ چنانچہ ہارون الرشید نے اللیث کو برطرف کر دیا اور محفوظ بن سلیمان کو مصر کا امیر مقرر کر دیا۔ (456)

قبالہ کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ

امام ابو یوسف کے عہد میں کاشتکار طبقہ بڑے بڑے زمینداروں کا دست نگر اور مجبور محض تھا۔ قانون اور رسم و رواج کی بدولت وہ اس بات کے پابند تھے کہ ٹھیکہ دار (Contractor) کو فصل کا ایک متعین حصہ (Fixed Share) ادا کر دیں۔ یہ ادائیگی (payment) عام طور پر پیداوار (Production) یا نقدی (Cash) کی صورت میں ہوتی۔ دوسرے الفاظ میں ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ یہ نظام کاشتکار طبقہ پر اپنا تسلط قائم رکھنے کے لئے اور انہیں ہمیشہ اپنا محکوم بنانے کے لئے وضع کیا گیا تھا۔ ٹھیکہ دار مزارعین پر اس قدر بوجھ ڈال دیتا جس کو برداشت کرنے کی ان میں طاقت نہ ہوتی۔ نتیجہ کے طور پر یہ طبقہ دیوالیہ (Bankrupt) ہو کر رہ جاتا۔

امام ابو یوسف نے اپنے دور کے اس معاشی استحصال (Economic# Extortion) کا بنظر غائر مطالعہ کر کے' کتاب الخراج میں اس پر تفصیل سے بحث کی ہے یہاں یہ امر پیش نظر رہے کہ قبالہ کے ضمن میں قدیم ترین اور واضح ترین بحث ہمیں امام ابو یوسف کی کتاب الخراج ہی میں ملتی ہے۔ بہت سے شافعی' مالکی اور حنبلی فقہاء (Jurists) نے اپنی کتب میں اس موضوع پر سرے سے بحث ہی نہیں کی۔ اور جن فقہاء نے اس کو موضوع بحث بنایا ہے وہ زیادہ وضاحت نہیں کرتے۔ لیکن امام ابو یوسف کے پاس چونکہ اس کتاب کو لکھنے کی ایک عملی وجہ بھی تھی اس لئے دیگر فقہاء کے برعکس وہ بڑے جامع انداز میں قبالہ کے نظام پر گفتگو کرتے ہیں۔

تحصیل خراج کے ضمن میں امام ابو یوسف نے زیادہ زور اس بات پر دیا ہے کہ حکومت کی طرف سے براہ راست (Direct) ایسے افراد مقرر کئے جائیں جن کی حیثیت ایک عامل کی ہو۔ چنانچہ انہوں نے ٹھیکہ کے نظام کی مخالفت کی ہے ان کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اگر بلاواسطہ طریقے سے لگان اکٹھا کیا جائے تو اس سے ایک بڑی رقم خزانہ میں جمع ہو سکتی ہے۔ جو قبالہ کی صورت میں ضائع ہو جاتی ہے۔

امام ابو یوسف کے نزدیک ٹھیکہ داری کا نظام بدعنوانی (Corruption) کی ایک بدترین شکل ہے۔ اس طرح ٹھیکہ دار کو خراج کی وصولی کے سرکاری ریٹ (Government rate) سے زائد وصول کرنے کا اختیار مل جاتا ہے۔

آپ نے کتاب الخراج میں ہارون الرشید کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ سواد اور عراق کی زمینوں اور ان کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ساتھ ساتھ دوسرے صوبوں میں بھی اراضی کو ٹھیکہ پر دینے کی پالیسی (Policy) کو ترک کردے۔ چنانچہ لکھتے ہیں۔

و رایت ان لا تقبل شیئا من السواد و لا غیر السواد من البلاد فان المتقبل اذا کان فی قبالته فضل عن الخراج عسف اهل الخراج و حمل علیهم ما لا یجب علیهم و ظلمهم و اخذهم بما یجحف بهم لیسلم مما دخل فیه - وفی ذلک و امثاله خراب البلاد و هلاک الرعیة - والمتقبل لا یبالی بهلاکهم بصلاح امره فی قبالته و لعله ان یستفضل بعد ما یتقبل به فضلا کثیرا و لیس یمکنه ذلک الا بشدة منه علی الرعیة و ضرب لهم شدید' و اقامته لهم فی الشمس' و تعلیق الحجارة فی الاعناق' و عذاب عظیم ینال اهل الخراج مما لیس یجب علیهم من الفساد الذی نهی الله عنه' انما امر الله عزوجل ان یوخذ منهم العفو - و لیس یحل ان یکلفوا فوق طاقتهم - و انما اکره القبالة لانی لا آمن ان یحمل هذا المتقبل علی اهل الخراج ما لیس یجب علیهم فیعاملهم بما وصفت لک فیضر ذلک بهم فیخربوا ما عمروا و یدعوه فینکسر الخراج' و لیس یبقی علی الفساد شئی و لن یقل مع الصلاح شئی (457)

"میری رائے یہ ہے کہ آپ سواد یا دوسرے علاقوں کی کسی زمین کو ٹھیکہ پر نہ دیجئے۔ ٹھیکہ دار کو اگر اپنی عمل داری میں خراج کے بعد کچھ بھی فاضل بچتا نظر آتا ہے تو وہ اہل خراج پر ظلم و زیادتی کرتا اور ان پر ایسے بار ڈالتا ہے جو ان پر نہیں پڑنے چاہئیں۔ وہ اپنے ذمہ (سرکاری) رقم کی ادائیگی کی خاطر ان لوگوں پر اتنا بوجھ ڈال دیتا ہے جس سے ان کی کمر ٹوٹ جاتی ہے۔ اس طرز عمل میں رعایا کی ہلاکت اور سارے علاقوں کی تباہی اور ویرانی مضمر ہے۔ ٹھیکہ دار اپنے ٹھیکہ کو بحال رکھنے کے لئے اس کی کوئی پرواہ نہیں کرتا کہ رعایا کو کتنی تباہی سے سابقہ پڑ رہا ہے۔ گمان غالب یہی ہے کہ لوگ ٹھیکہ کی سرکاری رقم ادا کردینے کے بعد بھی خاصی رقم بچا لیتے ہیں اور ظاہر ہے کہ ایسا صرف اس شکل میں ممکن ہے جبکہ یہ رعایا سے سختی کے ساتھ پیش آئیں' ان کو خوب ماریں' دھوپ میں کھڑے رہنے کی سزا دیں اور گردنوں میں پتھر لٹکائیں۔ مختصر یہ کہ اہل خراج کو ناحق بڑے عذاب سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اور ملک میں ایسا فساد برپا ہوتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں روکا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ ہم ان سے ان کی ضرورت سے فاضل مال لیں۔ ان پر ان کی طاقت سے زیادہ بار ڈالنا کسی طرح جائز نہیں۔ میں ٹھیکہ کے طریقہ کو اسی لئے ناپسند کرتا ہوں کہ مجھے یہ اطمینان نہیں کہ ٹھیکہ دار اہل خراج پر بے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جابار نہ ڈالے گا اور ان سے وہ سلوک نہ کرے گا جس کی تفصیل میں نے اوپر بیان کی ہے۔ اس سلوک سے رعایا کو نقصان پہنچے گا اور جن علاقوں کو انہوں نے آباد کر رکھا ہے اسے یہ تباہ کر کے چھوڑ کر چلے جائیں گے جس کے نتیجہ میں خراج کی آمدنی بھی کم ہو جائے گی۔ فساد پھیلایا جائے گا تو کچھ بھی باقی نہ رہے گا اور بھلے طریقہ سے کام چلایا جائے گا تو کوئی کمی واقع نہ ہوگی)"

امام ابو یوسف کے اس بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عباسیوں کے زیر تحت ٹھیکہ داروں کے ذریعے (جو کہ خود بھی بہت بڑے زمیندار ہوتے تھے) کاشتکاروں کا یہ استحصال (Extortion) اور ناجائز انتفاع (Exploitation) ایک اہم اور سنگین مسئلہ بن چکا تھا۔

امام ابو یوسف اس ضمن میں قانونی منطق (Legal Logic) سے کام لیتے ہیں جو کہ حقیقی اعمال سے تعلق رکھتی ہے۔ اور کہتے ہیں کہ ایسا واقع ہوتا ہے کیونکہ ٹھیکہ دار تو مجبور ہوتا ہے کہ وہ اپنے معاہدہ کو (یعنی ٹھیکہ کو) زیادہ سے زیادہ کامیاب بنائے۔ اس مقصد کے لئے وہ مزارعین پر جبراً (by force) نئے ٹیکس عائد کر کے یا مقررہ شرح (Fixed Rate) سے زیادہ وصول کر کے اپنا منافع بنا لیتا ہے اور اپنے کئے گئے خرچہ سے کئی گنا زائد وصول کرتا ہے۔ نتیجہ کے طور پر کاشتکار طبقہ تو مفلس و دیوالیہ (Bankrupt) ہو جاتا ہے لیکن ٹیکس وصول کرنے والے کو اس کی تباہی و بربادی کی قطعاً" کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔ جب تک متقبل کے اپنے معاملات کامیابی سے چلتے ہیں۔ وہ مزارعین کے نقصانات کو کوئی اہمیت نہیں دیتا۔

قبالہ کے نظام کے تحت خراج وصول کرنے والے نے ہمیشہ اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھایا ہے۔ اس کو تو صرف ایک ہی فکر لاحق ہوتی ہے کہ وہ اپنے منافع کو کئی گنا کیسے بڑھا سکتا ہے۔ اور ایسا کرنا ممکن نہیں ہوتا (یعنی منافع کو کئی گنا بڑھانا) سوائے اس کے کہ وہ غریب کاشتکاروں پر ظلم و ستم کے نئے نئے حربے آزمائے۔

امام ابو یوسف کا موقف یہ ہے کہ قبالہ کے معاہدہ کے ذریعہ ایک ٹھیکہ دار ریاست سے صرف ٹیکس اکٹھا کرنے کا اختیار حاصل نہیں کرتا بلکہ اسے کاشتکاروں کی لوٹ کھسوٹ اور ناجائز انتفاع کی ایک خاص سہولت بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ وہ یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ ٹھیکہ داری کا نظام قومی پیداوار (National Production) اور دولت (Wealth) کو بالکل ضائع کر دینے والا نظام ہے۔ اس سے ریاست کی آمدنی میں کمی واقع ہوتی ہے۔ زرعی سرگرمیاں (Agricultural Activities) رک جاتی ہیں اور ملکی پیداوار کم ہو جاتی ہے۔

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اگر انصاف کے ساتھ خراج لیا جائے تو ریاست کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے اور ملک معاشی لحاظ سے خوشحال ہوتا ہے۔ اور ناانصافی سے منفی نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ رحمت انصاف کے ذریعے آتی ہے اور ظلم سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف تنبیہہ کرتے ہیں کہ اس بدعنوانی (Corruption) اور استحصال (Extortion) سے قرآن نے بھی منع کیا ہے۔ (458)

امام ابویوسف زور دے کر یہ بات کہتے ہیں کہ کاشتکار طبقہ کے ناجائز انتفاع (Exploitation) کا کوئی قانونی جواز (Legal Justification) نہیں ہے۔ غرض یہ کہ قبالہ کے بارے میں امام ابویوسف نے جو سخت ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ ان کے نزدیک اس نظام کے ذریعے ظلم و تشدد (Violence) کا دروازہ کھلتا ہے۔

کتاب الخراج کے مطالعہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ٹھیکہ داری کا یہ نظام بڑا محکم اور مضبوط تھا۔ اسی لئے امام ابویوسف نے واضح کیا ہے کہ بعض حالات میں اس نظام سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے لیکن بہرحال اس کے لئے کچھ اصول و ضوابط مقرر کرنے ہوں گے۔ چنانچہ امام صاحب فرماتے ہیں۔

و ان جاء اهل طسوج او مصر من الامصار و معهم رجل من البلد المعروف موسر فقال = انا اتضمن عن اهل هذا الطسوج او اهل هذا البلد خراجهم و رضواهم بذلک فقالوا = هذا اخف علينا - نظر فی ذلک = فان کان صلاحا لاهل هذا البلد والطسوج قبل و ضمن و اشهد عليه وصير معه اميرا من قبل الامام يوثق بدينه و امانته' و يجری عليه من بيت المال' فان اراد ظلم احد من اهل الخراج او الزيادة عليه او تحميله شيئا لا يجب عليه' منعه الامير من ذلک اشد المنع (459)

"اگر کسی ملک یا علاقہ کے باشندے آپ کی خدمت میں حاضر ہوں اور ان کے ہمراہ اس جگہ کا کوئی خوش حال اور معروف آدمی بھی ہو جو آپ سے کہے کہ میں اس علاقہ یا ملک کی طرف سے اس کے خراج کی ادائیگی کا ذمہ لیتا ہوں اور وہاں کے باشندے اس پر رضامندی ظاہر کریں اور کہیں کہ یہ شکل ہمارے لئے زیادہ سہولت کا باعث ہو گی تو آپ کو اس معاملہ پر غور کرنا چاہیے۔ اگر اس شکل کے اختیار کرنے میں اس ملک یا علاقہ والوں کا فائدہ نظر آئے۔ تو اس آدمی کو ٹھیکہ دے دینا چاہیے اور اسے ذمہ دار تسلیم کر کے متعدد افراد کو اس معاہدہ پر گواہ ٹھہرا لینا چاہیے۔ نیز اس فرد کے ہمراہ امام کی جانب سے مقرر کردہ ایک امیر بھیجا جائے جس کی امانت و دیانت پر پورا بھروسہ ہو۔ اس امیر کو بیت المال سے مشاہرہ دیا جانا چاہیے۔ امیر کا کام یہ ہو گا کہ اگر یہ شخص اہل خراج میں سے کسی پر بھی ظلم کرنے' اس کے خراج میں اضافہ کرنے' یا اس پر کوئی ایسا بار ڈالنے کا ارادہ کرے جو اس کے ذمہ نہیں نکلتا تو اسے سختی سے روک دے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

آگے چل کر مزید ہدایات دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

و تقدم الی من ولیت ان لا یکون عسوفا لاھل عملہ و لا محتقرا لھم و لا مستخفابھم' و لکن یلبس لھم جلبابا من اللین یشوبہ بطرف من الشدۃ و لا استقصاء من غیر ان یظلموا او یحملوا ما لا یجب علیھم' واللین للمسلم' والغلظۃ علی الفاجر' والعدل علی اھل الذمۃ و انصاف المظلوم' والشدۃ علی الظلم' والعفو عن الناس' فان ذلک یدعوھم الی الطاعۃ و ان تکون جبایتہ للخراج کما یرسم لہ' و ترک الابتداع فیما یعاملھم بہ(460)

"جن لوگوں کو آپ مامور کریں انہیں پہلے ہی دن جتلادیں کہ انہیں اپنی عمل داری کے باشندوں پر ظلم و زیادتی نہیں کرنی چاہیے۔ نہ ان کی تحقیر و توہین کرنی چاہیے بلکہ تھوڑی سختی اور ہلکی گرفت کے ساتھ مجموعی طور پر نرم خوئی سے کام لینا چاہیے۔ رعایا پر ظلم کرنے یا بے جا بار ڈالنے سے پرہیز کرنا چاہیے اسے مسلمانوں کے ساتھ نرمی' بدکرداروں کے ساتھ سختی' اہل ذمہ سے عادلانہ برتاؤ' مظلوم کی داد خواہی' ظالموں پر سختی اور عام لوگوں کے ساتھ عفو و درگزر کی پالیسی اختیار کرنی چاہیے۔ یہی طریقہ لوگوں کو مطیع و فرمانبردار بنانے والا طریقہ ہے خراج کی تحصیل اسی ضابطہ کے تحت عمل میں لائی جائے جو ان والیوں کے لئے مقرر کر دیا گیا ہو۔ یہ لوگ اپنی طرف سے نئے طریقے وضع کر کے رعایا کے ساتھ کوئی دوسرا سلوک نہ کریں۔"

والمساواۃ بینھم فی مجلسہ و وجھہ حتی یکون القریب والبعید والشریف والوضیع عندہ فی الحق سواء و ترک اتباع الھوی' فان اللہ میز من اتقاہ و اثر طاعتہ و امرہ علی من سواھما(461)

"والی کو چاہیے کہ اپنی مجلس میں تمام لوگوں کے ساتھ مساوی سلوک کرے تاکہ نزدیک اور دور کے لوگ' معزز اور پست حیثیت افراد' سب حق کے معاملہ میں اس کے سامنے بالکل برابر ہوں۔ والی کو اہواء و خواہشات کی پیروی سے بچتے رہنا چاہیے۔ کیونکہ جو لوگ اللہ کا تقویٰ اختیار کرتے اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری کو دوسروں پر ترجیح دیتے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ نے ممتاز قرار دیا ہے۔"

اور آخر میں لکھتے ہیں۔

و انی لارجو ان امرت بذلک و علم اللہ من قبلک ایثارک ذلک علی غیرہ ثم بدل منہ مبدل او خالف منہ مخالف ان یاخذہ اللہ بہ دونک و ان یکتب لک اجرک و ما نویت ان شاء اللہ(462)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"میرا خیال ہے کہ اگر آپ اس طرح کی ہدایات جاری کر دیں اور اللہ تعالیٰ جان لے کہ آپ اس طریقہ کو دوسرے طریقوں پر ترجیح دے رہے ہیں اور پھر کوئی دوسرا (ماتحت افسر) اس میں ترمیم و تبدیلی کر دے یا اس کے خلاف عمل کرے تو اللہ اس کا مواخذہ انہی لوگوں سے کرے گا۔ آپ سے نہیں کرے گا۔ آپ کو وہ ان شاء اللہ آپ کی نیت کا پورا پورا اجر عطا فرمائے گا۔"

امام ابو یوسف کے مندرجہ بالا اقتباسات سے ان کے معاشی فکر کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

(1) ان کے نزدیک قبالہ یا ضمان کے نظام کے تحت صرف اس صورت میں ہی ٹیکس لیا جا سکتا ہے جب خود ٹیکس دہندگان (Tax-Payers) اس میں سہولت محسوس کریں۔

(2) ان کو اس ٹھیکہ دار کی امانت و دیانت پر اعتماد ہو اور وہ خود اس کا نام تجویز کریں۔

(3) ٹھیکہ کے معاہدہ پر گواہ مقرر کرنے چاہیں تاکہ ٹھیکہ دار مقررہ شرح (Fixed rate) سے زیادہ نہ لے سکے۔

(4) منتقبل کی نگرانی کے لئے حکومت کی طرف سے ایک ایسا عہدہ دار مقرر کرنا چاہیے جو اس کو اختیارات کے ناجائز استعمال سے روک سکے۔

(5) ٹیکس کی وصولی کے لئے حکومت کی طرف سے جو قوانین بنائے گئے ہوں' منتقبل کو ان کی مکمل پابندی کرنی چاہیے۔

(6) ٹھیکہ دار کو عوام پر ظلم و زیادتی کرنے اور مختلف طریقوں سے ان کی تحقیر و توہین کی قطعاً" اجازت نہیں دینی چاہیے۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ماضی میں جو قومیں تباہ ہو گئیں' ان کی تباہی کا بڑا سبب یہی تھا کہ اہل اقتدار نے عوام کو ان کے حقوق دینے سے گریز کیا تاکہ لوگ ان حقوق کو قیمت ادا کر کے ان سے خریدیں۔

وہ کہتے ہیں کہ اہل خراج پر ایسا بوجھ ڈالنا جس کی ادائیگی ان کے ذمہ واجب ہی نہیں ہے' ایک واضح ظلم اور ناانصافی ہے۔ (463)

امام ابو یوسف آخر میں خلیفہ کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ وہ جس طرح مناسب سمجھے بیت المال کی آمدنی میں اضافہ کی خاطر اور مسلمانوں کی فلاح و بہبود کو مد نظر رکھتے ہوئے جو بھی طریقہ چاہے اختیار کرے۔ اور ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ ٹھیکہ پر دینے کی صورت میں خلیفہ کو چاہیے کہ وہ منتقبل کو ہر قسم کے ظلم و زیادتی سے باز رہنے کی تنبیہہ کرے اور اگر وہ ان احکام کی پرواہ نہیں کرتا تو اسے سزا بھی دینی چاہیے۔ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و امیر المومنین اعلی عینا بما رای من ذلک و ما رای انه اصلح لاهل الخراج و اوفر علی بیت المال عمل علیه من القبالة والولایة بعد الاعذار

toobaa-elibrary.blogspot.com

والتقدم الی المتقبل والوالی برفع الظلم عن الرعیة والوعید له ان حملهم ما لا طاقة لهم به او بما لیس بواجب علیهم فان فعل ففوا له بما اوعد به لیکون ذلک زاجرا و ناهیا لغیره ان شاء اللّٰه(464)

"اس سلسلہ میں امیرالمومنین بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ٹھیکہ پر دینے یا براہ راست اپنی جانب سے تحصیل خراج کے ذمہ دار والی مقرر کرنے میں سے جو طریقہ ان کو اہل خراج کے لئے بہتر اور بیت المال کے لئے زیادہ آمدنی کا ذریعہ نظر آئے اسے اختیار فرمائیں۔ ٹھیکہ دار یا والی کو رعایا پر ظلم نہ کرنے کی تلقین کرنی چاہیے اور انہیں تنبیہہ کرنی چاہیے کہ اہل خراج پر ان کی طاقت سے زیادہ بار نہ ڈالیں' نہ ان سے ان چیزوں کا مطالبہ کریں جو ان کے ذمہ نہیں۔ اس کے باوجود اگر وہ ایسی حرکتیں کریں تو اپنی دھمکیوں کو عمل کا جامہ پہنائیے۔ تاکہ یہ سزا دوسروں کے لئے تنبیہہ کا کام کرے۔ ان شاء اللہ"

(3) عاملین کی تنخواہیں بیت المال سے دی جائیں

کتاب الخراج کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں مرکزی حکومت کی طرف سے تحصیل خراج کے لئے جو عامل یا والی مقرر ہوتے تھے وہ اپنے ساتھ کچھ ایسے حاشیہ نشین (Fellow Travellers) رکھتے جو سفارش اور تعلقات کی بناء پر عہدے حاصل کرتے تھے یہ لوگ اہل خراج سے ظلم کے ذریعہ رقم حاصل کرتے تھے۔(465)

ایک رواج یہ بھی تھا کہ والی اور اس کے حاشیہ نشینوں (Fellow Travellers) کی جماعت کسی آبادی میں قیام کرتی تو وہاں کے لوگوں سے جبراً" مہمان داری کا حق لیا جاتا جو ان کی استطاعت (P'ower) سے زیادہ ہوتا تھا۔(466)

اسی طرح یہ والی اپنے حاشیہ نشینوں کو یہ اختیار بھی دے دیتے کہ وہ اہل خراج سے اصل رقم کے علاوہ اپنے لئے نذرانے بھی وصول کریں۔ اگر وہ لوگ اس کی استطاعت نہ رکھتے تو ان کو مارا پیٹا جاتا' ان کے جانوروں کو ہانک کر لے جاتے اور بعض اوقات ان کاشتکاروں کو بھی پکڑ کر لے جاتے اور جب تک وہ نذرانوں کی رقم نہ دے دیتے ان کو نہ چھوڑتے۔(467)

امام ابو یوسف نے اس تمام صورت حال کا مشاہدہ کرنے کے بعد ہارون الرشید پر زور دیا کہ خراج اکٹھا کرنے پر جو عامل (Worker) مقرر ہیں' ان کو بیت المال سے باقاعدہ تنخواہیں (Salaries) دی جائیں تاکہ نہ تو اہل خراج پر کوئی ظلم ہو اور نہ ہی ان عمال کو رشوت کھانے کی عادت پڑے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

و یجری علیه من بیت المال(468)

"اور اس امیر کو بیت المال سے مشاہرہ دیا جانا چاہیے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف اس ضمن میں انتہائی احتیاط برتتے ہوئے یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر اہل خراج خود یہ مشورہ دیں کہ ہم والیوں کو اپنی طرف سے روزینہ (Daily allowance) دیں گے تو ان کا یہ مشورہ ہرگز قبول نہ کیا جائے۔ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و لتصیر مع الوالی الذی ولیته قوما من الجند من اهل الدیوان فی اعناقهم بیعة علی النصح لک، فان من نصحک ان لا تظلم رعیتک و تامر باجراء ارزاقهم علیهم من دیوانهم شهرا بشهر ولا تجری علیهم من الخراج درهما فیما سواه، فان قال اهل الخراج نحن نجری علی والینا وحده من عندنا لم یقبل ذلک منهم و لم یحملوه (469)

"اپنے مقرر کردہ والی کے ساتھ آپ درج دیوان فوجیوں کی ایک ایسی جماعت روانہ کیجئے جو آپ سے وفاداری اور خیر خواہی کا عہد کر چکے ہوں ظاہر ہے کہ آپ کے ساتھ خیر خواہی کا ایک تقاضا یہ بھی ہے کہ آپ کی رعایا پر ظلم نہ کیا جائے۔ آپ حکم دیجئے کہ ان سپاہیوں کے مشاہرے ہر ماہ ان کے دیوان سے دیئے جاتے رہیں۔ اس کے علاوہ خراج کی رقم سے انہیں ایک درہم بھی نہ دیا جائے۔ اگر اہل خراج خود سے یہ درخواست کریں کہ ہم لوگ صرف اپنے والی کا مشاہرہ اپنے یہاں سے ادا کر دیا کریں گے تو ان کی یہ درخواست منظور نہیں کرنی چاہیے۔ اور نہ ان پر بار ڈالنا چاہیے۔"

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ اگر والیوں اور ان کے حاشیہ نشینوں کو کھلی چھٹی دی گئی تو اس سے نہ صرف اہل خراج کے حقوق (Rights) پامال ہوں گے بلکہ حکومت کی آمدنی میں بھی کمی ہو جائے گی۔ آپ رقم طراز ہیں۔

و هذا کله ضرر علی اهل الخراج و نقص للفئی مع ما فیه من الاثم (470)

"ان حرکتوں کے کار گناہ ہونے کے علاوہ ان سے اہل خراج کو بے جا تکلیف پہنچتی ہے اور مالیہ کی آمدنی میں بھی کمی آجاتی ہے۔"

اس کے بعد خلیفہ ہارون الرشید کو نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

فمره بحسم هذا وما اشبهه و ترک التعرض لمثله حتی لا یکون مع الوالی من هولاء الذین سمیت احد و یکون ما یوخذ لک من المال من باب حله و لا یوضع الا فی حقه - وتقدم فی اختیار هولاء الجند الذین تصیرهم مع الوالی ولیکونوا من صالحی الجند و من له الفهم والیسر والنعمة منهم ان شاء الله تعالٰی (471)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"آپ والی کو حکم دیجئے کہ ان حرکتوں اور ان جیسے دوسرے کاموں کا سلسلہ فوراً بند کردے اور آئندہ والی کے ساتھ اس قسم کے لوگ نہ لگنے پائیں جن کا ذکر میں نے اوپر کیا ہے۔ ہونا یہ چاہیے کہ آپ کے نام پر جو مال وصول کیا جائے حلال طریقہ سے وصول کیا جائے اور صرف مناسب جگہوں پر حق کے مطابق صرف کیا جائے۔ میں نے جن سپاہیوں کو والی کے ساتھ بھیجنے کا مشورہ دیا ہے ان کے انتخاب کا جلد اہتمام کیجئے۔ یہ لوگ فوج کے بہترین عناصر پر مشتمل ہوں، سمجھ بوجھ رکھتے ہوں اور فارغ البال ہوں ان شاء اللہ تعالیٰ۔"

ڈاکٹر نور محمد غفاری لکھتے ہیں۔

"دراصل امام ابویوسف اس زیادتی کی اس قدر مذمت بیان کرکے اسلامی ریاست کے سربراہ پر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ مزارعین کے بے بس طبقے پر اس کے کارندوں کا یہ ظلم نہ صرف ریاست کی سلامتی کے خلاف ہے بلکہ اللہ کریم کے ہاں بھی جرم عظیم ہے جس کی پکڑ بھی سخت ہے۔ لہٰذا حکمران کا فرض ہے کہ وہ ایسی بے قاعدگیوں کو بیک جنبش قلم ختم کردے۔" (472)

امام ابویوسف تحصیل خراج میں ظلم و زیادتی کی ممانعت کرتے ہوئے ایک جگہ فرماتے ہیں۔

و لا یضر بن رجل فی دراهم خراج و لا یقال علی رجل فانه بلغنی انهم یقیمون اهل الخراج فی الشمس و یضربونهم الضرب الشدید و یطلقون علیهم الجرار و یقیدونهم بما یمنعهم من الصلاة و هذا عظیم عندالله شنیع فی الاسلام (473)

"خراج کی رقم وصول کرنے کی خاطر کسی آدمی کو مارنا یا ایک ٹانگ پر کھڑا رکھنا بھی سراسر ظلم ہے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ افسران خراج لوگوں کو دھوپ میں کھڑا رکھتے ہیں، انہیں سخت مار مارتے ہیں، ان کی گردنوں میں گھڑے لٹکا دیتے ہیں اور انہیں اس طرح پابہ زنجیر کردیتے ہیں کہ وہ نماز بھی نہیں ادا کرسکتے۔ یہ بات اللہ تعالیٰ کی نظر میں بہت ہی بری ہے اور اسلام میں (ایسی سزائیں) انتہائی ناپسندیدہ ہیں۔"

(4) خراج کی وصولی بروقت کی جائے

ہارون الرشید کے دور میں تحصیل خراج کے ضمن میں ایک خرابی یہ بھی پائی جاتی تھی کہ والی اور عامل کاشتکاروں سے بروقت خراج وصول نہ کرتے۔ کئی کئی ماہ غلہ کھیتوں میں پڑا رہتا کیونکہ کاشتکار طبقہ تو مجبور ہوتا تھا کہ وہ ریاست کا حصہ ادا کرنے سے قبل پیداوار کو گھر نہیں لے جاسکتا تھا۔ اس طرح کاشتکار اور ریاست دونوں کو نقصان اٹھانا پڑتا۔

امام ابویوسف "کتاب الخراج" میں زور دے کر یہ بات کہتے ہیں کہ فصل تیار ہوجانے پر اس میں سے سرکاری حصہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

وصول کرنے کا کام جلد از جلد انجام پانا چاہیے تاکہ غلہ کھلیانوں میں خراب نہ ہو۔ کاشتکاروں کا حرج نہ ہو اور ان کی زرعی سرگرمیاں (Agricultural Activities) متاثر نہ ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ تاخیر کرنے سے کاشتکار اور بیت المال دونوں کا نقصان ہوتا ہے۔ خاص طور پر بیت المال کی آمدنی میں کمی واقع ہوتی ہے۔ آپ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و تقدم فی ان یکون حصاد الطعام و دیاسه من الوسط و لا یحبس الطعام بعد الحصاد الا بقدر ما یمکن الدیاس فاذا امکن الدیاس رفع الی البیادر و لا یترک بعد امکانه للدیاس یوما واحدا فانه مالم یحرز فی البیادر نذهب به الاکرة والمارة والطیر والدواب انما یدخل ضرر ذلک علی الخراج فاما علی صاحب الطعام فلا لان صاحب الطعام یاکل منه فیما بلغنی و هو سنبل قبل الحصاد الی ان یبلغ المقاسمة فحبس الطعام فی الصحراء والبیادر ضرر علی الخراج و اذا رفع الی البیادر وصیر اکدسا اخذ فی دیاسه - و لا یحبس الطعام اذا صار فی البیادر الشهر والشهرین والثلاثة لا یدلس فان فی حبسه فی البیار ضررا علی السلطان و علی اهل الخراج و بذلک تتاخر العمارة والحرث(474)

"آپ ہدایت کر دیجئے کہ غلہ کی کٹائی اور دنوائی کا کام بہترین طریقہ پر انجام پانا چاہیے۔ فصل کٹنے کے بعد غلہ اتنے ہی عرصہ کھیت میں روکا جائے جتنے عرصہ میں کہ دنوائی کے انتظامات مکمل ہو جائیں' جب یہ ہو جائے تو غلہ کھلیانوں میں منتقل کر دیا جائے اس میں ایک دن کی بھی تاخیر نہ ہو۔ کیونکہ جب تک غلہ کھلیان میں نہ محفوظ کر لیا جائے اسے کاشتکار اور راہ گیر' نیز جانور اور پرندے لے اڑتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں نقصان خراج کا ہوتا ہے نہ کہ فصل کے مالک کا۔ کیونکہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ فصل کا مالک فصل کٹنے اور غلہ کی تقسیم عمل میں آنے سے پہلے بھی' جب غلہ بالیوں میں ہوتا ہے اس میں سے لے کر کھاتے رہتے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ غلہ کو میدانوں اور کھلیانوں میں پڑا رہنے دینا خراج کے لئے باعث نقصان ہے جب غلہ کھلیانوں میں پہنچ جائے اور اس کے الگ الگ ڈھیر لگا دیئے جائیں تو اس کی دنوائی شروع ہو جانی چاہیے۔ کھلیان میں پہنچ جانے کے بعد غلہ کو کئی مہینہ تک بغیر دنوائی کے پڑا رہنے دینا غلط ہے کیونکہ اس سے ریاست کا بھی نقصان ہوتا ہے اور خراج ادا کرنے والوں کا بھی۔ اس تاخیر کے نتیجے میں آئندہ فصل اور گرہستی کے دوسرے کاموں میں بھی تاخیر ہوتی ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

(5) سرکاری غلہ کی وصولی کے جملہ اخراجات حکومت برداشت کرے

ہارون الرشید کے دور میں ٹیکسوں کی وصولی کے ضمن میں بہت سی بے اعتدالیاں پائی جاتی تھیں۔ اہل خراج سے اصل رقم کے علاوہ بعض ایسے مطالبے بھی کئے جاتے تھے جو ان کے ذمہ واجب الادا (Payable) نہیں ہوتے تھے۔ مثلاً:

(1) ٹیکس وصول کرنے والوں کی یومیہ اجرت (Daily Wage) بھی کاشتکاروں سے لی جاتی تھی۔

(2) اناج کو ناپنے اور اس کو اکٹھا کرنے کے لئے مزدوروں کو جو معاوضہ دیا جاتا وہ بھی ٹیکس دہندگان (Tax-payers) ہی سے وصول کیا جاتا۔

(3) ٹیکسوں کی وصولی کا حساب کتاب رکھنے کے لئے جو رجسٹر و کاغذات وغیرہ استعمال ہوتے ان کی قیمت بھی اہل خراج ہی سے لی جاتی۔

(4) ٹیکس وصول کرنے والوں کے قیام و طعام کے تمام اخراجات بھی ٹیکس دہندگان کو برداشت کرنے پڑتے۔

(5) سرکاری غلہ کی باربرداری (Carrier) کے اخراجات (Expenses) بھی کاشتکاروں کے ذمہ ڈال دیئے جاتے۔

(6) اگر سرکاری حصہ کے حمل و نقل کے وقت غلہ میں کمی واقع ہو جاتی' خواہ وہ سرکاری اہل کاروں کی غفلت یا بد دیانتی کی وجہ سے ہی کیوں نہ ہوتی اس کی تلافی کے لئے بھی اہل خراج ہی کو مجبور کیا جاتا۔

(7) کاشتکاروں کو اس بات پر مجبور کیا جاتا کہ وہ غلہ کے سرکاری حصہ (Crown Share) کے بھوسہ کو اپنے پاس رکھیں اور اس کی قیمت ادا کریں' خواہ ان کو اس بھوسہ کی ضرورت ہی نہ ہو۔

(8) کاشتکار جب خراج کی ادائیگی کے لئے درہم لے کر آتے تو ان سے کچھ درہم یہ کہہ کر لے لئے جاتے کہ یہ ان درہموں کی بھنائی یا بٹہ ہے۔ (475)

امام ابو یوسف ایسے معاشی مفکر نے ان تمام مروجہ طریقوں کی مذمت کی ہے اور ان کو اہل خراج پر ظلم و زیادتی سے تعبیر کیا ہے۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ کاشتکار تو صرف اپنے غلہ کا ایک مقررہ حصہ حکومت کو دینے کے پابند ہیں۔ اس حصہ کے علاوہ باقی ہر قسم کے اخراجات حکومت خود برداشت کرے۔ وہ بڑے واضح انداز میں ہارون الرشید کو تاکید کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ٹیکس دہندگان پر کسی قسم کا اضافی بوجھ نہیں ڈالنا چاہیے۔ چنانچہ آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و لا یوخذ اهل الخراج برزق عامل و لا اجر مدی و لا احتفان و لا نزلة و لا حمولة طعام السلطان و لا یدعی علیهم بنقیصة فتوخذ منهم' و لا یوخذ منهم ثمن صحف و لا قراطیس و لا اجور الفیوج و لا اجور الکیالین و لا مونة لاحد علیهم فی شئی من ذلک و لا قسمة و لا نائبة سوی الذی و صفنا

toobaa-elibrary.blogspot.com

من المقاسمة و لا یوخنو باثمان الاتبان و یقاسموا الاتبان علی مقاسمة الحنطة والشعیر کیلا اوتباع فیقسم ثمنها علی ما وصف من القطیعة فی المقاسمة(476)

"اور اہل خراج سے کسی عامل کا روزینہ' اناج ناپنے یا اس کو اکٹھا کرنے کی اجرت' وصول کنندگان کے قیام کے اخراجات یا سرکاری غلہ کی باربرداری کے اخراجات کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا۔ (حمل و نقل وغیرہ میں) خراج کے غلہ میں کمی واقع ہو جائے تو ان لوگوں پر اس کا الزام لگا کر اسے پورا کرنے کا مطالبہ غلط ہے۔ کاغذات اور رجسٹر کی قیمت' ہرکاروں کی اجرت' یا ناپنے والوں کی اجرت ان سے نہیں لی جائے گی۔ کسی کے لئے ان میں سے کسی چیز کی فراہمی ان کے ذمہ نہیں۔ ریاست اور کاشتکاروں کے درمیان طے شدہ نسبتوں سے غلہ کی تقسیم کے علاوہ جس کا ذکر ہم نے اوپر کیا ہے' اہل خراج پر کوئی اور ذمہ داری' یا کسی قسم کا ہنگامی بار ڈالنا غلط ہے۔ ان لوگوں سے (سرکاری حصہ کے) بھوسہ کی قیمت کا مطالبہ نہیں کرنا چاہیئے۔ بلکہ گندم اور جو کی طرح بھوسہ بھی تاپ کر تقسیم کر لینا چاہیئے۔ یا اسے فروخت کر کے اس کی قیمت باہم تقسیم کر لینی چاہیے۔ جیسا کہ میں نے مقررہ و متعینہ معاملہ میں بٹائی کے سلسلہ میں بیان کیا ہے۔"

مزید لکھتے ہیں۔

و لا یوخذ منهم ما قد یسمونه رواجا للدراهم یودونها فی الخراج' فانه بلغنی ان الرجل منهم یاتی بالدراهم لیودیها فی خراجه فیقتطع منها طائفة و یقال هذا رواجها و صرفها(477)

"اور ان سے (یعنی اہل خراج سے) بٹہ کے نام پر اس میں سے کچھ نہ لیا جائے جو وہ خراج کی ادائیگی میں دیتے ہیں۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ اگر ایک آدمی خراج کی ادائیگی کے لئے درہم لے کر آتا ہے تو اس سے کچھ درہم یہ کہہ کر لے لئے جاتے ہیں کہ یہ ان درہموں کی بھنائی اور بٹہ ہے۔"

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں۔

و لیس ینبغی للعامل و لا یسعه ان یدعی علی اهل الخراج ضیاع غلة فیاخذ بذلک السبب اکثر من الشرط(478)

"کسی سرکاری افسر کے لئے یہ کسی طرح مناسب نہیں کہ کاشتکاروں کے اوپر کچھ غلہ ضائع کر دینے کا الزام لگا کر ان سے اس مقدار سے زیادہ غلہ وصول کرے جو طے شدہ شرائط کی رو سے وصول کیا جانا چاہیے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

(6) مقاسمہ کے نظام کے تحت اندازہ سے لینے کی ممانعت

خلافت بنوعباس میں محمد بن منصور الملقب بہ مہدی (158-169ھ / 775-785ء) کے دور سے خراج مقاسمہ کا نظام متعارف ہوا۔ لیکن پیداوار کی تقسیم کے موقع پر سرکاری حصہ کا تعین کرتے وقت عدل و انصاف کو مد نظر نہیں رکھا جاتا تھا۔ سرکاری کارندے اصل حصہ سے زائد وصول کرنے کی خاطر پیمانہ سے غلے کا وزن نہ کرتے۔ محض اندازہ و تخمینہ سے خراج وصول کیا جاتا۔ بعض اوقات غلہ ناپنے کے لئے پیمانوں میں بھی فرق رکھا جاتا۔ خراج کی وصولی کے لئے بڑے پیمانے استعمال ہوتے اور کاشتکاروں کے حصوں (Shares) کا تعین چھوٹے پیمانوں سے کیا جاتا۔

امام ابویوسف نے خراج مقاسمہ کی ان بڑی خرابیوں کو دور کرنے کی بھی سفارش کی ہے۔ آپ کی رائے یہ ہے کہ ان طریقوں سے کاشتکار طبقہ کے حقوق غصب کئے جاتے ہیں۔ اور یہ کسی قوم و ملک کی تباہی کا سبب بنتے ہیں آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

ولا یخرص علیهم ما فی البیادر و لا یحزر علیهم حزرا ثم یوخذوا بنقائص الحزر، فان هذا هلاک لاهل الخراج و خراب للبلاد (479)

"یہ طریقہ درست نہیں کہ کھلیان میں رکھے ہوئے غلہ کی مقدار ظن و تخمین کے ذریعہ طے کی جائے اور بعد میں اگر مقدار اس سے کم نکلے تو اس کا مواخذہ کاشتکاروں سے کیا جائے۔ پس اس طریقہ سے اہل خراج کی تباہی اور شہروں کی بربادی ہوگی۔"

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں۔

و اذا دلیس الطعام و ذری قاسمهم و لا یکیله علیهم کیل بزیهاب ثم یدعه فی البیادر الشهر والشهرین ثم یقاسمهم فیکیله ثانیة فان نقص عن الکیل الاول قال - اوفونی و اخذ منهم ما لیس له، و لکن اذا دیس الطعام و وضع فیه القفیز قاسمهم و اخذ حقه و لا یحبسه و لا یکیل للسلطان کیل بزیهار و للاکار کیل السرد بل یکون کیلا واحدا بین الفریقین سردا مرسلا (480)

"غلہ کی دنوائی اور صفائی ہو جانے پر افسر اس کی تقسیم عمل میں لا کر اپنا اور کاشتکاروں کا حصہ الگ الگ کرے گا لیکن اس ناپ تول میں وہ کاشتکاروں کے ساتھ بے انصافی نہ کرے۔"

یہ طریقہ بھی نہیں اختیار کیا جانا چاہیے کہ اس تقسیم اور ناپ تول کے بعد بھی غلہ مہینہ دو مہینہ تک کھلیان ہی میں پڑا رہنے دیا جائے اور اتنے عرصہ بعد دوبارہ ناپ تول اور تقسیم عمل میں لائی جائے اور اگر اس بار

toobaa-elibrary.blogspot.com

غلہ کی مقدار پہلی ناپ تول کے اعتبار سے کم نکلے تو افسر کاشتکاروں سے اس نقصان کو بھرنے کا مطالبہ کر کے بغیر کسی حق کے ان سے مزید غلہ وصول کرے۔ ہونا یہ چاہیے کہ جب غلہ کی دنوائی اور صفائی ہو جائے اور اسے تفیز سے ناپ لیا جائے تو افسر اس کی تقسیم عمل میں لا کر اپنا حق علیحدہ کر لے اور اس کے بعد غلہ کو وہاں نہ پڑا رہنے دے۔ یہ بھی نہ ہو کہ ناپنے میں سلطان کے لئے تو زیادہ لیا جائے اور کاشتکاروں کے لئے بالکل ٹھیک ٹھیک ناپا جائے بلکہ دونوں فریقوں کے لئے ٹھیک ٹھیک اور یکساں ناپ ہونی چاہئے۔"

(7) خراج وصدقات کی آمدنیوں کو الگ الگ رکھا جائے

ہارون الرشید کے دور میں مختلف اموال کی آمدنیوں کو ایک ہی مصرف پر خرچ کر دیا جاتا تھا۔ خراج وصدقات کے مصارف کا تعین کرتے وقت کوئی احتیاط نہیں برتی جاتی تھی۔

امام ابو یوسف کے نزدیک خراج کی آمدنی چونکہ تمام مسلمانوں کی مشترکہ ملکیت (Common ownership) ہے اس لئے وہ ہارون الرشید کو بڑے زوردار الفاظ میں تاکید کرتے ہیں کہ اس مد کی آمدنی کو صدقات اور عشور کی آمدنی کے ساتھ جمع نہ کیا جائے۔ اس کا حساب کتاب الگ رکھنا چاہیے۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و لا ینبغی ان یجمع مال الخراج الی مال الصدقات والعشور لان الخراج فئی لجمیع المسلمین والصدقات لمن سمی اللّٰہ عزوجل فی کتابہ (481)

"اور خراج کے مال کو صدقات اور عشور کے مال میں ملانا مناسب نہیں کیونکہ خراج سارے مسلمانوں کے لئے فئے کی نوعیت رکھتا ہے اور صدقات صرف ان لوگوں کا حق ہیں جن کے نام اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں گنا دیئے ہیں۔"

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اسلامی حکومت مسلم و غیر مسلم تاجروں سے جو عشور کا ٹیکس لیتی ہے اس کو بھی ایک ہی مد میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و کل ما اخذ من المسلمین من العشور فسبیلہ سبیل الصدقۃ و سبیل ما یوخذ من اھل الذمۃ جمیعا و اھل الحرب سبیل الخراج (482)

"اور مسلمانوں سے چنگی کے طور پر جو کچھ لیا جائے گا اس کی حیثیت زکوٰۃ کی ہوگی۔ مختلف طرح کے ذمیوں اور حربی افراد سے جو چنگی وصول کی جائے گی اس کی نوعیت خراج کی ہوگی۔"

امام ابو یوسف تو یہاں تک کہتے ہیں کہ دونوں مدوں (یعنی خراج و صدقات) کے تحصیلدار بھی الگ الگ ہونے

toobaa-elibrary.blogspot.com

چاہیں۔ آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

و لا تولها عمال الخراج - فان مال الصدقة لا ينبغي ان يدخل في مال الخراج

(483)

"اور (صدقات کی تحصیل کے) اس کام کو خراج وصول کرنے والے افسران کے ذمہ نہ کیجئے۔ کیونکہ صدقہ کے مال کو خراج کے مال کے ساتھ غلط ملط نہیں ہونا چاہیے۔"

(8) قیدیوں کی معاش کا بندوبست کیا جائے

بنو عباس کے دور میں ایک غلط طریقہ یہ رائج ہو گیا تھا کہ وہ افراد جو مختلف جرائم میں گرفتار ہو کر قید میں چلے جاتے تھے' ان کی بنیادی ضروریات مثلاً روٹی اور کپڑا کے لئے بیت المال سے کچھ بھی انتظام نہیں کیا جاتا تھا۔ ان قیدیوں کو روزانہ ہتھکڑیوں اور بیڑیوں کے ساتھ کچھ آدمیوں کی نگرانی میں باہر لے جایا جاتا تھا اور وہ بھیک مانگ کر اپنی خوراک اور لباس کی ضروریات پوری کرتے تھے۔ (484)

اگر کوئی لاوارث قیدی فوت ہو جاتا تو اسے بلا غسل و کفن اور نماز جنازہ ادا کئے بغیر ہی دفن کر دیا جاتا۔ (485)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ان طریقوں کی مذمت کی ہے وہ انہیں اسلامی ریاست اور مسلمانوں کے لئے لمحہ فکریہ قرار دیتے ہیں۔ وہ ہارون الرشید سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ یہ طریقے فوراً بند کر دیئے جائیں اور ان قیدیوں کے لئے خوراک اور کپڑے کا باعزت انتظام ہونا چاہیے۔ نیز لاوارث قیدیوں کی تجہیز و تکفین بیت المال سے کی جائے۔

وہ خلیفہ کی طرف سے کئے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر وہ مالدار ہیں تو پھر ان کے مال سے خرچ کیا جائے گا اور اگر وہ نادار ہیں تو پھر بیت المال سے ان کے روزینے کا انتظام کیا جائے۔

اس ضمن میں امام ابو یوسف نے حضرت علیؓ کے اس قول پر اپنے فکر کی بنیاد رکھی ہے۔

فان كان له مال انفق عليه من ماله' و ان لم يكن له مال انفق عليه من بيت مال المسلمين' و قال يحبس عنهم شره' و ينفق عليه من بيت مالهم (486)

"اگر وہ آدمی صاحب مال ہوتا تو اس پر اسی کے مال میں سے صرف کیا جاتا۔ بصورت دیگر آپ اس کے اخراجات کا بار مسلمانوں کے بیت المال پر ڈال دیتے۔ اور انہوں نے کہا ہے! ان لوگوں کو اس آدمی کے شر سے محفوظ رکھا جائے گا اور اس کے مصارف ان کے بیت المال سے ادا کئے جائیں گے۔"

امام ابو یوسف نے حضرت عمر بن عبد العزیز (99-101ھ / 717-719ء) کا ایک فرمان بھی نقل کیا ہے جو انہوں نے قیدیوں کی معاش کے بارے میں جاری کیا تھا۔ آپ نے فرمایا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

و اجروا علیهم من الصدقة ما یصلحهم فی طعامهم و ادسهم(487)

"اور صدقہ کی مد سے ان کے لئے اتنا روزینہ مقرر کردو کہ جو ان کے کھانے اور سالن کے لئے کافی ہو۔"

چنانچہ ان آثار کی روشنی میں امام ابو یوسف فرماتے ہیں۔

لا بد لمن کان فی مثل حالهم انا لم یکن له شئی یاکل منه لا مال و لا وجد شئی یقیم به بدنه ان یجری علیه من الصدقة او من بیت المال' من ای الوجهین فعلت فذلک موسع علیک' واحب الی ان تجری من بیت المال علی کل واحد منهم ما یقوته' فانه لا یحل و لا یسع الا ذلک

قال = والاسیر من اسری المشرکین لا بد ان یطعم و یحسن الیه حتی یحکم فیه' فکیف برجل مسلم قد اخطا او اذنب = یترک یموت جوعا؟ و انما حمله علی ما صار الیه القضاء او الجهل' و لم تزل الخلفاء یا امیر المومنین تجری علی اهل السجون ما یقوتهم فی طعامهم و ادسهم و کسوتهم الشتاء والصیف(488)

"جو افراد اس حال میں ہوں اور ان کے پاس کھانے کے لئے اور اپنی زندگی کی دوسری ناگزیر ضروریات کی تکمیل کے لئے نہ کچھ مال ہو نہ کوئی اور ذریعہ میسر ہو' ان کے لئے صدقہ یا بیت المال کی دوسری مدات سے کچھ انتظام کرنا بہرحال ضروری ہے۔ آپ یہ انتظام صدقہ کی مد سے کریں یا بیت المال کی دوسری مدات سے' دونوں کی گنجائش ہے۔ میرے نزدیک زیادہ بہتر یہ ہے کہ آپ ہر ایسے فرد کے لئے بیت المال سے بقدر ضرورت روزینہ مقرر کردیں۔ اس کے علاوہ کوئی سلوک نہ جائز ہوگا' نہ اس کی گنجائش ہے۔

(غور فرمایئے) جو مشرک ہمارے یہاں قید میں ہوں ان کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے کے وقت تک ناگزیر ہوتا ہے کہ ان کو خوراک بہم پہنچائی جائے اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے پھر اگر کوئی مسلمان کوئی غلطی یا گناہ کر بیٹھے تو اس کے ساتھ کوئی دوسرا سلوک کیسے مناسب ہو سکتا ہے؟ کیا اسے بھوکوں مرنے کے لئے چھوڑ دیا جائے؟ حالانکہ اسے اس حال میں مبتلا کرنے کی ذمہ داری یا تو نادانی پر ہے یا تقدیر پر۔ امیر المومنین! سارے خلفاء قیدیوں کے لئے اتنا روزینہ جاری کرتے رہے ہیں جس سے روٹی' سالن اور جاڑے گرمی کی پوشاک فراہم کرنے کے کام چل سکیں۔"

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں۔

فمر بالتقدیر لهم ما یقوتهم فی طعامهم و ادمهم وصیر ذلک دراهم تجری

toobaa-elibrary.blogspot.com

علیهم فی کل شهر یدفع ذلک الیهم' فانک ان اجریت علیهم الخبز ذهب به ولاه السجن والقرام ولجلاوزة' وول ذلک رجلا من اهل الخیر والصلاح یثبت اسماء من فی السجن ممن تجری علیهم الصدقة' و تکون الاسماء عنده یدفع ذلک الیهم شهرا بشهر' یقعد و یدعو باسم رجل رجل' و یدفع ذلک الیه فی یده' فمن کان منهم قد اطلق و خلی سبیله رد ما یجری علیه' و یکون للاجراء عشرة دراهم فی الشهر لکل واحد' و لیس کل من فی السجن یحتاج الی ان یجری علیه' و کسوتهم فی الشتاء قمیص و کساء' و فی الصیف قمیص و ازار' و یجری علی النساء مثل ذلک و کسوتهن فی الشتاء قمیص و مقنعة و کساء' و فی الصیف قمیص و ازار و مقنعة(489)

"آپ ان کے روٹی اور سالن پر آنے والے مصارف کا تخمینہ طلب کیجئے اور اس حساب سے ان کو ہر ماہ ایک مقررہ نقد رقم دینے کا حکم جاری کر دیجئے۔ اگر آپ ان کے لئے روٹیاں پکوانے کا اہتمام کریں گے تو قید خانہ کے نگراں ملازم اور سپاہی اسے اڑا لیں گی۔

کسی معقول اور نیک آدمی کے ذمہ یہ کام کیجئے کہ وہ قید خانہ کے ان قیدیوں کی فہرست مرتب کرے جن کو صدقہ جاری کرنا ہو گا۔ یہ فہرست اس آدمی کے پاس رہے گی اور وہ ماہ بہ ماہ ان لوگوں کی رقمیں ان تک پہنچا دے گا۔ وہ فہرست لے کر بیٹھے گا اور ایک ایک آدمی کا نام پکارے گا اور اس کی رقم اس کے حوالے کرتا جائے گا۔ ان میں سے جو لوگ رہا کئے جا چکے ہوں ان کی رقم واپس آ جائے گی۔

میری رائے میں فی کس دس درہم ماہانہ کا وظیفہ کافی ہو گا یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہر قیدی روزینہ کا محتاج نہیں ہوتا۔ پوشاک کے لئے ان لوگوں کو جاڑے میں ایک قمیص اور ایک لبادہ اور گرمی میں ایک قمیص اور ایک تہہ بند دیا جائے۔ عورتوں کا وظیفہ بھی اتنا ہی رکھا جائے البتہ ان کی پوشاک جاڑے میں ایک قمیص' ایک اوڑھنی' اور ایک لبادہ اور گرمی میں ایک قمیص' ایک تہہ بند اور ایک اوڑھنی ہو گی۔"

آپ گداگری کی مذمت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

واغنهم عن الخروج فی السلاسل یتصدق علیهم الناس' فان هذا عظیم ان یکون قوم من المسلمین قد اذنبوا و اخطا و اوقضی اللّٰه علیهم ما هم فیه فحبسوا یخرجون فی السلاسل یتصدقون' و ما اظن اهل الشرک یفعلون هذا باساری المسلمین الذین فی ایدیهم فکیف ینبغی ان یفعل هذا باهل

toobaa-elibrary.blogspot.com

الاسلام؟ و انما صاروا الی الخروج فی السلاسل یتصدقون لما هم فیه من جهد الجوع فربما اصابوا ما یاکلون و ربما لم یصیبوا' ان ابن آدم لم یعز من الذنوب' فتفقد امرهم و مر بالاجراء علیهم مثل ما فسرت لک(490)

"آپ ان قیدیوں کو اس سے بالکل بے نیاز کر دیجئے کہ وہ زنجیروں میں بندھے ہوئے باہر نکلیں تاکہ لوگ انہیں خیرات دیں۔ یہ بڑی معیوب بات ہے کہ قضاء الٰہی کے سبب جن مسلمانوں سے غلطی گناہ سرزد ہو جائے اور وہ قید میں ڈال دیئے جائیں' وہ پابہ زنجیر خیرات مانگنے کے لئے نکلیں۔ میرا خیال ہے کہ ایسا سلوک تو مشرکین ان مسلمان قیدیوں کے ساتھ بھی نہ کرتے ہوں گے جو ان کے یہاں ہیں' پھر ہمارے لئے اہل اسلام کے ساتھ ایسا کرنا کس طرح مناسب ہو سکتا ہے؟ ظاہر ہے کہ یہ لوگ بھوک سے پریشان ہو کر ہی پابہ زنجیر بھیک مانگنے کے لئے نکلتے ہیں کبھی انہیں کھانے کے لئے کچھ مل جاتا ہے کبھی نہیں ملتا۔ بے شک ابن آدم گناہوں سے پاک نہیں' لہٰذا آپ کو ان کے مسئلہ میں خصوصی توجہ کرنی چاہیے اور میں نے آپ کے سامنے جو تجاویز رکھی ہیں ان کے مطابق ان کے لئے روزینہ جاری کرنے کے احکام صادر کر دینے چاہئیں۔"

قیدیوں کی میت کی تجہیز و تکفین کے بارے میں کہتے ہیں۔

و من مات منهم و لم یکن له ولی و لا قرابة غسل و کفن من بیت المال و صلی علیه و دفن' فانه بلغنی' و اخبرنی به الثقات انه ربما مات منهم المیت الغریب فیمکث فی السجن الیوم والیومین حتی یستامر الوالی فی دفنه و حتی یجمع اهل السجن من عندهم ما یتصدقون و یکترون من یحمله الی المقابر فیدفن بلا غسل و لا کفن ولا صلاة علیه' فما اعظم هذا فی الاسلام و اهله (491)

"اور ان میں سے جو (قیدی) فوت ہو جائے اور اس کا کوئی سرپرست نہ ہو تو اس کی تجہیز و تکفین کا انتظام بیت المال سے کیا جائے اور اس کی نماز جنازہ ادا کر کے اسے دفن کر دیا جائے۔ مجھے معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کبھی کبھی کوئی پردیسی قیدی مر جاتا ہے تو اس کی لاش ایک دو دن قید خانہ میں پڑی رہتی ہے۔ اس بات کا انتظار رہتا ہے کہ مہتمم قید خانہ سے اس کے دفن کرنے کی اجازت حاصل کر لی جائے اور قید خانہ کے لوگ اپنے پاس سے خیرات جمع کر کے اس کا انتظام کریں کہ کچھ مزدور میت کو قبرستان لے جا کر غسل' کفن اور نماز جنازہ کے غیر اسے دفن کر آئیں۔ اسلام اور اہل اسلام میں ایسا ہوتا ہے۔"

کتاب الخراج کے ان مندرجہ بالا اقتباسات سے قیدیوں کی معاش کے انتظام سے متعلق امام ابو یوسف کے معاشی فکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

(ا) وہ افراد جو غریب و نادار ہوں ان کے لئے صدقات یا دوسری مدات سے بقدر ضرورت روزینہ کا اہتمام کیا جانا چاہیے۔

(ب) قیدی خواہ کسی بھی مذہب یا ملت سے تعلق رکھتے ہوں' ان کی بنیادی ضروریات کا اہتمام بہرحال ضروری ہے۔

(ج) قیدیوں کو جیل کے ملازمین کی چیرہ دستیوں سے محفوظ رکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ روزانہ کھانا مہیا کرنے کی بجائے ماہانہ وظیفہ مقرر کر دیا جائے۔

(د) مردوں اور عورتوں کو ان کی ضروریات کے مطابق گرمی اور سردی کا لباس مہیا کیا جائے۔

(ر) قیدیوں کو اس امر پر مجبور نہ کیا جائے کہ وہ زنجیروں میں بندھے ہوئے باہر نکلیں اور لوگوں سے خیرات مانگ کر اپنی ضروریات پوری کریں۔

(9) ٹیکسوں کی وصولی صالح اور باصلاحیت افراد کے ذریعے کی جائے

بنو عباس کے دور میں ٹیکسوں کی وصولی کے نظام میں ایک بڑی اور بنیادی خرابی یہ پیدا ہو چکی تھی کہ ٹیکس وصول کرنے والے افراد کے انتخاب و تقرر میں قابلیت' صلاحیت اور امانت و دیانت کو بالکل کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تھی۔ تحصیل خراج کی ذمہ داری پر فائز کرتے وقت سفارش' رشوت' قرابت داری اور ذاتی تعلقات کو فوقیت دی جاتی۔ خوشامدی' خودغرض اور خائن افراد کسی بڑی مزاحمت کے بغیر آسانی سے ٹیکسوں کی وصولی کے تمام اختیارات حاصل کر لیتے۔ ٹیکس وصول کرتے وقت مختلف لوگوں سے امتیازی سلوک کیا جاتا۔ عام لوگوں سے ٹیکس لیا جاتا لیکن عزیز و اقارب اور دوست احباب اس سے مستثنیٰ کر دیئے جاتے۔ معزز لوگوں سے ٹیکسوں کی ادائیگی کا مطالبہ نہ کیا جاتا جبکہ عام طبقہ سے کئی گنا زائد وصول کر لیا جاتا۔ عمال خراج رعایا پر ہر قسم کا ظلم و ستم کرنا اپنا قانونی حق (Legal Right) سمجھتے تھے۔ عوام الناس کی تحقیر و توہین کی جاتی ان کو مارا پیٹا جاتا۔ حکومت کے مقرر کردہ اصل ضابطہ سے ہٹ کر خراج وصول کیا جاتا۔ غیر ذمہ دار والی سرکاری اموال کو خود کھاتے اور دوسروں کو کھلانے کے مواقع بھی فراہم کرتے۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں اس خرابی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں۔

انی قد اراهم لا يحتاطون فيمن يولون الخراج' اذا لزم الرجل منهم باب احدهم اياما ولاه رقاب المسلمين و جباية خراجهم و لعلة ان لا يكون عرفه بسلامة ناحية و لا بعفاف و لا باستقامة طريقة و لا بغير ذلك و قد يجب الاحتياط فيمن يولى شيئا من امر الخراج والبحث عن مذاهبهم والسؤال

toobaa-elibrary.blogspot.com

عن طرائقهم كما يجب ذلك فيمن اريد للحكم والقضاء(492)

"میرا مشاہدہ ہے کہ لوگ خراج کے والیوں کا تقرر عمل میں لاتے وقت احتیاط سے کام نہیں لیتے۔ جو آدمی بھی ان میں سے کسی کی ڈیوڑھی پر چند دن پڑا رہے اسے وہ مالیہ وصول کرنے کا کام دے کر مسلمانوں کے سر پر مسلط کر دیتا ہے۔ حالانکہ زیادہ امکان اسی کا ہے کہ وہ نہ تو اس شخص کے حسن کردار اور سلامت روی پر مطمئن ہے نہ اس کے طور طریق اور دیگر معاملات کے سلسلہ میں اس کے بارے میں کوئی واقفیت رکھتا ہے۔ جس فرد کو بھی خراج کی تحصیل پر مامور کیا جائے اس کے تقرر میں خاصی احتیاط کی ضرورت ہے اس کے مسلک اور اس کے طور طریق وغیرہ کے بارے میں پوری تحقیق کی جانی چاہیے۔ ان کے سلسلہ میں ایسا کرنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ حاکموں اور قاضیوں کے تقرر میں۔"

امام ابو یوسف بڑے احسن انداز میں بشری خامیوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور ساتھ ہی اصلاح کے لئے ایسے افراد کے انتخاب پر زور دیتے ہیں جو بد عنوان اور خائن نہ ہوں۔ وہ قومی اور اجتماعی مفاد (Collective interest) کو ذاتی مفاد پر ترجیح دیتے ہوں۔ آپ بڑے واضح الفاظ میں کہتے ہیں کہ تحصیل خراج کے لئے امانت و دیانت اور قابلیت و صلاحیت کو چھوڑ کر محض سفارش اور تعلقات کی بنیاد پر منتخب کئے گئے افراد یہ فرض دیانتداری سے ادا نہیں کر سکتے۔ (493)

آپ ہارون الرشید کو نصیحت کرتے ہیں کہ وہ اپنے کسی قریبی عزیز کو تحصیل محاصل کی ذمہ داری نہ سونپے اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنے قرابت داروں کو اس منصب پر فائز نہیں کرتے تھے۔ (494) حالانکہ وہ افراد باصلاحیت ہوتے تھے اور تقویٰ کے لحاظ سے بھی ان کا منفرد مقام تھا۔ (495)

آپ نے کتاب الخراج میں مختلف صفحات پر ٹیکس وصول کرنے والوں کے اوصاف بیان کئے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

و رایت (ابقی اللّٰہ امیر المومنین) ان تتخذ قوما من اهل الصلاح والدين والامانة فتوليهم الخراج و من وليت منهم فليكن فقيها عالما مشاورا لاهل الراى عفيفا لا يطلع الناس منه على عورة و لا يخاف فى اللّٰہ لومة لائم' ما حفظ من حق و ادى من امانة احتسب به الجنة و ما عمل به من غير ذلك خاف عقوبة اللّٰہ فيما بعد الموت' تجوز شهادته ان شهد' و لا يخاف منه جور فى حكم ان حكم فانك انما توليه جباية الاموال واخذها من حلها و تجنب ما حرم منها يرفع من ذلك مايشاء و يحتجن منه مايشاء فاذا لم

toobaa-elibrary.blogspot.com

یکن عدلا ثقة امینا فلا یوتمن علی الاموال(496)

"امیر المومنین! خدا آپ کو سلامت رکھے' میری رائے یہ ہے کہ آپ بھلے دین دار اور امانت دار لوگوں کو تحصیل خراج پر مامور کریں۔ یہ ذمہ داری اسی کے سپرد کیجئے جو عالم اور فقیہ ہو۔ اہل الرائے کے مشورہ سے کام کرتا ہو اور پاک دامن و پاک باز ہو۔ لوگوں کو اس میں اخلاقی خرابیاں نہ نظر آئیں اور خدا کے کام میں وہ کسی کی ملامت کی پرواہ نہ کرتا ہو۔ جو حقوق کی پاسداری اور ادائے امانت کا فریضہ ثواب پانے اور جنت حاصل کرنے کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

یکن عدلا ثقة امینا فلا یوتمن علی الاموال(496)

"امیر المومنین! خدا آپ کو سلامت رکھے' میری رائے یہ ہے کہ آپ بھلے دین دار اور امانت دار لوگوں کو تحصیل خراج پر مامور کریں۔ یہ ذمہ داری اسی کے سپرد کیجئے جو عالم اور فقیہ ہو۔ اہل الرائے کے مشورہ سے کام کرتا ہو اور پاک دامن و پاک باز ہو۔ لوگوں کو اس میں اخلاقی خرابیاں نہ نظر آئیں اور خدا کے کام میں وہ کسی کی ملامت کی پرواہ نہ کرتا ہو۔ جو حقوق کی پاسداری اور ادائے امانت کا فریضہ ثواب پانے اور جنت حاصل کرنے کی خاطر ادا کرے' اور اگر اس سے اس کے خلاف کوئی فعل سرزد ہو جائے تو اس بات سے ڈرے کہ اللہ اسے اس کی موت کے بعد سزا دے گا۔ جو گواہی دے تو اس کی گواہی قبول کی جا سکتی ہو اور اگر فیصلہ کرنے بیٹھے تو اس سے ظلم و جور کا اندیشہ نہ ہو۔ آپ جسے ذمہ دار بنائیں گے اسے جائز حدود کے اندر' حرام سے اجتناب کرتے ہوئے مالیہ وصول کرنے کا کام دیں گے' وہ اپنی صوابدید کے مطابق بعض حالات کو آپ کے سامنے پیش کرے گا اور بعض سے خود نبٹ لے گا۔ لہٰذا جو آدمی راست باز' معتمد علیہ اور امانت دار نہ ہو اس پر مالی امور کے سلسلہ میں بھروسہ نہیں کیا جانا چاہیے۔"

عشور کے بارے میں ہارون الرشید کو مشورہ دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

اما العشور فرایت ان تولیها قوما من اهل الصلاح والدین و تامرهم ان لا یتعدوا علی الناس فیما یعاملونهم به فلا یظلموهم و لا یاخذوا منهم اکثر مما یجب علیهم و ان یمتثلوا ما رسمناه لهم (497)

"عشور کے بارے میں میری رائے یہ ہے کہ آپ کچھ دین دار اور صالح افراد کو ان کی تحصیل پر مامور کر دیجئے اور ان کو ہدایت کر دیجئے کہ لوگوں پر ظلم و زیادتی نہ کریں۔ ان سے مقدار واجب سے زیادہ محصول نہ لیں اور ہم نے جو ضابطے ان کے لئے مقرر کر دیئے ہیں ان کی پوری پوری پابندی کریں۔"

جزیہ کی تحصیل پر جو لوگ مقرر ہوں ان کے بارے میں کہتے ہیں۔

فانی اری ان یصیره الامام الی رجل من اهل الصلاح فی کل مصر و من اهل الخیر والثقة ممن یوثق بدینه و امانته و یصیر معه اعوانا یجمعون الیه اهل الادیان (498)

"میری تجویز یہ ہے کہ ہر شہر کے جزیہ کی تحصیل امام وہاں کے کسی نیک دین دار' امانت دار اور معتمد علیہ فرد کے سپرد کر دے اور اس کے لئے چند معاون مقرر کر دے۔ یہ لوگ ہر مذہب کے ذمیوں کو اس ذمہ دار فرد کے یہاں جمع کریں۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

(زکوٰۃ)
صدقات کی وصولی پر جو افراد مامور ہوں ان کے بارے میں کہتے ہیں۔

و مر یا امیر المومنین باختیار رجل امین ثقة عفیف ناصح مامون علیک و علی رعیتک فوله جمیع الصدقات فی البلدان' و مره فلیوجه فیها اقواما یرتضیهم و یسال عن مذاهبهم و طرائقهم و اما ناتهم یجمعون الیه صدقات البلدان ... و قد بلغنی ان عمال الخراج یبعثون رجالا من قبلهم فی الصدقات فیظلمون و یعسفون' و یانون مالا یحل و لا یسع' و انما ینبغی ان یتخیر للصدقة اهل العفاف والصلاح (499)

"امیر المومنین آپ ایک امانت دار' معتمد علیہ' پاک باز اور خیر خواہ فرد کے تقرر کا حکم صادر فرمایئے جس کے اوپر آپ اپنے اور اپنی رعایا کے سلسلہ میں پورا اطمینان رکھتے ہوں اور اس فرد کو شہروں میں تمام صدقات کی تحصیل کا نگران بنا دیجئے۔ آپ اس ذمہ دار کو حکم دیجئے کہ وہ ہر علاقہ میں ایسے لوگوں کو تعینات کرے جن کے بارے میں اسے اطمینان ہو۔ اسے ان لوگوں کے طور طریقہ (فقہی) مسلک اور امانت داری کے بارے میں مناسب تفتیش کر لینا چاہیے۔ یہی لوگ سارے علاقوں کے صدقات جمع کر کے اس ذمہ دار فرد کے پاس لائیں ... مجھے اطلاع ملی ہے کہ افسران خراج اپنی جانب سے صدقات کی وصولی کے لئے کچھ افراد کو بھیج دیتے ہیں اور یہ لوگ ظلم و زیادتی سے کام لے کر ایسی حرکتیں کرتے ہیں جو نہ تو جائز ہیں نہ اس کی کسی طرح بھی گنجائش نکل سکتی ہے۔ زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے تو صرف پاک باز اور صالح افراد کا انتخاب کیا جانا چاہیے۔"

ان مندرجہ بالا عبارتوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امام ابو یوسف نے مالی و اقتصادی امور پر فائز افراد کی صلاحیتوں اور اوصاف کو مد نظر رکھنے پر بہت زور دیا ہے۔ آپ کے نزدیک ان عہدہ داروں میں درج ذیل خوبیوں کا ہونا بہت ضروری ہے۔

(1) وہ امین اور دیانت دار ہو اور اس پر اعتماد کیا جا سکتا ہو۔
(2) دین دار' پاکیزہ اخلاق اور صالح سیرت کا حامل ہو۔
(3) سچ بولنے کا عادی ہو اور جھوٹ سے نفرت کرنے والا ہو۔
(4) شرعی مسائل سے نہ صرف واقفیت رکھتا ہو بلکہ اعلیٰ درجہ کی فقہی بصیرت کا مالک ہو۔
(5) ہر کسی سے خیر خواہی کرنے والا ہو۔
(6) اپنے فرائض منصبی حلال و حرام کی حدود میں رہتے ہوئے انجام دینے والا ہو۔
(7) اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کی خاطر کام کرنے والا ہو اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں کسی کی ملامت کی پرواہ نہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرے۔

(8) دوسروں پر اپنی ذاتی رائے کو مسلط کرنے والا نہ ہو بلکہ صاحب بصیرت اور اہل الرائے سے مشورہ کرنے والا ہو۔

(9) رعایا کو اس سے کسی قسم کا نقصان پہنچنے کا احتمال نہ ہو۔

(10) تحصیل خراج کے لئے جو ضابطے مقرر کئے گئے ہوں ان کی پابندی کرنے والا ہو۔

(11) کسی سے بھی مقررہ شرح سے زیادہ وصول نہ کرے۔

یعنی ہر وہ شخص جو صرف صالح اور نیک ہو اس کو محاصل کی وصولی پر مقرر نہیں کیا جاسکتا۔ آپ نے اس ضمن میں بڑی دقت نظر سے کام لیا ہے۔ ایسے افراد کے لئے ضروری ہے کہ وہ باصلاحیت بھی ہوں تاکہ اپنے فرائض احسن طریقہ سے ادا کر سکیں۔

(10) نظام احتساب کا قیام

یہ نظام کسی نہ کسی شکل میں مختلف اقوام کی تاریخ میں موجود رہا ہے۔ قدیم مصری بادشاہوں نے لوگوں کو ریلیف دینے کے لئے اپنے دربار میں افسر شکایات مقرر کر رکھے تھے جو رعایا کی تکالیف سے بادشاہ کو آگاہ کرتے تھے۔ قدیم سلطنت روم میں اس کام کے لئے ایک خاص مجسٹریٹ مقرر کیا جاتا تھا جو حکومتی اہل کاروں کے خلاف عوام کی شکایات سنتا تھا۔ چینی بادشاہوں نے بعض درباریوں کو اس طرح کے فرائض سونپ رکھے تھے۔ ایرانی تہذیب میں بھی احتساب (Ihtisab) کی نشانیاں ملتی ہیں۔(500)

(Government

حضرت عمر بن الخطابؓ (13-24ھ / 634-645ء) کے عہد خلافت میں سرکاری اہلکاروں (Servants) کے خلاف شکایات سننے کا انتظام کیا گیا تھا۔ بعد ازاں حضرت عثمان غنیؓ (24-35ھ / 645-655ء) اور حضرت علی بن ابی طالبؓ (35-40ھ / 656-661ء) کے ادوار میں بھی عمال کے احتساب کی مثالیں ملتی ہیں۔

(501)

بنو امیہ کے دور میں احتساب کے اس ادارہ کا وجود نہیں ملتا۔ عہد بنو عباس کے شروع میں بھی احتساب کا کوئی باقاعدہ نظام نہیں تھا۔ ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کے دور میں سرکاری عہدہ دار خراج کی وصولی میں بد عنوانیوں کے مرتکب ہوتے تھے۔ امام ابو یوسف نے خلیفہ کی توجہ اس طرف مبذول کروائی ہے۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ سرکاری عہدہ داروں کے مالی اختیارات کی تصریح کر دینی چاہیے تاکہ وہ اپنی حدود سے تجاوز نہ کریں۔ نیز ان کو وقتاً فوقتاً قیام عدل اور رعایا کے ساتھ لطف و شفقت کے احکام بھیجتے رہنا چاہیے۔ آپ کی رائے یہ ہے کہ کسی عہدہ دار کی بد عنوانی (Corruption) کو برداشت نہیں کرنا چاہیے۔ ان کے اعمال و افعال کی پوری تحقیقات کی جانی چاہیے اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

ظالم و خائن عہدہ داروں کو معزول کر دینا چاہیے۔ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و انا اری ان تبعث قوما من اهل الصلاح والعفاف ممن یوثق بدینه و امانته یسالون عن سیرة العمال و ما عملوا به فی البلاد و کیف جبوا الخراج علی ما امروا به و علی ما وظف علی اهل الخراج واستقر، فاذا ثبت ذلک عندک وصح اخذوا بما استفضلوا من ذلک اشد الاخذ حتی یودوه بعد العقوبة الموجعة والنکال حتی لا یتعدوا ما امروا به و ما عهد الیهم فیه(502)

"میری رائے یہ ہے کہ آپ چند پاکباز اور صالح افراد کو جن کی دین داری اور امانت داری پر پورا اعتماد ہو، اپنے افسران کے طرز عمل کی جانچ پڑتال کے لئے روانہ کیجئے۔ یہ لوگ معلوم کریں کہ اپنی اپنی عمل داری میں ان افسران کی پالیسی کیسی رہی ہے انہوں نے تحصیل خراج میں کس حد تک مقررہ اصول و ضوابط کی پابندی کی۔ اور اس شرح کو برقرار رکھا یا نہیں جو اہل خراج کے لئے مقرر کی گئی ہے۔ جب آپ کو ان افراد سے رپورٹ مل جائے اور اس رپورٹ میں لگائے گئے الزامات کی تحقیق مکمل ہو جائے تو ان افسران نے جو کچھ فاضل وصول کیا ہے اس پر ان سے بہت سخت جواب طلبی کی جائے اور سخت سزائیں دے کر ان سے یہ رقمیں وصول کی جائیں تاکہ آئندہ یہ لوگ مقررہ ضوابط کی خلاف ورزی اور اپنے مقررہ حدود سے تجاوز کی جرات نہ کر سکیں۔"

فان کان ما عمل به و الی الخراج من الظلم والعسف فانما یحمل انه قد امر به، و قد امر بغیره، و ان احللت بواحد منهم العقوبة الموجعة انتهی غیره واتقی و خاف و ان لم تفعل هذا بهم تعدوا علی اهل الخراج اجتروا علی ظلمهم و تعسفهم و اخذهم بمالا یجب علیهم(503)

"والی خراج جو ظلم و زیادتی کرتا ہے اس کے بارے میں رعایا یہ سمجھتی ہے کہ اسے ایسا ہی کرنے کا حکم دیا گیا ہے حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے آپ اگر ان میں سے ایک کو بھی سخت سزا دے دیں تو دوسرے ڈر کر ان حرکتوں سے باز آجائیں گے لیکن اگر آپ ایسا نہ کریں گے تو یہ لوگ اہل خراج پر دست درازیاں جاری رکھیں گے اور ان پر ظلم ڈھا کر ان سے بے جا وصولیابی کرنے پر اور زیادہ جری ہو جائیں گے۔"

و اذا صح عندک من العامل والوالی تعد بظلم و عسف وخیانة لک فی رعیتک و احتجان شئی من الفئی او خبث طعمته او سوء سیرته فحرام علیک استعماله والاستعانة به و ان تقلده شیئا من امور رعیتک او تشرکه فی شئی من امرک۔ بل عاقبه علی ذلک عقوبة تردع غیره من ان یتعرض

toobaa-elibrary.blogspot.com

لمثل ما تعرض له (504)

"آپ کو جب کسی عامل اور والی کے بارے میں قطعیت کے ساتھ یہ معلوم ہو جائے کہ اس نے ظلم و زیادتی کی ہے' حدود سے تجاوز کیا ہے' رعایا کے ساتھ اپنے برتاؤ میں آپ کے ساتھ خیانت کی ہے یا فنے کا کچھ مال خود ہضم کر بیٹھا ہے یا اس کی سیرت بری اور کردار گندہ ہے تو آپ پر آئندہ اس افسر سے کام لینا' یا اسے کسی طرح کی ذمہ داری سپرد کرنا یا اسے اپنے معاملات میں ذرا بھی دخیل بنانا حرام ہے۔ اس کے برعکس آپ کو چاہیے کہ ایسے افسر کو اتنی سخت سزا دیں کہ دوسروں کو عبرت ہو اور وہ ان حرکتوں سے باز آجائیں جن کا ارتکاب اس افسر سے ہوا ہے۔

ثم تتفقد بعد امرهم و ما يعاملون به من يمر بهم و هل تجاوزون ما قد امروا به؟ فان كانوا قد فعلوا ذلک عزلت و عاقبت واخذتهم بما يصح عندک عليهم لمظلوم او ماخوذ منه اكثر مما يجب عليه (505)

"اس کے بعد آپ ان کے طرز عمل اور (چنگی سے) گزرنے والوں کے ساتھ ان کے برتاؤ کے بارے میں تفتیش کیجئے اور یہ معلوم کیجئے کہ ان کو جو احکام دیئے گئے ہیں ان سے وہ تجاوز تو نہیں کر رہے ہیں اور اگر انہوں نے ایسا کیا ہو تو آپ ان کو معزول کر دیجئے اور سزا دیجئے۔ اور جن لوگوں نے ان سے جتنا زیادہ وصول کیا ہو' یا جن پر ظلم کیا ہو' ان سب کا تاوان آپ ضروری ثبوت فراہم ہو جانے کے بعد ان محصلین سے وصول کیجئے۔"

فلو تقربت الى الله عزوجل يا امير المومنين بالجلوس لمظالم رعيتک في الشهر او الشهرين مجلسا واحدا تسمع فيه من المظلوم و تنكر على الظالم رجوت ان لا تكون ممن احتجب عن حوائج رعيته' و لعلک لا تجلس الا مجلسا او مجلسين حتى ليسير ذلک في الامصار والمدن فيخاف الظالم و قوفک على ظلمه فلا يحترى' على الظلم و يامل الضعيف المقهور جلوسک و نظرک في امره فيقوى قلبه و يكثر دعاؤه.... و كذلک من بعده مع انه متى علم العمال والولاة انک تجلس للنظر في امور الناس يوما في السنة ليس يوما في الشهر تناهوا باذن الله عن الظلم و انصفوا من انفسهم' و اني لا رجولک بذلک اعظم الثواب' انه من نفس عن مومن كربة من كرب الدنيا نفس الله عنه كربة من كرب الاخرة (506)

"اے امیرالمومنین اگر آپ اللہ تعالیٰ عزوجل کا قرب حاصل کرنے کی خاطر ہر مہینہ یا مہینہ میں دو بار ایک

toobaa-elibrary.blogspot.com

اجلاس خاص اس لئے کریں کہ اپنی رعایا سے مظالم کی فریاد سنیں اور ظالموں کو متنبہ کریں تو مجھے امید ہے کہ آپ کا شمار ان حکمرانوں میں نہ ہو گا جو اپنی رعایا کی ضروریات سے بے نیاز و بے خبر رہتے ہیں۔ مجھے توقع ہے کہ اس طرح کے دو ایک اجلاس کا انعقاد ہوتے ہی یہ خبر اطراف و جوانب میں عام ہو جائے گی۔ ہر ظالم کو اس بات کا ڈر لگنے لگے گا کہ اس کی خبر آپ تک پہنچ جائے گی اور وہ ظلم سے باز آجائے گا کمزور و پامال لوگوں کو یہ آس بندھ جائے گی کہ آپ اجلاس کر کے ان کے معاملہ پر غور فرمائیں گے۔ اس سے ان کی ڈھارس بندھے گی اور وہ آپ کو بہت دعائیں دیں گے۔۔۔ ایسا کرنے کا دوسرا فائدہ یہ ہو گا کہ جب عمال اور والیوں کو یہ معلوم ہو گا کہ آپ مہینہ میں ایک دن بلکہ سال میں ایک دن عام لوگوں کے معاملات و مقدمات پر غور کرنے کے لئے اجلاس کرتے ہیں تو ان شاء اللہ وہ ظلم سے باز آجائیں گے اور خود بخود انصاف کرنے لگیں گے۔ مجھے توقع ہے کہ ایسا کرنے سے آپ کو بہت بڑا ثواب ملے گا۔ کیونکہ جو کوئی کسی مسلمان پر سے مصائب دنیا میں سے کسی مصیبت کو دور کرتا ہے اللہ اس پر سے مصائب آخرت میں سے ایک مصیبت دور فرمادے گا۔"

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں حضرت علیؓ بن ابی طالب کا ایک فرمان نقل کیا ہے جو آپ نے اپنے ایک عامل کعب بن مالک کو دیا تھا۔

فاستخلف علی عملک و اخرج فی طائفة من اصحابک حتی تمر بارض السواد کورة کورة فتسالهم عن عمالهم و تنظر فی سیر تهم (507)

"اپنے کام کسی نائب کے سپرد کرو اور اپنے رفقاء کی ایک جماعت ساتھ لے کر سواد کی ایک ایک بستی کا دورہ کرو وہاں کے باشندوں سے ان کے افسران کے احوال دریافت کرو اور ان کی سیرت و کردار کا مطالعہ کرو۔"

آپ نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے ایک موقع پر عوام کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

انی واللہ ما ابعث الیکم عمالی لیضربوا ابشارکم و لا لیاخذوا من اموالکم' و لکنی ابعثهم الیکم لیعلموکم دینکم و سنة نبیکم' فمن فعل به سوی ذلک فلیرفعه الی' فوالذی نفسی بیده لاقصنه منه (508)

"خدا کی قسم' میں اپنے افسروں کو تمہارے یہاں اس لئے نہیں بھیجتا کہ وہ تمہارے منہ پر چپت ماریں یا تمہارے مال چھین لیں۔ میں انہیں تمہارے پاس اس لئے بھیجتا ہوں کہ وہ تمہیں تمہارا دین اور تمہارے نبیؐ کی سنت سکھائیں۔ جس کسی کے ساتھ دین اور سنت سے ہٹا ہوا سلوک کیا جائے اسے چاہیے کہ اپنا معاملہ میرے سامنے پیش کرے۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں متعلق افسر سے اس (مظلوم) کا بدلہ لے کر رہوں گا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان مندرجہ بالا اقتباسات سے امام ابو یوسف کے معاشی فکر کے درج ذیل نکات کی نشاندہی ہوتی ہے۔

(1) سرکاری عہدہ دار اپنے اختیارات کی حدود میں رہتے ہوئے ہی ٹیکس وصول کر سکتے ہیں۔

(2) ان افسران و ملازمین کو بے لگام نہیں چھوڑنا چاہیے۔ ان کی سرگرمیوں کی جانچ پڑتال کر کے احتساب کا ایک ایسا ادارہ ہونا چاہیے جو ان کو راہ اعتدال سے ہٹنے نہ دے۔

(3) اگر سرکاری افسر عوام پر ظلم و زیادتی کرتے ہیں تو اس سے حاکم کی شخصیت داغدار ہوتی ہے اور عوام یہ خیال کرتے ہیں کہ اس بدعنوانی (Corruption) میں وہ بھی ملوث ہے۔

(4) جن افراد کو احتساب کی ذمہ داری سونپی جائے وہ مثالی کردار و اوصاف کے حامل ہوں۔

(5) وہ عہدہ دار جو کسی قسم کی بدعنوانی کے مرتکب ہوں' یا ٹیکس دہندگان کے ساتھ کسی قسم کی بے انصافی کریں تو انہیں نہ صرف سخت سزا دے کر ملازمت سے برطرف کر دیا جائے بلکہ ان سے غصب شدہ اموال بھی واپس لئے جائیں۔

(6) ایسے افراد کو ہمیشہ کے لئے نااہل قرار دینا چاہیے اور آئندہ کوئی ذمہ داری نہیں سونپنی چاہیے۔

(7) کسی سرکاری افسر کو سزا دینے سے پہلے پوری تحقیق کر لینی چاہیے تاکہ کسی کو ناحق سزا نہ ملے۔

(8) اگر خائن افسران کو ان کے کئے کی سزا مل جائے تو اس سے دوسروں کو عبرت ہو جاتی ہے۔ اور جب حاکم ایسے افسران سے درگزر کر دے اور ان پر سختی نہ کرے تو پھر رشوت' بدعنوانی اور ظلم و ستم کا دروازہ کھلتا ہے۔

(9) خلیفہ کو خود بھی ہر مہینہ یا کم از کم سال میں ایک مرتبہ اجلاس خاص کرنا چاہیے۔ اس سے ظالم ڈر جائیں گے اور کمزور و مظلوم لوگوں کو ان کے معاشی حقوق ملنے میں آسانی ہو جائے گی۔

امام ابو یوسف رقم طراز ہیں:

> و قد کتبت لک ما امرت به و شرحته لک و بینته' فتفقهه و تدبره و ردد قراءته حتی تحفظه' فانی قد اجتهدت لک فی ذلک و لم آلک والمسلمین نصحا' ابتغاء وجه الله و ثوابه و خوف عقابه - و انی لارجو - ان عملت بما فیه من البیان ان یوفر الله لک خراجک من غیر ظلم مسلم و لا معاهد و یصلح لک رعیتک' فان صلاحهم باقامة الحدود علیهم و رفع الظلم عنهم والتظالم فیما اشتبه من الحقوق علیهم (509)
>
> "آپ نے جن باتوں کے قلم بند کرنے کا حکم دیا تھا ان کو میں نے کافی تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب کر دیا ہے۔ آپ ان کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ ان میں غور و فکر کریں اور ان کو بار بار پڑھیں تاکہ آپ کے ذہن نشین ہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

جائیں۔ آپ کی خاطر میں نے اس سلسلہ میں کافی محنت کی ہے اور آپ کی اور عام مسلمانوں کی خیر خواہی میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی' اس کے ثواب کا حصول اور اس کی سزا کا خوف ہر آن میرے سامنے رہا ہے۔ اس تحریر میں جو باتیں پیش کی گئی ہیں ان کے مطابق آپ نے عمل کیا تو مجھے توقع ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے خراج میں اضافہ کرے گا۔ بغیر اس کے کہ کسی مسلمان یا معاہد پر ظلم کی نوبت آئے' اور اللہ آپ کی رعایا کی حالت بھی بہتر کر دے گا۔ رعایا کی فلاح و بہبود دراصل اسی میں ہے کہ حدود اللہ نافذ کی جائیں ان پر نہ تو حکومت کی طرف سے کسی طرح کا ظلم ہونے پائے اور نہ وہ حقوق کے مشتبہ ہونے کی وجہ سے باہم ظلم کریں۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ہفتم

امام ابو یوسف اور مسائل زمین

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس فصل میں ہم زراعت (Agriculture) کے بارے میں امام ابو یوسف کے معاشی فکر کو زیر بحث لائیں گے۔ کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ابو یوسف ایسے ماہر معاشیات نے صرف مالی معاملات ہی پر بحث نہیں کی بلکہ وہ عام اقتصادی معاملات کے ساتھ ساتھ خاص اقتصادی معاملات کو بھی زیر بحث لائیں ہیں۔

عرب کے وہ شہر جو زراعت کی ترقی میں مشہور تھے' ان میں مدینہ منورہ کو ایک نمایاں مقام حاصل تھا۔ اسلام کے ابتدائی دور میں مدینہ اور اس کے گردونواح کی زیادہ زمین بنجر (Barren) تھی۔ صرف کھجور اور انگور کی معمولی کاشت کی جاتی تھی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین نے بنجر زمین کی آبادکاری کے لئے عوام الناس کو ترغیب دی۔ یہی وجہ ہے کہ مدینہ کے فقہاء کے ہاں اقطاع اور احیائے موات کے ضمن میں بحثیں ملتی ہیں۔

بنو عباس کے عہد میں مفتوحہ علاقوں بالخصوص عراق اور مصر میں زراعت کے پیشہ کو بڑی اہمیت حاصل تھی۔ خلفاء نے اس پیشہ کی ترقی کی طرف خاص توجہ دی۔(510)

اس عہد میں کاشتکاری (Cultivation) کے مختلف طریقے متعارف ہو چکے تھے۔ زیادہ تر کاشتکاری وہاں کے مقامی باشندے کرتے تھے۔ ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کو اس امر کا شدید احساس تھا کہ زراعت کی ترقی کے بغیر ملکی معاشی ترقی ناممکن ہے۔ اس لئے زراعت کی تنظیم اور اس کی ترقی پر خاص توجہ دینی چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے حکومت اور زرعی کارکنوں کے مابین تعلق کو مضبوط کرنے کے لئے زمین کے مختلف مسائل کے بارے میں امام ابو یوسف سے راہنمائی طلب کی۔

مزارعت

لفظ مزارعۃ' ثلاثی مزید فیہ کے باب مفاعلۃ کا مصدر ہے۔ اور اس کا مادہ زرع ہے جو تین معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

(ا) انبات' بمعنی اگانا

(ب) طرح بذر فی الارض' بمعنی زمین میں تخم ریزی کرنا اور بیج ڈالنا

(ج) نبات کل شئی' ہر شے کی اگی ہوئی کھیتی

چنانچہ جب لفظ زرع کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس وقت پہلا معنی مراد لیا جائے گا کیونکہ کسی شئے کو اگانا صرف اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ اور جب اس کی نسبت انسان کی طرف ہو تو دوسرا معنی یعنی تخم ریزی کرنا اور بیج ڈالنا مراد لیا جائے گا کیونکہ یہ کام انسان ہی کرتا ہے اور جب اس کی جمع زروع ہو تو اس سے مراد اگی ہوئی کھیتی ہو گا کیونکہ کھیتی مختلف

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور متعدد چیزوں کی ہوتی ہے۔ مثلاً گندم، جو اور دھان وغیرہ کی۔

شرعی اصطلاح کے طور پر اس کی تعریف یہ کی گئی ہے۔

المزارعة هی عقد علی الزرع ببعض الخارج (511)

<مزارعت نام ہے اس معاہدے کا جو کھیتی کی پیداوار کے ایک حصے پر طے پاتا ہے۔"

یعنی جس کی بنیاد کھیت اور کھیتی ہوتی ہے اور جس میں ہر فریق کھیت سے پیدا ہونے والے غلہ وغیرہ کے بعض حصے کا حقدار قرار پاتا ہے۔

مزارعت کو مخابرہ اور محاقلہ کا نام بھی دیا گیا ہے اور اہل عراق اسے "قراح" کہتے ہیں۔ (512)

ابوبکر السرخسی کی تحقیق یہ ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا گیا تو انہوں نے زراعت کا پیشہ اختیار کیا اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مقام "جرف" میں زراعت فرمائی۔ (513)

مزارعت کے بارے میں امام ابو حنیفہ کا نقطہ نظر

امام ابو حنیفہ مزارعت (Partnership to cultivate land) کے معاہدہ (Contract) کو باطل (Void) کہتے ہیں۔ امام ابو یوسف نے اپنی کتاب "اختلاف ابی حنیفة وابن ابی لیلیٰ" میں امام صاحب کا مشہور فتویٰ اس طرح نقل کیا ہے۔

و اذا اعطی الرجل الرجل ارضا مزارعة بالنصف او الثلث او الربع او اعطی نخلا او شجرا معاملة بالنصف او اقل من ذلک او اکثر فان اباحنیفة رضی اللّٰه عنه کان یقول، هذا کله باطل (514)

"اور جب کوئی شخص زمین آدھی یا تہائی یا چوتھائی پر کسی دوسرے شخص کو دے یا کھجور و دیگر پھلوں کے باغ کا معاملہ آدھی یا اس سے کم و بیش بٹائی پر کرے تو امام ابو حنیفہ ایسی صورت میں فرمایا کرتے تھے کہ یہ سب باطل ہے۔"

امام ابو یوسف "کتاب الخراج" میں ہارون الرشید کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

و سالت یا امیرالمومنین عن المزارعة فی الارض البیضاء بالنصف والثلث فان اصحابنا من اهل الحجاز و اهل المدینة علی کراهة ذلک و افساده .... و کان ابوحنیفة رحمه اللّٰه ممن یکره ذلک کله فی الارض البیضاء و فی النخل والشجر بالثلث والربع و اقل و اکثر (515)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"امیرالمومنین آپ نے دریافت کیا ہے کہ پرتی زمینوں کو نصف یا تہائی پیداوار پر مزارعت کے طور پر (کاشت کار کو) دینا کیسا ہے؟ جواب یہ ہے کہ ہمارے حجازی اور مدنی رفقاء اس معاملہ کو مکروہ اور فاسد قرار دیتے ہیں۔ ابو حنیفہ ان لوگوں میں سے تھے جو پرتی زمینوں یا باغات اور نخلستانوں میں تہائی اور چوتھائی یا کم و بیش پیداوار پر اس طرح کا معاملہ کرنے کو ناجائز سمجھتے تھے۔"

امام ابو حنیفہ نے حدیث مخابرہ سے استدلال کیا ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرہ سے منع کیا ہے۔(516)

امام ابو یوسف کا فتویٰ

امام ابو یوسف نے مزارعت کے مسئلہ میں اپنے استاد امام ابو حنیفہ سے اختلاف کرتے ہوئے اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ وہ اسے مضاربت

(A partnership where one provides the capital and the other the labour) پر قیاس کرتے ہیں۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

فاحسن ما سمعناه فی ذلک والله اعلم ان ذلک کله جائز مستقیم صحیح، و هو عندی بمنزلة مال المضاربة قد یدفع الرجل الی الرجل المال مضاربة بالنصف والثلث فیجوز و هذا مجهول لا یعلم ما مبلغ ربحه لیس فیه اختلاف بین العلماء فیما علمت = و کذلک الارض عندی هی بمنزلة المضاربة = الارض البیضاء منهما والنحل والشجر سواء(517)

"اس بارے میں جو سب سے بہتر بات ہم نے سنی ہے واللہ اعلم وہ یہ ہے کہ یہ سب جائز، درست صحیح ہے اور یہ میرے نزدیک بمنزلہ مال مضاربت کے ہے۔ ایک شخص دوسرے کو نصف و تہائی نفع پر مضاربت کے طریق پر مال دیتا ہے اور وہ جائز ہے حالانکہ یہ بات مجہول ہے کہ مبلغ نفع کتنا ہو گا لیکن اس میں جہاں تک میں جانتا ہوں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ اسی طرح زمین بھی میرے نزدیک بمنزلہ مضاربت کے ہے۔ سادہ زمین اور کھجور و پھلوں کے درخت برابر ہیں۔"

امام ابو یوسف کے نزدیک مزارعت و مضاربت

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں مزارعت کے جواز پر دلیل دیتے ہوئے جو کہا ہے کہ یہ میرے نزدیک بمنزلہ مال مضاربت کے ہے، اس سے بعض علماء نے یہ مفہوم لیا ہے کہ امام ابو یوسف مزارعت کو بعینہٖ مضاربت قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ ابو جعفر الطحاوی نے شرح معانی الآثار میں امام ابو یوسف کے اس نظریہ پر تنقید کی ہے۔ وہ مزارعت اور مساقات کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

مضاربت پر قیاس کرنے کی نفی کرتے ہوئے اس کی دو وجوہات بیان کرتے ہیں۔

(ا) پہلی وجہ یہ ہے کہ مضاربت میں منافع کی تقسیم اس وقت جائز ہوتی ہے جب اصل سرمایہ محفوظ ہو اور وہ رب المال کو واپس مل جائے لیکن مزارعت اور مساقات میں ایسا نہیں ہوتا وہ اس کی ایک صورت یہ بیان کرتے ہیں کہ ایک باغ میں پھل پک چکا ہو اور وہ توڑ لیا گیا ہو مالک اور مساقی کے درمیان پھل تقسیم ہونے سے قبل آگ لگ جانے سے وہ درخت جل جائیں لیکن توڑا ہوا پھل محفوظ رہے تو اس صورت میں وہ محفوظ پھل باغ کے مالک اور مساقی کے درمیان معاہدہ کے مطابق تقسیم ہو جاتا ہے حالانکہ باغ اس وقت پہلی حالت میں نہیں ہے۔

(ب) دوسری وجہ یہ ہے کہ مزارعت اور مساقات کا معاملہ جب غیر معین وقت کے لئے کیا جائے تو فاسد ہوتا ہے جبکہ مضاربت غیر معین وقت کے لئے جائز ہوتی ہے۔(518)

حقیقت یہ ہے کہ امام ابو یوسف نے مزارعت اور مساقات کو مضاربت قرار نہیں دیا۔ آپ ہرگز یہ نظریہ نہیں رکھتے کہ ان دونوں معاملات میں مکمل طور پر مماثلت پائی جاتی ہے۔ آپ نے تو دراصل امام ابو حنیفہ کی اس رائے پر تنقید کی ہے کہ مزارعت اجارہ کی مانند ہے کہ جس میں اجرت زمین و باغ کی پیداوار کے ایک حصے کو بنایا گیا ہے حالانکہ یہ معلوم نہیں کہ پیداوار کچھ ہوگی بھی یا نہیں؟ چنانچہ امام محمد نے کتاب الحجہ میں امام ابو حنیفہ کی رائے کا ذکر اس طرح کیا ہے۔

كان ابو حنيفة رضى الله عنه لا يجيز المزارعة فى الارض و لا المعاملة فى النخل بالثلث و لا بالربع و لا باقل من ذلك و لا باكثر و كان يقول هذه اجارة استوجرت ببعض ما يخرج من الارض والنخل لا يدرى ايخرج شيئا ام لا يخرج - و قال محمد هذا كله جائز' المعاملة فى النخل والمزارعة فى الارض بالثلث والربع و غير ذلك و هذا بمنزلة مال الضاربة(519)

"امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ تہائی اور چوتھائی اور اس سے کم و بیش ہر زمین میں مزارعت اور باغ میں مساقات کو جائز نہیں کہتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ اجارہ ہے کہ جس میں اجرت زمین و باغ کی پیداوار کے ایک حصے کو بنایا گیا ہے۔ حالانکہ یہ معلوم نہیں کہ پیداوار کچھ ہوگی بھی یا نہیں۔ امام محمد فرماتے ہیں کہ یہ سب جائز ہیں باغ میں مساقات اور زمین میں مزارعت تہائی و چوتھائی وغیرہ پیداوار پر۔ اور یہ بمنزلہ مال مضاربت کے ہے۔"

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اگر مزارعت اس لئے ناجائز ہے کہ یہ ایک مجہول معاملہ ہے تو پھر مضاربت جس پر سب کا اتفاق ہے اس میں بھی تو نفع کی مقدار نامعلوم ہے۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ نفع بالکل ہی نہ ہو لہٰذا اگر مضاربت مجہول معاملہ ہونے کے باوجود جائز ہے تو پھر مزارعت کس طرح ناجائز ہو سکتی ہے؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو سلیمان احمد بن محمد' الخطابی (م 388ھ / 998ء) معالم السنن میں' ابویوسف پر' ابو جعفر الطحاوی کے وارد کئے ہوئے اعتراض کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

والجواب ان ابایوسف لم یجعل المزارعة والمساقاة مضاربة وانما اراد الجواب عن تعلیل من کرهها بانها اجارة بثمر لم تخلق او اجارة بثمرة او زرع مجهولین فقال ان قولهم انها اجارة فاسدة لیس بصحیح و انما هو عقد علی العمل فی المال ببعض نمائه فهو نظیر المضاربة و ینکسر کل ما ذکروه بالمضاربة فان المضارب یعمل بنمائه و هو معدوم مجهول و قد جاز بالاجماع و هذا نظیره فلیجز کما جاز ثم قد جوز الشارع العقد فی الاجارة علی المنافع المعدومة للحاجة فلم لا یجوز علی الثمرة المعدومة للحاجة(520)

"جواب یہ ہے کہ ابویوسف نے مزارعت و مساقات کو مضاربت قرار نہیں دیا۔ انہوں نے تو محض اس شخص کو جواب دینے کا ارادہ فرمایا کہ جس نے اس کی کراہت کی علت یہ بتائی کہ وہ ایسے پھل پر اجارہ ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوا یا غیر معلوم پھل یا کھیتی پر اجارہ ہے۔ تو ابویوسف رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ان لوگوں کو یہ کہنا کہ یہ اجارہ فاسد ہے صحیح نہیں۔ یہ مل میں عمل پر اس کی بعض نماء کی اجرت پر عقد ہے تو یہ مضاربت کی نظیر ہے اور جو ان کے اعتراضات ہیں وہ مضاربت سے ٹوٹ جاتے ہیں۔ کیونکہ مضارب بھی اس کے بعض نماء کے اجرت ہونے پر عمل کرتا ہے حالانکہ وہ نماء معدوم اور مجہول ہے اور مضاربت بالاجماع جائز ہے اور مزارعت اس کی نظیر ہے تو جیسے وہ جائز ہے یہ بھی جائز ہونی چاہیے۔ پھر شارع نے حاجت کی بناء پر منافع معدومہ پر اجارہ کو جائز کہا ہے تو حاجت کی بناء پر ثمر معدوم پر عقد کیوں ناجائز ہو۔"

پھر لکھتے ہیں۔

و بالجملة فالمراد ان المزارعة نظیر المضاربة والاجارة لا انها عینهما حتی یرد علیه ما اورده الطحاوی مع ان القیاس انما یکون فی الحاق المسکوت عنه بالمنصوص علیه او المجمع علیه فاما فی ابطال نص و خرق اجماع بقیاس نص اخر فلا سبیل الیه فلو سلمنا ان المزارعة والمساقاة کالاجارة بثمرة لم تخلق او زرع لم ینبت فانما یضر ذلک من یقول بجوازها بالقیاس و اما من یقول به بالنص والاجماع فلا یضره ذلک اصلا لما بینا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان معاملة رسول الله صلى الله عليه وسلم اهل خيبر بالشطر مشهور متواتر لم يختلف فيه اثنان من المسلمين و كذا عمل الخلفاء به بعده صلى الله عليه وسلم فهو اصل براسه كما ان المضاربة والاجارة اصلان براسيهما فافهم(521)

"بالجملہ مراد یہ ہے کہ مزارعت مضاربت اور اجارہ کی نظیر ہے یہ نہیں کہ وہ بعینہ مضاربت یا اجارہ ہے یہاں تک کہ طحاوی رحمہ اللہ کا وارد کیا ہوا اعتراض پیش آئے۔ نیز قیاس تو اس لئے ہوتا ہے کہ مسکوت عنہ کا منصوص علیہ یا مجمع علیہ کے ساتھ الحاق کیا جاسکے۔ رہا کسی نص کے ابطال یا خرق اجماع میں کسی اور نص پر قیاس کرکے تو یہ جائز نہیں۔ اور اگر ہم تسلیم بھی کرلیں کہ مزارعت اور مساقات ایسے پھل یا کھیتی پر اجارہ ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئی تب بھی یہ اس شخص کے لئے مضر ہے جو قیاس کی بنا پر ان کے جواز کا قول کرتا ہے۔ رہا وہ شخص جو اجماع یا نص کی بنا پر ان کے جواز کا قائل ہے تو اس کے لئے یہ سرے سے مضر نہیں ہے کیونکہ ہم بیان کرچکے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اہل خیبر کے ساتھ نصف پر معاملہ مشہور و متواتر ہے کہ جس میں کوئی سے بھی دو مسلمانوں کا اختلاف نہیں ہے۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفاء نے اس پر عمل کیا تو یہ خود مستقل ہے جیساکہ مضاربت اور اجارہ خود مستقل ہیں۔"

امام ابویوسف نے مزارعت کے جواز میں یہ روایات نقل کی ہیں۔

(ا) حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو نصف پر بٹائی کا معاملہ کرکے یہود کے حوالے کیا تھا۔ آپؐ حضرت عبداللہؓ بن رواحہ کو ان کے پاس بھیجتے تھے وہ اندازے سے دو حصے کردیتے پھر ان کو اختیار دے دیتے کہ دونوں حصوں میں سے جو چاہیں خود رکھ لیں یا آپ ان سے یہ کہتے "تم اندازے سے تقسیم کرو اور مجھے اختیار دو" اس پیش کش پر وہ لوگ کہا کرتے تھے "اسی عدل کی وجہ سے زمین و آسمان قائم ہیں۔"

(ب) حجاج نے ابو جعفر سے اور ابو جعفر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے ہم سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ آپؐ نے خیبر کو نصف پیداوار کے عوض دیا تھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ابوبکرؓ، عمر اور عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم اپنی زمینوں کو تہائی پیداوار کے عوض دیا کرتے تھے۔

(ج) اعمش نے ابراہیم بن مہاجر سے اور انہوں نے موسیٰ بن طلحہ سے روایت کرتے ہوئے ہم سے بیان کیا ہے کہ موسیٰ بن طلحہ نے کہا کہ میں نے سعد بن ابی وقاصؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ کو اپنی زمینیں تہائی اور چوتھائی پیداوار کے عوض دیتے ہوئے دیکھا ہے۔

(د) حجاج بن ارطاۃ نے بروایت ابو جعفرؒ بروایت نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے حدیث بیان کی ہے کہ آپؐ نے خیبر کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

نصف پیداوار کے عوض دیا تھا۔ نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم اپنی زمینیں تہائی پیداوار کے عوض دیا کرتے تھے۔ (522)

امام ابویوسف، مزارعت کے جواز اور عدم جواز والی روایات کے مطالعہ سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں۔

و اما اصحابنا من اهل الحجاز فاجازوا ذلک علی ما ذکرت لک و یحتجون فی ذلک بما عامل علیه رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم اهل خیبر فی التمر والزرع، و لا اعلم احدا من الفقهاء اختلف فی ذلک خلا هولاء الرهط من اهل الکوفة الذین وصف لک۔

قال ابویوسف = فکان احسن ما سمعنا فی ذلک و اللّٰه اعلم ان ذلک جائز مستقیم اتبعنا الاحادیث التی جاءت عن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فی مساقاة خیبر لانهما اوثق عندنا و اکثر و اعم مما جاء فی خلافها من الاحادیث (523)

"اور جہاں تک ہمارے فقہاء حجاز (مالکی شافعی اور حنبلی فقہاء کرام) کا تعلق ہے۔ انہوں نے اس معاملہ (مزارعت) کی اجازت دی ہے جیسا کہ میں نے آپ سے پہلے بیان کیا ہے۔ اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس طرز عمل سے استدلال کرتے ہیں جو آپؐ نے خیبر کے کھیتوں اور کھجور کے باغات کے سلسلہ میں اختیار کیا تھا۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے فقہاء کوفہ کی مذکورہ بالا جماعت کے علاوہ دوسرے فقہاء کے درمیان اس سلسلے میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا۔

مصنف کے علم و اطلاع کی حد تک بہترین مسلک یہی ہے کہ یہ طریقہ درست اور جائز ہے ہم نے ان احادیث کی پیروی کی ہے جو خیبر کی مساقاۃ کے سلسلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں کیونکہ جو حدیثیں ان کے خلاف جاتی ہیں ان سے یہ احادیث ہماری نظر میں زیادہ قابل اعتماد، زیادہ عموم کی حامل اور تعداد میں بھی زیادہ ہیں۔"

امام ابویوسف کے نزدیک مزارعت کی جائز صورتیں

امام ابویوسف کے نزدیک مزارعت کی درج ذیل صورتیں جائز ہیں:

(1) ایک صورت وہ ہے جس میں اجارہ نہیں ہوتا اس کی شکل یہ ہے کہ کوئی آدمی اپنے بھائی کو کوئی زمین کاشت کے لئے دے اور اس سے کرایہ کا معاملہ نہ کرے۔ عاریت پر لینے والا اپنے پاس سے بیج اور بیل کا انتظام کرکے اپنے خرچہ پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسے زیر کاشت لائے اس صورت میں پیداوار کاشتکار کی ہوگی اور زمین کا خراج مالک زمین کے ذمہ ہوگا۔ البتہ اگر یہ زمین عشری ہے تو عشر کاشت کرنے والے کے ذمہ ہوگا۔(524)

(2) زمین ایک آدمی کی ہو اور وہ دوسرے کو کاشت کے لئے دے۔ بیج اور دوسرے تمام اخراجات دونوں برابر برابر برداشت کریں اور پیداوار دونوں کی مشترکہ ملکیت ہو۔ زمین اگر عشری ہے تو عشر پیداوار میں سے نکالا جائے گا اور اگر خراجی ہے تو خراج مالک زمین کے ذمہ ہوگا۔(525)

(3) ایک آدمی کی زمین ہو اور وہ کاشتکار کو تہائی یا چوتھائی پیداوار کے عوض کاشت کے لئے دے۔ زمین پر خراج عاید ہو تو وہ مالک زمین کے ذمہ ہوگا اور عشر واجب ہو تو وہ دونوں کے ذمہ 'کھیت کی پیداوار میں عائد ہوگا۔(526)

(4) زمین' بیل اور بیج ایک آدمی کے ہوں اور وہ کسی کاشتکار کو پیداوار کے چھٹے یا ساتویں حصہ کے عوض اس پر محنت کروائے۔(527)

(5) ایک شخص کی زمین اور بیج ہوں اور دوسرا آدمی بیل مہیا کرے اور زمین کاشت کرنے کی ذمہ داری لے۔(528)

(6) اگر مالک اور مزارع کے درمیان عقد مزارعت کے وقت یہ شرط ہو کہ غلہ پکنے کے بعد گھر لانے تک اس کے جملہ مصارف عامل کے ذمہ ہوں گے تو امام محمد کے نزدیک یہ معاملہ فاسد ہوگا لیکن امام ابویوسف کے نزدیک اگر یہ شرط اس علاقہ کے لوگوں کے تعامل اور رواج کی بناء پر ہو تو یہ مزارعت جائز ہوگی۔ مشائخ بلخ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ ابوبکر السرخسی فرماتے ہیں کہ ہمارے علاقے میں یہی صحیح تر ہے۔(529) ابوبکر الکاسانی بدائع الصنائع میں لکھتے ہیں کہ ماوراء النہر کے ہمارے بعض مشائخ کا بھی اس پر فتویٰ ہے اور مشائخ خراسان میں سے نصیر بن یحییٰ اور محمد بن مسلمہ کا یہی مختار قول ہے۔(530)

(7) زمین و بیل ایک جانب سے ہوں اور بیج و عمل دوسری جانب سے تو کتب ظاہر الروایۃ(531) کے مطابق یہ صورت جائز نہیں۔ لیکن امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ یہ عقد عرف کی بناء پر جائز ہوگا۔ ان کے قول کی دلیل یہ ہے کہ اگر زمین و بیج ایک جانب سے ہوں تو مزارعت جائز ہوتی ہے اور بیل کی منفعت کو عامل کی منفعت کے تابع کر دیا جاتا ہے ایسے ہی جب زمین و بیل ایک جانب سے ہوں تو یہ بھی جائز ہونا ضروری ہے۔(532)

(8) جب بیل اور بیج ایک کی طرف سے ہوں اور کام اور زمین دوسرے کی طرف سے ہو تو امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ مضاربت پر قیاس کرتے ہوئے یہ جائز ہوگا۔ اس لئے کہ مزارعت میں بیج کی مثال وہی ہے جو مضاربت میں راس المال کی ہے۔ اور مضاربت میں کارکن کو راس المال سپرد کرنا جائز ہوتا ہے۔ اس طرح مزارعت میں کاشتکاری کے لئے مالک زمین کو بیج سپرد کرنا جائز ہوتا ہے۔(533)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو یوسف کے نزدیک مزارعت کی فاسد صورت

اگر مزارعت میں یہ شرط رکھی جائے کہ بھوسہ دونوں کے لئے ہو گا تو یہ جائز ہے کیونکہ یہ ایسی شرط ہے جو مقتضائے عقد کو ثابت کرنے والی ہے اور اگر دونوں اس سے سکوت اختیار کریں تو امام ابو یوسف کے نزدیک عقد فاسد ہو گا۔ امام ابو یوسف اس کی دلیل یہ دیتے ہیں کہ دونوں یعنی دانے اور بھوسے میں سے ہر ایک عقد سے مقصود ہوتا ہے لہٰذا بھوسہ سے سکوت ایسے ہی ہو گا جیسے دانوں سے سکوت اور چونکہ وہ بالاجماع مفسد ہے لہٰذا ایسے ہی یہ بھی مفسد ہو گا۔ (534)

مزارعت فاسدہ کا حکم

امام ابو یوسف کے نزدیک مزارعت فاسدہ میں اجرت مثلی مزارعت میں طے شدہ مقدار کے برابر واجب ہوتی ہے۔ (535)

احیائے موات (بنجر اراضی کو آباد کرنا)

موات زمینوں کی تعریف

امام ابو یوسف کے نزدیک مندرجہ ذیل قسم کی اراضی موات زمینوں میں شمار ہوتی ہیں۔

(ا) ایسی زمینیں جن میں تعمیر یا زراعت کے کوئی آثار نہ پائے جائیں اور نہ یہ بستی والوں کی مشترکہ ضروریات کی تکمیل میں کام آتی ہوں، مثلاً تفریح گاہ، مویشیوں اور سواری کے جانوروں کی چراگاہ، ایندھن حاصل کرنے کی جگہ یا قبرستان نہ ہوں۔ یہ نہ تو کسی کی ملکیت میں ہوں نہ کسی کے قبضہ میں۔ (536)

(ب) اہل حرب میں سے جو قوم بھی مٹ چکی ہو اور اب ان میں سے کوئی فرد باقی نہ رہا ہو، ان کی زمینیں معطل پڑی ہوں اور معلوم نہ ہو کہ وہ کسی کے قبضہ میں ہیں یا نہیں۔ نہ کوئی شخص ان میں سے کسی زمین کے بارے میں کوئی دعویٰ لے کر سامنے آئے۔ (537)

(ج) وہ زمین آبادی سے اس قدر دور ہو کہ اگر ایک شخص موات اراضی میں ایک اونچی جگہ کھڑا ہو کر بلند آواز سے پکارے تو آبادی میں سے کوئی فرد یہ آواز نہ سن سکے۔ (538)

احیاء کے ذریعہ ملکیت

امام ابو یوسف کے نزدیک جو شخص ایسی زمین کو تین سال کی مدت میں آباد کر لے وہ اس کا مالک بن جائے گا۔ (539)

toobaa-elibrary.blogspot.com

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔

من احیا ارضا مواتا فھی لہ (540)

امام ابو یوسف نے حضرت عمرؓ سے مروی ایک حدیث نقل کی ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں۔

عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالٰی عنہ قال = من أحیا ارضا میتة فھی لہ' و لیس لمحتجر حق بعد ثلاث سنین (541)

"عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کوئی بھی کسی مردہ زمین کو کار آمد بنالے وہ اس کے لئے ہے۔ مگر کسی محتجر کو تین سال بعد کوئی حق نہ رہ جائے گا۔"

امام ابو یوسف رقم طراز ہیں:

فاخذ من حدیث عمر من یحتجر حقا بعد ثلاث سنین و لم یعمل بہ فلا حق لہ والمحتجر ھو ان یجئی الرجل الی ارض موات فیحظر علیھا حظیرة و لا یعمرھا و لا یحییھا فھو احق بھا الی ثلاث سنین' فان لم یحییھا بعد ثلاث سنین فھو فی ذلک والناس شرع واحد فلا یکون احق بہ بعد ثلاث سنین (542)

"حضرت عمرؓ کی اس حدیث سے یہ بات نکلتی ہے کہ جو آدمی احتجار کے ذریعہ کسی حق کو خاص کرے اور تین سال گزر جائیں مگر وہ اس پر کاشت نہ کرے تو پھر اس پر اس کا کوئی حق نہیں رہ جاتا۔ محتجر کی تعریف یہ ہے کہ آدمی کسی افتادہ زمین کے گرد حد بندی کرکے اس کو گھیر دے۔ نہ تو اس پر کاشت کرے' نہ اسے کار آمد بنائے۔ تین سال تک تو یہی آدمی اس قطعہ زمین کا زیادہ حق دار ہے۔ اگر تین سال گزر جانے پر بھی وہ اسے کار آمد نہ بنائے تو اب اس زمین کے سلسلہ میں اس کی اور دوسرے انسانوں کی حیثیت یکساں ہو جائے گی۔ تین سال گزر جانے پر وہ دوسرے کے مقابلہ میں اس زمین کا زیادہ حق دار نہ رہ جائے گا۔"

آباد کاری کے طریقے

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ایسی زمینوں کی آباد کاری کی مختلف صورتوں کی نشاندہی کی ہے:

(ا) ایسی زمین پر خود کاشت کرے۔

(ب) کسی دوسرے سے بٹائی کے معاملہ پر کاشت کرائے۔

(ج) کرایہ پر دے دے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(د) ایسی زمین میں نہریں کھدوائے۔(543)

حکومت کی اجازت کا مسئلہ

موات زمینوں کی آبادکاری (Cultivation of virgin lands) کے لئے حکومت کی اجازت ضروری ہے یا نہیں؟ اس ضمن میں امام ابو یوسف نے اپنے استاد امام ابو حنیفہ سے اختلاف کیا ہے۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک احیاء کے حکومت کو اختیار ہو گا کہ وہ زمین اس سے لے کر اپنے قبضہ میں لے آئے۔(544)

لیکن امام ابو یوسف نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث اور حضرت عمرؓ سے مروی آثار کی بنیاد پر یہ رائے قائم کی ہے کہ موات زمینوں کی آبادکاری کے لئے حکومت کی اجازت ضروری نہیں کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دی ہوئی اجازت عام ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔

اما انا فاری اذا لم یکن فیه ضرر علی احد و لا لاحد فیه خصومة ان اذن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم جائز الی یوم القیامة فاذا جاء الضرر فهو علی الحدیث و لیس لعرق ظالم حق(545)

"باوجود اس کے میری رائے یہی ہے کہ ایسی شکل میں جب کہ احیاء سے کسی کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچ رہا ہو اور نہ کوئی اس کے خلاف عذر دار ہو' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی (دی ہوئی) اجازت قیامت تک کام آتی رہے گی۔ لیکن اگر ضرر رسانی کی صورت پیدا ہو جائے تو اس کا علاج اس حدیث کی روشنی میں کیا جائے گا کہ "ظلم کرنے والے کا کوئی حق نہیں۔"

ان کی دلیل یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان میں "فھی لہ" کے الفاظ ملتے ہیں تو پھر کسی دوسری اتھارٹی (Authority) سے اجازت لینے کی کیا ضرورت ہے؟ البتہ حکومت کو صرف نگرانی کرنی چاہیے اور یہ دیکھنا چاہیے کہ اس سے مفاد عامہ کو کوئی ضرر نہ پہنچے۔ ان کا موقف یہ ہے کہ احیاء موات کے بارے میں بعض روایات میں جو یہ الفاظ آئے ہیں کہ "و لیس لعرق ظالم حق" ان میں اسی ضرر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اس کا مطلب ان کے نزدیک یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی موات زمین میں کوئی درخت نصب کرے جس سے دوسرے کو نقصان پہنچتا ہو تو پھر اس ظلم کا حق اس کو نہ دیا جائے۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ان کے موقف کی تائید قیاس سے بھی ہوتی ہے۔ مثلاً ایک شخص اگر سمندر یا نہر سے پانی لے لیتا ہے تو ایسا کرنے سے وہ مالک بن جاتا ہے۔ اگرچہ سلطان اس کو لینے کی اجازت نہ دے اور نہ اس کو اس کی ملک قرار دے۔ اسی طرح اگر ایک شخص شکار کرتا ہے تو وہ اس کی ملکیت ہو جاتا ہے۔ وہ سلطان کی اجازت کا محتاج نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوتا۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہی حال مردہ زمین کا ہے کہ اس پر کسی کی ملک نہیں ہے۔ اب جو شخص ایسی زمین میں سے کچھ حصہ آباد کرلے تو وہ اس کی ملکیت ہو جائے گا اور وہ اس میں سلطان کے حکم کا محتاج نہ ہو گا۔ (546)

کتاب الخراج میں اپنا موقف واضح کرنے کے ساتھ ساتھ امام ابو یوسف اپنے استاد کے نظریے کی وضاحت بھی کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس بارے میں مجھ سے یہ سوال کیا گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے واضح ارشاد کی موجودگی میں امام ابو حنیفہ نے حکومت کی اجازت کی قید کیوں عائد کی ہے؟ امام ابو حنیفہ ایسی شخصیت بغیر کسی دلیل کے کوئی بات نہیں کہہ سکتی۔ چنانچہ امام ابو یوسف اپنے استاد کی دلیل اور اس کا دفاع کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

قال ابو یوسف = حجته فی ذلک ان یقول = الاحیاء لا یکون الا باذن الامام ارایت رجلین اراد کل واحد منهما ان یختار موضعا واحدا و کل واحد منهما منع صاحبه' ایهما احق به؟ ارایت ان اراد رجل ان یحیی ارضا میتة بفناء رجل و هو مقر ان لاحق له فیها فقال = لا تحیها فانها بفنائی و ذلک یضر نی (547)

"ابو یوسف نے فرمایا = اس سلسلہ میں وہ دلیل کے طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ زمین کی آباد کاری امام کی اجازت کے بغیر نہیں ہو سکتی۔ اگر دو آدمی ہوں اور ان میں سے ہر ایک ایک ہی جگہ کو (آباد کاری کے لئے) منتخب کرنا چاہے اور ان میں سے ہر ایک دوسرے کو ایسا کرنے سے روکے تو تمہارا کیا خیال ہے۔ ان دونوں میں سے کون اس جگہ کا زیادہ حقدار ہو گا۔ اگر کوئی شخص کسی دوسرے آدمی کے گھر کے سامنے واقع افتادہ زمین کی آباد کاری عمل میں لانا چاہے اور اس آدمی کو اس کا اقرار بھی ہو کہ وہ اس زمین پر کوئی حق نہیں رکھتا مگر وہ اس شخص سے کہے کہ اس کو آباد نہ کر کیونکہ یہ میرے گھر کے سامنے واقع ہے۔ اور اس کی آباد کاری مجھ کو نقصان پہنچائے گی۔ تو اس کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟"

مزید لکھتے ہیں۔

فانما جعل ابو حنیفة اذن الامام فی ذلک هاهنا فصلا بین الناس فاذا اذن الامام فی ذلک لانسان کان له ان یحییها' و کان ذلک الاذن جائزا مستقیما و اذا منع الامام احدا کان ذلک المنع جائزا و لم یکن بین الناس التشاح فی الموضع الواحد و لا الضرار فیه مع اذن الامام و منعه و لیس ما قال ابو حنیفة یرد الاثر انما رد الاثر ان یقول = و ان احیاها باذن الامام فلیست له فاما من یقول هی له فهذا اتباع الاثر و لکن باذن الامام لیکون اذنه فصلا

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیما بینھم من خصوماتھم و اضرار بعضھم ببعض (548)

"حقیقت یہ ہے کہ (امام) بوحنیفہ نے اس باب میں امام کی اجازت لوگوں کے درمیان نزاع ختم کرنے کے خیال سے ضروری قرار دی ہے۔ جب امام اس بارے میں کسی آدمی کو اجازت دے دے تو اسے آبادکاری کا اختیار مل جائے گا۔ یہ اجازت دینا مناسب اور جائز بات ہے۔ اگر امام کسی فرد کو ایسا کرنے سے روک دے تو یہ روکنا بھی درست ہو گا۔ امام کی اجازت یا ممانعت کی صورت میں لوگوں کے درمیان ایک ہی جگہ کے سلسلہ میں کشمکش کی نوبت نہیں آئے گی۔ اور نہ ایک دوسرے کو ضرر رسانی کی۔

امام ابوحنیفہ نے جو بات کہی ہے وہ اس باب میں مروی آثار کو رد نہیں کرتی۔ حدیث کا رد تو اس وقت ہوتا جب وہ یہ کہتے کہ "اگر وہ اس زمین کو امام کی اجازت سے آباد کرے تو بھی وہ اس کی ملکیت نہیں بنے گی۔ اب جو یہ کہتا ہے کہ (اس صورت میں) زمین اس کی ملکیت ہو جائے گی تو یہ کہنا اس اثر کا اتباع ہوا۔ اضافہ صرف امام کی اجازت ضروری قرار دینے کا کیا گیا ہے تاکہ لوگوں کے باہمی نزاعات کا سدباب ہو اور ایک دوسرے کو ضرر رسانی کی نوبت نہ آئے۔"

امام ابویوسف نے امام ابوحنیفہ کے قول کی جو توجیہہ کی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی یہ رائے اس صورت میں ہے جب اختلاف کا خدشہ ہو' ورنہ عام حالت میں حکومت کی اجازت ضروری نہیں ہے۔

ٹیکس کی ادائیگی

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ جو زمین آباد کی گئی ہے وہ یا تو عشری زمین (The land of ushr) ہو گی یا خراجی (The land of Khiraj)۔ اگر وہ عشری زمین ہے تو پھر جو کچھ اس سے پیداوار ہو گی اس پر عشر ہو گا یعنی 1/10 یا 1/20 جو بھی معروف طریقہ سے ہو۔ اور اگر وہ خراجی زمین ہے تو پھر وہ خراج ادا کرے گا۔ (549)

اگر آباد کردہ زمین ایسے علاقہ کی ہو جو پہلے مشرکین کے قبضہ میں تھا۔ پھر اسے مسلمانوں نے فتح کر لیا اور اسے آباد کرنے والا اس کے لئے کسی ایسے چشمہ وغیرہ سے پانی لاتا ہے جو پہلے مشرکین کے قبضہ میں تھا تو یہ زمین خراجی قرار پائے گی البتہ اگر وہ اس قسم کا پانی استعمال نہیں کرتا بلکہ اسی زمین میں کنواں کھود کر یا اسی میں سے کوئی چشمہ نکال کر اس کا احیاء عمل میں لاتا ہے تو وہ زمین عشری قرار پائے گی لیکن اگر اس کے لئے اس زمین پر ان نہروں سے پانی لانا ممکن ہو جو پہلے عجمی قوموں کے قبضہ میں تھیں خواہ وہ یہ پانی لائے یا نہ لائے۔ یہ زمین خراجی قرار پائے گی۔ (550)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ہشتم

جاگیروں کے بارے میں
امام ابو یوسف کا نظریہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں جاگیروں کے بارے میں جو معاشی فکر پیش کیا ہے اس کو ہم مختلف عنوانات کے تحت بیان کرتے ہیں۔

شرعی حیثیت

امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اسلام میں جاگیریں دینے کا رواج' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کرام مثلاً حضرت ابوبکر الصدیقؓ (م 13ھ / 634ء)' حضرت عمر بن الخطابؓ (م 24ھ / 645ء) حضرت زبیر بن العوامؓ (م 36ھ / 656ء) اور مزنیہ و جہنیہ کے کچھ لوگوں کو مختلف قسم کی زمینیں جاگیر کے طور پر دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت عمرؓ بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء) اور حضرت عثمان غنیؓ (24-35ھ / 645-655ء) نے بھی یہ سلسلہ جاری رکھا۔ اس ضمن میں انہوں نے مختلف آثار سے استدلال کیا ہے۔ (551)

امام ابویوسف کے بارے میں ڈاکٹر ضیاء الدین الریس کی ایک رائے کا تنقیدی جائزہ

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر ضیاء الدین الریس کی ایک رائے کی تحقیق کی جائے جو انہوں نے اپنی کتاب "الخراج والنظم المالیہ فی الدولۃ الاسلامیۃ" میں امام ابویوسف کے بارے میں دی ہے۔ ان کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ یحییٰ بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء) احمد بن یحییٰ بن جابر' البلاذری (م 279ھ / 892ء) اور ابوالحسن علی بن محمد الماوردی (م 450ھ / 1058ء) کی رائے یہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ' عمرؓ اور علیؓ نے جاگیر کے طور پر کسی کو کوئی زمین نہیں دی' جبکہ امام ابویوسف کی بحث سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے بعض لوگوں کو جاگیر دی۔ اس لئے امام ابویوسف کا قول ان مفکرین (یحییٰ بن آدم' البلاذری' اور الماوردی) کے اقوال کے برعکس ہے۔ نیز امام ابویوسف نے اپنے موقف پر کوئی دلیل بھی نہیں دی۔ (552)

حقیقت یہ ہے کہ یحییٰ بن آدم القرشی' البلاذری اور الماوردی کا یہ موقف ہرگز نہیں ہے کہ حضرت عثمان غنیؓ سے قبل کسی نے کوئی جاگیر نہیں دی۔ یحییٰ بن آدم نے اپنی کتاب الخراج میں کئی ایسی روایات نقل کی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکر' حضرت عمرؓ اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف لوگوں کو جاگیر کے طور پر زمین دی۔ (553)

اسی طرح کی احادیث البلاذری نے "فتوح البلدان" میں نقل کی ہیں۔ (554) اور جب ہم الماوردی کی کتاب "الاحکام السلطانیہ" کا مطالعہ کریں تو وہاں بھی قطائع کے بارے میں ان کی پوری بحث میں ان کا یہ نظریہ کہیں بھی نہیں ملتا۔ (555)

toobaa-elibrary.blogspot.com

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ امام ابویوسف نے ایسی کوئی مثال نہیں دی جس سے یہ معلوم ہو کہ حضرت عمرؓ نے کسی کو جاگیر دی ہو یہ رائے بھی درست نہیں۔ امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں ہشام بن عروہ سے جو روایت نقل کی ہے اس میں یہ الفاظ ملتے ہیں۔

ان عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ اقطع العقیق اجمع للناس حتی جازت قطیعۃ ارض عروۃ بن الزبیر - فقال این المستقطعون منذ الیوم فان یکن فیم خیر فنحت قدمی - قال خوات بن جبیر = اقطعنیہ فاقطعہ ایاہ(556)

"یہ کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے عقیق کا سارا علاقہ لوگوں کے درمیان بطور جاگیر تقسیم کر دیا۔ یہاں تک کہ ایک جاگیر عروہ بن زبیر کی زمین سے بھی تجاوز کر گئی۔ پھر آپ نے فرمایا "کہاں ہیں آج کے دن سے جاگیر کے طلب گار' اگر ان (طلب گاروں) میں کچھ بھلائی نظر آئی تو میرے قدموں کے نیچے (بہت زمین) ہے۔ "خوات بن جبیر نے کہا' اسے مجھے بطور جاگیر دے دیجئے چنانچہ آپ نے اسے انہیں دے دیا۔"

جاگیر دینے کا اختیار

کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ابویوسف جاگیر دینے کا اختیار صرف خلیفہ کو دیتے ہیں۔ اس کے سوا حکومت کے کسی عہدہ دار کو خواہ وہ کتنے ہی اہم منصب پر فائز کیوں نہ ہو' یہ حق نہیں ہے۔ خلیفہ ہارون الرشید کو کہتے ہیں۔

و لک ان تقطع ذلک من احببت ورایت و تواجرہ تعمل فیہ بما تری انہ صلاح (557)

"آپ کو بھی یہ اختیار حاصل ہے کہ ایسی زمینیں جسے مناسب سمجھیں بطور جاگیر عطا کریں۔ آپ ان کو کرایہ پر بھی دے سکتے ہیں۔ یا کوئی دوسری مفید شکل سامنے آئے تو اسے بھی اختیار کر سکتے ہیں۔"

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ زمین امام عادل کے لئے بمنزلہ دولت (Wealth) کے ہے اور وہ یہ دولت جس کو چاہے دے سکتا ہے۔ (558) جاگیروں کی منظوری سے متعلق وہ کہتے ہیں۔

والارض عندی بمنزلۃ المال فللامام ان یجیز من بیت المال من کان لہ غناء فی الاسلام و من یقوی بہ علی العدو و یعمل فی ذلک بالذی یری انہ خیر للمسلمین و اصلح لامرھم و کذلک الارضون یقطع الامام منھا من احب من الاصناف التی سمیت(559)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"زمین میرے نزدیک مال کی طرح ہے چنانچہ امام کو یہ اختیار حاصل ہے کہ بیت المال میں سے ان لوگوں کو انعامات دے جنہوں نے اسلام کی کوئی نمایاں خدمت انجام دی ہو۔ یا جو اس مال کے ذریعہ دشمن کے مقابلہ کی تیاری کرنے والے ہوں امام اس باب میں وہ پالیسی اختیار کرے گا جو اس کی رائے میں مسلمانوں کے لئے بہتر اور ان کے حق میں موزوں ہو۔ یہی نوعیت زمینوں کی بھی ہے' میں نے جس قسم کے لوگوں کا اوپر ذکر کیا ہے ان میں سے امام جس کو چاہے جاگیر دے سکتا ہے۔"

ایک جگہ کہتے ہیں۔

و ذلک بمنزلة المال الذی لم یکن لاحد و لا فی ید وارث' فللامام العادل ان یجیز منه و یعطی من کان له غناء فی الاسلام و یضع ذلک موضعه و لا یحابی به' فکذلک هذه الارض (560)

"اس کا حال اس مال جیسا ہے جو کسی کی ملک میں نہ ہو' نہ ہی کسی وارث کے قبضہ میں ہو۔ ایسے مال کے سلسلہ میں امام عادل کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اس میں سے انعامات دے اور جن لوگوں نے اسلام کی کوئی قابل لحاظ خدمت انجام دی ہو ان کو کچھ بطور عطیہ دے اور بے جا ترجیحی سلوک کئے بغیر ان اموال کو مناسب طور پر صرف کرے۔ بالکل یہی نوعیت ان زمینوں کی بھی ہے۔"

آگے چل کر ایک جگہ پر کہتے ہیں۔

و للامام ان یقطع کل موات و کل ما کان لیس لاحد فیه ملک و لیس فی ید احد و یعمل فی ذلک بالذی یری انه خیر للمسلمین و اعم نفعا (561)

"اور امام کو یہ حق حاصل ہے کہ ہر افتادہ زمین کو' ہر اس (چیز) کو جس پر کسی کی ملکیت نہ ہو' نہ وہ کسی کے قبضہ میں ہو' بطور جاگیر عطا کر دے۔ امام اس سلسلہ میں وہ طریقہ اختیار کرے گا جو اس کی نظر میں مسلمانوں کے لئے سب سے بہتر ہو اور جس کے فوائد زیادہ سے زیادہ لوگوں کو پہنچ سکیں۔"

غرض و غایت

امام ابو یوسف کے نزدیک جاگیریں دینے کا مقصد یہ ہے کہ زمینیں بے آباد رہنے کی بجائے پیداوار دیں۔ اس طرح خراج میں اضافہ ہو اور ملک ترقی کرے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و لا اری ان یترک ارضا لا ملک لاحد فیها و لا عمارة حتی یقطعها الامام' فان ذلک اعمر للبلاد و اکثر للخراج (562)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"میرے خیال میں غیر مملوکہ اور غیر آباد زمینوں کو بے کار چھوڑ رکھنے کی بجائے امام کو چاہیے کہ انہیں بطور جاگیر مختلف افراد کو دے دے اس طرح ہمارے علاقے زیادہ آباد و خوش حال ہو جائیں گے اور خراج میں بھی اضافہ ہو گا۔"

آپ کی رائے یہ ہے کہ ایسی زمینیں صرف ایسے افراد کو دی جائیں جو ان کو آباد کر سکیں۔ اگر ایک شخص جاگیر لینے کے بعد ویسے ہی بے آباد رکھ چھوڑتا ہے تو پھر وہ زمین اس سے واپس لے لی جائے گی۔ چنانچہ انہوں نے کتاب الخراج میں حضرت عمرؓ کا وہ قول نقل کیا ہے جو انہوں نے حضرت بلال بن حارث مزنی کو کہا تھا۔

انک لا تستطیع ان تعمل هذا(563)

"اس (سارے علاقہ) کو زیر کاشت لانا تمہارے بس سے باہر ہے۔"

زمانہ خلافت میں لوگوں کو دیئے گئے قطائع کے بارے میں امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ ان کا مقصد بے آباد زمینوں کی آبادکاری تھا' اور یہ کہ وہ لوگ معاش کی فکر سے آزاد ہو کر اپنے آپ کو خدمت خلق کے لئے وقف کر دیں نہ کہ عیش و عشرت کریں۔ آپ کتاب الخراج میں ایک کلیہ بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

فقد جاء ت هذه الآثار بان النبی صلی اللہ علیه وسلم اقطع اقواما و ان الخلفاء من بعده اقطعوا و رای رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الصلاح فیما فعل من ذلک اذ کان فیه تالف علی الاسلام و عمارة للارض و کذلک الخلفاء انما اقطعوا من راوا ان له غناء فی الاسلام و نکایة للعدو وراوا ان الافضل ما فعلوا و لو لا ذلک لم یاتوه و لم یقطعوا حق مسلم و لا معاهد

(564)

"یہ سارے آثار یہی بتا رہے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کو جاگیریں عطا فرمائی ہیں اور آپ کے بعد خلفاء نے بھی جاگیریں دی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ کیا اسی میں بہتری دیکھی کیونکہ اس طرح لوگوں کی اسلام سے وابستگی میں پختگی پیدا ہوتی اور زمین کی آبادکاری بھی عمل میں آتی تھی۔ اسی طرح خلفاء نے بھی صرف انہی لوگوں کو جاگیریں دی ہیں جنہوں نے اسلام کی کوئی نمایاں خدمت انجام دی تھی یا جو دشمن کی سرکوبی کا ذریعہ تھے اور ان حضرات کے نزدیک بہترین طریقہ وہی تھا جسے انہوں نے اختیار کیا۔ یہ بات نہ ہوتی تو انہوں نے ایسا نہ کیا ہوتا۔ انہوں نے کسی مسلمان یا معاہد کا حق کبھی جاگیر کے طور پر کسی دوسرے کو نہیں دیا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

جاگیروں کی ملکیت

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ خلیفہ کی طرف سے جس شخص کو جاگیر دی جائے۔ اس کے احیاء کے بعد وہ اس کا مالک بن جاتا ہے۔ اس کو بیع و شراء وغیرہ کے تمام مالکانہ تصرفات حاصل ہوتے ہیں۔ اس کے مرنے کے بعد یہ زمین اس کے وارثوں میں شریعت کے بتائے ہوئے احکام کے مطابق تقسیم ہوگی۔ امام کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ زمین اس سے چھین لے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

فلا یحل لمن یاتی بعدھم من الخلفاء ان یرد ذلک و لا یخرجہ من یدی من ھو فی یدہ وارثا او مشتریا(565)

"کوئی زمین دی تو ان کے بعد آنے والے خلفاء کے لئے یہ جائز نہیں کہ ان کو واپس لے لیں' یا انہیں لوگوں کے قبضہ سے نکال لیں جن کے پاس یہ زمینیں اس وقت موجود ہیں خواہ ان کو انہوں نے وراثت میں پایا ہو یا کسی سے خرید کر حاصل کیا ہو۔"

اس سے معلوم ہوا کہ جس نے آباد کی ہو خود اس کے یا اس کے آباد کرنے والے سے کسی کو وراثت کے طور پر ملی ہو یا آباد کرنے والے سے کسی نے خریدی ہو کسی سے بھی حکومت اس کی یہ مملوکہ زمین چھین نہیں سکتی۔

حدود

(1) امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ جو زمین بطور جاگیر دی جائے اس میں اس بات کو مد نظر رکھا جائے کہ وہ کسی مسلمان یا معاہد کی ملکیت میں نہ ہو۔ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

فلا یحل للامام و لا یسعہ ان یقطع احدا من الناس حق مسلم و لا معاھد و لا یخرج من یدہ من ذلک شیئا(566)

"امام کے لئے نہ تو یہ جائز ہے نہ اس کے لئے ایسا کرنے کی کوئی گنجائش ہے کہ کسی فرد کو بھی کسی مسلمان یا معاہد کا حق (چھین کر) بطور جاگیر دے اسے اس طرح کی زمینوں کو ان کے قبضہ سے نہیں نکالنا چاہیے۔"

کسی کی ملکیت سے نکال کر دوسرے شخص کو دے دی جائے تو وہ اسے غصب قرار دیتے ہیں۔ فرماتے ہیں:

فاما ان اخذ الوالی من ید واحد ارضا و اقطعھا آخر فھذا بمنزلۃ الغاصب غصب واحدا و اعطی آخر (567)

"جو زمین والی نے ایک فرد سے لے کر دوسرے کو بطور جاگیر دی ہے تو یہ ایسا ہی ہے جیسے کہ غاصب ایک فرد سے غصب کر کے دوسرے کو دے دے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

(2) امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ جاگیر باصلاحیت لوگوں کو دی جائے اور عدل و انصاف کے پہلو کو مد نظر رکھا جائے۔ آپ فرماتے ہیں۔

و یضع ذلک موضعه و لا یحابی به(568)

"اور بے جا ترجیحی سلوک کئے بغیر ان اموال کو مناسب طور پر صرف کرے۔"

(3) وہ زمینیں جو عام افراد کی ملکیت ہوتی ہے مثلاً خشکی کے میدان' عوام کے گزرنے کے لئے راستے وغیرہ۔ ان کو بطور جاگیر نہیں دیا جاسکتا۔ آپ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

و لا یجوز للامام ان یقطع شیئا من طریق المسلمین مما فیه الضرر علیهم (569)

"امام کو بھی مسلمانوں کی راہ گزر کے کسی حصہ کو' جس کا کسی فرد کو دے دینا عام مسلمانوں کے لئے نقصان کا باعث ہو' کسی کو بطور جاگیر دینے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔"

اقسام

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ خلیفہ درج ذیل قسم کی اراضی کو بطور جاگیر دے سکتا ہے۔

(ا) عراق' حجاز' یمن اور طائف کے علاقوں میں یا عرب اور عرب کے علاوہ دوسرے ملکوں میں جو زمین بھی قابل کاشت ہو' نہ کسی کا حق ہو' نہ کسی کے قبضہ میں ہو' نہ کسی کا ورثہ ہو' اور جس پر کسی عمارت کے آثار بھی نہ ہوں۔(570)

(ب) بزور قوت فتح ہونے والے علاقوں کی زمین۔(571)

(ج) اسلامی ریاست کی حدود میں غیر مملوکہ اور غیر آباد زمینیں۔(572)

قطائع (یا جاگیروں) پر ٹیکس

امام ابویوسف کے نزدیک قطائع ٹیکس سے مستثنیٰ نہیں ہیں چنانچہ کتاب الخراج میں انہوں نے مختلف قسم کی اراضی پر ٹیکس کی شرحیں بتائی ہیں۔ ان کے نزدیک جو زمینیں بہتے پانی سے سیراب ہوتی ہوں وہ عشری قرار پائیں گی۔ اور جو کنوئیں وغیرہ سے سیراب ہوتی ہوں ان پر بیسواں حصہ عائد ہوگا۔(573)

ایسی زمین اگر خراجی علاقہ میں واقع ہو تو جس شخص کو جاگیر دی گئی ہے وہ خراج ادا کرے گا اور اگر یہ زمین عشری زمینوں میں سے ہو تو وہ عشر ادا کرے گا۔(574)

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ یہ زمین اصل میں خراجی زمین ہے اور خصوصاً" اس وقت جبکہ اس کو خراجی پانی سے سیراب کیا جائے۔ سوائے اس کے کہ امام اس پر عشر عائد کرے۔ چنانچہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

و انما صارت القطائع یوخذ منها العشر لانها بمنزلة الصدقة و انما ذلک الی الامام ان رای ان یصیر علیها عشرا فعل' و ان رای ان یصیر علیها عشرین فعل' و ان رای ان یصیرها خراجا - اذا کانت تشرب من انهار الخراج - فعل ذلک موسعا علیه فی ارض العراق خاصة' و انما یوخذ منها العشر لما یلزم صاحب الاقطاع من المونة فی حفر الانهار و بناء البیوت و عمل الارض' و فی هذا مونة عظیمة علی صاحب الاقطاع' فمن ثم صار علیه العشر لما یلزم من المونة والامر فی ذلک الیک' ما رایت انه اصلح فاعمل به ان شاء الله (575)

"جاگیروں سے عشر اس لئے وصول کیا جانے لگا کہ ان کی نوعیت صدقہ کی ہے۔ اصلاً" یہ امام کی رائے پر موقوف ہے کہ ان پر عشر عاید کرنا مناسب سمجھے تو ایسا کرے اور عشر کا دوگنا (1/5) عاید کرنا موزوں خیال کرے تو ایسا کرے۔ اسی طرح اگر وہ ان زمینوں کو خراج کے تحت لانا چاہے تو ایسا بھی کر سکتا ہے بہ شرطیکہ ان کو خراجی نہروں سے سینچا جاتا ہو۔ خاص طور پر عراق کی زمین کے سلسلہ میں امام کے لئے (مالیہ عاید کرنے کے باب میں) کافی گنجائش ہے۔

ان (جاگیروں) سے صرف دسواں حصہ اس لئے لیا جاتا ہے کہ نہروں کی کھدائی' مکانات کی تعمیر اور زمین کی جوتائی وغیرہ کے سلسلہ میں (محنت اور مصارف کا) بار جاگیردار کے سر ہوتا ہے اس سلسلہ میں جاگیردار پر بہت بار پڑ جاتا ہے۔ اسی بار کی وجہ سے ان سے صرف عشر لیا جاتا رہا ہے۔ بہرحال فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ جس طریقہ کو زیادہ موزوں سمجھئے' اس پر عمل کیجئے۔ ان شاء اللہ"

امام ابو یوسف اس ضمن میں خلیفہ کو مکمل اختیار دیتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں۔

فکل ارض اقطعها الامام مما فتحت عنوة ففیها الخراج الا ان یصیرها الامام عشریة و ذلک الی الامام اذا اقطع احدا ارضا من ارض الخراج فان رای ان یصیر علیها عشرا او عشرا و نصفا' او عشرین او اکثر او خراجا' فما رای ان یحمل علیه اهلها فعل' و ارجو ان یکون ذلک موسعا علیه فکیفما شاء من ذلک فعل (576)

"بزور قوت فتح ہونے والے علاقوں کی جو زمین امام کسی کو بطور جاگیر دے اس پر خراج عائد ہو گا۔ الا یہ کہ امام اسے عشری قرار دے دے۔ امام کو اس کا اختیار ہے کہ جب خراجی زمینوں میں سے کوئی زمین کسی کو جاگیر کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

طور پر عطا کرے تو اس پر عشر(1/10) یا عشر اور نصف(3/20) یا دو عشر(2/10) یا اس سے زیادہ' یا کوئی (متعین) خراج' غرض یہ کہ جتنا کچھ بھی عائد کرنا مناسب سمجھے کر دے۔ مجھے امید ہے کہ اس باب میں اس کے لئے کافی گنجائش ہے اور وہ ان مختلف صورتوں میں سے جو صورت چاہے اختیار کر سکتا ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل نہم

مسائل تجارت سے متعلق
امام ابو یوسف کا معاشی فکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس فصل میں ہم تجارت (Trade) کے بارے میں امام ابو یوسف کے معاشی فکر کو واضح کریں گے۔

خرید و فروخت

عربی زبان میں خرید و فروخت کے لئے بیع (Contract of sale) کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ لغت میں بیع کے معنی ہیں "مبادلہ" (یعنی تبادلہ میں دینا' تبادلہ کرنا)۔ اور یہ لفظ ان کلمات میں سے جن کے متضاد معنی ہوتے ہیں۔ چنانچہ کہا جاتا ہے "باع کذا" (میں نے یہ چیز اتنے میں خریدی یا اتنے میں فروخت کی)۔ اصطلاح میں اس کا مفہوم یہ ہے "باہمی رضامندی سے مال کا مال کے ساتھ تبادلہ کرنا۔" (577)

فقہ کی معروف کتاب "الھدایہ" میں بیع کی تعریف ان الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔

بیع ینعقد بالایجاب والقبول اذا کانا بلفظ الماضی مثل ان یقول احدھما بعت والاخر اشتریت (578)

"بیع ایجاب و قبول کے ساتھ منعقد ہوتی ہے۔ جب لفظ ماضی میں استعمال ہوں۔ مثل کے طور پر ان میں سے ایک یہ کہے کہ میں نے فروخت کیا اور دوسرا کہے کہ میں نے خرید لیا۔"

الخیارات

خیارات "خیار" کی جمع ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ دو یا دو سے زائد کاموں میں بہتر کو اختیار کیا جائے۔ اور فقہاء اس سے یہ مراد لیتے ہیں کہ عاقدین (Contractors) میں سے کسی ایک کو یا سب کو حق ہو کہ وہ عقد (Contract) کو جاری رکھے یا فسخ کر دے۔ (579)

خیار شرط

خرید و فروخت کا معاملہ طے ہوتے وقت خریدار (Purchaser) نے یہ شرط لگادی کہ میں تین دن کے اندر بتا دوں گا کہ اس چیز کو خریدنا ہے یا نہیں تو اس کو خیار شرط (Stipulation for option) کہتے ہیں۔ یعنی یہ شرط عائد کرنے کی وجہ سے اس کو یہ اختیار (Option) مل گیا۔ اسی طرح بائع (Seller) کو بھی یہ اختیار حاصل ہے۔ وہ مشتری (Purchaser) کی پسندیدہ چیز کے بارے میں کہہ سکتا ہے کہ میں اس کے فروخت کرنے کا فیصلہ تین دن کے اندر کروں گا۔

استاذ علی الخفیف نے اس کی بڑی جامع تعریف کی ہے۔

ھو ما یثبت لاحد العاقدین او لغیرھما فی الحق فی امضاء العقد او فسخہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بناء علی اشتراط ذلک لہ(580)

اگر بائع (Seller) نے مشتری (Purchaser) کو کوئی چیز دیتے وقت شرط مقرر کی اور یہ شرط ایسی ہے کہ اس میں کسی کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہے تو یہ شرط باطل (Void) ہے۔ اور بیع صحیح ہوگی۔ مثلاً اگر کسی نے کپڑا اس شرط پر خریدا کہ اس کو فروخت نہیں کروں گا تو یہ شرط لغو ہوگی اور بیع صحیح ہوگی۔ اس لئے کہ اس شرط میں کسی کے لئے بھی کوئی فائدہ نہیں ہے۔

امام ابو یوسف کا موقف یہ ہے کہ بیع کی یہ شرط باطل (Void) ہوگی اس لئے کہ اس میں خریدار کے لئے ضرر کا پہلو ہے کیونکہ وہ اپنی ملکیت میں تصرف کرنے سے معذور ہو جاتا ہے۔ اور وہ شرط جس میں ضرر کا پہلو ہو اس شرط کی طرح ہے کہ جس میں متعاقدین (Contractors) میں سے کسی ایک کے لئے فائدہ ہو۔(581)

امام ابو حنیفہ اور امام زفر کی رائے یہ ہے کہ خیار شرط (Stipulation for option) میں زیادہ سے زیادہ تین دن کی مدت مقرر کی جاسکتی ہے۔ اس سے زیادہ جائز نہیں۔(582)

امام ابو یوسف کے نزدیک اگر مدت متعین اور معلوم ہو تو تین دن سے زائد بھی جائز ہے۔ اگر کوئی شخص خیار شرط میں مہینہ یا دو مہینہ کی مدت کی شرط لگائے تو اس کا پورا کرنا لازم ہے۔(583)

امام ابو حنیفہ کے نزدیک خیار شرط کی صورت میں مشتری (Purchaser) اس مبیع (Thing sold) (فروخت کردہ چیز) کا مالک نہیں بن جاتا۔ جبکہ امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ وہ مالک بن جائے گا کیونکہ مبیع اگر ملک بائع سے نکل جائے اور مشتری کی ملکیت میں داخل نہ ہو تو اس مبیع کی کیفیت یہ ہوگی کہ کسی مالک کی ملک میں بھی نہ ہوگی اور شریعت اسلامیہ میں ایسی کوئی مثال نہیں دی جاسکتی کہ چیز مملوک تو ہو لیکن اس کا کوئی مالک نہ ہو۔(584)

اگر دو افراد مل کر کوئی چیز اس شرط پر خریدیں کہ ان دونوں کو اختیار ہے۔ پھر ان میں سے ایک اس سودے پر رضامندی ظاہر کر دے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک دوسرا رد نہیں کر سکتا۔ لیکن امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ وہ رد کر سکتا ہے۔(585)

اگر کوئی شخص مدت کا تعین نہ کرے یا خیار شرط ہمیشہ کے لئے قرار دے یا مدت کو مجہول رہنے دے مثلاً زید کی آمد یا بارش کے ہونے پر موقوف قرار دے تو امام مالک کے نزدیک یہ عقد (Contract) صحیح (Valid) ہوگا اور قاضی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ طریقے اور عادت کے مطابق مناسب مدت کا تعین کرے۔ لیکن امام ابو یوسف اس ضمن میں یہ رائے رکھتے ہیں کہ اس صورت میں عقد فاسد ہو جائے گا۔(586)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ جس شخص کو خیار کا حق حاصل ہے خواہ وہ بائع ہو یا مشتری یا اجنبی ہو اس کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ عقد کو فسخ قرار دے دے یا اس کو جاری رکھے اس کے لئے قاضی کا فیصلہ ضروری نہیں ہے۔ اور نہ ہی

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسرے فریق کی موجودگی شرط ہے۔(587)

اگر تجارت کے لئے سامان خریدا ہو' اور اس کو حق خیار حاصل ہو تو امام ابویوسف کے نزدیک مشتری (Purchaser) کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ بغیر کسی دستاویز یا اقرارنامہ کے بائع کی طرف وہ سامان واپس کردے۔ (588)

"الشاۃالمصراۃ" (Musarrat) (وہ بکری جس کا دودھ کچھ دن تک روک لیا گیا ہو تاکہ وہ زیادہ دودھ دینے والی نظر آئے) کو واپس کرنے کے ضمن میں امام ابویوسف نے دیگر فقہاء کے مقابلہ میں منفرد قسم کی رائے دی ہے۔ اس بات پر تو تمام فقہاء متفق ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان (589) کی روشنی میں مشتری کو اختیار حاصل ہے کہ وہ جانور واپس کردے لیکن دودھ کے بدلے میں جو اس نے دوہا ہے' کیا کھجوریں دے گا یا اس دودھ کی قیمت ادا کرے گا۔ بعض فقہاء کے نزدیک ظاہر حدیث پر عمل کرتے ہوئے ایسے جانور کی واپسی کے ساتھ مطلقاً" بغیر اس دودھ کی مقدار کو مدنظر رکھتے ہوئے جو اس جانور سے دوہا گیا ہے ایک صاع کھجور واپس کی جائے گی۔

امام ابوحنیفہ کا موقف یہ ہے کہ کھجوریں نہیں دی جائیں گی بلکہ خریدار قیمت کا نقصان وصول کرے گا جو اس جانور کی خریداری میں ہوا ہے۔

امام ابویوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ خریدار اس جانور کو اس دودھ کی قیمت کے ساتھ جو اس نے دوہا ہے واپس کرے گا اور کھجوریں نہیں دے گا کیونکہ ایک صاع کھجور کی قیمت اس کی اصل قیمت سے کم و بیش ہو سکتی ہے۔(590)

اگر ایک ذمی (nonmuslim) نے دوسرے ذمی سے خیار کی شرط پر شراب خریدی' بعدازاں خریدار مدت خیار کے دوران میں مسلمان ہو گیا تو امام ابویوسف کے نزدیک اس کا خیار باطل (Void) ہو جائے گا۔ کیونکہ ذمی مدت خیار کے دوران اس شراب کا مالک ہو چکا تھا اور اب مسلمان ہوتے ہوئے اسے واپس کرنے کا حق حاصل نہ ہو گا۔(591)

بائع (Seller) اور مشتری (Purchaser) کے علاوہ اگر کسی تیسرے شخص کے لئے شرط ثابت کی گئی ہو تو امام ابویوسف کے نزدیک اس تیسرے شخص کو مدت خیار کے دوران میں عقد فسخ کرنے کا اختیار ہو گا اور اسے یہ اختیار بھی ہے کہ عقد کی اجازت دے دے۔ ایسا شخص اپنے ساتھی کی موجودگی کے بغیر عقد کی اجازت بھی دے سکتا ہے اور فسخ بھی کر سکتا ہے۔

امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک ایسا شخص ساتھی کی غیر موجودگی میں عقد کی اجازت تو دے سکتا ہے لیکن فسخ نہیں کر سکتا۔

امام ابویوسف اپنے موقف کی دلیل دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ تیسرے شخص کو اس کے ساتھی کی طرف سے فسخ کا مکمل اختیار حاصل ہے۔ لہٰذا فسخ ساتھی کے علم پر موقوف نہ ہو گا بلکہ ساتھی کی غیر موجودگی میں بھی صاحب خیار فسخ پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

قادر ہو گا۔ جیسا کہ اجازت کی صورت میں ہوتا ہے کہ اگر یہ تیسرا صاحب خیار شخص اپنے ساتھی کے علم کے بغیر ہی عقد کی اجازت دے دے تو عقد پایہ تکمیل کو پہنچ جاتا ہے۔ اسی بناء پر ساتھی کی رضامندی ضروری نہیں ہوتی کہ پہلے ساتھی سے رضامندی حاصل کرے پھر عقد کی اجازت دے۔ پس یہ تیسرا شخص وکیل بیع کی طرح ہے اور وکیل بیع اپنی مرضی سے جو تصرف چاہے کر سکتا ہے۔ اس کے تصرفات کے لئے موکل کا موجود ہونا یا اسے معلوم ہونا ضروری نہیں ہوتا۔ (592)

اگر ایک شخص نے کوئی چیز خریدی لیکن خیار کی شرط کسی دوسرے شخص کے لئے کر دی تو ان دونوں میں سے جو بھی بیع کی اجازت دے دے گا بیع جائز ہو گی۔ اور ان میں سے جو بھی عقد کو فسخ کر دے گا' ٹوٹ جائے گا۔ اگر ان میں سے ایک عقد کی اجازت دے دے اور دوسرا فسخ کر دے تو ان میں سے پہلے تصرف کرنے والے کا حق فائق ہو گا۔

اگر ان دونوں کی بات بیک وقت صادر ہو تو امام محمد کے نزدیک عاقد کے تصرف کو ترجیح دی جائے گی لیکن امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ فسخ کرنے والے کا تصرف مرجح ہو گا۔

امام ابو یوسف یہ دلیل دیتے ہیں کہ اجازت کی نسبت فسخ قوی ہوتا ہے کیونکہ جس معاملہ (Transaction) میں اجازت دی گئی ہو اس میں فسخ موثر ہو سکتا ہے۔ لیکن فسخ پر اجازت موثر نہیں ہوتی۔ مثلاً بائع (Seller) کے ہاں مبیع (فروخت کردہ چیز) کے ہلاک ہو جانے سے بیع فسخ ہو جاتی ہے اور اجازت اس سے لاحق نہیں ہو سکتی۔ جب ان دونوں میں سے ہر ایک تصرف کا مالک تھا تو اس صورت میں قوت تصرف کے پیش نظر فسخ کو ترجیح دی۔ اس لئے اجازت اور فسخ کی صورت میں فسخ کو ترجیح دی جائے گی۔ (593)

خیار رویت.....(دیکھنے کا اختیار)

احمد بن محمد القدوری (م 428ھ / 1037ء) فرماتے ہیں اگر کسی شخص نے کوئی ایسی چیز خریدی جس کو اس نے دیکھا نہیں تو بیع جائز (Legal) ہے لیکن اس چیز کے دیکھنے پر خریدار کو اختیار ہو گا اگر چاہے تو قیمت دے کر لے لے یا چاہے تو رد کر دے۔ (594)

امام شافعی کے نزدیک ایسی بیع فاسد ہے کیونکہ دیکھنے کے بغیر بیع جائز ہی نہیں۔ امام ابو یوسف کے نزدیک یہ بیع جائز ہے لیکن مشتری (Purchaser) کو اختیار حاصل ہو گا کہ دیکھنے کے بعد چاہے قبول کرے چاہے رد کر دے۔

امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ اگر خریدار نے مکان کا صحن دیکھ لیا تو اس کا خیار رویت (Option on inspection) باقی نہ رہے گا۔ خواہ مکان کو اندر سے نہ بھی دیکھا ہو۔ اسی طرح اگر اس نے مکان کا بیرونی احاطہ دیکھ لیا یا باہر ہی سے باغ کے درختوں پر نظر ڈال لی تو اس کا خیار رویت باقی نہ رہے گا۔

امام زفر کی رائے یہ ہے کہ مکان کے اندر داخل ہو کر دیکھنا بھی ضروری ہے۔ (595) اگر ایک شخص نے کپڑے کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک گٹھڑی خریدی اور اس کو دیکھا نہیں۔ پھر اس میں سے کچھ کپڑا فروخت کر دیا۔ بعد ازاں جو کپڑا بچ گیا اس کو دیکھا تو وہ پسند نہ آیا۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اب اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ اس کو واپس کرے۔ البتہ اگر اس کپڑے میں کوئی عیب Defect ہو تو پھر واپس کر سکتا ہے۔

امام ابو یوسف کے نزدیک خیار رویت (Option on inspection)

خیار شرط (Stipulation for option) کی طرح ہے۔ ساقط ہونے کے بعد اس کا اعادہ نہیں ہوتا۔ (596)

اگر ایک شخص نے کپڑا خریدا اور اس کو دیکھنے سے پہلے ہی اس میں سے کچھ کپڑا ضائع ہو گیا تو کیا وہ یہ کپڑا بائع (Seller) کو واپس کر سکتا ہے؟ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ وہ باقی کپڑے کو واپس کر سکتا ہے۔ وہ دلیل یہ دیتے ہیں کہ دیکھنے سے پہلے عقد (contract) مکمل نہ ہونے کی وجہ سے اس کا خیار (option) ساقط نہیں ہوا۔ (597)

اگر سیپی میں موتی خریدے تو امام ابو یوسف کے نزدیک خریدار (Purchaser) کو موتی نکالنے کے بعد اختیار حاصل ہو گا۔ (598)

اگر گھوڑے، خچر، گدھے یا اس طرح کا کوئی اور جانور خریدا، اور ان کے صرف چہرے دیکھے تو کیا اس کا اختیار ساقط ہو جائے گا؟ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اس کے لئے اختیار ہے جب تک کہ وہ جانور کا چہرہ اور اس کا پچھلا حصہ نہ دیکھ لے۔ اس لئے کہ چہرہ اور جانور کا پچھلا تمام حصہ دیکھنا مقصود ہے۔ پس جب تک اس نے ان حصوں کو نہ دیکھا ہو، اس کو خیار رویت (Option on inspection) حاصل ہے۔ (599)

اگر ایک اندھا آدمی زمین خریدے تو اس کے اختیار کے بارے میں امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اندھا شخص اگر ایسی جگہ کھڑا ہو کہ اگر وہ بینا ہو تو دیکھ کر یہ کہہ دے کہ میں اس سودے پر راضی ہوں تو اس کا اختیار ساقط ہو جائے گا کیونکہ جہاں حقیقت کا امکان نہ ہو وہاں [illegible] مجاز ہی حقیقت کے قائمقام ہو جاتا ہے۔ جس طرح ایک گونگا آدمی نماز میں ہونٹوں کو ہلائے تو یہ قراءت کے قائمقام ہو گا۔ (600)

خیار عیب

اس سے مراد یہ ہے کہ کسی عیب کی بناء پر عقد کو فسخ کرنے یا جاری رکھنے کا اختیار دیا جائے۔ (601)

بیع (contract of sale) کے بعد مشتری (Purchaser) کو مبیع (Thing sold) میں کسی قسم کے عیب یا نقص کا علم ہو تو اسے اختیار ہے، چاہے تو پوری قیمت دے کر وہ چیز لے لے یا چاہے تو واپس کر دے۔ (602)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں "جب خریدار نے مبیع (thing sold) میں کوئی عیب defect دیکھا اور اس نے وہ چیز کسی دوسرے آدمی کو دے دی اور اس پر اپنا قبضہ نہ رکھا تو بے شک یہ عیب پر اس کی رضامندی ہے۔ (603)

اگر ایک شخص نے کھانا خریدا جس میں کوئی عیب ہے۔ اب اگر اس نے اس میں سے کچھ حصہ کھا لیا ہو تو امام

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو حنیفہ کے نزدیک رجوع کا حق نہ ہو گا لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ وہ واپس کر سکتا ہے۔

اسی طرح اگر مشتری کپڑا خرید کر پہن لے' یہاں تک کہ وہ کپڑا بوسیدہ ہو جائے۔ بعد ازاں اسے عیب کا پتہ چلے تو امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ اب وہ واپس نہیں کر سکتا۔ لیکن امام ابو یوسف یہاں بھی واپس کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

امام ابو یوسف ان دونوں معاملات (Transacitons) کے ضمن میں دلیل دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ مشتری (Purchaser) نے مبیع (thing sold) (فروخت کردہ چیز) میں ایسا تصرف کیا ہے جو کسی چیز کو خریدنے کا مقصود ہوتا ہے۔ طعام کا مقصد کھانا ہوتا ہے اور لباس کا مقصد اس کو زیب تن کرنا۔ نیز اس قسم کا تصرف لوگوں میں متعارف بھی ہے اس لئے یہ اعتاق کے مشابہ ہو گا۔ اور اعتاق کی طرح اس میں رجوع To,return بھی ممکن ہو گا۔

امام ابو یوسف سے مروی ہے کہ پورے کھانے میں جو عیب تھا اس کے نقصان کے مطابق تلافی کے لئے رجوع کرے یعنی جو حصہ کھالیا اس کے عیب کے نقصان کی تلافی بھی کی جائے گی۔

امام ابو یوسف سے دوسری روایت یہ ہے کہ جس قدر طعام باقی ہے وہ واپس کر دے اور جس قدر کھا چکا ہے اس میں عیب کے نقصان کی تلافی کے لئے رجوع کرے کیونکہ اس نوع کی چیزوں کی تفریق و تقسیم میں ضرر لاحق نہیں ہوا کرتا۔ (604)

اگر ایک شخص نے کوئی چیز خریدی اور فروخت کرنے والے نے معاملہ کرتے وقت تمام عیوب سے برات کی شرط لگا دی تو امام ابو یوسف کے قول کے مطابق اس برات میں عقد کے وقت موجود تمام عیب اور قبضے سے پہلے پیدا ہونے والے تمام عیب داخل ہوں گے۔ (605) لیکن امام محمد اور امام زفر کے نزدیک اس میں حادث عیوب شامل نہ ہوں گے۔

امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ اس برات کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مشتری کو جس صحیح و سالم مبیع کا حق ہے وہ ساقط کر کے بیع لازم کی جائے اور یہ مقصد اسی صورت میں حاصل ہو سکتا ہے کہ موجود اور قبضہ سے پہلے حادث ہونے والے دونوں قسم کے عیوب سے برات ہو۔ (606)

بیع سلم

نقد قیمت پیشگی دے کر مبیع thing sold (فروخت کردہ چیز) بعد میں لی جائے تو اسے بیع سلم (sale by payment in advance) کہتے ہیں۔ فقہاء نے اس کی مختصر تعریف یہ کی ہے۔ "اخذ عاجل باٰجل" یعنی ایک موجل چیز کی ایک معجل قیمت کے عوض بیع کرنا۔ (607) مثلاً اسلم نے اکرم سے کہا کہ فصل پکنے کو تیار ہے۔ مجھے دس من گندم کی ضرورت ہے۔ میں دس من گندم کی قیمت مثلاً دو ہزار روپے آج دینے کو تیار ہوں۔ اکرم

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے رضامندی کا اظہار کر دیا اور گندم کی قیمت اسی وقت وصول کر لی۔ گندم تیار ہونے پر ادا کی جائے گی۔

امام ابو یوسف کے زمانے میں بغداد بہت بڑا تجارتی مرکز تھا۔ جملہ اطراف عالم سے تجارتی سامان یہاں پہنچتا تھا جو مال منڈیوں (Markets) میں موجود ہوتا وہ فروخت کر دیا جاتا اور جو موجود نہ ہوتا اس میں بیع سلم کی جاتی۔ چنانچہ آپ نے اس امر کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بیع سلم کے قوانین (Laws) تشکیل دیئے۔ اور بائع و مشتری کو چند حدود و قیود کا پابند کر دیا۔ بیع سلم کے بارے میں آپ کے افکار کو ہم درج ذیل مباحث کی صورت میں بیان کرتے ہیں۔

مسلم فیہ (مبیع) کا وجود

امام ابو یوسف کے نزدیک بیع سلم (Sale by payment in advance) کی صحت کے لئے یہ ضروری ہے کہ مسلم فیہ (جس چیز کا سودا کیا جا رہا ہو مثلاً غلہ وغیرہ) معاملہ کرتے وقت بازار میں یا لوگوں کے پاس موجود ہو اور خریدار کو ادا کرنے تک موجود رہے۔ امام مالک اور امام شافعی اس سے اختلاف رکھتے ہیں۔ امام مالک کے نزدیک ضروری ہے کہ وہ چیز معاملہ کرتے وقت اور ادائیگی کے وقت موجود ہو خواہ درمیان میں موجود نہ رہے اور امام شافعی کے نزدیک ادائیگی کے وقت موجود ہونا ضروری ہے۔ معاملہ کرتے وقت نہیں۔

امام ابو یوسف دو قواعد کی بناء پر استدلال کرتے ہیں:

(ا) بیع و شراء کی تمام اقسام میں تسلیم بیع پر بائع کی قدرت صحت بیع کے لئے پہلی شرط ہے۔ لہٰذا ضروری ہو گا کہ جب تک مبیع اس کے ذمہ واجب الادا رہے۔ یہ قدرت بحال رہے۔

(ب) مہلت والے جو قرض ہوں، مقروض کی موت کے وقت ان کی ادائیگی اسی وقت فوری طور سے کی جاتی ہے۔ مسلم فیہ بائع پر قرض ہے اور اس کے فوت ہونے سے اس کی مہلت ختم ہو جائے گی اور اسی وقت ادائیگی ضروری ہو گی۔ لہٰذا ورثاء پر واجب ہو گا کہ اس کے ذمہ جو قرض ہے اسے ادا کریں۔ (608)

مقام ادائیگی کی تعیین

امام ابو حنیفہ بیع سلم میں یہ شرط عائد کرتے ہیں کہ بائع اور مشتری معاملہ کرتے وقت اس جگہ کا تعین کر لیں جہاں مسلم فیہ مشتری کو ادا کی جائے گی۔ لیکن امام ابو یوسف اس کی ضرورت محسوس نہیں کرتے ان کا نظریہ یہ ہے کہ اگر معاملہ کرتے وقت جگہ کی وضاحت نہ کی جائے تو جہاں یہ معاملہ قرار پایا ہو اسی جگہ مشتری کو چیز ادا کرنی چاہیے۔ امام ابو یوسف اپنے موقف کی حمایت میں تین دلائل دیتے ہیں۔

(ا) پہلی دلیل یہ ہے کہ مقام عقد ہی مقام التزام ہے۔ لہٰذا بائع اور مشتری نے جو معاملہ کیا ہے اس کی ادائیگی کے لئے یہی مقام متعین ہو گا جس طرح کہ قرض (Loan) کے ضمن میں مقام ادائیگی وہی ہوتا ہے جہاں قرض لیا گیا ہو یا جہاں

toobaa-elibrary.blogspot.com

کسی چیز کو ہلاک کیا جاتا ہے اس جگہ تاوان ادا کیا جاتا ہے۔

(2) دوسری دلیل یہ ہے کہ مسلم فیہ راس المال (Capital of a business) یعنی قیمت کا معاوضہ ہے جو کہ بائع نے مشتری کو ابھی ادا کرنا ہے اور قیمت کی ادائیگی مقام عقد میں ضروری ہے کیونکہ قیمت کا مجلس میں وصول کرنا بیع سلم کی صحت کے لئے مشروط ہے۔ بائع اور مشتری کے درمیان مساوات قائم رکھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ قیمت اور مسلم فیہ کا مقام ادائیگی ایک ہی ہو بشرطیکہ کوئی اور شرط عائد نہ کی گئی ہو۔

(3) تیسری دلیل یہ ہے کہ مسلم فیہ قرض ہے اور مشتری نے جو راس المال بائع کی مجلس میں ادا کیا اس کے بدلہ میں مسلم فیہ مشتری کا واجب الوصول حق ہے۔ لہٰذا جہاں یہ قرض ثابت ہوا وہ مقام عقد ہے اور یہی وہ جگہ ہے جہاں وہ اس حق کا مالک ہوا اور جہاں کسی چیز کی ملکیت حاصل ہو' اسی جگہ اسے اپنی تحویل میں لینا چاہئے۔ (609)

راس المال کی تعیین

امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ بیع سلم کی صحت کے لئے یہ ضروری ہے کہ راس المال (Capital of a business) کی تعیین کر دی جائے' یعنی اس کی مقدار' جنس اور وصف بتا دیئے جائیں۔

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ جب راس المال معین ہو تو اس کی وضاحت کرنے کی ضرورت نہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ مقصد اشارے سے بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ (610) اور یہ ثمن Price اور اجرت کے مشابہ ہو گا۔ یعنی بیع میں ثمن کی طرف یا اجارے میں اجرت کی طرف اشارہ کر دینا ہی کافی ہوتا ہے۔ یا جس طرح کوئی کپڑے کو راس المال قرار دیتے ہوئے بیع سلم کرے تو یہ ضروری نہیں ہوتا کہ کپڑے کی مقدار بھی بیان کی جائے کہ اتنے گز ہے۔ (611)

اگر کسی شخص نے دو جنسوں کے لئے بیع سلم کی اور دونوں جنسوں میں سے کسی کے لئے بھی راس المال کی تعیین نہیں کی تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ عقد درست نہ ہو گا لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک درست ہو گا۔ (612)

راس المال کا مجلس میں وصول کرنا

امام ابو یوسف کے نزدیک بیع سلم میں یہ ضروری ہے کہ راس المال مجلس برخاست ہونے سے قبل وصول کر لیا جائے۔ کیونکہ بیع سلم کی حقیقت کا تقاضا یہ ہے کہ راس المال پیشگی (Advance) ادا کر دیا جائے۔ دیگر ائمہ احناف کی بھی یہی رائے ہے۔ (613)

دو مختلف اقسام کی خریداری میں بیع سلم

اگر راس المال کے عوض ایک چیز کی دو مختلف اقسام خریدی جائیں تو کیا ہر قسم کی الگ قیمت کی وضاحت ضروری ہے یا نہیں؟ فرض کریں راس المال ایک سو دینار ہے اس کے عوض دو مختلف قسم کی روئی خریدنا چاہتے ہیں۔ امام

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اس صورت میں یہ ضروری ہے کہ وضاحت کر دی جائے کہ روئی کی ہر قسم کتنے کی خریدی جائے گی۔ امام ابو یوسف اس وضاحت کو ضروری نہیں سمجھتے۔(614)

راس المال کی علیحدہ اقسام کی صورت میں بیع سلم

اگر راس المال کی دو علیحدہ اقسام ہوں اور جو چیز خریدی جا رہی ہے وہ ایک ہو مثلاً راس المال درہم اور دینار ہوں اور ان کے بدلے ایک ہی قسم کی روئی خریدی جا رہی ہو تو امام ابو یوسف اس معاملہ کو صحیح قرار دیتے ہیں۔ لیکن امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ معاملہ فاسد ہے۔(615)

کھاری پانی کی مچھلی میں بیع سلم

فقہاء کہتے ہیں کہ کھاری پانی کی مچھلی میں بیع سلم اس طرح کی جائے کہ وزن معلوم ہو تو پھر کوئی حرج نہیں۔ گنتی کے لحاظ سے اس میں بیع سلم صحیح نہیں کیونکہ کچھ مچھلیاں بڑی ہوتی ہیں اور کچھ چھوٹی۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ گوشت میں تو بیع سلم جائز ہے لیکن مچھلی میں وزن کے لحاظ سے بیع سلم جائز نہیں۔(616)

گوشت میں بیع سلم

امام ابو حنیفہ کے نزدیک گوشت میں بیع سلم جائز نہیں ہے۔ کیونکہ گوشت اگرچہ ایک وزنی چیز ہے لیکن وصف کے ذریعہ اس کی تعیین ممکن نہیں۔ مقدار اور صفات کا تعین کرنے کے بعد بھی یہ بہر صورت مجہول ہوتا ہے۔ کیونکہ گوشت کے بعض ٹکڑوں میں بڑی ہڈی ہوتی ہے اور بعض حصوں میں کم۔ لہٰذا تفاوت ضرور پایا جاتا ہے۔ اس طرح ایک جانور فربہ ہو اور دوسرا لاغر تو اس طرح بھی گوشت میں فرق پڑ جاتا ہے۔ اس طرح بائع اور مشتری میں جھگڑے کی صورت پیدا ہو سکتی ہے۔(617)

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اگر بائع اور مشتری جانور کے کسی خاص عضو کا گوشت متعین کر دیں مثلاً ران کا گوشت اور اس کا معین وصف بھی بتا دیں مثلاً گوشت فربہ جانور کا ہے یا لاغر جانور کا' چربی والا ہے یا چربی کے بغیر ہے تو اس صورت میں بیع سلم جائز ہو گی۔(618) ان کی دلیل یہ ہے کہ ایسا گوشت ایک معلوم اور موصوف وزنی چیز ہو گا لہٰذا دیگر وزنی اشیاء کی طرح اس کی بیع سلم جائز ہو گی۔

پرندوں میں بیع سلم

امام ابو یوسف کے نزدیک جب تک چڑیوں اور ان جیسے چھوٹے پرندوں کی قیمت میں فرق نہ کیا جا سکتا ہو' ان کے گوشت میں بیع سلم جائز ہو گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رس میں بیع سلم

امام ابویوسف کے نزدیک نچڑے ہوئے رس میں جبکہ اس کا وزن ہو سکتا ہو تو بیع سلم کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ اس لئے کہ اس میں دودھ ہی کی طرح وزن کیا جاتا ہے۔ اسی طرح سرکہ میں بھی اگر وزن معلوم ہو تو بیع سلم کی جا سکتی ہے۔

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ اس قسم کی چیزوں میں عرف (Custom) کا اعتبار کیا جائے گا۔ ہم دیہ دیکھیں گے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں ان کا شمار کیلی اشیاء (Measurable Things) میں ہوتا تھا یا وزنی اشیاء میں؟ احادیث کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں یہ کیلی اشیاء میں تھیں۔ (619)

عدد کے لحاظ سے پیسوں میں بیع سلم

امام ابویوسف کے نزدیک ایک معین پیسہ کی بیع دو معین پیسوں کے بدلہ میں جائز ہے۔ امام محمد اس کے جواز کے قائل نہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ پیسے ثمن Price ہیں اور ثمن مبیع (Thing sold) نہیں بن سکتا۔

امام ابویوسف یہ دلیل دیتے ہیں کہ ان پیسوں کی ثمنیت درحقیقت عاقدین کی اصطلاح پر مبنی ہے تو انہی کی اصطلاح اور باہمی رضامندی سے ان کی ثمنیت کو باطل بھی کیا جا سکتا ہے۔ اور جب ثمنیت (نقد ہونے کی صفت) باطل ہو گئی تو معین کر دینے سے وہ متعین ہو جائیں گے۔ (620)

روٹی میں وزن کے لحاظ سے بیع سلم

امام ابویوسف کے نزدیک روٹی میں وزن کے لحاظ سے بیع سلم جائز ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک بیع سلم کے معاملہ میں عدد یا وزن کے لحاظ سے روٹی ادھار لینا جائز نہیں۔ کیونکہ روٹی میں بلحاظ بنانے، پکانے والے اور تنور کے اعتبار سے فرق ہوتا ہے۔

امام محمد کے نزدیک عدد اور وزن دونوں طرح سے ادھار پر لینا جائز ہے کیونکہ لوگوں کا تعامل اسی طرح ہے۔

امام ابویوسف کے نزدیک وزن کے اعتبار سے ادھار پر جائز ہو گا عدد کے اعتبار سے جائز نہ ہو گا کیونکہ ان میں تفاوت ہوتا ہے۔ (621)

روٹی کی گندم کے بدلے بیع سلم

امام ابویوسف فرماتے ہیں "روٹی کی گندم کے بدلے میں بیع سلم کرنے میں کوئی حرج نہیں۔" (622)

toobaa-elibrary.blogspot.com

بیع سلم میں اختلاف

اگر مشتری اور بائع کے مابین بیع سلم میں اختلاف پیدا ہو جائے تو امام ابو یوسف کے نزدیک بائع کا قول قابل قبول ہو گا۔ مثلاً ایک شخص نے دراہم کے عوض ایک کر گندم کے لئے بیع سلم کی بعد میں بائع نے دعویٰ کیا کہ میں نے خراب قسم کی گندم کی شرط کی تھی۔ جبکہ مشتری نے کسی قسم کی شرط مقرر ہونے سے انکار کیا۔ تو اس صورت میں امام ابو حنیفہ کے نزدیک مشتری کا قول قابل قبول ہو گا کیونکہ وہ صحت عقد کا مدعی ہے اگرچہ بائع اس کا انکار کرتا ہے۔

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ بائع کا قول قابل تسلیم ہو گا کیونکہ وہ منکر ہے اور شرعی اصول کے مطابق منکر کا قول ہی قابل قبول ہوتا ہے اگر وہ قسم کھائے کہ میں اپنے انکار میں سچا ہوں۔ (623)

بیع سلم میں قیمت کا بڑھنا اور کم ہونا

اگر ایک شخص نے دوسرے آدمی کو دس قفیز (غلہ ناپنے کا پیمانہ) درمیانی قسم کے غلہ کے لئے دس درہم سپرد کئے۔ بعد میں فروخت کرنے والے نے اسے اچھا غلہ دکھایا اور کہا کہ یہ غلہ لے لو اور مجھے زیادہ قیمت دے دو تو یہ جائز نہیں۔ یہ اس لئے کہ زائد درہم اس نے اچھے غلہ کی وجہ سے طلب کئے ہیں۔ حالانکہ مشتری کو درمیانی قسم کے غلہ کی ضرورت ہے۔

اگر بائع اس کے پاس گیارہ قفیز غلہ لے کر آتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ لے لو اور مجھے ایک درہم زائد دے دو تو یہ جائز ہے۔ یہ اس لئے کہ بائع نے جو زائد درہم مانگا ہے وہ زائد قفیز کے بدلے میں ہے۔

اگر بائع دس قفیز گھٹیا غلہ لے کر آئے اور کہے کہ یہ لے لو اور میں تمہیں ایک درہم واپس کر دیتا ہوں تو یہ جائز نہیں۔ یہ اس لئے کہ اس صفت کی قیمت نہیں ہے۔ پس اس قیمت میں عقد بیع کو فسخ کرنا کیسے صحیح ہو گا۔

اور اگر بائع نو قفیز غلہ لے کر آئے اور کہے کہ یہ لے لو اور میں تمہیں ایک درہم واپس کر دیتا ہوں تو یہ جائز ہو گا کیونکہ اس معاملہ میں ایک قفیز کی قیمت ایک درہم معلوم ہے۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں بیع سلم کی یہ جتنی شکلیں اوپر گزری ہیں۔ یہ سب جائز ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ اگر بائع قیمت میں اضافہ کرتا ہے تو یہ اضافہ اصل عقد کے ساتھ ملحق ہے۔ اور اگر وہ قیمت سے کچھ کم کرتا ہے تو اس کا یہ کم کرنا بھی اصل عقد کے ساتھ ملحق ہے۔ (624)

بیع سلم میں وکیل مقرر کرنا

بیع سلم میں جب وکیل نے ایک چیز کی مکمل حفاظت کی لیکن اس کے باوجود وہ اس سے ضائع ہو جائے تو امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ یہ اس کے ہاتھ میں رہن کی طرح ہے' اور وہ اس کا ضامن ہو گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر وکیل نے بیع سلم کے مقررہ وقت میں تاخیر کی تو امام ابویوسف کہتے ہیں کہ اس کا تاخیر کرنا درست نہیں ہے۔ (625)

اگر ایک شخص نے وکیل کو دس درہم سپرد کئے اور اس کو حکم دیا کہ وہ کپڑے میں بیع سلم کرے تو یہ وکالت اس وقت تک صحیح نہیں ہوگی جب تک کپڑے کی قسم واضح نہ کرے۔

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ اگر وکیل موکل کے لباس کو دیکھ کر اس کے مطابق کپڑا خرید لے تو یہ جائز ہوگا اور موکل پر ضروری ہو جائے گا کہ وہ اس بیع کی پابندی کرے۔ امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ ظاہری طور پر تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ انسان دوسرے کو وہی کپڑا خریدنے کا حکم دیتا ہے جس کو اس نے خود پہنا ہوا ہے۔ پس اس کا اپنا استعمال شدہ لباس ہی معتبر شمار ہوگا۔ (626)

بیع مرابحہ و تولیہ

اگر بائع (Seller) نے اپنی خرید کردہ چیز کو فروخت کرتے وقت اس میں اپنے نفع کی مقررہ مقدار شامل کر دی ہے تو اس بیع کو "بیع مرابحہ" کہا جائے گا۔ اور اگر وہ نفع نہیں لیتا بلکہ اسی قیمت پر دے دیتا ہے جس میں وہ چیز خریدی تھی، اور خریدار وہ تمام چیز خرید لیتا ہے تو اس معاملہ کا نام "تولیہ" ہے۔ (627)

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ "بیع مرابحہ" (Selling for a profit) میں جب خریدار تاجروں کی اس عادت سے باخبر ہو کہ وہ جس قیمت پر اشیاء خریدتے ہیں، اس سے زائد قیمت پر فروخت کرتے ہیں تو اس صورت میں یہ بیع جائز ہے لیکن اگر وہ اس سے باخبر نہیں تو یہ خیانت ہوگی۔ اور مشتری (Purchaser) کو علم ہونے کے بعد بیع واپس کرنے کا حق ہوگا۔ (628)

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ بیع مرابحہ و تولیہ، دونوں میں بقدر خیانت قیمت کم ہو جائے گی۔ (629) ان کی دلیل یہ ہے کہ اس معاملہ میں عقد کا تولیہ اور مرابحہ ہوتا ہے۔ اسی بناء پر یہ عقد بائع کے اس قول سے منعقد ہو جاتا ہے کہ "ولیتک بالثمن الاول" (میں نے یہ شئے تمہیں بطور تولیہ پہلی قیمت پر فروخت کی) یا بعتک مرابحۃ علی الثمن الاول (میں نے یہ چیز پہلی قیمت پر بطور مرابحہ تم کو فروخت کر دی)۔ بشرطیکہ قیمت معلوم و متعین ہو۔ اسی لئے اسے پہلی قیمت پر مبنی کیا جائے گا اور وہ ظاہر ہے کہ زائد قیمت کو ساقط کر کے ہی ہوگی۔ لیکن "تولیہ" میں اصل مال سے خیانت کی مقدار کے بقدر ساقط کی جائے گی اور مرابحہ میں قیمت میں بھی کمی ہوگی اور اسی تناسب سے نفع میں بھی کمی ہوگی۔ (630)

گویا امام ابویوسف کے نزدیک کسی چیز کی پہلی قیمت (First Price) اس کی دوسری قیمت کا اندازہ کرنے میں بنیاد

toobaa-elibrary.blogspot.com

کا کام دیتی ہے۔ بائع اور مشتری بھی اسی پر رضامند تھے۔ جب خیانت ظاہر ہونے کی بناء پر اصل قیمت ظاہر ہو گئی تو بائع اور مشتری دونوں اس سے اثر پذیر ہوں گے۔ قیمت کا زائد حصہ لغو قرار پائے گا اور خیانت ظاہر ہونے کے بعد قیمت وہی ٹھہرائی جائے گی جس پر دونوں رضامند ہوئے تھے۔

امام ابو یوسف نے بیع مرابحہ کی ایک اور شکل میں امام ابو حنیفہ سے اختلاف کیا ہے۔ امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ اگر بائع کسی چیز کو منافع پر فروخت کرتا ہے اگر وہ دوبارہ وہی چیز خرید کر نفع پر فروخت کرنا چاہے تو وہ سابقہ منافع کو اس کی قیمت میں سے نکال دے اور پھر جو رقم باقی بچے اس پر منافع وصول کرے۔ مثلاً ایک چیز بیس روپے میں خریدی۔ پھر پچیس روپے میں فروخت کر دی' پھر دوبارہ بیس روپے میں خریدی۔

اس صورت میں راس المال (Capital of a business) سے پانچ روپے کم کئے جائیں گے اور وہ اس بنیاد پر فروخت کرے گا کہ اس کی اصل قیمت پندرہ روپے ہے۔

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ نفع آخری قیمت پر مبنی ہو گا اور پہلے نفع کو نظرانداز کر دیا جائے گا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ سابقہ معاملات کا کچھ اعتبار نہیں۔ جو معاملات گزر جائیں ان کے احکام بھی ختم ہو جاتے ہیں اور آخری معاملہ کا حکم بحال ہوتا ہے۔ (631)

بیع فضولی

مملوکہ

اگر ایک شخص نے کسی دوسرے کی [illegible] چیز اس کی اجازت کے بغیر فروخت کر دی تو مالک کو بیع جاری رکھنے یا اسے فسخ کرنے کا اختیار ہو گا۔ (632)

امام شافعی کے نزدیک ایسی بیع منعقد ہی نہیں ہوتی' یعنی مالک کے اجازت دینے پر بھی نافذ نہ ہو گی۔ (633)

امام ابو یوسف اور دیگر ائمہ احناف کے نزدیک مالک اگر اجازت دے دے تو بیع منعقد ہو جائے گی۔

اگر مالک نے اپنی زندگی میں اجازت دے دی لیکن مبیع (thing sold) کی حالت کا علم نہیں کہ باقی ہے یا تلف ہو چکی ہے تو امام ابو یوسف کے پہلے قول کے مطابق بیع جائز ہو گی لیکن بعد ازاں امام ابو یوسف نے اپنے قول سے رجوع کر لیا اور فرمایا کہ بیع اس وقت تک صحیح نہ ہو گی جب تک کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اجازت دینے کے وقت مبیع قائم و موجود ہے کیونکہ عدم علم کی صورت میں اجازت کی شرط مشکوک ہو گئی تو شک کے ہوتے ہوئے اجازت نہ ہو گی۔ (634)

اگر کسی شخص نے مالک کے حکم کے بغیر مکان کا احاطہ ایک شخص کے ہاتھ فروخت کر دیا اور مشتری (Pruchaser) نے اس کو اپنی عمارت میں شامل کر لیا تو امام ابو یوسف کے پہلے قول کے مطابق بائع (Seller) قیمت کا ضامن ہو گا جبکہ آخری قول کے مطابق ضامن نہیں ہو گا۔ (635)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اقالہ

اقالہ کے معنی رفع اور ازالہ کے ہیں۔ بیع میں بغیر کسی فساد اور خرابی کے باہمی رضامندی کے ساتھ عقد بیع کو فسخ کرنا اقالہ کہلاتا ہے۔(636)

بیع کی طرح اقالہ (Legal annulation of a contract) میں بھی متعاقدین (Contractors) کا ایجاب و قبول ضروری ہو گا۔

امام ابو یوسف کے نزدیک اگر ایک صیغہ امر ہو تو اقالہ درست ہے مثلاً مشتری کہے کہ اقالہ کر لو اور بائع جواب میں کہے کہ میں نے اقالہ کر لیا تو جائز ہو گا لیکن امام محمد فرماتے ہیں کہ دونوں صیغوں کا ماضی میں ہونا ضروری ہے۔(637)

امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک اقالہ درحقیقت فسخ ہوتا ہے لیکن امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اقالہ درحقیقت بیع ہوتا ہے۔ البتہ اگر اسے بیع بنانا ممکن نہ رہے تو فسخ قرار دیا جائے گا۔(638) جیسے مال منقول کا قبضہ میں لینے سے پہلے اقالہ کرتے تو درست نہیں کیونکہ ابھی تک تو بیع ہی مکمل نہیں ہوئی اقالہ کس طرح درست ہو گا بلکہ عقد ہی نامکمل ہے لہٰذا اسے فسخ قرار دیا جائے گا۔ اور اگر اسے فسخ قرار دینا بھی ممکن نہ ہو تو اقالہ باطل ہو گا جیسا کہ سامان کو دراہم کے عوض فروخت کیا جائے اور سامان کے تلف ہونے کے بعد اقالہ کیا جائے تو اقالہ باطل ہو گا۔(639)

امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ اقالہ متعاقدین (Contractors) کی باہمی رضامندی کے ساتھ مال کا مال سے تبادلہ ہوتا ہے اور بیع کی حقیقت بھی یہی ہے۔ اسی بناء پر سامان کے تلف ہو جانے پر اقالہ باطل ہو جاتا ہے جس طرح کہ بیع مبیع کے تلف ہو جانے سے باطل ہو جاتی ہے۔ اسی وجہ سے مبیع عیب کی بناء پر مشتری کو واپس کیا جا سکتا ہے جبکہ عیب مشتری کی ملکیت میں پیدا ہو اور یہی صورت بیع میں بھی ہوتی ہے کہ عیب کی وجہ سے مبیع بائع کو واپس کیا جاتا ہے۔ اور اسی طرح اقالہ سے حق شفعہ ثابت ہوتا ہے اور یہی تمام احکام بیع کے لئے بھی ہیں۔ لہٰذا نتیجہ یہ نکلا کہ اقالہ کو بیع قرار دینا ہی مناسب ہے۔(640)

الکاسانی نے بدائع الصنائع میں امام ابو یوسف کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اقالہ چونکہ ہر حال میں بیع ہے اس لئے جو باتیں بیع میں جائز نہیں ہوتیں وہ اقالہ میں بھی درست نہیں۔(641)

خرید و فروخت کے متفرق مسائل کے بارے میں امام ابو یوسف کا فکر

(1) امام ابو یوسف کے نزدیک گوشت کی بیع (Contract of sale) زندہ حیوان کے بدلے جائز ہے۔ امام محمد فرماتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں کہ حیوان کو اسی کی جنس کے گوشت سے فروخت کیا جائے تو جائز نہ ہو گا البتہ اگر صاف شدہ گوشت اس گوشت سے زائد ہو جو حیوان میں ہے تو جائز ہے۔

امام ابو یوسف یہ دلیل دیتے ہیں کہ اس نے موزونی چیز کو غیر موزونی چیز کے بدلے بیع کی ہے کیونکہ عموماً" حیوان کو تولا نہیں جاتا اور تول کے ذریعے اس کے وزن کی معرفت حاصل نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ وہ بعض اوقات اپنے آپ کو ہلکا کر لیتا ہے اور کبھی اپنے اعضاء کے استرخاء اور ان کو ڈھیلا ڈالنے کی وجہ سے اپنے آپ کو وزنی کر لیتا ہے۔(642)

(2) امام ابو یوسف کے نزدیک روٹی کو گندم یا آٹے کے عوض میں اضافے کے ساتھ فروخت کرنا جائز ہے۔ مثلاً گندم یا آٹا دیا اور اس سے کم مقدار میں روٹی لی تو جائز ہے کیونکہ ان کے نزدیک روٹی موزونی چیز ہے۔ اس لئے روٹی ہر لحاظ سے مکیلی چیز ہونے سے خارج ہو جاتی ہے۔

اگر گندم اور آٹا نقد دیئے جائیں جبکہ روٹی ادھار ہو تو امام ابو یوسف دیگر ائمہ کے برعکس اس صورت میں بھی جواز کا فتویٰ دیتے ہیں۔(643)

(3) امام ابو یوسف کے نزدیک تر کھجوروں کی بیع خشک کھجوروں کے عوض جائز نہیں۔(644) اسی طرح ان کے نزدیک تر انگوروں کی بیع انگوروں کے بدلے جائز نہیں۔(645)

(4) امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ شہد کی مکھیوں کی بیع جائز نہیں۔(646) امام محمد اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ جب چھتہ محفوظ جگہ میں ہو تو بیع جائز ہو گی۔ کیونکہ شہد کی مکھی ایک ایسا حیوان ہے جو حقیقتاً" اور شرعاً" دونوں لحاظ سے قابل انتفاع ہے لہٰذا اس کی بیع جائز ہو گی۔(647)

امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ شہد کی مکھی بھی کاٹنے والے کیڑوں سے ہے لہٰذا بھڑوں کی طرح اس کی بیع بھی جائز نہ ہو گی۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ انتفاع ان کی عین ذات سے نہیں بلکہ اس شہد اور موم سے ہوتا ہے جو ان سے نکلتا ہے۔ شہد کے نکلنے سے قبل یہ کیڑے قابل انتفاع نہیں۔(648)

(5) امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ ریشم کے کیڑوں کو فروخت نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ریشم کے کیڑے حشرات الارض سے ہیں۔ امام ابو یوسف کا موقف یہ ہے کہ اگر ریشم ظاہر ہو چکا ہے تو ریشم کے تابع شمار کرتے ہوئے کیڑوں کی فروخت بھی جائز ہو گی۔(649)

(6) امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ جانوروں کی پشت پر اون کی خرید و فروخت جائز ہے۔(650) اس لئے کہ یہ بالکل مال ظاہر ہے۔ امام سرخسی کے الفاظ ہیں۔

وعن ابی یوسف رحمہ اللہ انہ جوز ذلک لان الصوف عین مال ظاھر (651)

(7) اگر مسلمان کسی مشرک کو قتل کر دیں اور دشمن وہ لاش خریدنا چاہے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ جائز ہے۔ ان کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

دلیل یہ ہے کہ مسلمان ان کا مال غصب بھی کر سکتے ہیں تو جب وہ راضی خوشی اپنا مال حوالے کر رہے ہوں تو اس کا قبول کر لینا زیادہ درست اور بہتر ہو گا۔(652)

امام ابو یوسف اس کو ناجائز (illegal) سمجھتے ہیں۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

و انا اکرہ ذلک و انھی عنہ' لیس یجوز للمسلمین ان یبیعوا خمرا و لا خنزیرا و لا میتۃ و لا دما من اھل الحرب و لا من غیرھم(653)

"اور میں اس کو برا اور ممنوع سمجھتا ہوں۔ مسلمانوں کے لئے دشمنوں اور دوسرے لوگوں کے ہاتھوں شراب' سور اور مردار اور خون کی فروخت جائز نہیں۔"

امام ابو یوسف اپنی رائے کی تائید میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مروی ایک حدیث نقل کرتے ہیں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرک کی لاش کے عوض مال لینے سے منع فرمایا۔(654)

(8) اگر ایک شخص یہ کہے کہ میں نے تیرے پاس یہ کپڑا جو کہ دس ذراع (ایک پیمانہ جس کی لمبائی 50 سے 70 سینٹی میٹر تک ہوتی ہے) ہے فروخت کیا اور ہر ذراع کی قیمت ایک درہم ہے تو یہ بیع جائز ہے۔ خریدنے کے بعد اگر یہ پتہ چلے کہ نصف ذراع زیادہ ہے یا کم ہے تو امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ نصف ذراع زیادہ ہونے کی صورت میں اصل قیمت پر نصف درہم زیادہ لیا جائے گا اور اس کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اگر وہ چاہے تو ساڑھے دس درہم لے لے اور اگر چاہے تو چھوڑ دے۔

اور اگر کپڑا نصف ذراع کم ہو تو اس صورت میں قیمت میں سے نصف درہم کم کر دیا جائے گا اور اس صورت میں خریدار کو حق حاصل ہے کہ چاہے تو وہ ساڑھے نو درہم کے بدلے کپڑا لے لے اور چاہے تو چھوڑ دے۔(655)

(9) اگر ایک شخص نے گھر فروخت کیا اور اس میں باغ بھی ہو تو امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ بیع میں باغ داخل نہیں ہو گا۔ البتہ اگر سودا کرتے وقت باقاعدہ اس کا ذکر بھی ہو یا وہ گھر کے درمیان واقع ہو تو پھر باغ بھی بیع میں شامل ہو گا۔ اور امام ابو یوسف سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ باغ اس میں داخل ہو گا اگرچہ اس کا ذکر نہ کیا گیا ہو۔(656)

(10) اگر زمین خریدی اور اس میں کھجوروں کے درخت بھی ہوں اور قبضہ سے پہلے ان پر پھل آ گیا اور زمین' درخت اور پھل کی قیمت برابر ہو۔ اگر فروخت کرنے والے نے پھل ضائع کر دیا تو امام ابو یوسف فرماتے ہیں۔ خریدار سے قیمت کا چوتھائی حصہ (1/4) ساقط ہو جائے گا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ قبضہ سے پہلے جو پھل آئے ہیں وہ کھجور کے درختوں پر اضافہ ہیں۔ پس قیمت پہلے زمین اور کھجور میں نصف نصف تقسیم ہو گی۔ پھر دوسرا نصف حصہ کھجور کے درخت اور پھل میں تقسیم ہو گا۔ پس پھل کا حصہ کل قیمت 1/4 ہو گا۔(657)

(11) امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ زمین کی فروخت قبضہ سے پہلے بھی جائز ہے۔ لیکن امام محمد اس کے جواز کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

قائل نہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کی فروخت سے منع فرمایا ہے جو ابھی تک قبضہ میں نہ آئی ہو۔

امام ابو یوسف یہ دلیل دیتے ہیں کہ بیع کا رکن یعنی ایجاب و قبول (Offer and acceptance) ایسے شخص کی طرف سے صادر ہوا ہے جو اس کی اہلیت رکھتا ہے یعنی عاقل و بالغ ہے اور عقد اپنے مناسب محل میں واقع ہو رہا ہے کیونکہ مبیع مملوک ہے۔ نیز اس بیع میں دھوکے کا خدشہ بھی نہیں کیونکہ زمین میں تلف ہونے کا امکان نادر الوقوع ہے' بخلاف منقول اشیاء کے کہ ان میں تلف نادر الوقوع نہیں ہوتا اور جس دھوکا سے ممانعت کی گئی ہے وہ عقد کے فسخ ہونے کا دھوکا ہے۔ مگر اس صورت میں زمین ہر وقت قبضہ کے لئے موجود ہے۔ (658)

(12) اگر ایک آدمی نے اپنی کوئی چیز دو آدمیوں کے پاس فروخت کی۔ اور ان دو میں سے ایک نے اپنے حصے کی قیمت ادا کر دی تو کیا فروخت کرنے والے کو یہ حق پہنچتا ہے کہ دوسرے کی طرف سے قیمت کی ادائیگی تک وہ فروخت کردہ چیز کو روک لے؟

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ جب ان میں سے ایک نے نصف قیمت ادا کر دی تو وہ نصف مبیع (Thing sold) لے لے گا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک پر نصف قیمت واجب ہے۔ پس جب اس نے اپنے حصہ کی ادائیگی کر دی تو اس پر جو کچھ واجب تھا وہ اس نے ادا کر دیا۔ اب یہ بات کسی طرح درست نہیں کہ جب تک اس کا ساتھی قیمت ادا نہ کرے' اس کا حق روک کر رکھا جائے۔ (659)

(13) اگر ایک شخص نے بکریوں کا ایک گلہ اس شرط پر فروخت کیا کہ ہر بکری کی قیمت ایک درہم ہوگی۔ امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ تمام بکریوں کی بیع فاسد ہوگی۔ اس طرح اگر کسی نے کپڑے کی کچھ مقدار اس وضاحت کے ساتھ فروخت کی کہ ہر گز کی قیمت ایک درہم ہے لیکن گزوں کی مقدار بیان نہ کی تو تمام کپڑے کی بیع فاسد ہوگی۔

امام ابو یوسف کے نزدیک یہ سودے جائز ہیں۔ وہ دلیل یہ دیتے ہیں کہ ایسی صورتوں میں اگر کوئی ابہام پایا جاتا ہو تو فریقین آسانی سے اس کو دور کر سکتے ہیں۔ (660)

(14) بیع کے ضمن میں وکیل بنانے کے ایک مسئلہ میں امام ابو یوسف نے امام ابو حنیفہ سے اختلاف کیا ہے۔ اگر توکیل مطلق ہو تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اطلاق کی رعایت کی جائے گی۔ لہٰذا وہ قلیل و کثیر رقم کے عوض بیع کرنے کا مجاز ہوگا۔ جبکہ امام ابو یوسف کا قول یہ ہے کہ وہ قیمت میں صرف اتنی کمی بیشی کر سکتا ہے جتنا کہ اس چیز میں عام طور پر لوگ کر لیتے ہیں۔ ابو یوسف کے قول کی وجہ یہ ہے کہ مطلق بیع سے مراد متعارف و مروج بیع لیں گے اور غبن فاحش (قیمت میں عام عادت سے زیادہ کمی بیشی) کے ساتھ بیع متعارف نہیں ہوتی۔ لہٰذا مطلق بیع کو اس کی طرف نہیں پھیریں گے جیسا کہ توکیل بالشراء میں کیا جاتا ہے۔ (661)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس کو اختیار ہے کہ وہ اثمان مطلقہ (absolute prices) کے ساتھ بیع کر سکتا ہے لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک نہیں کر سکتا۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک وہ نقد و ادہار دونوں طرح بیع کر سکتا ہے لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک صرف نقد بیع کر سکتا ہے۔(662)

(15) ایک درہم میں دس رطل گوشت خریدنے کا وکیل جب ایک درہم میں بیس رطل ایسا گوشت خریدے کہ اس جیسا ایک درہم میں دس رطل فروخت ہوتا ہے تو امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک موکل کو دس رطل بعوض نصف درہم کے لازم ہوں گے جبکہ ابو یوسف کے نزدیک اس کو بیس رطل بعوض ایک درہم کے لازم ہوں گے۔ اور اگر وہ ایک درہم میں ساڑھے دس رطل خریدے تو از روئے استحسان موکل کو لازم ہوں گے۔

امام ابو یوسف کے قول کی دلیل یہ ہے کہ یہ (یعنی ایک درہم میں بیس رطل خریدنا) اگرچہ صورت کے اعتبار سے مخالفت ہے معنی کے اعتبار سے نہیں کیونکہ یہ مخالفت بہتری کی جانت ہے اور ایسی مخالفت موکل پر نفاذ سے مانع نہیں جیسا کہ جب وہ ایک درہم میں ساڑھے دس رطل خریدے تو وہ موکل کو لازم ہوں گے ایسے ہی اس صورت میں ہو گا۔ (663)

(16) غیر معین شے کو خریدتے وقت جب وکیل اور موکل میں اختلاف ہو جائے' وکیل کہے کہ میں نے اپنے لئے خریدی اور موکل کہے کہ نہیں بلکہ تو نے میرے لئے خریدی تو ثمن (Price) کو حکم بنایا جائے گا اور اگر خریدتے ہوئے کوئی نیت نہ ہو اور دونوں اس پر متفق ہوں تو اس صورت میں بھی امام ابو یوسف کے نزدیک ثمن کو حکم بنایا جائے گا جبکہ امام محمد کے نزدیک شراء وکیل کے لئے ہو گی۔

امام ابو یوسف کے قول کی دلیل یہ ہے کہ مسلمانوں کے امور جہاں تک ممکن ہو اصلاح اور درستگی پر محمول کئے جاتے ہیں اور یہ اس صورت میں کہ ثمن (Price) کو حکم بنایا جائے۔(664)

(17) امام ابو حنیفہ کے نزدیک وکیل بالشراء کو یہ حق نہیں کہ اپنے باپ اور دادا اور اپنی اولاد کی اولاد اور اپنی بیوی اور ہر اس شخص سے کہ جس کی شہادت اس کے حق میں معتبر نہیں خرید سکے۔ امام ابو یوسف کے نزدیک اگر مثل قیمت یا کم قیمت یا اتنی زیادہ قیمت پر خریدی ہو کہ لوگ اتنا غبن کر لیتے ہیں تو جائز ہے۔(665)

(18) اگر کسی شخص نے وکیل بیع مقرر کیا۔ وکیل نے کسی شخص کے ہاتھ کوئی چیز فروخت کی اور موکل نے بھی انہیں لمحات میں وہ چیز کسی اور کے ساتھ فروخت کر دی تو امام محمد کے نزدیک موکل کے تصرف کو ترجیح دی جائے گی کیونکہ موکل کو اصل کی حیثیت حاصل ہے اور وکیل کو نائب کی۔ لیکن امام ابو یوسف دونوں کا تصرف معتبر قرار دیتے ہیں کیونکہ دونوں کو ولایت تصرف حاصل ہے۔(666)

667
(19) بیع بالتعاطی: (Sale by payment and delivery) کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ درست ہے:

سالت ابا یوسف عن رجل یدخل السفینة او یحتجم او یفتصد او یدخل الحمام او یشرب الماء من السقاء ثم یدفع الاجرة و ثمن الماء فقال یجوز استحسانا و لا یحتاج الی العقد قبل ذلک کذا فی التاتارخانیة (668)

"ابو یوسف سے پوچھا گیا کہ ایک شخص کشتی میں داخل ہوتا ہے یا پچھنے لگواتا ہے یا فصد کھلواتا ہے یا حمام میں داخل ہوتا ہے یا مشکیزے سے پانی پیتا ہے۔ پھر اجرت اور پانی کی قیمت ادا کرتا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ ازروئے استحسان یہ جائز ہے اور اس سے پیشتر عقد کرنے کی ضرورت نہیں۔ التاتارخانیہ میں اسی طرح ہے۔"

(20) بیع العینہ کے بارے میں بھی امام ابو یوسف کا فکر موجود ہے۔ بیع العینہ سے مراد ادہار چیز کو نقد کے مقابلے میں زیادہ قیمت پر فروخت کرنا ہے۔ عبداللہ بن یوسف 'الزیلعی (م 762ھ / 1360ء) نے اس کی تعریف یہ نقل کی ہے۔

"والعینة" بیع سلعة بثمن موجل ثم یعود فیشتریها بانقص منه حالا (669)

"اور "العینہ" اس بیع کا نام ہے جس میں کوئی چیز ادہار ثمن پر فروخت کی جاتی ہے۔ پھر وہی فروخت کرنے والا خریدار سے وہ چیز بصورت نقد کم قیمت پر خرید لیتا ہے۔"

مثال کے طور پر زید 'اسلم سے ایک سو روپے قرض مانگتا ہے 'اسلم اس کو کہتا ہے کہ تم میری یہ چیز سال کے ادہار پر ایک سو دس روپے میں خرید لو اور پھر یہی چیز ایک سو نقد کے بدلے فروخت کر دینا۔ امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک بیع کا یہ معاملہ فاسد ہے۔ امام ابو یوسف پہلے اس کے جواز کے قائل تھے۔ لیکن بعد ازاں آپ نے اس سے رجوع کر لیا۔ (670)

(21) امام ابو حنیفہ کے نزدیک شراب کے سوا دوسرے تمام حرام مشروبات کو فروخت کرنا جائز ہے۔ لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک جائز نہیں۔ یہ اس لئے کہ جب ان کا پینا حرام ہے تو وہ مال نہ ہوں گے۔ لہٰذا شراب کی طرح وہ "محل بیع" نہیں ہو سکتے۔ نیز اس لئے بھی کہ جس شے کا پینا حرام ہے اس کا فروخت کرنا بھی حرام ہے۔ (671)

(22) غیر منقولہ جائیداد (immovable property) مثلاً زمین کی قبضہ سے قبل فروخت (sale) کے بارے میں امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ازروئے استحسان اس کی بیع جائز ہے۔ آپ کی دلیل قرآن مجید کے بیع کے متعلق عمومی احکام ہیں جو تخصیص کے بغیر ہیں۔ (672)

toobaa-elibrary.blogspot.com

احتکار

ابن عابدین' احتکار کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "الاحتکار لغۃ=احتباس الشئی انتظار لغلائہ (673) (لغت میں احتکار کے معنی کسی شے کو گرانی کے انتظار میں روک کر رکھنا ہے)۔ یعنی کسی چیز کو مہنگے داموں فروخت کرنے کے لئے روک کر رکھا جائے تو یہ احتکار ہے۔ (674)

حضرت سعید بن المسیب (م 94ھ / 713ء) کے متعلق روایت ہے کہ وہ زیتون یا دوسرے تیل اور جھڑے ہوئے پتوں وغیرہ کا احتکار (hoarding) کرتے تھے۔ (675) ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی (م 279ھ / 892ء) فرماتے ہیں و رخص بعضھم فی الاحتکار فی غیر الطعام (676)

امام ابو حنیفہ کھانے پینے کی چیزوں مثلاً گیہوں' جو' بھوسا' چارہ میں احتکار کو مکروہ کہتے ہیں۔ لیکن امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ جس چیز کے بھی روکنے سے عوام کو تکلیف ہو اس کی ذخیرہ اندوزی (hoarding) کرنا ممنوع ہے۔ اس میں سونا' چاندی یا کپڑا وغیرہ سب چیزیں شامل ہیں۔ (677)

اگر ایک شخص نے شہر سے کوئی چیز خریدی پھر اسی شہر میں اس کو مہنگے داموں فروخت کرنے کی نیت سے روک لیا تو وہ ذخیرہ اندوزی کرنے والا ہے۔ لیکن اگر وہ باہر سے کھانے کی کوئی چیز شہر میں لاتا ہے اور اس کو نفع حاصل کرنے کی خاطر روک لیتا ہے تو بعض ائمہ کے نزدیک یہ احتکار نہیں۔ لیکن امام ابو یوسف اس کو بھی احتکار کہتے ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ اس شکل میں بھی تو عوام کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ (678)

مضاربت

مفہوم

یہ لفظ ضرب سے بنا ہے۔ اس کا معنی ہے سفر۔ اس کو مضاربت اس لئے کہتے ہیں کہ تجارت کی غرض سے عام طور پر سفر کرنا پڑتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَ اٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ (679)

"اور بعض خدا کے فضل (یعنی معاش) کی تلاش میں ملک میں سفر کرتے ہیں۔"

یہاں اس آیت میں تجارت کے لئے سفر مراد ہے۔ مضاربت شرکت کی ایک شکل ہے جس میں ایک جانب سے مال ہوتا ہے اور ایک جانب سے کام۔ مال دینے والے کو رب المال' کام کرنے والے کو مضارب' اور مالک نے جو دیا ہے اس کو راس المال کہتے ہیں۔ منافع میں دونوں کی شرکت ضروری ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ نفع ایک کے لئے ہو گا تو یہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مضاربت نہیں ہوگی۔

اہل حجاز اس معاہدہ کو مقارضہ کہتے ہیں۔ یہ اصطلاح لفظ قرض سے مشتق ہے۔ اس کے لغوی معنی علیحدہ کرنا اور قطع کرنا ہیں۔ اس کو مقارضہ اس لئے کہتے ہیں کہ مالک اپنے مال کا ایک حصہ کاٹ کر کاروبار میں لگانے کے لئے مضارب کو دے دیتا ہے۔(680)

مضاربت کا جواز سنت اور اجماع (consensus of opinion) سے ملتا ہے۔

مضاربت کی تعریف' امام ابو یوسف کی نظر میں

امام ابو یوسف مضاربت کی تعریف اس طرح کرتے ہیں۔

"اگر ایک آدمی نے دوسرے کو ہزار درہم دیئے اور کہا کہ وہ ان سے سامان خریدے اور فروخت کرے اور جو نفع حاصل ہو وہ ان کے درمیان تقسیم ہوگا تو یہ مضاربت ہے۔(681)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مضاربت میں نفع دونوں کے درمیان تقسیم ہوگا لیکن اگر کاروبار میں نقصان ہوا تو وہ صرف رب المال (Owner of the capital) کے ذمہ ہوگا کیونکہ مضارب (Partner who finds the labour in mudarabah) پر نقصان کی شرط فاسد ہوتی ہے۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مضاربت میں یہ شرط رکھی کہ نقصان دونوں کے ذمہ ہوگا تو یہ شرط باطل ہو جائے گی اور عقد (contract) باقی رہے گا۔(682)

مضاربت کی جائز صورتیں

(1) امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اگر ایک آدمی نے دوسرے کو ہزار درہم دیئے اور مضاربت کا لفظ استعمال نہ کیا اور کہا کہ جو تجھے نفع حاصل ہو وہ ہم دونوں کے درمیان تقسیم ہوگا تو یہ مضاربت صحیح ہوگی کیونکہ نفع خرید و فروخت کے بغیر حاصل نہیں ہوتا اور خرید و فروخت یہاں مضاربت کے معنی میں ہوگی۔(683)

(2) اگر ایک شخص نے دوسرے کی رقم غصب کی ہوئی ہو۔ رب المال غاصب سے کہے کہ تیرے پاس جو غصب شدہ رقم ہے اس کے ساتھ نصف نفع پر مضاربت کر تو امام ابو یوسف کے نزدیک یہ جائز (legal) ہے۔ امام زفر اسے جائز نہیں کہتے۔

امام ابو یوسف یہ دلیل دیتے ہیں کہ جو مال غاصب کے قبضے میں ہے کام شروع کرنے تک اس کی حیثیت غصب شدہ مال کی ہے لیکن جب مضارب اس مال سے خرید و فروخت کرے گا تو وہ اس کے قبضے میں امانت بن جائے گا۔ اس طرح اس میں مضاربت کا معنی پایا جاتا ہے۔ اس لئے مضاربت صحیح ہوگی۔(684)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(3) اگر رب المال نے مضارب کو ایک ہزار درہم دیئے اور کہا کہ تو نفع میں شریک ہو گا لیکن نفع کی مقدار بیان نہ کی تو امام محمد کے نزدیک یہ مضاربت فاسد ہو گی لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک یہ جائز ہے۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اس صورت میں نفع دونوں کے درمیان نصف نصف ہو گا۔ وہ کہتے ہیں کہ شرکت مساوات کا تقاضا کرتی ہے۔ (685)

(4) اگر ایک آدمی نے دوسرے کو مضاربت پر مال دیا۔ مضارب نے رب المال کی اجازت سے آگے کسی اور شخص کو مضاربت پر وہ سرمایہ دے دیا تو امام ابو یوسف (دیگر ائمہ احناف کی بھی یہی رائے ہے) کے نزدیک یہ صورت جائز ہے۔ صاحب سرمایہ پہلا اور دوسرا کاروباری فریق، تینوں مل کر نفع میں شریک ہوں گے۔ (686)

(5) جب ایک آدمی نے دوسرے کو ہزار درہم سپرد کئے اور اس کو کہا کہ وہ اس رقم کے ساتھ مضاربت کرے۔ نصف نفع اس کو ملے گا۔ یہ جائز ہے۔ اس لئے کہ راس المال کا ذکر عقد مضاربت کی صحت کے لئے شرط ہے۔ (687)

(6) اگر رب المال نے مضارب کو اس شرط پر مال دیا کہ وہ رب المال کے مکان میں بیع کرے گا تو امام ابو یوسف کے نزدیک یہ جائز ہے۔ (688)

مضاربت کی ناجائز صورتیں

(1) امام ابو یوسف (دیگر ائمہ احناف کی بھی یہی رائے ہے) کے نزدیک یہ ضروری ہے کہ مضارب اور رب المال کے درمیان نفع کی تقسیم عام نسبت سے ہو مثلاً نصف (1/2)، تہائی (1/3) یا چوتھائی (1/4)۔ اگر نفع کے لئے متعین عدد طے کر لیا مثلاً یہ کہ ان میں سے ایک کے لئے نفع میں سے سو درہم یا اس سے کم یا زیادہ درہم ہوں گے اور باقی دوسرے کے لئے ہو گا تو یہ جائز نہیں اور مضاربت فاسد ہو گی۔ (689)

(2) اگر ایک مسلمان امان لے کر دار الحرب میں داخل ہو اور کوئی حربی اس کو مضاربت پر مال دے کہ اس مسلمان مضارب کو نفع میں سے سو درہم دیئے جائیں گے۔ اگر اس میں نفع ہی سو درہم یا کم ہوا تو وہ تمام مضارب کو ملے گا۔ یہ امام ابو حنیفہ اور امام محمد کی رائے ہے۔ لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک یہ مضاربت فاسد ہو گی اور مضارب کو اجرت مثل (similar wage) ملے گی۔ (690)

امام ابو یوسف کے نزدیک جب معاملہ مضاربت فاسد ہو جائے تو مضارب کی حیثیت ایک مزدور کی ہوتی ہے۔ کیونکہ اس حالت میں وہ کام کے مطابق مزدوری کا حقدار ہوتا ہے۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مزدوری اتنی زیادہ ہو گی جتنی کہ معاہدہ کے وقت مضاربت میں مقرر کی گئی تھی۔ (691)

(3) امام ابو یوسف کے نزدیک مضاربت صرف دراہم و دنانیر کے ساتھ جائز ہوتی ہے سامان اور دیگر اشیاء کے ساتھ نہیں۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اگر میں ان کے ساتھ مضاربت کو جائز کہتا تو میں مکہ مکرمہ میں غلہ کے ساتھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مضاربت کو جائز کہتا کیونکہ وہاں لوگ آپس میں بیع گندم کے ساتھ کرتے ہیں۔(692)

(4) جب رب المال کا کسی شخص پر قرض ہو اور وہ اس سے کہے کہ اس رقم سے جو تجھ پر قرض ہے نصف نفع پر مضاربت کر تو امام ابو یوسف کے نزدیک یہ مضاربت فاسد ہوگی۔(693)

(5) اگر ایک آدمی نے دوسرے کو ماہانہ دس درہم کے بدلہ میں اجرت (on wage) پر رکھا تاکہ وہ اس کے لئے خرید و فروخت کرے اس کے بعد مستاجر نے اجیر کو کچھ دراہم مضاربت پر دیئے تو امام محمد کے نزدیک یہ مضاربت جائز ہے لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ یہ مضاربت فاسد ہوگی۔ تمام نفع رب المال کا ہوگا اور اجیر کو سوائے اجرت کے کچھ نہ ملے گا۔

امام ابو یوسف دلیل یہ دیتے ہیں کہ جب مستاجر نے اس کو اجرت پر رکھا تو وہ اس کے عمل کا مالک ہو گیا۔ اب اگر وہ مضاربت پر اجیر کو مال دیتا ہے تو وہ مضارب کی حیثیت سے اپنے لئے عمل کرتا ہے اور یوں نفع اور اجرت دونوں کا حقدار بن جاتا ہے اور یہ جائز نہیں۔(694)

مضارب کا تصرف

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مضارب کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ چیز فروخت کرتے وقت خریدار کو قیمت کی ادائیگی میں مہلت دے۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ اختیار از روئے معاہدہ خود بخود حاصل ہو جاتا ہے۔ لیکن امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ یہ اختیار صاحب سرمایہ کی اجازت سے ہوگا۔(695)

مضارب مال کو سفر پر لے جا سکتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں امام ابو یوسف کے مختلف اقوال ملتے ہیں۔ پہلے قول کے مطابق اسے یہ اختیار ہے کیونکہ اس عقد سے مقصود مال میں افزائش ہے اور یہ مقصد سفر سے بہتر طریقہ سے حاصل ہو سکتا ہے۔

امام ابو یوسف کے دوسرے قول کے مطابق مضارب کو یہ اختیار نہیں۔ اس کی وجہ وہ یہ بیان کرتے ہیں کہ مال کے ساتھ سفر کرنا اس کو خطرے میں ڈالنا ہے۔ اس لئے مضارب رب المال کی واضح اجازت کے بغیر سفر نہیں کر سکتا۔

تیسری روایت کے مطابق امام ابو یوسف اس مال میں جو بوجھ اور مشقت والا ہو اور جو نہ ہو کے درمیان فرق کرتے ہیں۔(696)

امام سرخسی نے اپنی کتاب "المبسوط" میں مضارب کے اس تصرف کے بارے میں (یعنی مضارب کا رب المال کی اجازت کے بغیر سفر کرنا) امام ابو یوسف کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ اگر اسے اس شہر میں مال سپرد کیا گیا جہاں کا وہ رہنے والا ہے تو اس کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اس مال کے ساتھ سفر کرے۔ اور اگر اسے اس شہر میں مال سپرد کیا جائے جہاں اس

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی رہائش نہیں ہے تو اس صورت میں وہ سفر کر سکتا ہے۔ یہ اس لئے کہ غالب امکان یہی ہوتا ہے کہ انسان اپنے وطن کی طرف لوٹتا ہے۔ پس جب یہ علم ہونے کے باوجود کہ مضارب اس شہر میں اجنبی ہے' رب المال اپنا مال اس کے حوالے کر دیتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ رب المال نے اس بات پر بھی رضامندی ظاہر کر دی ہے کہ مضارب اس کے مال کے ساتھ دوسرے شہر جا سکتا ہے۔ (697)

دیگر مسائل

(1) اگر ایک شخص دوسرے کو ہزار درہم مضاربت صحیح پر دیتا ہے۔ بعد ازاں رب المال اپنے خرچہ کے لئے اس میں سے بیس پچاس لے لیتا ہے اور مضارب خرید و فروخت کے بعد نفع حاصل کرتا ہے تو جس وقت وہ دونوں نفع کا حساب کریں گے تو امام ابو یوسف کے نزدیک راس المال ہزار درہم ہی شمار ہو گا اور نفع دونوں میں برابر برابر ہو گا۔ رب المال نے جو خرچہ لیا اس کو راس المال میں سے کمی قرار نہیں دیا جائے گا بلکہ پورے مال میں سے راس المال کو ہزار شمار کریں گے۔

امام ابو یوسف دلیل یہ دیتے ہیں کہ اگر ہم رب المال کے لئے ہوئے خرچہ کو راس المال میں سے شمار کریں تو اس طرح مضاربت باطل ہو جاتی ہے کیونکہ رب المال اگر اپنے راس المال میں رجوع کرے تو مضاربت باطل ہو جاتی ہے حالانکہ دونوں مضاربت کو باطل نہیں کرنا چاہتے۔ (698)

(2) اگر مضارب پہلے انکار کرے۔ پھر بعد میں اقرار کرے تو ابن سلمہ نے اپنے نوادر میں کہا ہے کہ میں نے امام ابو یوسف کو اس شخص کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا' جس نے دوسرے کو مال مضاربت پر دیا پھر بعد میں اس سے طلب کیا تو اس نے جواباً کہا کہ تو نے مجھے کچھ نہیں دیا۔ پھر کہا کیوں نہیں استغفر اللہ العظیم واقعی تو نے مجھے ہزار درہم مضاربت پر دیئے تھے تو مضارب مال کا ضامن ہو گا کیونکہ وہ امین ہے اور امین جب امانت کا انکار کر دے تو وہ ضامن ہوتا ہے مثل مودع کے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ عقد مضاربت عقد لازم نہیں ہے بلکہ وہ ایسا عقد جائز ہے جو فسخ کو محتمل ہے۔ لہٰذا اس کا انکار اس کا فسخ یا رفع ہو گا اور عقد جب مرتفع ہو جائے تو مال مضمون علیہ (جس کا ضمان دیا جائے) بن جاتا ہے۔ جس طرح ودیعت میں ہوتا ہے۔ (699)

(3) مضارب نے رب المال کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے شخص کو مضاربت پر مال دے دیا تو مضارب اول پر صرف مال دینے سے ضمان عائد نہ ہو گا جب تک کہ مضارب ثانی کو نفع حاصل ہو یا نہ ہو۔

ایک روایت امام ابو یوسف سے یہ بیان کی جاتی ہے کہ پہلے کارکن کو مضاربت کا مال کسی کو دینے کا جو اصل حق اور اختیار حاصل ہے وہ صرف امانت کے طور پر کسی کے پاس رکھنے کا ہے۔ مضاربت پر آگے دینے کا حق حاصل نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لہٰذا مالک مال کی اجازت سے اور مرضی کے بغیر کسی دوسرے کو بطور مضاربت دینے پر ہی پہلے کارکن پر مال کی ضمانت لازم آئے گی۔(700)

شرکت

شرکت کاروبار کی ایک صورت ہے۔ اس کے لغوی معنی حصہ دار ہونا' شریک ہونا ہے۔ اصطلاحی معنی کے لحاظ سے چونکہ شرکت (Partnership) کی بہت سی اقسام ہیں اس لئے شرکت کی الگ الگ صورتیں ہیں۔ اس کے باوجود یہ ضرورت محسوس کی جاتی ہے کہ شرکت کی ایک جامع تعریف کی جائے۔ جس میں سب باتیں شامل ہوں۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے الفاظ میں "شرکت یہ ہے کہ دو یا دو سے زائد افراد کسی کاروبار میں متعین سرمایوں کے ساتھ اس معاہدے کے تحت شریک ہوں کہ سب مل کر کاروبار کریں گے اور کاروبار کے نفع و نقصان میں متعین نسبتوں کے ساتھ شریک ہوں گے۔(701)

بشر بن الولید الکندی (م 238ھ / 852ء) کہتے ہیں کہ میں نے ابو یوسف کو ایک شخص کے بارے میں جس نے دوسرے کو کہا کہ آج تو جو شے بھی خریدے وہ میرے اور تیرے درمیان نصف نصف ہے اور دوسرے نے کہا کہ ٹھیک ہے' یہ کہتے ہوئے سنا کہ یہ درست ہے۔(702)

امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے قول کے مطابق مسلمان اور ذمی کے مابین شرکت مفاوضہ (Partnership on equal terms) صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ذمی ایسی تجارت کے ساتھ مختص ہے جو مسلمان کے لئے جائز نہیں یعنی شراب وغیرہ کی تجارت۔ اس طرح دونوں تجارت میں مساوی نہیں ہوئے۔ لہٰذا مفاوضہ کے معنی نہیں پائے گئے۔ اور ابو یوسف کے نزدیک جائز ہے۔ کیونکہ دونوں (یعنی مسلمان اور ذمی) وکالت اور کفالت کی اہلیت میں برابر ہیں۔(703)

امام ابو یوسف کے نزدیک شرکت مفاوضہ لفظ کا استعمال کئے بغیر صحیح نہیں ہوتی۔(704)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اگر دونوں میں سے ایک نے عمل کیا اور دوسرے نے اس کے عمل میں اس کی اعانت کی مثلاً اکٹھا کیا اور رسی باندھی تو تمام نفع عامل (worker) کا ہو گا اور اعانت کرنے والے کو کچھ نہیں ملے گا۔ کیونکہ سب عامل کی جانب سے ہوا ہے۔ نہ کہ اعانت کرنے والے کی طرف سے۔ البتہ اعانت کرنے والے کو اجرت مثل ملے گی۔(705)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دہم

امام ابو یوسف اور مسائل محنت و اُجرت

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف نے بحیثیت ماہر معاشیات صرف مسائل تجارت ہی پر بحث نہیں کی بلکہ اس کے ساتھ ساتھ وہ مسائل محنت (labour) کو بھی زیر بحث لائے ہیں۔ آجر (employer) اور اجیر (employee) کے بارے میں آپ کے معاشی فکر کو مختلف فقہائے احناف نے اپنی کتب میں "الاجارۃ" کے عنوان کے تحت کیا ہے۔

اجارہ کا مفہوم

اجارہ کے لفظی معنی اجرت اور مزدوری کے ہیں۔ اس کی تعریف یہ کی گئی ہے۔

الاجارۃ عقد یرد علی المنافع بعوض لان الاجارۃ فی اللغۃ بیع المنافع (706)

"یہ معاوضے کے بدلے' منافع کے حصول کے لئے ایک عقد (معاہدہ) ہے۔ اس لئے کہ لغوی طور پر اجارہ کے معنی ہیں کسی شئے کے منافع کو فروخت کر دینا۔"

اصطلاحی طور پر "اجارہ" دو افراد یا فریقین کے مابین طے پانے والا ایک معاہدہ ہے۔ جس سے دونوں میں سے ہر ایک کو فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ مالک کو اجرت کا اور کرایہ دار کو شے استعمال کرنے کا۔" (707)

اجارہ کا جواز قرآن کریم کی اس آیت سے ملتا ہے۔

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ○ (708)

"(پھر) ان دو میں سے ایک لڑکی بولی اے ابا ان کو نوکر رکھ لیجئے کیونکہ اچھا نوکر وہی ہے جو قوت دار ہو' امانت دار ہو۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک فرمان بھی ہماری راہنمائی کرتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطوا الاجیر اجرہ قبل ان یجف عرقہ (709)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' مزدور کو اس کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو۔"

محنت و اجرت کے بارے میں ابویوسف کا معاشی فکر

امام ابویوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ آجر اور اجیر کے درمیان انصاف کرنے کے لئے عرف و عادت کا اعتبار کیا جائے گا۔ یعنی اجیر عام طور پر کام میں بددیانتی کرتا ہے لہٰذا اس بارے میں اگر اختلاف ہو تو آجر کی بات تسلیم کی جائے گی اور اجرت کے بارے میں آجر بددیانتی کرتا ہے اس لئے اس بارے میں اجیر کی بات کو قبول کیا جائے گا۔ (710)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اجرت کے واجب ہونے کا وقت

اجرت پوری مدت اجارہ گزرنے کے بعد واجب ہوتی ہے یا دن بدن واجب ہوتی ہے؟

امام کاسانی نے بدائع الصنائع میں لکھا ہے کہ مسافت کے اجارہ میں مثلاً یہ کہ مکہ تک جانے اور واپس آنے کے لئے اونٹ کرایہ پر لیا تو امام ابویوسف کے نزدیک ہر منزل کا کرایہ منزل پر پہنچنے کے بعد ادا کرے گا۔ یعنی پوری مدت اجارہ گزرنے کے بعد نہیں ہو گا۔ امام ابویوسف سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ کرایہ دار جب تہائی یا نصف راستہ طے کرے تو مستحسن یہ ہے کہ اتنی مسافت کی اجرت ادا کردے۔ ابوالحسن عبیداللہ بن الحسین الکرخی (م 340ھ / 952ء) نے ذکر کیا ہے کہ یہ امام ابویوسف کا آخری قول ہے۔ اور اس قول کی وجہ یہ ہے کہ ایک تہائی یا نصف راستہ طے کرلینا کل منفعت میں ایک مقصود اور معقول منفعت ہے تو جب ایک مقصود اور معقول مقدار منفعت کی حاصل کرلی گئی ہو تو اس پر اتنی منفعت کا کرایہ دینا واجب ہے۔ (711)

اصل شے میں اختلاف

بشر بن غیاث المریسی (م 218ھ / 833ء) اور محمد بن سماعہ التمیمی (م 233ھ / 847ء) نے امام ابویوسف سے روایت کیا کہ جس نے کسی باربردار مزدور کو کچھ سامان دیا کہ وہ اتنی اجرت پر فلاں جگہ تک پہنچادے۔ سامان جب مقررہ جگہ پر پہنچ گیا تو سامان کا مالک کہنے لگا کہ یہ میرا سامان نہیں اور مزدور کہنے لگا کہ یہی تیرا سامان ہے تو اس اختلاف میں قسم کے ساتھ باربردار مزدور کا قول معتبر ہو گا اور اس سے کوئی تاوان نہیں لیا جائے گا۔ امام ابویوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ اس صورت میں آجر کے ذمہ اجرت صرف اس وقت ہی ہو گی جب وہ مزدور کے دعویٰ کی تصدیق کرکے اس سے اپنا سامان حاصل کرلے۔ لیکن اگر اس نے مزدور کی بات کو تسلیم نہ کیا تو اس کے ذمہ اجرت بھی نہ ہو گی۔ (712)

اجیر مشترک پر تاوان

اجیر مشترک (Common employee) سے اگر کوئی چیز ضائع ہو جائے مثلاً دھوبی سے کپڑے گم ہو جائیں یا جل جائیں یا اس درجہ خراب ہو جائیں کہ قابل استعمال نہ رہیں تو دھوبی پر اس کی ذمہ داری عائد ہو گی یا نہیں اور دھوبی سے ان کپڑوں کی قیمت وصول کی جائے گی یا نہیں" اگر کی جائے گی تو کتنی؟

امام ابوحنیفہ' امام زفر اور حسن بن زیاد کی رائے یہ ہے کہ اگر اس چیز کے ضائع ہونے میں اجیر کا کوئی دخل نہ ہو یعنی غیر ارادی طور پر نقصان ہوا ہو تو اس سے تاوان نہیں لیا جائے گا۔ ان ائمہ کی دلیل یہ ہے کہ وہ چیز جو تلف ہوئی ہے' اجیر کے ہاتھ میں امانت تھی اور امانت کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ ضائع ہو جائے تو اس کا تاوان اس پر نہیں ہے۔ (714)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ اجیر مشترک صرف اس صورت میں تاوان سے بری الذمہ ہو گا جب سامان کسی عام اور غالب آفت میں تلف ہو مثلاً عام آگ لگ گئی یا عام سیلاب آگیا۔ اور اگر صرف اجیر مشترک ہی کا نقصان ہوا ہے تو اس صورت میں اس سے تاوان لیا جائے گا۔ (715)

فتاوی ابراھیم شاھی کے مصنف' قاضی احمد بن محمد نظام الدین (م 875ھ / 1471ء) ابن سلمہ کی روایت سے امام ابویوسف کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ دھوبی کو ان کپڑوں کا ذمہ دار قرار دیا جائے گا اور اس سے ان کی قیمت وصول کی جائے گی کیونکہ یہ کپڑے اس کی وجہ سے اور اس کی تحویل میں گم یا ضائع ہوئے ہیں اور وہ اپنے کام کی اجرت وصول کرتا ہے۔ امام محمد کہتے ہیں کہ ان کپڑوں کی پوری قیمت وصول کی جائے گی لیکن امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ ان کپڑوں کی اصل قیمت سے نصف قیمت وصول کی جائے گی۔

عن ابی یوسف رحمة اللّٰہ علیہ ان علی القصار نصف القیمة باعتبار الاول

(716)

آجر اور اجیر کی معاونت

ابن سلمہ نے امام ابویوسف سے بیان کیا ہے کہ ایک آدمی نے کسی باربردار کو اس لئے مزدوری پر رکھا کہ وہ گھی کی ایک مشک یا ٹین کو اٹھائے۔ پھر مشک والے اور باربردار نے مل کر مشک کو اٹھایا کہ وزن کو باربردار کے سر پر لاد دیں کہ اچانک مشک پھٹ گئی اور تمام گھی بہہ گیا تو اس صورت میں امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ باربردار اس کا تاوان نہیں دے گا کیونکہ صاحب مشک نے مشک کو باربردار کے سپرد نہیں کیا۔ بلکہ اس کے ہاتھ میں ہے۔

اور اگر باربردار مشک کو اٹھا کر مشک کے مالک کے گھر تک لایا اور یہاں پہنچ کر دونوں مل کر اتارنے لگے کہ دونوں کے ہاتھ سے گر گئی اور گھی ضائع ہو گیا تو باربردار ضامن ہے۔ اس سلسلے میں امام ابویوسف کی دلیل یہ ہے کہ اٹھایا ہوا سامان باربردار کے قبضے میں آچکا ہے۔ لہٰذا وہ اس سامان کو مالک کے سپرد کرنے سے ہی بری ہو سکتا ہے۔ (717)

بشر نے اپنے نوادر میں امام ابویوسف سے دھوبی کے بارے میں بیان کیا کہ جب وہ کپڑا دھونے میں کپڑے کے مالک سے مدد حاصل کرے۔ پھر کپڑا پھٹ جائے اور یہ نہ معلوم ہو سکے کہ کس کے کوٹنے سے کپڑا پھٹا ہے حالانکہ ان دونوں کے کوٹنے سے پہلے کپڑا صحیح سلامت تھا تو امام ابویوسف نے فرمایا کہ دھوبی سے نصف قیمت کا تاوان وصول کیا جائے گا۔

آپ کی دلیل یہ ہے کہ خرابی میں جب یہ دونوں احتمال ہیں کہ دھوبی کے فعل سے واقع ہوئی یا مالک کے فعل سے تو دھوبی پر ایک حال میں تاوان واجب ہو گا اور ایک حال میں نہیں تو دونوں حالتوں کا اعتبار کرنا لازم ہوا۔ لہٰذا اس پر نصف قیمت واجب ہو گی۔ (718)

toobaa-elibrary.blogspot.com

شراب اٹھانے پر اجرت لینا

اگر کوئی مسلمان مزدور کسی غیر مسلم ذمی کی شراب اجرت پر اٹھا کر لے جائے تو کیا وہ مزدوری لینے کا حقدار ہے یا نہیں؟ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ وہ اجرت لے سکتا ہے۔ (719) آپ کے قول کی توجیہہ کرتے ہوئے صاحب ہدایہ کہتے ہیں کہ شراب کا پینا حرام ہے اور خود پینے کی نیت سے اس کا ڈھونا بھی حرام ہے۔ لیکن مسلمان مزدور کی غرض تو اجرت حاصل کرنا ہے خواہ پانی ہو یا شراب۔ لہٰذا اس مزدوری کو ناپاک نہیں کہا جا سکتا۔ (720)

امام ابو یوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ شراب ڈھونے والے کے لئے کوئی معاوضہ نہیں ہو گا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ یہ معصیت پر اجارہ ہے۔ کیونکہ شراب کا اٹھانا ایک قسم کی معصیت ہے اور یہ تعاون علی الاثم کی ایک صورت ہے۔ (721) آپ قرآن حکیم کی اس آیت سے استدلال کرتے ہیں:

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ (722)

"اور (دیکھو) نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور ظلم کی باتوں میں مدد نہ کیا کرو۔"

نیز آپ اس حدیث سے بھی راہنمائی لیتے ہیں جو حضرت عبداللہ بن عمرؓ (م 73ھ / 692ء) سے روایت کی گئی ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ لخمر و شاربها و ساقیها و بائعها (و مبتاعها) و عاصرها و معتصرها و حاملها والمحمولة الیه (723)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے شراب پر اور شراب پینے والے اور پلانے والے پر اور شراب فروخت کرنے والے اور خریدنے والے پر اور نچوڑنے والے اور نچڑوانے والے پر اور شراب اٹھانے والے پر اور اس شخص پر جس کے لیے شراب اٹھا کر لے جائی جائے لعنت فرمائی ہے۔"

بھٹہ مزدور کی اجرت کا وقت

اگر کسی مزدور کو اینٹیں بنانے پر مقرر کیا گیا تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک عامل اس وقت تک اجرت کا مستحق نہیں ہو سکتا جب تک کہ اینٹیں خشک نہ ہو جائیں۔ امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اینٹوں کا صرف خشک ہونا ہی کافی نہیں بلکہ ان کو کھڑا کر کے تہہ لگانا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ اینٹ کا کام تہہ لگا کر رکھنے ہی سے مکمل ہوتا ہے۔

آپ کی دلیل یہ ہے کہ اینٹیں خراب ہونے سے اس وقت ہی محفوظ ہوتی ہیں جب ان کو تہہ لگا کر جوڑ دیا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگوں کے درمیان اس عادت کا رواج ہے کہ اینٹیں بنانے والے اینٹ کی حفاظت کے لئے تہہ لگا دیتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں۔ لہٰذا یہ تہہ لگانا کام کے مکمل ہونے میں داخل ہے جس طرح کہ تنور سے روٹی پکا کر نکالنا پکانے کے عمل میں داخل ہے۔

امام ابویوسف کے قول کے مطابق اگر اینٹیں تہہ لگانے سے قبل ضائع ہو جائیں تو مزدور کے لئے کوئی مزدوری نہیں ہوگی کیونکہ وہ کام مکمل ہونے سے پہلے ہی ضائع ہو گئی ہیں۔ اور اگر کھڑی کرنے یا تہہ لگانے کے بعد ضائع ہوں تو مزدور کو اجرت دی جائے گی۔ کیونکہ کام پورا کر کے مستاجر کے سپرد کیا جا چکا ہے۔ (724)

کیا اجیر اجرت کی وصولی کے لئے سامان کو روک سکتا ہے؟

اگر مستاجر اجیر مشترک کو اجرت نہ دے تو کیا وہ اجرت حاصل کرنے کے لئے اس کے سامان کو روک سکتا ہے؟ امام ابویوسف اس ضمن میں اجیر مشترک کی دو اقسام بتاتے ہیں۔ ایک قسم کے اجیر تو ایسا کر سکتے ہیں اور دوسری قسم کے نہیں۔

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ وہ اجیر مشترک جس کے عمل کا اثر اصل شے پر پڑتا ہو یعنی اس کے عمل سے اس میں کوئی تبدیلی ہو جاتی ہو تو اس کو سامان بنانے کے بعد اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اجرت ملنے تک سامان کو روک لے۔ مثلاً سنار زیور بنا کر اور درزی کپڑا سی کر لایا تو جب تک وہ اجرت وصول نہ کر لیں ان کو حق حاصل ہے کہ وہ سامان نہ دیں۔

دوسری قسم کا اجیر مشترک وہ ہے جس کے عمل کا اثر اصل شے پر نہ پڑتا ہو مثلاً کسی نے قلی سے سامان اٹھوایا تو اس کی اجرت میں اسے سامان کو روکنے کا حق نہیں۔ (725)

اختلاف عاقدین کا حکم

ابن سلمہ نے امام ابویوسف سے بیان کیا ہے کہ ایک آدمی نے کسی سے ایک مکان سال کی مدت کے لئے کرایہ پر لیا۔ پھر دونوں میں اختلاف ہو گیا۔ کرایہ دار نے اس بات پر گواہ پیش کر دیئے کہ اس نے گیارہ مہینے کا ایک درہم کرایہ اور بارھویں مہینے کا نو درہم کرایہ دینا طے کیا تھا اور مالک مکان نے اس امر پر گواہ پیش کر دیئے کہ اس نے مکان مطلق دس درہم کے عوض کرایہ پر دیا تھا۔ اس میں گیارہ ماہ اور ایک مہینے کی تفصیل نہیں تھی تو امام ابویوسف نے فرمایا کہ میں مالک مکان کی دلیل کو قبول کروں گا۔ کیونکہ وہ گیارہ مہینوں میں زائد اجرت کا دعویٰ کر رہا ہے اور اس نے اس بات پر گواہ بھی پیش کر دیئے ہیں۔ لہٰذا اس کی دلیل قبول ہوگی۔ اب رہا بارھویں مہینے کا معاملہ تو اس میں مستاجر نے مواجر کے لئے اس کرایہ سے زیادہ کا دعویٰ کیا ہے جس کا مواجر خود مدعی ہے۔ پس مواجر نے اگر مستاجر کی تصدیق کر دی تو فبہا ورنہ اس کے جھٹلانے سے زائد اجرت ساقط ہو جائے گی۔ (726)

وقت کی شرط

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر ایک شخص نے درزی کو کپڑا دیا اور اسے کہا کہ اگر تو اس کو آج سی دے گا تو تیرے لئے ایک درہم اور اگر کل سی دے گا تو نصف درہم ہو گا۔ اس ضمن میں امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ پہلی شرط تو صحیح ہے لیکن دوسری شرط فاسد ہے۔ ان کے نزدیک درزی اگر اسی دن کپڑا سی دے تو اس کے لئے ایک درہم اور اگر دوسرے دن سیا تو اس کے لئے مثلی اجر ہو گا۔

امام ابو یوسف کے نزدیک یہ دونوں شرطیں جائز ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ مالک نے دوسرے دن میں بھی پہلے دن کی طرح معلوم عمل اور معلوم بدل کا تذکرہ کیا ہے۔ لہٰذا اس میں عقد اجارہ کے فاسد ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ جس طرح کہ پہلے دن میں فاسد نہیں ہوتا۔ (727)

اجارہ کو فسخ کرنے کا اختیار

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اگر مواجر (مالک) بیمار ہو جائے یا اس کے اونٹ کو کوئی بیماری لگ جائے تو وہ عقد اجارہ کو فسخ کر سکتا ہے۔ کیونکہ بیماری کے باوجود چوپائے سے کام لینا' اسے ہلاک کرنے اور طاقت سے زیادہ کام لینے کے مترادف ہے۔ اور اس میں چوپائے کے مالک کا نقصان ہے اس لئے اس کو اجارہ فسخ کرنے کا حق ہو گا۔ اسی طرح مستاجر (کرایہ دار) بھی اونٹ کے بیمار ہونے کی صورت میں اجارہ فسخ کر سکتا ہے کیونکہ اونٹ کی بیماری سے اس کے منافع میں کمی ہو سکتی ہے۔ (728)

مستاجر کو اجرت سے بری کرنا

اگر مواجر (اجارہ کنندہ' مالک شے) مستاجر (اجرت پر لینے والے' کرایہ دار) کو اجرت سے بری الذمہ قرار دے دے یا اس کو اجرت ہبہ کر دے یا اجرت کو اس پر صدقہ کر دے تو امام ابو یوسف کے آخری قول کے مطابق مواجر کے لئے ایسا کرنا جائز نہیں۔

آپ کے قول کی وجہ ظاہر اور اصل کے مطابق ہے اور وہ یہ کہ مطلق عقد' جس میں اجرت پیشگی دینے کی شرط نہ ہو' مواجر (Hirer of thing) اس اجرت کا مالک نہیں ہوتا' اور بری کنندہ کا کسی کو اس چیز سے بری کرنا جو اس کی ملکیت میں نہیں صحیح نہیں ہے۔ (729)

اجرت میں مبادلہ

مواجر جب مستاجر سے اجرت میں باہمی تبادلہ کرے مثلاً یہ کہ اجرت میں درہم مقرر ہوں اور وہ درہم کی بجائے دینار لینے پر راضی ہو جائے تو امام ابو یوسف کے آخری قول کے مطابق عقد باطل ہو جائے گا۔ ان کا پہلا قول یہ تھا کہ ایسا

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرنا جائز ہے۔

یہاں آپ کے نزدیک اصولی قاعدہ یہ ہے کہ اجرت محض عقد اجارہ سے واجب نہیں ہوئی اور جو چیز باہمی تبادلہ کے عقد سے واجب ہوئی ہے اس میں مجلس عقد کے اندر باہمی قبضہ کرنا نہیں پایا گیا لہٰذا عقد باطل ہو جائے گا جس طرح کہ ایک آدمی دس درہم کے عوض دینار فروخت کرے اور دونوں فریق اپنے اپنے عوضوں پر قبضہ نہ کریں تو عقد بیع باطل ہو جاتا ہے۔(730)

اجرت 'کام کی تکمیل کے بعد ہے

باربردار (قلی) کے بارے میں امام ابویوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ جب تک وہ سامان کو مشروط جگہ پر اپنے سر سے اتار کر رکھ نہ دے اس کے لئے کوئی مزدوری واجب نہیں۔ کیونکہ سامان کا رکھنا یا اتارنا بھی کام کے مکمل ہونے میں داخل ہے۔(731)

قرآن کی تعلیم پر اجرت کا مسئلہ

امام ابویوسف کے نزدیک قرآن کی تعلیم کے بدلے میں اجرت لینا جائز نہیں۔(732)

چھوٹے بچے کو مزدوری پر لگانا

بچہ اگر اپنے کسی محرم رشتہ دار کی کفالت میں ہو اور کوئی دوسرا رشتہ دار' جو بچے کے کفیل سے زیادہ قریبی ہو' بچے کو مزدوری پر لگادے۔ مثلاً بچہ اپنے چچا کی گود میں ہو اور اس کی والدہ اس کو اجارہ پر دے دے تو امام ابویوسف کے نزدیک ماں کا اس بچے کو اجارہ پر دینا جائز ہے۔

آپ یہ دلیل دیتے ہیں کہ ذی رحم رشتہ دار کو اجارہ کی یہ ولایت رشتہ داری کے سبب سے ہے تو جو رشتہ داری میں بچے کے زیادہ قریب ہو گا وہ بچے کے عقد اجارہ کرنے میں اولیٰ ہو گا۔ جس طرح کہ دادا کے ساتھ باپ بچے کے اجارہ کا زیادہ حقدار ہوتا ہے اور جس آدمی کی گود میں بچہ ہے اسے بچے کے اس اجارہ کی اجرت لینے کا حق ہو گا کیونکہ اجرت کا عقد لینا اجارہ کے حقوق میں سے ہے اور دراصل عاقد وہی ہے۔ لہٰذا اسے اجرت لینے کا بھی حق ہو گا۔ البتہ اسے یہ حق نہیں کہ وہ اجرت کو خرچ کرے کیونکہ اجرت بچے کا مال ہے اور اس کو خرچ کرنا بچے کے مال میں تصرف کرنے کے مترادف ہے۔ اور اسے بچے کے مال میں تصرف کرنے کا اختیار نہیں۔(733)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل یازدہم

نفقات واجبہ اور امام ابو یوسف کا معاشی فکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب کا موضوع نفقات نہیں ہیں۔ یہ اس لئے کہ امام ابویوسف نے اس کتاب کا آغاز ان الفاظ سے کیا ہے۔

ان امیر المومنین ایدہ اللہ تعالٰی سالنی ان اضع لہ کتابا جامعا یعمل بہ فی جبایۃ الخراج' والعشور والصدقات والجوالی (734)

"امیرالمومنین نے' اللہ ان کی مدد فرمائے مجھ سے ایک جامع تحریر طلب کی ہے جس کو وہ خراج' عشور صدقات اور جوالی (735) کی تحصیل میں اپنا دستور العمل بنا سکیں۔"

چنانچہ نفقات واجبہ کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی فکر کو پیش کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مستند کتب احناف کی ورق گردانی کی جائے۔

نفقہ کا مفہوم

نفقہ کے لفظی معنی اخراج کے ہیں۔ لغت میں نفقہ اس شے (Thing) کو کہتے ہیں جو انسان اپنے عیال وغیرہ پر صرف (consumption) کرتا ہے۔ (736)

فقہی اصطلاح میں ایک شخص کا دوسرے کی محنت کے معاوضہ میں اس کی ضروریات زندگی فراہم کرنا نفقہ کہلاتا ہے۔ نفقہ کی تعریف یوں بھی کی جاسکتی ہے۔ وہ مصارف جو از روئے شریعت بیوی کے لئے شوہر کے ذمہ اور اولاد کے لئے والدین کے ذمہ عائد ہوتے ہیں۔

نفقہ (maintenance) تین اسباب کی بناء پر واجب ہوتا ہے۔ یعنی نکاح' نسب اور ملکیت (یعنی کسی کا مالک ہونا) نفقہ کا وجوب قرآن کریم کی درج ذیل آیات سے ہوتا ہے۔

وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ (737)

"اور جس کا بچہ ہے' اس کے ذمہ ہے ان (ماؤں) کا کھانا اور کپڑا موافق دستور کے۔"

لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ (738)

"وسعت والے کو خرچ اپنی وسعت کے موافق کرنا چاہیے۔ اور جس کی آمدنی کم ہو اسے چاہیے کہ اسے اللہ نے جتنا دیا ہے اس میں سے خرچ کرے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو یوسف کا فکر

صغیرہ بیوی کا نفقہ

امام ابو یوسف صغیرہ بیوی کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر وہ خاوند کی خدمت کر سکتی ہو اور خاوند بھی اس کی خدمت سے نفع اٹھا سکتا ہو۔ دوسرے یہ کہ وہ اپنے آپ کو خاوند کے سپرد بھی کر دے۔ اب خاوند کی مرضی ہے کہ اسے اپنے پاس رکھے یا نہ رکھے۔ اگر خاوند اس کو اپنے پاس رکھے گا تو اس کے ذمہ نفقہ (Maintenance) ہو گا اور اگر اپنے پاس نہیں رکھے گا تو نفقہ نہیں ہو گا۔

امام ابو یوسف دلیل یہ دیتے ہیں کہ جب وہ وطی کا احتمال نہیں رکھتی تو مطلوبہ تسلیم نہ پائی گئی لہٰذا خاوند اسے رد کر سکتا ہے۔ اپنے پاس رکھنے پر نفقہ کا حکم اس لئے ہے کہ خاوند اس سے ایک قسم کا فائدہ اٹھا رہا ہے۔ اگرچہ فائدہ ناتمام سہی مگر وہ خود ناتمام تسلیم پر راضی ہو گیا ہے۔ اور اگر خاوند نے صغیرہ بیوی کو اپنے پاس نہ رکھا تو اس کے لئے اس وقت تک نفقہ نہیں ہے جب تک کہ ایسا وقت نہ آ جائے جس میں وہ اس کے ساتھ جماع کر سکے کیونکہ ایک تو مطلوبہ تسلیم نہیں پائی گئی دوسرے وہ ناتمام تسلیم پر راضی نہیں۔ (739)

مریضہ بیوی کا نفقہ

اگر عورت خاوند کے ہاں منتقل ہونے سے قبل ایسی مرض میں مبتلا ہو کہ اس سے عمل زوجیت منع ہو اور خاوند کے ہاں منتقل ہونے کے بعد بھی وہ ویسی ہی بیمار رہے تو کیا اس کے لئے نفقہ ہے؟

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ خاوند کے ہاں منتقل ہونے سے قبل تو ایسی عورت کا نفقہ واجب نہیں لیکن جب وہ خاوند کے ہاں منتقل ہو جائے تو اس کو اس بات کا حق ہے کہ اسے واپس میکے بھیج دے۔

امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ عورت کی طرف سے مطلوبہ معنوں میں تسلیم نفس نہیں پائی گئی۔ اس لئے وہ نفقہ کی مستحق نہیں ہے۔ (740) جس طرح کہ وہ صغیرہ مستحق نہیں ہوتی جس سے وطی نہ کی جا سکتی ہو۔

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ جب عورت بیمار ہو اور اس سے جماع کے علاوہ دیگر فوائد اٹھائے جا سکتے ہوں تو خاوند کو اختیار ہے کہ اسے اپنے پاس رکھے یا نہ رکھے۔ اگر اپنے پاس رکھے گا تو پھر نفقہ بھی دینا ہو گا۔ اور اگر نہیں رکھے گا تو نفقہ بھی واجب نہیں ہو گا۔ (741)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں، اگر عورت ایک بار اپنے آپ کو سپرد کر دے پھر بیمار ہو جائے تو سپردگی ثابت ہونے کی وجہ سے نفقہ واجب رہے گا اور اگر پہلے بیمار ہوئی پھر اپنے آپ کو سپرد کیا تو نفقہ واجب نہ ہو گا کیونکہ اس صورت میں تسلیم صحیح نہیں ہے۔ (742)

toobaa-elibrary.blogspot.com

خاوند کو حق زوجیت سے روکنے والی کا نفقہ

اگر بیوی نے حق مہر وصول کرنے کی خاطر خاوند کو اپنے قریب آنے سے روک دیا تو اس صورت میں کیا وہ نفقہ کی حقدار ہو گی؟ امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ جب اس نے دخول سے قبل حق مہر کی وصولی کے لئے حق زوجیت سے انکار کر دیا تو پھر اس کے لئے نفقہ نہیں ہے۔ آپ کے نزدیک خاوند پر بیوی کا نفقہ اس وقت واجب ہوتا ہے جب وہ اس کے گھر منتقل ہو جائے اگر وہ ابھی اس کے گھر منتقل نہیں ہوئی تو خاوند پر نفقہ بھی نہیں۔ اگر وہ اس کے گھر منتقل ہو گئی ہے اور نفقہ کی حقدار ہو گئی تو اب نفقہ صرف اس صورت میں ساقط ہو گا جب وہ بغیر کسی جواز کے خاوند کو اپنے قریب آنے سے روکے گی۔ (743)

حج کے لئے جانے والی بیوی کا نفقہ

اگر خاوند کے مکان میں منتقل ہونے کے بعد عورت فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے جائے مگر خاوند کے علاوہ کوئی دوسرا محرم اس کے ساتھ ہو تو امام محمد کے نزدیک خاوند پر نفقہ واجب نہیں لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ عورت نفقہ کی حقدار ہو گی۔

امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ عورت جب ایک مرتبہ خاوند کے گھر میں منتقل ہو چکی تو مطلق تسلیم حاصل ہو گئی۔ اب یہ تسلیم ایک سبب یعنی ادائیگی فریضہ کی وجہ سے فوت ہو رہی ہے اور اس قسم کے سبب سے حق نفقہ باطل (void) نہیں ہوتا جیسا کہ خاوند کے گھر میں رمضان کے روزوں کی وجہ سے نفقہ باطل نہیں ہوتا۔ (744)

بیوی کے خاوند کا نفقہ

اگر بیوی کا کوئی خادم ہو تو اس کا نفقہ بھی خاوند کے ذمہ واجب ہے۔ امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک عورت خاوند سے صرف ایک خادم کے نفقہ کا مطالبہ کر سکتی ہے' اس سے زیادہ کا نہیں۔

امام ابو یوسف سے اس ضمن میں دو قول مروی ہیں۔ پہلے قول کے مطابق عورت خاوند سے دو خادموں کا نفقہ لے سکتی ہے اس سے زیادہ کا نہیں جبکہ دوسرے قول کے مطابق عورت کو اگر دو سے زیادہ خادموں کی ضرورت ہو تو زیادہ خادموں کا نفقہ دینا بھی خاوند کے ذمہ ہو گا۔ (745)

آپ دلیل یہ دیتے ہیں کہ بعض اوقات عورت کا کام ایک خادم سے نہیں چلتا بلکہ اسے دوسرے خادم کی بھی ضرورت ہوتی ہے اور دونوں خادم ایک دوسرے کے مددگار ہوتے ہیں۔ (746)

toobaa-elibrary.blogspot.com

غائب خاوند پر نفقہ واجب کرنے کے بارے میں قاضی کا اختیار

اگر قاضی (Judge) عورت کے مدعی علیہ کی بیوی کے متعلق نہ جانتا ہو اور عورت مطالبہ کرے کہ وہ اس کے بیوی ہونے کے دلائل سن لے اور غائب خاوند پر اس کے لئے نفقہ فرض کرے۔ (747) تو ایسی صورت میں امام زفر فرماتے ہیں کہ قاضی اس کی زوجیت کے دلائل سنے اور اس کے لئے نفقہ مقرر کردے۔ اب عورت خاوند کے واپس آنے تک اس کے نام پر قرض لیتی رہے۔

امام ابو یوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ اس صورت میں قاضی خاوند پر نفقہ مقرر کرنے کا مجاز نہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ مدعی علیہ کے خلاف دلیل اسی وقت سنی جاسکتی ہے جب وہ حاضر ہو۔ یہاں چونکہ مدعی علیہ ہی موجود نہیں لہٰذا اس کے خلاف دلیل نہیں سنی جائے گی۔ (748)

عورت کی طرف سے نفقہ کی ضمانت کا مطالبہ

اگر عورت قاضی سے کہے کہ اس کا خاوند غائب ہونے کا ارادہ رکھتا ہے لہٰذا اس سے میرے نفقہ کا ضامن دلوایا جائے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک قاضی خاوند کو ضامن دینے پر مجبور نہیں کر سکتا کیونکہ ان کے نزدیک مستقبل کا نفقہ فی الحال واجب نہیں ہوتا۔ لہٰذا جو چیز واجب ہی نہیں اس کی ضمانت پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

امام ابو یوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ بہتر یہ ہے کہ اس سے ایک مہینے کے نفقہ کا ضامن لے لیا جائے۔ (749) اور اگر یہ معلوم ہو جائے کہ وہ ایک مہینہ سے زائد غائب رہے گا تو پھر اس صورت میں امام ابو یوسف کے نزدیک ایک مہینہ سے زائد نفقہ کا ضامن لیا جاسکتا ہے۔ (750)

امانت یا قرض سے نفقہ کی ادائیگی

اگر غائب خاوند کا مال کسی کے پاس بطور امانت رکھا ہو اور فی الوقت امین کے ہاتھ میں ہو اور وہ مدعیہ عورت کے بارے میں جانتا ہو کہ وہ صاحب مال کی بیوی ہے یا مقروض اس کا قرض دینے اور عورت کے بیوی ہونے کا اقرار کرتا ہو یا قاضی کو بذات خود اس کے مال اور عورت کے بیوی ہونے کا علم ہو تو ان تمام صورتوں میں امام زفر کے نزدیک قاضی نفقہ مقرر کرنے کا مجاز نہیں۔ لیکن امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ قاضی اس مال میں نفقہ مقرر کر سکتا ہے۔

آپ یہ دلیل دیتے ہیں کہ جب مودع نے ودیعت شدہ مال اور عورت کی زوجیت کا یا مدیون (indebted) نے دین (debt) اور عورت کی زوجیت کا اقرار کر لیا تو گویا اس نے اس بات کا اقرار کر لیا کہ عورت کو اس مال میں سے اپنا نفقہ لینے کا حق حاصل ہے۔ کیونکہ عورت کو اپنے خاوند کے مال سے لینے کی اجازت ہے (751)

toobaa-elibrary.blogspot.com

زوجین میں سے کسی ایک کی وفات سے نفقہ کا سقوط

اگر خاوند عورت کو ایک معینہ مدت کا نفقہ اور کپڑا پیشگی دے چکا ہو۔ پھر اس مدت کے پورا ہونے سے پہلے ہی فوت ہو جائے تو امام ابو یوسف کی رائے میں خاوند کے ورثاء کو اس بات کا حق نہیں کہ وہ عورت سے کوئی چیز واپس لیں۔ خواہ نفقہ عورت کے پاس ہو یا وہ اس کو خرچ کر چکی ہو اسی طرح مذکورہ کیفیت میں اگر عورت فوت ہو جائے تو خاوند کو اس بات کا حق نہیں کہ وہ اس کے ترکہ میں سے اپنا باقی نفقہ واپس لے۔ (752)

امام ابو یوسف یہ رائے دیتے ہیں کہ اگر بیوی نے کوئی مال نہ چھوڑا ہو تو اس کے کفن دفن کا انتظام خاوند کے ذمہ ہو گا۔ اور اسی پر فتویٰ ہے۔ (753)

محتاج باپ پر اولاد کا نفقہ

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ وہ چھوٹا لڑکا جس کا باپ محتاج اور کمانے سے عاجز ہو تو اس کا نفقہ باپ کی طرف سے اس کے رشتہ داروں پر ڈالا جائے گا نہ کہ ماں کے اقرباء پر۔ کیونکہ جن کو باپ کے نفقہ پر مجبور کیا جا سکتا ہے انہیں باپ کی معذوری میں اس کی اولاد کے نفقہ پر بھی مجبور کیا جا سکتا ہے۔

امام ابو یوسف مزید کہتے ہیں کہ اگر باپ کی طرف سے اس کا کوئی قریبی رشتہ دار نہ ہو تو پھر اس چھوٹے لڑکے کا نفقہ باپ ہی پر لازم ہو گا۔ البتہ ماموں کو حکم کیا جائے گا کہ وہ فی الحال اس لڑکے پر خرچ کرے اور یہ خرچ باپ کے ذمہ قرض ہو گا۔ (754)

منفق (خرچ کرنے والے) کے بارے میں دولت مندی کی حد

فقہاء نے منفق کے لئے دولتمند ہونا ضروری قرار دیا ہے۔ اب ضروری ہے کہ دولتمندی کی اس حد کا تعین کیا جائے جس سے یہ نفقہ واجب ہوتا ہے۔

امام ابو یوسف اس ضمن میں نصاب زکوٰۃ کا اعتبار کرتے ہیں۔ ابن سماعہ کہتے ہیں کہ میں نے ابو یوسف کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ "میں ذی رحم محرم کے نفقہ پر اس آدمی کو مجبور نہیں کرتا جس کے پاس اتنا مال موجود نہ ہو جس پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہو۔ اور اگر ایک آدمی کے پاس نصاب زکوٰۃ میں سے صرف ایک درہم کم ہو اور اس کے اہل و عیال بھی نہ ہوں اور اس کی ایک محتاج بہن ہو تو میں اسے نصاب زکوٰۃ نہ ہونے کی وجہ سے مجبور نہیں کرتا کہ وہ اپنی محتاج بہن پر خرچ کرے اگرچہ وہ اپنے ہاتھ سے کام کرتا ہو اور ماہانہ پچاس درہم کماتا ہو۔

امام ابو یوسف کے قول کی وجہ استدلال یہ ہے کہ ذی رحم کا نفقہ ایک قسم کی صلہ رحمی ہے اور یہ صلہ رحمی غنی ہی پر واجب ہوتی ہے جیسا کہ صدقہ غنی پر واجب ہوتا ہے اور شریعت میں غنا کی حد مال کی وہ مقدار ہے جس پر زکوٰۃ واجب

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوتی ہے۔(755)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوازدہم

امام ابو یوسف کے متفرق معاشی افکار

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس فصل میں مختلف موضوعات پر امام ابو یوسف کے معاشی فکر کو واضح کیا جائے گا۔

حجر (مالکانہ تصرفات پر پابندی)

عربی زبان میں حجر اور تحجیر کے معنی کسی جگہ کے چاروں طرف پتھر نصب کرنے کے ہیں۔ جس جگہ کے چاروں طرف پتھر لگا دیئے گئے ہوں اسے حجر کہتے ہیں۔ اسی مفہوم کی مناسبت سے حطیم کو "حجرا لکعبہ" کہا جاتا ہے۔

حجر کے معنی منع کرنے اور روکنے کے بھی ہیں چنانچہ عقل کو بھی اہل عرب حجر کہتے ہیں کیونکہ یہ انسان کو قبیح افعال سے روکتی ہے۔(756) شرعی اصطلاح میں اس کا مفہوم یہ ہے۔

منع الانسان من التصرف فی ماله(757)

"کسی شخص کو اس کے مال میں تصرف سے روک دینا۔"

محمد بن احمد 'الرملی (م 1004ھ / 1596ء) لکھتے ہیں۔

المنع من التصرفات المالية(758)

"مالی تصرفات کی ممانعت کر دینا حجر ہے۔"

یعنی حجر کے معنی کسی شخص کے مالی تصرفات (Financial Uses) پر پابندی عائد کرنا ہے۔ مجور وہ شخص ہے جس پر قانوناً" حجر عائد کیا گیا ہو۔ مجور کے مالی تصرفات غیر قانونی (Illegal) شمار ہوتے ہیں۔

امام ابو حنیفہ اور امام زفر کے نزدیک صرف تین اسباب کی بناء پر

حجر (To place some one under guardianshi p) کیا جا سکتا ہے۔

(ا) جنون (پاگل پن) (ب) صبا (بچپن) (ج) رق (غلامی)۔(759)

جبکہ امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ ان تین اسباب کے علاوہ مندرجہ ذیل اشخاص پر بھی حجر واجب ہوتا ہے۔

(1) وہ سفیہ (760) جو غلط مصارف میں اپنا مال خرچ کرتا ہو۔

(2) مالدار ہونے کے باوجود قرض کی ادائیگی نہ کرتا ہو اور قرض خواہ (Creditors) عدالت سے درخواست کریں کہ اس کی جائیداد کو فروخت کر کے اس کے قرض کو چکایا جائے اور اس شخص کو جس پر بہت زیادہ قرض ہو گیا ہو اور اس کی جائیداد ہو اور قرض خواہوں کو ڈر ہو کہ وہ اپنا مال و دولت تجارت میں ضائع کر دے گا چنانچہ وہ معاملے کو عدالت میں لے جائیں اور قاضی (Judge) سے درخواست کریں کہ اس کو تصرف کرنے سے روک دیا جائے۔ یا انہیں خوف ہو کہ وہ اپنی جائیداد کو بعض ورثاء کے لئے خاص کر دے گا اس لئے وہ قاضی سے استدعا کریں کہ اسے قرض خواہوں کے سوا اور کسی کے حق میں اقرار کرنے کی ممانعت کر دی جائے۔(761)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ سفیہ (کم عقل) (A person of weak mind) کو مجور کر دیا جائے۔ وہ اس کی دلیل یہ دیتے ہیں کہ چونکہ وہ اپنے مال کو تقاضائے عقل کے خلاف کاموں میں صرف کر کے تبذیر (Waste) کا ارتکاب کرتا ہے۔ اس لئے اس کے مصالح کی نگرانی کے طور پر اس پر بھی اسی طرح حجر کیا جائے گا جس طرح بچے پر کیا جاتا ہے بلکہ اس پر حجر کرنا زیادہ ضروری ہے کیونکہ بچے سے تو تبذیر کا صرف احتمال ہوتا ہے۔ اور اس (عاقل و بالغ) فرد سے تبذیر عملاً" صادر ہو چکی ہے۔ (762)

مقروض پر پابندی عائد کرنے کے بارے میں آپ کہتے ہیں کہ جب مفلس کے قرض خواہ اس پر حجر عائد کرنے کی درخواست کریں تو حاکم عدالت (قاضی) اس کو مجور کر دے گا اور اس کو فروخت اور ہر قسم کے تصرف و اختیارات سے روک دے گا تاکہ قرض خواہوں کا نقصان نہ ہو۔ کیونکہ ضعیف العقل (سفیہ) پر حجر اس لئے جائز ہے کہ اس کے حق میں بہتری ہو اور مفلس پر حجر کرنے میں قرض خواہوں کی بہتری ہے۔ (763)

امام محمد اور بعض دیگر فقہاء کا یہ خیال ہے کہ محض سفاہت ہی کی بنا پر کم عقل شخص پر پابندی لگا دی جائے گی۔ قاضی کو اس پابندی کے بارے میں کوئی حکم صادر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (764)

لیکن امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ سفیہ (بیوقوف) پر اس وقت تک پابندی نہیں لگائی جا سکتی جب تک قاضی اس کا فیصلہ نہ کرے۔ (765) آپ یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ اس کی ممانعت کی بنیاد اس کم عقل شخص کی بھلائی اور مفاد پر ہے۔ اسکی یہ مصلحت دو باتوں کے درمیان دائر ہے یعنی اس کی بھلائی اس میں ہے کہ اس کے مال کی حفاظت کے لئے اس پر پابندی لگائی جائے یا اس میں ہے کہ اس پر پابندی نہ لگائی جائے تاکہ اس کی بات اور قول و قرار بے کار نہ ہو جائیں۔ ایسے امور جن کی دو جہتیں ہوں ان میں قاضی ہی فیصلہ کر سکتا ہے کہ ترجیح کس جہت کو ہو گی۔ قاضی کے علاوہ کوئی دوسرا شخص یہ فیصلہ نہیں کر سکتا۔

نیز یہ کہ سفاہت ایک محسوس چیز نہیں ہے اس کا پتہ معاملات میں دھوکا کھانے سے چلتا ہے لیکن کبھی یہ دھوکا محض حیلہ بھی ہو سکتا ہے۔ اس لئے قاضی کے فیصلہ ہی سے یہ بات ثابت ہو سکتی ہے علاوہ ازیں فقہاء کا اس بات میں اختلاف ہے کہ ایک کم عقل شخص پر پابندی لگانا چاہیے یا نہیں؟ اس لئے قاضی کے فیصلہ ہی سے یہ پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔ جس طرح کہ قرض کے سبب کسی شخص پر پابندی لگانے کا حکم ہے جو قاضی کے حکم ہی سے ہوتی ہے۔ جس طرح کسی شخص پر قاضی کے فیصلہ کے بغیر پابندی نہیں لگائی جا سکتی اسی طرح قاضی کے فیصلہ کے بغیر اس پابندی کو اٹھایا بھی نہیں جا سکتا۔ (766)

امام ابو یوسف کے نزدیک ایک کم عقل شخص کے معاملات قاضی کی طرف سے پابندی لگانے سے قبل درست اور نافذ سمجھے جائیں گے۔ ابو بکر السرخسی لکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فاما عند ابی یوسف رحمه الله فهذا کله صحیح منه ما لم یحجر علیه القاضی (767)

غلہ کا نرخ اور اس کی رسد

زرعی زمینوں (Agricultural lands) کے محاصل (Taxes) پر بحث کرتے ہوئے امام ابویوسف نے تسعیر (Price control) پر بھی بحث کی ہے۔ آپ نے اس ضمن میں تین احادیث کا حوالہ دیا ہے۔ آپ نے خیال ظاہر کیا ہے کہ اشیاء کے نرخ Rate ایک جیسے نہیں رہتے بلکہ ان میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔

امام ابویوسف قیمتوں کے تعین میں اللہ تعالیٰ کے اقتدار اعلیٰ (Sovereignty) کو ترجیح دیتے ہیں۔ آپ کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

والرخص والغلاء بید الله تعالٰی لا یقومان علی امر واحد ۔ و لیس للرخص والغلاء حد یعرف و لا یقام علیه' انما هو امر من السماء لا یدری کیف هو' و لیس الرخص من کثرة الطعام و لا غلاوه من قلته انما ذلک امر الله و قضاوه' و قد یکون الطعام کثیرا غالیا' و قد یکون قلیلا رخیصا (768)

"ارزانی اور گرانی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ ان کا حال یکساں نہیں رہتا۔ ارزانی اور گرانی کی کوئی ایک حد نہیں جسے معلوم کیا جا سکے اور جس پر قائم رہا جا سکے۔ (اشیاء کے نرخ کا) معاملہ اوپر آسمان سے طے ہوتا ہے۔ کوئی نہیں جانتا کہ یہ کس طرح طے پاتا ہے۔ ارزانی غلہ کی فراوانی کے سبب نہیں ہوتی اور نہ ہی گرانی اس کی قلت کے سبب ہوتی ہے۔ ارزانی اور گرانی اللہ کے فیصلہ اور حکم کے تحت ہے ایسا بھی ہوتا ہے کہ غلہ فراواں ہو مگر گراں ہو اور یہ بھی ہوتا ہے کہ کم ہو مگر سستا ہو۔"

یعنی امام ابویوسف نے اس نظریے کی تردید کی ہے کہ اگر غلہ زیادہ ہو تو قیمتیں (Prices) کم ہو جاتی ہیں اور اگر غلہ کی کمی (Shortage) ہو جائے تو اس کے نرخ (Rate) بڑھ جاتے ہیں۔

جدید نظام سرمایہ داری میں بھی معاشیات کا یہ اصول تسلیم کیا جاتا ہے کہ جب کسی چیز کی رسد (Supply) کم ہو جاتی ہے تو اس کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ سرمایہ دار بعض اوقات اپنے نفع (Profit) کو بڑھانے کے لئے جان بوجھ کر کسی چیز کی رسد کو کم کر دیتا ہے۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے وہ اشیاء جو ذخیرہ نہ ہو سکیں' ضائع کر دی جاتی ہیں اگرچہ لاکھوں آدمی کسی چیز کے ضرورت مند ہوتے ہیں لیکن مصنوعی قلت پیدا کرنے کے لئے مال کا کچھ حصہ ضائع کر دیا جاتا ہے تاکہ رسد

toobaa-elibrary.blogspot.com

کم ہونے پر منہ مانگی قیمت وصول کی جاسکے۔

امام ابویوسف نے اپنے دور کے حالات کا بنظر غائر جائزہ لینے کے بعد یہ رائے قائم کی ہے۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی، امام ابویوسف کے اس معاشی فکر پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"غالباً" عام طور پر یہ سمجھا جاتا تھا کہ غلہ کی گرانی اور ارزانی صرف اس کی رسد کی کمی بیشی پر منحصر ہے..... قاضی صاحب نے اس نظریے کی تردید کی ہے۔ ان کی تردید کی بنیاد ان کا یہ مشاہدہ ہے کہ بسا اوقات غلہ فراواں ہونے کے باوجود بھی گراں ہوتا ہے اور یہ بھی ہوتا ہے کہ اس کی رسد کم ہو مگر نرخ ارزاں ہو۔ اس مشاہدے کو وہ اس بات کی کافی دلیل خیال کرتے ہیں کہ غلے کے نرخ کے گھٹنے بڑھنے کا انحصار صرف اس کی رسد یا پیداوار پر نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو گراں نرخ کے ساتھ ہمیشہ غلہ کی رسد کی کمی اور ارزاں نرخ کے ساتھ ہمیشہ رسد کی فراوانی نظر آتی۔ چونکہ مشاہدہ بتاتا ہے کہ ایسا نہیں۔ لہٰذا عام خیال کو صحیح نہیں قرار دیا جاسکتا۔ نہ اس پر کسی سماجی پالیسی مثلاً نظام محاصل کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔

جیسا کہ سیاق و سباق سے ظاہر ہے اس نکتہ کا ذکر اس بحث کے ضمن میں آیا ہے کہ متعین نقد رقم کی شکل میں زرعی محصول وصول کرنا مناسب ہے کہ نہیں۔ اس بحث کے لئے اتنا کافی تھا کہ غلہ کے نرخ اور اس کی پیداوار کے باہمی ربط پر گفتگو کی جائے۔ قاضی صاحب کے نزدیک غلہ کے نرخ (یا درہم کی قوت خرید) اور غلہ کی رسد اور پیداوار کے درمیان کوئی مضبوط ربط نہیں پایا جاتا۔ اسی حقیقت کو انہوں نے اپنی اس رائے کی بنیاد بنایا ہے کہ متعین نقد رقم کی صورت میں زرعی محصول وصول کرنا انصاف کے تقاضوں کو پورا نہیں کر سکتا۔ کیونکہ متعین کی ہوئی رقم کبھی زیادہ غلہ کے برابر ہوگی اور کبھی کم۔ اور یہ کہنا ممکن نہیں کہ پہلی شکل پیداوار کی کمی اور دوسری شکل پیداوار کی کثرت سے وابستہ ہے۔" (769)

کرنسی کی قیمت میں تبدیلی

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں تو اس موضوع پر بحث نہیں کی البتہ احناف کی مشہور کتب فقہ میں کرنسی کے بارے میں ابویوسف کا نظریہ تحریر کیا گیا ہے۔

جب قبضے سے قبل فلوس (تانبے کے سکے) کی قیمت کم یا زیادہ ہو جائے تو امام ابویوسف کہتے ہیں کہ اس سلسلے میں میرا اور ابوحنیفہ کا ایک ہی قول ہے کہ قرض خواہ کو وہی فلوس واپس ہوں گے۔ بعد ازاں ابویوسف نے اس قول سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

رجوع کر لیا اور یہ مسلک اختیار کیا کہ مقروض پر قیمت لازم ہوگی۔ احناف کے ہاں اسی قول پر فتویٰ ہے۔(770)

امام ابو یوسف کے نزدیک اس نقطہ نظر کی دلیل یہ ہے کہ چونکہ فلوس کی ثمنی حیثیت محض لوگوں میں ان کی رواج پذیری کے باعث ہی ہوتی ہے۔ اب اگر لوگوں کا رواج ہی بدل جائے یا ان کے رواج کی کیفیت میں تبدیلی آ جائے تو اصولاً اس تغیر کی رعایت کرنی چاہیے۔

ملکی تجارت

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں ملکی تجارت کے بارے میں بھی رائے پیش کی ہے۔ چنانچہ وہ حربی جس نے اسلامی شہروں سے مال خریدا ہو اور اپنے شہر کی طرف جانا چاہتا ہو' اس کے بارے میں لکھتے ہیں۔

فان اراد هذا الرسول رسول الملک او الذی اعطی الامان ان یرجع الی دار الحرب فانهم لا یترکون ان یخرجوا معهم بسلاح و لا کراع ولا رقیق مما اسر من اهل الحرب' فان اشتروا من ذلک شیئا یرد علی الذی باعه منهم ورد اولئک الثمن الیهم' فان کان مع هذا الرسول او الذی اعطی الامان سلاح جید فابدله بسلاح اشر منه او دابة فابدلها باشر منها فذلک جائز و لا باس بان یترک یخرج بذلک و ان کان ابدله بخیر منه رد علیه سلاحه و دابته ورد ذلک علی صاحبه الذی ابدله' و لا ینبغی للامام ان یترک احدا من اهل الحرب یدخل بامان او رسولا من ملکهم یخرج بشئی من الرقیق والسلاح او بشئی مما یکون قوة لهم علی المسلمین (771)

"اگر یہ قاصد ... بادشاہ کا قاصد ... یا وہ شخص جسے امان دی گئی ہو' دار الحرب واپس جانا چاہے تو اس کو اس کا موقع نہ دیا جائے گا کہ اپنے ہمراہ اسلحے' مویشی' یا دشمن سے تعلق رکھنے والے قیدیوں میں سے بنائے ہوئے غلام لے جا سکیں۔ ان میں سے کوئی چیز اگر وہ خرید کر لے جا رہے ہوں تو یہ چیز فروخت کنندہ کو واپس کر کے اس کی قیمت ان لوگوں کو واپس دے دی جائے گی۔ اگر اس قاصد یا امان یافتہ فرد کے پاس دار الاسلام میں داخل ہوتے وقت کوئی عمدہ ہتھیار تھا اور اب اس نے اسے کسی گھٹیا ہتھیار سے بدل لیا ہو' یا کوئی اچھا جانور تھا جسے اس نے کسی خراب جانور سے بدل لیا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں اور اسے اس کو لے جانے دینا چاہیے۔ البتہ اگر اس نے اپنے ہتھیار یا جانور کو بہتر ہتھیار یا جانور سے بدل لیا ہو تو اسے اس کا اپنا ہتھیار یا جانور واپس دلوا دیا جائے گا اور بدلی ہوئی چیز کو اس کے اصل مالک کو لوٹا دیا جائے گا۔ امام کو چاہیے کہ کسی حربی کو جو امان لے کر یا اپنے بادشاہ کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

قاصد بن کر دار الاسلام میں آیا ہو' دار الاسلام سے واپس جاتے وقت اپنے ساتھ غلام' اسلحہ جات یا کوئی ایسی چیز نہ لے جانے دے جس سے مسلمانوں کے مقابلہ میں دشمن کی طاقت میں اضافہ ہو۔"

یعنی امام ابو یوسف نے یہاں یہ اصول پیش کیا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ حربی ملک کے باشندوں کو دار الاسلام (The land governed according to the law of Islam) سے ایسی کوئی چیز خرید کر لے جانے کی اجازت نہ دے جس سے دار الاسلام کی نسبت اس دشمن ملک کی معاشی حالت مضبوط ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ دور حاضر کی اسلامی حکومتوں کے لئے ابو یوسف کے معاشی فکر میں کافی راہنمائی ملتی ہے۔

مشترکہ ملکیت

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ قدرت کی عطا کردہ بعض اشیاء (Things) مثلاً سمندر' دریا' جنگلات میں سب انسانوں کی مشترکہ ملکیت (common ownership) ہے۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

والمسلمون جميعا شركاء فى دجلة والفرات و كل نهر عظيم نحوهما او واد يستقون منه و يسقون الشفة والحافر والخف' و ليس لاحد ان يمنع' و لكل قوم شرب ارضهم و نخلهم و شجرهم' لا يحبس الماء عن احد دون احد' و ان اراد رجل ان يكرى نهرا فى ارضه من هذا النهر الاعظم فان كان فى ذلك ضرر فى النهر الاعظم لم يكن له ذلك و لم يترك يكريه و ان لم يكن فيه ضرر ترك يكريه (772)

"سارے مسلمان دجلہ اور فرات اور ان جیسے سارے بڑے دریاؤں اور وادیوں میں یکساں طور پر شریک ہیں۔ ان سے وہ سینچائی کے لئے بھی پانی لے سکتے ہیں۔ اور اپنے اور اپنے جانوروں کے پینے کے لئے بھی کسی کو انہیں اس سے روکنے کا حق نہیں۔ ہر گروہ کو اپنی اراضی' کھجوروں اور دوسرے درختوں کی سینچائی کا حق ہے' کسی کو پانی دینے اور کسی سے روکنے کا طریقہ درست نہیں۔ اگر کوئی آدمی اس بڑے دریا سے نہر نکال کر اپنی زمین تک لے جانا چاہتا ہو تو اگر اس سے دریا کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اسے ایسا نہ کرنے دیا جائے گا اور اسے نہر نکالنے کی اجازت نہ ہو گی البتہ اگر اس طرح کا نقصان نہ پہنچ رہا ہو تو اسے ایسا کرنے دیا جائے گا۔"

حق شفعہ

شفعہ کے لغوی معنی ایک چیز کو دوسری چیز سے ملا لینے کے ہیں۔ اصطلاح شرع میں اس کی تعریف یہ کی گئی ہے "

toobaa-elibrary.blogspot.com

مشتری کی جائیداد میں جبراً" مالک ہونا" شفعہ ہے۔(773) مجلہ الاحکام العدلیۃ میں اس کی تعریف یہ نقل کی گئی ہے۔

الشفعة - هی تملک الملک المشتری بمقدار الثمن الذی قام علی المشتری(774)

"کسی خریدار سے اس کے حق ملکیت کو اسی قیمت پر حاصل کرنا جو اس نے خریداری میں ادا کیا ہو شفعہ ہے۔"

امام ابویوسف کے نزدیک حق شفعہ (Right of Pre-emption) کا اصل سبب "شرکت" (partnership) ہے۔ شرکت کا کوئی حصہ متعین نہیں ہے خواہ شرکت کسی قدر بھی ہو' کم ہو یا زیادہ' وہ ہر حالت میں شریک تصور کیا جائے گا۔(775)

آپ کے نزدیک حق شفعہ کے لئے پہلے خریدار (Purchaser) کی حاضری شرط نہیں ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ حق شفعہ مکان کے ساتھ متعلق ہے لہٰذا اس کے لئے خریدار کا موجود ہونا شرط نہیں ہے۔(776)

آپ سے مروی ہے کہ اگر حصہ دار (Partner) اپنا حق شفعہ چھوڑ دے تو کسی اور شخص کو شفعہ کا کوئی حق حاصل نہ ہو گا۔ آپ کے قول کی دلیل یہ ہے کہ بیع کے وقت شفعہ کا اصل شریک (حصہ دار) کو حاصل تھا۔ کسی اور کو نہیں۔ اس لئے اس کے سوا کوئی اور شخص اس حق کا مطالبہ کرنے کا استحقاق نہیں رکھتا۔ لہٰذا جب اس نے اپنا حق چھوڑ دیا تو کسی شخص کو قطعاً" کوئی حق حاصل نہ ہو گا۔(777)

چھوٹی نہر (ندی' نالہ) جس سے چند لوگوں کی اراضی نخلستان سیراب ہوتے ہوں کہ اگر اس میں سے کچھ اراضی یا باغ نخلستان فروخت کر دیا گیا تو اس چھوٹی نہر کے تمام حصہ دار اس اراضی پر شفعہ کرنے کے حقدار ہوں گے۔ پھر چھوٹی اور بڑی نہر کے مابین حد فاصل میں اختلاف ہے۔ امام ابو حنیفہ اور امام محمد فرماتے ہیں کہ اگر اس میں کشتیاں چلتی ہوں تو وہ بڑی ورنہ چھوٹی نہر ہے۔ امام ابویوسف سے مروی ہے کہ میں اس کی الفاظ میں کوئی حد بندی نہیں کر سکتا۔ جب میں دیکھوں تو بتا سکتا ہوں۔ یعنی امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ دیکھنے والے کے مشاہدے پر منحصر ہے۔ آپ سے ایک روایت یہ ہے کہ اگر اس سے دو یا تین باغ سیراب ہوتے ہوں تو اس میں کسی شفعہ کا حق ہو گا اور اگر وہ اس سے بڑی نہر ہو تو تب یہ حق حاصل نہ ہو گا۔(778)

امام ابویوسف سے یہ مسئلہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ اگر ایک گھر دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ایک اور شخص کا راستہ اس مکان سے ہو کر گزرتا ہو پھر ان میں سے ایک نے اپنے مکان کا حصہ فروخت کر دیا تو شریک (حصہ دار) راستے والے کی نسبت شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے۔ کیونکہ نفس زمین میں حصے دار حقوق میں اختلاط رکھنے والے سے زیادہ حق رکھتا ہے۔(779)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف فرماتے ہیں وہ گھر جس میں دو کمرے ہوں۔ ان میں سے ایک دوسرے کے اوپر ہو اور ہر ایک کمرے کا کسی اور گھر میں سے راستہ ہو اور ان دونوں کمرے والوں کی راستے میں شرکت نہ ہو' پھر درمیان والے گھر کے مالک نے اپنا مکان فروخت کر دیا اور راستے والے نے اپنا حق شفعہ چھوڑ دیا تو شفعہ کا حق اوپر اور نیچے کے دونوں کمرے والوں کو ہو گا۔ کیونکہ وہ اس کے ہمسایہ ہونے میں یکساں ہیں۔ پھر اگر اوپر کے کمرے والے نے اپنا کمرہ فروخت کر دیا تو شفعہ کا حق درمیان والے کو ہو گا نہ کہ نیچے والے کو' اس لئے کہ ہمسائیگی کا حقدار وہی ہے نہ کہ نیچے والا۔ (780)

امام ابویوسف نے ایک ایسے مکان کے متعلق جس میں سے کسی دوسرے گھر کا پانی ہو کر بہتا تھا یہ کہا کہ دوسرے گھر والے کی اس میں کوئی شرکت نہ ہو گی اور یہ اس طرح ہی ہو گا جیسے کسی کی دیوار دوسرے گھر میں ہو۔ اور اگر کوئی دیوار دو افراد کے گھروں کے درمیان میں ہو جو ان دونوں کے مابین مشترک ہو تو جو شخص اس دیوار میں شریک ہے وہ اس دیوار میں اس کے ہمسائے کی نسبت شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے اور باقی کا گھر ان دونوں کے مابین ہمسائیگی کی بنا پر نصف نصف ہو گا۔ (781)

امام الکرخی فرماتے ہیں کہ امام ابویوسف سے صحیح ترین روایت یہ ہے کہ جو شخص دیوار میں شریک ہو وہ باقی گھر میں بھی ہمسائے کی نسبت شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے۔ (782)

امام ابویوسف سے اس شخص کے بارے میں روایت ہے جس نے زمین سمیت ایک دیوار خریدی' پھر اس نے باقی کا مکان خرید لیا اور پھر دیوار کے ہمسائے نے شفعہ کا مطالبہ کر دیا تو اس کو صرف دیوار میں شفعہ کا حق ہو گا باقی گھر میں نہیں' کیونکہ جب اس مکان کو فروخت کیا گیا تو باقی مکان کے درمیان دیوار حائل تھی' لہٰذا اس کے لئے حق شفعہ ثابت نہ ہو گا۔ (783)

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ اگر کوئی گھر دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ایک اور آدمی کا اس میں سے راستہ گزرتا ہو پھر ان دونوں میں سے ایک نے اپنے گھر کا حصہ فروخت کر دیا تو اس کا گھر میں حصے دار گھر میں شفعہ کا زیادہ حق دار ہو گا' اور راستے والے کو راستے پر شفعہ کا حق حاصل ہو گا۔ (784)

اگر نیچے والی منزل (Ground floor) ایک شخص کی ہو' اور اوپر والی منزل (Upper storey) کسی دوسرے کی' اب اگر اس دو منزلہ عمارت کے ساتھ والا مکان فروخت ہو تو ہر دو منزلوں کے مالکان برابر درجے کے شفیع (pre-emptor) تصور کئے جائیں گے۔ اب اگر دونوں منزلیں منہدم ہو گئیں تو امام ابویوسف کے نزدیک اس صورت میں صرف اس شخص کو شفعہ کا حق حاصل ہو گا جو نیچے والی منزل کا مالک تھا' کیونکہ اس کی زمین (Land) جو حق شفعہ کا سبب تھی' اب بھی موجود ہے۔ (785)

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ اگر خریدار نے ادھار قیمت پر مکان خریدا ہو تو اس صورت میں بھی شفیع کے لئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ضروری ہو گا کہ جیسے ہی اسے بیع کا پتہ چلے تو وہ شفعہ کا مطالبہ کردے۔ پھر اگر وہ اس مدت تک خاموش رہا تو یہ اس کی اپنے حق شفعہ سے دست برداری ہوگی۔ مگر بعد ازاں ابو یوسف نے اپنے قول سے رجوع (Toreturn) کر لیا اور کہا کہ مہلت گزرنے کے بعد اگر اس نے شفعہ کا مطالبہ کر دیا تو اسے شفعہ کا حق ہو گا' اگرچہ اس نے بیع کا علم ہونے کے وقت اس کا مطالبہ نہ کیا ہو۔ ان کے پہلے قول کی دلیل یہ ہے کہ مطالبے کا وقت وہ ہے جب اسے بیع کا علم ہو' ادائیگی قیمت کے لئے حاصل کردہ مدت پوری ہونے کے وقت نہیں' تو چونکہ مطالبہ کرنے میں اس نے بلاعذر تاخیر کر دی ہے لہٰذا اس کا حق شفعہ باطل ہو جائے گا۔ ان کے دوسرے قول کی دلیل یہ ہے کہ مطالبہ بذات خود مطلوب نہیں ہوتا' بلکہ اصل مقصود حق شفعہ کی تاکید اور اس کا استقرار' یعنی پختہ ہونا ہے۔ اسی طرح حق شفعہ کی تاکید بذات خود مطلوب نہیں' بلکہ وہ تو مکان حاصل کرنے کے لئے ہے' جس کی بنا پر اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ دی گئی مہلت آنے تک اسے نہ لے' اسی طرح اسے مقررہ مدت آنے تک' مطالبہ نہ کرنے کا بھی حق حاصل ہو گا۔ (786)

کیا شفیع (شفعہ کرنے کا حقدار) کو کسی حیلہ کے ذریعے حق شفعہ سے محروم کیا جا سکتا ہے؟ امام محمد کے نزدیک یہ مکروہ ہے۔ لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ شفیع کو حق شفعہ سے محروم کرنے یا اصلی قیمت کو چھپا کر زیادہ قیمت کا اعلان کر کے اس کی دلچسپی کو کم کرنے میں حیلہ کا استعمال درست ہے۔ بشرطیکہ یہ شفعہ سے قبل ہو۔ (787)

رہن

لفظ رہن کے لغوی معنی ثابت قدم رہنا یا قائم و دائم رہنا ہے۔ اسی طرح یہ لفظ حبس و لزوم یعنی پابند ہو جانے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ عربی زبان میں کہا جاتا ہے ماء راھن (ٹھہرا ہوا پانی) ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ ○ (788)

"ہر شخص اپنے اعمال میں محبوس ہو گا۔"

اصطلاح شریعت میں رہن سے مراد یہ ہے کہ کسی ایسی شئے (thing) کو جو شرعاً" مالیت رکھتی ہو' حصول قرض کے لئے پختہ ضمانت بنایا جائے کہ اس شئے کے عوض قرض حاصل کرنا ممکن ہو۔ (789)

رہن (Mortgage) کا معاملہ کرنا' کتاب اللہ' سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اجماع امت سے ثابت ہے۔ مثال کے طور پر قرآن حکیم میں ارشاد ربانی ہے۔

وَإِن كُنتُمْ عَلَىٰ سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوا كَاتِبًا فَرِهَانٌ مَّقْبُوضَةٌ ۖ فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُم بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللَّهَ رَبَّهُ (790)

"اور اگر تم سفر میں ہو اور کوئی کاتب نہ پاؤ سو رہن رکھنے کی چیزیں ہی جو قبضہ میں دے دی جائیں۔ اور تم میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے کوئی کسی اور پر اعتبار رکھتا ہے۔ تو جس کا اعتبار کیا گیا ہے اسے چاہیے کہ دوسرے کی امانت کا حق ادا کر دے اور چاہیے کہ اللہ (یعنی) اپنے پروردگار سے ڈرتا رہے۔"

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ رہن پر دین (debt) کی زیادتی جائز ہے۔ ان کے قول کی وجہ یہ ہے کہ رہن کے باب میں دین (debt) اسی طرح ہے جیسے بیع کے باب میں ثمن (price) ہے۔(791)

امام ابو یوسف کے نزدیک مرتہن کے لئے رہن سے نفع اٹھانا جائز نہیں ہے۔(792)

اگر قرض کے معاملہ میں راہن (mortgager) اور مرتہن (mortgagee) کے درمیان اختلاف ہو جائے تو امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ راہن کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہو گا۔(793)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہبہ

انتقال ملکیت کے ذرائع میں سے ہبہ ایک اہم ذریعہ ہے۔ لغت میں اس کے معنی تحفہ (gift) اور عطیہ (donation) کے ہیں۔ ارشاد ربانی ہے۔

فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا ○ (794)

"سو تو ہی مجھے (خاص) اپنے پاس سے وارث دے۔"

ایک اور جگہ فرمایا۔

يَهَبُ لِمَن يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَن يَشَاءُ الذُّكُورَ (795)

"جس کو چاہتا ہے (اولاد) مادہ عنایت کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے (اولاد) نرینہ عنایت کرتا ہے۔"

اصطلاح شرع میں اس کی تعریف یہ کی گئی ہے۔

تملیک العین بلا عوض (796)

"یعنی ہبہ (دوسرے شخص کو) بلا معاوضے کے مالک بنانا ہے۔"

اگر واہب (donor) نے ہبہ میں عوض کی شرط رکھی تو امام ابو یوسف کے نزدیک یہ جائز نہیں۔ (797) اگر قابل تقسیم شے (Thing) مثلاً مکان اور دراہم و دنانیر وغیرہ' دو افراد کو ہبہ کی اور انہوں نے اس پر قبضہ کر لیا تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ جائز نہیں لیکن امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ یہ جائز ہے۔ (798)

اگر واہب یوں کہے کہ "یہ مکان میں نے تم دو کو ہبہ کیا۔ ایک تہائی اس کے لئے اور دو تہائی اس کے لئے' تو امام ابو یوسف کے نزدیک یہ جائز نہیں۔" (799)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ والد پر واجب ہے کہ ہدیہ میں اپنی اولاد کے درمیان عدل و انصاف کرے۔ لڑکے کو لڑکی پر فضیلت نہ دے۔ (800)

احمد بن محمد' قاضی نظام الدین (م 875ھ / 1471ء) نے فتاویٰ سراجیہ کے حوالے سے لکھا ہے۔

فی السراجیة فی احکام الهدایا' ینبغی ان یعدل بین اولادہ فی العطایا والعدل عند ابی یوسف رحمه الله ان یعطیهم علی السواء (801)

"سراجیہ میں احکام ہدایا کے سلسلے میں بتایا گیا ہے کہ عطایا کے باب میں اپنی اولاد کے درمیان عدل کا برتاؤ کرنا چاہیے اور عدل کا مفہوم ابو یوسف کے نزدیک یہ ہے کہ والد انہیں برابر کے تحفے دے۔"

امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ اگر والد نے دوسری اولاد کو ضرر پہنچانے کی نیت سے ہبہ کیا ہو تو ایسا ہبہ واجب الرد ہو گا۔ (802)

toobaa-elibrary.blogspot.com

دارالحرب میں سود کا مسئلہ

اگر کوئی مسلمان دارالحرب (The land of war) میں بطور تاجر داخل ہوا۔ پھر اس نے حربی کافر کو ایک درہم دو درہموں کے عوض فروخت کر دیا یا اسی طرح کی شرعی نقطہ نظر سے کوئی دوسری فاسد بیع کی تو امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک یہ بیع جائز ہو گی اور ابو یوسف کے نزدیک یہ بیع جائز نہ ہو گی۔ (803)

امام ابو حنیفہ اور امام محمد کی دلیل یہ ہے کہ حربی کا مال معصوم نہیں ہے بلکہ فی نفسہ مباح ہے۔ جب حربی اپنی مرضی اور اختیار سے اس کا مبادلہ (Exchange) کر رہا ہے تو یہ جائز ہو گا۔ امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ ربا (interest) کی حرمت جس طرح کہ مسلمانوں کے حق میں ثابت ہے اسی طرح کفار کے حق میں بھی ثابت ہے۔ (804)

جرمانہ

جمہور فقہاء اور محدثین کے نزدیک کسی شخص کو مالی سزا نہیں دی جا سکتی۔ ان کی رائے یہ ہے کہ تعزیر بالمال اسلام کے آغاز میں تھی لیکن بعد میں منسوخ ہو گئی۔ (805)

فقہائے احناف میں امام ابو یوسف سے جواز کا قول نقل کیا گیا ہے تاہم ابن عابدین نے اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں۔

و عن ابی یوسف یجوز التعزیر للسلطان باخذ المال و عندهما و باقی الائمة لا یجوز ... و ظاهره ان ذلک روایة ضعیفة عن ابی یوسف قال فی الشرنبلالیة = و لا یفتیٰ بهذا لما فیه من تسلیط الظلمة علی اخذ مال الناس فیاکلونه (806)

"اور ابو یوسف سے روایت ہے کہ حاکم وقت کے لئے مالی سزا دینا جائز ہے جبکہ طرفین اور باقی ائمہ کے نزدیک ناجائز ہے۔ بظاہر یہ روایت ابو یوسف سے ضعیف معلوم ہوتی ہے۔ شرنبلالیہ میں ہے کہ اس پر فتویٰ نہیں دیا جاتا۔ کیونکہ اس صورت میں ظالم حکام کو لوگوں کے اموال کھانے کی اجازت دینا ہے۔"

ابن عابدین اور ابن نجیم نے ابو یوسف کے فکر کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ آپ کے نزدیک تعزیر بالمال کا مفہوم یہ ہے کہ حاکم جرمانہ کر کے مجرم کا مال کچھ مدت کے لئے روک لے۔ تاکہ مجرم اپنے جرم سے باز آ جائے۔ اور اس سے یہ مراد نہیں کہ حاکم اپنی ذات کے لئے یا بیت المال (public treasury) کے لئے وصول کرے جیسا کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ظالم حکام نے سمجھ رکھا ہے۔ یہ اس لئے کہ کسی مسلمان کا مال کسی شرعی سبب کے بغیر لینا جائز نہیں۔ (807)

قرض

لغت میں قرض کے معنی علیحدہ کرنا، قطع کرنا اور کترنا کے ہیں۔ مثلاً قرض الفار الثوبة (چوہے کا کپڑے کو کترنا) اس عقد کو قرض کا نام اس لئے دیا گیا ہے کہ قرض دینے والا اپنے مال کے ایک حصے کو کاٹ دیتا ہے اور قرض طلب کرنے والے کے سپرد کر دیتا ہے۔

قرض کا رکن

قرض کے رکن کے بارے میں امام ابو یوسف سے دو اقوال منقول ہیں۔ ایک قول کے مطابق ایجاب (Offer) اور قبول (acceptance) ضروری ہے۔ جبکہ دوسرے قول کے مطابق اس میں صرف ایجاب رکن ہے، قبول نہیں۔ (808)

کن چیزوں میں قرض جائز نہیں

امام ابو یوسف کے نزدیک روٹی میں قرض جائز نہیں۔ نہ تول کر اور نہ ہی گن کر۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ روٹیاں باہم مختلف ہوتی ہیں اس لئے کہ ان کی گوندھائی، پکائی مختلف ہوتی ہے، وزن میں کوئی ہلکی ہوتی ہے اور کوئی بھاری۔ گنتی کے اعتبار سے کوئی چھوٹی ہوتی ہے اور کوئی بڑی۔ (809)

امام ابو یوسف زنگ آلود اور کھوٹ والے دراہم کے قرض لئے جانے کو جائز نہیں سمجھتے تھے۔ (810)

قرض کا حکم

نوادر میں امام ابو یوسف سے روایت کیا گیا ہے کہ قرض دار مال قرض پر قبضہ کر لینے سے اس کا مالک نہیں بن جاتا تا آنکہ وہ اس کو استعمال نہ کرے۔ امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ قرض دینا۔ اعارہ (Lending) ہے۔ بایں دلیل کہ اس میں میعاد لازم نہیں ہے۔ اگر یہ معاوضہ (Exchange) ہوتا تو میعاد لازم ہوتی، جیسا کہ تمام معاوضات میں لازم ہوتی ہے۔ (811)

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اگر ایک شخص نے عراق میں کھانا قرض دیا اور اس کی قیمت مکہ میں وصول کی تو یہ قرض کی واپسی عراقی سکہ (Coin) کے مطابق ہوگی اور اس دن کی قیمت شمار ہوگی جس دن قرض لیا گیا تھا۔ (812)

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرض کی وصولی

الحاوی کے حوالے سے فتاویٰ حمادیہ کے مصنف رقم طراز ہیں کہ اگر قرض خواہ (creditor) کسی پر دعویٰ کرے کہ یہ میرا مقروض ہے اور قرض ادا نہیں کرتا اور تفصیلات سننے کے بعد قاضی اس نتیجہ پر پہنچ جائے کہ مدعی حق بجانب ہے مگر مقروض نقد قرض ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا تو امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ قاضی مقروض کا رہائشی مکان اور دیگر مال و متاع بھی فروخت کر کے اس کی رقم قرض خواہ کو دے سکتا ہے۔ (813)

وراثت

وراثت ایک غیر اختیاری انتقال ملکیت ہے۔ جس کے ذریعہ ایک متوفی کا ترکہ اس کے ورثاء کے حق میں بطریق خلافت جانشینی منتقل ہو جاتا ہے۔ (814)

حمل کی میراث

اگر ایک شخص فوت ہو جائے اور اس کی بیوی حاملہ ہو تو حمل کے لئے ترکہ کا کس قدر حصہ محفوظ (Reserve) کرنا چاہیے۔ امام ابو حنیفہ کی رائے یہ ہے کہ چار بیٹوں یا چار بیٹیوں میں سے جو زیادہ ہو وہ روک لیا جائے گا۔ امام محمد کے نزدیک تین بیٹوں یا تین بیٹیوں میں سے جو زیادہ ہو وہ حصہ رکھا جائے گا۔

امام ابو یوسف سے اس ضمن میں دو اقوال ملتے ہیں۔ ایک قول کے مطابق دو بیٹوں کا حصہ روک لیا جائے گا۔ دوسرا قول جو احمد بن عمر الخصاف (م 261ھ / 875ء) نے ابو یوسف سے بیان کیا ہے' اس کے مطابق ایک بیٹے کے حصے کے مطابق ترکہ محفوظ کر لیا جائے گا۔ (815)

خنثیٰ کی میراث

لغت میں خنثیٰ اس شخص کو کہتے ہیں جس میں مرد عورت' دونوں کی علامتیں موجود ہوں۔ اگر مرد کی علامتیں غالب ہوں تو اسے مرد تصور کیا جائے گا اور اسے مردوں جیسا حصہ ملے گا۔ اگر عورت کی علامتیں غالب ہوں تو اسے عورتوں جیسا حصہ ملے گا۔ اگر دونوں قسم کی علامتیں برابر ہوں تو اس کو خنثیٰ مشکل کہتے ہیں۔ خنثیٰ مشکل کو ترکہ کا کونسا حصہ دیا جائے گا۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اس صورت میں وہ کم تر حصہ کا مستحق ہو گا۔ اگر مرد قرار دینے کی صورت میں حصہ کم ملتا ہے۔ تو مرد قرار دیا جائے گا اور اگر عورت قرار دینے سے حصہ کم ملتا ہے تو اس کو عورت قرار دیا جائے گا۔ (816)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذوی الارحام


امام ابویوسف اور دیگر ائمہ احناف کے نزدیک جب ذوی الفروض (Sharers) اور عصبات میں سے کوئی بھی وارث (Successor) موجود نہ ہو تو پھر ترکہ ذوی الارحام (relative through the mother) میں تقسیم ہوتا ہے اور یہی لوگ ترکہ کے وارث ہوتے ہیں۔

ذوی الارحام کے بارے میں امام ابویوسف اور امام محمد کا اختلاف ہے۔ ابویوسف کے نزدیک حقیقی بھائیوں اور بہنوں کی اولاد کے سامنے علاتی بھائی بہنوں کی اولاد محروم ہوتی ہے۔ اور علاتی بھائی بہنوں کی اولاد کے سامنے اخیافی بھائی بہنوں کی اولاد محروم ہوتی ہے۔ یعنی ابویوسف درمیانی مورثوں یعنی "اصول" کی جنس یا قرابت کا مطلق خیال نہیں کرتے۔ ان کی رائے کے مطابق حقیقی دعویداروں یعنی فروع کی جنس اور قرابت کالحاظ کیا جانا چاہیے۔

امام محمد کی رائے کے مطابق نہ صرف حقیقی دعویداروں بلکہ درمیانی مورثوں کی جنس اور قرابت کا بھی لحاظ کیا جانا ضروری ہے۔ (817)

مثال

فرض کریں کہ ایک میت نے تین بیٹے دختر کی دختر زاہدہ کے اور دو بیٹیاں دختر کی دختر عابدہ کے چھوڑے۔ ہر ایک کا حصہ کیا ہو گا؟



اس مثال میں درمیانی مورث (A Person from whom an inheritance is derived) ایک ہی جنس کے ہیں یعنی عورت۔ اس لئے تقسیم اس طرح ہوگی کہ مذکر کو مونث سے دگنا ملے گا۔ نواسی زاہدہ کے تین لڑکے اور نواسی عابدہ کی دو لڑکیاں ہیں۔ اس لئے جائیداد کے کل آٹھ حصے ہوں گے جن میں سے ہر بیٹے کو دو حصے اور ہر بیٹی کو ایک حصہ ملے گا۔


یہاں امام ابویوسف اور امام محمد میں کوئی اختلاف نہیں۔ دونوں ائمہ کی رائے کے مطابق یہی تقسیم ہو گی۔ کیونکہ یہاں جنس میں اختلاف نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

درمیانی مورث مختلف الجنس ہونے کی صورت میں ترکہ کی تقسیم

مثال

ایک میت اپنی بیٹی کے بیٹے کی بیٹی اور بیٹی کی بیٹی کا بیٹا چھوڑ کر فوت ہوئی' تو ہر وارث کا حصہ کیا ہو گا؟



اس مثال میں درمیانی مورثوں کی جنس میں اختلاف دوسری پشت میں واقع ہوتا ہے۔ اس لئے دوسری پشت ہی میں مرد کو عورت سے دگنا دیا جائے گا۔ یعنی بیٹی کے بیٹے کو 2/3 اور بیٹی کی بیٹی کو 1/3 حصہ دیا جائے گا۔ پھر بیٹی کے بیٹے کا 2/3 اس کی بیٹی کو اور بیٹی کی بیٹی کا 1/3 اس کے بیٹے کو مل جائے گا۔ نتیجہ کے طور پر۔

بیٹی کے بیٹے کی بیٹی کا حصہ = 2/3

بیٹی کی بیٹی کے بیٹے کا حصہ = 1/3

یہ مندرجہ بالا تقسیم امام محمد کی رائے کے مطابق ہو گی۔ لیکن امام ابو یوسف کی رائے کے مطابق جائیداد فروع (اولاد) میں ان کی اپنی جنسیت کے مطابق تقسیم ہوتی ہے۔ اس لئے ان کے نزدیک یہ تقسیم اس طرح ہو گی۔

بیٹی کے بیٹے کی بیٹی کا حصہ = 1/3

بیٹی کی بیٹی کے بیٹے کا حصہ = 2/3

مقاسمۃ الجد

امام ابو حنیفہ کی رائے کے مطابق دادا (جد صحیح) حقیقی یا علاتی بھائی بہنوں کو محروم کر دیتا ہے۔ لیکن ابو یوسف کے قول کے مطابق ایسا نہیں ہے۔ بلکہ اسے بعض حصص میں سے کسی ایک حصے کے انتخاب کا حق دیا جاتا ہے۔ (818)

وصیت

وصیت کی تعریف یہ کی گئی ہے "تبرع کے طریقہ پر کسی شخص کو اپنے مرنے کے بعد کے زمانہ کی طرف نسبت کر کے اپنے مال کا مالک بنانا وصیت کہلاتا ہے۔ (819)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر ایک شخص دو معلوم آدمیوں میں سے غیر معین طور پر کسی ایک کے حق میں وصیت Will کرے تو امام ابو حنیفہ کے قول کے مطابق یہ درست نہیں ہے لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک وصیت ان دونوں میں نصف نصف ہو گی۔ امام ابو یوسف کی دلیل یہ ہے کہ جب وہ تعین کرنے سے قبل ہی فوت ہو گیا تو وصیت ان دونوں کے حق میں غیر معین ہو گئی اور ان میں سے کوئی بھی دوسرے سے اولیٰ نہیں ہے۔(820)

اگر ان گنت (countless) لوگوں کے لئے وصیت کی جائے تو ایسی وصیت امام ابو یوسف کے نزدیک باطل ہو گی۔ ان گنت کی تشریح کرتے ہوئے امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ اگر حساب کتاب کے بغیر ان کو شمار نہ کیا جا سکے تو وہ ان گنت ہیں۔(821)

امام ابو یوسف کے نزدیک وصی تہائی مال سارے کا سارا ایک فقیر کو بھی دے سکتا ہے۔(822)

اگر ایک آدمی نے مساکین کے لئے ایک تہائی مال کی وصیت کی اور جس شہر میں فوت ہوا وہ کوئی اور شہر تھا تو ابو یوسف فرماتے ہیں کہ ایک تہائی مال 'اس شہر کے مساکین میں تقسیم کیا جائے گا جس میں اس کی رہائش تھی۔(823)

اگر ایک شخص نے کہا کہ بنی فلاں کے لئے وصیت ہے اور فلاں سے مراد ایک باپ ہو جس کی اولاد میں لڑکے بھی ہوں اور لڑکیاں بھی۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ وصیت صرف لڑکوں کے لئے ہو گی۔ آپ کی دلیل یہ ہے کہ بنین جمع ہے ابن کی اور ابن درحقیقت مرد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ایسے ہی لفظ بنوں ہے۔ پس اس کا اطلاق صرف مردوں پر ہو گا۔(824)

اگر ایک آدمی یہ کہے کہ میں فلاں آدمی کے اہل کے لئے وصیت کرتا ہوں تو امام ابو حنیفہ کے قول کے مطابق یہ وصیت صرف اس فلاں کی بیوی کے لئے ہو گی۔ لیکن امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ یہ اس کے تمام زیر کفالت افراد کے لئے ہو گی۔ اور اگر اولاد بالغ ہو جو اس سے الگ ہو گئی ہو یا بیٹی ہو جس کی شادی ہو چکی ہو تو وہ اس کے اہل میں شمار نہ ہوں گے۔(825)

امام ابو یوسف کہتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی صلہ میں اپنا تہائی مال وصیت کرے اور اس کے بھائی' بہنیں' بھتیجے اور بھانجے ہوں تو یہ تہائی مال ان تمام قرابت داروں اور موصی کی موت کے بعد چھ ماہ سے کم مدت میں ان قرابت داروں کے ہاں جو بچے پیدا ہوں ان سب میں تقسیم کیا جائے گا کیونکہ صلہ سے مراد صلہ رحم ہے۔ گویا کہ اس نے اس کی وضاحت کر دی ہے۔ اور جو بچہ چھ ماہ سے کم مدت میں پیدا ہو تو یہ بات معلوم ہو گئی کہ موصی (makinga will) کی موت کے وقت وہ موجود تھا۔ پس وہ وصیت میں داخل ہو گا۔(826)

امام ابو یوسف نے اس آدمی کے بارے میں' جس نے کوئی وصیت کی' پھر دوسرے دن اس کے سامنے وہ وصیت پیش کی گئی تو اس نے کہا کہ میں اس وصیت کو نہیں جانتا' یہ کہا ہے کہ یہ اس سے رجوع ہے۔(827)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن سماعہ نے اپنے نوادر میں امام ابویوسف سے روایت نقل کی ہے کہ امام ابویوسف نے کہا کہ اگر کوئی شخص وصیت کرتے ہوئے کہے کہ فلاں شخص کے لئے میری بکریوں میں سے ایک بکری ہے یا میرے کھجور کے درختوں میں سے ایک درخت ہے اور یہ نہ کہے کہ میری ان بکریوں میں سے یا میرے ان درختوں میں سے تو یہ وصیت موصی کی موت کے وقت واقع ہوگی' وصیت کرنے کے دن واقع نہیں ہوگی۔(828)

اگر مرنے والے نے کسی اجنبی کے لئے وصیت کی۔ اور اس کی موت کے بعد تمام ورثاء نے یہ گواہی دی کہ اس نے اجنبی کے لئے وصیت سے رجوع کر لیا تھا تو امام ابویوسف کے آخری قول کے مطابق وارثوں کی یہ شہادت قبول نہیں کی جائے گی۔ امام ابویوسف کی دلیل یہ ہے کہ وہ اجنبی ان پر 1/3 کا استحقاق رکھتا ہے۔ اور ورثاء اپنی گواہی کے ذریعے اس کے اس استحقاق کو باطل کر رہے ہیں۔(829)

جن کے بارے میں وصیت کی گئی ہے' جب وہ اپنا حصہ وصول کر لیں اور ان میں سے ایک یہ کہے کہ جو میرے پاس ہے وہ فلاں کے لئے ہے اور جو تیرے پاس ہے وہ فلاں کے لئے ہے' امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ یہ تقسیم جائز ہوگی۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک اپنے مال میں تصرف کرنے کا مجاز ہے۔

اگر ایک وصی موجود نہ ہو اور دوسرے ترکہ کو اس طرح تقسیم کریں کہ اس کے لئے بڑا حصہ اور اپنے لئے چھوٹے حصے رکھیں تو امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ یہ تقسیم جائز ہوگی۔(830)

اگر موصی (making a will) ایک آدمی کے لئے اپنے چوتھائی مال کی وصیت کرے اور دوسرے کے لئے نصف مال کی اور ورثاء اجازت دے دیں تو ہر دو کو اپنی اپنی وصیت کے مطابق ملے گا۔ لیکن اگر ورثاء اس کی اجازت نہ دیں تو پھر تہائی مال کی وصیت ہی نافذ ہوگی۔ امام ابوحنیفہ کی رائے یہ ہے کہ تہائی مال کو ان دونوں میں سات سہام کر کے تقسیم کیا جائے گا۔ نصف والے موصی لہ کو چار سہام اور چوتھائی والے موصی لہ کو تین سہام لیں گے۔

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ تہائی مال کو تین سہام کر کے تقسیم کیا جائے گا۔ دو سہام نصف والے موصی لہ کو اور ایک سہم چوتھائی والے موصی لہ کو دیا جائے گا۔(831)

اگر موصی ایک آدمی کے لئے اپنے تہائی مال کی وصیت کرے اور دوسرے آدمی کے لئے نصف مال کی اور ورثاء اس کی اجازت نہ دیں تو امام ابویوسف کے نزدیک ایک تہائی مال کے پانچ سہام کئے جائیں گے نصف والے کو تین سہام اور تہائی والے کو دو سہام ملیں گے۔(832)

اگر ایک آدمی نے قاتل کے لئے وصیت کی ہو' اور موصی کی موت کے بعد ورثاء وصیت کی اجازت دے دیں تو امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک وصیت جائز ہوگی۔ لیکن امام ابویوسف کہتے ہیں کہ وصیت جائز نہ ہوگی۔

امام ابویوسف کی دلیل یہ ہے کہ وصیت کا تعلق میراث (heritage) سے ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے کہ قاتل وارث نہیں بن سکتا۔(833) آپؒ نے ورثاء کی اجازت اور عدم اجازت کی حالتوں میں فرق نہیں کیا۔ امام ابویوسف کہتے ہیں کہ اس کے جواز میں مانع تو قتل ہے اور اجازت سے قتل کا مانع دور تو نہیں ہو جاتا۔(834)

آپ کی دوسری دلیل یہ ہے کہ جب اس نے اس کو ناحق قتل کیا تو وہ حربی کی مانند ہو گیا اور حربی کے لئے وصیت جائز نہیں ہوتی۔ خواہ ورثاء اس کی اجازت دیں یا نہ دیں۔ اس طرح قاتل کا حکم ہے۔(835)

اضطراری حالات میں مبتلا اہل حاجت کے حقوق

اگر ایک شخص حالت اضطرار میں ہو اور بنیادی ضروریات پوری نہ ہونے کی صورت میں اس کی جان چلی جانے کا خدشہ ہو، تو اہل ثروت پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اس شخص کی مدد کریں۔ اگر یہ افراد اپنی ذمہ داری ادا نہ کریں تو پھر اضطرار میں مبتلا فرد کو کیا حق حاصل ہے؟

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے امام ابویوسفؒ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

فان اصحابنا کانوا یرون القتال علی الماء اذا خاف الرجل علی نفسه بالسلاح اذا کان فی الماء فضل عمن هو معه و لا یرون ذلک فی الطعام و یرون فیه الاخذ و الغصب من غیر قتال، فاما الماء خاصة فانهم کانوا یرون فیه اذا خیف علی النفس قتال المانع منه و هو فی الاوعیة عند الاضطرار اذا کان فیه فضل عمن هو فی یده(836)

"پس بے شک ہمارے اصحاب کی رائے یہ ہے کہ جب آدمی کو اپنی جان چلی جانے کا اندیشہ ہو تو وہ پانی حاصل کرنے کے لئے ہتھیار لے کر جنگ کر سکتا ہے بہ شرطیکہ پانی خود مالک کی ضرورت سے زیادہ ہو۔ کھانے کے بارے میں ان کی یہ رائے نہیں ہے اس کے سلسلہ میں وہ صرف اس حد تک جائز سمجھتے ہیں کہ اسے قتال کے بغیر چھین لیا جائے یا غصب کر لیا جائے۔ قتال کی اجازت ان حضرات نے مخصوص طور پر اس شکل میں دی ہے جبکہ پانی برتنوں میں رکھا ہوا ہو اور اس کا مالک اسے دینے سے انکار کر دے۔ اگرچہ وہ اس کی ضرورت سے زیادہ ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ پانی کی ضرورت شدید ہو اور اس کے بغیر جان چلی جانے کا اندیشہ ہو۔"

نظریہ التعسف فی استعمال الحق

امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی ذاتی ملکیت میں اس طرح تصرف کرے کہ وہ قصداً اپنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہمسائے کو نقصان پہنچانا چاہتا ہو تو اس کو اس تصرف سے روک دیا جائے گا۔ (837) آپ کتاب الخراج میں ہارون الرشید کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

و سالت یا امیر المومنین عن الرجل یکون له النهر الخاص فیسقی منه حرثه و نخله و شجره فینفجر من ماء نهره فی ارضه فیسیل الماء من ارضه الی ارض غیره فیغرقها' هل یضمن؟ قال- لیس علی رب النهر فی ذلک ضمان من قبل ان ذلک فی ملکه' و کذلک لو نزت ارض هذا من الماء ففسدت لم یکن علی رب الارض الاولی شئی و علی صاحب الارض التی غرقت و نزت ان یحصن ارضه' و لا یحل لمسلم ان یتعمد ارضا لمسلم او ذمی بذلک لیهلک حرثه فیها' یرید بذلک الاضرار به(838)

"امیرالمومنین! آپ نے ایک مسئلہ یہ پیش کیا ہے کہ اگر کسی شخص کی ذاتی نہر، جس سے وہ اپنے کھیت، کھجور اور دوسرے درختوں کو سیراب کرتا ہو، پھٹ پڑے اور اس کا پانی بہہ کر دوسرے کی زمین کو ڈبادے تو کیا یہ شخص اس کے نقصان کا ضامن ہو گا؟ میری رائے یہ ہے کہ چونکہ یہ نہر اس شخص کی ملکیت تھی لہٰذا اس پر کسی طرح کی ضمان نہ ہو گی۔ اسی طرح اگر اس دوسرے آدمی کی زمین کا پانی سوکھ جائے اور زمین ناکارہ ہو جائے تو پہلی زمین کے مالک پر اس کی کوئی ذمہ داری نہ ہو گی۔ جس فرد کی زمین ڈوبی اور سوکھ گئی ہے۔ اس کی ذمہ داری ہے کہ اپنی زمین کے تحفظ کا بندوبست کرے۔ البتہ کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں کہ دانستہ طور پر کسی مسلمان یا ذمی کی زمین کو ناکارہ کر دینے اور اس کی کھیتی تباہ کر کے اسے نقصان پہنچانے کی کوشش کرے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) ابن خلدون، مقدمتہ، الفصل الثانی "فی وجوہ المعاش و اصنافہ و مذاہبہ / 382

(2) ایضاً" / 38

(3) Schumpeter, History of Economic Analysis. P. 52, 53

(4) Ibid, P. 52

(5) رشید احمد، مولوی، تاریخ معاشیات، (ڈاکٹر انگرم ( ) کی کتاب "History of Economics" کا اردو ترجمہ) حیدر آباد دکن، / 19

(6) الیس ایم اختر، ڈاکٹر ..... غلام رسول مہر، مولانا، عظماء کے معاشی نظریات (جارج سول George Soule کی کتاب "Ideas of the great Economists" کا اردو ترجمہ)
لاہور = مجلس ترقی ادب، طبع اول 1960ء - / 6

(7) ایضاً" / 8

(8) ایضاً" / 8

(9) رشید احمد، تاریخ معاشیات / 26
الیس ایم اختر، عظماء کے معاشی نظریات / 8

(10) انطوان قیس، تاریخ الفکر الاقتصادی، حلب = کلیۃ العلوم الاقتصادیۃ طبع 1968ء / 30

(11) اس رسالہ کا نام (Economicus) ہے۔

(12) الیس ایم اختر، عظماء کے معاشی نظریات / 9

(13) الخراج، / خلاصہ صفحات 25-29

(14) الطبری، تاریخ الرسل والملوک 4 / 201

(15) الخراج / 124، 125

(16) ایضاً" / 145

(17) علی المتقی، علاء الدین علی المتقی بن حسام الدین الہندی، کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، بیروت، موسسۃ الرسالۃ، الطبعۃ الخامسۃ 1405ھ - 4 / 549 تا 587

(18) المقریزی، تقی الدین احمد بن علی بن عبدالقادر، کتاب النقود الاسلامیۃ المسمی، "بشذور العقود فی ذکر النقود (تحقیق = محمد السید علی بحرالعلوم) قم = منشورات الشریف الرضی، الطبعۃ الخامسۃ 1387ھ / 8

(19) د نوز طہ، عبدالواحد، "صور سیاسۃ الحجاج الثقفی المالیۃ فی العراق" مجلۃ المورد (تصدرہا وزارۃ الاعلام الجمہوریۃ العراقیۃ) العدد الثالث 1396ھ / 25

toobaa-elibrary.blogspot.com

المقریزی'النقود الاسلامیة/ 8'الزرکلی'الاعلام 5/ 45

(20) النقشبندی'السید ناصر محمود'الدرهم الاسلامی المضروب علی الطراز الساسانی بغداد'المجمع العلمی العراقی'1389ھ/ 38'40

القزاز' وداد علی' الدراهم الاسلامیة المضروبة علی الطراز الساسانی للخلفاء الراشدین فی المتحف العراقی' مجلة المسکوکات العدد1' 1969ء/ 13'15

(21) حمود=61

(22) الشریف الرضی' محمد بن الحسین' نهج البلاغة (کلام سیدنا امیرالمومنین علی بن ابی طالب) (مع شرح الشیخ محمد عبده) بیروت= دارالمعرفة للطباعة والنشر' 3/ 27'28

(23) ایضاً"'3/ 27

(24) ایضاً"'/ 93

(25) ایضاً"'2/ 198'199

(26) ایضاً"'3/ 26'27

(27) ایضاً"'3/ 27

(28) ایضاً"'3/ 96

(29) ایضاً"'3/ 86

(30) ایضاً"'3/ 99

(31) الخراج/ 95

(32) ایضاً"/ 83

(33) ابن سعد'الطبقات الکبری'3/ 28

(34) المازندرانی' السید موسیٰ الحسینی' العقد المنیر فی تحقیق ما یتعلق بالدراهم والدنانیر' طهران= مکتبة الصدوق1382ھ/ 45'46

(35) الخراج/ 93

(36) ایضاً"/ 142

(37) ابن سعد'الطبقات الکبریٰ'5/ 356

(38) الخراج'129

(39) ابن سعد'الطبقات الکبریٰ'5/ 383

(40) ابن سعد'الطبقات الکبریٰ5/ 392

(41) ایضاً"'5/ 380

(42) ابوزهره ابوحنیفة/ (مترجم، غلام احمد حریری) ایڈیشن، فیصل آباد، ملک سنز/ خلاصہ صفحہ 610 — 614

toobaa-elibrary.blogspot.com

(43) ایضاً / 617

(44) الخراج / 69

(45) ایضاً / 96

(46) ایضاً / 3

(47) ایضاً / 135، 136

(48) ایضاً / 52

(49) ایضاً / 93

(50) ایضاً / 92

(51) ایضاً / 53

(52) ایضاً / 132

(53) ایضاً / 55 تا 62، 82 تا 88

(54) ایضاً / 116

(55) ایضاً / 128، 130

(56) ایضاً / 54

(57) ایضاً / 87

(58) ایضاً / 132 تا 135

(59) ایضاً / 69، 92، 93

(60) ایضاً / 121

(61) ایضاً / 143 تا 145

(62) ایضاً / 144

(63) ایضاً / 54

(64) ایضاً / 92

(65) ایضاً / 92

(66) ایضاً / 116، 117

(67) ایضاً / 120، 121

(68) سیوھاروی، محمد حفظ الرحمٰن، قصص القرآن، کراچی، دار الاشاعت، 3 / 248

(69) الخراج / 40

(70) ایضاً / 124

toobaa-elibrary.blogspot.com

(71) ایضاً"/ 123

(72) ایضاً"/

(73) ایضاً"/ 116'115

(74) ایضاً"/ 118

(75) ایضاً"/ 130

(76) ابن رشد' بدایۃ المجتہد'1 / 178

الشافعی' ابو عبداللہ محمد بن ادریس' الام (تصحیح' محمد زہری النجار من علماء الازہر) بیروت' دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر' الطبعۃ الثانیۃ' 1393ھ-2 / 28'27

ابوداؤد' سلیمان بن الاشعث السجستانی' کتاب مسائل الامام احمد' (تحقیق و تعلیق' السید محمد رشید رضا) بیروت' دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر / 79'78

المرداوی' علاء الدین ابوالحسن علی بن سلیمان' الانصاف (تحقیق محمد حامد الفقی) دار احیاء التراث العربی' الطبعۃ الثانیۃ' 1400ھ - 4/3

ابن ہبیرہ' ابوالمظفر عون الدین یحییٰ بن محمد' کتاب الافصاح عن معانی الصحاح الریاض' الموسسۃ السعیدیۃ / 196

(77) ابن رشد' بدایۃ المجتہد1 / 178

(78) المرغینانی' الہدایۃ'1 / 186

(79) الکاسانی' بدائع الصنائع 2 / 5

(80) السرخسی' المبسوط 2 / 161

(81) الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 40

(82) ایضاً"2 / 39

(83) السرخسی' المبسوط' 2 / 191

الکاسانی' بدائع الصنائع 2 / 21

(84) ابن رشد' بدایۃ المجتہد1 / 183

ابو داؤد' کتاب مسائل الامام احمد / 78

الشافعی' الام 2 / 41

(85) ابوداؤد' سلیمان بن الاشعث السجستانی' سنن ابی داؤد (و معہ کتاب معالم السنن للخطابی)' اعداد و تعلیق عزت عبید الدعاس و عادل السید' کتاب الزکاۃ باب الکنز ماھو؟ و زکاۃ الحلی' بیروت' دار الحدیث' للطباعۃ والنشر والتوزیع' 2 / 212-214

(86) الخراج / 83

(87) الخراج / 83

toobaa-elibrary.blogspot.com

(88) ایضاً / 84

(89) ایضاً / 83

(90) ایضاً / 83

(91) الطحاوی، شرح معانی الآثار، 2 / 39

(92) الخراج / 83، 84

(93) ایضاً / 84

(94) ایضاً

(95) ایضاً / 84

(96) ایضاً / 84

(97) ایضاً / 84، 85

(98) ایضاً / 85

(99) ایضاً / 85

(100) ایضاً

(101) ایضاً

(102) ایضاً

(103) ایضاً / 85، 86

(104) ایضاً / 87

(105) ایضاً

(106) ایضاً

(107) العظیم آبادی، ابو الطیب محمد، شمس الحق عون المعبود شرح سنن ابی داؤد، ملتان، نشر السنة الطبعة الاولی 1399ھ - 2 / 37

الجصاص، احکام القرآن، 4 / 324

الشوکانی، نیل الاوطار، 4 / 168

(108) الرازی، فخرالدین ابو عبداللہ محمد بن احمد، التفسیر الکبیر، مطبعة البهیة المصریة الطبعة الاولی 1357ھ - 16 / 107

(109) الحلوی، شرح، 2 / 31

(110) ابن قدامه ابو محمد عبداللہ بن احمد، المغنی، المدینة المنورة المکتبة السلفیة 2 / 692

(111) الخراج / 87

toobaa-elibrary.blogspot.com

(112) ایضاً

(113) ایضاً/ 87

(114) ایضاً

(115) القسطلانی' ابوالعباس شهاب الدین احمد بن محمد "لرشاد الساری لشرح صحیح البخاری" بیروت' دارالفکر للطباعة والنشر والتوزیع' الطبعة السادسة 3 / 57

(116) السرخسی' المبسوط' 3 / 10

الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 46

(117) الخراج / 87

(118) ایضاً/ 88

(119) الجصاص' احکام القرآن 4 / 341

الخراج / 87

(120) الخراج / 202

(121) الطحاوی' شرح معانی الآثار' 2 / 14

انور ا کشمیری' الشیخ محمد' فیض الباری علی صحیح البخاری' قاهره' مطبعة المجازی الطبعة الاولی' 1357ھ / 1938ء-3 / 52

(122) الساعاتی' احمد عبدالرحمة البنا' الفتح الربانی مع مختصر شرحه بلوغ الامانی من اسرار الفتح الربانی' دار احیاء التراث العربی' الطبعة الثانیة 9 / 82'83

(123) الطحاوی' شرح معانی الآثار' 2 / 16

(124) ایضاً' 14

(125) زکریا الکاندهلوی' مولانا محمد' اوجز المسالک الی موطا مالک' ملتان' ادارہ تالیفات اشرفیہ' 6 / 20

(126) الطحاوی' شرح معانی الآثار' 2 / 15

(127) ایضاً' 15'16

(128) الساعاتی' الفتح الربانی' 9 / 82' الجصاص' احکام القرآن' 4 / 335

(129) صدیق حسن خان' محمد صدیق عون الباری لحل ادلة البخاری (شرح کتاب التجرید الصریح لاحادیث الجامع الصحیح) حلب' سوریا' دارالرشید 2 / 482

(130) الطحاوی' شرح 2 / 34

(131) ایضاً' 34

(132) ایضاً' 33

(133) المرغینانی' الهدایة' 1 / 207

toobaa-elibrary.blogspot.com

السرخسی' المبسوط' 3 / 12

(134) السرخسی' المبسوط' 30 / 240

(135) ابن نجیم' الاشباہ والنظائر' 1 / 227

(136) ابن تیمیہ' ابوالعباس احمد تقی الدین' القواعد النورانیۃ الفقہیۃ (بتحقیق محمد حامد الفقی) الریاض' مکتبۃ المعارف' الطبعۃ الاولی 1402ھ / 111

(137) الغزالی' ابو حامد محمد بن محمد' احیاء علوم الدین' بیروت' دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر' 1 / 18

(138) الخراج' 86

(139) ابن حجر العسقلانی' احمد بن علی' فتح الباری بشرح صحیح البخاری' بیروت' دار المعرفۃ' 12 / 331

(140) ابوزہرہ' ابو حنیفۃ / 437

(141) ابو الکلام آزاد' احمد بن خیر الدین' تذکرہ (مرتبہ = مالک رام) نئی دلی' ساہتیہ اکادمی طبع اول' 1968ء / 97

(142) المرغینانی' الہدایۃ' 1 / 201

(143) البقرۃ / 267

(144) الخراج / 56

(145) المرغینانی' الہدایۃ' 1 / 201

(146) الخراج / 56

الشرقاوی' احمد بن عبدالسلام' کتاب التبیان شرح نور البیان فی فقہ الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان' الازہر الشریف 1366ھ / 185

ابن مازہ' ابو المعالی برہان الدین محمود بن احمد' المحیط البرہانی' مخطوطہ' قائداعظم لائبریری لاہور' نمبر ب 11' 691' 256 م' 1 / 355

(147) الخراج / 57

(148) ابن عابدین' مجموعۃ رسائل' 2 / 142

(149) ابن عابدین' حاشیۃ رد المحتار 2 / 335

(150) دیکھئے۔

ابو یوسف' اختلاف ابی حنیفۃ وابن ابی لیلیٰ / 41

(151) الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 58

(152) الزروبوی' محمد فرید' منہاج السنن شرح جامع السنن للامام الترمذی' اکوڑہ خٹک' مؤتمر المصنفین' 3 / 145' 146

(153) الانعام / 149

(154) ابن منظور' لسان العرب 7 / 21

toobaa-elibrary.blogspot.com

(155) السید' سابق' فقه السنة' جدة' مکتبة الخدمات الحدیثة' 1 / 429

(156) ابوداؤد' سلیمان بن الاشعث السجستانی' سنن ابی داود (و معه کتاب معالم السنن للخطابی) اعداد و تعلیق عزت عبید الدعاس و عادل السید' کتاب البیوع والاجارات' باب "فی بیع الثمار قبل ان یبدو صلاحها" بیروت' دار الحدیث للطباعة والنشر والتوزیع' 3 / 667'668

(157) خلیل احمد سهارنپوری' بذل المجهود فی حل ابی داؤد' ملتان' مکتبه قاسمیه' 3 / 31

(158) ابن رشد' بدایة المجتهد 1 / 184

الشافعی' الام 2 / 38'39

(159) المرغینانی' الهدایة 1 / 202

(160) ابن قدامه' المغنی والشرح الکبیر 2 / 577

(161) الخراج / 60

(162) ایضاً" 61

(163) المرغینانی' الهدایة 1 / 202

(164) المرغینانی' الهدایة 1 / 202

(165) ایضاً"

(166) الخراج / 56

(167) الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 60

(168) الشیبانی' کتاب الاصل' 2 / 162

(169) السرخسی' المبسوط' 2 / 206

(170) ابن قدامه' المغنی' 2 / 645

(171) المرغینانی' الهدایة 1 / 208

(172) ابن عابدین' حاشیة رد المحتار 2 / 366

(173) المرغینانی' الهدایة 1 / 210' الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 72

(174) المرغینانی' الهدایة 1 / 201

(175) السرخسی' المبسوط' 3 / 111

الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 49

اشرف علی تهانوی' مولانا محمد' احکام القرآن الملقب به دلائل القرآن علی مسائل النعمان کراچی' 1387ھ 1 / 469

(176) الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 73' المرغینانی' الهدایة 1 / 201

(177) ابن رشد' بدایة المجتهد' 1 / 193

toobaa-elibrary.blogspot.com

المرداوی' الانصاف' 3 / 93

(178) الشرقاوی' عبداللہ بن حجازی' فتح المبدی شرح مختصر الزبیدی (مع التجرید الصریح الاحادیث الجامع الصحیح) بیروت' دار المعرفۃ 2 / 84

(179) البیہقی' ابوبکر احمد بن الحسین بن علی' السنن الکبری مع الجوھر النقی' ملتان' نشر السنۃ 4 / 171

ابن الھمام' کمال الدین محمد بن عبدالواحد' فتح القدیر شرح ھدایۃ' المکتبۃ النوریۃ الرضویۃ 230/2

(180) ابن حزم' ابو محمد علی بن احمد بن سعید' المحلی (تحقیق الشیخ احمد محمد شاکر) مصر' ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ' الطبعۃ الاولی 1349ھ - 5 / 246

(181) ابن رشد' بدایۃ المجتہد 1 / 193

(182) الخراج / 93

(183) ایضاً / 68'69

(184) موسوعۃ الفقہ الاسلامی المعروفۃ' بموسوعۃ جمال عبدالناصر الفقہیۃ' یصدرھا المجلس الاعلی للشؤن اسلامیۃ' القاھرۃ' 1390ھ - 5 / 111

(185) المرغینانی' الھدایۃ 2 / 591

(186) المظھری' محمد ثناء اللہ قاضی' التفسیر المظھری' حیدر آباد الدکن' مجلس اشاعۃ العلوم' 1 / 383

(187) السرخسی' المبسوط' 3 / 7' الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 57'58

(188) الکاسانی' بدائع الصنائع' 2 / 58

(189) الخراج. 69

(190) الشیبانی' محمد بن الحسن' القانون الدولی الاسلامی کتاب السیر (تحقیق - مجید خدوری) کراتشی' ادارۃ القرآن و العلوم الاسلامیۃ' / 257

(191) الخراج / 131

(192) ایضاً / 63

(193) ایضاً / 64

(194) ایضاً / 63'64

(195) ایضاً / 64

(196) ایضاً / 64

(197) ایضاً

toobaa-elibrary.blogspot.com

(198) ایضاً / 68

(199) ایضاً / 75

(200) ایضاً / 75

(201) ایضاً / 72

(202) ایضاً / 94

(203) ایضاً 145.

(204) ایضاً

(205) ایضاً / 145

(206) ایضاً / 143، 144

(207) ایضاً / 146

(208) ایضاً، تلخیص صفحات 143-148

(209) ایضاً / 144

(210) الشرباصی، احمد الدکتور، المعجم الاقتصادی الاسلامی، دار الجیل / 95

(211) التوبة 29

(212) الخراج / 133

(213) ابو عبید، کتاب الاموال / 27

(214) الشافعی، الام 4 / 179

(215) الشافعی، الام، 4 / 179

(216) ابن رشد، بدایة المجتهد، 1 / 295

(217) الخراج / 132

(218) ابو عبید، القاسم بن سلام، کتاب الاموال، سا نگلدیل، المکتبة الاثریة / 40

(219) الخراج، / 133، 134

(220) ایضاً، / 132

الخربوطلی، علی حسنی الدکتور، الاسلام و اهل الذمة، قاہرہ، المجلس الاعلی للشؤن الاسلامیة، طبع اول 1389ھ / 70

(221) الخراج / 132، 139

(222) ایضاً، / 132

(223) المرغینانی، الهدایة 2 / 597

toobaa-elibrary.blogspot.com

(224) الخراج / 132

(225) ابن رشد، بداية المجتهد، 1 / 296

(226) ابو عبید، کتاب الاموال، / 48

(227) الخراج / 132

(228) ایضاً

(229) ابن قیم، شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر، احکام اهل الذمة (تحقیق الدکتور، صبحی الصالح، بیروت، دار العلم للملایین، الطبعة الاولی 1961م - / 60

(230) الخراج / 132

(231) ابو عبید، کتاب الاموال / 41

(232) الخراج / 133

(233) ایضاً / 134

(234) ایضاً / 133

(235) ایضاً / 133

(236) ایضاً / 135

(237) ایضاً / 134

(238) ایضاً / 27

(239) ایضاً 156،155

(240) ایضاً / 149

(241) ایضاً / 150،149

(242) ابن رجب، حافظ ابو الفرج عبدالرحمٰن بن احمد، الاستخراج، لاحکام الخراج بیروت، دار الکتب العلمیة، الطبعة الاولی 1405ھ / 1985ء م / 21

(243) الخراج / 25

(244) الحشر، 7

(245) الخراج / 93

(246) الزیلعی، فخر الدین عثمان بن علی، تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق، ملتان، مکتبه امدادیه، 1 / 287

البابرتی، اکمل الدین محمد بن محمود، شرح العنایة علی الهدایة (مع فتح القدیر، و نتائج الافکار)، کوئٹه، مکتبه رشیدیه، 2 / 179

toobaa-elibrary.blogspot.com

(247) الشافعی، الام 2/ 42، 44

(248) الخراج، / 23، 24

(249) ایضاً / 24

(250) البوبکانی، المخدوم محمد جعفر ابن عبدالکریم، المتانة فی مرمة الخزانة (فتاوی البوبکانی) تحقیق و تعلیق، ابوسعید غلام مصطفی السندی) کراتشی = لجنة احیاء الادب السندی، / 334

(251) الخراج / 23

(252) ایضاً / 24

(253) ایضاً

(254) ایضاً / 23

(255) ایضاً، 23

(256) ایضاً، 23

(257) ایضاً، 75

(258) السرخسی، محمد بن احمد، شرح کتاب السیر الکبیر لمحمد بن الحسن الشیبانی (تحقیق = الدکتور صلاح الدین المنجد) المکتب للحرکة الثورة الاسلامیة 5/ 2163

یحیٰی الصدیقی، ابو زکریا محمد، لامع الدراری علی جامع البخاری (افادات رشید احمد الکنکوهی) مکة المکرمه، المکتبة الامدادیة، سنة الطبع 1396ھ / 5/ 98

ابراهیم فاضل المعادن والرکاز (بحث مقارن فی الاقتصاد الاسلامی، بغداد، مطبعة دار الرسالة/ 17

(259) الخراج / 75

(260) ایضاً / 75

(261) ایضاً، 76 /

(262) ایضاً

(263) ایضاً / 198، 199

(264) ابن قدامه، المغنی 6/ 318

(265) ابن رشد، بدایة المجتهد، 2/ 229

(266) الخراج / 199

(267) ایضاً / 201

toobaa-elibrary.blogspot.com

(268) ایضاً / 19

(269) المرغینانی، الھدایۃ 2 / 572

(270) الخراج، / 19

(271) ایضاً / 20

(272) ایضاً / 20

(273) الشافعی، الام 4 / 140، 141

(274) الخراج / 212، 213

(275) ایضاً، 213

(276) ایضاً / 213

(277) السرخسی، المبسوط، 12 / 27

(278) المرغینانی، الھدایۃ 2 / 637،
عبدالنبی، جامع العلوم 3 / 460

(279) ابن عابدین، حاشیۃ رد المحتار، 4 / 338
داماد آفندی، مجمع الانھر، 1 / 731
ابن الھمام، کمال الدین محمد بن عبدالواحد ابن عبدالحمید بن مسعود، فتح القدیر شرح ھدایۃ (مع تکملۃ نتائج الافکار، اور شرح العنایۃ) کوئٹہ، مکتبہ رشیدیہ 5 / 417، 418

(280) المرغینانی، الھدایۃ 2 / 637، جماعۃ من العلماء، فتاوی عالمگیری، لکھنؤ، نو لکشور، 2 / 955

(281) ابن نجیم، زین الدین، البحر الرائق شرح کنز الدقائق، بیروت، دار المعرفۃ الطبعۃ الثانیۃ، 5 / 212
علی فکری، السید، المعاملات المادیۃ الادبیۃ، مصر، مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی، الطبعۃ الاولی 1357ھ / 1938ء / ص 299، 300
علاء الدین الحنفی، الدر المختار، 2 / 298

(282) فتاوی عالمگیری، 2 / 397، ابو زھرہ، محمد بن احمد، محاضرات فی الوقف دار الفکر العربی / 178

(283) ایضاً، 2 / 355، 359

(284) السرخسی، المبسوط، 12 / 41

(285) ابن ھمام، فتح القدیر 5 / 428

(286) ابن حجر، فتح الباری، 5 / 403

(287) تنزیل الرحمٰن، ڈاکٹر، مجموعہ قوانین اسلام، اسلام آباد، ادارہ تحقیقات اسلامی، طبع دوم 1985ء-3 / 1083، 1084

toobaa-elibrary.blogspot.com

(288) المرغینانی' الهدایة 2 / 637

(289) السرخسی' المبسوط 12 / 34

(290) فتاویٰ عالمگیری' 2 / [illegible] 960

(291) المرغینانی' الهدایة 2 / 622

(292) ایضاً" / 618

(293) السرخسی' المبسوط' 12 / 36' 37

(294) ایضاً" 12 / 42

(295) ایضاً" 12 / 41

(296) الخراج / 48' 49

الطبری' تاریخ الرسل والملوک 4 / 46

ابن خلدون' مقدمہ / 243' 244

ابن خلدون نے لکھا ہے کہ جب حضرت ابو ہریرہؓ (عبدالرحمٰن بن صخر الدوسی) (م 59ھ / 679ء) بہت سامال لے کر بحرین سے آئے اور اس کے تقسیم کرنے میں دشواری پیش آئی اور لوگوں نے مال کا اندازہ لگانا اور عطیات و حقوق کو ضبط کرنا چاہا تو حضرت خالد بن ولیدؓ نے محکمہ دیوان قائم کرنے کا مشورہ دیا اور فرمایا کہ میں نے شام کی حکومتوں میں دیوانی محکمے دیکھے ہیں۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے آپ کی رائے کے مطابق یہ محکمہ قائم فرمادیا۔ اور یہ بھی مروی ہے کہ جب ہرمزان نے دیکھا کہ حضرت عمرؓ بغیر دیوان کے فوج بھیج رہے ہیں تو پوچھا کہ اگر کوئی جوان حاضر نہ ہو تو کیسے معلوم ہو۔ ظاہر ہے کہ نہ حاضر ہونے والا اپنی جگہ خالی چھوڑ کر گڑبڑ کا باعث بنے گا۔ اس لئے فوجیوں کا اندراج رجسٹر میں ضرور ہونا چاہیے۔ اس طرح یہ محکمہ قائم ہو گیا۔ دیکھئے:

ابن خلدون' مقدمہ / 244

احمد شلبی' الدکتور' الاقتصاد فی الفکر الاسلامی' القاهرة' مکتبة النهضة المصریة الطبعة السادسة 1987ء / 165

الرفاعی' انور النظم الاسلامیة' دار الفکر / 169

(297) الجہشیاری' کتاب الوزراء / 38

(298) ابن الاثیر' الکامل فی التاریخ 4 / 163' 164

(299) الطبری' تاریخ الرسل والملوک 8 / 71' 72

(300) الخطیب' تاریخ' 14 / 9' 10' 11

(301) الخراج / 39

امام ابو یوسف کا یہ معاشی فکر قرآن کریم کی اس آیت سے ماخوذ ہے۔

وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۖ وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ (النساء=6)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"اور جو شخص خوشحال ہو وہ تو اپنے آپ کو بالکل روکے رکھے۔ البتہ جو شخص نادار ہو وہ مناسب مقدار میں کھا سکتا ہے۔"

(302) الخراج / 39

(303) ایضاً / 50

(304) ایضاً / 202

(305) ایضاً / 201

(306) ایضاً / 202

(307) ایضاً / 203'202

(308) یہاں ڈاک سے مراد آج کل کی پوسٹل سروس (Postal Service) نہیں بلکہ اس وقت کا سرکاری محکمہ خبر رسانی ہے جو ریاستی امور کے بارے میں حکام کو باخبر رکھتا تھا۔

(309) الخراج / 201

(310) ایضاً / 202

(311) السقاف عبدالعزیز الدکتور' مبادی السیاسة المالیة فی الدولة الاسلامیة مجلة الشریعة والقانون جامعة صنعاء کلیة الشریعة والقانون

(312) الخراج. 45'46

(313) ایضاً / 46

(314) ایضاً /

(315) ایضاً / تلخیص 45-50

(316) ایضاً / 66

(317) الانفال=41

(318) الخراج / 21

(319) ایضاً / 22

(320) ایضاً / 23'22

(321) الخراج / 3

(322) ایضاً / 40

صحیح البخاری میں حضرت عمرؓ کا یہ قول ان الفاظ کے ساتھ نقل ہوا ہے فقال عمر = لان سلمنی اللہ لادعن ارامل اھل العراق لا یحتجن الی رجل بعدی ابدا

البخاری' ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل' صحیح البخاری' کتاب المناقب' باب مناقب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ 1 / 523

(323) الخراج / 4

toobaa-elibrary.blogspot.com

(324) ایضاً / 9

(325) ایضاً / 82

(326) ایضاً / 5

(327) ایضاً / 18

(328) ایضاً / 136

(329) ایضاً / 155'156

(330) ایضاً / 5

(331) ایضاً / 13

(332) ایضاً / 3

(333) ایضاً / 4

(334) ایضاً / 6

(335) ایضاً / 6

(336) ایضاً / 6

(337) ایضاً / 120'121

(338) یوسف' ابراہیم یوسف الدکتور' المنهج الاسلامی فی التنمیة الاقتصادیة مطابع الاتحاد الدولی للبنوک الاسلامیة 1401ھ / 195

(339) الخراج / 121

(340) ایضاً / 71

(341) ایضاً / 129

(342) ایضاً / 66

(343) ایضاً / 63

(344) ایضاً / 65

(345) ایضاً / 68

(346) ایضاً / 68

امام بخاری نے یہ روایت ان الفاظ میں نقل کی ہے۔

عن عائشة رضی اللہ عنها ـــ فان النبی صلی اللہ علیه وسلم قال من ظلم قید شبر من الارض طوقه من سبع لرضین البخاری' ابوعبداللہ محمد بن اسمعیل' صحیح البخاری' ابواب المظالم والقصاص' باب اثم من ظلم شیئا من الارض 1/ 332

toobaa-elibrary.blogspot.com

(347) الخراج / 69

(348) ایضاً / 119

(349) ایضاً / 126'125

(350) ایضاً / 126

(351) ایضاً / 126

(352) ایضاً / 127'126

(353) ایضاً / 87

(354) ایضاً / 88'87

(355) ایضاً / 69

(356) ایضاً / 101

(357) ایضاً

(358) ایضاً / 103

(359) ایضاً / 102

(360) ایضاً / 119'118

(361) ایضاً / 119

(362) ایضاً / 106'105

(363) نجات اللہ صدیقی، ڈاکٹر "امام ابو یوسف کا معاشی فکر" ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور شمارہ، ستمبر 64ء / 52

(364) نجات اللہ صدیقی، ڈاکٹر "امام ابو یوسف کا معاشی فکر" ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور، شمارہ ستمبر 64ء / 53,52

(365) الخراج / 102

(366) ایضاً / 106

(367) ایضاً / 101'100

(368) ایضاً / 102

(369) ایضاً / 103'102

(370) ایضاً / 119

(371) ایضاً / 120'119

(372) ایضاً / 201

(373) ایضاً / 66

(374) ایضاً / 71

toobaa-elibrary.blogspot.com

(375) ایضاً / 96

(376) ایضاً / 81،82

(377) ایضاً / 95

(378) ایضاً / 3

(379) ایضاً / 4

(380) ایضاً / 117

(381) الخراج / 3

(382) الیعقوبی، احمد بن ابی یعقوب بن جعفر بن وهب، تاریخ الیعقوبی، بیروت، دار صادر للطباعة والنشر 1379ھ / 2 / 393

(383) المومنون=72

(384) ابن منظور، لسان العرب 2 / 252

(385) الزمخشری، محمود بن عمر، الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل و عیون الاقاویل فی وجوه التاویل، (تصحیح = مصطفی حسین احمد) القاهرة = مطبعة الاستقامة، 1365ھ - 3 / 196

(386) CL. cahen. kharadj. The Encyclopaedia of Islam. (New edition)
Leiden .E.J. Brill, 1978 - IV / 1030.

(387) Shemesh, A.Ben. "Taxation in Islam. (Revised second edition)
Leiden, E.J.Brill 1967 1/6.

(388) سعدی، ابوحبیب، القاموس الفقهی لغة و اصطلاحاً" دمشق = دار الفکر - / 114

(389) قلعه جی، محمد رواس - قنیبی حامد صادق، معجم لغة الفقهاء (عربی - انکلیزی) کرانشی، ادارة القرآن و العلوم الاسلامیة / 194

(390) ابن قدامه / المغنی 2 / 579، 580

(391) ابن الهمام، فتح القدیر، 5 / 287، 288

(392) دیکھئے۔ الخراج، (طبع بولاق، 1302ھ) 1-235

(393) یحیی، ابن آدم القرشی، کتاب الخراج، صححه و شرحه و وضع فهارسه = ابو الاشبال احمد محمد شاکر لاهور المکتبة العلمیة، الطبعة الاولی 1395ھ / 1-199

(394) الموسوعة الفقهیة 19 / 52

(395) الخراج / 30

(396) الریس، الدکتور محمد ضیاء الدین، الخراج والنظم المالیة للدولة الاسلامیة، قاهره، دار الانصار، الطبعة الرابعة 1977 / 403

احمد شلبی، الدکتور، الاقتصاد فی الفکر الاسلامی، القاهرة = مکتبة النهضة المصریة، / 177

المرسی، محمود الدکتور، دراسة تحلیلیة للنظام المحاسبی فی الدولوین فی عصر

toobaa-elibrary.blogspot.com

الخلافة العباسية بمصر 659ھ - 923ھ - مجلة جامعة ام القرى (جامعة ام القرى / مكة المكرمة) العدد الثانی، العام 1409ھ / 264

محمد عثمان شبير، احكام الخراج فی الفقه الاسلامی، الكويت، دارالارقم، الطبعة الاولی 1406ھ / 1986ء / 21

(397) الخراج / خلاصہ صفحات 25 تا 29

(398) العشر، 6 تا 10

(399) الخراج / 25

(400) جو چیز گہرے سبز رنگ کی ہوتی ہے اس کو عرب عموماً "سواد" یعنی سیاہی مائل کہا کرتے ہیں۔

(401) الخراج / 25-26

ابن الجوزی، ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی، تاریخ عمر بن الخطاب (تعلیق - اسامہ عبدالکریم الرفاعی) دمشق = دار احیاء علوم الدین. 113'112

(402) ان میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت زبیر بن العوامؓ اور حضرت بلالؓ پیش پیش تھے۔

(403) تمام صحابہ کرام کے ناموں کا ذکر نہیں ہے۔ صرف بعض جلیل القدر صحابہ، حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت طلحہؓ وغیرہ کا ذکر ہے۔ ایک روایت میں ہے فاستشار المهاجرين الاولين، (آپ نے مہاجرین اولین سے مشورہ کیا) الخراج / 27 - اور بعض روایتوں میں ہے کہ فارسل الی عشرة من الانصار = خمسة من الاوس و خمسة من الخزرج من كبرائهم و اشرافهم الخراج / 27 (ترجمہ "پھر آپ نے انصار میں سے دس افراد کو بلا بھیجا۔ اوس اور خزرج (دونوں قبائل) کے اکابر و اشراف میں سے پانچ پانچ افراد۔"

(404) الخراج. 25'27

(405) ایضاً / 27

(406) یہ علاقہ اس وقت ایرانیوں کے قبضہ میں تھا اور ان ہی سے مسلمانوں نے لیا تھا۔

(407) الخراج / 27

(408) العشر، 6

(409) العشر، 7

(410) العشر، 10

(411) الخراج / 28'29

(412) ایضاً / 29

(413) العشر / 7

(414) الجصاص، احکام القرآن، 5 / 319

(415) الخراج / 27

(416) ایضاً / 29

(417) الرحبی، عبدالعزیز بن محمد، فقه الملوک و مفتاح الرتاج المرصد علی خزانة كتاب الخراج (تحقيق الدكتور احمد عبيد الكبيسی) بغداد، احياء التراث الاسلامی، 1973ء - 1 /

toobaa-elibrary.blogspot.com

204'203

(418) الزیلعی' تبیین الحقائق 3 / 273

بدوی' عبداللطیف عوض - النظام المالی الاسلامی المقارن - مصر' المجلس الاعلی للشؤن الاسلامیة' الطبعة الاولی 1392ھ / 55

(419) الخراج / 38'39

(420) ابو المعالی الجوینی' امام الحرمین عبدالملک بن عبداللہ' غیاث الامم فی التیاث الظلم (تحقیق و دراسة = الدکتور مصطفی حلمی - الدکتور فواد عبدالمنعم احمد) الاسکندریه' دار الدعوة / 209

(421) ابن اثیر' الکامل فی التاریخ' 4 / 104

(422) ابن الاثیر' الکامل فی التاریخ' 4 / 163

الطبری' تاریخ الرسل والملوک 6 / 569

(423) الجهشیاری' کتاب الوزراء / 134

(424) دیکھئے۔ محمد ابو الشیر، ابوجعفر منصور، بغداد، شرکة التجارة والطباعة / 84

(425) ابوالنصر' عمر' آثار ابن المقفع' بیروت = منشورات دار مکتبة الحیاة' الطبعة الاولی 1966ء / خلاصہ صفحات 345 تا 361

(اس کتاب میں رسالة فی الصحابة مکمل شکل میں موجود ہے)

(426) محمد کرد علی' محمد بن عبدالرزاق' کتاب خطط الشام' دمشق' مطبعة الترقی 1346ھ - 5 / 62'63

(427) ابن العمرانی' محمد بن علی' الانباء فی تاریخ الخلفاء' (تحقیق - الدکتور قاسم السامرائی) لایدن' 1973ء / 72

(428) الریس' الخراج / 406

الدجیلی' خوله شاکر' بیت المال نشاته و تطوره من القرن الاول حتی القرن الرابع الهجری' بغداد' مطبعة وزارة الاوقاف 1396ھ / 48

العزاوی' المحامی عباس' تاریخ الضرائب العراقیة (من صدر الاسلام الی آخر العهد العثمانی) بغداد = شرکة التجارة والطباعة' 1958ء / 100

(429) دیکھئے۔ السقاف، عبدالعزیز الوکیل، دراسات فی الخراج، مجلة الدعوة الاسلامیة شوال 1402ھ / 112

(430) دیکھئے۔ ایضاً / 114

(431) دیکھئے۔ ایضاً / 114

(432) ایضاً، / 116

(433) الخراج / 51

(434) ایضاً / 52

(435) ایضاً / 52

(436) ایضاً / 53

(437) ایضاً / 53'54

toobaa-elibrary.blogspot.com

(438) ایضاً / 54

(439) عراق کا دیہاتی علاقہ

(440) الخراج / 92

(441) ایضاً / 93

(442) ایضاً / 91

بدر الدین العینی، ابو محمد محمود بن احمد، عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، بیروت، محمد امین دمج، 16 / 210

(443) الخراج / 91، 92

(444) ایضاً / 92

(445) *Lokkegaard, Frede, Islamic Taxation in the calssic period" Lahore, Sind Sagar Academy. P 94.*

(446) ابن منظور، لسان العرب، 11 / 544

(447) ایضاً

(448) الطریحی، فخرالدین بن محمد بن علی، مجمع البحرین و مطلع النیرین، (تحقیق: احمدالحسینی) نجف = دارالکتب، 1961ء-5 / 449

الزمخشری، جار اللہ ابو القاسم محمود بن عمر، اساس البلاغۃ (کتاب پر ناشر کا نام اور مقام اشاعت تحریر نہیں) 1399ھ / 490

(449) الخراج / 114

(450) ایضاً

(451) *Ziaul Haque, Landlord and peasant in early Islam. Islamabad, Islamic research institute, 1984 / 288.*

(452) *Lokkegaard, Taxation, 94.*

(453) *Ziaul Haque. Landlord and peasant in early Islam. / 288*

(454) الجہشیاری، کتاب الوزراء والکتاب / 61

(455) ایضاً / 254

(456) الکندی، ابو عمر محمد بن یوسف، ولاۃ مصر، (تحقیق = دکتور حسین نصار) بیروت = دار صادر طبع، 1379ھ / 1959ء / 166، 167

المقریزی، تقی الدین احمد بن علی بن عبدالقادر بن محمد، کتاب الخطط المقریزیۃ (المواعظ والاعتبار فی ذکر الخطط والآثار) لبنان، مکتبۃ احیاء العلوم، 1 / 144

(الزرکلی نے بھی اپنی کتاب "الاعلام" میں اس واقعہ کو نقل کیا ہے)

دیکھئے، الاعلام 5 / 291

(457) الخراج / 114

toobaa-elibrary.blogspot.com

(458) امام ابویوسف نے اس ضمن میں درج ذیل آیات سے استدلال کیا ہے۔ وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَیُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ ○ (البقرۃ = 205)

"اور جب پیٹھ پھیر جاتا ہے تو اس دوڑ دھوپ میں رہتا ہے کہ زمین پر فساد کرے اور کھیتی اور جانوروں کو تلف کرے حالانکہ اللہ فساد کو (بالکل) پسند نہیں کرتا۔"

وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ۔ (الاعراف = 56)

"اور ملک میں اس کی درستی کے بعد فساد نہ مچاؤ۔"

(459) الخراج / 114، 115

(460) ایضاً / 115، 116

(461) ایضاً / 116

(462) ایضاً

(463) ایضاً / 114

(464) ایضاً / 115

(465) ایضاً / 116

(466) ایضاً / 116

(467) ایضاً / 116

(468) ایضاً / 115

(469) ایضاً / 116

(470) ایضاً / 116، 117

(471) ایضاً / 117

(472) غفاری، نور محمد ڈاکٹر "اسلام میں جاگیرداری اور زراعت" سہ ماہی منہاج لاہور، اپریل 1990ء / ص 92

(473) الخراج / 118

(474) ایضاً / 117

(475) ایضاً / 118

(476) ایضاً / 118

(477) ایضاً

(478) ایضاً / 117

(479) ایضاً / 117

(480) ایضاً / 117، 118

(481) ایضاً / 87

(482) ایضاً / 145

(483) ایضاً / 87

(484) ایضاً / 162

toobaa-elibrary.blogspot.com

(485) ایضاً / 163

(486) ایضاً / 162

(487) ایضاً

(488) ایضاً / 161

(489) ایضاً / 162

(490) ایضاً / 163'162

(491) ایضاً / 163

(492) ایضاً / 115

(493) ایضاً / 116

(494) ایضاً / 123

(495) المجمع الملکی لبحوث الحضارة الاسلامیة التنمیة من منظور الاسلامی' عمان' آل البیت / 387

(496) الخراج / 115

(497) ایضاً / 143'142

(498) ایضاً / 133

(499) ایضاً / 87'86

(500) روزنامہ جنگ لاہور' 19 نومبر 1996ء

(501) دیکھئے۔ محیی الدین ندوی، تاریخ اسلام (عہد خلافت راشدہ) ایڈیشن لاہور ناشران قرآن / 235، 236، 293، 294

(502) الخراج / 120

(503) ایضاً / 120

(504) ایضاً / 120

(505) ایضاً / 143

(506) ایضاً / 121

(507) ایضاً / 128

(508) ایضاً / 125

(509) ایضاً / 6

(510) دیکھئے۔

السامرائی' حسام الدین' دراسات فی الاقتصاد الزراعی للدولة العباسیة۔ مجلة البحث العلمی والتراث الاسلامی' مکہ مکرمہ 1402ھ / 366

(511) الزیلعی' تبیین الحقائق' 5 / 278

دامد آفندی' مجمع الانہر' 2 / 498

الکاسانی' بدائع الصنائع' 6 / 175

المرغینانی' الہدایة' 4 / 424

toobaa-elibrary.blogspot.com

(512) داماد آفندی، مجمع الانہر 2/ 498، 499

(513) السرخسی، المبسوط، 23/ 2 حنیفۃ

(514) ابویوسف، اختلاف ابی [illegible] وابن ابی لیلیٰ/ 41

(515) الخراج/ 95، 96

(516) داماد آفندی، مجمع الانہر، 2/ 499

(517) الخراج/ 96

(518) الطحاوی، شرح معانی الآثار، (عربی متن مع ترجمہ)، 4/ 128، 129

(519) الشیبانی، ابو عبداللہ محمد بن الحسن، کتاب الحجۃ علی اھل [illegible] المدینۃ (تحقیق و تعلیق مفتی مہدی حسن الشاہجہانپوری) لاہور، دار المعارف النعمانیۃ 4/ 138 تا 141

(520) الخطابی، ابو سلیمان احمد بن محمد، معالم السنن، قاہرہ، مطبعۃ السعادۃ 1357ھ / 3 / 94

(521) الخطابی، معالم السنن، 3/ 94

(522) الخراج/ 97، 98

(523) ایضاً/ 96

(524) ایضاً/ 98

(525) ایضاً

(526) ایضاً

(527) ایضاً/ 98، 99

(528) المرغینانی، الہدایۃ 4/ 426

(529) ایضاً، 4/ 430

(530) الکاسانی، بدائع الصنائع، 6/ 181

(531) کتب ظاہر الروایۃ سے مراد امام محمد کی چھ کتب ہیں جن پر فقہ حنفی کا اعتماد ہے۔ (1) کتاب الاصل المعروف بالمبسوط (2) الجامع الصغیر (3) الجامع الکبیر (4) السیر الصغیر (5) السیر الکبیر (6) کتاب الزیادات

(532) الکاسانی، بدائع الصنائع 6/ 179

السرخسی، المبسوط 23/ 20

(533) الکاسانی، بدائع الصنائع 6/ 179

السرخسی، المبسوط 23/ 22

(534) الکاسانی، بدائع الصنائع 6/ 181

(535) ایضاً/ 6

(536) الخراج/ 69

(537) ایضاً/ 71

(538) الکاسانی، بدائع الصنائع 6/ 194

الطحطاوی، احمد بن محمد حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار بیروت، دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر 4/ 213

toobaa-elibrary.blogspot.com

(539) الخراج / 69'71

(540) ایضاً / 69

(541) الخراج / 110

(542) ایضاً

(543) ایضاً / 71

(544) ایضاً / 69

(545) ایضاً / 70

(546) الطحاوی، شرح معانی الآثار (عربی متن مع ترجمہ) 3 / 395

(547) الخراج / 69'70

ظفر احمد عثمانی، مولانا، اعلاء السنن، کراچی، طبع باہتمام المولوی محمد شبیر علی التھانوی، سنۃ الطبع 1385ھ - 18 / 3'4

(548) الخراج / 70

(549) ایضاً / 71

(550) ایضاً / 72

(551) دیکھئے۔

ایضاً / 66'67

(552) الریس، الخراج / 145

(553) یحییٰ بن آدم، کتاب الخراج (صححه و شرحه و وضع فهارسه ابو الاشبال احمد محمد شاکر) لاهور، المکتبة العلمیة، الطبعة الاولی 1395ھ / 84

(554) البلاذری، احمد بن یحییٰ بن جابر، فتوح البلدان (نشره و وضع ملاحقه و فهارسه الدکتور صلاح الدین المنجد) قاهره، مکتبة النهضة المصریة 1 / 26

(555) الماوردی، ابوالحسن علی بن محمد حبیب البصری، "الاحکام السلطانیة والولایات الدینیة مصر، دار الفکر للطباعة والنشر والتوزیع 1404ھ باب نمبر 16، ص 164 تا 171

(556) الخراج / 66'67

(557) ایضاً / 69

(558) الحصری، احمد الدکتور، السیاسة الاقتصادیة والنظم المالیة فی الفقه الاسلامی مصر مکتبة الکلیات الازهریه، / 215

الخراج / 66

(559) الخراج / 66

(560) ایضاً / 63

(561) ایضاً / 71

(562) ایضاً / 66

(563) ایضاً / 67

toobaa-elibrary.blogspot.com

(564) ایضاً / 68

(565) ایضاً / 66

(566) ایضاً / 66

(567) ایضاً / 66

(568) ایضاً / 63

(569) ایضاً / 101

(570) ایضاً / 65

(571) ایضاً / 65

(572) ایضاً / 66

(573) ایضاً / 55

(574) ایضاً / 65

(575) ایضاً / 63

(576) ایضاً / 65

(577) الزیلعی، تبیین الحقائق، 4 / 2

(578) المرغینانی، الهدایة، 3 / 18

(579) علی الخفیف، مختصر احکام المعاملات الشرعیة، قاهره، مطبعة السنة المحمدیة الطبعة الرابعة، 1371ھ / 141

(580) ایضاً / 142

(581) السرخسی، المبسوط، 13 / 15

(582) المرغینانی، الهدایة، 3 / 29

(583) الکوثری، محمد زاهد بن الحسن، النکت الطریفة فی التحدث عن ردود ابن ابی شیبة علی ابی حنیفة القاهرة، مطبعة الانوار، الطبعة الاولی 1365ھ / 160
الشیبانی، کتاب الخارج فی الحیل / 39

(584) المرغینانی، الهدایة، 3 / 30، 31

(585) ایضاً / 35

(586) ابن رشد، بدایة المجتهد، 2 / 158

(587) ابن الهمام، فتح القدیر، 5 / 506

(588) السرخسی، المبسوط، 13 / 44

(589) حدیث کے الفاظ یہ ہیں من اشتری غنما مصراة فاحتلبها فان رضیها امسکها و ان سخطها ففی حلبتها صاع من تمر (ترجمہ جس نے مصراۃ بکری خریدی اور اس کا دودھ دوہ لیا۔ پھر اگر وہ راضی ہو تو اسے رکھ لے اور اگر راضی نہ ہو تو دودھ دوہنے کے بدلے کھجور کا ایک صاع دے دے)
البخاری، ابو عبداللہ محمد بن اسمعیل، صحیح البخاری، کتاب البیوع، باب ان شاء رد

toobaa-elibrary.blogspot.com

المصرة و فی حلبتها صاع من تمر 3/ 26

(590) الزرقاء مصطفٰی احمد' الفقه الاسلامی فی ثوبه الجدید' دمشق' مطبعة الحیاة' 1383ھ - 1 / 412

ابن دقیق' ابوالفتح تقی الدین' احکام الاحکام شرح عمدة الاحکام' بیروت' دارالکتب العلمیة - 3. 119

(591) المرغینانی' الهدایة' 3/ 32

(592) ایضاً' 3/ 32

(593) ایضاً - 3/ 32

(594) ایضاً' 35

(595) السرخسی' المبسوط' 13/ 76'77

المرغینانی' الهدایة' 3/ 37

(596) السرخسی' المبسوط' 13/ 74

(597) ایضاً' 13/ 72

خزانة

(598) السمرقندی' نصر بن محمد بن احمد بن ابراهیم' الفقه و عیون المسائل والنوازل (تحقیق الدکتور صلاح الدین) بغداد' مطبعة اسعد (جامعة بغداد) 1386ھ - 2/ 141

قدری افندی' عبدالقادر بن یوسف مجموعة فتاوی قدری افندی المعروف به واقعات المفتین آسیا آباد (مکران بلوچستان) دائرة المعارف الاسلامیة - / 92

(599) الکاسانی' بدائع الصنائع' 5/ 293

(600) المرغینانی' الهدایة' 3/ 38

(601) علی الخفیف' مختصر احکام المعاملات الشرعیة' / 153

(602) المرغینانی' الهدایة' 3/ 40

(603) السمرقندی' خزانة الفقه' 2/ 152

(604) المرغینانی' الهدایة' 3/ 43

(605) ایضاً' / 48

(606) المرغینانی' الهدایة' 3/ 48

(607) العینی' ابو محمد بدر الدین محمود بن احمد' البنایة فی شرح الهدایة المشهور عینی شرح هدایة' مکة المکرمة' المکتبة الامدادیة' 3/ 179

(608) ابوزهره' ابوحنیفة' خلاصہ صفحات 373 - 377

الطبری' ابوجعفر محمد بن جریر' اختلاف الفقهاء' تصحیح و تعلیق الدکتور فرید ریک البرلینی) بیروت' دارالکتب العلمیة' الطبعة الثانیة/ 72

(609) ابوزهره' ابوحنیفة' خلاصہ صفحات 373 - 377

(610) المظهری' التفسیر المظهری 1/ 415 (ایڈیشن بلوچستان بک ڈپو)

(611) المرغینانی' الهدایه' 3/ 95

toobaa-elibrary.blogspot.com

(612) ایضاً"

(613) ابو زہرہ، ابو حنیفہ (سرجمہ) 635

(614) ایضاً" 635

(615) الکاسانی، بدائع الصنائع، 5/202

(616) السرخسی، المبسوط، 12/138

(617) المرغینانی، الہدایۃ، 3/94

(618) ایضاً"

(619) السرخسی، المبسوط، 12/141، 142

(620) المرغینانی، الہدایۃ، 3/92، 93

(621) ایضاً" 3/87

(622) السمرقندی، خزانۃ الفقہ، 2/158

(623) المرغینانی الہدایۃ، 3/99

(624) السرخسی، المبسوط، 12/154

(625) ایضاً"، 205

(626) ایضاً"، 209، 210

(627) الہدایۃ 3/73

(628) السرخسی، المبسوط، 13/90

الکاسانی، بدائع الصنائع، 5/224

(629) المرغینانی، الہدایۃ، 3/71

داماد آفندی، مجمع الانہر، 2/76

السرخسی، المبسوط 13/86

(630) المرغینانی، الہدایۃ، 3/72

(631) ابو زہرہ، ابو حنیفہ

(632) المرغینانی، الہدایۃ، 3/88

(633) ایضاً"

(634) ایضاً" 3/90، 91

(635) ایضاً"، 3/91

(636) التھانوی، محمد اعلی بن علی، کشاف اصطلاحات الفنون، کلکتہ 1278، 4/1211

المرغینانی، الہدایۃ، 3

(637) الکاسانی، بدائع الصنائع، 5/306

(638) ایضاً"

السنہوری، عبدالرزاق، مصادر الحق فی الفقہ الاسلامی، بیروت دار احیاء التراث العربی جلد 2 الجزء السادس، ص 249

toobaa-elibrary.blogspot.com

(639) المرغینانی' الهدایة' 3/ 69'70

(640) الکاسانی' بدائع الصنائع' 5/ 306

المرغینانی' الهدایة' 3/ 69'70

(641) الکاسانی' بدائع الصنائع' 5/ 307

(642) المرغینانی' الهدایة' 3/ 82'83

(643) ایضاً" / 85

(644) ایضاً" / 83

(645) ایضاً" / 84

(646) ایضاً" / 54

(647) ایضاً" 3' / 54

(648) ایضاً" 3' / 54

(649) ایضاً" / 54

(650) الکاسانی' بدائع الصنائع 5/ 148

(651) السرخسی' المبسوط' 12/ 195

(652) الخراج/ 216

(653) ایضاً"

(654) ایضاً" / 216

(655) الکاسانی' بدائع الصنائع 5/ 161

(656) السمرقندی' خزانة الفقه 2/ 132

(657) النسفی' عمر بن محمد بن احمد بن اسماعیل' الخلافیات' بغداد' مکتبة الاوقاف الطبعة الاولی 1983م/ 315

(658) المرغینانی' الهدایة' 3/ 74

(659) الکاسانی' بدائع الصنائع 5/ 250

(660) المرغینانی' الهدایة' 3/ 22

(661) الکاسانی' بدائع الصنائع 6/ 27

(662) ایضاً"

(663) ایضاً" 6' / 30

(664) ایضاً" 6' / 31

(665) ایضاً" 6' / 31

(666) المرغینانی' الهدایة' 3/ 33

(667) بیع بالتعاطی سے مراد ہے زبان سے ایجاب و قبول کے کلمات ادا کئے بغیر بائع (seller) کا مشتری (purchaser) کو مبیع (thing sold) پکڑانا اور مشتری کا بائع کو ثمن (price) دینا۔ یہ ایک خاموش لین دین کا معاملہ ہے۔ خرید و فروخت کا ایک

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاملہ یوں بھی طے پاتا ہے کہ ایک شخص بازار سے گزر رہا ہوتا ہے۔ مثلاً یہ آواز سنتا ہے کہ "ہر مال دو دو روپیہ" وہ سامان پر نظر ڈالتا ہے، کوئی چیز پسند کر کے سامان والے کے ہاتھ پر دو روپے رکھتا ہے اور پسندیدہ چیز اٹھا کر آگے بڑھ جاتا ہے۔

یا ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک شخص ڈیپارٹمنٹل سٹور (Departmental Store) میں داخل ہوتا ہے۔ ضرورت کی اشیاء اکٹھی کر کے کاؤنٹر پر بیٹھے ہوئے شخص کے سامنے رکھ دیتا ہے۔ وہ بل بنا کر دیتا ہے۔ خریدار بل کی ادائیگی کر کے سامان وصول کر لیتا ہے۔

یعنی ان دونوں مواقع میں کوئی لفظ زبان سے ادا کئے بغیر خریداری کا عمل پورا ہو گیا۔

(668) ابن عابدین حاشیۃ ردالمحتار 6/6

لجنۃ من علماء الھند۔ فتاویٰ عالمگیری، (لکھنؤ، منشی نو لکشور) کتاب الاجارۃ، 3/747

(669) الزیلعی، نصب الرایۃ 4/16، 17

(670) الغزنوی، ابو حفص سراج الدین عمر بن اسحاق، الغرۃ المنیفۃ فی ترجیح مذھب الامام ابی حنیفۃ مخطوطہ، کراچی کتب خانہ بمدرد دواخانہ نمبر 1188/214

(671) الکاسانی، بدائع الصنائع 5/143

(672) ایضاً 5/180، 181

(673) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمحتار 5/255 (ایڈیشن، بیروت، دار احیاء التراث العربی)

(674) الشرباصی، احمد الدکتور، معجم الاقتصادی الاسلامی، بیروت، دار الجیل، 19/

(675) الترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، جامع الترمذی، ابواب البیوع باب ماجاء فی الاحتکار، 1/239

(676) ایضاً

(677) المرغینانی، الھدایۃ، کتاب الکراھیۃ 2/468 (ایڈیشن، کراچی، محمد علی کارخانہ اسلامی کتب)

داود العبادی، عبدالسلام الدکتور، الملکیۃ فی الشریعۃ الاسلامیۃ طبیعتھا و وظیفتھا و قیودھا دراسۃ مقارنۃ بالقوانین والنظم الوضعیۃ، عمان، مکتبۃ الاقصیٰ، الطبعۃ الاولی 1977ء، 2/49

(678) الکاسانی، بدائع الصنائع 5/129

(679) النمل/20

(680) داماد آفندی، مجمع الانہر 2/321

الزیلعی، تبیین الحقائق 5/52

(681) الکاسانی، بدائع الصنائع 6/80

(682) ایضاً، 6/80

(683) ایضاً

(684) ایضاً، 6/83

(685) ایضاً، 6/85

(686) ایضاً، 6/97

(687) السرخسی، المبسوط 22/29

(688) الکاسانی، بدائع الصنائع 6/86

toobaa-elibrary.blogspot.com

(689) ایضاً 6/ 85'86

(690) السرخسی' المبسوط 22/ 131

الکاسانی' بدائع الصنائع 6/ 82

(691) فتاویٰ عالمگیری' کتاب المضاربت

(692) الکاسانی' بدائع الصنائع 6/ 82

(693) ایضاً 6/ 83

(694) ایضاً 6/ 101

(695) ایضاً 6/ 87'88

(696) ایضاً 6/ 88

(697) السرخسی' المبسوط' 22/ 39

الطحاوی' احمد بن محمد بن سلامہ' مختصر الطحاوی' (تحقیق ابو الوفا الافغانی) القاہرۃ' 1370ھ/ 125

(698) الکاسانی' بدائع الصنائع' 6/ 108

(699) ایضاً 6/ 110'111

(700) داماد آفندی' مجمع الانہر' 2/ 328

(701) نجات اللہ صدیقی' ڈاکٹر' شرکت و مضاربت کے شرعی اصول' لاہور' اسلامک پبلی کیشنز طبع سوم' 1981ء/ 19

(702) الکاسانی' بدائع الصنائع 6/ 57

(703) ایضاً 6/ 61

(704) ایضاً 6/ 62

(705) ایضاً 6/ 63

(706) المرغینانی' الہدایۃ کتاب الاجارات' 2/ 291 (ایڈیشن کراچی' محمد علی کارخانہ اسلامی کتب)

(707) الجزیری' عبد الرحمٰن بن محمد کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعۃ' بیروت دار الفکر' 1969ء' 3/ 94

(708) القصص/ 26

(709) ابن ماجہ' ابو عبداللہ محمد بن یزید' سنن (تحقیق و تعلیق محمد فواد عبدالباقی) کتاب الرہون' باب اجر الاجراء' دار احیاء التراث العربی' 2/ 817

(710) الکاسانی' بدائع الصنائع 4/ 222

(711) ایضاً 4/ 202

(712) ایضاً 4/ 221

(713) اجیر مشترک اس مزدور کو کہتے ہیں جو اپنا ایک مستقل فنی کاروبار کرتا ہے اور ہر شخص اس کام کے سلسلے میں اس سے خدمت لیتا ہے۔ مثلاً کپڑا بننے یا کپڑا سینے وغیرہ کا کام لینا۔ اور اجیر خاص سے مراد وہ مزدور ہے جو اپنی خدمات کسی ایک شخص کے لئے بعوض وقف کر دے' مثلاً گھر کا ملازم' بیرہ اور باورچی۔

(714) الکاسانی' بدائع الصنائع 4/ 210

(715) السمرقندی' ابوبکر علاء الدین محمد بن احمد' تحفۃ الفقہاء' (تحقیق و تعلیق الدکتور محمد زکی عبدالبر) قطر' ادارۃ احیاء التراث

toobaa-elibrary.blogspot.com

الاسلامی-2 / 523

الجوہری، محمد بن الحسن، نوادر الفقہاء (تحقیق=الدکتور محمد فضل عبدالعزیز المراد) دمشق، دارالقلم للطباعۃ والنشر والتوزیع، الطبعۃ الاولی 1414ھ / 256

الطرابلسی، ابوالحسن علاء الدین علی بن خلیل، معین الحکام فیما یتردد بین الخصمین من الاحکام، القاھرۃ، المطبعۃ المیمنیۃ 1310ھ / 200

الکاسانی، بدائع الصنائع 4 / 210

(716) قاضی نظام الدین، شہاب الدین احمد بن محمد، فتاویٰ ابراہیم شاہی (عربی مخطوطہ) نمبر 98 11 1857، پنجاب یونیورسٹی لائبریری، 2 / ورق 170 الف

(717) الکاسانی، بدائع الصنائع، 4 / 210، 211

(718) ایضاً، 4 / 212

السرخسی، المبسوط 16 / 14

(719) المرغینانی، الھدایۃ، کتاب الکراھیۃ 2 / 471 (ایڈیشن، کراچی، محمد علی کارخانہ اسلامی کتب)

(720) ایضاً

(721) الکاسانی، بدائع الصنائع 4 / 190

(722) المائدۃ=2

(723) ابوداود، سلیمان بن الاشعث السجستانی، سنن ابی داؤد، (و معہ کتاب معالم السنن للخطابی) اعداد و تعلیق عزت عبید الدعاس۔ عادل السید، کتاب الاشربۃ باب العنب یعصر للخمر، بیروت، دار الحدیث للطباعۃ والنشر 4 / 82

(724) الکاسانی، بدائع الصنائع 4 / 205

(725) المرغینانی، الھدایۃ کتاب الاجارات

(726) الکاسانی، بدائع الصنائع 4 / 219

(727) ایضاً، 4 / 186

(728) ایضاً، 4 / 199

السرخسی، المبسوط 16 / 4

(729) الکاسانی، بدائع الصنائع 4 / 202

(730) ایضاً، 4 / 202

(731) ایضاً، 4 / 204

(732) ایضاً، 4 / 191

(733) ایضاً، 4 / 178

السمرقندی، خزانۃ الفقہ 2 / 234

(734) الخراج / 3

(735) یہ "جالیہ" کی جمع ہے۔ اصلاً اس کے معنی گروہ کے ہیں۔ جن ذمیوں کو حضرت عمرؓ نے جزیرۃ العرب سے جلاوطن کر دیا تھا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان کو اسی مناسبت سے جالیہ کہا جانے لگا۔ پھر یہ لفظ اس جزیہ کے لئے بولا جانے لگا جو ان سے وصول کیا جاتا تھا۔ رفتہ رفتہ ہر طرح کے جزیہ کو یہی نام دے دیا گیا۔ خواہ جزیہ دینے والا کبھی بھی جلاوطن نہ کیا گیا ہو۔ (ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی 'اسلام کا نظام محاصل) / 106

(736) الجزیری 'کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعۃ 4 / 553

ابن نجیم 'البحر الرائق 4 / 188 (ایڈیشن 'کوئٹہ 'المکتبۃ الماجدیۃ)

(737) البقرۃ = 233

(738) الطلاق = 7

(739) الکاسانی 'بدائع الصنائع 4 / 19

(740) البوبکانی 'المتانۃ / 447

(741) الکاسانی 'بدائع الصنائع 4 / 19

(742) المرغینانی 'الہدایۃ 418/2

(743) السرخسی 'المبسوط 5 / 186

(744) الکاسانی 'بدائع الصنائع 4 / 20

(745) البوبکانی 'المتانۃ / 447'448

(746) الکاسانی 'بدائع الصنائع 4 / 24

ابن عابدین 'حاشیۃ ردالمحتار 3 / 589'590

(747) ابن ابی الدم الحموی' شہاب الدین ابو اسحاق ابراھیم بن عبداللہ' کتاب ادب القضاء و ھو الدر المنظومات فی الاقضیۃ والحکومات (تحقیق - الدکتور محمد مصطفٰی الزحیلی) دمشق - دار الفکر' الطبعۃ الثانیۃ 1402ھ / 586

(748) الکاسانی 'بدائع الصنائع 4 / 27

(749) ایضاً 4 / 28

البوبکانی 'المتانۃ / 451

ابن عابدین 'حاشیۃ ردالمحتار علی الدر المختار 3 / 582

(750) البوبکانی 'المتانۃ / 452

ابن عابدین 'حاشیۃ ردالمحتار 3 / 582

(751) الکاسانی 'بدائع الصنائع 4 / 27

(752) ایضاً 4 / 29

(753) ابن نجیم 'البحر الرائق 2 / 177

(754) الکاسانی 'بدائع الصنائع 4 / 36

(755) ایضاً 4 / 35

(756) الزیلعی 'تبیین الحقائق 5 / 190

الراغب الاصفہانی' الحسین بن محمد' المفردات فی غریب القرآن' کراتشی' نور محمد' اصح المطابع' / 108'109

toobaa-elibrary.blogspot.com

(757) ابن قدامہ' المغنی 4/ 508

(758) الرملی' شمس الدین محمد بن احمد' نهایة المحتاج الی شرح المنهاج فی الفقه علی مذهب الامام الشافعی' دار الفکر للطباعة والنشر والتوزیع 4/ 353

(759) الکاسانی' بدائع الصنائع 7/ 169

(760) فخر الدین عثمان بن علی' الزیلعی (م 743ھ / 1342ء) نے سفیہ کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے۔
"السفیه من عادته التبذیر والاسراف فی النفقة وان یتصرف تصرفا لا لغرض او لغرض لا یعده العقلاء من اهل الدیانة غرضا" (تبیین الحقائق 5/ 192)
"سفیہ وہ ہے جس کی عادت تبذیر اور اخراجات میں اسراف ہو اور جو بغیر مقصد تصرف کرے یا اس کے تصرف کا مقصد ایسا ہو جسے دین دار عقلاء مقصد شمار نہ کریں۔"

(761) الکاسانی' بدائع الصنائع 7/ 169
شلتوت' محمود محمد ..... السایس محمد علی' مقارنة المذاهب فی الفقه مصر' مطبعة محمد علی' طبع 1373ھ / 1953ء / 146

(762) المرغینانی' الهدایة 3/ 354

(763) ایضاً 3/ 358' 359

(764) الکاسانی' بدائع الصنائع 7/ 169

(765) الجصاص' احکام القرآن 2/ 216

(766) السرخسی' المبسوط' 24/ 163

(767) ایضاً' 24/ 175

(768) الخراج/ 52

(769) نجات اللہ صدیقی' ڈاکٹر' "امام ابو یوسف کا معاشی فکر" ماہنامہ ترجمان القرآن' لاہور' شمارہ ستمبر 1964ء / 46' 47

(770) النمنکانی' حامد مرزا الفرغانی' الفتح الرحمانی فی فتاوی السید ثابت ابی المعانی' (تصحیح' نعمان محمد الشکندی) القاهرة' مطبعة دار الجهاد الطبعة الثانیة 1396ھ' 2/ 100
نزیه کمال حماد' الدکتور' تغیر النقود و اثره علی الدیون فی الفقه الاسلامی' مجلة البحث العلمی والتراث الاسلامی' (طبع باشراف دار مکة) العدد الثالث' 1400ھ / 74

(771) الخراج/ 204

(772) ایضاً/ 105

(773) الزیلعی' تبیین الحقائق 5/ 239

(774) لجنة مولفة من العلماء المحققین' مجلة الاحکام العدلیة' کراتشی قدیمی کتب خانه' مادة/ 950

(775) الکاسانی' بدائع الصنائع 5/ 5

(776) ایضاً

(777) ایضاً 5/

toobaa-elibrary.blogspot.com

(778) ایضاً 9/5

(779) ایضاً 9/5

(780) ایضاً 10/5

(781) ایضاً

(782) ایضاً

(783) ایضاً

(784) ایضاً

(785) فتاویٰ عالمگیری

(786) الکاسانی، بدائع الصنائع 23/5

(787) ایضاً 35/5

(788) المدثر-38

(789) الزیلعی، تبیین الحقائق 62/6

(790) البقرۃ=283

(791) الکاسانی، بدائع الصنائع 118/6

(792) الجصاص، احکام القرآن 531/1

(793) ایضاً 533/1

(794) مریم=5

(795) الشوریٰ=49

(796) الزیلعی، تبیین الحقائق 91/5

(797) الکاسانی، بدائع الصنائع 118/6

(798) ایضاً 121/6

(799) ایضاً 122/6

(800) ایضاً 127/6

(801) قاضی نظام الدین، شہاب الدین احمد بن محمد، فتاویٰ ابراہیم شاہی حصہ دوم، مخطوطہ، پنجاب یونیورسٹی لائبریری نمبر 1198، 1857، ورق/ب 150

(802) ابن حجر، فتح الباری 5/ [illegible] 214 (ایڈیشن بیروت دار المعرفۃ)
العینی، عمدۃ القاری [illegible] 13/146 (ایڈیشن دار الفکر)

(803) الکاسانی، بدائع الصنائع 192/5

(804) ایضاً

(805) الکرمانی، محمد بن یوسف، الکواکب الدراری فی شرح صحیح البخاری، القاهرة موسسة المطبوعات الاسلامیة 37/5

رمضان علی السید، الدکتور، التعزیر بالمال فی الشریعة الاسلامیة (العقوبة بالمال) مجلة

toobaa-elibrary.blogspot.com

الشریعۃ والقانون العدد الاول 1978ء جامعۃ صنعاء کلیۃ الشریعۃ والقانون' / 98

(806) ابن عابدین' حاشیۃ رد المحتار 4 / 61

(807) ابن نجیم' البحر الرائق 5 / 44

ابن عابدین' حاشیۃ ردالمحتار 4 / 61

(808) الکاسانی' بدائع الصنائع 7 / 394

(809) ایضاً" 7 / 395

(810) ایضاً"

(811) ایضاً" 7 / 396

(812) الاناسی' محمد خالد' شرح المجلۃ' کوئٹہ' مکتبۃ اسلامیۃ 2 / 437

(813) الناگوری' ابوالفتح رکن بن حسام' فتاویٰ حماویہ (ایک فقہی مخطوطہ) پنجاب یونیورسٹی لائبریری' شیرانی کلیکشن نمبر 3909' ورق 211 /

(814) تنزیل الرحمٰن' ڈاکٹر مجموعہ قوانین اسلام' اسلام آباد' ادارہ تحقیقات اسلامی' طبع دوم 1985ء 5 / 1569

(815) السجاوندی' سراج الدین محمد بن عبدالرشید' السراجی فی المیراث (مع حاشیہ' دلیل الوراث) ملتان' مکتبہ شرکت علیہ / 52

بدران' ابو العینین بدران' احکام التترکات والمواریث فی الشریعۃ الاسلامیۃ والقانون' مصر' دار المعارف' الطبعۃ الاولی 1964ء / 290

عمر عبد اللہ' احکام المواریث فی الشریعۃ الاسلامیۃ' مصر' دار المعارف الطبعۃ الثانیۃ 1957ء / 357

(816) السجاوندی' السراجی' / 49

(817) ابو زہرہ' محمد بن احمد' احکام التترکات والمواریث' دار الفکر العربی' / 228' 229

خیری المفتی' منذر محمد' علم الفرائض المواریث فی الشریعۃ الاسلامیۃ والقانون الوضعی' (کتاب پر ناشر کا نام تحریر نہیں) طبع 1403ھ / 340' 341

السجاوندی' السراجی / 40

(818) السجاوندی' السراجی / 29

(819) الزیلعی' تبیین الحقائق 6 / 182

(820) الکاسانی' بدائع الصنائع 7 / 342

(821) ایضاً"

(822) ایضاً" 7 / 343

(823) السمرقندی' خزانۃ الفقہ 2 / 73

(824) الکاسانی' بدائع الصنائع 7 / 344

(825) ایضاً" 7 / 350

(826) ایضاً"

(827) ایضاً" 7 / 380

toobaa-elibrary.blogspot.com

(828) ایضاً 7/ 333

(829) السرخسی، المبسوط 28/ 41، 42

(830) ایضاً 28/ 35، 36

(831) الکاسانی، بدائع الصنائع 7/ 374

(832) ایضاً

(833) الترمذی، سنن، باب ماجاء فی ابطال میراث القاتل (ایڈیشن) الریاض، مکتب التربیۃ العربی 2/ 215

(834) الکاسانی، بدائع الصنائع 7/ 340

(835) ایضاً

(836) الخراج/ 105

(837) الدرینی، فتحی الدکتور، نظریۃ التعسف فی استعمال الحق، بیروت، موسسۃ الرسالۃ، الطبعۃ الثالثۃ 1401ھ/ 245

(838) الخراج/ 107

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب چہارم

امام ابو یوسف کے معاشی افکار و نظریات کا تنقیدی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصول

فصل اوّل — کتاب الخراج پر ایک تحقیقی نظر

فصل دوم — مالیات عامہ

فصل سوم — خراج اور جزیہ سے متعلق ابو یوسف کے معاشی فکر پر مستشرقین کی تنقید اور اس کا تحقیقی جائزہ

فصل چہارم — اسلامی ریاست کی معاشی ذمّہ داریاں

فصل پنجم — معاشی اصلاحات کی افادیت

فصل ششم — مسائل زمین

فصل ہفتم — متفرق معاشی افکار

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اوّل

کتاب الخراج پر ایک تحقیقی نظر

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کو دیگر مسلم ماہرین معاشیات پر اس لحاظ سے فوقیت حاصل ہے کہ آپ نے ایک اسلامی حکمران کی راہنمائی کے لئے عام فقہی آراء سے الگ' خالص اقتصادی فکر (Economic Thinking) پر مبنی کتاب پیش کی۔ اس کتاب کے مطالعہ سے ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کے عہد کے معاشی حالات سے بھی آگاہی ہوتی ہے۔

کتاب الخراج کا موضوع وہ معاملات ہیں جو حکومت اور رعایا کے مابین رونما ہوتے ہیں اور جن کا تعلق اس بات سے ہے کہ مملکت کا نظام چلاتے وقت حکومت کی پالیسی کس طرح کی ہونی چاہیے۔ مثلاً بندوبست اراضی' نظام آبپاشی' نظام محصولات' قوانین جرائم' غیر مسلموں کے ساتھ رویہ وغیرہ۔

کتاب الخراج کی ابتداء ایک طویل مقدمہ سے ہوئی ہے۔ جس میں امام ابویوسف نے نہایت مخلصانہ اور اثر انگیز انداز میں خلیفہ کو رعیت پروری کی ہدایت کی ہے۔

یہ کتاب متوسط تقطیع کے 235 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تقریباً 158 ارشادات اور صحابہ و تابعین کے 336 اقوال بیان ہوئے ہیں۔ ان روایات میں اکثر تو مختصر ہیں لیکن ایک خاص تعداد ایسی روایتوں کی بھی ہے جو کئی کئی صفحات پر پھیلی ہوئی ہیں۔ یہ روایات خلفائے اربعہ اور پہلی دوسری صدی ہجری کے صحابہ کرام اور تابعین کی بہترین فقہی و قانونی آراء پر مشتمل ہیں اور قرن اول و ثانی کی اسلامی دنیا کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہیں۔

امام ابویوسف کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دربار خلافت کے سوال کا جواب دیتے ہیں اور پھر اس جواب کی تائید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' صحابہ یا تابعین کے قول یا فعل کو بطور سند پیش کرتے ہیں۔ کتاب الخراج کے مطالعہ کے بعد یہ رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ آپ نے احادیث و روایات کے انتخاب میں گہری دینی بصیرت کا ثبوت دیا ہے۔ وہ صرف ایسی احادیث پیش کرتے ہیں جو قرآن اور اسلام کی روح سے ہم آہنگ ہیں۔

آپ نے احکام اراضی اور ٹیکسوں کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تقریباً ساٹھ (60) ارشادات نقل کئے ہیں۔ ان احادیث میں سے پچپن (55) احادیث وہ ہیں جن کی سند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے۔ اور باقی پانچ وہ ہیں جن میں یہ الفاظ ملتے ہیں <عن بعض اشیاخنا> (1)

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں جو احادیث نقل کی ہیں ان کو صحاح ستہ کے مولفین اور دیگر اہم محدثین نے اپنی کتب میں تحریر کیا ہے۔ ہم یہاں صرف معاشیات کے موضوع پر چند احادیث کی مثالیں پیش کرتے ہیں۔

(1) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تزول قدما عبد یوم القیامۃ حتی یسال عن اربع = عن علمہ ما عمل فیہ' و عن عمرہ فیم افناہ' و عن مالہ من

toobaa-elibrary.blogspot.com

این اکتسبه و فیم انفقه؟ و عن جسده فیم ابلاه(2)

اس حدیث کو' ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی (م 279ھ / 892ء) نے اپنی جامع' ابواب صفة القیامة' باب ما جاء فی شان الحساب والقصاص میں حضرت ابی برزہ الاسلمی سے روایت کیا ہے اور یہ لکھا ہے کہ "ھذا حدیث حسن صحیح"(3)

(2) و حدثنی سفیان بن عیینة عن ایوب عن الحسن قال - غلا السعر علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال الناس - یا رسول الله الا تسعر لنا؟ فقال صلی الله علیه وسلم ان الله هو المسعر' ان الله هو القابض' ان الله هو الباسط' و انی والله ما اعطیکم شیئا و لا امنعکموه' و لکن انما انا خازن اضع هذا الامر حیث امرت' و انی لا رجو ان القی الله و لیس احد یطلبنی' بمظلمة ظلمتها ایاه فی نفس و لا دم و لا مال(4)

اس حدیث کو ابو عبداللہ محمد بن یزید' ابن ماجہ (م 273ھ / 887ء) نے سنن' کتاب التجارات' باب من کرہ ان یسعر میں حضرت انس ؓ بن مالک (م 93ھ / 712ء) کی روایت سے تحریر کیا ہے۔(5)

(3) قال - و حدثنی محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلی عن الحکم بن عتیبة عن مقسم عن عبدالله بن العباس رضی الله عنهما ان رسول الله صلی الله علیه وسلم افتتح خیبر فقال له اهلها - نحن اعلم بعملها منکم فاعطاهم ایاها بالنصف' ثم بعث عبدالله ابن رواحة یقسم بینه و بینهم فاهدوا الیه فرد هدیتهم و قال - لم یبعثنی النبی صلی الله علیه وسلم لآکل اموالکم و انما بعثنی لاقسم بینکم و بینه' ثم قال - ان شئتم عملت و عالجت و کلت لکم النصف و ان شئتم عملتم و عالجتم و کلتم النصف فقالوا - بهذا قامت السموات والارض(6)

اس حدیث کو ابن ماجہ نے سنن' کتاب الزکوۃ' باب خرص النخل والعنب' میں حضرت عبداللہ بن عباس ؓ (م 68ھ / 687ء) کی روایت سے تحریر کیا ہے۔(7)

(4) و فی الرکاز الخمس - فقیل له - ما الرکاز یا رسول الله؟ فقال الذهب والفضة الذی خلقه الله فی الارض یوم خلقت(8)

اس حدیث کو سلیمان بن الاشعث' ابوداؤد (م 275ھ / 889ء) نے سنن' کتاب الخراج والامارۃ والفیٔ' باب ماجاء

toobaa-elibrary.blogspot.com

فی الرکاز میں حضرت ابو ہریرہ، عبدالرحمٰنؓ بن حرمز (م 59ھ / 679ء) سے کچھ الفاظ کے اختلاف کے ساتھ نقل کیا ہے۔(9)

(5) عن جابر بن عبدالله رضی الله تعالی عنهما، عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال = لیس فیما دون خمسة اوسق صدقة(10)

اس حدیث کو ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل، البخاری (م 256ھ / 870ء) نے اپنی کتاب "الصحیح" کی کتاب الزکاۃ، باب ما ادی زکاته فلیس بکنز میں نقل کیا ہے۔(11)

(6) عن علی بن ابی طالب رضی الله عنه، انه قال = ما سقت السماء ففی کل عشرة واحدة، و ما سقی بالغرب ففی کل عشرین واحد(12)

مالک بن انس (179ھ / 795ء) نے الموطا، کتاب الزکاۃ باب زکاۃ ما یخرص من ثمار النخیل والاعناب میں حضرت سلیمان بن یسار کی روایت سے کچھ الفاظ کے اختلاف کے ساتھ یہ حدیث تحریر کی ہے۔(13)

(7) عن سعید بن زید قال قال رسول الله صلی الله علیه وسل من اخذ شبرا من ارض بغیر حق طوقه من سبع ارضین(14)

امام بخاری نے الصحیح، کتاب بدء الخلق، باب ما جاء فی سبع ارضین میں ام المومنین حضرت عائشہؓ (م 58ھ / 678ء) سے کچھ الفاظ کے اختلاف کے ساتھ نقل کی ہے۔(15)

(8) عن عائشة رضی الله عنها عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من احیا ارضا میتة فهی له، و لیس لعرق ظالم حق(16)

یہ حدیث ابو داود نے سنن، کتاب الخراج والامارۃ والفئی باب فی احیاء الموات میں نقل کی ہے۔(17)

(9) قال ابو یوسف - حدثنا مسلم الخرامی عن انس بن مالک ان رسول الله صلی الله علیه وسلم دفع خیبر الی الیهود مساقاة بالنصف و کان یبعث الیهم عبدالله بن رواحة فیخرص علیهم ثم یخیرهم ای النصفین شاء وا او یقول لهم - اخرصوا انتم و خیرونی، فیقولون - بهذا قامت السماوات والارض(18)

امام مالک نے الموطا، کتاب المساقاۃ، باب ما جاء فی المساقاۃ میں حضرت سلیمانؓ بن یسار سے یہ حدیث نقل کی ہے۔(19)

(10) قال = و حدثنی هشام بن عروة عن ابیه عن ابی حمید الساعدی، قال

toobaa-elibrary.blogspot.com

= استعمل النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجلا یقال له ابن اللتبیة علی صدقات بنی سلیم' فلما قدم قال = هذا لکم و هذا اهدی الی' قال - فقام النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر فحمد اللہ و اثنی علیہ' ثم قال - ما بال عامل ابعثه فیقول هذا لکم و هذا اهدی الی = افلا قعد فی بیت ابیه و بیت امه حتی ینظر ایهدی الیه ام لا؟ والذی نفسی بیده لا یاخذ منها شیئا الا جاء به یوم القیامة یحمله علی رقبته' اما بعیر له رغاء او بقرة لها خوار اوشاة تیعر - ثم رفع یدیه حتی روی بیاض ابطیه - فقال اللهم هل بلغت؟

(20)

اس حدیث کو ابو داؤد نے سنن' کتاب الخراج والامارة والفئی باب فی هدایا العمال میں تحریر کیا ہے۔

(21)

جہاں تک صحابہ کے اقوال کا تعلق ہے تو آپ نے ان صحابہ کو سند کے لئے پیش کیا ہے جن کے کارنامے زیادہ مشہور ہیں۔ مثلاً اس کتاب میں حضرت عمرؓ بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء) کے اقوال و افعال کے حوالے سب سے زیادہ پیش کئے گئے ہیں۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے الفاظ میں "حضرت عمرؓ کا نسبتاً طویل عہد خلافت اور انتظامی اور مالی امور میں آپ کے اختیار کئے ہوئے طریقے اس کتاب میں ابو یوسف کے استنباط و اجتہاد کا سب سے بڑا ماخذ ہیں۔ آپ کے عہد کی فتوحات' مفتوحہ علاقوں کا بندوبست' نصاریٰ بنو تغلب کے ساتھ آپ کا برتاؤ' محاصل چنگی کا آغاز' عراق و شام کی زمینوں کے بارے میں آپ کا تاریخی فیصلہ' اموال فئے کی تقسیم کے بارے میں آپ کی پالیسی' آپ کے زمانہ میں خراج کی شرحیں اور اس کی تحصیل کے طریقے' اہل ذمہ کے ساتھ آپ کا برتاؤ' آپ کے کئے ہوئے معاہدے اور عمال حکومت کی سیرت و کردار' طرز رہائش اور مشاہروں کے بارے میں آپ کا نظریہ وغیرہ وہ اہم موضوعات ہیں جن پر اس کتاب میں مستند تاریخی مواد ملتا ہے۔(22)

حضرت ابوبکر صدیقؓ (عبداللہ بن ابی قحافہ عثمان) (11-13ھ / 633-634ء) اور حضرت علیؓ بن ابی طالب (35-40ھ / 656-661ء) کے عمل سے بھی استناد کیا گیا ہے۔ حضرت عثمان غنیؓ (24-35ھ / 645-655ء) کے عہد کے بعض نظائر بھی پیش کئے گئے ہیں جو نجران کے اہل ذمہ' جاگیروں اور بعض فوجداری قوانین سے متعلق ہیں۔ اس طرح اس کتاب میں خلافت راشدہ سے متعلق بہت سا تاریخی مواد فراہم کر دیا گیا ہے۔

حضرت عمرؓ کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) کے اقوال و آراء سب سے زیادہ بطور سند بیان کئے گئے ہیں۔ (23) محاصل کی تحصیل اور اس کے طریقہ میں شرعی اصلاحات کے نفاذ' عشر' خراج' جزیہ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

عشور کی شرحوں اور فلاح عامہ سے متعلق امور پر آپ کے نظائر سے استنباط کیا گیا ہے۔ عبدالملک بن مروان (65-86ھ / 686-707ء) کے دور کی ایک نظیر عراق میں جزیہ اور خراج کی شرحوں کے سلسلہ میں پیش کی گئی ہے۔(24)

مالی نظام کے سلسلہ میں ان تاریخی تفصیلات کی بڑی اہمیت ہے کیونکہ اسلامی معاشرہ کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین کی سنت احکام شریعت کا ماخذ ہے۔ اس مبارک دور کے بعد کے صالح حکمرانوں کا طرز عمل بھی بعد میں آنے والوں کے لئے راہنمائی حاصل کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے' فئے کی تقسیم' زمینوں کا بندوبست' محاصل کا نظام' صلح و جنگ' معاہدہ' امان اور ثالثی کے ضابطے اور دوسرے سیاسی' مالی اور انتظامی امور میں جو طریقے قرن اول اور بعد کے صالح حکمرانوں کے دور میں اختیار کئے گئے تھے ان کے مطالعہ اور تجزیہ کے بغیر قاضی ابویوسف اس بات کا فیصلہ نہیں کر سکتے تھے کہ ان کے دور میں خلیفہ کو ان امور میں کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہیے۔(25)

مختلف صحابہ اور تابعین کے جو اقوال کتاب میں ملتے ہیں ان میں بہت سے ایسے ہیں جن کی توثیق و تائید تاریخی و ادبی کتابوں سے ہو جاتی ہے اور کچھ اقوال ایسے ہیں جو دیگر کتب میں تو نہیں ملتے لیکن ان حضرات کی زندگی اور ان کی حکومت کی پالیسی (Policy) سے گہری موافقت رکھتے ہیں اس لئے ان کو درست تسلیم کیا جا سکتا ہے اور حقیقت میں یہی اقوال اس کتاب کا نہایت قیمتی سرمایہ ہیں۔

آپ نے کتاب الخراج میں تقریباً چار سو مسند نصوص نقل کی ہیں جن میں ان شیوخ کے نام بھی نقل کئے ہیں' جن کے واسطے سے وہ نقل کی گئی ہیں۔ کتاب میں ستائیس (27) نصوص وہ ہیں جن میں وہ اپنے شیخ کا نام نقل نہیں کرتے بلکہ صرف یہ کہتے ہیں <بعض اشیاخنا>(26)

تقریباً اسی (80) نصوص وہ ہیں جن میں انہوں نے اپنے شیخ کا نام لکھنے کی بجائے یہی کہنے پر اکتفا کیا ہے)۔ "شیخ من اھل الشام" (27) "شیخ من اھل المدینۃ" (28) "شیخ من قریش" (29) "شیخ من علماء البصرۃ" (30) "غیر واحد من علماء اھل المدینۃ" (31) "بعض اھل العلم" (32) "بعض علماء اھل الکوفۃ" (33)

امام ابویوسف نے علمائے تابعین میں صرف ان حضرات کے اقوال نقل کئے ہیں جن پر آپ کو اعتماد ہے یا جن کے اقوال قرآن و اسلام کے بنیادی اصولوں سے نہیں ٹکراتے۔ ان علماء میں کوفہ کے شیوخ ہی نہیں بلکہ حجاز اور شام کے شیوخ بھی شامل ہیں۔ وہ مختلف ائمہ کے فتوے بیان کرتے ہیں جس سے ان کی عدم تعصبی اور وسعت قلبی کا پتہ چلتا ہے۔ یہاں چند نام نقل کئے جاتے ہیں۔

سعید بن المسیب (م 94ھ / 713ء)' عروہ بن زبیر (م 94ھ / 713ء)' ابراہیم بن یزید النخعی (م 96ھ / 715ء)' عامر بن شراحیل الشعبی (م 103ھ / 721ء)' حسن بصری (حسن بن یسار) (م 110ھ / 728ء)' محمد بن سیرین

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو عبید اللہ نافع (مولیٰ ابن عمرؓ)

(م 110ھ / 728ء)، مکحول (م 112ھ / 730ء)، عطاء بن ابی رباح (م 115ھ / 733ء)، ~~ابن نافع (بن عمر) (م 117ھ / 735ء)~~، قتادہ بن دعامہ (م 118ھ / 736ء)، حماد بن ابی سلیمان (م 120ھ / 738ء)، محمد بن مسلم بن شہاب الزہری (م 124ھ / 742ء)، یزید بن ابی حبیب (م 128ھ / 746ء)، یحییٰ بن سعید الانصاری (م 143ھ / 760ء)، سلیمان بن مہران الاعمش (م 148ھ / 765ء)، محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (م 148ھ / 765ء)، ابو حنیفہ النعمان بن ثابت (م 150ھ / 767ء)، مالک بن انس (م 179ھ / 795ء)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں درج ذیل تابعین کی روایات کو بھی نقل کیا ہے۔

عمرو بن میمون (م 75ھ / 695ء)، عمرو بن دینار (م 126ھ / 744ء)، جابر بن یزید (م 128ھ / 746ء)، عمر بن مہاجر (م 139ھ / 757ء)، اسماعیل بن ابی خالد (م 147ھ / 764ء)، مسعر بن کدام (م 152ھ / 769ء)، حسن بن عمارہ (م 153ھ / 770ء)، ابو معشر (م 170ھ / 786ء)، اسرائیل بن یونس (م 172ھ / 788ء)، سفیان بن عیینہ (م 198ھ / 814ء)

اس میں شک نہیں کہ امام ابو یوسف زیادہ تر علمائے کوفہ کا فقہی نقطہ نظر پیش کرتے ہیں تاہم ان کو علمائے حجاز یا شام یا "مدرسہ حدیث" سے کوئی عداوت نہیں ہے بلکہ ان کی رواداری کا حال یہ ہے کہ وہ جس طرح کوفہ کے علماء کے بارے میں کہتے ہیں۔ "و اما اصحابنا من اهل الكوفة فاختلفوا في ذلك" (34)

(ہمارے کوفی رفقاء اس باب میں مختلف الرائے واقع ہوئے ہیں۔) وہ حجاز کے علماء کی نسبت بھی ایسے ہی الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ "فان اصحابنا من اهل الحجاز و اهل المدينة على كراهة ذلك و افساده" (35)

(ہمارے حجازی اور مدنی رفقاء اس معاملہ کو مکروہ اور فاسد قرار دیتے ہیں۔)

اسی طرح وہ ایسے راویوں کی روایت قبول کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے جو عام محدثین کی نظر میں مطعون یا ضعیف ہیں۔ مثلاً اشعث بن سوار (م 138ھ / 756ء)، حجاج بن ارطاۃ (م 139ھ / 757ء)، مجالد بن سعید (م 144ھ / 761ء)، محمد بن اسحاق (م 151ھ / 768ء) کیونکہ ان کے پیش نظر یہ نہیں کہ راوی کس گروہ یا نظریہ سے تعلق رکھتا ہے بلکہ یہ کہ وہ جو کچھ کہتا ہے وہ کہاں تک حق سے کلی یا جزوی موافقت رکھتا ہے۔

کتاب کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ کہیں ردو قدح یا دوسروں پر اعتراض اور اپنے مسلک کی برتری کا اظہار جو فقہی کتب کی امتیازی شان ہے موجود نہیں ہے۔

آپ نے کتاب الخراج میں جن شیوخ سے زیادہ نصوص نقل کی ہیں ان کے نام اور نصوص کی تعداد درج ذیل ہے۔

محمد بن اسحاق (32)، الاعمش (25)، حجاج بن ارطاۃ (23)، اشعث بن سوار (19)، حسن بن عمارہ (16)، ہشام بن

toobaa-elibrary.blogspot.com

عیینہ

عروہ (15)، اسماعیل بن ابی خالد (13)، سعید بن ابی عروبہ (12)، سفیان بن [illegible] (10)، یحیٰی بن سعید (10)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں چودہ مقامات پر امام ابو حنیفہ کی آراء کو نقل کیا ہے اور ان کو "الفقیہ المقدم" کہا ہے۔ (36) آپ جب بھی امام ابو حنیفہ کی رائے کو بیان کرتے ہیں تو ساتھ ہی اس کے دلائل بھی دیتے ہیں اور قیاس و استحسان کی وجہ بھی بتاتے ہیں۔ علمی امانت کی ادائیگی کی فکر انہیں اس قدر زیادہ ہوتی ہے کہ وہ بعض مقامات پر استاد کے دلائل کو بیان کرنا اتنا ہی ضروری سمجھتے ہیں جس قدر اپنے دلائل کو۔ اس ضمن میں واضح مثال احیائے موات (Cultivation of virgin land) کا مسئلہ ہے۔ (37)

آپ نے کتاب الخراج میں خلفائے راشدین کے عہد کے اکثر عمال کا بھی ذکر کیا ہے۔ خصوصاً عراق کے والیوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ مثلاً ابو عبیدہؓ ابن الجراح (عامر بن عبداللہ) (م 18ھ / 639ء)، عیاضؓ بن غنم الفہری (م 20ھ / 641ء)، سعدؓ بن ابی وقاص (م 55ھ / 675ء)، سعیدؓ بن العاص (م 59ھ / 679ء)، ابو موسیٰ الاشعری (عبداللہ بن قیس) (م 44ھ / 665ء)، عبداللہ بن عباسؓ (م 68ھ / 687ء)

اموی عہد میں خاص طور پر حضرت عمر بن عبدالعزیز کے عمال کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ مثلاً عدی بن ارطاۃ (م 102ھ / 720ء)، عبدالحمید بن عبدالرحمٰن (م 107ھ / 725ء)، میمون بن مہران (م 117ھ / 735ء)

اگر کسی مسئلہ میں سلف کی دو یا زائد رائیں ہوتی ہیں اور ان میں کوئی اصولی نقص نہیں ہوتا تو وہ خلیفہ سے کہہ دیتے ہیں کہ آپ کو آزادی ہے۔ ان میں سے جس کو چاہیں اختیار کر لیں۔ (38) ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے الفاظ میں "بعض مسائل میں قاضی ابو یوسف دو مختلف طریقوں کی وضاحت کے بعد اس بات کی صراحت کر دیتے ہیں کہ خلیفہ کو اختیار ہے کہ ان میں سے جس طریقہ کو مسلمانوں اور اسلام کے لیے زیادہ نفع بخش سمجھے اختیار کرے۔ حکومت کی دی ہوئی جاگیروں پر خراج لیا جائے یا ان زمینوں کی پیداوار میں سے عشر وصول کیا جائے، اس بارے میں انتخاب کی پوری آزادی ہے۔ کسی علاقہ کے باشندے باہمی تعاون کے ذریعہ دجلہ و فرات سے ایک نہر نکال کر اپنے علاقہ تک لے جانا چاہیں تو نہر کی تعمیر کے مصارف ان باشندوں کے درمیان کس طرح تقسیم کئے جائیں۔ اس کے دو مختلف طریقے تجویز کئے گئے ہیں اور دونوں میں سے کوئی بھی اختیار کیا جا سکتا ہے۔

بعض مسائل میں وہ دو مختلف رایوں میں سے کسی ایک کو دلائل کی روشنی میں ترجیح دینے کے باوجود خلیفہ کے لئے اس بات کی گنجائش سمجھتے ہیں کہ وہ مناسب سمجھے تو مرجوح رائے پر بھی عمل کر سکتا ہے..... مصالح عامہ سے تعلق رکھنے والے بعض دوسرے امور میں بھی ابو یوسف خلیفہ کو کسی ایک طریقہ کا پابند سمجھنے کے بجائے اس کے لئے ماثور طریقوں میں سے کسی ایک کے انتخاب یا اسلام اور مسلمانوں کے مجموعی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے کسی نئے طریقہ کے اختراع کی گنجائش محسوس کرتے ہیں۔ ایسے مسائل میں وہ خود کوئی متعین راہ عمل تجویز کرنے کے باوجود اس حقیقت کی صراحت

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر دیتے ہیں۔(39)

کتاب الخراج میں بعض مقامات پر آپ نے قیاس کو چھوڑ کر کسی مصلحت سے "استحسان" کا دامن تھاما ہے۔ وہ مسئلہ جس میں آپ نے فعل صحابی (حضرت عمرؓ) کے مقابلہ میں اپنا اجتہاد استعمال کیا ہے۔ ان کی معاملہ فہمی اور روشن دماغی کی ایک عمدہ مثال ہے۔

کتاب الخراج کی وہ فصول جو معاشیات سے متعلق ہیں ان کے عنوانات اور صفحات کی تقسیم درج ذیل ہے۔

فی قسمة الغنائم (19-25)

فی الفئی والخراج (25-29)

ماعمل به فی السواد (30-42)

فی ارض الشام الجزیرة (42-45)

کیف کان فرض عمر لاصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم (45-51)

ماینبغی ان یعمل به فی السواد (51-62)

فی ذکر القطائع (62-63)

فی ارض الحجاز الحرمین والیمن و ارض العرب التی افتتحها النبی صلی الله علیه وسلم (63-64)

فی ان ارض البصرة و خراسان بمنزلة السواد (64-68)

فی اسلام قوم من اهل الحرب و اهل البادیة علی ارضهم و اموالهم (68-69)

فی موات الارض فی الصلح والعنوة و غیرهما (69-73)

فی اهل القری والارضین والمدائن و اهلها و مافیها (74-75)

حد ارض العشر من ارض الخراج (75)

فیما یخرج من البحر (75-76)

فی العسل والجوز واللوز (76-77)

فی الصدقات (82-86)

نقصان الصدقة و زیادتها و ضیاعها (86-94)

فی بیع السمک فی الاجام (94-95)

فی اجارة الارض البیضاء و ذات النخل (95-99)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فی الجزائر فی دجلۃ والفرات والغروب(99-101)

فی القنی والابار والانہار والشرب(101-106)

اتخاذ الرجل مشرعۃ فی ارضہ علی شاطی نہر یوجر مایسقی الناس منہا(106-110)

فی تقبیل السواد واختیار الولاۃ لہم والتقدم الیہم(114-129)

فیمن تجب علیہ الجزیۃ(131-137)

فی العشور (142-148)

من ای وجہ تجری علی القضاۃ والعمال الارزاق؟(202-203)(40)

کتاب کا خاتمہ ایسے مضمون پر ہوا ہے جس کا سیاق و سباق سے بظاہر کوئی تعلق نہیں ہے اور یہ شبہ ہوتا ہے کہ اس مضمون کا تعلق مستقل فصول سے تھا جو بعد میں نکال دی گئی ہیں۔ مثلاً کتاب کی آخری فصل میں مشرکوں اور باغیوں سے جنگ کے مسائل بیان ہوئے ہیں اس فصل کے آخر میں اچانک یہ عبارت ملتی ہے۔

سالت ابا حنیفۃ رحمہ اللہ تعالٰی عن الیہودی والنصرانی یموت لہ الولد او القرابۃ کیف یعزی؟(41)

"یعنی میں نے ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا کہ جس (مسلمان کے) یہودی یا نصرانی (دوست) کا لڑکا یا عزیز فوت ہو جائے تو اس کی تعزیت کن الفاظ میں کی جائے۔"

آخر میں اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ امام ابو یوسف کی تحریر کردہ کتاب الخراج کے مباحث کی وہ ترتیب نہیں ہے جو کہ جدید دور کی معاشی کتب میں پائی جاتی ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ نے اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔

"ابو یوسف کی کتاب الخراج ..... ان ساری کتابوں کے مولفین میں ایک کوتاہی یہ نظر آتی ہے کہ انہوں نے تاریخی نقطہ نظر کو ملحوظ نہیں رکھا یعنی یہ کبھی نہیں بتایا کہ عہد نبوی میں مالیات کے متعلق ابتدائی صورت یا ہجرت سے پہلے مکہ میں کیا صورت تھی۔ مدینہ آنے کے بعد ابتداء کیا تھی۔ رفتہ رفتہ کیا تبدیلی ہوئی اور بالآخر اس نے کیا صورت اختیار کی۔ ان باتوں کا وہ کہیں بھی ذکر نہیں کرتے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعض اوقات ہمارے دلوں میں خلش رہ جاتی ہے۔(42)

تاہم کتاب الخراج کی اہمیت اس لحاظ سے بڑھ جاتی ہے کہ اسلامی معاشیات کے موضوع پر یہ کتاب دوسری صدی ہجری یعنی آٹھویں صدی عیسوی میں تحریر کی گئی۔ یہ وہی دور ہے جس کو یورپی مصنفین نے علم معاشیات کے ارتقاء کی تاریخ میں تاریک دور (Dark Age) قرار دیا ہے۔ کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یورپی مصنفین کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس نظریہ میں کوئی صداقت نہیں۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج کے مقدمہ میں اسلامی معاشیات کی بنیادوں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ آپ کے نزدیک اسلامی معاشیات کی اہم بنیاد تقویٰ یعنی خدا سے ڈرنا ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ سے مختلف اسلامی شہروں کی معاشی ترقی (Economic development) کے اشارات بھی ملتے ہیں۔ (43)

کتاب الخراج کے مطالعہ سے مغربی مفکرین کے اس نظریہ کی تردید بھی ہوتی ہے کہ مسلمانوں کے علوم یونانیات سے ماخوذ ہیں۔ ہم اس بحث کو ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے ان الفاظ پر ختم کرتے ہیں۔

> "قاری کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ جس زمانے میں یہ کتاب لکھی گئی تھی معاشیات کا علم وجود میں نہیں آیا تھا۔ اس کی تصنیف کا زمانہ آدم سمتھ کی دولت اقوام (Wealth of Nations) سے ایک ہزار سال پہلے ہے اور قرون وسطیٰ کے معاشی فکر کا سب سے بڑا نمائندہ ٹامس اکوئیناس ابو یوسف کے پانچ سو برس بعد پیدا ہوا تھا۔ ارسطو اور دوسرے یونانی علماء کی کتابیں اس وقت تک عربی میں منتقل نہیں ہوئی تھیں اور عرب علماء ان کے تجزیاتی کام سے ناواقف تھے۔" (44)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

مالیات عامہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مالیات عامہ (Public Finance) کے شعبہ میں کسی ریاست کے محاصل و مصارف (Taxes and Expenditures) کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔ امام ابویوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں سرکاری محاصل و مصارف کے درج ذیل اصول اخذ کئے جاسکتے ہیں۔

محاصل کے اصول

(1) براہ راست محصولات (Direct Taxes) کے دائرہ کار کو وسعت دی جائے۔

(2) عدل کے عنصر کو فوقیت دی جائے۔

(3) پیداوار میں اضافہ کی کوشش کی جائے۔

(4) ٹیکس افسروں کے صوابدیدی اختیارات میں مناسب کمی کر دی جائے۔ تاکہ انہیں عوام کے استحصال (Extortion) کا موقع نہ ملے۔

(5) ٹیکس چوری (Tax evasion) اور رشوت کے رجحان کو ختم کیا جائے۔

مصارف کے اصول

(1) مصارف بہترین معاشرتی فائدے (Maximum social advantage) کے اصول پر پورے اترتے ہوں۔ بیت المال (Public Treasury) کا ایک ایک روپیہ معاشرے کی بہتری کے لئے خرچ کیا جانا چاہیے نہ کہ کسی خاص گروہ پر خرچ کر دیا جائے۔ اس ضمن میں معاشرے کے مختلف طبقات میں امتیاز روا نہیں رکھنا چاہیے۔ بلکہ مقصد یہ ہونا چاہیے کہ فلاح عامہ کے تقاضے پورے ہوں۔

(2) حکام کو چاہیے کہ وہ ہر قسم کی فضول خرچی سے بچیں۔ جائز ذرائع سے حاصل کی ہوئی بیت المال کی آمدنی کفایت شعاری کے اصول کے مطابق خرچ کرنی چاہیے۔

(3) سرکاری مصارف کے ذریعے پیداوار (Production) اور تقسیم دولت (Distribution of wealth) پر اچھے اثرات مرتب ہونے چاہئیں۔

(4) غیر منصفانہ تقسیم دولت کی حوصلہ شکنی کی جائے۔

مالیات عامہ

یہاں مالیات عامہ کے بارے میں ابویوسف کے معاشی فکر کا تنقیدی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

زکوٰۃ

ائمہ متقدمین میں امام ابویوسف پہلے ماہر معاشیات ہیں جنہوں نے زکوٰۃ پر مستقل اور خصوصی تحقیق کی ہے۔ آپ نے کتاب الخراج میں زکوٰۃ اور صدقہ کی اصطلاحوں میں فرق کو مدنظر رکھا ہے۔ اگرچہ قرآن و سنت میں زکوٰۃ اور صدقہ کی اصطلاحات ایک ہی معنی میں استعمال ہوئی ہیں اور اکثر ائمہ نے زکوۃ اور صدقہ کو ایک ہی چیز قرار دیا ہے لیکن تحقیقی بات یہی ہے کہ صدقہ فرض اور زکوۃ باہم مترادف ہیں لیکن صدقہ نافلہ اور زکوۃ میں فرق ہے۔ جیساکہ امام محمد بن ادریس الشافعی (م 204ھ / 820ء) نے اس فرق کی طرف اشارہ کیا ہے۔

قال الشافعی و لا باس ان یتصدق علی المشرک من النافلة و لیس له فی الفریضة من الصدقة حق(45)

"امام شافعی نے کہا مشرک کو صدقہ نافلہ دینے میں کوئی حرج نہیں البتہ صدقہ فرض سے اس کو کوئی حصہ لینے کا حق نہیں۔"

امام ابویوسف "کتاب الخراج" میں مویشیوں کی زکوۃ کے لئے صدقہ کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں اور ان کے علاوہ اصناف پر جو زکوۃ مسلمانوں سے لی جائے اسے وہ عشر کہتے ہیں۔ بارانی زمین کی زکوۃ تو واضح طور پر عشر یعنی دسواں حصہ ہے۔ چاہی زمین پر نصف عشر یعنی (بیسواں حصہ) ہے اور سونے' چاندی اور اموال تجارت پر ربع عشر (یعنی چالیسواں حصہ) ہے۔ اس اعشاری (Decimal) تناسب کے پیش نظر مویشیوں کے علاوہ تمام اصناف کی زکوۃ کو عشر کہنا' امام ابویوسف کے ریاضیاتی ذہن (Mathematical Brain) پر دلالت کرتا ہے۔ تاہم ان دونوں اصطلاحات کی تفریق کے ساتھ ان کا قدر مشترک بھی امام ابویوسف کے ذہن میں ہے۔ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

فاذا اجتمعت الصدقات من الابل والبقر و الغنم جمع الی ذلک ما یوخذ من المسلمین من العشور - عشور الاموال و ما یمر به علی العاشر من متاع وغیره لان موضع ذلک کله موضع الصدقة(46)

"جب صدقہ کا مال اونٹ' گائے' بیل اور بھیڑ بکریاں جمع ہو جائیں تو مسلمانوں سے لئے جانے والے عشور' یعنی اموال (تجارت) اور ان سامانوں کی چنگی جنہیں لے کر لوگ (محصل چنگی) عاشر کے پاس سے گزریں۔ انہی اموال (صدقہ) کے ساتھ جمع کر دیئے جائیں کیونکہ ان تمام (آمدنیوں) کے مدات صرف وہی ہیں جو صدقہ کے ہیں۔"

بچہ اور دیوانہ کے مال پر زکوۃ کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے دلائل کے لحاظ سے کمزور معلوم ہوتی ہے۔ زکوۃ کی اصل حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مالداروں کے مال میں غریبوں کا حق مقرر کیا ہے اور غنی کے بالغ اور عاقل

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہونے کی شرط کے بارے میں کوئی نص بھی موجود نہیں تو پھر بچہ اور مجنون سے زکوۃ کس طرح ساقط ہو سکتی ہے؟ امام ابو یوسف نے زکوۃ کو نماز پر قیاس کیا ہے حالانکہ نماز اور زکوۃ کے احکام میں اس لحاظ سے فرق ہے کہ نماز بندوں پر اللہ کا حق ہے لیکن زکوۃ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مالداروں کے مال میں غریبوں کے حق سے متعلق ہے۔ ابو عبید القاسم بن سلام (م 224ھ / 838ء) اس ضمن میں لکھتے ہیں۔

والذی عندی فی ذلک ان شرائع الاسلام الا یقاس بعضها ببعض' لانها امهات تمضی کل واحدة علی فرضها و سنتها و قد وجدناها مختلفة فی اشیاء کثیرة (47)

"اس باب میں میری رائے یہ ہے کہ اسلام کے قوانین و شرائع کو ایک دوسرے پر قیاس نہیں کرنا چاہیے۔ اس لئے کہ وہ بجائے خود اصول ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر قاعدہ و قانون کو اس کی فرضیت و سنت کے لحاظ سے رو بہ عمل لایا جائے گا۔ اس لئے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ یہ قوانین و شرائع بہت سی چیزوں میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔"

یتیم کے مال پر زکوۃ کے بارے میں ابو عیسیٰ الترمذی نے اپنی کتاب میں یہ حدیث نقل کی ہے۔

ان النبی صلی اللّٰه علیه وسلم خطب الناس فقال الامن ولی یتیما له مال فلیتجر فیه و لا یترکه حتی تاکله الصدقة (48)

"یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے خطاب کیا اور فرمایا خبردار جس شخص کو یتیم کا والی بنایا جائے (اور) اس کا مال (بھی) ہو۔ اسے چاہیے کہ وہ اس سے تجارت کرے اور اسے اس طرح نہ چھوڑ دے کہ وہ صدقہ ہی کی نذر ہو جائے۔"

امام ابو یوسف یتیم اور مجنون پر پیداوار کی زکوۃ (عشر) تو واجب قرار دیتے ہیں لیکن بقیہ اموال پر زکوۃ کو تسلیم نہیں کرتے حالانکہ قیاس کی رو سے بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ جس کی زرعی پیداوار (Agricultural Production) پر عشر واجب ہو اس کے دوسرے اموال پر زکوۃ بھی واجب ہونی چاہیے۔ ابو الولید محمد بن احمد ابن رشد (م 595ھ / 1100ء) لکھتے ہیں۔

و اما من فرق بین الحبوب و غیر الحبوب و بین الناض و غیر الناض فلا اعلم له شبهة بینة (49)

"جن فقہاء نے اجناس (اناج) اور غیر اجناس میں' اور نقدین و غیر نقدین میں فرق کیا ہے مجھے ان کی کسی واضح دلیل کا علم نہیں ہوتا۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

زیورات پر زکوۃ کے ضمن میں امام ابویوسف کا موقف قوی ہے۔ کیونکہ قیاس کے مقابلے میں حدیث کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ کسی ایک حدیث کی صحت پر تو کلام کیا جا سکتا ہے لیکن اس کے جواز کی تمام احادیث کو ضعیف نہیں کہا جا سکتا۔ مولانا عبدالرحمٰن مبارکپوری نے اپنی کتاب "تحفۃ الاحوذی شرح جامع الترمذی" میں اس موضوع پر چھ احادیث نقل کرنے کے بعد لکھا ہے۔

قلت القول بوجوب الزكوة فى حلى الذهب والفضة هو الظاهر الراجح عندى يدل عليه احاديث (50)

"میں کہتا ہوں کہ سونا اور چاندی کے زیورات میں زکوۃ واجب ہونے کا جو قول ہے۔ وہ ظاہر ہے۔ میرے نزدیک قابل ترجیح ہے اس پر احادیث (بھی) دلالت کرتی ہیں۔"

حنفی محدث ابو محمد عبداللہ الزیلعی (م 762ھ / 1360ء) نے اپنی کتاب "نصب الرایۃ لاحادیث الھدایۃ" میں ان احادیث کی سندوں پر تفصیلی بحث کی ہے۔ وہ الدار قطنی کی ایک حدیث کی سند کے بارے میں بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

هذا اسند رواته ثقات' والرفع فيه زيادة من الثقة فوجب قبوله (51)

"اس سند کے راوی ثقہ ہیں اور اس کا مرفوع ہونا ثقہ راویوں پر ایک اور اضافہ ہے۔ پس اسے قبول کرنا واجب ہے۔"

سونا اور چاندی اپنی پیدائش کے اعتبار سے تجارت کے لئے ہیں۔ اس لئے عقلی طور پر بھی امام ابویوسف کی رائے کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اگر زیورات کی زکوۃ وصول نہ کی جائے تو کچھ لوگ زکوۃ سے بچنے کے لئے زیورات بنانے کا حیلہ اختیار کریں گے اور اس طرح ارتکاز دولت کا مسئلہ پیدا ہو گا۔ شاہ ولی اللہ دہلوی (م 1176ھ / 1763ء) نے اپنی کتاب "حجۃ اللہ البالغہ" میں اس مسئلہ پر ائمہ کا اختلاف بیان کیا ہے۔ وہ اپنی رائے پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ زیورات کی زکوۃ ادا کی جائے۔ (52)

مصارف زکوۃ پر امام ابویوسف کی بحث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے نزدیک زکوۃ کی اصل غرض و غایت معاشرہ سے غربت و افلاس کا خاتمہ کرنا ہے۔ ایک ماہر معاشیات کی حیثیت سے آپ کا مقام بڑھ جاتا ہے جب آپ یہ رائے دیتے ہیں کہ زکوۃ میں فقراء اور مساکین کا حصہ لازمی ہے۔ اور ایک شہر یا آبادی کے اغنیاء (The upper classes) سے حاصل کی ہوئی زکوۃ کو اسی جگہ کے حاجت مندوں پر صرف کیا جائے۔ (53) آپ کے معاشی فکر کی اہمیت اس بات سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ آپ کے نزدیک زکوۃ کا مقصد یہ ہرگز نہیں کہ ہر سال امراء' غرباء کو خیرات کے طور پر کچھ رقم دے دیں بلکہ وہ کہتے ہیں کہ انہیں اتنی زکوۃ دینی چاہیے جس سے متوسط معیار زندگی (Quality of life) کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

لوازمات (Necessaries) پورے کر سکیں۔ اس طرح انہوں نے زکوۃ کے ذریعے کفالت عامہ کا تصور پیش کیا ہے۔ اور زکوۃ کی وصولی کا اصل مقصد بھی معاشرہ کے غرباء و مساکین اور حاجت مند افراد کو معاشی تحفظ عطا کرنا ہے۔

امام ابو یوسف فقیر اور مسکین میں فرق نہیں کرتے' حالانکہ قرآن حکیم کی آیت (55) سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ فقراء اور مساکین دو الگ مدیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر علماء نے فقیر اور مسکین کے فرق کو مد نظر رکھا ہے۔ حضرت مجاہد (م 104ھ/722ء)' حضرت عکرمہ مولیٰ ابن عباسؓ (م 105ھ / 723ء) اور محمد بن مسلم بن شہاب الزہری (م 124ھ / 742ء) کہتے ہیں کہ مسکین وہ ہے جو سوال کرے اور فقیر وہ ہے جو سوال نہ کرے۔ (56)

امام شافعی کا قول ہے "فقیر وہ ہے جس کے پاس مال ہو نہ ہی وہ کوئی پیشہ جانتا ہو اور مسکین وہ ہے جس کے پاس مال تو ہو یا وہ کوئی ہنر بھی جانتا ہو لیکن اس کی گزر اوقات مشکل سے ہوتی ہو۔ خواہ وہ دوسروں سے سوال کرے یا نہ کرے۔ (57)

ابو عبداللہ محمد بن عمر الرازی (م 606ھ / 1210ء) نے تفسیر کبیر میں فقیر اور مسکین کے فرق پر روشنی ڈالی ہے۔ ہم یہاں ان کی بحث کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

(1) مختلف روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فقر (محتاجی) سے پناہ مانگتے تھے۔ آپؐ کا ارشاد ہے کاد الفقر ان یکون کفرا (58) (قریب ہے کہ غریبی اور فاقہ کشی کفر بن جائے)۔ آپؐ کا یہ فرمان بھی ہے اللھم احینی مسکینا و امتنی مسکینا و احشرنی فی زمرۃ المساکین (59) اگر فقیر اور مسکین میں کوئی فرق نہیں تو پھر ان دونوں ارشادات میں تناقض پیدا ہوتا ہے۔

(2) قرآن حکیم کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسکین کے لئے ضروری نہیں کہ اس کے پاس مال نہ ہو مثلاً ارشاد ربانی ہے "اَمَّا السَّفِیْنَۃُ فَکَانَتْ لِمَسٰکِیْنَ (60) لیکن ایسی کوئی دلیل نہیں ملتی کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو فقیر کہا ہو اور ساتھ ہی اس کے بارے میں کسی چیز کے مالک ہونے کا بھی ذکر کیا ہو۔

(3) حضرت عبداللہؓ بن عباس فرماتے ہیں کہ فقیر وہ محتاج ہے جس کی کوئی ملکیت نہیں ہوتی مثلاً اصحاب صفہ۔ اور مساکین وہ ہیں جو لوگوں سے سوال کرتے ہیں۔

(4) آیت قرآنی "وَفِیْٓ اَمْوَالِھِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ" (61) میں سائل سے مراد مسکین ہے اور محروم سے مراد فقیر ہے۔ (62)

مولفۃ القلوب کے بارے میں امام ابو یوسف کا یہ نظریہ کہ حضرت عمرؓ کے تعامل کی وجہ سے اب یہ مد ہمیشہ کے لئے ختم ہو چکی ہے' صحیح نہیں۔ اگر حضرت عمرؓ نے اپنے دور میں غلبہ اسلام کی بناء پر اس مد کو ساقط کر دیا تھا تو اس سے یہ مفہوم نہیں لیا جا سکتا کہ بعد کے ادوار میں تالیف قلب کی ضرورت ہی نہیں رہی۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عمرؓ کے بعد

toobaa-elibrary.blogspot.com

متعدد فقہاء نے اپنے زمانہ کے حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس مد کی ضرورت کو محسوس کیا اور اس مصرف کو ضروری قرار دیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) اپنے زمانہ خلافت میں مال زکوۃ سے لوگوں کو تالیف قلوب کے لئے دیتے تھے۔ ابو عبداللہ محمد ابن سعد (م 230ھ / 844ء) کے الفاظ ہیں۔

انہ اعطی بطریقا الف دینار استالفہ علی الاسلام (63)

"یہ کہ آپ نے ایک رومی جرنیل کو اسلام کی طرف مائل کرنے کے لئے ایک ہزار دینار عطا کئے۔"

امام ابو عبید جو اسلام کے نظام مالیات کی تشریح و توضیح میں حجت سمجھتے جاتے ہیں وہ بھی مولفتہ القلوب کی مد کو ہمیشہ کے لئے قائم رکھنے کے حق میں ہیں۔ وہ اپنی تصنیف "کتاب الاموال" میں لکھتے ہیں۔

و اما ما قال الحسن و ابن شہاب فعلی ان الامر ماض ابدا و ھذا ھو القول عندی، لان الآیۃ محکمۃ لا نعلم لھا ناسخا من کتاب و لا سنۃ (64)

"لیکن حسن اور ابن شہاب کے قول کے مطابق یہ صورت حال ہمیشہ جاری رہے گی اور میں بھی اسی قول سے اتفاق کرتا ہوں۔ اس لئے کہ آیت محکمہ ہے اور کتاب و سنت میں ہمیں اس کا کوئی ناسخ نہیں ملتا۔"

امام شافعی کی رائے کے مطابق بھی حاکم کو حق حاصل ہے کہ وہ لوگوں کو اسلام کی طرف مائل کرنے کے لئے تالیف قلب کے طور پر دے۔ (65) حضرت حسن بصری کی رائے بھی یہی ہے کہ مولفتہ القلوب کی مد باقی ہے۔ (66) امام رازی التفسیر الکبیر میں لکھتے ہیں۔

والصحیح ان ھذا الحکم غیر منسوخ و ان للامام ان یتالف قوما علی ھذا الوصف و یدفع الیھم سھم المولفۃ لانہ دلیل علی نسخہ البتۃ (67)

"اور درست یہ ہے کہ یہ حکم غیر منسوخ ہے۔ اور یہ کہ امام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی قوم کی جو اس لائق ہو، تالیف قلب کرے اور مولفتہ القلوب کا حصہ ان کو دے۔ اس لئے کہ اس (مد) کے منسوخ ہونے پر جو دلیل دی جاتی ہے وہ قطعی (نہیں ہے)۔"

ابو الحسن علی بن سلیمان، المرداوی (م 885ھ / 1480ء) اپنی کتاب "الانصاف" میں لکھتے ہیں۔

الصحیح من المذھب - ان حکم المولفۃ باق (68)

ابو العباس احمد بن تیمیہ (م 728ھ / 1328ء) کے نزدیک بھی یہ مد منسوخ نہیں ہوئی۔ وہ مولفتہ القلوب کی مد کو ساقط قرار دینے والے فقہاء کی تردید میں لکھتے ہیں۔

و ما شرعہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم شرعا معلقا بسبب انما یکون مشروعا عند وجود السبب = کا عطاء المولفۃ قلوبھم فانہ ثابت بالکتاب

toobaa-elibrary.blogspot.com

والسنة و بعض الناس ظن ان هذا نسخ لماروی عن عمر = انه ذکر ان الله اغنی عن التالف فمن شاء فلیومن و من شاء فلیکفر و هذا الظن غلط' و لکن عمر استغنی فی زمنه عن اعطاء المولفة قلوبهم' فترک ذلک لعدم الحاجة الیه لا لنسخه کما لو فرض انه عدم فی بعض الاوقات ابن السبیل والغارم و نحو ذلک(69)

"اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت میں جو کچھ ثابت ہے وہ کسی نہ کسی سبب سے وابستہ ہے۔ کیونکہ وہ مشروع اسی وقت ہے جب کوئی سبب موجود ہو۔ جیاکہ مولفتہ القلوب کو دینا کیونکہ یہ قرآن وسنت سے ثابت ہے اور بعض لوگوں کا یہ گمان ہے کہ یہ (مد) منسوخ ہو چکی ہے۔ کیونکہ حضرت عمرؓ سے یہ روایت ہے کہ آپؓ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے تالیف (قلب) سے بے نیاز کر دیا ہے۔ پس جو چاہے ایمان لے لئے اور جو چاہے کفر کرے اور یہ گمان غلط ہے۔ بلکہ حضرت عمرؓ (کا موقف یہ تھا) کہ مجھے میرے زمانہ میں مولفتہ القلوب کو دینے سے بے نیاز کیا گیا ہے۔ پس آپ نے ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے اس کو چھوڑ دیا۔ اس کے منسوخ ہونے کی وجہ سے نہیں جیساکہ بعض حالات میں مسافر اور مقروض اور اسی طرح دوسری (مدات) اگرچہ فرض ہیں لیکن وقتی طور پر ختم ہو سکتی ہیں۔"

شاہ ولی اللہ دہلوی نے بھی حجتہ اللہ البالغہ میں لکھا ہے کہ تالیف قلب کے لئے غیر مسلموں کو زکوۃ دی جا سکتی ہے۔ (70) جدید دور بھی اس امر کا متقاضی ہے کہ مولفتہ القلوب کی مد کو قائم رکھا جائے کیونکہ اسلام کو وہ عظمت حاصل نہیں رہی جو حضرت عمرؓ کے دور میں تھی۔

زکوۃ کے بارے میں سورہ التوبہ کی مذکورہ آیت 60 کو اور اس واقعہ کو' جس میں صحابہ کا اس مد کے سقوط پر اجماع مانا جاتا ہے' مانا جائے اور آج کل کے حالات سامنے رکھے جائیں تو ایک نیا پہلو سامنے آتا ہے۔ وہ یہ کہ قرآنی حکم میں زکوۃ کی تقسیم کا قاعدہ بطور امر قانون (Question of Law) بیان ہوا ہے۔

جس کی تائید جب تک امر واقعہ (Question of Fact) سے نہ ہو' اس وقت تک اس پر عمل نہیں کیا جا سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے تک امر قانون اور امر واقعہ پہلو بہ پہلو چلتے رہے لہٰذا قرآنی حکم پر عمل ہوتا رہا۔ حضرت عمرؓ کے دور میں امر واقعہ' امر قانون کے مطابق نہ رہا۔ اس لئے نص پر عمل در آمد روک دیا گیا۔ اس کا منطقی نتیجہ یہی بر آمد ہوتا ہے کہ جب کبھی امر واقعہ اور امر قانون میں مطابقت پیدا ہو جائے یہ مد بحال ہو سکتی ہے۔ یہ اسی طرح ہے کہ کسی معاشرے سے مساکین ختم ہو جائیں تو مساکین کی مد ساقط ہو جاتی ہے۔ اسی طرح تنگ دست قرض دار معاشرے میں نہ ہوں تو یہ خرچ کسی دوسرے مفید کام پر ہو سکتا ہے۔ (71)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف نے مصارف زکوۃ کے ضمن میں "غارم" کی تشریح کرتے ہوئے اس کے مفہوم میں وسعت پیدا کر دی ہے۔ ڈاکٹر نور محمد غفاری کے الفاظ میں "امام ابویوسف کی رائے کو اگر مان لیا جائے تو پھر یہ مد مسلمان اغنیاء کے ان قرضوں کی انشورنس کرتی ہے جو وہ اپنے غریب مسلمان بھائیوں کو بلاسود دیتے ہیں۔(72)

"فی سبیل اللہ" کی تشریح کرتے ہوئے امام ابویوسف نے جو یہ رائے قائم کی ہے کہ یہاں اس سے مراد مجاہدین ہیں' زیادہ درست اور حکمت پر مبنی ہے یہ اس لئے کہ قرآن و سنت اور صحابہ کرام کی زبان میں جب "فی سبیل اللہ" مطلق بولا جاتا ہے تو اس سے مراد جہاد ہی ہوتا ہے۔ ابو جعفر محمد ابن جریر' الطبری' (م 310ھ / 923ء) نے "جامع البیان فی تفسیر القرآن" (73) میں' ابو محمد عبداللہ بن احمد' ابن قدامہ (م 620ھ / 1223ء) نے "المغنی" (74) میں' احمد بن علی' ابن حجر العسقلانی (م 852ھ / 1449ء) نے "فتح الباری" (75) میں "فی سبیل اللہ کا یہی مفہوم بتایا ہے۔ مجد الدین المبارک بن محمد' ابن الاثیر (م 606ھ / 1210ء) نے لکھا ہے کہ یہ لفظ جہاد کے معنی میں اس کثرت سے استعمال ہوا ہے کہ گویا اس کے صرف یہی معنی ہیں۔(76)

تاہم مجاہد اور غازی کے لئے ابویوسف نے فقر اور محتاجی کی جو شرط عائد کی ہے' راقم کو اس سے اتفاق نہیں ہے۔ زکوۃ کے مال میں ایک نادار اور محتاج آدمی کا حق تو ویسے ہی ہے پھر "فی سبیل اللہ" کے الفاظ سے ایک نئی اور مستقل صنف بیان کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ یک غازی یا مجاہد نے یہ رقم لے کر اپنی ذاتی ضروریات پر تو خرچ نہیں کرنی بلکہ اس نے جہاد کے اخراجات پر صرف کرنی ہے اس لئے راقم الحروف کے خیال میں غازی اور مجاہد خواہ فقیر ہو یا غنی' اس کو زکوۃ کے مال سے دیا جا سکتا ہے۔ امام شافعی نے "الام" (77) میں' شہاب الدین السید محمود' الآلوسی (م 1270ھ / 1854ء) نے "روح المعانی" (78) میں' ابو عبداللہ محمد بن احمد' القرطبی (م 671ھ / 1272ء) نے الجامع لاحکام القرآن" (79) میں' محمد' رشید رضا (م 1354ھ / 1935ء) نے "المنار" (80) میں' اور ابو محمد علی بن احمد' ابن حزم (م 456ھ / 1064ء) نے المحلی (81) میں یہی رائے پیش کی ہے۔ حنابلہ کی مستند کتب "المختصر للخرقی" (82) اور "الاقناع فی فقہ الامام احمد بن حنبل" (83) میں بھی اسی قول کی تائید کی گئی ہے۔ امام مالک اور ابو عبید کا مذہب بھی یہی ہے۔(84) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہماری راہنمائی کے لئے کافی ہے۔

لا تحل الصدقة لغنی الا الخمسة لغاز فی سبیل اللہ او لعامل علیها او لغارم او لرجل اشتراها بماله او لرجل کان له جار مسکین فتصدق علی المسکین فاهداها المسکین للغنی(85)

"صدقہ (واجبہ) کسی غنی کے لئے حلال نہیں۔ بجز پانچ (قسم کے افراد کے) وہ جو اللہ کی راہ میں لڑنے کے لئے نکلا ہو یا جو صدقات کی وصولی پر مقرر ہوا ہو یا جو مقروض ہو یا جو صدقے کا مال کسی مسکین سے قیمتاً" خرید لے' یا وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جس کا پڑوسی مسکین ہو اور اس کو کسی نے صدقہ دیا ہو۔ پھر یہ مسکین صدقے کا حاصل شدہ مال اپنے غنی پڑوسی کو بطور ہدیہ دے۔"

یہاں ایک اور اہم نکتہ کی طرف اشارہ کرنا بھی ضروری ہے کہ امام ابو یوسف نے "فی سبیل اللہ" کی تشریح کرتے ہوئے اسے عسکری جہاد تک ہی محدود رکھا ہے حالانکہ دور حاضر میں جہاد بالقلم اور جہاد باللسان کی اہمیت بھی جہاد بالسیف سے کم نہیں۔ مسلمانوں کو اپنے دین پر قائم رکھنے کے لئے اور غیر مسلموں کو اسلام کی طرف راغب کرنے کے لئے فکری جہاد کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی بات کو مد نظر رکھتے ہوئے سید رشید رضا نے تفسیر المنار میں لکھا ہے۔

و من اهم ما ينفق في سبيل الله في زماننا هذا اعداد الدعاة الى الاسلام و ارسالهم الى بلاد الكفار من قبل جمعيات منظمة تمدهم بالمال الكافي كما يفعله الكفار في نشر دينهم(86)

"اور ہمارے زمانے میں فی سبیل اللہ کے مصرف میں سب سے اہم خرچ اسلام کے داعیوں کو تیار کرنا اور ان کو بلاد کفار میں بھیجنا ہے۔ ایسی منظم جماعتوں کی طرف سے جو انہیں کافی مال دیں جیسا کہ کفار اپنے دین کو پھیلانے میں کر رہے ہیں۔"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سے بھی یہی حقیقت واضح ہوتی ہے۔ آپ ؐ کا ارشاد ہے۔

جاهدوا المشركين باموالكم و انفسكم والسنتكم(87)

"مشرکین سے جہاد کرو اپنے اموال کے ساتھ اور اپنی جانوں اور اپنی زبانوں کے ساتھ۔"

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں مصارف زکوۃ کی تشریح کرتے ہوئے یہ بھی لکھا ہے کہ:

و سهم في اصلاح طرق المسلمين (88)

"اور ایک حصہ مسلمانوں کے راستوں کی مرمت کے لئے رکھا جائے گا۔"

اسی طرح کا ایک قول ابو عبید القاسم بن سلام نے کتاب الاموال میں حضرت انس بن مالک ؓ اور حضرت حسن بصری سے بھی نقل کیا ہے۔

ما اعطيت في الجسور والطرق فهي صدقة ماضية(89)

"تم نے جو کچھ پل بنانے یا سڑک درست کرنے میں خرچ کیا وہ صدقہ جاریہ ہے۔"

دور حاضر کے بعض متجددین نے امام ابو یوسف اور حضرت انس ؓ کے ان اقوال سے دلیل لیتے ہوئے یہ رائے قائم کی ہے کہ زکوۃ کے مال کو رفاہ عامہ کے ہر قسم کے کاموں میں صرف کیا جا سکتا ہے۔ راقم الحروف کی رائے یہ ہے کہ امام ابو یوسف کی یہ روایت شاذ اور مشتبہ ہے۔ اس کی پہلی وجہ یہ ہے کہ معتبر کتب احناف میں مصارف زکوۃ کے بارے میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کا جو معاشی فکر بیان ہوا ہے وہ اس روایت کے بالکل برعکس ہے۔ ائمہ احناف اس بات پر متفق ہیں کہ زکوۃ کی ادائیگی کرتے وقت متعلقہ شخص کو مالک بنانا ضروری ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ امام ابویوسف نے "اصلاح طرق" کو ایک مستقل سہم قرار دیا ہے۔ حالانکہ قرآن حکیم میں جو آٹھ مصارف بیان ہوئے ہیں ان میں اس سہم کا ذکر نہیں۔ یہاں یہ شبہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ نے اس کو "فی سبیل اللہ" کے عموم میں داخل کیا ہو لیکن ابوبکر محمد بن احمد السرخسی (م 483ھ / 1090ء) نے "المبسوط" میں "فی سبیل اللہ" کے مفہوم میں امام ابویوسف کا جو قول نقل کیا ہے اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ اپنے لغوی مفہوم کے اعتبار سے اگرچہ عام ہے اور اس میں تمام نیک کام شامل ہیں لیکن عرف میں اس کو جہاد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لئے اس آیت میں مجاہدین مراد ہیں۔ (90)

یہاں یہ بھی ممکن ہے کہ امام ابوعبید نے حضرت انسؓ اور حضرت حسن بصری کے قول کی جو تاویل کی ہے' وہی مراد ہو۔ یعنی "اصلاح طرق" سے مراد سڑکوں اور پلوں کی تعمیر یا مرمت نہیں بلکہ چوروں اور ڈاکوؤں سے راستوں کو صاف کرنا مقصود ہے۔ اور یہ کام اس دور میں انہیں عاملین صدقہ کے سپرد ہوتا تھا جو راستوں پر زکوۃ وصول کرنے کے لئے مقرر ہوتے تھے۔ اس لئے "اصلاح طرق" سے مراد ان عاملین کو مال زکوۃ دینا ہے۔

اور اگر امام ابویوسف کی حقیقی رائے یہی ہے کہ زکوۃ کی رقم سے سڑکوں کی تعمیر و مرمت ہو سکتی ہے تو اس صورت میں ہم ان ائمہ کی رائے کو ترجیح دیں گے جو اس کے قائل نہیں کیونکہ ذرائع آمدورفت کی تعمیر و مرمت قرآن کریم کی متعین کردہ مدات میں سے کسی مد میں بھی شامل نہیں۔ اگر ہر قسم کا نیکی کا کام "فی سبیل اللہ" میں شامل ہوتا تو پھر مصارف متعین کرنے کی ضرورت ہی کیا تھی؟

آیت مصارف زکوۃ کے آغاز میں "انما" کا لفظ عربی زبان میں حصر و اختصاص کے لئے آیا ہے۔ اگر "فی سبیل اللہ" میں رفاہ عامہ کے تمام کام بھی شامل کر لئے جائیں تو پھر انما کا صیغہ بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے۔ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث ہماری راہنمائی کے لئے کافی ہے۔ زیاد بن حارث صدائی فرماتے ہیں کہ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کچھ صدقہ طلب کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو فرمایا۔

ان اللہ لم یرض بحکم نبی و لا غیرہ فی الصدقات حتی حکم فیھا ھو فجزاھا ثمانیۃ اجزاء فان کنت من تلک الاجزاء اعطیتک حقک (91)

"بے شک صدقات کی تقسیم میں اللہ نے کسی نبی یا غیر نبی کے فیصلے کو بھی پسند نہیں کیا بلکہ خود ہی اس کے لئے آٹھ مصارف متعین کر دیئے ہیں اگر تم ان آٹھ مصارف میں سے ہو تو میں تمہیں حق دے دوں گا۔"

ذرائع آمدورفت کی تعمیر و مرمت اور دیگر رفاہ عامہ کے کاموں کے مصارف دوسرے ٹیکسوں سے حاصل کردہ رقوم

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے پورے ہونے چاہیں۔

بنو ہاشم کے لئے زکوۃ حرام ہونے کے بارے میں امام ابو یوسف کی رائے صحیح احادیث کے مطابق ہے۔ اس بارے میں اتنی احادیث ہیں کہ ان کو معنیً متواتر کہا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ احناف کا مفتیٰ بہ قول امام ابو یوسف کی رائے کے مطابق ہی ہے۔

امام ابو حنیفہ کی اس غیر مشہور اور شاذ روایت کے برعکس تمام ائمہ دین کا اس بات پر تقریباً اجماع ہے کہ بنو ہاشم کو زکوۃ نہیں دی جا سکتی۔ ابن قدامہ رقم طراز ہیں۔

لا نعلم خلافا فی ان بنی هاشم لا تحل لهم الصدقة المفروضة (92)

"یعنی مجھے اس بارے میں کسی کا اختلاف معلوم نہیں کہ صدقات مفروضہ بنی ہاشم کے لئے حلال نہیں ہیں۔"

ہاشمی کو تحصیل زکوۃ کی ذمہ داری سونپنے کے بارے میں امام رازی بھی امام ابو یوسف کے فکر کی تائید میں کہتے ہیں کہ ہاشمی کو یہ ذمہ داری نہیں سونپنی چاہیے۔ (93)

گھوڑوں پر زکوۃ کے مسئلہ میں امام ابو یوسف نے اپنے استاد' امام ابو حنیفہ سے اختلاف کرتے ہوئے جو رائے دی ہے وہ صحیح احادیث کی روشنی میں زیادہ قوی ہے۔ امام ابو حنیفہ کا استدلال اس روایت پر ہے۔

عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فى الخيل السائمة فى كل فرس دينار (94)

"حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر سائمہ (باہر چراگاہ میں چر کر پلنے والے) گھوڑے پر ایک دینار زکوۃ ہے۔"

نیز حضرت عمرؓ کے متعلق ایک روایت نقل کی جاتی ہے کہ انہوں نے اپنے ایک عامل (Governor) کو حکم دیا کہ گھوڑوں کی زکوۃ وصول کرے۔ (95) لیکن احمد بن الحسین البیہقی (م 458ھ / 1066ء) اور علی بن عمر' الدار قطنی (م 385ھ / 995ء) اور دیگر محدثین نے ان روایات کو ضعیف قرار دیا ہے۔ اس لئے دیگر ائمہ انہیں قابل حجت تسلیم نہیں کرتے۔ (96) اکثر حنفی فقہاء مثلاً ابو جعفر احمد بن محمد' الطحاوی (م 321ھ / 933ء) حسن بن منصور' قاضی خان (م 592ھ / 1196ء) اور ابو محمد عبداللہ بن یوسف' الزیلعی (م 762ھ / 1360ء) نے امام ابو یوسف کی رائے پر ہی فتویٰ دیا ہے۔ (97) محمد بن عبدالباقی' الزرقانی (م 1122ھ / 1710ء) نے لکھا ہے کہ ابو یوسف نے اس مسئلہ میں جمہور علماء کے ساتھ اتفاق کیا ہے۔ (98) محمد یوسف البنوری لکھتے ہیں۔ "هو قول اكثر اهل العلم" (99) اگرچہ صاحب فتح القدیر نے امام ابو حنیفہ کے قول کو ترجیح دینے کی کوشش کی ہے لیکن انہوں نے جو دلائل دیئے ہیں وہ ناکافی ہیں۔ (100) ابو جعفر الطحاوی اپنی کتاب شرح معانی الآثار میں مختلف احادیث نقل کرنے کے بعد اپنی رائے دیتے ہوئے کہتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں۔

فلما لم یکن فی شئی مما ذکرنا من ھذہ الآثار دلیل علی وجوب الزکوۃ فی الخیل السائمۃ و کان فیھا ما ینفی الزکوۃ منھا ثبت بتصحیح ھذہ الاثار قول الذین لا یرون فیھا زکوۃ(101)

"پس جب ان آثار میں سے کوئی اثر بھی سائمہ گھوڑوں پر زکوۃ کے وجوب پر دلالت نہیں کرتا بلکہ ان میں سے بعض آثار زکوۃ الخیل کی نفی پر دلالت کرتے ہیں تو ان آثار کی تصحیح معنی سے ان لوگوں کا قول ثابت ہوا جو گھوڑوں کی زکوۃ کے قائل نہیں۔"

آپ کے نزدیک قیاس کی رو سے بھی گھوڑوں کی زکوۃ واجب نہیں۔ ابو یوسف کے قول کو پسند کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

و ھذا قول ابی یوسف و محمد و ھو احب القولین الینا و قد روی ذلک عن سعید بن المسیب(102)

"اور یہی امام ابو یوسف اور امام محمد کا قول ہے اور یہی قول ہمارے نزدیک پسندیدہ ہے اور سعید بن المسیب سے ایسا ہی روایت کیا گیا ہے۔"

امام ابو یوسف نے حضرت زینبؓ (زوجہ حضرت عبداللہؓ بن مسعود) سے متعلق حدیث (103) سے استدلال کرتے ہوئے یہ فتویٰ دیا ہے کہ بیوی شوہر کو زکوۃ دے سکتی ہے حالانکہ جمہور علماء کی رائے یہ ہے کہ اس حدیث سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت زینبؓ عبداللہؓ بن مسعود پر جو مال خرچ کرتی تھیں وہ مال زکوۃ میں سے نہ تھا بلکہ نفلی صدقہ تھا۔ ابو جعفر الطحاوی نے اپنی کتاب شرح معانی الآثار میں لکھا ہے۔

فھذا ایضا دلیل علی فساد تاویل ابی یوسف و من ذھب الی قولہ اللحدیث الاول فقد بطل بما ذکرنا ان یکون فی حدیث زینب ما یدل ان المراۃ تعطی زوجھا من زکوۃ ما لھا اذا کان فقیرا و انما نلتمس حکم ذلک بعد من طریق النظر و شواھد الاصول فاعتبرنا ذلک فوجدنا المراۃ باتفاقھم لا یعطیھا زوجھا من زکوۃ مالہ و ان کانت فقیرۃ(104)

"پہلی حدیث کی بنیاد پر ابو یوسف اور جنہوں نے ان کے قول کے مطابق رائے دی ہے' ان کے قول کے باطل ہونے پر یہ بھی ایک دلیل ہے۔ جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے۔ یہ بات غلط ہے کہ حدیث زینبؓ سے یہ دلیل دی جائے کہ عورت اپنے مال کی زکوۃ میں سے اپنے تنگ دست خاوند کو دے سکتی ہے۔ لہٰذا ہم اس مسئلہ کا حکم

toobaa-elibrary.blogspot.com

بطریق نظروقیاس شواہد مقررہ معلوم کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ اس مسئلہ پر اتفاق ہے کہ مرد اپنی بیوی کو زکوۃ کے مال سے نہیں دے سکتا چاہے وہ تنگ دست ہی کیوں نہ ہو۔"

محی الدین یحییٰ بن شرف النووی (م676ھ / 1277ء) حدیث زینبؓ کی شرح میں لکھتے ہیں۔

فیہ الحث علی الصدقة علی الاقارب و صلة الارحام و ان فیھا اجرین ــ و ھذا المذکور فی حدیث المراة ابن مسعود المراة الانصاریة من النفقة علی ازواجھما و ایتام فی حجورھما و نفقة ام سلمة علی بینھا المراد بہ کلہ صدقة تطوع و سیاق الاحادیث یدل علیہ(105)

"اس میں قریبی رشتہ داروں پر صدقہ کرنے کی ترغیب پائی جاتی ہے اور اس میں دو اجر ہیں ــ اور یہی بات (حضرت عبداللہ) بن مسعود کی بیوی اور انصاری عورت جو اپنے خاوندوں اور اپنی گود میں پلنے والے بچوں پر خرچ کرتی تھیں سے متعلق حدیث میں ذکر کی گئی ہے اور حضرت ام سلمہؓ جو کچھ خرچ کرتی تھیں اس سے مراد نفلی صدقہ ہے اور احادیث کا سیاق و سباق (بھی) اس پر دلالت کرتا ہے۔"

شبیر احمد عثمانی نے بھی "فتح الملہم" میں اسی رائے کا اظہار کیا ہے۔(106)

toobaa-elibrary.blogspot.com

عشر

امام ابویوسف نے عشر واجب ہونے کے بارے میں پیداوار کی جو تخصیص (Allocation) کی ہے' وہ عشر و زکوۃ کے فلسفہ عدل اجتماعی (Social Justice) کے برعکس ہے۔ دور حاضر میں امام ابویوسف کی رائے کو وہ اہمیت حاصل نہیں ہو سکتی جو امام ابوحنیفہ کے فکر کو حاصل ہے۔ اس دور میں کاشتکار سبزیوں کو تجارتی مقاصد کے تحت کاشت کرتے ہیں اور وہ اناج کی نسبت سبزیوں اور دیگر نفع بخش پیداواروں سے کثیر رقم کماتے ہیں اور سائنسی ترقی کی بدولت انہیں ذخیرہ کرنا بھی ممکن ہے۔ یہ بات انصاف سے بعید ہے کہ مختلف قسم کا غلہ کاشت کرنے والوں سے تو عشر وصول کیا جائے لیکن سبزیاں اگانے والے کاشتکار نفع بھی زیادہ حاصل کریں اور انہیں عشر کی ادائیگی بھی نہ کرنی پڑے۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر حنفی علماء نے امام ابوحنیفہ کی رائے ہی کو پسند کیا ہے۔ (107) ابوبکر علاء الدین السمرقندی (م 540ھ / 1145ء) اپنی کتاب "تحفۃ الفقہاء" میں امام ابوحنیفہ کے معاشی فکر کو پسند کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

والصحیح ما قالہ ابو حنیفۃ لقولہ تعالی "یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَ مِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ" (البقرہ: 267) (108)

"اور صحیح وہ ہے جو (امام) ابوحنیفہ نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی روشنی میں کہا ہے "اے ایمان والو' جو تم نے کمایا ہے اس میں سے عمدہ چیزیں خرچ کرو اور اس میں سے (بھی) جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالی ہیں۔"

محمد انور شاہ الکشمیری نے بھی امام ابوحنیفہ کے نظریہ کی تائید کی ہے۔ محمد یوسف البنوری' انور شاہ الکشمیری کے فکر کی ترجمانی کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

و عمومات کتاب اللہ فیھا مویدۃ لمذھب الامام' و لا یصلح الاحاد الضعیفۃ مخصصۃ لعموم النصوص المقطوعۃ' و ایدتھا آثار' و حمل تلک الاحاد علی المعنی المذکور منجہ معقول فلا ریب ان مذھبہ الاحوط من جھۃ الدلیل والانفع حکمۃ لمصالح الامۃ واللہ اعلم (109)

"امام (ابوحنیفہ) کے مذہب کی تائید کتاب اللہ کی عام آیات سے ہوتی ہے۔ نصوص قطعیہ کے عموم کی وجہ سے ضعیف احادیث سے (پیداواروں) کی تخصیص صحیح نہیں ہے۔ آثار سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے اور اس معنی کی روشنی میں اخبار احاد کی معقول توجیہہ بھی ہو سکتی ہے۔ کوئی شک نہیں کہ (امام ابوحنیفہ) کے مذہب پر عمل کرنے میں دلیل کے لحاظ سے زیادہ احتیاط ہے' اور از روئے حکمت امت کے مصالح کے لئے اس میں زیادہ نفع ہے اور اللہ خوب جانتے ہیں۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابوبکر عبداللہ ابن ابی شیبہ (م 235ھ / 849ء) نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) نے اہل یمن کو لکھا کہ زمین سے جو پیداوار بھی حاصل کی جائے خواہ کم ہو یا زیادہ اس سے عشر لیا جائے گا۔ (110) محمد انور شاہ الکشمیری نے بھی "العرف الشذی" میں لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے مختلف عمال کو یہ تحریر بھیجی تھی کہ وہ سبزیوں پر عشر وصول کریں۔ (111) ایک مالکی فقیہ ابوبکر محمد بن عبداللہ' ابن العربی (م 543ھ / 1148ء) امام ابوحنیفہ کے مذہب کی تائید کرتے ہوئے شرح ترمذی میں لکھتے ہیں۔

و اقوی المذاهب فی المسالة مذهب ابی حنيفة دليلا و احوطها للمساكين' و اولاها قياما شكر النعمة و عليه يدل عموم الاية والحديث (112)

"عشر کی پیداوار اور نصاب کے مسئلہ میں امام ابوحنیفہ کا مسلک دلیل کی روشنی میں زیادہ قوی ہے' مساکین کے لئے زیادہ محتاط' اللہ کی نعمت کے شکر میں سب سے بہتر ہے اور عام آیات اور احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں۔"

ابن عربی نے "احکام القرآن" میں بھی امام ابوحنیفہ کی رائے کو ہی ترجیح دی۔ (113)

امام ابویوسف اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے سبزیوں کو عشر سے مستثنیٰ کرتے ہیں۔

ليس فی الخضروات صدقة (114)

"سبزیوں میں صدقہ نہیں۔"

محدثین کے نزدیک اس حدیث کی اسناد درست نہیں۔ امام ترمذی اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔

اسناد هذا الحديث ليس بصحيح و ليس يصح فی هذا الباب عن النبی صلی الله عليه وسلم شئی و انما يروی هذا عن موسی بن طلحة عن النبی صلی الله عليه وسلم مرسلا (115)

"اس حدیث کی اسناد صحیح نہیں اور اس باب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ منقول نہیں ہے۔ اور یہ موسیٰ بن طلحہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کی ہے۔"

احمد الشرقاوی کی یہ رائے درست ہے کہ قرآن کریم اور مشہور احادیث کے مقابلہ میں اس ضعیف حدیث سے استدلال درست نہیں۔ (116)

بعض حنفی فقہاء نے اس ضعیف حدیث کو رد نہیں کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ حاکم اور اس کے مقرر کردہ کارندے سبزیوں کی زکوۃ نہیں لیں گے لیکن سبزیوں کے مالک اپنے طور پر اس بات کے پابند ہوں گے کہ وہ عشر ادا کریں۔ (117)

toobaa-elibrary.blogspot.com

زرعی پیداوار کے نصاب کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے عقل و نقل کی روشنی میں درست معلوم ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صحیح حدیث جس کو امام بخاری نے نقل کیا ہے' اسی پر دلالت کرتی ہے۔

عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لیس فیما اقل من خمسۃ اوسق صدقۃ(118)

"حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ وسق سے کم میں صدقہ نہیں ہے۔"

امام بخاری بھی غالباً" یہی مسلک رکھتے ہیں کیونکہ انہوں نے اپنی کتاب میں جو باب باندھا ہے اس کا عنوان یہ ہے۔

"لیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ"(119)

اور صحیح مسلم کی حدیث میں یہ الفاظ ملتے ہیں۔

عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لیس فیما دون خمسۃ اوساق من تمر و لا حب صدقۃ(120)

"حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ وسق سے کم مقدار پر صدقہ واجب نہیں نہ کھجور پر اور نہ غلہ پر۔"

امام ابوعبید نے "کتاب الاموال" میں امام ابویوسف کے قول کی ہی تائید کی ہے۔(121) امام ابوحنیفہ کا استدلال اس حدیث سے ہے جس میں ارشاد ہوا ہے۔

فیما سقت السماء العشر (122)

"جس کو بارش کے پانی نے سیراب کیا ہو اس میں عشر ہے۔"

لیکن یہ حدیث پانچ وسق والی حدیث کی معارض نہیں ہے۔ دونوں حدیثوں پر عمل واجب ہے۔ اس لئے کہ حدیث "بارش کے پانی کی پیداوار میں عشر ہے" سے مقصود درحقیقت یہ واضح کرنا ہے کہ عشر کس قسم کی پیداوار میں واجب ہے۔ اور نصف عشر کس قسم کی پیداوار میں۔ اس حدیث میں نصاب کا ذکر نہیں کیا گیا۔ نصاب کے بارے میں آپؐ نے ایک دوسری حدیث میں وضاحت فرمائی ہے۔

جہاں تک حوالان حول (Completion of a year) کی شرط کے نہ ہونے سے عدم نصاب کا تعلق ہے تو یہ بات دل کو اس لئے نہیں لگتی کہ زراعت میں کھیتی کٹ جانے سے نمو تام ہو جاتا ہے جبکہ دیگر اموال میں سال بھر نمو کا امکان باقی رہتا ہے۔ اسی لئے ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ ابن قدامہ لکھتے ہیں۔

و انما لم یعتبر الحول لانہ یکمل نماوہ باستحصادہ لا ببقائہ و اعتبر الحول

toobaa-elibrary.blogspot.com

فی غیرہ لانہ مظنۃ لکمال النماء فی سائر الاموال والنصاب اعتبر لیبلغ حدا یحتمل المواساۃ منہ فلھذا اعتبر فیہ(123)

امام ابو یوسف پانچ وسق والی حدیث نقل کر کے لکھتے ہیں۔

والقول عندنا علی ھذا(124)

"اور ہمارے نزدیک صحیح قول یہی ہے۔"

عقلی طور پر بھی امام ابو یوسف کی رائے کو ترجیح حاصل ہے کیونکہ جب شریعت نے دوسرے تمام اموال میں نصاب کو مد نظر رکھا ہے تو زرعی پیداوار کا نصاب بھی مقرر ہونا چاہئے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ زکوۃ صرف اغنیاء (The upper classes) پر واجب ہے اور نصاب کی حقیقت یہی ہے کہ وہ غنا کی کم سے کم حد ہے۔ صاحب ہدایہ لکھتے ہیں۔

و لانہ صدقۃ فیشترط فیہ النصاب لیتحقق الغنی(125)

"یعنی عشر ایک صدقہ ہے لہٰذا اس میں بھی نصاب کی شرط ہوگی تاکہ غناء کا تحقق ہو جائے۔"

ابن قدامہ لکھتے ہیں۔

یحققہ ان الصدقۃ انما تجب علی الاغنیاء ..... و لا یحصل الغنی بدون النصاب کسائر الاموال الزکاتیۃ(126)

اگر زمین ٹھیکہ پر (on rent) دی گئی ہو تو امام ابو یوسف کے نزدیک عشر کی ادائیگی کاشتکار کے ذمہ ہوگی کیونکہ ان کے نزدیک عشر پیداوار پر واجب ہوتا ہے۔ اکثر ائمہ نے امام ابو یوسف کے قول پر ہی فتویٰ دیا ہے۔ محمد امین ابن عابدین (م 1252ھ / 1836ء) نے اپنے عہد کے حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہا ہے کہ اگر امام ابو حنیفہ کے قول کو تسلیم کیا جائے تو اس سے اوقاف کی اراضی پر ظلم ہوتا ہے۔ آپ لکھتے ہیں۔

و قد وقعت ھذہ الحادثۃ فی زماننا و تکرر السوال عنھا و ملت فیھا الی الجواب بقول الامامین لانہ قول مصحح ایضا ..... و لانہ یلزم علی قول الامام فی زماننا حصول ضرر عظیم علی جھۃ الاوقاف وغیرھا لا یقول بہ احد و ذلک انہ جرت العادۃ فی زماننا ان اصحاب التیمار والزعماء الذین ھم وکلاء مولانا السلطان نصرہ اللہ تعالٰی یاخذون العشر و الخراج من المستاجرین و کذا جرت العادۃ ایضا ان حکام السیاسۃ یاخذون الغرامات الواردۃ علی الاراضی من المستاجرین ایضا و غالب القری والمزارع اوقاف

toobaa-elibrary.blogspot.com

والمستاجر بسبب ما ذکرناہ لا یستاجر الارض الا باجرۃ یسیرۃ جدا فقد تکون قریۃ کبیرۃ اجرۃ مثلھا اکثر من الف درھم فیستاجرھا بنحو عشرین درھما لما یاخذہ منہ حکام السیاسۃ من الغرامات الکثیرۃ و لما یاخذہ منہ اصحاب التیمار فاذا آجر المتولی ھذہ القریۃ بعشرین درھما فھل یسوغ لاحد ان یفتی صاحب العشر باخذ عشر ما یخرج من جمیع القریۃ من المتولی ھذا شئی لا یقول بہ احد فضلا عن امام الائیمۃ و مصباح الامۃ ابی حنیفۃ النعمان رحمہ اللہ تعالی بل الواجب ان ننظر الی اجرۃ مثل ھذہ القریۃ ..... فاذا امکن المتولی ان یوجرھا بالاجرۃ الوافرۃ فح نفتی بقول الامام و اذا کان لا یمکنہ ذلک بان کان لا یرضی احد ان یستاجرھا الا بالاجرۃ القلیلۃ لجریان العادۃ باخذ العشر منہ فح بتعین الافتاء بقول الامامین ھذا ھو الانصاف الذی لا یتاتی لاحد فیہ خلاف (127)

"اور یہ واقعہ ہمارے زمانہ میں پیش آیا اور بار بار ہم سے پوچھا گیا۔ میں نے اس میں صاحبین کا موقف اختیار کیا ہے کیونکہ وہ بڑا صحیح قول ہے..... اور یہ اس لئے کہ ہمارے زمانے میں امام (ابو حنیفہ) کے قول پر عمل کرنے سے اوقات کی اراضی پر ظلم عظیم ہو گا۔ جس کا کوئی قائل نہیں۔ بات یہ ہے کہ ہمارے زمانے کا دستور ہے کہ سلطان (اللہ اس کی مدد کرے) کے کارندے مستاجرین سے عشرو خراج وصول کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ رسم بھی چل نکلی ہے کہ ارباب سیاست زمین پر جو تاوان وغیرہ ہوتے ہیں سب مستاجرین سے وصول کرتے ہیں۔ دیہات اور اراضی زیادہ تر اوقاف سے تعلق رکھتے ہیں اور ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ مستاجر بہت تھوڑی رقم کے معاوضہ میں زمین اجارہ پر لیتا ہے۔ ایک بڑا گاؤں جس کا اجارہ ہزار درہم سے بھی زیادہ ہونا چاہیے وہ صرف بیس درہم کے عوض لیتا ہے۔ کیونکہ حکام اکثر مستاجرین سے تاوان وغیرہ کثرت سے وصول کرتے رہتے ہیں۔ جب مالک یہ پورا گاؤں بیس درہم کے عوض دے دے تو کوئی مفتی یہ فتویٰ کیونکر صادر کر سکتا ہے کہ عشر وصول کرنے والا پورے گاؤں کا عشر مالک سے وصول کرے۔ کوئی شخص ایسی بات نہیں کہہ سکتا چہ جائیکہ امام الائمہ و مصباح الامہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ ایسا فتویٰ دیتے۔ نہایت ضروری ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ اکثر حالات میں ایسے گاؤں کا معاوضہ کیا ہوتا ہے..... جب مالک زیادہ اجارہ (ٹھیکہ) وصول کرے گا تو ہم امام کے قول پر فتویٰ دیں گے اور اگر ایسا ممکن نہیں اور کوئی شخص زیادہ اجارہ دینے کے لئے تیار نہیں کیونکہ حسب عادت اس سے عشر وصول کیا جاتا ہے تو اس صورت میں صاحبین کے قول پر فتویٰ دینا ضروری ہو گا۔ یہ انصاف کی بات ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جس میں مجال اختلاف نہیں ہے۔"

ابن قدامہ نے بھی امام ابویوسف کی رائے کو ترجیح دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اسے زمین کا وظیفہ کہنا صحیح نہیں۔ اس لئے اگر یہ زمین کا وظیفہ ہوتا تو خراج کی طرح کاشت کے بغیر بھی واجب ہوتا۔ آپ لکھتے ہیں۔

و من استاجر ارضا فزرعها فالعشر عليه دون مالک الارض، و بهذا قال مالک والثوری و شریک و ابن المبارک والشافعی و ابن المنذر (128)

"اور جس نے اجرت پر زمین لی پھر اس کو کاشت کیا تو عشر بھی اس کے ذمہ ہے۔ زمین کے مالک پر نہیں۔ اور یہی رائے مالک، ثوری، شریک، ابن مبارک، شافعی اور ابن منذر کی ہے۔"

علاء الدین ابوبکر الکاسانی (م 587ھ / 1191ء) لکھتے ہیں۔

لیس بشرط لوجوب العشر و انما الشرط ملک الخارج (129)

"زمین کا مالک ہونا عشر واجب ہونے کے لئے شرط نہیں بلکہ پیداوار کا مالک ہونا شرط ہے۔"

امام ابو عبید (130) اور احمد رضا خاں (م 1340ھ / 1922ء) (131) کی تحقیق بھی امام ابویوسف کی رائے کے مطابق ہے۔ شہد پر عشر واجب ہونے کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے شریعت کے منشاء کے قریب ہے۔ اگرچہ جمہور فقہاء کی یہ رائے درست ہے کہ شہد کے متعلق کوئی صحیح حدیث آپؐ سے ثابت نہیں لیکن بہت سی ضعیف احادیث مل کر قوی بن جاتی ہیں۔ نیز شہد چونکہ درختوں اور پھلوں سے حاصل ہوتا ہے اور اس کا ذخیرہ بھی ہو سکتا ہے اس لئے قیاس کا تقاضا بھی یہ ہے کہ اس پر عشر واجب ہو۔ محمد بن علی الشوکانی (م 1250ھ / 1834ء) نے "نیل الاوطار" میں یہی رائے دی ہے۔ (132) جمہور کی یہ دلیل کہ دودھ میں از روئے اجماع زکوۃ نہیں تو اس کا جواب ابن قدامہ نے یہ دیا ہے کہ دودھ کی زکوۃ اس کی اصل یعنی حیوانات سائمہ میں واجب ہے۔ بخلاف شہد کے۔ (133)

ناقابل پیمائش چیزوں کے نصاب کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے ان کی اعلیٰ اقتصادی بصیرت پر دلالت کرتی ہے۔ ظاہر ہے کہ شارع نے جب ان چیزوں کے نصاب کے بارے میں وضاحت نہیں کی تو ان کے نصاب کا اعتبار "سری چیزوں کے ذریعہ ہی کیا جائے گا اور جن چیزوں کو ناپا جا سکتا ہو ان کی قیمت کو ایسی چیزوں کے نصاب کے تعین کا ذریعہ بنایا جائے گا۔

امام ابویوسف جب یہ رائے دیتے ہیں کہ قیمت کا اعتبار کرنے میں سب سے زیادہ کم قیمت والی چیز مثلاً جو، مکئی وغیرہ کو معیار بنایا جائے تو اس سے وہ حاجت مندوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں۔

پیداواری اخراجات (Cost of Production) عشر کی ادائیگی سے قبل منہا کئے جائیں گے یا نہیں؟ اس بارے میں فتاویٰ عالمگیری کے مولفین کا رجحان ابویوسف کے معاشی فکر کے مطابق ہے۔ چنانچہ اس میں یہ لکھا گیا ہے کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کام کرنے والوں کی اجرت' نہر کھودنے اور بیلوں کا خرچ' محافظ کی اجرت' اور دیگر اخراجات پیداوار سے منہا نہیں کیے جائیں گے۔ بلکہ کل پیداوار (Total Production) میں سے عشر (1/10) یا نصف عشر (1/20) کی ادائیگی کی جائے گی۔ (134)

صدقہ فطر

صدقہ فطر کے نصاب کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے کے برعکس جمہور فقہاء کی رائے صدقہ فطر کے فلسفہ سے ہم آہنگ ہے۔ شارع نے اس کی دو بڑی حکمتیں بیان کی ہیں۔ یعنی اس کے ذریعہ ایک مسلمان روزہ دار کو لغو باتوں سے پاکیزگی حاصل ہوتی ہے اور مساکین کو عید کی خوشیوں میں شریک کیا جاتا ہے۔ یہ صدقہ دوسرے فرض صدقات کے مقابلے میں اس لحاظ سے مختلف ہے کہ دیگر صدقات مختلف اموال پر عائد ہوتے ہیں اس لئے ان اشیاء کا نصاب بھی ضروری ہے۔ لیکن صدقہ فطر افراد پر عائد ہوتا ہے اس لئے یہ بات زیادہ قرین قیاس ہے۔ کہ اس کا نصاب نہ ہو۔ احمد بن حنبل (م 241ھ / 855ء) نے اپنی مسند میں یہ روایت نقل کی ہے۔

عن ابی هريرة فی زكوة الفطر = على كل حر و عبد' ذكر او انثى' صغير او كبير' فقير او غنى' صاع من تمر' او نصف صاع من قمح (135)

"زکوۃ الفطر کے بارے میں ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہر آزاد اور غلام' مرد یا عورت' چھوٹا یا بڑا' فقیر یا مالدار اس پر ایک صاع کھجور یا نصف صاع گندم ہے۔"

امام ابویوسف کا یہ نظریہ کہ صدقہ فطر کی ادائیگی کے لئے آٹا گندم سے بہتر ہے اور نقد رقم آٹے سے بہتر ہے بہت مناسب ہے۔ اس طرح غرباء و مساکین اپنی حاجات بہتر طریقہ سے پوری کر سکتے ہیں۔ اگر محتاج آدمی کو نقد رقم مل جائے تو وہ اپنی ضرورت کی دیگر اشیاء خرید سکتا ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز اور حسن بصری سے یہی منقول ہے۔ (136) ابو جعفر الطحاوی نے ابویوسف کی اس رائے کو پسند کیا ہے۔ (137) دور حاضر میں بالخصوص وہ صنعتی علاقے' جہاں نقدی کے ذریعے ہی لین دین ہوتا ہے' وہاں ابویوسف کی رائے پر عمل کرنے سے فقراء کے لئے بہت آسانی ہے۔

غیر مسلم کو صدقہ فطر دینے کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے پر ہی فتویٰ ہے ابن عابدین کے الفاظ ہیں "ان الفتوى على قول ابى يوسف" (138)

پیمانہ صاع کا وزن

امام ابویوسف نے پیمانہ صاع کے وزن کے بارے میں اہل مدینہ کے صاع کو اس لئے معتبر قرار دیا کہ اہل مدینہ زیادہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تر زراعت پیشہ تھے انہیں پیمانہ سے زیادہ واسطہ پڑتا تھا اس لئے ان کے پیمانے زیادہ صحیح ہوتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک فرمان سے بھی امام ابویوسف کی رائے کو تقویت ملتی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ (م 73ھ / 692ء) فرماتے ہیں۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم الوزن وزن اھل مکۃ والمکیال مکیال اھل المدینۃ(139)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تول میں مکہ والوں کی تول معتبر ہے اور ناپ میں مدینہ والوں کی ناپ"

ڈاکٹر محمد ضیاء الدین الریس نے اپنی کتاب "الخراج والنظم المالیۃ للدولۃ الاسلامیۃ" میں امام ابویوسف ہی کی رائے کو ترجیح دی ہے۔ آپ کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ ہارون الرشید کی موجودگی میں امام مالک بن انس اور امام ابویوسف کے درمیان صاع کے وزن کے بارے میں مباحثہ ہوا' اور اس کے نتیجے میں امام ابویوسف نے 'امام مالک اور اہل مدینہ کی رائے کو تسلیم کر لیا۔ امام مالک سے بڑھ کر مدینہ کے آثار سے اور کون واقف ہو سکتا ہے؟ اور فقیہہ ابویوسف سے بڑھ کر اور کون سی بڑی گواہی ہو سکتی ہے؟(140)

عشری اور خراجی زمینیں

امام ابویوسف نے عشری اور خراجی زمینوں پر بحث کرتے وقت بڑے احسن طریقہ سے عشری زمینوں کو خراجی زمینوں سے ممتاز کر دیا ہے۔ لیکن جب وہ یہ کہتے ہیں کہ وہ تمام زمینیں جن کے مالک مسلمان ہو گئے ہوں عشری زمین ہے خواہ وہ جزیرۃ العرب میں ہو یا اس سے باہر تو وہ جزیرۃ العرب سے باہر کی عشری زمین کی کوئی مثال بیان نہیں کرتے۔ ڈاکٹر ضیاء الدین احمد رقم طراز ہیں۔

"Neither Abu Yusuf, nor any other authority gives any instance of Ushr land outside Arabian Peninsula on this Score." (141)

"نہ ہی امام ابویوسف اور نہ ہی کوئی دوسرا مستند مصنف اس بنیاد پر جزیرۃ العرب سے باہر عشری زمین کی کوئی ایک مثال دیتا ہے۔"

ابن عابدین نے ابویوسف کے اس قول پر اعتماد کیا ہے کہ کسی زمین کو عشری یا خراجی قرار دیتے ہوئے یہ اصول سامنے رکھا جائے گا کہ اس کے قرب و جوار کی زمین کس نوعیت کی ہے۔(142)

امام ابویوسف جب حاکم کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ وہ عشر یا خراج دونوں میں سے کوئی ایک عائد کر سکتا ہے تو اس سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان کا مقصد بیت المال کے ذرائع آمدن میں اضافہ کرنا ہے۔ یعنی اگر حاکم یہ محسوس کرے کہ ایسی زمینوں پر عشر لینے کی صورت میں، ملکی خزانہ میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوتا اور حکومت کو اخراجات کے لئے رقم کی ضرورت ہے تو عشر کی بجائے خراج بھی عائد کر سکتا ہے۔ اس طرح امام ابو یوسف نے کسی ریاست کی معاشی بدحالی کو ترقی میں بدلنے کے لئے قانونی تحفظ مہیا کیا ہے۔

امام ابو یوسف جب یہ کہتے ہیں کہ ایک ہی زمین پر عشر اور خراج اکٹھے نہیں ہو سکتے تو دراصل وہ تحصیل محاصل میں اصول عدل کو مد نظر رکھتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں۔

ما احب ان یجمع علی المسلم صدقة المسلم و جزیة الکافر (143)

"مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں مسلمان پر، مسلمان کی زکوۃ اور کافر کا جزیہ (دونوں کو) جمع کر دوں اور یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی بھی خلیفہ یا منتظم نے سواد کی زمین پر خراج کے ساتھ عشر کا ٹیکس نہیں لگایا۔" (144)

خراج اصل میں کفر کی وجہ سے واجب ہوتا ہے۔ یہ بزور قوت فتح کئے جانے والے علاقوں میں وہاں کے باشندوں کی سرزنش ہے جبکہ عشر ایک عبادت ہے جو نفس اور مال کی تطہیر اور اللہ کے شکر کے طور پر واجب ہوتا ہے۔ پس دونوں کے وجود کا مقصد ایک دوسرے کے بالکل برعکس ہے۔ اور ایسی دو چیزوں کا اجتماع نہیں ہو سکتا۔

وہ علماء جو اسلامی معاشیات میں حجت سمجھے جاتے ہیں، ان کی رائے یہ ہے کہ خراجی زمین کا مالک اگر اسلام قبول کر لے تو خراج ساقط ہو جائے گا۔ اس کے ذمہ صرف عشر کی ادائیگی ہوگی۔ اور اس کو اپنی زمین فروخت کرنے کا حق ہو گا۔ (145)

عشور

امام ابو یوسف عشور (Custom Duty) پر بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ غیر مسلموں سے حرام چیزوں مثلاً سور اور شراب کے کاروبار کا ٹیکس لیا جائے گا اور اسے بیت المال میں جمع کرایا جائے گا۔ راقم کی رائے یہ ہے کہ ان کا یہ نظریہ اسلام کے مجموعی مزاج سے ہم آہنگ نہیں۔ ایک اسلامی ریاست میں صرف حلال اشیاء اور حلال کاموں پر ہی ٹیکس عائد کے جا سکتے ہیں۔ حرام اشیاء اور حرام کاموں پر ٹیکس نہیں لیا جا سکتا۔ امام ابو عبید نے کتاب الاموال میں صحیح کہا ہے کہ عشور کو جزیہ و خراج پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ آپ لکھتے ہیں۔

و هذا لیس من الباب الاول، و لا یشبهه، لان ذلک حق وجب علی رقابهم و لرضیهم، و ان العشر ههنا انما هو شئی یوضع علی الخمر والخنازیر انفسها، فکذلک ثمنها لا یطیب لقول رسول الله صلی الله علیه وسلم "ان

toobaa-elibrary.blogspot.com

اللہ اذا حرم شیئا حرم ثمنہ" (146)

"ہمارے خیال میں اس مسئلہ کا (یعنی عشور کا) پہلے مسئلہ سے نہ تعلق ہے' نہ مشابہت۔ اس لئے کہ وہ ایک ایسا حق تھا جو ان کے افراد اور ان کی زمینوں پر واجب ہوا تھا۔ لیکن یہاں عشر (چنگی) خود شراب اور سوروں پر لگایا جا رہا ہے حالانکہ ان کی طرح ان کی قیمت بھی ناپسندیدہ اور ناروا ہے۔ اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کو حرام قرار دیتا ہے تو اس کی قیمت بھی حرام ہو جاتی ہے۔"

حضرت عمر بن الخطابؓ اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کے فرامین بھی اس ضمن میں ہماری راہنمائی کرتے ہیں۔ امام ابوعبید اپنی تصنیف کتاب الاموال میں حضرت عبداللہ بن ہبیرہ سبائی کی یہ روایت نقل کرتے ہیں کہ عتبہ بن فرقد نے حضرت عمرؓ کو شراب کا ٹیکس وصول کر کے چالیس ہزار درہم بھیجے۔ اس پر حضرت عمرؓ نے انہیں لکھا "تم نے مجھے شراب کا ٹیکس بھیج دیا حالانکہ مہاجرین کے مقابلہ میں تم اس کے زیادہ حقدار تھے۔ پھر آپ نے فرمایا "بخدا اس کے بعد میں تمہیں کسی چیز کی خدمت کے لئے بھی مامور نہ کروں گا۔" (147)

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے عدی بن ارطاۃ کو لکھا "مجھے اپنے پاس آنے والے اموال کے بچ رہنے والے حصہ کے متعلق مطلع کرو کہ وہ کہاں سے آیا؟ چنانچہ انہوں نے اس کے جواب میں مختلف اصناف سے وصول ہونے والی آمدنیوں کی تفصیلی فہرست لکھ بھیجی۔ اپنے اس مکتوب میں انہوں نے یہ بھی لکھا تھا "شراب کے ٹیکس سے چار ہزار درہم وصول ہوئے" کچھ مدت کے بعد اس کے جواب میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کی یہ تحریر آئی "تم نے اپنے خط میں مجھے شراب کے ٹیکس میں چار ہزار درہم کی وصولی کا لکھا۔ حالانکہ مسلمان نہ شراب کا ٹیکس (عشور) وصول کرتا ہے' نہ اسے پیتا ہے اور نہ فروخت کرتا ہے۔ لہٰذا جب میرا یہ خط تمہیں ملے تو اس شخص کو بلاؤ (جس سے یہ ٹیکس وصول کیا گیا ہے) اور یہ رقم اسے واپس کر دو کہ وہ اس کا زیادہ مستحق ہے۔ چنانچہ انہوں نے اس شخص کو بلایا اور اسے وہ چار ہزار درہم واپس کئے گئے۔ اور عدی بن ارطاۃ نے کہا "میں اپنے اس عمل کی خدا سے معافی چاہتا ہوں۔ بلاشبہ مجھے اس بارے میں کوئی معلومات نہ تھیں۔ (148)

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے عبدالحمید بن عبدالرحمٰن کے نام جو خط تحریر کیا تھا اس میں یہ الفاظ بھی لکھے تھے "تم ان سے دراہم نکاح" نہ وصول کرنا۔ اس خط میں "دراہم نکاح" سے مراد ہے طوائفوں کی کمائی۔ ان طوائفوں سے خراج لیا جاتا تھا۔ (149)

امام ابویوسف نے خود کتاب الخراج صفحہ 93 پر حضرت عمر بن عبدالعزیز کا اثر نقل کیا ہے جو ان کے معاشی فکر کے خلاف ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جزیہ

جزیہ (Capitation Tax) کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی فکر کی ایک خوبی یہ ہے کہ آپ نے اس پر بحث کرتے وقت ان قوانین (Laws) کو پیش نظر رکھا ہے جو جدید دور کے ماہرین معاشیات کے نزدیک ایک اچھے ٹیکس کے لئے ضروری ہیں۔ ایک ٹیکس کو درج ذیل قوانین کا پابند ہونا چاہئے۔

(ا) قانون معدلت

(ب) قانون تیقن

(ج) قانون سہولت

(د) قانون کفایت

(ر) قانون تغیرپذیری

وہ ٹیکس جس میں یہ خوبیاں موجود نہ ہوں ماہرین کے نزدیک ناقص ٹیکس کہلاتا ہے۔ امام ابویوسف نے جزیہ کو معاشی حیثیت سے ایک نہایت ہی عمدہ ٹیکس کے طور پر پیش کیا ہے۔ ان کے نزدیک مذکورہ بالا قوانین کی خلاف ورزی سے ذمی رعایا کی معاشی ترقی و خوشحالی کو ضرر پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

قانون معدلت کا مفہوم یہ ہے کہ رعایا سے ان کی مالی حیثیت کے مطابق ٹیکس لیا جائے۔ امام ابویوسف نے اس قانون کو مد نظر رکھتے ہوئے عوام کے مختلف طبقات کی مالی حالت کے مطابق مختلف شرح سے ٹیکس تجویز کیا ہے۔ امراء پر بشرح اعلیٰ، متوسطین بشرح متوسط اور غرباء پر بشرح ادنیٰ تاکہ تمام ٹیکس دہندگان مساوی بوجھ محسوس کریں۔ وہ امراء، متوسطین اور غرباء پر بشرح مختلف 12، 24، 48 درہم سالانہ ٹیکس عائد کرتے ہیں۔

اصول معدلت کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ شرح محصول مختلف ہونے کے باوجود ایک حد تک محدود ہو۔ یعنی اس پر متواتر اضافہ نہ ہو سکے تاکہ اضافہ آمدنی کسی حالت میں بھی لوگوں کے لئے نقصان دہ نہ ہو۔

امام ابویوسف نے امارت و غربت کے لحاظ سے انسانی طبیعتوں کے لئے جزیہ کی جو شرحیں مقرر کی ہیں وہ اگرچہ بذات خود مختلف ہیں لیکن ہر شرح محدود ہے۔ یعنی بالفاظ دیگر ہر طبقہ کی آمدنی کے متعدد مدارج قرار دے کر ان کے لئے علیحدہ علیحدہ شرحیں قائم نہیں کی ہیں بلکہ تمام غرباء کے لئے ایک شرح ہے تمام متوسطین کے لئے ایک اور تمام امراء کے لئے ایک۔ اس طریقہ سے ہر طبقہ پر جزیہ کا یکساں الگ الگ بوجھ پڑتا ہے اور کسی خاص طبقہ کو زیادہ استطاعت کی وجہ سے جزیہ زیادہ بوجھ معلوم نہیں ہوتا۔

قانون تیقن کا مفہوم یہ ہے کہ جو ٹیکس عائد کیا جائے اس کی قانونی حیثیت، مقدار، ادائیگی کا وقت، طریقہ ادائیگی وغیرہ سب امور واضح ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف نے جزیہ کے بارے میں بحث کرتے وقت اس امر کو پیش نظر رکھا ہے کہ جزیہ ادا کرنے والے کو اپنی مالی حیثیت کے مطابق واجب الادا رقم کی صحیح مقدار کا علم ہو تاکہ جبر یا دھوکے سے کوئی شخص مقررہ ٹیکس سے زیادہ نہ وصول کر سکے ان کے نزدیک جزیہ کی شرح میں تغیر و تبدل ممکن نہیں۔ انہوں نے اس کی ادائیگی کا وقت بھی بتایا ہے۔ یعنی یہ سال کے آخر میں وصول کیا جائے۔ اس سے قبل اس کا مطالبہ نہیں کیا جا سکتا۔(150)

امام ابویوسف نے قانون سہولت کو بھی مد نظر رکھا ہے۔ وہ جزیہ کی ادائیگی کا طریقہ بتاتے ہوئے کہتے ہیں کہ نقدی کے علاوہ جانور' سامان اور پیشہ کی ہر چیز جزیہ کے طور پر دی جا سکتی ہے۔ صرف مردار' سور اور شراب پیش نہیں کی جا سکتی۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر یہ چیزیں جزیہ میں وصول ہوں تو اہل حرفت کے ذریعے ان کو فروخت کر کے ان کی قیمت دفتر میں جمع کرنی چاہیے کیونکہ اس میں اہل جزیہ کو سہولت ہوتی ہے۔(151)

قانون کفایت سے مراد یہ ہے کہ ٹیکس دہندگان پر اتنا ہی ٹیکس لگایا جائے جو سرکاری اخراجات کے لئے کافی ہو' ٹیکسوں کی وصولی پر اتنی رقم خرچ نہ کر دی جائے جس سے اصل رقم کا ایک بڑا حصہ ختم ہو جائے۔

امام ابویوسف نے اتنا ہی ٹیکس تجویز کیا ہے جو سرکاری اخراجات کے لئے کافی ہو۔ جزیہ ادا کرنے والوں کو مقدار جزیہ سے زیادہ نہیں دینا پڑتا۔ جو کچھ فراہمی جزیہ میں صرف ہوتا ہے اس کی مقدار بمقابلہ ماحصل جزیہ ادنیٰ سے ادنیٰ ہوتی ہے۔ یعنی اس کے فراہم کرنے کے مصارف اصل مطالبات سے کم اور بہت کم ہوتے ہیں۔

البتہ امام ابویوسف کے فکر میں ایک خامی یہ ہے کہ انہوں نے جزیہ کے ضمن میں قانون تغیر پذیری کو مد نظر نہیں رکھا۔ اس قانون کا مفہوم یہ ہے کہ ٹیکس متعدد ذرائع پر مختلف شرحوں سے اس طرح قائم کرنا چاہیے کہ حسب حالات اس کی مقدار ماحصل میں اضافہ و تخفیف ہو سکے۔ بعض اوقات حکومت کو مصارف کے لئے زیادہ رقم کی ضرورت پڑتی ہے اور کبھی کم۔ اگر ہر حالت میں جیسا کہ امام ابویوسف کا نظریہ ہے۔ جزیہ کی شرح یہی رہے تو اس صورت میں ایسا بھی ممکن ہے کہ کبھی تو مصارف کے لئے یہ رقم ناکافی ہو اور کبھی زائد بچ رہے۔ ہمارے خیال میں یہاں امام ابوعبید کی رائے زیادہ مناسب معلوم ہوتی ہے کہ حاکم کو جزیہ کی شرح میں کمی بیشی کا اختیار ہے۔(152) اگرچہ امام ابویوسف نے بھی کتاب الخراج میں ایسے واقعات نقل کئے ہیں جن سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ ان کے نزدیک جزیہ کی شرحوں میں کمی بیشی ہو سکتی ہے تاہم زیادہ واضح انداز میں ان کا موقف یہی نظر آتا ہے کہ جزیہ میں تخفیف نہیں کی جا سکتی۔(153)

امام ابویوسف نے کتاب الخراج صفحہ 80 پر لکھا ہے کہ نجران کے وہ عیسائی جو عراق چلے گئے تھے انہوں نے حضرت عثمان غنی (24-35ھ / 645-655ء) کے زمانہ خلافت میں تخفیف جزیہ کی درخواست کی تو امیر المومنین نے ولید بن عقبہ حاکم عراق کے نام ایک فرمان بھیجا جس میں یہ الفاظ بھی تھے۔

و انی قد خففت عنهم ثلاثين حلة من جزيتهم(154)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"اور میں نے ان کے جزیہ سے تیس جوڑے کم کر دیئے ہیں۔"

یحییٰ بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء) نے اپنی تصنیف "کتاب الخراج" میں لکھا ہے کہ حسن بن صالح کا قول تھا کہ جن لوگوں پر حضرت عمرؓ نے 48'24'12 کی شرح سے جزیہ مقرر کیا تھا ان پر اس سے زیادہ نہ مقرر ہونا چاہیے۔ اور ان میں سے جو ادا نہ کر سکتا ہو اس کے جزیہ میں تخفیف کر دی جائے۔ کیونکہ حضرت عمرؓ یہ بھی فرماتے تھے کہ ان کو طاقت سے زیادہ تکلیف نہ دی جائے۔ (155)

امام ابو یوسف نے جزیہ کو خراج کے مماثل قرار دیا ہے۔ مفسرین، فقہاء اور ائمہ لغت کے اقوال سے ان کے اس نظریہ کی تائید ہوتی ہے مثلاً ابن جریر الطبری اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

حتی یعطوا الخراج عن رقابھم (156)

"یہاں تک کہ وہ اپنے افراد کی طرف سے خراج دیں۔"

ابو بکر السرخسی اپنی کتاب "المبسوط" میں لکھتے ہیں۔

وضع الخراج علی روس الرجال (157)

"آدمیوں پر فی راس خراج لگانا (جزیہ) ہے۔"

امام ابو یوسف کے نزدیک جزیہ کسی چیز کا محصول نہیں بلکہ مالی امداد ہے تاکہ اسلامی ریاست ذمی رعایا کی حفاظت کا فریضہ سرانجام دے سکے۔ اس سے بحیثیت ایک معاشی مفکر کے ان کی مثبت اور اعلیٰ سوچ کی نشاندہی ہوتی ہے جو غیر مسلم رعایا کے احترام کے متعلق ان کے دل میں موجود تھی۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مستشرقین کے ان اعتراضات کا ازالہ بھی ہو جاتا ہے جو جزیہ کے بارے میں کئے گئے ہیں۔ ایسا محصول جو مالی امداد ہو کسی شخص کی دل آزاری یا ذلت کا باعث نہیں ہو سکتا۔

امام ابو یوسف نے "کتاب الخراج" میں مختلف پیشوں کے حوالے سے امیر اور نادار طبقہ کی جس طرح تقسیم کی ہے وہ ان کی معاشی سوچ کی بلندی اور دور اندیشی پر دلالت کرتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امام ابو یوسف نے بارہ سو سال قبل معاشی لحاظ سے مختلف پیشوں کی جو تقسیم کی ہے، آج کے دور میں بھی اس تقسیم کو اختیار کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ تاہم اس ضمن میں راقم کی رائے یہ ہے کہ عرف (Custom) کو معتبر رکھا جائے۔ جیسا کہ ابو جعفر الطحاوی نے بھی کہا ہے کہ ہر شہر کا عرف معتبر ہے۔ پس جس کو اہل شہر غنی یا متوسط یا غریب کہتے ہوں۔ وہی معتبر ہے۔ (158) فتاوی عالمگیری میں اسی کو صحیح ترین قول کہا گیا۔ (159) امام ابو یوسف اگر متوسط طبقہ کی بھی کچھ تفصیل بتا دیتے تو اس سے بڑی سہولت پیدا ہو جاتی۔

وہ ذمی جو سال گزرنے کے بعد مسلمان ہوا ہو اس سے جزیہ لینے کے بارے میں امام ابو یوسف نے جو رائے دی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ حضرت عمرؓ بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء)' حضرت علیؓ بن ابی طالب (35-40ھ / 656-661ء) اور حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) کے عمل کے برعکس ہے۔ ان حضرات کے تعامل کے بارے میں جو روایات ملتی ہیں ان میں وقت کی قید نہیں لگائی گئی۔ حضرت عمرؓ نے ایک ایسے ذمی کو جس سے اسلام قبول کرنے کے بعد بھی جزیہ لیا جارہا تھا یہ پروانہ لکھ کر دیا کہ اس سے جزیہ وصول نہ کیا جائے۔ (160) ایک زمیندار اسلام قبول کرنے کے بعد حضرت علیؓ کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے اس سے کہا کہ اب تم سے جزیہ نہیں لیا جائے گا۔ (161) خود امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں ایک جگہ یہ روایت نقل کی ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے ایک عامل نے ان کو لکھا کہ وہ یہودی' عیسائی اور مجوسی جو اسلام قبول کررہے ہیں ان سے حسب سابق جزیہ لینے کی اجازت دی جائے۔ آپ نے اس کے جواب میں اس کو لکھا۔

و ان اللہ جل ثناوہ بعث محمدا داعیا الی الاسلام و لم یبعثہ جابیا فمن اسلم من اھل تلک الملل فعلیہ فی مالہ الصدقۃ و لا جزیۃ علیہ (162)

"اللہ جل ثناءہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اسلام کا داعی بنا کر بھیجا تھا نہ کہ محصل بنا کر۔ ان مذاہب کے پیروؤں میں سے جو شخص اسلام لے آئے اس کے ذمہ اپنے مال کی زکوۃ ہوگی اور اس پر جزیہ عائد نہیں ہوگا۔"

ابوعبید نے کتاب الاموال میں بالکل صحیح لکھا ہے۔

افلا تری ان ھذہ الاحادیث قد تتابعت عن ائمۃ الھدی باسقاط الجزیۃ عمن اسلم' و لم ینظروا - فی اول السنۃ کان ذلک و لا فی آخرھا فھو عندنا علی ان الاسلام اھدر ما کان قبلہ منھا (163)

"ائمہ ہدی کے بالتواتر یہ مروی آثار اس بات کی واضح دلیل ہیں کہ اسلام قبول کرلینے والے سے جزیہ نہیں لیا جائے گا۔ ان حضرات نے اس بارے میں شروع سال یا آخر سال کی کوئی قید نہیں لگائی۔ ان وجوہ کی بناء پر ہمارا فیصلہ یہی ہے کہ اسلام اپنے سے پہلے کے بقیہ جزیہ کو ساقط کردیتا ہے۔"

امام ابویوسف کی یہ رائے درست ہے کہ مرنے والے ذمی کے وارثوں سے جزیہ کی رقم کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا نہ اس کے ترکہ میں سے یہ رقم وصول کی جائے گی کیونکہ اس کی نوعیت اس فرد کے ذمہ قرض کی نہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) نے اپنے عہد میں یہ حکم جاری کیا تھا کہ اگر کوئی شخص فوت ہوگیا یا بھاگ گیا تو اس کے ذمہ جزیہ کی جو رقم واجب الادا تھی' وہ اس کے وارثوں سے وصول نہیں کی جائے گی۔ (164)

ابوبکر السرخسی بھی ابویوسف کے فکر کی پیروی کرتے ہوئے جزیہ کو قرض نہیں سمجھتے بلکہ عطیہ اور صلہ قرار دیتے ہیں۔ آپ "المبسوط" میں لکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لان الجزیۃ صلۃ مالیۃ و لیست بدین واجب"(165)

"اس لئے کہ جزیہ ایک مالی صلہ ہے واجب قرض نہیں۔"

امام ابویوسف کے نزدیک مصارف عامہ کا بنیادی اصول بہبود عامہ ہے۔ انہوں نے جزیہ کے مصارف کو مختلف مدوں میں اس طرح تقسیم کیا ہے کہ عوام کو ہر مد کے مصارف سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو۔

فئے

فئے کے بارے میں امام ابویوسف کی تعریف حضرت عمرؓ کے اس فرمان پر مبنی ہے جو آپ نے عراق کی فتح کے بعد حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کو جاری کیا تھا۔ آپ نے ان کو لکھا تھا:

اما بعد' فقد بلغنی کتابک تذکر فیہ ان الناس سالوک ان تقسم بینھم مغانمھم' وما افاء اللہ علیھم' فاذا اتاک کتابی ھذا فانظر ما اجلب الناس علیک بہ الی العسکر من کراع و مال' فاقسمہ بین من حضر من المسلمین و اترک الارضین والانھار لعمالھا(166)

"امابعد! مجھے تمہارا خط ملا جس میں تم نے لکھا ہے کہ لوگوں نے تم سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ ان کے اموال غنیمت' اور جو کچھ اللہ نے انہیں بطور فئے عطا کیا ہے وہ سب ان کے درمیان تقسیم کر دیا جائے میرا یہ خط پہنچنے کے بعد جائزہ لو کہ لوگ تمہارے پاس لشکر میں از قسم مال و مویشی وغیرہ کیا کیا لے کر آئے ہیں۔ ان تمام چیزوں کو تم ان مسلمانوں کے درمیان تقسیم کر دو جو موجود ہوں (اور جنگ میں شریک رہے ہوں) زمینیں اور نہریں ان پر محنت کرنے والوں کے پاس چھوڑ دو۔"

لقطہ اور لاوارث ترکے

لقطہ اور لاوارث ترکے کے بارے میں امام ابویوسف کی رائے بہت وزن رکھتی ہے کیونکہ اس طرح اسلامی ریاست غرباء اور محتاجوں کی بہتر طریقہ سے مدد کر سکتی ہے۔ ابویوسف کے نزدیک کفالت عامہ اسلامی ریاست کی اہم معاشی ذمہ داری ہے اس لئے اسلامی ریاست ہی ایسے مال کی مالک ہے تاکہ ضرورت مند افراد کی مدد کی جا سکے۔

امام ابویوسف کی اس رائے کو حضرت عمرؓ کے اس اثر سے بھی تقویت ملتی ہے۔

ان عمرو بن العاص کتب الی عمر بن الخطاب فی رھبان یترھبون بمصر فیموت احدھم و لیس لہ وارث فکتب الیہ عمر ان من کان منھم لہ عقب

toobaa-elibrary.blogspot.com

فادفع میراثه الی عقبه و من لم یکن له عقب فاجعل ماله فی بیت مال المسلمین فان ولاءه للمسلمین (167)

"عمرو بن العاص (والئ مصر) نے عمرؓ بن الخطاب کو مصر کے ایسے راہبوں کے بارے میں لکھا جو فوت ہو جاتے ہیں اور ان کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ حضرت عمرؓ نے انہیں جواب میں یہ لکھا کہ ان میں سے جس کے پیچھے ان کی نسل میں سے کوئی ہو اس کی میراث ان کے حوالہ کر دی جائے اور جس کے پیچھے اس کی نسل میں سے کوئی نہ ہو اس کا مال مسلمانوں کے بیت المال میں داخل کر دیا جائے۔ کیونکہ ان کی ولایت مسلمانوں کو پہنچتی ہے۔"

ابوالحسن علی بن محمد الماوردی (م 450ھ / 1058ء) نے "الاحکام السلطانیہ" میں اور ابوبکر الکاسانی نے بدائع الصنائع میں امام ابویوسف کے فکر ہی کی تائید کی ہے۔ (168)

امام ابویوسف' حاکم کو ٹیکس میں اضافہ یا کمی کرنے کا مکمل اختیار دیتے ہیں راقم کی رائے یہ ہے کہ کسی فرد واحد کو یہ اختیار نہیں دینا چاہئے۔ اسلام ایک خالص شورائی نظام کا تصور پیش کرتا ہے جس میں ہر قسم کے قومی فیصلے مجلس مشاورت کے ذریعے ہونے چاہیں۔ اور ٹیکس عائد کرنا ایک قومی معاملہ ہے اس لئے یہ ذمہ داری اجتماعی طور پر مجلس شوریٰ کے اراکین پر عائد ہوتی ہے۔

ٹیکسوں کے بارے میں امام ابویوسف کی بحث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ظالمانہ ٹیکسوں کی مذمت کی ہے اور عادلانہ ٹیکسوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

وقف

وقف کے لازم ہونے کے سلسلہ میں امام ابویوسف نے اپنے استاذ امام ابوحنیفہ اور دیگر ائمہ سے جو اختلاف کیا ہے وہ عقلی و نقلی دلائل کی روشنی میں زیادہ قرین صواب ہے کیونکہ وقف کا لفظ ہی اپنے خاص معنی و مفہوم میں اس کے لزوم اور ابدیت پر دلالت کرتا ہے نیز ان کی رائے اسلام کے عمومی مزاج سے بھی ہم آہنگ ہے۔

امام ابوحنیفہ کی رائے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی نظر صرف فرد کے مفاد یا احترام حریت پر ہے جبکہ امام ابویوسف کے فکر کو اختیار کرنے سے فرد کے مقابلے میں جماعت اور معاشرہ کو زیادہ فائدہ پہنچتا ہے۔ اسلام بھی فرد کے مقابلے میں اجتماعی مفاد کو زیادہ اہمیت دیتا ہے۔

وقف کی بنیادی غرض و غایت عموماً فلاحی اور رفاہی قسم کی ہوتی ہے اور زیادہ تر معاشرے کا نادار اور متوسط طبقہ ہی اس سے استفادہ کرتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر امام ابویوسف کی رائے کے برعکس وقف میں لزوم اور ابدیت نہ ہو اور مالک یا اس کے وارث جب چاہیں اس کو فسخ کرنے کا حق رکھتے ہوں تو اس سے اجتماعی مفاد کو کس قدر نقصان پہنچے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وقف کے ضمن میں حدیث و تاریخ کی کتب میں جس قدر آثار و روایات موجود ہیں ان سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ وقف کا لازم ہونا ضروری ہے۔ امام بخاری نے "الصحیح" کے باب "الشروط فی الوقف" میں حضرت عمرؓ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

لا تباع و لا توھب و لا تورث(169)

امام ترمذی لکھتے ہیں۔

والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم و غیرھم لا نعلم بین المتقدمین منھم فی ذلک اختلافا فی اجازۃ وقف الارضین و غیر ذلک(170)

"اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور ان کے علاوہ اہل علم کا عمل اسی پر ہے۔ ہم زمین وغیرہ کو وقف کرنے کی اجازت دینے کے بارے میں متقدمین کے درمیان کوئی اختلاف نہیں جانتے۔"

امام طحاوی نے اپنی کتاب شرح معانی الآثار میں فقہاء کے اختلاف کو نقل کرنے کے بعد امام ابویوسف کی رائے کو پسند کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔

فثبت بما ذکرنا ما ذھب الیہ ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ(171)

"پس ہمارے بیان مذکور سے امام ابویوسف کا مذہب ثابت ہوا۔"

امام ابویوسف کے موقف کو اس امر سے بھی تقویت حاصل ہوتی ہے کہ صحابہ کرام میں سے کوئی بھی اپنے اوقاف کے دوبارہ مالک نہیں ہوئے۔ آپ کی پہلی رائے امام ابوحنیفہ کے موافق ہی تھی لیکن جب آپ نے ہارون الرشید کے ساتھ حج کیا اور مدینہ طیبہ اور اس کے نواح میں صحابہ کرام کے اوقاف دیکھے تو امام ابوحنیفہ کے مذہب سے رجوع کر لیا اور لزوم وقف کا فتویٰ دیا۔(172)

وقف کے دوامی ہونے کے بارے میں امام ابویوسف کا قول مفتی بہ اور زیر عمل ہے۔(173) محمد بن عبدالواحد، ابن الھمام (م 861ھ / 1457ء) ابویوسف کے قول کی تائید میں لکھتے ہیں۔

قال الصدر الشھید و مشایخ بلخ یفتون بقول ابی یوسف و نحن نفتی بقولہ ایضا لمکان العرف(174)

"الصدر الشہید نے کہا اور مشائخ بلخ ابویوسف کے قول پر فتویٰ دیتے ہیں اور ہم بھی ان کے قول پر فتویٰ دیتے ہیں۔ کیونکہ عرفاً" وقف اسی مفہوم میں مستعمل ہے۔"

مصر، شمالی افریقہ اور ممالک روم میں بھی عموماً" ابویوسف کے قول پر ہی فتویٰ دیا جاتا ہے۔ زین العابدین بن ابراہیم،

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن نجیم (م 970ھ / 1562ء) اپنی کتاب البحر الرائق میں لکھتے ہیں۔

و مشایخنا اخذوا بقول ابی یوسف ترغیبا للناس فی الوقف (175)

"اور ہمارے مشائخ نے لوگوں کو وقف کی ترغیب دلانے کے لئے ابو یوسف کا قول لیا ہے۔"

صاحب در مختار' امام ابو یوسف کے قول کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

والاخذ بقول الثانی احوط و اسهل و فی الدرر و صدر الشریعة و به یفتی و اقره المصنف (176)

"اور دوسرا قول (یعنی ابو یوسف کا قول) لینا احوط اور اسہل ہے۔ اور درر غرر اور شرح وقایہ میں ہے کہ اسی کا فتویٰ ہے اور مصنف نے بھی اپنی شرح میں اسی کو ثابت رکھا ہے۔"

امام ابو یوسف کی اس رائے سے کہ وقف مالک کے قول ہی سے کامل ہو جاتا ہے' کلکتہ' رنگون اور بمبئی کی ہائی کورٹوں نے بھی اتفاق کیا ہے۔ (177) ابن ہمام نے فتح القدیر میں لکھا ہے کہ اکثر اہل علم اور محققین نے ابو یوسف کے قول ہی کو پسند کیا ہے۔ کیونکہ اس طرح بہتر طریقہ سے غرباء کی مدد ہو سکتی ہے۔ (178) فتاویٰ عالمگیری میں لکھا ہے۔

و هو قول الائمة الثلثة و هو قول اکثر اهل العلم و علی هذا مشائخ بلخ و فی المنیة و علیه الفتویٰ کذا فی فتح القدیر (179)

وقف کی سپرداری یعنی قبضہ (Possession) کے بارے میں بھی ابو یوسف کی رائے بہتر ہے۔ امام سرخسی نے قبضہ کے مسئلہ میں ابو یوسف اور امام محمد کے اقوال نقل کرنے کے بعد قاضی ابو عاصم کا یہ قول نقل کیا ہے۔

و کان القاضی ابو عاصم رحمه الله یقول قول ابی یوسف من حیث المعنیٰ اقویٰ لمقاربته بین الوقف والعتق من حیث انه لیس فی کل واحد منهما معنی التملیک (180)

"قاضی ابو عاصم فرمایا کرتے تھے کہ معنوی طور پر ابو یوسف کا قول زیادہ قوی ہے۔ کیونکہ (معنوی طور پر) وقف اور غلام کی آزادی ایک جیسے امور ہیں۔ اس لئے کہ ان دونوں ہی میں کسی دوسرے شخص کو مالک بنانا نہیں ہوتا۔"

فقہاء کی کثیر تعداد نے یہ رائے قائم کی ہے کہ وقف کی سپرداری کے بارے میں اگر ابو یوسف کے قول پر عمل کیا جائے تو اس سے وقف کے نام پر مختص کی جانے والی جائیداد میں بدعنوانی (Corruption) کے امکانات کافی حد تک کم ہو جاتے ہیں۔

مشترک (مشاع) اشیاء کے وقف کے بارے میں بھی حنفی فقہاء نے امام ابو یوسف کی رائے کو پسند کیا ہے۔ فتاویٰ

toobaa-elibrary.blogspot.com

عالمگیری کے مطابق فتویٰ امام ابویوسف کی رائے پر ہی ہے۔(181)

وقف شدہ جائیداد کو، کسی دوسری جائیداد سے تبدیل کرنے کے بارے میں امام ابویوسف کے فکر میں یہ خامی ہے کہ اس طرح ظالم اور بدعنوان قاضیوں کو اوقاف باطل کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ لہٰذا راقم کا خیال یہ ہے کہ ان ائمہ کی رائے ہی عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے، جن کی رائے میں وقف جائیداد کو کسی دوسری جائیداد سے تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔

امام ابویوسف کے اس قول پر فتویٰ دیا جاتا ہے کہ ایک شخص وقف کو اپنی زندگی تک اپنے لئے اور اپنے بعد فقراء کے لئے مخصوص کر سکتا ہے۔ مشائخ بلخ نے اسی رائے کو پسند کیا ہے تاکہ عوام الناس اپنی جائیداد وقف کرنے کی طرف راغب ہوں۔(182)

امام ابویوسف کی اس رائے پر بھی فتویٰ دیا جاتا ہے کہ جس جگہ مسجد تعمیر ہو جائے وہ ہمیشہ کے لئے مسجد کے حکم میں ہوگی اور وہ کسی کی میراث نہیں ہو سکتی خواہ بعد میں وہ منہدم ہو جائے اور اس کی تعمیرِ آبادی ممکن نہ ہو۔

حسن بن عمار، الشرنبلالی (م 1069ھ / 1659ء) اپنے رسالہ "سعادۃ الساجد بعمارۃ المساجد" میں لکھتے ہیں۔

قال ابویوسف هو مسجد ابدا الی قیام الساعة لا یعود میراثا و لا یجوز نقله و نقل ماله الی مسجد اٰخر سواء کان یصلون فیه اولا یصلون و علیه الفتویٰ کذا فی الحاوی القدسی و فی المجتبیٰ واکثر المشائخ علی قول ابی یوسف و رجح فی فتح القدیر قول ابی یوسف(183)

"ابویوسف نے کہا کہ وہ ہمیشہ کے لئے مسجد ہے۔ تاقیام قیامت کبھی میراث نہ ہوگی اور نہ خود اس کا یا اس کے مال کا دوسری مسجد میں منتقل کرنا درست ہے۔ خواہ اس دوسری مسجد میں لوگ نماز پڑھتے ہوں یا نہ پڑھتے ہوں۔ اس پر فتویٰ ہے جیسا کہ حاوی قدسی میں ہے اور مجتبیٰ میں ہے کہ اکثر مشائخ ابویوسف کے قول پر عمل کرتے ہیں اور فتح القدیر میں ابویوسف کے قول کو ترجیح دی گئی ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

خراج اور جزیہ سے متعلق ابو یوسف کے معاشی فکر پر مستشرقین کی تنقید اور اس کا تحقیقی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

خراج اور جزیہ کے متعلق مستشرقین نے ہمیشہ یہ غلط فہمی پھیلانے کی کوشش کی ہے کہ یہ قوانین غیر انسانی اور ظلم و استبداد پر مبنی ہیں۔ اپنے نظریات کو ثابت کرنے کے لئے انہوں نے ان سے متعلق نصوص میں تضاد و تناقض ظاہر کیا ہے اور مفروضات کا سہارا لیا ہے۔

اسلامی نظام مالیات میں امام ابو یوسف کی کتاب الخراج کی اہمیت چونکہ مسلمہ ہے اس لئے اس کی اہمیت کے پیش نظر بعض مستشرقین نے اس کو اپنی تحقیق و حاشیہ کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس سلسلہ میں ان کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اصل عربی متن کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی کر دیتے ہیں۔ پھر اپنی طرف سے حاشیہ کا اضافہ کرتے ہیں۔ لیکن ان کے حاشیہ اور امام ابو یوسف کے فکر میں کوئی مطابقت نہیں ہوتی۔

امام ابو یوسف کی کتاب الخراج پر مستشرقین کے حواشی غلط بیانات سے بھرپور ہیں۔ کیونکہ ان کا مقصد صرف یہ ہے کہ امام ابو یوسف کی کتب کو بنیاد بنا کر خراج کے متعلق اسلامی قوانین کو مسخ شدہ شکل میں پیش کیا جائے تاکہ ان کے غلط نظریات کی تائید ہو سکے۔ (184)

مستشرقین کا نظریہ یہ ہے کہ خراج کے جو احکام و قوانین عہد اول میں متعین تھے بعد میں ان کے خلاف عمل کیا گیا۔ اس طرح سے قانون اور حقیقت واقعہ میں مطابقت نہیں۔ لہٰذا اس تضاد کی بنیاد پر فرضیت خراج کی کوئی بنیاد باقی نہیں رہتی۔ (185) لاک گارڈ (Lokke 'gaard) لون کائٹانی (Lone Caetani)' ایڈولف گرہمان (Adolf Grohmann)' بیکر (Becker)' ہنری لامنز (Henry Lammens)' آگنیڈز (Aghnides) اور ڈوزی (Dozy) نے عفو' فضل اور طاقت کے مفہوم کی ایسی تشریح کی ہے جو قانون خراج کی روح سے کوئی مطابقت نہیں رکھتی۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ اسلام نے ضروریات سے زائد ٹیکس وصول کرنے کی جو تاکید کی ہے' اس سے مراد استطاعت کا انتہائی درجہ ہے' جس کا مفہوم یہ ہے کہ عفو یا فضل جو بھی معاہدین سے وصول کیا جائے وہ انسانی طاقت کی آخری مقدار کے مطابق ہو۔ (186)

حقیقت یہ ہے کہ امام ابو یوسف نے خراج اور جزیہ کے بارے میں جو افکار پیش کئے ہیں وہ اسلام کی روح عدل و احسان کے عین مطابق ہیں۔ قرآن و سنت میں غیر مسلموں کے ساتھ جس حسن سلوک اور نرمی کا حکم دیا گیا ہے' امام ابو یوسف نے قانون خراج کی تشریح میں اس کا پورا پورا لحاظ رکھا ہے اور اس وقت کے جو معاشی حالات تھے ان کو بھی مد نظر رکھا ہے۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں فقہ خراج کی جو مختلف اصطلاحات "عفو"، "فضل"، اور "طاقۃ" استعمال کی ہیں ان کو سمجھنے میں بھی مستشرقین نے سخت غلطی کی ہے۔ انہوں نے ان اصطلاحات کی تشریح اس طرح کی ہے کہ اس میں قانون کی روح عدل کی نفی اور ظلم و استبداد کے معنی پیدا ہو گئے ہیں۔ مستشرقین کو یہ غلط فہمی اس وجہ سے ہوئی کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

انہوں نے آراضی مفتوحہ کے بارے میں خراج کے احکام و قوانین کا بنظر غائر مطالعہ نہیں کیا کیونکہ صلح سے فتح کئے ہوئے اور جنگ سے فتح کئے ہوئے ممالک کے مسائل خراج میں بڑا فرق ہے۔ مستشرقین نے دراصل ان دونوں کو خلط ملط کر دیا جس کی بناء پر انہیں تناقض نظر آیا۔

ان تینوں اصطلاحات (عفو، فضل اور طاقۃ) کا ذکر ان احادیث میں بھی ملتا ہے جن میں خراج کی فرضیت، زمین کی ملکیت اور اس سے حق انتفاع کا ذکر ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ عفو، فضل اور طاقۃ کی اصطلاحات کا ذکر بہت سی ان روایات میں بھی ملتا ہے جو پہلی صدی ہجری کے مالیاتی اور دیگر امور سے متعلق ہیں۔ سرسری مطالعہ کرنے والا ان الفاظ کو عام مفہوم و معنی میں استعمال کرتا ہے۔ مستشرقین نے بھی کچھ تو غلط فہمی سے اور کچھ تعصب کی بناء پر ان الفاظ کے غلط معنی متعین کئے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ امام ابویوسف نے تینوں اصطلاحات کو ایک خاص معنی میں استعمال کیا ہے تاکہ جو مسائل جزوی طور پر مختلف فیہ ہیں وہ اچھی طرح واضح ہو جائیں۔ لیکن مستشرقین نے اس موقعہ کو غنیمت جان کر احکام خراج کی بنیادی نصوص اور امام ابویوسف کی توضیحات میں تضاد قائم کر دیا۔ حالانکہ حقیقتاً ایسا نہیں ہے۔

امر واقعی یہ ہے کہ امام ابویوسف کی استعمال کردہ قانونی اصطلاحات نے مصر، شام، عراق اور دیگر مشرقی ممالک میں خراج کی فرضیت اور وصولی کے متعلق بہت سے نامناسب طریقوں کی جڑ کاٹ دی۔

جزیہ کے بارے میں امام ابویوسف کے فکر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ذمی رعایا کی استطاعت اور قدرت کو مد نظر رکھتے ہوئے جزیہ کی شرح عائد کرتے ہیں۔ ان کے نظریہ کے مطابق یہ ٹیکس مختلف قوموں کے ساتھ کئے گئے معاہدوں کے نتیجہ میں عمل میں آتا تھا۔ آپ نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ بہت سے ممالک نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے معاہدہ کر لیا تھا جس کے تحت ہر شخص ایک دینار جزیہ ادا کرتا تھا اور جزیہ کی یہ آمدنی ملت اسلامیہ کی فلاح و بہبود کے کاموں کے لئے خاص تھی۔ (187)

امام ابویوسف نے سواد عراق کی مفتوحہ زمینوں کے متعلق کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ جب تمام صحابہ کرام نے حضرت عمرؓ کی رائے سے اتفاق کر لیا تو آپ نے خراج کے قوانین وضع کرنے کی طرف توجہ فرمائی اور صحابہ کرام کے مشورے سے عثمانؓ بن حنیف کو عراق کی زمینوں کی پیائش کے لئے روانہ کیا۔ انہوں نے وہاں پہنچ کر اپنے کام کو بہترین طریقے سے انجام دیا اور پھر رپورٹ پیش کی کہ سواد عراق کی زمینوں کا کل رقبہ تین کروڑ ساٹھ لاکھ (36000000) جریب ہے۔ (188)

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ پیائش کی رپورٹ موصول ہونے پر حضرت عمرؓ نے غلہ پیدا کرنے والی زرعی زمینوں پر فی جریب ایک درہم اور ایک قفیز غلہ، انگور کے باغات پر فی جریب دس درہم اور کھجور کے باغات پر پانچ درہم کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

حساب سے مالیہ عاید کیا۔(189)

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ شروع کے چند سالوں میں سواد عراق سے خراج کی کل آمدنی 8 کروڑ 60 لاکھ درہم ہوئی تھی پھر جلد ہی یہ آمدنی دس کروڑ درہم تک پہنچ گئی۔(190)

امام ابویوسف کے اس بیان سے مستشرقین نے یہ مغالطہ پیدا کرنے کی کوشش کی ہے کہ خراج کی آمدنی میں قلیل عرصہ میں جو غیر معمولی اضافہ ہوا وہ صرف اس بناء پر تھا کہ غیر مسلموں سے خراج کی وصولی میں ظلم سے کام لیتے ہوئے مقررہ مقدار سے زیادہ وصول کیا گیا۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ اس کا واحد سبب صرف صوافی (191) زمینوں کی پیداوار تھا ورنہ مفتوحہ زمینوں کا خراج تو بیشتر معاہدین پابندی وقت سے ادا بھی نہیں کرتے تھے اور اس کی وصولی میں ان کے ساتھ بہت نرمی برتی جاتی تھی۔

کتاب الخراج کی جن روایات میں "عفو" کی اصطلاح استعمال ہوئی ہے ان کے بارے میں مستشرقین کا نقطہ نظر یہ ہے کہ ان روایات میں عفو، مسامحت اور اعفا کے معنی میں ہے۔ انہوں نے بعض ایسی نصوص کو نظرانداز کر دیا ہے جن سے ان کے غلط نظریات پر زد پڑتی تھی۔ دراصل غلط توضیحات سے مستشرقین کا مقصد اپنے قارئین کو یہ باور کرانا ہے کہ عرب اپنی غیر مسلم رعایا پر تحصیل خراج میں بہت تشدد کرتے تھے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ان اصطلاحات کے معانی ہر جگہ بدلتے رہتے ہیں چنانچہ مختلف روایات میں یہ اصطلاح ایک خاص معنی میں مستعمل ہوئی ہے۔

امام ابویوسف کی ایک روایت میں عفو کا ذکر فضل یعنی ضرورت سے زائد کے مفہوم میں ہے۔ اس کی تائید امام ابویوسف ہی کی ایک دوسری روایت سے بھی ہوتی ہے جس میں حضرت حذیفہؓ بن الیمان نے حضرت عمرؓ کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں نے زمین پر قابل برداشت بوجھ ڈالا ہے اور جو کچھ باقی رہ گیا ہے وہ بہت زیادہ ہے۔(192) اصل بات یہ ہے کہ امام ابویوسف نے تغیر اسناد اور تکرار روایت کی جو توضیح کی ہے اس کی بناء پر عفو و فضل میں ترادف اور لفظی تقابل پیدا ہو گیا ہے۔ جیسا کہ امام ابویوسف کی ایک روایت میں عفو کا لفظ زمین کی قوت برداشت کے مفہوم میں آیا ہے اور دوسری روایت میں اس کے برخلاف ہے۔ چنانچہ امام ابویوسف بسند بیان کرتے ہیں کہ

عن عبداللہ ابن عباس قال = لیس فی اموال اھل الذمۃ الا العفو (193)

"حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ اہل ذمہ کے اموال سے اتنا ہی وصول کیا جا سکتا ہے جو ان کی ضروریات سے فاضل ہو۔"

اس نص میں عفو سہولت و آسانی کے معنی میں نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ درحقیقت اس سوال کے جواب میں ہے کہ ھل توخذ الزکوۃ من اھل الذمۃ؟۔ اسی طرح امام ابویوسف کی ایک دوسری روایت میں عفو کا مفہوم مذکورہ بالا مفہوم سے مختلف ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کتب عدی بن ارطاۃ - عامل کان لعمر بن عبدالعزیز - الیہ "اما بعد فان اناسا قبلنا لا یودون ما علیھم من الخراج حتی یمسھم شئی من العذاب"

"حضرت عمر بن عبدالعزیز کے ایک عامل عدی بن ارطاۃ نے آپ کو لکھا کہ ہمارے یہاں کچھ لوگ ایسے ہیں جو اپنے ذمہ واجب الادا خراج اس وقت تک ادا نہیں کرتے جب تک انہیں کچھ سزا نہ دی جائے۔"

حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اس خط کے جواب میں لکھا۔

اما بعد فالعجب کل العجب من استئذانک ایای فی عذاب البشر کانی جنۃ لک من عذاب اللہ و کان رضای ینجیک من سخط اللہ و اذا اتاک کتابی ھذا فمن اعطاک ما قبلہ عفوا و الا فاحلفہ(194)

"مجھے سخت تعجب ہے کہ تم نے مجھ سے انسانوں کو سزا دینے کی اجازت طلب کی ہے گویا میں تمہیں عذاب الٰہی سے بچالوں گا یا میری رضامندی تمہیں غضب خداوندی سے بچالے گی۔ میرا یہ خط پانے کے بعد یہ طریقہ اختیار کرو کہ جو شخص اپنے ذمہ کی واجب رقم باآسانی ادا کردے اس سے لے لو اور جو نہ دے اس سے حلف لے کر اسے چھوڑ دو۔"

اس روایت میں عفو طیب خاطر اور خوشدلی کے معنی میں ہے یعنی جو شخص اپنی استطاعت کے مطابق خوش دلی سے جتنا خراج دے سکے اتنا ہی اس سے وصول کیا جائے۔ مستشرقین نے اس کا مفہوم بھی اپنے حسب منشا لیا ہے جو صحیح نہیں ہے امام ابوعبید کی ایک روایت میں عفو کا ذکر غیر مسلموں کو صدقہ و زکوٰۃ سے بری کردینے کے معنی میں آیا ہے۔ امام ابویوسف کی کتاب الخراج میں جو روایات و نصوص بیان ہوئی ہیں ان کا اصل مطلب یہ ہے کہ:

(ا) خراج ضروریات سے زائد مال پر وصول کیا جائے۔

(ب) حسب استطاعت لیا جائے۔

(ج) کسی کی قوت برداشت سے زائد نہ ہو۔

(د) طیب خاطر اور خوش دلی سے دیا جائے۔

اس سے معلوم ہوا کہ عفو فقہ کی ایک فنی اصطلاح ہے جو متعدد معنی میں استعمال ہوتی ہے۔ مثلاً حضرت علیؓ نے اپنے عامل کو جواب دیتے ہوئے جو یہ فرمایا کہ "انا امرنا ان ناخذ منھم العفو یعنی الفضل" (195) اس میں عفو کے معنی یہ ہیں کہ غیر مسلموں سے ان کی ضروریات سے فاضل ہی خراج لیا جائے اور اگر ان کی ضروریات سے فاضل مال نہ ہو تو خراج کی تحصیل میں سہولت برتی جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

طاقت

اس سلسلہ کی ایک نئی اصطلاح "طاقت" بھی ہے۔ یہ لفظ کتاب الخراج کے باب الجزیہ میں متعدد جگہ استعمال ہوا ہے۔ طاقت کا مفہوم عام طور سے معلوم اور واضح ہے اس لئے اس کی توضیح کی ضرورت نہیں ہے۔ جیساکہ امام ابویوسف کی درج ذیل روایات سے ظاہر ہوگا۔ امام موصوف اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں۔

و کان فیما تکلم به عمر بن الخطاب رضی اللّٰه عنه عند و فاته "اوصی الخلیفة من بعدی بذمة رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ان یوفی لهم بعهدهم و ان یقاتل من ورائهم و لا یکلفوا فوق طاقتهم" (196)

"حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے وفات کے وقت جو کچھ فرمایا تھا اس میں یہ بات بھی تھی کہ میں اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو وصیت کرتا ہوں کہ جن لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذمہ حاصل ہے ان سے کئے ہوئے عہد کی پابندی کرے۔ ان کا دفاع کرے اور ان پر ان کی برداشت سے زیادہ بار نہ ڈالا جائے۔"

فقد روی عن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم انه قال "من ظلم معاهدا او کلفه فوق طاقته فانا حجیجه (197)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا "جو کسی معاہد پر ظلم کرے گا یا اس پر اس کی برداشت سے زیادہ بار ڈالے گا اس سے میں (اس معاہد کی جانب سے قیامت کے دن) بحث کروں گا۔"

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں ایک روایت بیان کی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اموی حکام ذمیوں سے ان کی طاقت سے زیادہ جزیہ وصول کرتے تھے جس کی ادائیگی کے لئے ان کو اپنا سامان (مصنوعات وغیرہ) سستا بیچنا پڑتا تھا۔ خلیفہ عمر بن عبدالعزیز سے کسی نے ان کے وقت میں اشیاء کی گرانی کا سبب پوچھا تو انہوں نے فرمایا "مجھ سے پہلے خلیفہ ذمیوں سے ان کی طاقت سے زیادہ جزیہ اور خراج لیتے تھے، جس سے وہ اپنا سامان ارزاں فروخت کرنے پر مجبور ہو جاتے تھے اور اشیاء سستی ہو جاتی تھیں۔ اور میں ذمی سے اتنا لیتا ہوں جتنا وہ آسانی سے ادا کر سکتا ہے، اب وہ جس قیمت پر چاہتا ہے اپنا مال فروخت کرتا ہے۔" (198)

امام ابویوسف ان روایات کو مد نظر رکھتے ہوئے فرماتے ہیں۔

و لا یضرب احد من اهل الذمة فی استیدانهم الجزیة و لا یقاموا فی الشمس و لا غیرها و لا یجعل علیهم فی ابدانهم شئی من المکاره و لکن یرفق بهم (199)

"جزیہ وصول کرنے کی خاطر کسی ذمی کو مارا نہیں جائے گا، نہ اسے دھوپ میں، یا کسی اور جگہ کھڑا کیا جائے گا۔ ان

toobaa-elibrary.blogspot.com

کو کسی طرح کی جسمانی تکلیف نہیں پہنچائی جائے گی۔ بلکہ ان کے ساتھ نرمی کا سلوک کیا جائے گا۔"

وہ ہارون الرشید کو ناصحانہ انداز میں کہتے ہیں۔

و قد ینبغی یا امیر المومنین ایدک اللہ ان تتقدم فی الرفق باھل ذمۃ نبیک و ابن عمک محمد صلی اللہ علیہ وسلم والتقدم لھم حتی لا یظلموا و لا یوذوا و لا یکلفوا فوق طاقتھم(200)

"اے امیرالمومنین! اللہ تعالیٰ آپ کی مدد کرے، جن لوگوں کو نبی کریم" آپ کے چچا زاد بھائی، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذمہ حاصل ہے ان کے ساتھ نرمی برتنے اور ان کے احوال کا جائزہ لیتے رہنے میں ذرا بھی کوتاہی نہ برتے، تاکہ ان لوگوں پر ظلم و زیادتی کا سدباب ہو، ان پر ان کی برداشت سے زیادہ بار نہ ڈالا جائے۔"

امام ابویوسف کی جس روایت میں حضرت عمر بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء) کا اپنے عاملین عثمان بن حنیف (م بعد 41ھ / بعد 661ء) اور حذیفہ بن الیمان (م 36ھ / 656ء) سے سواد کے خراج کے بارے میں بار بار سوال کا ذکر آیا ہے۔ اس میں "طاقت" کا لفظ موجود ہے۔ اور وہاں بھی اس کا مفہوم اسی عام معنی میں ہے کہ "شاید تم نے اہل سواد کی قوت برداشت سے زیادہ بوجھ ڈال دیا ہے۔" امام ابویوسف نے ایک دوسری روایت میں اس مفہوم کی مزید وضاحت کی ہے۔(201)

مذکورہ بالا تفصیلات سے عفو، فضل اور طاقت کی اصطلاحات کے مخصوص مفہوم اور معانی سامنے آ گئے اور یہی قانون خراج کی بنیاد ہیں اور ان ہی کے مطابق ہمیشہ غیر مسلموں کے ساتھ معاملہ کیا گیا ہے، یعنی اتنا ہی ٹیکس اہل ذمہ پر عائد کیا گیا جو ان کی استطاعت اور قوت برداشت کے مطابق اور ضروریات سے فاضل تھا۔ امام ابویوسف نے "انا امرنا ان ناخذ منھم العفو" کی تشریح کرتے ہوئے بہت صراحت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ "اس کا مطلب غیر مسلموں سے ان کی استطاعت کے مطابق اور ضروریات سے فاضل خراج وصول کرنا ہے۔"(202)

معاہدہ رہا

ذیل میں ہم رہا کے معاہدہ کے متعلق کتاب الخراج کی ایک طویل روایت نقل کرتے ہیں پھر مستشرقین نے حقیقت کو مسخ کرنے کے لیے جو مغالطہ دہی کی کوشش کی ہے اس کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔ یہ روایت خراج اور فتوحات سے متعلق تمام کتابوں میں مذکور ہے اور قابل ذکر بات یہ ہے کہ یہی معاہدہ بعد میں سرحدی شہروں اور علاقوں کے خراج کی بنیاد قرار پایا، جس کے مطابق اہل زمین کے مصالح اور ان کی استطاعت کو ہمیشہ پیش نظر رکھا گیا۔ وہ روایت حسب ذیل ہے۔

وجہ ابو عبیدۃ عیاض بن غنم الفھری الی الجزیرۃ و مدینۃ ملک الروم یومئذ

toobaa-elibrary.blogspot.com

الرها فعمد لها عیاض ابن غنم و لم یتعرض لشئی مما مربه من القری والرساتیق و لم یلق کیدا و لا جندا حتی نزل الرها فاغلق اصحابها ابوابها و اقام عیاض علیها لبنا لم یسم لی فلما رای صاحبها الحصار و یئس من المدد فتح لها بابا فی الجبل لیلا فهرب و اکثر من کان معه من الجند، و بقی فی المدینة اهلها من الانباط و هم کثیر و من لم یرد الهرب من الروم و هم قلیل، فارسلوا الی عیاض بن غنم یسالونه الصلح علی شئی سموه(203)

"حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح نے عیاض بن غنم الفہری کو الجزیرہ کی طرف روانہ کیا۔ اس وقت رومی علاقہ کا مرکزی شہر رہا تھا۔ عیاض نے اسی کا رخ کیا اور راستہ میں جو قصبات اور گاؤں پڑے ان سے کوئی چھیڑ چھاڑ نہ کی۔ اس لئے کسی سے جھڑپ کی نوبت نہیں آئی اور وہ رہا پہنچے۔ وہاں کے باشندوں نے شہر کے دروازے بند کر لئے۔ عیاض کچھ عرصہ ..... مجھے یہ نہیں بتایا گیا کہ کتنا عرصہ وہاں محاصرہ کئے پڑے رہے، جب رئیس قلعہ نے دیکھا کہ محاصرہ جاری ہے اور کسی جانب سے کوئی کمک آنے کی امید نہ رہی تو ایک رات پہاڑی کی طرف ایک دروازہ کھول کر بھاگ نکلا۔ اس کے ساتھ اس کے اکثر فوجی بھی بھاگ گئے، اور شہر میں وہاں کے نبطی باشندے رہ گئے جن کی تعداد بہت کافی تھی۔ کچھ رومی بھی رہ گئے جنہوں نے بھاگنا پسند نہیں کیا مگر ان کی تعداد کم تھی۔ ان لوگوں نے عیاض بن غنم کے پاس قاصد بھیج کر ایک متعین رقم (خراج) کی ادائیگی پر صلح کی درخواست کی۔"

حضرت عیاضؓ بن غنم (م 20ھ / 641ء) نے ابو عبیدہؓ بن الجراح (م 18ھ / 639ء) کو لکھ بھیجا، ان کو خط ملا تو انہوں نے حضرت معاذؓ بن جبل (م 18ھ / 639ء) کو بلا کر یہ خط دکھایا۔ حضرت معاذؓ بن جبل نے جواب دیتے ہوئے فرمایا۔

انک ان اعطیتهم الصلح علی شئی مسمی فعجزوا عنه لم یکن لک ان تقتلهم و لم تجد بدا من ابطال ما اشترطت علیهم من التسمیة و ان ایسروا ادوه علی غیر الصغار الذی امر الله به فیهم، فاقبل منهم الصلح و اعطهم ایاه علی ان یودوا الطاقة فان ایسروا او عسروا لم یکن لک علیهم الا ما یطیقون، و تم لک شرطک و لم یبطل(204)

"اگر آپ ان سے کسی متعین چیز پر صلح کر لیتے ہیں اور بعد میں وہ اس کو ادا کرنے سے عاجز رہیں تو آپ کو انہیں قتل کرنے کا حق حاصل نہیں ہو گا۔ آپ کے لئے عملاً صرف یہی شکل رہ جائے گی کہ متعینہ رقم کو منسوخ کر

toobaa-elibrary.blogspot.com

دیں۔ جب ان میں اس کی ادائیگی کی استطاعت پیدا ہو جائے گی تو وہ کسی جبر کے بغیر اس کو ادا کر دیں گے۔ اس لئے مناسب یہ ہو گا کہ آپ ان کی درخواست صلح اس شرط پر منظور کر لیں کہ وہ اپنی قوت برداشت کے مطابق خراج ادا کریں گے' پھر آئندہ وہ خوش حال ہو جائیں یا تنگ دست رہیں' آپ ان سے ان کی استطاعت کے مطابق وصول کر سکیں گے اور آپ کی شرط ہر حال میں پوری ہوتی رہے گی' اس کو منسوخ کرنے کی نوبت نہ آئے گی۔"

حضرت ابوعبیدہؓ نے معاذؓ بن جبل کا یہ مشورہ قبول کر لیا اور اسے عیاضؓ بن غنم کو لکھ بھیجا۔ یہ خط عیاضؓ بن غنم کو ملا تو انہوں نے باشندگان شہر کو اس کے مضمون سے مطلع کیا۔ امام ابو یوسف لکھتے ہیں۔

فاختلف علیه فی هذا الموضع' فقال قائل = قبلوا الصلح علی قدر الطاقة و قال آخر = انکروا ذلک و علموا ان فی ایدیهم اموالا و فضولا تذهب ان اخذوا بالطاقة وابوا الا شیئا مسمی' فلما رای عیاض ابائهم و حصانة مدینتهم و ایس من فتحها عنوة صالحهم علی ما سئالوا واللّٰه اعلم ای ذلک کان' الا ان الصلح قد وقع و فتحت علیه المدینة لا شک فی ذلک (205)

"اس کے بعد کیا ہوا' اس سلسلہ میں مختلف روایتیں ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ انہوں نے حسب استطاعت ادائیگی کی شرط پر صلح منظور کر لی' اور بعض کا کہنا ہے کہ اس کے قبول کرنے سے انکار کیا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ان کے پاس ضرورت سے زیادہ مال و دولت کافی مقدار میں موجود ہے اگر حسب استطاعت ادا کرنے کی شرط قبول کرتے ہیں تو یہ سب چلا جاتا ہے اس لئے انہوں نے خراج کی رقم متعین کر دینے پر اصرار کیا۔ عیاضؓ نے جب ان کا یہ اصرار دیکھا اور قلعہ کی مضبوطی کی بناء پر اس کو بزور قوت فتح کر لینے کی امید نظر نہیں آئی تو انہی کی پیش کردہ شرط پر صلح کر لی' اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ دونوں صورتوں میں سے کونسی اختیار کی گئی تھی البتہ اس میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں کہ صلح ہوئی تھی اور شہر ان کے ہاتھوں فتح ہوا۔"

اصل میں بزور قوت اور صلح سے فتح کی ہوئی زمینوں کی نوعیت کے اختلاف نے عرب مورخین کی آراء میں بھی اختلاف پیدا کر دیا۔ جو زمینیں صلح کے ذریعہ فتح ہوتی تھیں ان پر عام طور سے متعینہ لگان مقرر کیا جاتا تھا لیکن رہا کے معاملہ میں عربوں کا اصرار تھا کہ اہل رہا کی حسب استطاعت خراج کی تعیین کی جائے' ان کے اس اصرار کا حقیقی سبب بھی عدل و مسامحت ہی کا جذبہ تھا لیکن مستشرق فاگنان (Fagnan) نے اس نص کی تشریح کرتے وقت "قدر الطاقة" (حسب استطاعت) کو ایک ابدی بنیاد قرار دے دیا۔ (206) مستشرق ڈینٹ (Dannett) مذکورہ بالا روایت پر حاشیہ آرائی کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "اہل رہا سے جن شرطوں پر صلح ہوئی تھی' انہیں خود عرب مجاہدین نے ان کے سامنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیش کیا تھا۔ (207) مگر یہ رائے اس اصول کے قطعی مطابق نہیں ہے جس کی بنیاد پر عربوں نے صلح کے ذریعہ فتح کئے ہوئے شہروں میں عملدر آمد کیا۔

اس کے علاوہ لاک گارڈ (Lokke gaard) نے "حسب استطاعت" کو اس شہر کے تشخیص خراج کی بنیاد ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ جو بزور قوت فتح ہوا ہو' حالانکہ مذکورہ بالا روایت سے اس کا اشارہ بھی نہیں ملتا۔

درحقیقت رہا کی فتح کی نوعیت اور حسب استطاعت خراج متعین کرنے کے بارے میں عرب فاتحین کی حکمت عملی کو مورخین اور مستشرقین یورپ صحیح طور پر سمجھ نہ سکے۔ اسی لئے ان کی آراء میں باہم بہت تضاد پایا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں دو اہم باتیں خاص طور سے ملحوظ رہنی چاہئیں۔

(ا) اول یہ کہ شہر رہا سرحدی خطہ میں واقع تھا۔

(ب) دوسرے یہ کہ اہل رہا کی نیتیں خراب تھیں' جیساکہ اوپر کی روایت سے ظاہر ہوتا ہے۔ وہ حیلہ سازی سے اپنی دولت کو ٹیکس سے بچانا چاہتے تھے وہ یہ سمجھتے تھے کہ اگر "حسب استطاعت" کے اصول پر خراج کی تعیین ہوئی تو ان کے ہاتھ سے بڑی دولت نکل جائے گی' اسی لئے انہوں نے فاتحین کی تجویز کو قبول کرنے سے انکار کیا تھا اور خراج کو متعین کردینے پر مصر تھے۔

مسلمانوں کو خراج متعین کرنے میں تذبذب اس لئے تھا کہ یہ تعیین شریعت کی روح عدل کے خلاف تھی کیونکہ گو اس وقت یہ متعینہ رقم اہل رہا کی قوت برداشت سے بہت کم تھی' لیکن اس کا امکان تھا کہ آئندہ یہ متعینہ مقدار ان کی استطاعت سے زیادہ ہو جائے گی' اس لئے خود اہل رہا کی مصلحت اور فائدہ کے پیش نظر فاتحین چاہتے تھے کہ وہ حسب استطاعت خراج کی ادائیگی پر رضامند ہو جائیں۔ ڈینٹ (Dannett) نے یہاں بھی ایک قسم کی پیچیدگی پیدا کر دی ہے اور روایت کے الفاظ "واللہ اعلم ای ذلک کان" (208) کی عجیب و غریب تشریح کرکے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ شرائط صلح کو قبول کرنے کے بارے میں اہل رہا کے مابین خود اختلاف موجود تھا۔ (209) حالانکہ فی الواقع "اختلف علیہ فی ھذا الموضع ۔ واللہ اعلم ای ذلک کان" میں امام ابویوسف نے فقہاء اور رواۃ عرب کے اس اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے کہ ان میں سے بعض کی رائے ہے کہ اہل رہا سے حسب استطاعت مقدار خراج پر صلح ہوئی تھی اور بعض کا خیال ہے کہ متعینہ خراج پر۔ (210)

خراج کی تعیین میں مجاہدین اور اہل رہا کے نقطہ نظر میں اختلاف کی وجہ اوپر بیان کی جا چکی' اس کی مزید تفصیل یہ ہے کہ رہا سرحدی علاقہ تھا' مسلمانوں کے لئے یہاں کے باشندوں کا مفاد پیش نظر رکھنا ضروری تھا اور ان کا مفاد اس میں تھا کہ رقم کی تعیین نہ کی جائے تاکہ اہل رہا حسب استطاعت خراج ادا کر سکیں' لیکن اہل رہا دولت مند تھے اس لئے ان کو خطرہ تھا کہ اگر حسب استطاعت کی شرط رکھی گئی تو رومیوں سے جنگ کے زمانہ میں مسلمان ان کی ساری دولت پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

قبضہ کرلیں گے اس لئے وہ متعین رقم کے لئے مصر تھے۔

مستشرقین یا تو عربوں کی حکمت عملی کو سمجھ ہی نہ سکے یا جان بوجھ کر اہل رہا کے حسب استطاعت خراج کی پیش کش سے گریز و فرار پر پردہ ڈالنے اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ عرب فاتحین اپنے ماتحت غیر مسلموں کو لگان دینے پر مجبور کرتے اور اس کی تحصیل میں سختی برتتے تھے۔ اس لئے ذیل میں اہل رہا سے جو صلح نامہ ہوا تھا اس کا اصل متن درج کیا جاتا ہے۔ اس سے مستشرقین کے نظریہ کی پوری تردید ہو جاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھذا کتاب من عیاض بن غنم و من معہ من المسلمین لاھل الرھا انی امنتھم علی دمائھم و واموالھم و ذراریھم و نسائھم و مدینتھم و طواحینھم اذا ادوالحق الذی علیھم ولنا علیھم ان یصلحوا جسورنا و یھدوا ضالنا شھد اللہ و ملئکتہ والمسلمون(211)

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم' یہ تحریر عیاض بن غنم اور ان کے ساتھ کے تمام مسلمانوں کی طرف سے اہل رہا کے لئے ہے کہ میں نے اہل رہا کی جان' مال' نسل' عورتوں' شہروں وغیرہ کو اس شرط پر امان دیا ہے کہ وہ اس حق کو ادا کرتے رہیں جو ان پر مقرر کیا گیا ہے اور ہمارا ان پر حق یہ ہے کہ وہ ہمارے پلوں کو درست رکھیں اور ہمارے بھولے بھٹکوں کی راہنمائی کریں' اس عہد نامہ پر خدا' اس کے فرشتے اور مسلمان گواہ ہیں۔"

غرض امام ابویوسف کی روایات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ متعینہ خراج کا اصول صرف آغاز اسلام کی فتوحات میں جاری تھا لیکن جب فتوحات کی کثرت سے بہت سی زمینیں اور جاگیریں مسلمانوں کے قبضہ میں آئیں تو زمین کے مالکوں کی قوت برداشت اور "حسب استطاعت" کا اصول عام طور سے رائج ہو گیا تھا۔

مذکورہ بالا دلائل اور تصریحات سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ مستشرقین کا یہ نظریہ صریحاً غلط ہے کہ "قدر طاقت" سے مراد اس کی آخری حد ہے اور مسلم حکمران خراج کی وصولی میں اس لئے تشدد سے کام لیتے تھے کہ خراج کی آمدنی میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ہو سکے۔ "طاقت" کے حقیقی معنی جیسا کہ شواہد کے ساتھ اوپر مذکور ہوئے یہ ہیں کہ اہل خراج کی ضروریات سے فاضل' ان کی معاشی حالت کے مطابق' اور پیداوار کی حالت کے پیش نظر خراج کی تعیین کی جائے۔

مستشرق ولہاؤزن (Wellhausen) اور لون کائتانی (Lone Caetani) نے جزیہ کے بارے میں بہت سی بے اصل باتیں تحریر کی ہیں۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں صرف اپنے وقت کے عام معمولات پیش کئے ہیں اور ان کی بنیاد عہد سابق سے منسوب کر دی ہے۔(212)

امام ابویوسف نے الجزیرہ کے محاصل کے بارے میں جو معلومات دی ہیں ان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس علاقہ کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

محاصل کی تاریخ کو مختلف ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ آپ رقم طراز ہیں۔

و وضع عیاض بن غنم الفهری علی الجماجم بالجزیرة علی کل جمجمة دینارا و مدین قمحا و قسطین زیتا و قسطین خلا' و جعلهم جمیعا طبقة واحدة' فلم یبلغنی ان هذا علی صلح و لا علی امر اثبته و لا برواية عن الفقهاء' و لا باسناد ثابت' فلما ولی عبدالملک بن مروان بعث الضحاک بن عبدالرحمٰن الاشعری فاستقل ما یوخذ منهم فاحصی الجماجم' و جعل الناس کلهم عمالا بایدیهم' و حسب ما یکسب العامل سنته کلها ثم طرح من ذلک نفقته فی طعامه و ادمه وکسوته و حذائه و طرح ایام الاعیاد فی السنة کلها' فوجد الذی یحصل بعد ذلک فی السنة لکل واحد اربعة دنانیر فالزمهم ذلک جمیعا و جعلها طبقة واحدة' ثم حمل الاموال علی قدر قربها و بعدها فجعل علی کل مائة جریب زرع مما قرب دینارا' و علی کل الف اصل کرم مما قرب دینارا' و علی کل الفی اصل مما بعد دینارا' و علی الزیتون علی کل مائة شجرة مما قرب دینارا' و علی کل مائتی شجرة مما بعد دینارا' و کان غایة البعد عنده مسیرة الیوم والیومین و اکثر من ذلک' و ما دون الیوم فهو فی القرب' و حملت الشام علی مثل ذلک' و حملت الموصل علی مثل ذلک(213)

"اور عیاض بن غنم الفہری نے الجزیرہ کے سرداروں پر فی کس دو دینار' دو مدگیہوں' دو قسط زیتون کا تیل اور دو قسط سرکہ (بطور خراج) مقرر کر دیا۔ انہوں نے (محصول عاید کرنے میں ہر سردار کے ماتحت) لوگوں کو ایک طبقہ شمار کیا تھا۔ مجھے اس بارے میں کوئی خبر نہیں ملی کہ یہ بطور صلح کیا گیا تھا یا اس معاملہ کی نوعیت کچھ اور تھی۔ اس باب میں میں نے نہ تو فقہاء سے کوئی روایت سنی ہے۔ نہ کسی دوسرے مستند واسطہ سے مجھے کوئی خبر مل سکی ہے۔

جب عبدالملک بن مروان حکمران ہوا تو اس نے ضحاک بن عبدالرحمٰن الاشعری کو وہاں بھیجا۔ ان لوگوں سے جو کچھ وصول کیا جا رہا تھا وہ ان کو کم معلوم ہوا' لہٰذا انہوں نے سرداروں کا از سر نو شمار کروایا' اور سارے عوام کو ان کے تحت کام کرنے والے محنت کاروں کی حیثیت دی۔ انہوں نے حساب لگا کر معلوم کیا کہ ایک محنت کش سال بھر کتنا پیدا کرتا ہے پھر اس مقدار میں سے وہ اخراجات گھٹا دیئے' جو وہ غلہ' سالن' لباس اور جوتے پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرتا تھا اور تیوہاروں کے دنوں کو سال کے ایام کار سے کم کر دیا اس حساب سے یہ معلوم ہوا کہ سال بھر میں ہر فرد کے پاس چار دینار فاضل بچ رہتے ہیں۔ انہوں نے یہی شرح ہر ایک پر عائد کر دی اور اس معاملہ میں سب کو یکساں شمار کیا۔ پھر انہوں نے (شہر سے) دور اور قرب کے لحاظ سے بھی مختلف املاک پر مختلف شرحیں عاید کیں چنانچہ انہوں نے قریب کے ہر سو جریب کے کھیت پر ایک دینار' اور دور کے ہر دو سو جریب کے کھیت پر ایک دینار عائد کیا۔ قریب کی ہر ایک ہزار انگور کی بیلوں پر ایک دینار' اور دور کی دو ہزار بیلوں پر ایک دینار' نیز قریب کے زیتون کے سو درختوں پر ایک دینار اور دور کے دو سو درختوں پر ایک دینار عائد کیا۔ دوری کا معیار انہوں نے ایک یا دو دن یا اس سے زیادہ کی مسافت کو رکھا۔ (محصول عاید کرنے کا) یہی طریقہ شام اور موصل میں بھی اختیار کیا گیا۔"

امام ابو یوسف کے اس بیان سے ولہاؤزن (Wellhausen) اور لون کائٹانی (Lone Caetani) کے نظریہ کی واضح طور پر تردید ہو جاتی ہے۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں سورہ توبہ کی آیت نمبر 29 کا حوالہ دیا ہے۔ اس آیت میں ایک لفظ "صاغرون" سے استدلال کرتے ہوئے مستشرقین نے یہ لکھا ہے کہ اس ٹیکس کی وصولی کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ ذمی رعایا کی ذلت و تحقیر کی جائے۔ (214)

حالانکہ امام ابو یوسف نے "وھم صاغرون" کا مفہوم صراحۃً یا کنایۃً وہ نہیں بتایا۔ (215) جو بعد کے کچھ فقہاء اور قاضیوں نے پیش کیا اور جس کی بدولت جزیہ کا تصور اور ادائیگی غیر مسلموں کے لئے لعنت عظمیٰ اور توہین کی علامت بن گئی اور اسی بنیاد پر مستشرقین کو بھی اعتراضات کا موقع ملا۔

امام ابو یوسف کی بحث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے نزدیک اس کا صحیح ترجمہ یہ ہے کہ وہ خوشی سے جزیہ دینا قبول کر لیں اور ان کی سرکشی ٹوٹ چکی ہو امام شافعی نے "کتاب الام" میں "وھم صاغرون" کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ ان پر اسلامی حکومت کے قوانین جاری ہو جائیں۔ یعنی وہ اسلامی حکومت کے قوانین کے آگے جھک جائیں۔ (216)

امام ابو یوسف نے ذمیوں کے ساتھ حکومت کی پالیسی (Policy) کے سلسلہ میں حضرت عمرؓ کے اس منشور (Edict of umar) کا بھی ذکر نہیں کیا جس کو بعد کے فقہاء بڑے شوق سے نقل کرتے ہیں اور جس کی رو سے ذمیوں پر بہت سی پابندیاں اور توہین آمیز قیود عائد کی گئی تھیں۔ آپ نے صرف چند پابندیوں کا جو زیادہ مکروہ نہیں ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ حضرت عمرؓ نے عائد کی تھیں۔ مگر تعجب یہ ہے کہ امام ابو یوسف جو بلا استثناء اپنے ہر قول کی تائید میں کم از کم ایک ورنہ دو دو' تین تین چار چار روایتیں پیش کرتے ہیں' ان پابندیوں سے متعلق حضرت عمرؓ کی کوئی روایت پیش نہیں کر سکے' جس کا سبب غالباً یہ ہے کہ اس باب میں حضرت عمرؓ کی کوئی معتبر روایت ان کو نہیں ملی۔ اور انہوں نے جو

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہاوہ سنی سنائی بات تھی۔ اس کے علاوہ حضرت خالدؓ بن ولید (م 21ھ / 642ء) نے عراق کے نصاریٰ سے جو معاہدہ کیا تھا اس میں اگرچہ بعض پابندیوں کا ذکر ہے تاہم اس نوع کی پابندیوں کا مطلق ذکر نہیں جو خلیفہ ثانی کی طرف منسوب کی گئی ہیں۔ آپ نے کتاب الخراج میں حضرت خالدؓ بن ولید کی اہل حیرہ کے ساتھ صلح کا جو متن نقل کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے۔

"میں نے ان پر شرط لگائی ہے کہ اسلامی حکومت کی مخالفت نہیں کریں گے اور کسی غیر مسلم کو مسلمانوں کے خلاف مدد نہیں دیں گے' نہ غیر مسلموں کو حکومت کی عسکری کمزوریوں یا رازوں سے مطلع کریں گے' اگر انہوں نے ان امور کی خلاف ورزی کی تو اسلامی حکومت کی حفاظت اور امان سے باہر ہو جائیں گے اور اگر انہوں نے ان امور کی پابندی کی تو ان کو وہ سارے حقوق حاصل ہوں گے جو ایک معاہد کو حاصل ہوتے ہیں اور ان کی جان و مال کی حفاظت ہمارے ذمہ ہو گی..... ان کا جو بوڑھا کام کاج سے معذور ہو جائے یا اس پر کوئی مصیبت نازل ہو' یا جو پہلے مالدار رہا ہو اور پھر ایسا غریب ہو جائے کہ اس کے ہم مذہب اسے خیرات دینے لگیں تو اس کا جزیہ معاف ہو جائے گا اور جب تک وہ دارالاسلام میں رہے گا اس کے اور اس کے اہل و عیال کے مصارف مسلمانوں کے بیت المال سے پورے کئے جائیں گے۔ اور اگر اس کا کوئی غلام مسلمان ہو جائے تو اس کو مسلمانوں کے بازار میں زیادہ سے زیادہ قیمت پر بغیر کسی عجلت کے فروخت کیا جائے گا اور اس کی قیمت اس کے مالک کو دے دی جائے گی۔ اہل حیرہ کو اس بات کا حق ہے کہ جو لباس چاہیں پہنیں بشرطیکہ وہ لباس جنگی نہ ہو اور نہ وہ مسلمانوں کے لباس سے مشابہت کی کوشش کریں۔ اگر ان میں سے کوئی فوجی لباس میں دیکھا جائے گا تو اس سے اس کی بابت سوالات کئے جائیں گے۔ اگر اس نے کوئی معقول عذر پیش کیا تو چھوڑ دیا جائے گا ورنہ جتنا فوجی لباس اس نے پہن رکھا ہو گا اسی کی مناسبت سے اسے سزا دی جائے گی۔ (217)

امام ابو یوسف نے لکھا ہے کہ حضرت خالد بن ولیدؓ نے شام کی طرف پیش قدمی کے دوران میں متعدد مقامات پر اس سے ملتے جلتے معاہدے کئے اور یہ کہ ان معاہدوں کو چاروں پہلے خلفاء نے بحال رکھا۔ (218)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نام نہاد منشور عمرؓ اور لباس کے سلسلہ میں جو قیود ان کی طرف منسوب کی گئی ہیں بعد کے فقہاء کے اجتہادات ہیں۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج صفحہ 149 تا 160 پر کچھ ایسے صلح ناموں کا ذکر کیا ہے جو صحابہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرام نے اہل ذمہ سے کئے تھے۔ آپ ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس دور میں بھی ان صلحناموں اور امان ناموں کی شرائط پر عمل درآمد کیا جائے اور ان کی خلاف ورزی نہ کی جائے۔ آپ کے الفاظ ہیں۔

ولست اری ان یھدم شئی مما جری علیہ الصلح(219)

"میری رائے میں ذمیوں کی جو عمارتیں ان صلحوں کے تحت آتی ہیں ان کو منہدم نہیں کرنا چاہئے۔"

امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ جب بھی مسلمان حکمرانوں میں سے کسی نے اس کے خلاف کرنے کی جرات کی تو ذمیوں نے وہ کاغذات پیش کئے جو صلح نامے اور امان نامے کی شکل میں ان کے پاس موجود تھے۔ چنانچہ اس وقت کے فقہاء نے ذمیوں کی حمایت کی اور حکمرانوں کے اس ارادہ کو ناجائز اور غلط قرار دیا اور سختی کے ساتھ مخالفت کی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ اپنے ارادے سے باز آگئے۔ فکفوا عما ارادوا من ذلک(220)

امام ابویوسف نے جزیہ کی بحث میں مختلف قسم کے لوگوں پر جزیہ کو ساقط بتایا ہے۔ اس طرح آپ نے غیر مسلموں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ نرمی اختیار کرنے کے اصول وضع کئے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل چہارم

اسلامی ریاست کی معاشی ذِمّہ داریاں

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کا مقام اس لحاظ سے بہت بلند ہے کہ آپ پہلے مسلم ماہر معاشیات ہیں جنہوں نے خلیفہ کو اس کی معاشی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا ہے۔ آپ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے کہ جہاں ملوکیت پر مبنی نظام حکومت ہو۔ وہاں سلطنت کے استحکام کا راز اسی میں پوشیدہ ہوتا ہے کہ حکمران اپنی معاشی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے کتاب الخراج کے مقدمہ میں بھی اس موضوع پر گفتگو کی ہے۔ آپ نے خلیفہ کو اس کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرتے ہوئے "راعی" کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ راعی کے لفظی معنی چرواہے کے ہوتے ہیں جو اپنے جانوروں کی نگرانی کرتا ہے۔ یعنی کسی قوم کا سربراہ راعی ہوتا ہے اور شہری اس کی رعیت ہیں۔

اس طرح امام ابویوسف نے جدید دور کے ایک اہم مسئلہ کی طرف توجہ دی ہے یعنی رعایا کے معاشی حقوق کی حفاظت و نگہداشت کے سلسلہ میں حکومت کی کیا ذمہ داری ہے؟ کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے نزدیک حکومت کے قیام کا مقصد عام لوگوں کے مصالح و مفادات کا تحفظ ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک فرمان سے بھی یہی حقیقت ظاہر ہوتی ہے۔ امام احمد بن حنبل 'اپنی مسند میں یہ روایت نقل کرتے ہیں۔

فقال ابن عمر ..... فانی سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول = کل راع مسؤول عن رعیتہ(221)

"(حضرت عبداللہ) بن عمر نے فرمایا۔ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہر نگران سے اس کی رعیت کے متعلق سوال کیا جائے گا۔"

حکومت کی ذمہ داری کے متعلق ابویوسف کا یہ معاشی فکر آج کل کے جدید اور ترقی یافتہ نظریات کے بالکل مطابق ہے۔

امام ابویوسف کی یہ رائے بالکل صحیح ہے کہ حکومت اور اس کے چھوٹے بڑے تمام حکام اور عہدیدار دراصل رعایا کے خادم اور ان کے حقوق کے محافظ ہیں نہ کہ ظلم و بربریت کرنے والے۔ ابوالعلاء المعری 'احمد بن عبداللہ (م 449ھ / 1057ء) نے اس فکر کو فراموش کردینے پر تنقید کرتے ہوئے بالکل صحیح کہا ہے۔

ظلموا الرعیۃ واستجازوا کیدھا
فعدوا مصالحھا و ھم اجراوھا (222)

"حکام رعایا پر ظلم اور ان کے معاملوں میں ہر قسم کے فریب کو روا اور ان کی ضرورتوں سے بے پروا ہو گئے ہیں۔ اس لئے یہ حاکم نہیں درندے ہیں۔"

امام ابویوسف نے ہارون الرشید کو اس قاعدہ کی جانب صرف توجہ ہی نہیں دلائی بلکہ عملاً اور براہ راست اس کو انجام دینے پر بھی زور دیا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ابویوسف کے معاشی فکر میں رعایا کی مصلحتوں 'ضرورتوں اور عوام کے مفادات

toobaa-elibrary.blogspot.com

و حقوق کا جتنا لحاظ ضروری ہے اس کی اس میں پوری رعایت موجود ہے۔

امام ابو یوسف نے کفالت عامہ (Social Security) کا ایسا جامع اور وسیع تصور پیش کیا ہے جس پر عمل پیرا ہو کر عصر حاضر کی اسلامی حکومتیں رعایا کی معاشی فلاح و بہبود کے کئی منصوبے تشکیل کر سکتی ہیں۔ آپ کے اس معاشی فکر کی روشنی میں حکومت کی طرف سے ان لوگوں کو امدادی وظیفہ دلوانے کا اصول اپنایا جا سکتا ہے جو کسی بیماری، بڑھاپے یا کسی حادثہ کی وجہ سے بے روزگار ہو گئے ہوں۔ اس طرح امام ابو یوسف نے سماجی تحفظ (Social Security) کی ایک بہترین صورت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ مختلف ادوار میں عالم اسلام کے ماہرین معاشیات نے کفالت عامہ کا جو تصور پیش کیا ہے وہ آپ کے معاشی فکر سے بہت مطابقت رکھتا ہے۔

امام ابو یوسف اس لحاظ سے بھی ایک انفرادی حیثیت کے حامل ماہر معاشیات ہیں کہ آپ نے معاشی ترقی کے لئے ایک جامع ماڈل پیش کیا ہے۔ آپ نے معاشی ترقی کے اہتمام کے لئے جن بنیادوں کی طرف اشارہ کیا ہے، اور ساتھ ہی اس کے حصول کے لئے جن منصوبوں کا ذکر کیا ہے، ان پر عمل کئے بغیر آج بھی کوئی ملک معاشی طور پر مضبوط نہیں ہو سکتا۔

امام ابو یوسف کا یہ نظریہ بالکل درست ہے کہ عدل و مساوات کی حکمرانی سے ملک معاشی طور پر مضبوط ہوتا ہے اور ظلم و تعدی اور ناانصافی سے حکومت معاشی طور پر مفلوج ہو جاتی ہے۔ آپ یہاں قرآنی فکر سے متاثر نظر آتے ہیں۔ قرآن حکیم کی تعلیم یہ ہے کہ جس شخص کو حکمرانی کا منصب دیا جائے اس پر لازم ہے کہ وہ رعایا کے مابین عدل و انصاف کرے۔ ارشاد ربانی ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ ... (223)

"بے شک اللہ عدل کا اور احسان کا حکم دیتا ہے۔"

سورہ مائدہ میں فرمایا۔

وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۖ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ○ (224)

"اور اگر آپ فیصلہ کریں تو ان کے درمیان (قانون) عدل کے مطابق فیصلہ کریں۔ بے شک اللہ عدل کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔"

حدیث میں ہے۔

عن ابی هريرة رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم یا اباهريرة عدل ساعة افضل میں عبادة ستین سنة قیام لیلها و صیام نهارها و یا اباهريرة جور ساعة فی حکم اشد و اعظم عند اللّٰه عزوجل من معاصی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ستین سنة(225)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابو ہریرہ ایک گھڑی کا انصاف ساٹھ سال کی عبادت جس میں رات کو قیام اور دن کو روزہ ہو' سے افضل ہے اور اے ابو ہریرہ ایک گھڑی کا ظلم اللہ کے نزدیک ساٹھ سال کے گناہوں سے زیادہ سخت ہے۔"

ایک حدیث میں آپؐ کے یہ الفاظ نقل کئے گئے ہیں۔ "قیامت کے دن جب کہ اللہ تعالیٰ کے سایہ کے سوا کوئی دوسرا سایہ نہ ہو گا۔ سات افراد کو اللہ تعالیٰ اپنے سایہ میں لے گا۔ جن میں ایک شخص امام عادل ہو گا۔" (226)

حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں۔

اذا کان الامام عادلا فله الاجر و علیک الشکر' و اذا کان جائرا فله الوزر و علیک الصبر (227)

"جب حاکم عادل ہو تو اس کے لئے اجر ہے اور آپ پر شکر لازم ہے اور جب وہ ظالم ہو تو اس پر بوجھ ہے اور آپ کے ذمہ صبر ہے۔"

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں۔

ان الارض لتنزین فی اعین الناس اذا کان علیها امام عادل و تقبح اذا کان علیها امام جائر (228)

"بے شک زمین لوگوں کی نظروں میں مزین ہو جاتی ہے جب اس پر حاکم عدل کرنے والا ہو اور قابل نفرت ہو جاتی ہے جب اس پر حاکم ظلم کرنے والا ہو۔"

انسانی بستیوں کی آبادی عدل ہی کی بدولت ہے۔ جب حکمران عدل و انصاف کریں تو رعایا بھی ان کی اطاعت گزار ہو جاتی ہے۔ اردشیر نے اپنے بیٹے کو جو نصیحت کی اس میں یہ الفاظ بھی تھے۔

یا بنی ان الملک والعدل اخوان لا غنی لاحدهما عن صاحبه(229)

"اے بیٹے بے شک بادشاہی اور انصاف دو بھائی ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک دوسرے سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔"

جعفر بن یحییٰ (م 187ھ / 803ء) کا قول ہے۔

الخراج عمود الملک' و ما استغزر بمثل العدل' و لا استنزر بمثل الظلم (230)

حضرت سعید بن سوید نے حمص کے مقام پر لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایھا الناس' ان للاسلام حائطا منیعا و بابا وثیقا فحائط الاسلام الحق و بابه العدل' و لا یزال الاسلام منیعا ما اشتد السلطان' و لیس شدة السلطان قتلا بالسیف و لا ضربا بالسوط' و لکن قضاء بالحق و اخذ بالعدل(231)

"اے لوگو! بے شک اسلام کے لئے ایک رکاوٹ پیدا کر دینے والا احاطہ اور مضبوط دروازہ ہے۔ پس اسلام کا احاطہ حق ہے اور اس کا دروازہ عدل ہے۔ اور جب تک سلطان میں قوت ہوتی ہے' اسلام کے اس رکاوٹ پیدا کرنے والے (احاطہ) کو زوال نہیں آتا۔ اور سلطان کی قوت اس سے (ظاہر نہیں ہوتی) کہ وہ تلوار سے قتل کرے اور کوڑے سے مارے بلکہ (اس سے ظاہر ہوتی ہے) کہ وہ حق کے ساتھ فیصلہ کرے اور انصاف کرے۔"

فضل بن یحییٰ (م 193ھ / 808ء) کا قول ہے۔

لو کان عندی دعوة مستجابة لم اجعلها الا فی الامام' فانه اذا صلح اخصبت البلاد و امنت العباد (232)

"اگر میرے پاس قبول ہو جانے والی دعا ہوتی تو میں اس کو صرف حاکم کے لئے کرتا۔ اس لئے کہ جب وہ صحیح ہو تو شہروں میں خوشحالی ہوتی ہے اور بندوں کو امن و سکون ملتا ہے۔

ظلم اور ناانصافی کی مذمت کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان اللّٰه تعالٰی یقول و عزتی لا جیبن دعوة المظلوم و ان کان کافرا(233)

"بے شک اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں مجھے اپنی عزت کی قسم میں مظلوم کی دعا کا جواب ضرور دیتا ہوں چاہے وہ کافر ہی کیوں نہ ہو۔"

حضرت علیؓ بن ابی طالب (35-40ھ / 656-661ء) کو اطلاع ملی کہ آپ کے کچھ حکام جور و ظلم سے کام لے رہے ہیں۔ یہ معلوم کر کے آپ نے دعا کی۔

اللھم انی لم امرھم ان یظلمو خلقک و لا یترکوا حقک(234)

"اے اللہ میں نے ان کو تیری مخلوق پر ظلم و ستم کا حکم نہیں دیا ہے اور نہ اس بات کا کہ تیرا حق چھوڑ دیں۔"

اللہ تعالیٰ بھی اسی سلطنت کو باقی رکھتے ہیں جو انصاف پسند ہو۔ ظالم سلطنت کی مدد من جانب اللہ نہیں ہوتی۔ ابن تیمیہ نے بھی اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ آپ رقم طراز ہیں۔

و لھذا قیل ان اللّٰه یقیم الدولة العادلة و ان کانت کافرة و لا یقیم الظالمة و ان کانت مسلمة و یقال الدنیا تدوم مع العدل والکفر و لا تدوم مع الظلم

toobaa-elibrary.blogspot.com

والاسلام(235)

"اور اسی لئے یہ کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ عادل حکومت کو قائم رکھتے ہیں چاہے وہ کافر حکومت ہی کیوں نہ ہو اور ظالم کو قائم نہیں رکھتے چاہے وہ مسلم حکومت ہی کیوں نہ ہو۔ اور یہ کہا جاتا ہے کہ دنیا عدل اور کفر کے ساتھ تو رہ سکتی ہے لیکن ظلم اور اسلام کے ساتھ نہیں رہ سکتی۔"

عدل کی برکات---ایک تاریخی حقیقت

امام ابو یوسف کتنے خوبصورت الفاظ میں عدل کے معاشی فائدہ پر روشنی ڈالتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں۔

ان العدل و انصاف المظلوم و تجنب الظلم مع ما فی ذلک من الاجر یزید به الخراج و تکثر به عمارة البلاد والبرکة مع العدل تکون و هی تفقد مع الجور' والخراج الماخوذ مع الجور تنقص البلاد به و تخرب(236)

"عدل و انصاف کرنے اور ظلم وجور سے پرہیز کرنے میں جو اخروی اجر ہے اس کے ماسوا اس سے علاقوں کی خوشحالی میں اضافہ ہوتا ہے اور خراج کی آمدنی بڑھتی ہے۔ برکت عدل سے وابستہ ہے' ظلم وجور سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔ جو خراج ظلم وجور کے ذریعہ وصول کیا جاتا ہے اس سے ملک میں بدحالی اور تباہی آتی ہے۔"

ابو یوسف کے بعد پانچویں صدی ہجری کے اسلامی مفکر الماوردی نے بھی یہی رائے پیش کی ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ اگر عدل و انصاف سے ٹیکس وصول کئے جائیں تو اس سے بیت المال کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے اور ظلم وجور سے آمدنی کم ہو جاتی ہے۔(237)

حضرت عمرؓ بن الخطاب (13-24ھ / 634-645ء) اپنے دور میں اہل خراج کے ساتھ کامل عدل و انصاف کا معاملہ کرتے اور ان پر سے ہر طرح کے ظلم کا ازالہ کرتے تھے۔ آپؓ کے زمانہ میں عراق سے دس کروڑ (100000000) درہم کی آمدنی ہوتی تھی۔ جبکہ اس زمانہ میں درہم کا وزن ایک مثقال ہوتا تھا۔(238)

میمون بن مہران (م 117ھ / 735ء) کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے پاس دس آدمی کوفہ سے اور دس بصرہ سے آتے اور ہر آدمی اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر چار بار یہ گواہی دیتا کہ یہ رقم پاکیزہ طریقہ سے وصول کی گئی ہے۔ اس میں سے کچھ کسی مسلم یا معاہد پر ظلم کر کے نہیں وصول کی گئی۔(239)

بعد ازاں عبدالملک بن مروان (م 65-86ھ / 685-705ء) اور ولید بن عبدالملک (86-96ھ / 705-714ء) کے ادوار میں جب حجاج بن یوسف ثقفی (م 96ھ / 714ء) عراق کا حاکم تھا تو اس کے مظالم کی وجہ سے خراج کی آمدنی صرف دو کروڑ اسی لاکھ (28000000) تک رہ گئی۔(240)

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت عمر بن عبدالعزیز (99-101ھ / 717-719ء) کے دور میں باوجود اس کے کہ اہل ذمہ کو جزیہ کی وصولی میں بہت سہولتیں دی گئیں اور مختلف قسم کی ناجائز آمدنیوں کا سدباب کر دیا گیا تھا' بیت المال کی آمدنی میں اضافہ ہوا۔ عراق کی آمدنی حجاج بن یوسف کے دور سے کہیں زیادہ بڑھ گئی۔ (241)

حضرت عمر بن عبدالعزیز فرمایا کرتے تھے کہ حجاج بن یوسف باوجود اپنے مظالم کے عراق سے دو کروڑ اسی لاکھ (28000000) سے زیادہ وصول نہ کر سکا اور زمین کی آبادی کے لئے کاشت کاروں کو بیس لاکھ (2000000) قرض دینے کے بعد کل ایک کروڑ سات لاکھ (10700000) کا اضافہ ہوا۔ اور میرے دور حکومت میں بغیر کسی ظلم و زیادتی کے بارہ کروڑ چالیس لاکھ آمدنی ہو گئی۔ اگر میں زندہ رہا تو ابھی اس آمدنی میں اور اضافہ ہو گا۔ (242)

آپ کو بعض عمال نے یہ لکھا کہ ہماری نرمی کی وجہ سے بعض شہروں میں محصول کی وصولی کم ہو گئی ہے۔ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ آپ نے ان کو یہ تحریر بھیجی کہ ہر صورت میں عدل و انصاف کو پیش نظر رکھو کیونکہ ظلم اور معاشی خوشحالی ایک جگہ اکٹھے نہیں ہو سکتے۔ (243)

امام ابو یوسف پہلے ماہر معاشیات ہیں جنہوں نے کسی ملک کی معاشی ترقی کے لئے ذرائع آمدورفت کی تعمیر و اصلاح پر بڑا زور دیا ہے۔ آپ کی حیثیت ایک ایسے صاحب بصیرت معاشی مفکر کی ہے' جس کی دور رس نگاہیں یہ دیکھ رہی تھیں کہ جب تک ذرائع آمدورفت موثر اور عمدہ نہیں ہوں گے اس وقت تک اقتصادی نظام پست اور غیر مستحکم رہے گا۔ زرعی پیداوار (Agricultural Products) کو ملک کے ہر علاقہ تک پہنچانا' مصنوعات کا منڈیوں (Markets) تک لے جانا اور قیمتوں (Prices) میں یکسانیت پیدا ہونا موثر ذرائع آمدورفت کے ہونے سے ہی ممکن ہے۔ ان کی وجہ سے ہی بے روزگاری کم ہوتی ہے۔ نیز انفرادی اور اجتماعی سطح پر خوشحالی میں اضافہ ہوتا ہے۔

امام ابو یوسف نے معاشی ترقی کی تحقیق کے لئے ایک خاص اسلوب اختیار کیا ہے۔ یعنی جن راستوں اور منصوبوں کی تعمیر کی ضرورت ہے ان پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ترقیاتی اسکیموں کے بارے میں انہوں نے جو معاشی فکر پیش کیا ہے وہ اس لحاظ سے خاص اہمیت کا حامل ہے کہ اس کا مقصد کسی خاص طبقہ کے مفادات کے تحفظ کی بجائے عام انسانوں کی فلاح و بہبود سے ہے۔ گویا امام ابو یوسف کے نزدیک کسی ملک کی معاشی ترقی کا اندازہ اس کے عوام الناس کی فلاح و بہبود اور معیار زندگی (Quality of life) سے ہی ہوتا ہے۔

انہوں نے بڑے موثر انداز میں حکمرانوں کو یہ باور کرانے کی کوشش کی ہے کہ ہر فرد کی فلاح و بہبود کے بارے میں ان سے باز پرس ہو گی۔ حقیقت یہ ہے کہ اس میں وہ بڑی حد تک کامیاب ہوئے ہیں۔

معاشی ترقی کے ضمن میں امام ابو یوسف کے فکر کی اہمیت اس لحاظ سے اور بھی بڑھ جاتی ہے جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ آپ کے تقریباً تیس برس بعد ایک اور اسلامی مفکر احمد ابن ابی الربیع (م 272ھ / 885ء) نے اپنی کتاب "سلوک

toobaa-elibrary.blogspot.com

المالک فی تدبیر الممالک" میں عباسی خلیفہ معتصم باللہ (218-227ھ / 833-841ء) کی راہنمائی کے لئے وہی فکر پیش کیا جو امام ابو یوسف کتاب الخراج میں پیش کر چکے تھے۔ وہ لکھتے ہیں کہ امام کے لئے یہ ضروری ہے کہ

"عدل کے کاموں میں سے ایک یہ ہے کہ ممالک کی خوشحالی کا اہتمام کیا جائے۔ دو طرح کے علاقے ہیں = زرعی علاقے اور بڑی شہری آبادیاں۔ خلق خدا کے مصالح اور ان کی زندگی کا قیام زرعی علاقوں سے وابستہ ہے اور ان علاقوں کے سلسلہ میں امام پر تین حقوق واجب ہیں۔ پانی کے ذخیروں کو درست حالت میں رکھا جائے تاکہ دور اور نزدیک کے لوگ ان سے فائدہ اٹھا سکیں۔ مزارعین کو ظلم اور مصیبت سے محفوظ رکھا جائے تاکہ وہ زراعت ترک کر کے دوسرے کاموں میں نہ الجھ جائیں اور ان سے جو محاصل وصول کئے جائیں وہ حکم شریعت اور اصول انصاف کے مطابق وصول کئے جائیں۔ تاکہ ان پر کوئی ظلم و زیادتی نہ ہو۔ اگر کسی معاملہ میں ان کی حق تلفی کی گئی یا ان کے ساتھ ظلم و جور کا طریقہ اختیار کیا گیا تو خوشحالی کے بجائے اس کے برعکس صورت حال پیدا ہو جائے گی۔" (244)

ابو بکر السرخسی نے "المبسوط" میں بڑی نہروں کی کھدائی اور صفائی کے سلسلہ میں جو معاشی فکر پیش کیا ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ امام ابو یوسف کے معاشی فکر سے بہت متاثر ہیں۔ ان نہروں پر اٹھنے والے اخراجات کے بارے میں آپ نے امام ابو یوسف کے فکر کی ہی تائید کی ہے۔ (245)

ترقیاتی اسکیموں کی لاگت (Cost) کے بارے میں امام ابو یوسف کے فکر کا تنقیدی جائزہ پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی رقم طراز ہیں۔

"ترقیاتی اخراجات کی ذمہ داری کی یہ تقسیم ابو یوسف کی بصیرت اور انصاف پسندی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے عام کاشتکاروں کے مفاد کے ساتھ اس بات کا بھی لحاظ رکھا ہے کہ کس قسم کی نہروں سے کس کو زیادہ فائدہ پہنچتا ہے اور کون اخراجات کی ذمہ داری اٹھانے کی استطاعت رکھتا ہے۔ استفادہ اور استطاعت کی اس متوازن رعایت کے ساتھ انہوں نے دوسری اور تیسری قسم کی نہروں کے درمیان جو تفریق برتی ہے وہ ان کی معاشی بصیرت پر گواہ ہے۔ اگر وہ پہلی اور دوسری قسم کی نہروں کی لاگت اہل خراج کے ذمے ڈالتے تو زرعی ترقی کے اس اہم کام میں رکاوٹ پیش آتی، اور اگر تیسری قسم کی نہروں کی مرمت اور صفائی تمام تر ریاست کے ذمے رکھتے تو نہ صرف یہ کہ اس پر بے جا بار پڑتا بلکہ کاشتکار ان نہروں کی صفائی اور حفاظت کی طرف سے بے پرواہ ہو جاتے۔ اس طرح انہوں نے پہلی قسم کی نہروں میں اس بنیاد پر تفریق برتی ہے کہ اول الذکر کا افادہ عام ہے اور آخر

toobaa-elibrary.blogspot.com

الذکر کا افادہ متعین افراد اور گروہوں تک محدود ہے۔ اخراجات کی ذمہ داری تقسیم کرتے وقت انہوں نے اس فرق کا لحاظ رکھا ہے۔ مسئلے کے ان تمام پہلوؤں پر اگر ان کی نظر نہ ہوتی تو وہ اتنا متوازن فارمولا نہ تجویز کر سکتے۔"

اس بحث کا یہ پہلو خاص طور پر قابل غور ہے کہ ترقیاتی اخراجات کا بار ریاست کے ذمے ڈالتے وقت ابویوسف اس آمدنی کا حوالہ دیتے ہیں جو ان زمینوں کے خراج سے حکومت کو ہوتی ہے۔ رعایا کے سلسلے میں حکومت کی ذمہ داریاں گناتے وقت اس سے وصول کئے جانے والے محاصل کے حوالے ابویوسف نے بار بار دیئے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے نزدیک حکومت کا یہ حق کہ وہ اپنے شہریوں سے محاصل وصول کر سکتی ہے کوئی مطلق حق نہیں بلکہ ایک بامقصد حق ہے جس کے ساتھ کچھ فرائض بھی وابستہ ہیں۔ زرعی زمینوں کی پیداوار سے محصول وصول کرنے کا حق متقاضی ہے کہ ان زمینوں کو سیلاب یا پانی کی کمی کی وجہ سے برباد ہونے سے بچایا جائے اور ان کی آبپاشی کے لئے نہریں تعمیر کی جائیں۔" (246)

آپ مزید لکھتے ہیں۔

"بحیثیت مجموعی ہم یہ رائے قائم کرنے میں حق بجانب ہوں گے کہ مالیات عامہ سے تعلق رکھنے والے مسائل میں امام ابویوسف کا فکر بہت پختہ اور بلند ہے۔ وہ حکومت کی آمدنی اور اس کے اخراجات کو کسی محدود زاویہ نگاہ سے نہیں دیکھتے بلکہ اسے فلاح عامہ اور ملک کی مجموعی بہبود و ترقی سے تعلق رکھنے والا ایک اہم شعبہ سمجھتے ہیں۔" (247)

ترقیاتی اسکیموں کی لاگت (Cost) کے بارے میں امام ابویوسف کی یہ رائے قرین انصاف ہے کہ چھوٹی چھوٹی نہریں جن کے ذریعہ لوگ اپنی زمینوں، کھیتوں اور انگور کی کیاریوں وغیرہ تک پانی لے جاتے ہیں ان کی کھدائی اور صفائی کے اخراجات انہی افراد کو برداشت کرنے ہوں گے۔ ظاہر ہے کہ جب ان نہروں سے خاص انہی لوگوں نے فائدہ اٹھانا ہے تو اس کے اخراجات بھی ان کو ہی برداشت کرنے ہوں گے۔ آپ کی یہ رائے اس قاعدہ پر مبنی ہے کہ الغرم بالغنم (248) (یعنی جو فائدہ اٹھاتا ہے وہ اس فائدہ اٹھانے کا خرچہ بھی برداشت کرے۔)

یہ قاعدہ دراصل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے ماخوذ ہے کہ الخراج بالضمان (249) یعنی کسی چیز سے فائدہ اٹھانا اس کا حق ہے جو اس چیز کے تاوان کی ذمہ داری بھی اٹھاتا ہے۔

ترقیاتی اسکیموں کے بارے میں ابویوسف کے معاشی فکر پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر عابدین احمد سلامہ (250) لکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

The advice of Abu Yusuf implies that a Muslim state of today should take care of revenue bases and should prevent any decline of the base as erosion of the revenue base may lead to increased rates and hence further reduction in the revenue base. (251)

"امام ابویوسف کی رائے دلالت کرتی ہے کہ آج کی ایک مسلم ریاست کو آمدنی کی بنیادوں کے متعلق احتیاط کرنی چاہیے اور آمدنی کی بنیاد میں کمی کو روکنا چاہیے۔ اس طرح سے ریٹ میں اضافہ ہو گا اور ٹیکس کی بنیاد میں مزید کمی ہو گی۔"

دور حاضر کی اسلامی سلطنتیں معاشی فلاح و بہبود کے منصوبوں (Schemes) کی تکمیل کے لئے ابویوسف کے فکر سے استفادہ کر سکتی ہیں۔ آپ نے ترقیاتی اسکیموں پر نگران اہل کاروں کے لئے جن اوصاف و شرائط کو ضروری قرار دیا ہے۔ ان کی اہمیت و افادیت آج بھی مسلم ہے۔ ڈاکٹر عابدین احمد سلامہ لکھتے ہیں۔

Such an advice gives a further indication of the fact that kheraj revenue was used in developing agriculture and hence economic growth. Little attention in many of the Muslim countries is given to agriculture and agricutlural land. (252)

"ایسی رائے مزید اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ خراج کی آمدنی ترقی پذیر زراعت کے لئے استعمال کی گئی اور اس طرح سے زرعی اور معاشی اضافہ کے لیے بھی بہت سے مسلم ممالک میں زراعت اور زرعی زمینوں پر بہت کم توجہ دی جاتی ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل پنجم

معاشی اصلاحات کی افادیّت

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں جن معاشی اصلاحات کو پیش کیا ہے' ان کے مطالعہ سے نہ صرف اس دور کی اقتصادی اور انتظامی خرابیوں سے آگاہی حاصل ہوتی ہے بلکہ آپ ایک ایسے ماہر معاشیات کے طور پر سامنے آتے ہیں' جس کے سینے میں ایک حساس اور دردمند دل ہے۔ اور جسے عوام الناس کی معاشی فلاح و بہبود بہت عزیز ہے۔ ان اصلاحات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اپنے دور کے پیش آمدہ معاشی مسائل کو بڑے قریب سے دیکھا ہے۔

آپ کی پیش کردہ معاشی اصلاحات کے مطالعہ کے بعد یہ رائے قائم کرنے میں بہت آسانی ہو جاتی ہے کہ اس فریضہ میں وہ تمام مسلم ماہرین معاشیات پر سبقت لے گئے ہیں۔ آپ کی معاشی اصلاحات کا نقطہ ماسکہ (Focus) یہ ہے کہ کاشتکار طبقہ اور ریاست' میں سے کسی فریق کو بھی نقصان نہ پہنچے۔ بالخصوص انہیں کاشتکاروں کا مفاد زیادہ عزیز ہے۔ آپ کے نزدیک جس ملک کے زراعت پیشہ طبقہ کو مراعات اور سہولتیں حاصل ہوں گی وہ معاشی طور پر مضبوط ہو گا اور جہاں کسانوں پر بھاری ٹیکس عائد کئے جائیں گے وہاں معاشی بدحالی ہو گی۔

ابو یوسف نے جب نظام المساحہ (A fixed land tax) کی بجائے نظام المقاسمہ (Khirajul maquasamah) کی سفارش کی تو اس سے کاشتکار طبقہ کو بہت فائدہ ہوا۔ اس سے قبل نظام المساحہ کے تحت ان زمینوں پر بھی خراج وصول کیا جاتا تھا جو قابل کاشت تو ہوتی تھیں لیکن بعض وجوہات کی بناء پر کاشتکار ان میں کاشت نہیں کر سکتے تھے۔ اب امام ابو یوسف کے تجویز کردہ نظام المقاسمہ کے تحت کاشتکاروں پر سے یہ اضافی بوجھ ختم ہو گیا۔ کیونکہ اب خراج صرف ان زمینوں سے ہی لیا جاتا تھا جو زیر کاشت تھیں۔

آپ کے تجویز کردہ نظام کا ایک فائدہ یہ بھی ہوا کہ اس سے کاشتکار طبقہ افسران حکوت کے ظلم و ستم سے بھی محفوظ ہو گیا۔ کیونکہ اس سے قبل افسران حکومت کھیتوں کی پیائش کرتے وقت اصل رقبہ سے زائد محصول عائد کر دیتے۔ اب چونکہ کھیتوں کی پیائش کی ضرورت ہی نہ رہی اس لئے استحصال کا یہ دروازہ بھی بند ہو گیا۔

اس کے ساتھ ساتھ اسلامی ریاست کو یہ فائدہ ہوا کہ اب زیر کاشت زمینوں کی کثرت کی بناء پر مجموعی قومی پیداوار (Aggregate national production) میں اضافہ ہوا۔ کیونکہ اس سے قبل بعض کاشتکار افتادہ' ناکارہ یا زیر آب زمینوں کی آبادکاری میں اس لئے دلچسپی نہیں لیتے تھے کہ ایسا کرنے کی صورت میں انہیں کچھ متعین خراج (Land tax) ادا کرنا پڑتا۔ جس کی ادائیگی فوری طور پر کرنا پڑتی حالانکہ ایسی زمینوں سے شروع میں کئی سال تک کافی لاگت کے بعد وہ جو پیداوار حاصل کرتے وہ متعین محصول سے کم ہوتی اس طرح فائدہ کی بجائے انہیں نقصان اٹھانا پڑتا تھا۔ اب اس نئے نظام کی وجہ سے ایسی بے کار زمینوں کی آبادکاری میں یہ رکاوٹ دور ہو گئی۔ کاشت کار طبقہ نے ایسی زمینوں کی آبادکاری میں خوب دلچسپی لی اور اس طرح ملکی پیداوار میں بھی اضافہ ہوا۔ لاک گارڈ (Lokke gaard) نے نظام المقاسمہ کی خوبی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ "یہ تھا وہ نظریہ جس کی وجہ سے اسلامی سلطنت نے مزید

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترقی کی اور وہ خود مختار زمینوں تک وسیع ہوتی چلی گئی۔(253)

مہدی (158-169ھ / 775-785ء) اور ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کے ادوار میں خراج کی رقم میں جو بے بہا اضافہ ہوا اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ نظام المقاسمہ کا طریقہ رائج تھا۔

جدید اصطلاح میں نظام المساحہ اور نظام المقاسمہ کے درمیان وہی فرق ہے جو محصول زمین (Land Tax) اور زرعی آمدنی کے محصول (Agricultural income tax) کے درمیان ہے۔ موخر الذکر ایک متناسب محصول (Proportional tax) ہے۔ جس سے ہونے والی آمدنی پیداوار کے ساتھ بڑھتی رہتی ہے۔ امام ابو یوسف کی بحث سے واضح ہوتا ہے کہ وہ ان دونوں محاصل (Taxes) کے فرق اور موخر الذکر محصول کے بہتر ہونے کے اسباب پر نظر رکھتے تھے۔(254)

خراج وظیفہ (A fixed land tax) کی جگہ خراج مقاسمہ (Khirajul Maquasamah) تجویز کرتے وقت انہوں نے جو شرحیں بیان کی ہیں وہ سابق شرحوں کی نسبت کم ہیں۔ ڈاکٹر ضیاء الدین الریس نے اپنی کتاب "الخراج والنظم المالیہ فی الدولۃ الاسلامیہ" میں عباسی خلیفہ مہدی (158-169ھ / 775-785ء) کے وزیر ابو عبید اللہ معاویہ بن عبید اللہ بن یسار (م 170ھ / 786ء) اور امام ابو یوسف کی پیش کردہ شرحوں کا تقابلی جائزہ پیش کیا ہے جو کہ درج ذیل ہے:

زمین کی قسم	مہدی کے دور میں ابو عبید اللہ معاویہ کی نافذ کردہ شرحیں	ابو یوسف کی تجوزہ شرحیں
(ا) بارانی زمین	1/2 (پیداوار کا)	2/5 (پیداوار کا)
(ب) محنت سے سینچی جانے والی زمین	1/3 (پیداوار کا)	3/10 (پیداوار کا)
(ج) کھجور، انگور باغات وغیرہ	متعین مقداریں (خراج مساحہ)	1/3 (پیداوار کا)
(د) دوالیب سے سینچی جانے والی زمین	1/4 (پیداوار کا)	1/4 (پیداوار کا)(255)

اس نقشہ سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ امام ابو یوسف نے ابو عبید اللہ کے مقابلے میں خراج کی شرحوں کو کس قدر منصفانہ بنا دیا ہے۔ یہاں یہ امر پیش نظر رہے کہ مختلف ادوار میں زمین کے خراج کی جس شرح پر سب سے زیادہ عمل ہوتا رہا ہے وہ وہی ہے جو امام ابو یوسف نے تجویز فرمائی تھی۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی نے امام ابو یوسف کے تجویز کردہ نظام المقاسمہ کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے۔

"امام ابو یوسف نے جو نظام مقاسمہ تجویز کیا ہے اس میں یہ خوبی ہے کہ قیمتوں کے اتار چڑھاؤ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیداوار کی کمی بیشی کا اثر کاشتکاروں اور سرکاری خزانہ دونوں پر یکساں پڑتا ہے اور ان تبدیلیوں سے دونوں کے مفاد میں کوئی ٹکراؤ نہیں پیدا ہوتا۔ نہ آئے دن خراج کی شرحیں تبدیل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔" (256)

ڈاکٹر ضیاء الدین الریس نے نظام المساحہ اور نظام المقاسمہ کا تقابلی جائزہ پیش کرتے ہوئے لکھا ہے کہ نظام المساحہ کی صورت میں مزارعین کو صرف اس وقت ہی فائدہ ہوتا تھا جب پیداوار کی قیمتیں زیادہ ہوتی تھیں کیونکہ اس صورت میں تو انہیں صرف ایک مقررہ خراج ہی ادا کرنا پڑتا تھا۔ لیکن اگر پیداوار کی قیمتیں کم ہو جاتیں تو انہیں نقصان بھی ہو سکتا تھا۔ اس لئے نظام المقاسمہ مزارعین کے لئے زیادہ فائدہ مند تھا کیونکہ قیمتوں میں کمی بیشی کی صورت میں انہیں نقصان پہنچنے کا احتمال بہرحال نہیں تھا۔ (257)

خراج مساحہ کے بارے میں امام ابویوسف کی تجزیاتی بصیرت (Analytical approach) پر تنقیدی نگاہ ڈالتے ہوئے ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی رقم طراز ہیں۔

"امام ابویوسف نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ جب غلہ گراں ہو گا تو کاشتکاروں کو ایک متعین رقبہ زمین کے محصول کے طور پر غلہ کی ایک متعین مقدار دینا گراں گزرے گا لیکن انہوں نے اجمال سے کام لیا ہے اور یہ واضح نہیں کیا ہے کہ ایسا کیوں ہو گا۔ اس کا سبب خراج ادا کرنے والوں کا یہ احساس ہے کہ وہ باعتبار قیمت پہلے سے زیادہ محصول ادا کر رہے ہیں یا اور کچھ؟

یہاں یہ بات قابل توجہ ہے کہ متعین مقدار غلہ کی شکل میں محصول عائد کرنے کی مضرت واضح کرتے وقت امام ابویوسف نے یہ نہیں کہا ہے کہ چونکہ پیداوار میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے اس لئے محصول کے طور پر دیئے جانے والے غلہ کی مقدار کا متعین ہونا انصاف کے خلاف ہے۔ اگر غلہ کی گرانی کا سبب اس کی پیداوار کا معمول سے کم ہونا ہو تو کاشتکار کو کم پیداوار میں سے بھی اتنا ہی غلہ بطور محصول دینا ہو گا جتنا وہ زیادہ پیداوار میں سے ادا کرتا تھا۔ یہ بات اس پر گراں گزرے گی۔ یہ طرز استدلال اختیار کرنے کی بجائے انہوں نے اپنی توجہ صرف غلہ کے نرخ بازار پر مرکوز کی ہے ایسا نہیں کہ انہیں اس بات کا شعور نہ ہو کیونکہ انہوں نے خود محصول کا جو نظام تجویز کیا ہے اس کا تقاضا ہے کہ انہیں اس کا پورا پورا شعور ہو' اس نکتہ کی صراحت نہ کرنے کی وجہ غالباً" یہ ہے کہ وہ یہ موقف نہیں اختیار کرنا چاہتے کہ غلہ سستا ہونے کا سبب ہمیشہ پیداوار کی فراوانی اور اس کے گراں ہونے کا سبب ہمیشہ پیداوار کی قلت ہوتی ہے اس کی بجائے وہ صرف یہ کہتے ہیں کہ غلہ کا نرخ کم اور زیادہ ہوتا رہتا ہے ایک سطح پر نہیں قائم رہتا اور اسی بات کو متعین مقدار غلہ کی شکل میں محصول

toobaa-elibrary.blogspot.com

وصول کرنے کی مضرت کی بنیاد قرار دیتے ہیں۔(258)

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں۔

"یہاں اس مسئلے کا ایک اور پہلو بھی قابل غور ہے۔ غلہ کے نرخ کی گرانی اور ارزانی کا تعلق پورے بازار میں اس کی رسد کے گھٹنے اور بڑھنے سے ہوتا ہے نہ کہ ہر منفرد کاشتکار کی پیداوار میں کمی بیشی سے ابویوسف یہاں جس موضوع پر گفتگو کر رہے ہیں اس کا تعلق محصول ادا کرنے والے ہر فرد' بلکہ اس کے زیر کاشت کھیت سے ہے۔ لہٰذا وہ یہ فرض کر کے نہیں چلتے کہ غلہ کی ارزانی اس بات کی علامت ہے کہ ہر کھیت میں پیداوار زیادہ ہوئی ہے اور اس کی گرانی اس بات کی علامت ہے کہ ہر کھیت میں پیداوار کم ہوئی ہے۔ غالباً" یہی وجہ ہے کہ انہوں نے متعین غلہ کی شکل میں محصول عائد کرنے کی خرابی واضح کرتے وقت وہ طرز استدلال نہیں اختیار کیا ہے جس کا ہم نے اوپر ذکر کیا ہے یہ حقیقت پسندی ان میں اس لئے آئی ہے کہ وہ ایک واقعی صورت حال کا مشاہدہ کر کے ایک عملی مشورہ دے رہے ہیں۔ نظری معاشیات پر کوئی مقالہ نہیں مرتب کر رہے ہیں۔

متعین رقم کی شکل میں خراج وصول کرنے کی مضرت کو وہ متعین مقدار غلہ کی شکل میں خراج وصول کرنے کی مضرت کے مثل قرار دیتے ہوئے اس بات کی بھی صراحت کرتے ہیں کہ اس سلسلے میں چند دوسرے عوامل کو بھی دخل حاصل ہے۔ دونوں میں یہ مماثلت تو واضح ہے کہ غلہ سستا ہو گا تو متعین نقد محصول ادا کرنا کاشتکاروں کے لئے زیادہ مشکل ہو گا۔ گراں ہو گا تو نسبۃً" آسان ہو گا۔ لیکن یہ دوسرے عوامل کیا ہیں جن پر قاضی صاحب نے طوالت کے اندیشے سے گفتگو نہیں کی ہے۔ کیا ان کے ذہن میں درہم (259) کی قوت خرید سے متعلق کچھ نکات تھے یا وہ اشیاء کے بدلتے ہوئے نرخ کے ساتھ متعین نقد آمدنی کو بیت المال کے نقطہ نظر سے قابل قبول نہیں سمجھتے تھے؟ اس معاملہ میں ہم قیاس آرائی کو دخل نہیں دے سکتے۔ اگر ابویوسف نے طوالت کا لحاظ نہ کرتے ہوئے ان عوامل پر روشنی ڈالی ہوتی تو ہمیں ان کی تجزیاتی بصیرت کو سمجھنے کا زیادہ موقع ملتا۔ (260)"

امام ابویوسف نے قبالہ پر بحث کرتے وقت بڑے خوبصورت انداز میں اپنے دور کے معاشرتی و معاشی حقائق کی نشاندہی کی ہے۔ دیگر معاشی مفکرین کے برعکس آپ نے اس موضوع پر تفصیل سے گفتگو کی ہے۔ آپ نے خلیفہ ہارون الرشید کو بروقت اس نظام کی خرابیوں سے آگاہ کیا۔

امام ابویوسف کی تائید میں بہت سے مسلم و غیر مسلم مفکرین نے یہ کہا ہے کہ ٹھیکیداری کا نظام ملکی معیشت کو تباہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرنے والا تھا۔ یہ نظام ملکی دولت کو ضائع کرنے والا اور اکثر بے انصافی پر منتج ہوتا تھا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ متقبل نے ہمیشہ اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھایا ہے اس دور کے معاشرہ میں بہت سے مظالم اور ناانصافیاں اسی قبالہ کے نظام کی وجہ سے ہوئیں۔ (261) اس امر میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ امام ابویوسف نے قبالہ کے نظام کی ممانعت کرکے کاشتکار طبقہ کو بڑے زمینداروں کے معاشی استحصال (Economic extortion) سے بچانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ اگر آپ کی پیش کردہ اس معاشی اصلاح کو عملی طور پر نافذ کردیا جاتا تو اس کے نتیجہ میں کاشتکاروں کو بہت سے معاشی فوائد حاصل ہوتے۔

کلاوڈ کہن (Claude Cahen) اور لاک گارڈ (Lokke gaard) نے صحیح کہا ہے کہ بنو عباس کے زوال کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب قبالہ کا نظام تھا۔ (262)

کیونکہ آخری دور میں اس مالیاتی ادارے (Financial Institution) کا استعمال اس قدر وسیع و عریض ہوگیا تھا کہ بالآخر یہ ریاست کے لئے مہلک ثابت ہوا۔ محمد بن علی ابن الطقطقی (م 709ھ / 1309ء) نے لکھا ہے کہ عباسی خلافت کے اختتام پر خراج کی رقم میں اضافہ کرنا مشکل ہوگیا تھا۔ (263)

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں کئی مقامات پر قبالہ کی اصطلاح استعمال کی ہے لیکن آپ نے اس کی تعریف کا تعین نہیں کیا۔ آپ کی بحث سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ آپ کے نزدیک قبالہ کا نظام بذات خود شریعت کے خلاف نہیں جیسا کہ بعد کے کچھ مفکرین نے موقف اختیار کیا ہے۔

امام ابویوسف نے قبالہ کی ممانعت میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ یا حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ایک بھی حدیث کا حوالہ نہیں دیا۔ جیسا کہ محمد بن مکرم ابن منظور (م 711ھ / 1311ء)، امام ابوعبید، الماوردی، قاضی ابویعلیٰ محمد بن الحسین (م 458ھ / 1066ء) اور عبدالرحمٰن بن احمد ابن رجب (م 795ھ / 1393ء) نے حوالے دیئے ہیں۔ یہ مسلم مفکرین قبالہ کو ایک خالص سودی معاملہ کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ (264) جس کی ایک اسلامی مملکت میں کسی صورت بھی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

اس طرح امام ابویوسف نے قبالہ کی ممانعت میں وہ شدت اختیار نہیں کی جو دیگر مفکرین کے ہاں ملتی ہے۔ لیکن آپ کے فکر میں عدم جواز کا پہلو ضرور غالب ہے۔ امام ابویوسف کے فکر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ٹھیکیداری نظام کے تحت جو ظلم و استبداد ہوتا ہے وہ اس کا پیدائشی وصف نہیں ہے جیسا کہ ربوٰ کا ہے۔

قبالہ کے بارے میں محمد ابن عبدون التجیبی کا نظریہ کسی حد تک امام ابویوسف کے فکر سے مماثلت رکھتا ہے۔ امام ابویوسف کی طرح ابن عبدون التجیبی بھی حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی کسی حدیث کا حوالہ نہیں دیتے۔ تاہم وہ متقبل کو ایک خالص برائی کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ متقبل پر اللہ تعالیٰ اور تمام انسانوں کی لعنت

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوتی ہے۔

ابن عبدون التجیبی نے امام ابویوسف کی نسبت زیادہ واضح انداز میں متقبل کے اختیارات کو متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کا موقف یہ ہے کہ متقبل لوگوں کی دولت کو غصب کرتا ہے اور بہت سی ناانصافیاں کرتا ہے۔ اس لئے یہ بہت ضروری ہے کہ وزیر قاضی کی منظوری کے ساتھ متقبل کے واجبات کی رقم کو محدود کردے۔ یہ بات متقبل کی مرضی پر نہیں چھوڑنی چاہیے کہ وہ جو چاہے وصول کرتا پھرے بلکہ وزیر کو چاہیے کہ وہ واجبات کا ایک شیڈول (Schedule) بنائے اور قاضی کو اس کی منظوری دینی چاہیے۔ اور اسے نافذ کرنا چاہیے۔ (265)

امام ابویوسف نے قبالہ کے ضمن میں جو بحث کی ہے اس کا بنظر غائر مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ متقبل اور ضامن میں فرق نہیں کرتے۔ آپ کی گفتگو سے قبالہ اور ضمان کی اصطلاحات میں کوئی فرق واضح نہیں ہوتا۔

امام ابویوسف متقبل یا ضامن کے اختیارات و حدود کا تعین بھی نہیں کرتے۔ اور نہ ہی انہوں نے اس بات کو واضح کیا ہے کہ متقبل اور ضامن کس قدر منافع لے سکتا ہے۔ اگرچہ آپ یہ بیان کرتے ہیں کہ کچھ منافع جات غیر قانونی یا ضروریات سے زیادہ ہو سکتے ہیں لیکن وہ یہ واضح نہیں کرتے کہ اس غیر قانونیت یا زیادتی (ضرورت سے زیادہ ہونے) کی بنیاد کیا ہے؟

اسی طرح یہ بھی غیر واضح ہے کہ خلیفہ کے اختیارات اور متقبل یا ضامن کی نگرانی کی حد کیا ہے؟ دوسرے الفاظ میں امام ابویوسف قبالہ سے متعلق کچھ توصیفی (Descriptive) راہنمائی مہیا کرتے ہیں لیکن اگر قانونی پس منظر میں دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی بحث سے قانونی وضاحت سامنے نہیں آتی۔ (266)

امام ابویوسف خراج کے بارے میں بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ خراج ادا کرنے والوں کی ترقی و خوشحالی ہی میں ملکی بقاء کی ضمانت ہے۔ اگر رعایا خوشحال ہوگی تو ملک بھی معاشی لحاظ سے مضبوط ہوگا۔ اس ضمن میں آپ حضرت علیؓ بن ابی طالب (35-40ھ / 656-661ء) کے معاشی فکر سے متاثر نظر آتے ہیں۔ ابو حامد عزالدین ابن ابی الحدید (م 656ھ / 1258ء) نے نقل کیا ہے کہ حضرت علیؓ کے ایک عامل نے آپ سے اراضی خراج اور اہل خراج کے بارے میں مشورہ طلب کیا تو آپ نے اس کو جو نصیحت کی اس میں یہ الفاظ بھی تھے۔

> و تفقد امر الخراج بما یصلح اهله' فان فی صلاحه و صلاحهم صلاحا لمن سواهم' و لا صلاح لمن سواهم الا بهم' لان الناس کلهم عیال علی الخراج و اهله' و لیکن نظرک فی عمارة الارض ابلغ من نظرک فی استجلاب الخراج لان ذلک لا یدرک الا بالعمارة' و من طلب الخراج بغیر عمارة اخرب البلاد و اهلک العباد (267)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"ناگزاری کے معاملہ میں ناگزاری ادا کرنے والوں کا مفاد پیش نظر رکھنا۔ کیونکہ باج اور بیگاروں کے بدولت ہی دوسروں کے حالات درست کئے جاسکتے ہیں۔ سب اسی خراج اور خراج دینے والوں کے سہارے پر جیتے ہیں۔ اور خراج کی جمع آوری سے زیادہ زمین کی آبادی کا خیال رکھنا کیونکہ خراج بھی تو زمین کی آبادی ہی سے حاصل ہو سکتا ہے۔ اور جو آباد کئے بغیر خراج چاہتا ہے وہ ملک کی بربادی اور بندگان خدا کی تباہی کا سامان کرتا ہے۔"

امام ابویوسف جب یہ رائے دیتے ہیں کہ عاملین کی تنخواہیں بیت المال سے دی جائیں' اور انہیں عوام سے براہ راست (Direct) کوئی مالی فائدہ لینے کی اجازت نہ دی جائے' تو اس سے ان کا مقصد عوام کو ہر طرح کے ظلم اور استحصال سے محفوظ رکھنا ہے۔

امام ابویوسف یہاں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے فکر سے متاثر نظر آتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے ایک عامل کو لکھا تھا۔

و لا تاخذ ن اجور الضرابین' ولا هد یة النوروز والمهرجان' و لا ثمن الصحف و لا اجور الفتوح(268)

"لگان تشخیص اور وصول کرنے والوں کی تنخواہیں رعایا سے وصول نہ کرنا اور نہ نوروز اور مہرجان کا نذرانہ لینا' نہ خطوط اور پتہ رسانے کی اجرت لینا۔"

امام ابویوسف کی یہ رائے مناسب ہے کہ اگر کاشتکار طبقہ ناگہانی آفات کی وجہ سے مقررہ خراج ادا نہ کرسکے تو حاکم کو چاہیے کہ وہ اس میں مناسب تخفیف کردے۔ حضرت علیؓ نے اپنے عامل کو اسی طرح کی ہدایت دی تھی۔ آپؓ فرماتے ہیں۔

فان شکوا ثقلا او علة او انقطاع شرب او بالة او احالة ارض اغتمرها غرق او اجحف بها عطش خففت عنهم بما ترجو ان یصلح به امرهم - و لا یثقلن علیک شئی خففت به المونة عنهم فانه ذخر یعودون به علیک فی عمارة بلادک و تزیین و لا یتک' مع استجلابک حسن ثنائهم - و تبجحک باستفاضة العدل فهم - معتمدا فضل قوتهم بما ذخرت عندهم من اجمامک لهم والثقة منهم بما عودتهم من عدلک علیهم فی رفقک بهم - فربما حدث من الامور ما اذا عولت فیه علیهم من بعد احتملوه طیبة انفسهم به' فان العمران محتمل ما حملته' و انما یوتی خراب الارض من اعواز اهلها و

toobaa-elibrary.blogspot.com

انما یعوز اهلها لا شراف انفس الولاة علی الجمع، و سوء ظنهم بالبقاء و قلة انتفاعهم بالعبر (269)

"اگر کاشتکار خراج کی زیادتی کی، کسی آسمانی آفت کی، آب پاشی میں خلل پڑ جانے کی، رطوبت میں قلت کی، سیلاب یا خشکی کے سبب تقاوی (270) کے خراب ہو جانے کی شکایت کریں تو ان کی سننا اور خراج کم کر دینا کیونکہ کاشتکار ہی تمہارا اصل خزانہ ہیں۔ ان سے جو رعایت بھی کرو گے اس سے ملک کی فلاح ہو گی۔ حکومت کی رونق بڑھے گی۔ نیز تم رعایا سے مال کے خراج کے ساتھ تعریف کا خراج بھی وصول کرو گے۔ اس وقت ان میں عدل پھیلانے سے تمہیں اور زیادہ خوشی حاصل ہو گی۔ مشکلات میں ان کی قوت پر تمہارا بھروسہ بڑھ جائے گا اور جو راحت تم نے انہیں پہنچائی ہے اور جس انصاف کا انہیں خوگر بنا دیا ہے اس پر ان سے شکر گزاری تمہارے لئے خزانہ بن جائے گی۔ ممکن ہے مشکلات نازل ہوں اور ان لوگوں پر بھروسہ کرنے کی مجبوری پیش آ جائے۔ ایسی حالت میں وہ بخوشی تمہارا ہر مطالبہ قبول کر لیں گے۔ ملک کے عوام کی آبادی و سرسبزی ہر بوجھ اٹھا سکتی ہے۔ لہٰذا اس کا ہمیشہ خیال رکھنا۔ ملک کی بربادی تو باشندوں کی غربت ہی سے ہوتی ہے اور باشندوں کی غربت کا سبب یہ ہوتا ہے کہ حاکم دولت سمیٹنے پر کمر باندھ لیتے ہیں کیونکہ انہیں اپنے تبادلے اور زوال کا دھڑکا لگا رہتا ہے اور وہ عبرتوں سے فائدہ اٹھانا نہیں چاہتے۔"

ہم دیکھتے ہیں کہ ابو یوسف کے تقریباً چالیس برس بعد عباسی خلیفہ معتصم باللہ (218-227ھ / 833-841ء) نے اپنے عمال کو زمین کی آباد کاری کے بارے میں جو ہدایات دیں، ان میں ابو یوسف کے معاشی فکر کی جھلک نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ وہ کہتا تھا۔

"زمین کی آبادی میں بہت سے فوائد ہیں۔ اس سے مخلوق کی زندگی قائم ہے، خراج بڑھتا ہے، ملک کی دولت و ثروت میں اضافہ ہوتا ہے۔ مویشیوں کے لئے چارہ مہیا ہوتا ہے۔ نرخ ارزاں ہوتا ہے۔ کسب معاش کے ذریعے بڑھتے ہیں معاش میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔" (271)

امام ابو یوسف نے خراج کی وصولی کے لئے بے جا سختی سے منع کیا ہے۔ حضرت علیؓ کے معاشی فکر میں بھی ہمیں اس قسم کی راہنمائی ملتی ہے۔ آپؓ نے ایک عامل (Worker) کو جسے خراج کی وصولی پر مقرر کیا تھا، نصیحت کرتے ہوئے کہا۔

فانصفوا الناس من انفسکم و اصبروا لحوائجهم فانکم خزان الرعیة و وکلاء الامة، و سفراء الائمة، و لا تحسموا احدا عن حاجته ولا تحبسوه عن طلبته،

toobaa-elibrary.blogspot.com

و لاتبیعن للناس فی الخراج کسوۃ شتاء و لا صیف' و لا دابۃ یعتملون علیھا و لا عبدا' و لا تضربن احدا سوطا لمکان درھم' ولا تمسن مال احد من الناس مصل و لا معاھد(272)

"پس اپنے معاملے میں لوگوں سے انصاف کرو۔ اور ان کی ضرورتیں پوری کرنے میں برداشت سے کام لو۔ تم رعایا کے خزانچی ہو' امت کے وکیل ہو' اماموں کے سفیر ہو۔ کسی کو بھی اس کی ضرورت سے نہ روکو۔ خبردار ایسا نہ ہو کہ لوگ خراج ادا کرنے کے لئے اپنے گرمی جاڑے' اپنی روزی کے مویشی اور غلام فروخت کرنے لگیں۔ پیسے کے لئے کسی کو کوڑے نہ لگائے جائیں۔ کسی کا مال چاہے مسلمان ہو یا معاہد نہ چھونا۔"

اپنے ایک عامل (Governor) کو ہدایت دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

فاستعن باللہ علی ما اھمک' و اخلط الشدۃ بضغث من اللین' و ارفق ما کان الرفق ارفق' واعتزم بالشدۃ حین لا یغنی عنک الا الشدۃ و اخفض للرعیۃ جناحک' و الن لھم جانبک و آس بینھم فی اللحظۃ والنظرۃ' والاشارۃ والتحیۃ' حتی لا یطمع العظماء فی حیفک' و لا ییاس الضعفاء من عدلک' والسلام(273)

"اپنے ہر اس کام میں جو فکر پیدا کرنے والا ہے۔ خدا سے مدد مانگا کرو۔ رعایا سے نرمی و سختی کا ملا جلا برتاؤ کرو جہاں نرمی مناسب ہو' نرمی برتو۔ جہاں سختی کے بغیر کام نہ چلے سختی سے کام لو۔ رعایا کے لئے خاکسار بنو۔ اپنے دل میں اس کے لئے ترس پیدا کرو۔ اور سب افراد کو اپنی نظر' اشارے' سلام میں برابر رکھو تاکہ بڑے لوگ تم سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی طمع نہ کریں۔ اور کمزور تمہارے انصاف سے مایوس نہ ہو جائیں۔ والسلام"

خراج کی بروقت وصولی کے لئے امام ابویوسف نے جو سفارشات پیش کی ہیں ان کو بنظر غائر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کاشتکاروں کے انفرادی مصالح پر بھی نظر رکھتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ سرکاری خزانے (Public Treasury) کو بھی نقصان سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں۔ اس طرح ایک معاشی مفکر کی حیثیت سے آپ کی مثبت سوچ کی نشاندہی ہوتی ہے۔

امام ابویوسف معاشی اصلاحات کے ذریعے درج ذیل مقاصد حاصل کرنا چاہتے تھے۔

(ا) ہر قسم کی بدعنوانی (Corruption) کا خاتمہ ہو جائے۔

(ب) مختلف طریقوں سے اہل خراج کا جو استحصال کیا جاتا ہے' اس کو بند کیا جائے۔

(ج) قومی دولت میں جس قدر ممکن ہو' اضافہ کیا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(د) خراج کی وصولی میں عدل و انصاف کے اصولوں کو مدنظر رکھا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ششم

مسائل زمین

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاشیات میں ہر پیشہ کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے لیکن زراعت ایک ایسا پیشہ ہے جو قدیم ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی زندگی کے لئے ناگزیر بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام ابویوسف نے زمین کے متعلق مسائل پر تفصیل سے بحث کی ہے۔ اس فصل میں ہم مزارعت' احیائے موات' اقطاع اور تحدید ملکیت زمین ایسے زرعی مسائل (Agricultural Problems) کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی فکر کا تنقیدی جائزہ پیش کریں گے۔

مزارعت

مزارعت کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی فکر کے مطالعہ سے عباسی دور کے عراقی معاشرے کی زرعی معاشیات (Agricultural Economics) کے بارے میں کافی معلومات ملتی ہیں۔ زمیندار اور کاشتکار کے درمیان زرعی معاہدے کس قسم کے ہوتے تھے اور فریقین کے درمیان حصوں کا تناسب کیا ہوتا تھا اس پر بھی کافی مواد ملتا ہے۔

آپ کی بحث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس دور کے معاشرہ میں بے زمین کاشتکاروں اور کھیت میں کام کرنے والے مزدوروں یعنی محنت کشوں کی ایک بڑی تعداد قیام پذیر تھی۔ اور یہ کاشتکار طبقہ ان زمینوں کو کاشت کرتا تھا جن کے مالک مملوکہ اراضی سے دور رہتے تھے۔

کاشتکار اپنی محنت کے عوض فصل کا ایک حصہ وصول کرتے تھے جبکہ زمیندار زمین پر اپنی ملکیت ہونے کی وجہ سے اپنا حصہ لینے کے حقدار سمجھے جاتے تھے۔ فصل میں کاشتکار کا حصہ مختلف قسم کے ان دو طرفہ معاہدات کے ذریعہ متعین کیا جاتا تھا جو زمیندار اور کاشتکار کے درمیان ہوتے تھے یا بعض اوقات رواجی قوانین کے ذریعے بھی مقرر کیا جاتا تھا۔

امام ابویوسف کے عہد میں کاشتکاروں کی معاملہ طے کرنے کی قوت خاص اقتصادی وجوہات کی بناء پر اور ایک خاص زرعی ضلع میں محنت کی رسد (Supply of labour) کی بنا پر بہت محدود تھی۔ اگر ایک خاص ضلع میں محنت کی رسد میں کمی واقع ہو جاتی تو زمینداروں کو اپنی زمینوں پر کشش پیدا کرنے کے لئے دوسرے زرعی ضلعوں کے کاشتکاروں کو مناسب حال شرائط پیش کرنا پڑتی تھیں۔ (274)

امام ابویوسف نے زرعی معاہدہ (Agricultural contract) کی ان پانچ مختلف شکلوں کا حوالہ دیا ہے جو ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کے دور میں رائج تھیں۔ مزارعت کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی فکر میں ایک خاص بات یہ ہے کہ اکثر دیگر مفکرین کی طرح آپ نے بھی مزارعت کے معاہدہ کی مختلف قسموں (Kinds) کا ذکر تو کیا ہے لیکن زمیندار اور کاشتکار کے اپنے اپنے حصوں (Shares) کی وضاحت نہیں کی۔ آپ صرف ایک حصہ (Share) کا ذکر کرتے ہیں (ایک تہائی ایک چوتھائی وغیرہ) اور یہ نہیں بتاتے کہ یہ حصہ زمیندار وصول کرے گا یا کاشتکار؟ اس طرح کی غیر یقینی کیفیت سے یہ شبہ بھی ہو سکتا ہے کہ شاید ایک فریق ہمیشہ ہی بڑا حصہ وصول کرتا

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھا جبکہ دوسرا فریق صرف کم حصہ ہی لیتا تھا۔

امام ابویوسف نے مزارعت کی جس پہلی جائز صورت کی طرف اشارہ کیا ہے' اس قسم کے معاہدہ (contract) کے بارے میں ایک اباضی فقیہہ (Ibadi jurist) قتادہ بن دعامہ (م 118ھ / 736ء) نے بھی اپنی قانونی رائے پیش کی ہے۔ امام ابویوسف کی رائے تو یہ ہے اور یہی بہتر ہے کہ زمین مالک زمین کی ہوگی اور پیداوار کاشتکار لے گا۔ لیکن قتادہ کہتے ہیں کہ اگر ایک شخص اپنی غیر مزروعہ زمین رضامندی اور خوشی سے کاشتکار کو اس شرط پر دیتا ہے کہ زمین کی آبادکاری کے بعد یہ زمین اس کے اصل مالک کو واپس مل جائے گی تو اس قسم کا معاہدہ مکروہ ہے۔ (275) ان کی رائے یہ ہے کہ کسان کو اس بات پر مجبور نہیں کیا جاسکتا کہ وہ زمین اس کے مالک کو واپس کردے تاہم اگر کاشتکار اپنی مرضی سے اس کو واپس کردیتا ہے تو یہ جائز ہے۔

دونوں مفکرین امام ابویوسف اور قتادہ بن دعامہ آٹھویں صدی عیسوی کے عراقی فقیہہ ہیں۔ مزارعت کے اس قسم کے معاہدہ کے بارے میں امام ابویوسف کے بیان سے سرکاری نقطہ نظر کی جھلک نظر آتی ہے جبکہ قتادہ کا بیان ایک آزاد فقیہہ کے طور پر ہے۔ اس معاہدے پر ان دو مفکرین کی مختلف آراء کے باوجود عراقی معاشرے میں زیادہ تر امام ابویوسف کی رائے ہی پر عمل کیا گیا۔

امام ابویوسف نے مزارعت کی جو دوسری شکل بتائی ہے وہ پہلی سے بڑی حد تک مختلف ہے۔ امام ابویوسف اور قتادہ دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ یہ معاہدہ اس وقت ہی درست تسلیم کیا جائے گا جب کاشتکاری کے اخراجات میں دونوں فریق برابر کے شریک ہوں گے اور زمیندار و کاشتکار کو ایک جیسے حصے ملیں گے البتہ قتادہ نے مزارعت کی اس قسم پر بحث کرتے ہوئے اس بات کا اضافہ کیا ہے کہ اگر زمیندار کاشتکار سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اسے پیداوار میں اپنے حصہ کے علاوہ پانی اور زمین کو استعمال کرنے کے عوض مزید کرایہ دے تو اس قسم کا معاہدہ مکروہ ہو جاتا ہے۔ (276) قتادہ کہتے ہیں کہ زمیندار کی طرف سے اس طرح کے مطالبات سے کاشتکار طبقہ کے معاشی استحصال کی راہ ہموار ہوتی ہے۔

امام ابویوسف کے نزدیک مزارعت کی تیسری قسم' فصل میں حصہ داری کی قسم ہے جو فصل میں ایک تہائی یا ایک چوتھائی کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ اس قسم کی مزارعت کا فقہی لٹریچر میں اکثر ذکر ملتا ہے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ عرب میں اس کا عام رواج تھا۔ زید بن علی (م 122ھ / 740ء) کی رائے یہ ہے کہ اس قسم کی مزارعت جو ایک سال یا اس سے زائد مدت کے لئے ہو وہ قانونی ہے۔ (277) مزارعت کی اس شکل کے بارے میں زید بن علی نے امام ابویوسف کی نسبت زیادہ واضح انداز میں بحث کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس معاہدہ کے تحت تمام کام کاشتکار کرے گا اور بیج کی فراہمی دونوں کے ذمہ ہوگی۔ (278) مزید کہتے ہیں کہ کاشتکار اور زمیندار جس صورت پر بھی راضی ہو جائیں' معاہدہ قانونی طور پر جائز ہی ہوگا لیکن اگر زمیندار مزارع پر کاشتکاری کی بجائے کوئی اور محنت ڈال دیتا ہے تو اس صورت میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاہدہ فاسد اور باطل ہو جاتا ہے۔(279)

امام ابو حنیفہ اس قسم کے معاہدہ مزارعت کو فاسد کہتے ہیں وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ مزارع کے کام کے مناسب حال اس کو اجرت دے دی جائے۔(280)

الربیع بن حبیب (م 160ھ / 777ء) جو بصرہ کے ایک اباضی فقیہ ہیں بڑے زوردار انداز میں اس قسم کی مزارعت کی مخالفت کرتے ہیں۔ وہ اسے صرف ایک مکروہ معاہدہ کے طور پر سمجھتے ہیں۔(281) جابر بن زید (م 93ھ / 712ء) ابتدائی اباضی فقیہ ہیں انہوں نے بھی پیداوار میں ایک تہائی یا ایک چوتھائی حصہ کی پیداوار پر مزارعت کا معاملہ کرنے کو ناپسند کیا ہے۔(282) انہوں نے اس قانونی مسئلہ کی متبادل صورت پیش کی ہے وہ کہتے ہیں کہ زمیندار بجائے اس کے کہ مزارع کو فصل میں ایک تہائی یا ایک چوتھائی حصہ پر اپنے ساتھ شامل کرے اس کو چاہیے کہ وہ ایک مقررہ اجرت کے بدلے اس کو اپنے ہاں ملازم رکھے۔(283)

امام ابو یوسف مزارعت کی اس قسم پر بحث کرتے وقت یہ بھی نہیں بتاتے کہ بیج، پانی، بیلوں کی جوڑی وغیرہ فراہم کرنا کس کی ذمہ داری ہوگی؟ اگر تمام اشیاء کی فراہمی زمیندار کے ذمہ ہی ہو پھر بھی یہ احتمال باقی رہتا ہے کہ اگر فصل بعض قدرتی آفات کے نتیجے میں تباہ ہو جاتی ہے تو مزارع کی محنت اس صورت میں تو مکمل طور پر بغیر صلہ کے ہی چلی گئی۔

امام ابو یوسف مزارعت کی چوتھی قسم کی قانونی حیثیت کا صحیح طور پر دفاع کرتے ہیں۔ آپ کے معاشی فکر کی ایک خوبی یہ ہے کہ آپ مزارعت کی مختلف جائز صورتیں بتاتے ہوئے اس بارے میں بھی راہنمائی دیتے ہیں کہ فریقین (زمیندار اور کاشتکار) میں سے ٹیکس کی ادائیگی کس کے ذمہ ہوگی؟

امام ابو یوسف کی شخصیت اور ان کے معاشی فکر پر
مولانا محمد طاسین کی تنقید

عصر حاضر کے ایک معروف معاشی مفکر مولانا محمد طاسین نے "مروجہ نظام زمینداری اور اسلام" کے عنوان سے ایک تحقیقی مقالہ تحریر کیا ہے۔ یہ مضمون ماہنامہ "حکومت قرآن" میں پندرہ اقساط کی صورت میں شائع ہوا ہے۔ اور اب کتاب کی شکل میں بھی دستیاب ہے۔

اس میں فاضل مقالہ نگار نے مزراعت کی حرمت بیان کرتے ہوئے امام ابو یوسف کی شخصیت اور ان کے معاشی فکر پر بھی بحث کی ہے۔ اس ضمن میں آپ کی تصنیف سے چند اقتباسات یہاں نقل کئے جاتے ہیں۔

"غرضیکہ دلائل کے لحاظ سے مزارعت کے متعلق صاحبین کا موقف امام ابو حنیفہ کے مقابلہ میں بہت کمزور تھا لیکن

toobaa-elibrary.blogspot.com

چونکہ قاضی ابویوسف عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے عہد میں قاضی القضاۃ تھے اور ان کا مملکت میں غیر معمولی اثر ورسوخ تھا لہٰذا دلائل کے اعتبار سے کمزور ہونے کے باوجود قاضی ابویوسف کے موقف کو قبول عام حاصل ہوا اور امام ابوحنیفہ کے موقف کو اپنے قوی اور مضبوط دلائل کے علی الرغم وہ قبول عام حاصل نہ ہوا جس کا وہ مستحق تھا۔ دوسری وجہ قاضی ابویوسف کے موقف کو قبول عام حاصل ہونے کی یہ ہوئی کہ ان کا موقف ان حالات سے زیادہ مطابقت رکھتا تھا جو ملوکیت اور شاہی نظام حکومت کے قائم ہوجانے کے نتیجہ میں پیدا ہو چکے تھے۔ شاہی نظام حکومت جاگیرداری کی بنیاد پر استوار تھا۔ حکومت کے مختلف مناصب پر فائز لوگوں کو ان کی خدمات کے صلہ میں بڑے بڑے قطعات اراضی بطور جاگیر ملے ہوئے تھے جن کو وہ ظاہر ہے کہ خود تو کاشت کر سکتے نہیں تھے لہٰذا ان کے لئے ان اراضی پر فائدہ اٹھانے کا طریقہ صرف یہی تھا کہ وہ ان کو مزارعت اور اجارے پر دیں اور فائدہ اٹھائیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور مزارعت رائج ہو گئی جس کا طاقتور سبب وہ سیاسی نظام اور حکومتی ڈھانچہ تھا جو خلافت راشدہ کے کچھ ہی عرصہ بعد اسلامی مملکت میں قائم ہو گیا تھا۔ گویا مزارعت اس نظام حکومت کے لئے ایک ضروری چیز تھی اور اس نظام کے موجود ہوتے ہوئے مزارعت اور کراء الارض کو ختم کرنا تقریباً ناممکن تھا۔ ممکن ہے قاضی ابویوسف نے اسی چیز کو دیکھتے ہوئے کہ مزارعت کو ان حالات میں ختم نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا انہوں نے اس کے جواز کا فتویٰ دے دیا۔ حالانکہ اسلام کے تصور عدل اور قرآن وحدیث کے تصور معاملات کی رو سے امام ابوحنیفہ کا موقف بالکل درست تھا اور اسلام کے پیش نظر جس قسم کے مثالی اور آئیڈیل معاشرے کا قیام تھا وہ مزارعت کے جواز کی بنیاد پر نہیں بلکہ عدم جواز کی بنیاد پر ہی عمل میں آ سکتا تھا۔ میں سمجھتا ہوں امام ابوحنیفہ کی نظر ان تمام پہلوؤں پر تھی۔ لہٰذا انہوں نے غلط حالات کے ساتھ مصالحت کی بجائے مزارعت کے متعلق وہ موقف اختیار کیا جو اسلام کے اصل منشاء کے مطابق اور نظری طور پر بالکل صحیح و درست تھا۔ (284)

"اور کہنا چاہیے کہ یہ مسلمانوں کی بدقسمتی تھی کہ انہوں نے مزارعت کے بارے میں امام ابوحنیفہ کے موقف کو چھوڑ کر قاضی ابویوسف کے موقف کو عملاً اختیار کر لیا اور اس کی وجہ سے ان کو ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑا۔" (285)

"معاشیات کے موجودہ دور میں اسلام کے معاشی نظام کی 'اشتراکی نظام پر بہتری و برتری اگر ہم نظری طور پر ثابت کر سکتے ہیں تو مزارعت کے متعلق قاضی ابویوسف کے موقف کی بناء پر نہیں بلکہ امام ابوحنیفہ اور دوسرے ائمہ کے موقف کی بنا پر کر سکتے ہیں جو مزارعت کے عدم جواز کے قائل تھے۔" (286)

"لیکن مقام افسوس ہے کہ امام ابوحنیفہ کی تقلید کے دعویٰ اور حنفی کہلانے کے باوجود حنفیوں نے مزارعت کے معاملہ میں اپنے امام کے موقف و مسلک کو بری طرح نظرانداز کیا اور باوجود کمزور دلائل کے صاحبین یعنی قاضی ابویوسف اور امام محمد الشیبانی کے موقف و مسلک کو اختیار کیا اور اس پر عمل پیرا رہے اور ہیں۔ اگر کتاب و سنت کے اصولی اور جزوی دلائل کے لحاظ سے صاحبین کا موقف مضبوط اور قوی ہوتا تو ترجیح کی ایک وجہ ہو سکتی تھی لیکن یہاں معاملہ برعکس

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے۔" (287)

"بہرحال یہ کہنا کہ امت مسلمہ کا مزارعت پر تعامل رہا ہے خلاف واقعہ اور جھوٹ ہے جن لوگوں کا مزارعت پر عمل رہا ہے ان کی تعداد پوری امت مسلمہ میں پانچ فی صد بھی ثابت نہیں کی جاسکتی۔ امت مسلمہ میں جن لوگوں کا پیشہ اور ذریعہ معاش زراعت تھا وہ دو طبقوں پر مشتمل تھے۔ ایک طبقہ مالکان زمین اور زمینداروں کا تھا اور دوسرا مزارعین اور کاشتکاروں کا' مالکان زمین اور زمیندار جو کاشتکاروں کے مقابلہ میں پانچ فیصد بھی نہ تھے' بعض ان میں سے مزارعت کو ناجائز سمجھتے اور اپنی زمینیں خود کاشت کرتے تھے اور بعض اسے جائز سمجھتے اور اس پر عمل پیرا تھے۔" (288)

"ان میں سے جو مزارعت کو جائز سمجھتے اور اس پر عمل پیرا تھے وہ اس لئے نہیں کہ مزارعت کے جواز کے دلائل ان کے نزدیک عدم جواز کے دلائل سے زیادہ قوی اور زیادہ قابل اعتبار تھے یا ان فقہاء کو وہ علم و فہم اور تفقہ و تقویٰ میں دوسرے فقہاء سے اعلیٰ و برتر سمجھتے تھے جن کی طرف مزارعت کے جواز کا فتویٰ منسوب تھا یعنی ایسا نہیں تھا کہ وہ مثلاً قاضی ابویوسف کو امام ابو حنیفہ' امام مالک اور امام شافعی کے مقابلہ میں علم و فہم تفقہ و اجتہاد کے لحاظ سے بڑا سمجھتے ہوں لہٰذا انہوں نے مزارعت کے جواز کے متعلق ان کے فتویٰ کو ترجیح دے کر اختیار کر لیا ہو بلکہ اصل بات یہ تھی کہ مزارعت کے جواز کا قول ان کے مفادات سے مطابقت رکھتا اور ان کے مفید مطلب تھا لہٰذا انہوں نے اسے اختیار کر لیا اور اس پر عمل پیرا ہو گئے۔" (289)

"اس اجمال کی کچھ تفصیل یہ ہے کہ تاریخ بتلاتی ہے کہ جب اسلام کا ظہور ہوا اس وقت دنیا کے تمام زرعی ممالک میں جاگیرداری نظام رائج تھا جس کی بنیاد مزارعت و بٹائی پر قائم تھی اور جس کے تحت زراعت سے تعلق رکھنے والے لوگ دو مختلف طبقوں میں منقسم تھے۔ ایک طبقہ مالکان زمین کا تھا اور دوسرا مزارعین کا اول الذکر طبقہ معاشی لحاظ سے خوشحال' معاشرتی اور سیاسی لحاظ سے معزز اور بااثر طبقہ تھا جبکہ اس کے مقابلے میں ثانی الذکر معاشی لحاظ سے پسماندہ' معاشرتی لحاظ سے پست و گرا ہوا اور سیاسی لحاظ سے غلام و محکوم اور یہ حالت دونوں طبقوں میں موروثی طور پر پشت در پشت چلی آ رہی تھی۔ پھر جب ان میں سے بعض ممالک کے اندر دین اسلام پھیلا اور ان کی بڑی آبادی مشرف باسلام ہوئی تو منجملہ دوسرے مسائل کے مزارعت و بٹائی کا مسئلہ بھی سامنے آیا جس پر مروجہ جاگیرداری اور زمینداری نظام قائم تھا اور پتہ چلا کہ فقہائے اسلام کے درمیان اس مسئلے کے متعلق اختلاف ہے۔ بعض اس کو جائز اور بعض ناجائز کہتے ہیں تو جاگیردار و زمیندار طبقے کو اس سے بڑی خوشی ہوئی کہ بعض فقہاء کی رائے کے مطابق ان کا جاگیرداری نظام اپنی سابقہ حالت پر قائم و برقرار رہ سکتا ہے۔ اور ان کی سابقہ معاشی' معاشرتی اور سیاسی حالت کو تحفظ مل سکتا ہے لہٰذا انہوں نے قطع نظر اس سے کہ قرآن و حدیث کی رو سے جواز مزارعت والی رائے صحیح اور قوی ہے یا عدم جواز والی رائے' یا یہ کہ جواز اور عدم جواز کی رائے دینے والا کون ہے اور کون نہیں مزارعت کے جواز والی رائے کو لے لیا اور حسب سابق

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس پر سختی سے کاربند ہو گئے۔ اور اپنی سابقہ حیثیت اور پوزیشن کو بحال رکھا۔" (290)

"بہرحال مزارعت کے ناجائز و ممنوع ہونے کی صورت میں جاگیرداری و زمینداری نظام کا خاتمہ لازمی تھا لہٰذا زمیندار اور جاگیردار طبقہ نے جواز مزارعت کی رائے کو ابھارنے اور بروئے کار لانے میں اپنا پورا زور اور سارا اثر و رسوخ صرف کیا اور بعض علمی حلقوں کی تائید حاصل کرنے میں بھی کامیاب ہو گئے۔ اس طرح مزارعت کے عدم جواز والی بات کتابوں میں تو رہ گئی لیکن عملی طور پر سامنے نہ آ سکی۔ خصوصاً" ان معاشروں میں جہاں فقہ حنفی کا چرچا تھا۔ (291)"

"مزارعت کو جائز قرار دینے اور رائج کرنے میں اس سیاسی نظام کا بھی بڑا کردار اور عمل دخل تھا جو خلافت راشدہ کے بعد ملوکیت اور بادشاہت کی صورت میں اسلامی ممالک کے اندر قائم ہوا۔ بادشاہت کے اس سیاسی اور حکومتی نظام کی بنیاد نظام جاگیرداری پر قائم تھی اور نظام جاگیرداری مزارعت و بٹائی کے بغیر چل نہیں سکتا تھا۔ حکومت کے مختلف عہدوں اور منصبوں پر فائز حضرات کو ان کی خدمات کے عوض دربار شاہی سے بڑے بڑے قطعات اراضی اور علاقے ملے ہوئے تھے جن کی آمدنی ان کی معاشی خوشحالی کا اہم ذریعہ تھی۔ ظاہر ہے کہ یہ حضرات ان طویل و عریض اراضی کو خود تو کاشت کر سکتے تھے نہیں۔ اپنے منصبی کاموں میں مشغولیت کی وجہ سے نہ ان کے پاس فرصت تھی اور نہ وہ اس پیشے کو اپنے شایان شان سمجھتے تھے۔ لہٰذا ان کے لئے ان اراضی سے فائدہ اٹھانے کی صرف یہی صورت تھی کہ وہ ان کو مزارعت اور اجارہ پر دیتے اور جواز مزارعت کی رائے کو اختیار کر کے اس پر عمل پیرا ہوتے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور جاگیرداری پر مبنی شاہی نظام حکومت کے اندر مزارعت عملاً جائز قرار پائی اور اسے سہارا ملا۔" (292)

"جہاں تک ان مزارعین اور کاشتکاروں کا تعلق تھا جو مزارعت پر زمینیں کاشت کرتے تھے' ان کا مزارعت پر عمل بادل نخواستہ اور بامر مجبوری تھا اپنی مرضی خوشی سے نہ تھا وہ معاشی لحاظ سے پسماندہ اور خستہ حال تھے لہٰذا اگر وہ ایسا نہ کرتے تو بھوکوں مرتے اور معاشی پریشانیوں میں مبتلا ہوتے۔ علاوہ ازیں ان کی معاشرتی' سماجی اور سیاسی حیثیت زمیندار طبقہ کے مقابلہ میں محکوموں اور غلاموں کی سی تھی وہ ہر اس فیصلے کو ماننے پر مجبور تھے جو زمیندار اور جاگیردار طبقہ کی طرف سے سامنے آتا۔ چنانچہ جب زمیندار طبقہ نے اپنے مفادات کی خاطر مزارعت کو قائم رکھنے اور اس پر عمل کرنے کا فیصلہ کر لیا تو پھر کاشتکار طبقہ کے لئے سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہ تھا کہ وہ اس فیصلہ کو مانیں اور اس کے مطابق کام و عمل کریں۔" (293)

"جب مزارعت کے عدم جواز کا قول کتاب و سنت کے دلائل کے لحاظ سے زیادہ قوی اور زیادہ قابل اعتماد تھا اور ائمہ مجتہدین کا اختیار کردہ تو پھر فقہائے متاخرین خصوصاً" اصحاب الترجیح نے جواز کے قول کو عدم جواز کے قول پر کیوں ترجیح دی اور اسے فتویٰ کا مدار کیوں بنایا یعنی اسے مفتی بہ اور علیہ الفتویٰ کیوں ٹھہرایا؟ اس کا جواب یہ دیا جا سکتا ہے کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

انہوں نے ایسا اپنے وقت کے مخصوص حالات کے پیش نظر کیا۔ مطلب یہ ہے کہ جب انہوں نے یہ دیکھا کہ اس وقت معاشرے کے جو ذہنی اور خارجی حالات ہیں ان میں مزارعت کے جواز والا قول قابل عمل اور عدم جواز والا قول تقریباً ناقابل عمل ہے۔ لاکھ اسے ناجائز کہا جائے جن لوگوں کا اس سے مفاد وابستہ ہے وہ اسے کسی طرح چھوڑنے کے لئے تیار نہیں تو انہوں نے قابل عمل ہونے کی وجہ سے جواز والے قول کو عدم جواز والے قول پر ترجیح دے کر اس کے مطابق فتویٰ دے دیا لیکن چونکہ اس فتویٰ کے ساتھ اس قسم کی کوئی وضاحت نہ تھی کہ یہ فتویٰ مخصوص حالات کے پیش نظر ہے جو اس وقت موجود تھے۔ قرآن و حدیث کے اصل منشا کے مطابق نہیں لہٰذا بعد والے غلطی سے یہ سمجھ بیٹھے کہ یہ فتویٰ قرآن و حدیث کے عین مطابق اور قطعی و آخری طور پر ایک صحیح اسلامی فتویٰ ہے۔ رفتہ رفتہ مزارعت کے عدم جواز والی بات ہی ذہن سے نکل گئی اور یہ کھٹکا ہی ختم ہو گیا کہ وہ ناجائز بھی ہو سکتی ہے۔" (294)

"اور چونکہ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ حکومت جو ایک طاقتور سیاسی ادارہ ہے جس چیز کی حمایت اور سرپرستی کرتی ہے وہ ضرور قائم ہوتی اور قائم رہتی ہے۔ علماء دین کے فتوے اس کے خلاف عملاً بے اثر ثابت ہوتے اور دب کر رہ جاتے ہیں اس کی واضح مثال مسلم ممالک میں موجود بنکاری نظام کی ہے۔ جمہور علماء اسے سودی نظام کہہ کر اس کے حرام و ناجائز ہونے کا فتویٰ دے چکے ہیں لیکن چونکہ اس کو ہر جگہ حکومتوں کی حمایت و سرپرستی اور پشت پناہی حاصل ہے لہٰذا علماء کے فتووں کے علی الرغم یہ نظام قائم اور ترقی کے مراحل طے کر رہا ہے اور تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے اگر ماضی میں ایسا ہی معاملہ مزارعت پر مبنی نظام زمینداری کے ساتھ ہوا ہے تو اس میں حیرت اور تعجب کی کوئی بات نہیں۔۔۔۔ الخ" (295)

مولانا محمد طاسین کے ان اقتباسات سے امام ابو یوسف کی شخصیت اور ان کے معاشی فکر کے بارے میں درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

(1) امام ابو یوسف نے جواز مزارعت کا فتویٰ دلائل کی بنیاد پر نہیں دیا۔ انہوں نے محض غلط حالات کے ساتھ مصالحت کر لی۔

(2) مزارعت کو جائز قرار دے کر دراصل آپ نے زمینداروں اور جاگیرداروں کے مفادات کا تحفظ کیا۔

(3) آپ 'امام مالک اور امام شافعی سے علم و فہم' تفقہ و اجتہاد میں کمتر تھے۔

(4) عباسی خلافت میں ایک اہم عہدہ پر فائز ہونے کی وجہ سے آپ نے مزارعت کو رائج کرنے کے لئے حکومت کی سطح پر بھی کوششیں کیں۔

(5) مزارعت کے بارے میں تعامل امت کا دعویٰ کرنا جھوٹ' سراسر غلط اور گمراہ کن ہے۔

(6) متاخرین فقہاء خصوصاً" اصحاب الترجیح نے اپنے دور کے مخصوص حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے مزارعت کے جواز کے قول کو عدم جواز کے قول پر ترجیح دی حالانکہ وہ اس کے جواز کے قائل نہ تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(7) مزارعت کے بارے میں امام ابویوسف کے قول کو اختیار کرنے کی وجہ سے مسلمانوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔

تحقیقی جائزہ

مولانا محمد طاسین نے اپنے مقالہ میں امام ابویوسف ایسی شخصیت کے بارے میں کچھ اچھے جذبات و خیالات کا اظہار نہیں کیا۔ مزارعت کے مسئلہ میں آغاز اسلام ہی سے فقہاء کے درمیان اختلاف رہا ہے اور اس کی بڑی وجہ وہ روایات ہیں جو مختلف ائمہ محدثین نے اپنی کتب میں مختلف صحابہ کرام سے نقل کی ہیں۔ مولانا انور شاہ کشمیری "فیض الباری" میں لکھتے ہیں۔

ثم ان مادة جوازها والنهی عنها موجودة فی الاحادیث(296)

"پھر یہ کہ اس کے جواز اور ممانعت کا ثبوت احادیث میں موجود ہے۔"

ابن عابدین شامی نے لکھا ہے۔

لاختلاف فیه من الصحابة والتابعین لتعارض الاخبار عن سیدالمرسلین صلوات اللّٰه علیه و علیهم اجمعین الی یوم الدین کما فی المبسوط(297)

"صحابہ اور تابعین کے اختلاف کی وجہ سے' اور سید المرسلین' ان پر اور صحابہ و تابعین پر قیامت تک اللہ کی رحمتیں ہوں' سے مروی روایات کے تعارض کی وجہ سے۔"

ابن نجیم نے "البحر الرائق" میں لکھا ہے۔

والقیاس یترک بمثل هذا (ای التعامل) والنص ورد نص بخلافه(298)

"اور قیاس اس کی وجہ سے چھوڑ دیا جائے گا (یعنی تعامل کی وجہ سے) اور ایک نص دوسری کے خلاف بھی وارد ہوئی ہے۔"

مولانا محمد طاسین سے قبل بھی کچھ لوگوں نے ابویوسف کی شخصیت پر اعتراضات کئے ہیں۔ انور شاہ کشمیری نے "فیض الباری" میں کسی کا نام لئے بغیر ان معترضین کو من لا فقه له فی الدین کی سند عطا کی ہے اور امام ابویوسف کے اس عمل کی جو دین کی سمجھ نہ رکھنے والوں کے نزدیک قابل اعتراض تھا۔ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوموسیٰ الاشعری کے قول و عمل سے جواز کی سند عطا فرمائی اور پھر الدر المختار کے حوالہ سے امام ابویوسف کے خوف خداوندی کا ایک واقعہ نقل کرنے کے بعد لکھا ہے۔

فما ظنک برجل هذا شانه و لکن من لا دین له یریدان یصرف وجوه الناس

toobaa-elibrary.blogspot.com

الیہ بکل حیلۃ(299)

"اس طرح کے آدمی کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟ لیکن جس شخص کا کوئی دین نہیں وہ چاہتا ہے کہ ہر حیلہ کے ساتھ وہ لوگوں کے چہروں کو اس طرف پھیر دے۔"

مولانا محمد طاسین کی ایک عبارت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امام ابو یوسف نے یہ جانتے ہوئے کہ مزارعت کے بارے میں ان کے دلائل کمزور ہیں' غلط حالات کے ساتھ مصالحت کر کے فتویٰ دیا۔ راقم کے خیال میں کسی مجتہد کے بارے میں ایسی رائے قائم کرنا مناسب نہیں۔ حالانکہ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

فکان احسن ما سمعنا فی ذلک واللّٰہ اعلم ان ذلک جائز مستقیم اتبعنا الاحادیث التی جاء ت عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی مساقاۃ خیبر لانھا اوثق عندنا واکثر واعم مما جاء فی خلافھا من الاحادیث(300)

"پس اس بارے میں ہم نے جو بہتر بات سنی ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں کہ یہ طریقہ درست اور جائز ہے۔ ہم نے ان احادیث کی پیروی کی ہے جو خیبر کی مساقات کے سلسلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں' کیونکہ جو حدیثیں ان کے خلاف جاتی ہیں ان سے یہ احادیث ہماری نظر میں زیادہ قابل اعتماد' زیادہ عموم کی حامل اور تعداد میں بھی زیادہ ہیں۔"

اور پھر یہ کہ اس مسئلہ میں امام ابو یوسف تنہا تو نہیں ہیں بلکہ مزارعت کے حامیوں کی صف میں مشہور اہل علم کے نام بھی ملتے ہیں مثلاً محمد بن الحسن الشیبانی (م 189ھ / 805ء)' عبدالرحمٰن بن عمرو الاوزاعی (م 157ھ / 774ء)' محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (م 148ھ / 765ء)' سفیان بن سعید الثوری (م 161ھ / 778ء)' اسحاق بن ابراہیم ابن راہویہ (م 238ھ / 852ء)' لیث بن سعد (م 175ھ / 792ء) وغیرہ۔ کیا ان اہل علم کے بارے میں یہ رائے قائم کی جاسکتی ہے کہ انہوں نے زمینداروں اور جاگیرداروں کے اثر و رسوخ کو قائم رکھنے کے لئے جواز مزارعت کا فتویٰ دیا؟ امام بخاری نے اپنی کتاب میں یہ روایت نقل کی ہے۔

ما بالمدینۃ اھل بیت ھجرۃ الا یزرعون علی الثلث والربع و زارع علیؓ و سعدؓ ابن مالک و عبداللّٰہؓ بن مسعود' و عمر بن عبدالعزیز والقاسم و عروۃ و آل ابی بکرؓ و آل عمرؓ و آل علیؓ و ابن سیرین(301)

"مدینہ میں مہاجرین کا کوئی گھرانہ ایسا نہیں تھا جو (پیداوار کے) تہائی یا چوتھائی حصہ پر کاشت نہ کرتا رہا ہو' علیؓ سعدؓ بن مالک' عبداللہ بن مسعودؓ عمر بن عبدالعزیز' قاسم' عروہ' حضرت ابو بکرؓ کی اولاد' حضرت عمرؓ کی اولاد' حضرت علیؓ کی اولاد اور ابن سیرین نے بٹائی پر کاشت کی تھی۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیا اہل مدینہ اور دیگر صحابہ و تابعین بھی جاگیرداری نظام کے حامی اور دور ملوکیت کی پیداوار تھے؟ امام احمد بن حنبل جنہوں نے خلق قرآن کے مسئلہ پر وقت کے حکمرانوں سے ٹکر لی کیا انہوں نے بھی مزارعت کے جواز کا فتویٰ دے کر غلط حالات کے ساتھ مصالحت کر لی تھی؟ کیا وہ بھی جاگیرداری نظام کے حامی تھے؟

مولانا محمد طاسین مزارعت کے بارے میں تعامل امت کے دعویٰ کو تسلیم نہیں کرتے۔ ان کی یہ رائے درست نہیں کہ جب تک امت کی غالب ترین اکثریت کاشتکار اور زمیندار نہ بن جائے تو اس کو امت کا تعامل کہنا ہی ناممکن ہے۔ متعدد فقہاء نے تعامل امت کی بناء پر مزارعت کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ صاحب ہدایہ لکھتے ہیں۔

الا ان الفتوی علی قولهما لحاجة الناس اليها و لظهور تعامل الامة بها والقياس يترک بالتعامل (302)

"لیکن فتویٰ امام ابو یوسف اور امام محمد کے قول پر ہے کیونکہ لوگوں کو مزارعت کی حاجت ہے اور امت کا مزارعت پر عمل ہے اور تعامل کے مقابلہ میں قیاس ترک کر دیا جاتا ہے۔"

ابن الہمام نے "فتح القدیر" میں مزارعت کے بارے میں تعامل امت کو تسلیم کیا ہے۔ (303) شارح وقایہ نے بھی وبہ یفتی کی توجیہہ میں لتعامل الناس کے الفاظ لکھے ہیں۔ (304) ابن نجیم نے البحر الرائق کے باب المساقات میں لکھا ہے۔

الا ان المزارعة لما كانت كثيرة الوقوع فی عامة البلاد كانت الحاجة اليها اكثر من المساقات فقدمت على المساقات (305)

"مگر مزارعت عام شہروں میں کثرت سے وقوع پذیر تھی۔ اس کی ضرورت مساقات سے زیادہ تھی۔ اس طرح یہ مساقات سے بڑھ گئی۔"

ابو بکر السرخسی المبسوط میں لکھتے ہیں۔

و فی هذا العقد (المزارعة) عرف ظاهر فيما بين الناس فی جميع البلدان كما فی المضاربة فيجوز بالعرف (306)

"اور اس عقد (مزارعت) میں وہ عرف ظاہر ہے جو سب شہروں میں لوگوں کے درمیان تھا جیسا کہ مضاربت میں ہے۔ پس عرف کی وجہ سے یہ جائز ہے۔"

یہ بات درست ہے کہ آج کی مروجہ زمینداریوں میں کاشتکاروں پر بہت زیادہ بوجھ ڈال دیا گیا ہے اور اس طبقہ کا استحصال ہو رہا ہے لیکن یہ نظریہ قائم کر لینا کہ ابو یوسف اور ان کے ساتھیوں نے اس قسم کی مزارعت کا فتویٰ دیا تھا' درست نہیں اور نہ ہی اصحاب الترجیح نے اس قسم کی مزارعت کو تعامل امت قرار دیا ہے۔ ڈاکٹر عبد الواحد نے مولانا محمد

toobaa-elibrary.blogspot.com

طاسین کے مقالہ "مروجہ نظام زمینداری اور اسلام" پر تبصرہ کرتے ہوئے چند قابل اعتراض امور کی طرف توجہ دلائی ہے۔ ان کو یہاں انہیں کے الفاظ میں بیان کیا جاتا ہے۔

(1) محض اٹکل سے اسلام میں داخل ہونے والوں کے بارے میں یہ بدگمانی رکھنا کہ "جاگیردار و زمیندار طبقے کو اس سے بڑی خوشی ہوئی کہ بعض فقہاء کی رائے کے مطابق ان کا جاگیرداری نظام اپنی سابقہ حالت پر قائم و برقرار رہ سکتا اور ان کی سابقہ معاشی معاشرتی اور سیاسی حالت کو تحفظ مل سکتا ہے لہٰذا انہوں نے قطع نظر اس سے کہ قرآن و حدیث کی رو سے جواز مزارعت والی رائے صحیح اور قوی ہے یا عدم جواز والی رائے یا یہ کہ جواز اور عدم جواز کی رائے دینے والا کون ہے اور کون نہیں مزارعت کے جواز والی رائے کو لے لیا اور حسب سابق اس پر سختی کے ساتھ کاربند ہو گئے اور اپنی سابقہ حیثیت و پوزیشن کو بحال رکھا۔ آخر ہمارے پاس کونسی دلیل ہے جس کی بناء پر ہم دور اول میں مسلمان ہونے والوں کے بارے میں ایسی رائے قائم کریں کہ ان کی نیتیں اس قول کو اختیار کرنے میں یہ تھیں کہ غیر فطری معاشرتی اور سماجی اونچ نیچ قائم رہے اور مزارعین و کاشتکاروں کو معاشی لحاظ سے پس ماندہ، معاشرتی لحاظ سے پست و گرا ہوا اور سیاسی لحاظ سے غلام و محکوم رکھیں۔

(2) یہ لوگ جو مسلمان ہوئے نہ تو فقہاء و مجتہد تھے اور نہ متبحر فی العلم تھے کہ ان سے یہ توقع کی جاتی کہ وہ اس بات پر غور کرتے کہ قرآن و حدیث کی رو سے جواز مزارعت والی رائے صحیح اور قوی ہے یا عدم جواز والی رائے بلکہ وہ تو عامی تھے اور عامی کے لئے اپنے مفتی کا فتویٰ بس کافی ہوتا ہے۔ دلائل پر نظر کرنا اس کا وہ مکلف ہی نہیں ہوتا۔ آخر مقلد محض کا تقلید کے علاوہ اور کیا کام ہے اور تقلید کی تعریف مشہور ہے کہ "هو الاخذ بقول الغير بغير معرفة دليله"

(3) یہ بات مسلم ہے کہ اس دور میں تقلید شخصی واجب نہ تھی کہ وہ یہ دیکھتے کہ جواز اور عدم جواز کی رائے دینے والا کون ہے اور کون نہیں۔ جس مفتی مجتہد سے چاہا، فتویٰ لے لیا اور اس بات کا اندیشہ ابھی اتنا ظاہر نہیں ہوا تھا کہ لوگوں میں تقویٰ اور خدا خوفی بہت کم ہو اور نفس پرستی زیادہ ہو تو جب تقلید شخصی واجب نہ تھی تو اگر انہوں نے کسی بھی مجتہد کا قول لے لیا تو ان پر کیا طعن ہے اور اگر فی الواقع ان کے دلوں میں کھوٹ بھی تھا تو ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے ہم جب اصولی طور پر یہ بات تسلیم کر چکے ہیں کہ اس دور میں جس سے چاہتے فتویٰ لیا جا سکتا تھا تو ہمیں طعن کرنے کا کوئی اختیار نہیں۔

(4) اکثر فتوحات اسلامیہ خلفائے راشدین کے دور میں ہو چکی تھیں اور کچھ بنو امیہ کے دور میں ہوئی تھیں۔ ان مفتوحہ علاقوں کے لوگ بڑی تعداد میں اسی وقت مسلمان ہو گئے تھے۔ خلفائے راشدین کے دور میں یہ کیونکر ممکن تھا کہ خلفاء ان کو وہ حالت اختیار کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیتے جس سے وہ معاشرے کے ایک طبقے کو اپنا محکوم و غلام بنائے رکھتے۔ یہ کوئی گھر کی کوٹھری میں بیٹھ کر معاملہ تو نہیں ہوتا۔ بڑی بڑی جاگیروں پر تو نظام قائم ہوتا ہے۔ کیا خلفاء اور ان کے نائبین

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے اتنی بڑی غفلت مجرمانہ برتی۔ اس الزام سے خلاصی کی بس یہی صورت ہے کہ ہم یہ تسلیم کرلیں کہ خلفائے راشدین کی نظروں میں بھی یہ مجتہد فیہ مسئلہ ہو گیا پھر اس کے جواز کے قائل ہوں گے۔ مولانا ہی کی عبارت سے یہ بات بھی ثابت ہو گئی کہ عہد صحابہ ہی میں اس مسئلے پر دو رائیں تھیں ورنہ یہ نئے اسلام لانے والوں کو قاضی ابو یوسف اور احمد بن حنبل ابھی دستیاب نہیں ہوئے تھے۔ ان کا زمانہ تو عباسی دور کا ہے جبکہ ملوکیت قائم ہو چکی تھی اور ہارون الرشید اپنی سلطنت خوب مضبوط کر چکا تھا۔

(5) مولانا کی ان عبارات سے یہ تاثر ملتا ہے کہ دور جاہلیت کے نظام مزارعت کو فقہائے اسلام نے جائز قرار دیا ہے کیونکہ مولانا فرماتے ہیں کہ "جاگیردار طبقے کو اس سے بڑی خوشی ہوئی کہ بعض فقہاء کی رائے کے مطابق ان کا جاگیرداری نظام اپنی سابقہ حالت پر قائم و برقرار رہ سکتا ہے اور ان کی سابقہ معاشی معاشرتی اور سیاسی حالت کو تحفظ مل سکتا ہے۔" حالانکہ جو شخص بھی مزارعت سے متعلق فقہاء کی شرائط سے واقف ہے وہ جانتا ہے کہ یہ آپس کا ایک معاملہ ہوتا ہے جس میں حاکمیت کو کوئی دخل نہیں ہوتا اور وہ ہر اس طریقے کو ناجائز قرار دیتے ہیں جس سے کسی کو دھوکا ہو یا اس کے ساتھ ناانصافی ہو۔

(6) جہاں تک جاگیروں کا تعلق ہے' خلفائے راشدین کے دور میں بھی جاگیریں دی گئیں امام ابو یوسف کی کتاب الخراج میں ایسی متعدد روایات ملتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ لوگ اپنے منصب اور ذمہ داریوں کی بنا پر اس بات کی استطاعت نہ رکھتے تھے کہ خود ان میں کاشت کریں۔ لہٰذا جاگیرداری اگر پورے نظام کے طور پر نہیں تو کم از کم اس کے جواز کی بنیادیں تو خلفائے راشدین کے دور میں بھی فراہم تھیں۔ لہٰذا تخصیص ذکر کے لئے کوئی وجہ چاہیے تھی۔

(7) اگر جاگیردار طبقہ مزارعین کو اپنا محکوم و غلام سمجھنے لگا تو مجوزین مزارعت نے تو اس کی گنجائش نہیں رکھی تھی۔ آخر مضاربت اور اجارہ بھی تو اس سے ملتی جلتی شکلیں ہیں۔ یہ تمام اشکالات جو ہمیں مزارعت میں پیش آ رہے ہیں مضاربت اور اجارے میں بھی تو پیش آتے ہیں۔ اپنے ماحول پر نظر ڈالئے کیا تمام اجیروں کو جتنی اجرت ملنی چاہیے اتنی ملتی ہے؟ کتنے ہی آجر ہیں جو سمجھتے ہیں کہ ہمیں اس کا اختیار ہے کہ ہم جتنی اجرت چاہیں طے کریں اور اجیر مجبور ہوتے ہیں کہ بھوکوں مرنے سے بچنے کے لئے انتہائی کم اجرت پر کام کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ خود حکومت ایک بہت بڑی آجر ہے لیکن اس کے کتنے ہی اجیر ہیں جن کی بنیادی ضروریات بھی پوری نہیں ہوتیں تو کیا کسی آجر کے ظلم و ستم کی نسبت ہم مجوزین اجارہ شخصی کی طرف کریں گے؟

(8) مولانا یہ ثابت کر رہے ہیں کہ مزارعت ایک ربوی (سودی) معاملہ ہے جو حرام ہے مزارعین کا اپنے آپ کو پیش کرنا کیا ہر حالت میں اضطراری تھا۔ کیا انہوں نے اور ذرائع آمدنی کو آزما لیا تھا اور کیا ان کو یقین ہو چلا تھا کہ اگر انہوں نے اس پیشہ کو ترک کیا تو وہ بھوک سے مر جائیں گے۔ اگر واقعتاً" ایسا ہوا تھا تو مولانا پر واجب تھا کہ اس تحقیقی مقالے میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس کے شواہد پیش کرتے اور اگر ایسا نہیں ہوا تھا تو مولانا یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ان کا مزارعت پر عمل بادل نخواستہ اور بامر مجبوری تھا اپنی مرضی و خوشی سے نہ تھا بلکہ یہ تو ان کی طرف سے حرام کا ارتکاب اور اعانت علی المعصیت ہوئی اور حرام کا ارتکاب اور اس پر اعانت خواہ معاشی اعتبار سے اونچا کرے یا پست کرے، بہرحال مذموم ہے۔

(9) کیا فقہاء کے اجتہاد کو شرعی حکم کی حیثیت حاصل نہیں ہے اگر ہے اور یقیناً ہے تو کیا اس کے اختیار کرنے کو بدقسمتی سے تعبیر کرنا انتہائی غیر مناسب نہیں اور اگر بالفرض تسلیم بھی کر لیا جائے کہ مسلمانوں کو مزارعت اختیار کرنے سے نقصان پہنچا تو کیا مزارعت کی جو صورتیں رائج ہوئیں یا ہیں جن میں مزارعین کو مجبور و بے کس رکھا گیا ہو کیا وہ بھی قاضی ابو یوسف کی تجویز کردہ صورتیں ہیں؟

(10) حیرت اور تعجب کی بات ہے کہ جب مولانا خود یہ فرما رہے ہیں کہ حکومت جب ایک نظام کو چلانا چاہتی ہے تو خواہ وہ حرام و ناجائز ہی کیوں نہ ہو وہ اس کو چلاتی ہے اور اس کو چلانے میں کامیاب رہتی ہے تو نظام زمینداری چلانے کے لئے اس کو کسی فتوے کی حاجت تو نہ تھی کیونکہ ملوکیت کی بنیاد مولانا کے بقول زمینداری و جاگیرداری نظام ہی ہے اور قاضی ابو یوسف اور اصحاب الترجیح کو بھی یقیناً علم ہو گا تو پھر آخر ان کو کیا ضرورت پیش آئی کہ وہ اس کے حق میں فتویٰ دے کر اور اس کو مفتی بہ قرار دے کر حرام کو حلال بنائیں اور اس طرح غلط حالات سے مصالحت تو کیا ان کے آگے اپنے ہتھیار ڈال دیں۔ کیسی عجیب بات ہے کہ اس دور کے اہل حق تو بنکاری نظام کو سودی اور حرام کہنے پر ڈٹ جائیں اور تبع تابعین، جلیل القدر محدثین اور فقہاء و مجتہدین اپنے دور کے غلط حالات سے مصالحت کر کے ایک ناجائز کام کے لئے جانتے بوجھتے کمزور دلائل مہیا کرتے ہوں اور اصحاب الترجیح بھی اس ناجائز کام کے اختیار کو ترجیح دیتے ہوں۔ نہ جانے مولانا کس مردہ انقلابی سوچ میں محو تھے جو ایسی باتیں کہہ گئے کہ جو تضاد سے بھی خالی نہیں۔ (307)

حدیث خیبر سے استدلال درست نہیں

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں مزارعت کے جواز پر جو دلائل دیئے ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کو خیبر کی زمین بٹائی پر دی تھی لیکن راقم الحروف کے خیال میں ان علماء کی رائے میں کافی وزن ہے جو اس کو مزارعت کی بجائے خراج مقاسمہ کا معاملہ قرار دیتے ہیں۔ فتح خیبر کے بعد وہاں کے یہود کی حیثیت ذمیوں کی تھی اور ذمی پر جزیہ و خراج عائد کیا جاتا ہے۔ اگر یہ مزارعت کا معاملہ تھا تو معاہدہ میں اس کی مدت کا تعین ہونا چاہیے تھا حالانکہ ایسا نہیں ہوا۔ کتاب الحجہ کے حاشیہ پر یہ لکھا ہے۔

و معاملة النبی صلی اللہ علیه وسلم باهل خیبر کان خراج مقاسمة بطریق المن علیهم والصلح و هو جائز لا خراج وظیفة والدلیل علیه انه صلی اللہ علیه وسلم لم یبین المدة و لو کانت مزارعة لبینها لهم لان

toobaa-elibrary.blogspot.com

المزارعة لا تجوز عند من يجيزها الا ببيان المدة وايضا فقد روى ابن عمر انه صلى الله عليه وسلم لما ظهر على خيبر سالته اليهود ان يقرهم بها على ان يكفوه عملها و لهم نصف الثمرة فقال لهم نقركم بها على ذلك ماشئنا - رواه البخاری و مسلم و احمد و هذا صريح بانها كانت خراج مقاسمة و انهم كانوا ذمة للمسلمين، والذمي اذا اقر على ارضه بقيت على ملكه و ما يوخذ من اراضيه خراج(308)

"نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اہل خیبر کے ساتھ معاملہ خراج مقاسمہ کا تھا اور یہ ان پر احسان اور ان کے ساتھ صلح کے طریق پر تھا اور یہ جائز ہے۔ یہ خراج موظف نہیں تھا اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مدت کو بیان نہیں کیا۔ اگر وہ معاملہ ان کے درمیان مزارعت کا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو ضرور بیان کرتے کیونکہ مجوزین مزارعت کے نزدیک بغیر مدت کو بیان کئے مزارعت جائز نہیں ہوتی۔ نیز حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کیا تو آپ سے یہود نے درخواست کہ کہ آپ ان کو خیبر میں ٹھہرنے دیں اس شرط پر کہ یہود آپ کے لئے عمل کی کفایت کریں گے اور ان کے لئے نصف پھل ہو گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ ہم تمہیں اس شرط پر یہاں ٹھہرائیں گے جب تک ہم چاہیں گے (بخاری و مسلم و احمد) یہ حدیث اس بات پر صریح دلالت ہے کہ وہ معاملہ خراج مقاسمہ کا تھا اور یہ کہ وہ مسلمانوں کے ذمی تھے اور ذمی کو جب اس کی زمین پر برقرار رکھا جائے تو وہ اس کی ملکیت میں باقی رہتی ہے اور جو کچھ اس کی زمین سے لیا جاتا ہے وہ خراج ہوتا ہے۔"

ابو بکر السرخسی نے بھی اس کو خراج مقاسمہ سے تعبیر کیا ہے۔ آپ رقم طراز ہیں۔

انه من عليهم برقابهم و اراضيهم و نخيلهم و جعل شطر الخارج عليهم بمنزلة خراج المقاسمة و للامام راى فى الارض الممنون بها على اهلها ان شاء جعل عليها خراج الوظيفة و ان شاء جعل عليها خراج المقاسمة(309)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی جانوں، زمینوں اور نخلستانوں کو آزاد اور کھلا رکھتے ہوئے ان پر احسان فرمایا اور ان پر پیداوار کا نصف حصہ بطور خراج مقاسمہ مقرر کر دیا اور یہ امر امام کی صوابدید پر منحصر ہے کہ وہ زمین بطور احسان مفتوح قوم کے قبضہ میں چھوڑ دے اس پر وہ خراج مقاسمہ لازم کر دے یا خراج وظیفہ۔"

مولانا محمد انور شاہ کشمیری نے "فیض الباری" میں حدیث خیبر کی تشریح کرتے ہوئے اسے خراج مقاسمت کا معاملہ ہی قرار دیا ہے۔(310)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مزارعت اور مضاربت

امام ابو یوسف کی یہ رائے درست ہے کہ مزارعت کو مضاربت پر قیاس کرتے ہوئے جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ مخالفین مزارعت کی طرف سے اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ مضاربت پر قیاس' قیاس مع الفارق ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مضاربت میں اگر نقصان ہوتا ہے تو وہ صاحب سرمایہ اور محنت کش دونوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے لیکن مزارعت کی صورت میں اگر نقصان ہو تو مزارع کی محنت ضائع ہو جاتی ہے لیکن زمین محفوظ رہتی ہے۔ زمیندار کو کسی قسم کا نقصان نہیں ہوتا وہ صرف پیداوار کے منافع سے محروم ہوتا ہے۔

لیکن مضاربت اور مزارعت میں اس طرح فرق کرنا درست نہیں۔ مضاربت میں بھی بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ مالک مال کا اصل سرمایہ Capital محفوظ رہ جاتا ہے اور کاروبار میں نفع نہ ہونے کی وجہ سے محنت کش اپنی معاشی جدوجہد کا کوئی ثمرہ نہیں پاتا۔ اس ممکن الوقوع احتمال کے باوجود مضاربت کے جواز پر تمام اہل علم متفق ہیں۔ ابو سلیمان احمد بن محمد' الخطابی (م 388ھ / 998ء) نے ایک فقہی نکتہ بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔

و اصل المضاربة فی السنة المزارعة والمساقاة فکیف یجوز ان یصح الفرع و یبطل الاصل(311)

"سنت (احادیث) میں مضاربت کے جواز کی اصل (جڑ اور بنیاد) مزارعت اور مساقات ہے تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اصل تو ختم ہو جائے اور فرع (شاخ) قائم رہے۔"

یعنی مضاربت کے جواز کا دارومدار ان روایات پر ہے جن سے مزارعت کا جواز نکلتا ہے تو یہ کیسے صحیح ہو سکتا ہے کہ مزارعت کو تو حرام سمجھا جائے اور مضاربت کو جائز قرار دیا جائے۔

امام محمد کہا کرتے تھے کہ میرے نزدیک زمین مضاربت کے سرمایہ کی طرح ہے۔ مضاربت کی صورت میں سرمایہ کے ساتھ جن شرائط کا وابستہ کرنا مناسب ہے وہی مزارعت میں زمین کے ساتھ وابستہ کرنا مناسب ہے' اور جو باتیں مضاربت میں سرمایہ کے لئے نامناسب ہیں وہی باتیں مزارعت میں زمین کے لئے نامناسب ہیں۔

کان محمد یقول الارض عندی مثل مال المضاربة فما صلح فی مال المضاربة صلح فی الارض و ما لم یصلح فی مال المضاربة لم یصلح فی الارض(312)

ممانعت مزارعت والی روایات کا صحیح منشا

مختلف ائمہ نے مزارعت کی ضرورت و اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ اس لئے کہ بعض

toobaa-elibrary.blogspot.com

لوگوں کے پاس زمین تو ہوتی ہے لیکن وہ ذاتی طور پر عمل زراعت کی اہلیت نہیں رکھتے۔ اس طرح کچھ لوگ زراعت میں دلچسپی رکھتے ہیں لیکن ان کے پاس زمین نہیں ہوتی۔ وہ ائمہ جو مزارعت کو بالکلیہ حرام قرار نہیں دیتے احادیث حرمت کی توجیہہ و تشریح اس طرح کرتے ہیں:

(1) حضرت جابر بن عبداللہؓ (م 78ھ / 697ء) اور حضرت ابو ہریرہؓ، عبدالرحمٰن بن صخر (م 59ھ / 679ء) کی روایات میں مزارعت کو حرام قرار نہیں دیا گیا بلکہ دراصل ایک اخلاقی فضیلت کی طرف راہنمائی کی گئی ہے۔ یعنی اپنے مسلمان بھائی کو زمین بٹائی پر دینے کی بجائے اسے ہبہ کر دینا افضل اور بہتر ہے۔ عہد رسالتؐ میں بعض ایسے صحابہؓ تھے جن کی اپنی زمینیں تھیں اور بعض نادار تھے جو مزارعت پر زمین لے کر بمشکل گزارہ کرتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش یہ تھی کہ جن کے پاس زمینیں ہیں وہ حسن معاشرت، اسلامی اخوت اور بلند اخلاقی کا نمونہ پیش کرتے ہوئے اپنی زائد زمینیں اپنے ضرورت مند بھائیوں کے لئے وقف کر دیں۔ جیسا کہ حضرت عبداللہؓ بن عباس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (مزارعت) سے روکا نہیں ہے بلکہ آپ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ تمہارا اپنے بھائی کو زمین ہبہ کر دینا اس سے بہتر ہے کہ اپنے بھائی سے (پیداوار میں سے) کچھ معاوضہ لو۔ (313) صحیح بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ طاؤس کہتے ہیں کہ اس مسئلہ مزارعت کے بارے میں سب سے زیادہ باخبر شخصیت حضرت عبداللہ بن عباسؓ ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں فرمایا بلکہ آپؐ نے صرف یہ فرمایا تھا کہ اگر کوئی شخص اپنے بھائی کو اپنی زمین بخش دے۔ یہ اس سے بہتر ہے کہ اس کا ایک متعین محصول وصول کرے۔ (314)

(2) عہد رسالت میں بعض لوگ مزارعت کا معاملہ کرتے وقت زمین کے کسی خاص قطعہ کی پیداوار اپنے لئے مخصوص کر لیتے تھے۔ اس صورت میں چونکہ دوسرے فریق کی حق تلفی ہوتی تھی اس لئے آپؐ نے مزارعت کی اس صورت میں منع کیا تھا۔ حدیث مخابرہ میں مزارعت کی اسی شکل کی ممانعت ہے۔ امام بخاری نے اپنی صحیح میں یہ روایت نقل کی ہے "حضرت رافع بن خدیجؓ" فرماتے ہیں کہ سب مدینہ والوں میں ہمارے کھیت بہت تھے۔ ہم زمین کو بٹائی پر دیا کرتے تھے اس شرط پر کہ زمین کے ایک معین حصے کی پیداوار ہم لیں گے تو کبھی ایسا ہوتا کہ اس حصے کی پیداوار خراب ہو جاتی، باقی زمین کی اچھی رہتی اور کبھی ساری زمین کی خراب ہو جاتی، باقی زمین کی بچی رہتی اس لئے ہم کو اس سے منع کر دیا گیا۔ (315)

(3) بعض لوگ اس شرط پر معاملہ کرتے تھے کہ نہر اور نالیوں کے پاس کی پیداوار صاحب زمین کی ہوگی اور بقیہ پیداوار کاشت کار کی ہوگی۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جس جگہ سے پانی ہو کر گزرتا ہے وہاں کی پیداوار زیادہ ہوتی ہے اس صورت میں کاشتکار کی حق تلفی کا اندیشہ تھا۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مذکورہ مقام کی پیداوار زیادہ پانی ہو جانے کی وجہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے خراب ہو جاتی ہے۔ اس صورت میں صاحب زمین کی حق تلفی ہوتی تھی۔ حضرت رافع بن خدیجؓ (م 74ھ / 693ء) فرماتے ہیں میرے چچا بیان کرتے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں لوگ زمین مزارعت پر دیتے تو یہ شرط کر لیتے کہ نہر کے متصل کی پیداوار ہماری ہوگی' یا کوئی اور استثنائی شرط کر لیتے (مثلاً اتناغلہ ہم پہلے وصول کریں گے پھر بٹائی ہوگی) آنحضرتؐ نے اس سے منع فرمایا..... حضرت لیثؒ فرماتے ہیں' مزارعت کی جس شکل کی ممانعت فرمائی گئی تھی اگر حلال و حرام کی فہم رکھنے والے لوگ غور کریں تو کبھی اسے جائز نہیں کہہ سکتے کیونکہ اس میں معاوضہ ملنے نہ ملنے کا اندیشہ تھا۔ (316)

(4) نہی کی بعض روایات اس پر محمول ہیں کہ بعض اوقات زائد قیود و شرائط کی وجہ سے فریقین میں نزاع کی صورت پیدا ہو جاتی تھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر فرمایا تھا کہ اس سے بہتر تو یہ ہے کہ تم اس قسم کی مزارعت کے بجائے زر نقدی پر زمینیں لیا دیا کرو۔ چنانچہ حضرت زید بن ثابت (م 45ھ / 665ء) کو جب یہ خبر پہنچی کہ رافعؓ بن خدیج مزارعت سے منع فرماتے ہیں تو آپ نے افسوس کے لہجہ میں فرمایا' اللہ تعالیٰ رافع کی مغفرت فرمائے بخدا! میں اس حدیث کو ان سے بہتر سمجھتا ہوں' واقعہ یہ تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں انصار کے دو شخص آئے ان کے مابین مزارعت پر جھگڑا تھا اور نوبت مرنے مارنے تک پہنچ گئی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر فرمایا "جب تمہاری یہ حالت ہے تو مزارعت کا معاملہ ہی نہ کرو۔ رافعؓ نے بس اتنی بات سن لی "تم مزارعت کا معاملہ نہ کیا کرو۔" (317)

(5) حضرت رافعؓ بن خدیج کی روایات میں سند اور متن دونوں اعتبار سے اضطراب اور اختلاف پایا جاتا ہے۔ ملا علی قاری (م 1014ھ / 1606ء) نے "مرقاۃ شرح مشکوۃ" میں لکھا ہے۔

و جملة القول فی الوجه الجامع بینها ان یقال ان رافع بن خدیج سمع احادیث فی النهی و عللها متنوعة فنظم سائرها فی سلک واحد فلهذا مرة یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم و تارة یقول حدثنی عمومتی و اخری اخبرنی عمای والعلة فی بعض تلک الاحادیث انهم کانوا یشترطون شروطا فاسدة و یتعاملون علی اجرة غیر معلومة فنهوا عنها و فی البعض انهم کانوا یتنازعون فی کراء الارض حتی افضی بهم الی التقابل فقال النبی صلی الله علیه وسلم ان کان هذا شانکم فلا تکروا المزارع و قد بین ذلک زید بن ثابت فی حدیثه و فی البعض انه کره ان یاخذ المسلم خرجا معلوما من اخیه علی الارض ثم تمسک السماء قطرها او تخلف

toobaa-elibrary.blogspot.com

الارض ربعها فیذهب ماله بغیر شئی فیتولد منه التنافر والبغضاء و قد تبین لنا ذلک من حدیث ابن عباس من کانت له ارض فلیزرعها الحدیث و ذلک من طریق المرواة والمواساة(318)

۔ان احادیث کے مابین جو وجہ جامع ہے وہ یہ ہے کہ کہا جائے کہ رافع بن خدیج نے ممانعت کی حدیثیں سنیں حالانکہ ان کی علتیں مختلف تھیں تو انہوں نے سب کو ایک ہی لڑی میں پرو دیا۔ لہٰذا کبھی تو فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اور کبھی کہتے ہیں کہ مجھے میرے چچاؤں نے بتایا اور کبھی کہتے ہیں کہ میرے دو چچاؤں نے مجھے خبر دی۔ اور ان میں سے بعض احادیث کی علت یہ تھی کہ لوگ فاسد شرطیں لگاتے تھے اور نامعلوم اجرت پر معاملہ کرتے تھے تو اس سے منع کئے گئے اور بعض میں یہ علت تھی کہ کراء الارض میں جھگڑا کرتے تھے یہاں تک کہ نوبت مقابلہ کی آجاتی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تمہارا معاملہ یہ ہے تو کھیت اجارہ پر نہ دو اس کو زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اپنی حدیث میں بیان کیا۔ اور بعض کی علت یہ تھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو ناپسند کیا کہ ایک مسلمان اپنے بھائی سے زمین کے عوض معلوم اجرت طے کرے پھر بارش نہ ہو یا پیداوار نہ ہو تو اس کا مال بلامقابلہ ضائع ہو جائے تو اس سے باہمی نفرت اور بغض پیدا ہو۔ یہ بات ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث سے حاصل ہوتی ہے اور یہ مروت و مواسات کا معاملہ ہے۔"

پس مزارعت کی صرف وہ صورتیں ناجائز ہیں جن میں دھوکا' فریب' نزاع و جدال اور ایک فریق کے لئے نقصان اور دوسرے فریق کے لئے نفع کا قوی احتمال موجود ہو۔ ان کے علاوہ باقی شکلیں جائز ہیں۔

احیائے موات

امام ابویوسف نے احیائے موات کے ضمن میں آبادی سے دور ہونے کے بارے میں جو جو رائے دی ہے' امام سرخسی نے اس کو پسند کیا ہے۔ ملا علی قاری نے "شرح النقایۃ" میں لکھا ہے "و شمس الائمہ اعتمد علی ما اختارہ ابویوسف" (319) البتہ حکومت کی اجازت کے مسئلہ پر امام ابوحنیفہ کی رائے' ابویوسف کی رائے سے بہتر ہے۔ جدید دور میں مصالح عامہ کے تحت امام ابوحنیفہ کے نظریہ کی اہمیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی رقم طراز ہیں۔

"ظاہر ہے کہ اس باب میں امام ابوحنیفہ کی رائے زیادہ تر مصالح عامہ کی رعایت پر مبنی ہے۔ مصالح عامہ کے نقطہ نظر سے ان کی رائے کی اہمیت جدید حالات میں اور بڑھ گئی ہے۔ ایک زمانہ تھا جب

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس طرح کی افتادہ زمینیں بافراط پائی جاتی تھیں۔ اب شاذونادر ہی مل سکتی ہیں۔ انسانی آبادی بہت بڑھ گئی ہے۔ ذرائع نقل و حمل کی فراوانی نے آبادی سے دور ہونے یا نزدیک ہونے کے فرق کو ناقابل لحاظ بنادیا ہے۔ ریاست کی اجازت ضروری ہو تو اس خطرے کا ازالہ ہو سکتا ہے کہ کوئی ایک صاحب دولت اٹھ کھڑا ہو اور ڈھونڈ ڈھونڈ کر اس طرح کی ساری زمینوں کو اپنی ملکیت بنالے۔ یہ احیائے موات کی ایک ایسی شکل ہو گی جس سے مفاد عامہ کو بالآخر نقصان پہنچے گا۔ ان وجوہ سے موجودہ حالات میں مناسب یہی ہو گا کہ افتادہ زمینوں کی آبادکاری کے خواہاں افراد کو ریاست سے اجازت حاصل کرنے کا مکلف بنادیا جائے۔ اسلامی قانون کے جدید ماہرین کا رجحان مجلّہ عثمانیہ کی طرح اس رائے کو ضابطہ کی شکل دے دینے کے حق میں ہے۔" (320)

"مجلۃ الاحکام العدلیۃ" میں اس رائے کو ضابطہ کی شکل دے دی گئی ہے۔ (321)

اقطاع

امام ابویوسف نے جاگیروں کے بارے میں جو بحث کی ہے۔ وہ اس لحاظ سے نامکمل ہے کہ آپ نے جاگیروں کی اس قسم کا ذکر تو کیا ہے جو "اقطاع التملیک" کی بنیاد پر دی گئی تھیں۔ لیکن انہوں نے "اقطاع الاجارۃ" کا ذکر نہیں کیا۔

حقیقت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء نے بعض قطعات "اقطاع الاجارۃ" کی بنیاد پر دیئے تھے۔ ایسی زمینیں سرکاری ملکیت ہوتی تھیں۔ حضرت عثمان غنیؓ (24-35ھ / 645-655ء) نے علاقہ سواد کی زمینیں اور دوسری جائیدادیں بیت المال کی آمدنی بڑھانے کے لئے کرایہ (لگان) کی بنیاد پر دیں۔ آپ کے دور میں ایسی جاگیروں کی آمدنی بڑھ کر پچاس کروڑ ہو گئی۔ حضرت عثمان غنیؓ اس میں سے انعامات اور عطیے دیتے۔

بدقسمتی سے 82ھ میں عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث (م 85ھ / 704ء) کی بغاوت کے دوران اس قسم کی زمینوں اور ان کے لگان سے متعلق تمام سرکاری ریکارڈ جل گیا۔ (322) اس سرکاری ریکارڈ کی تباہی کے بعد بااختیار لوگوں نے ان زمینوں کو غصب کر لیا اور اس طرح یہ ذاتی جائیدادوں میں تبدیل ہو گئیں۔ ڈاکٹر محمد ضیاء الدین الریس کہتے ہیں کہ سرکاری ریکارڈ کا جل جانا اقطاع کی تاریخ میں ایک بہت بڑا المیہ تھا۔ اس واقعہ نے بنو امیہ کے دور میں بااختیار لوگوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اقطاع کے ساتھ ذاتی جائیدادوں جیسا سلوک کریں جو کہ پہلے سرکاری ملکیت تھیں۔ (323)

امام ابویوسف نے جاگیروں کی منظوری دیتے ہوئے کہا ہے کہ زمین دولت کی طرح ہے۔ یعنی اسی کو یہ عطیہ دیا جا سکتا ہے جو اس کو صحیح طرح استعمال کرے اس کی پیداوار سے دوسرے مسلمانوں کو بھی فائدہ ہو۔ ڈاکٹر ضیاء الحق کے الفاظ میں "بطور دولت کے زمین کا یہ تصور اس دور کا وصف ہے جس میں فقہاء مساقات مزارعت اور مضاربت کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

نظریات کو حل کر رہے تھے۔"(324)

تحدید ملکیت زمین

تحدید ملکیت زمین کے مسئلہ پر امام ابو یوسف نے جو رائے دی ہے وہ قرآن و سنت کے مطابق ہے۔ اس پر خلفائے راشدین کا تعامل ہے اور فقہاء امت کا اجماع اور اتفاق ہے۔ ڈاکٹر سعدی ابو حبیب نے "موسوعۃ الاجماع فی الفقہ الاسلامی" کے نام سے ایک کتاب تحریر کی ہے۔ اس میں ان تمام مسائل کو جمع کیا ہے جن پر فقہاء امت کا اجماع اور اتفاق رہا ہے۔ اس میں وہ لکھتے ہیں۔

اجمع جمیع الخاصۃ والعامۃ علی ان اللہ عزوجل حرم اخذ مال امری مسلم' او معاھد' بغیر حق' اذا کان الماخوذ منہ مالہ غیر طیب النفس بان یوخذ منہ ما اخذ و قد اجمعوا جمیعا علی ان اخذہ علی السبیل التی و صفنا آثم و ظالم(325)

"تمام خاص و عام کا اس بات پر اجماع ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی مسلمان یا ذمی کا مال ناحق لینے کو حرام قرار دیا ہے۔ جبکہ وہ شخص جس سے مال لیا جا رہا ہے اس بات سے خوش دلی سے راضی نہ ہو کہ اس سے مال لیا جائے۔ نیز اس بات پر بھی اجماع ہے کہ جو شخص مذکورہ طریقے پر کسی کا مال لے وہ ظالم اور گنہگار ہے۔"

ابن حزم لکھتے ہیں۔

واتفقوا ان اخذ اموال الناس کلھا ظلما لا یحل(326)

"اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ لوگوں کے کسی بھی قسم کے مال کو ناحق لے لینا حلال نہیں ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ہفتم

متفرق معاشی افکار

toobaa-elibrary.blogspot.com

خرید و فروخت

خرید و فروخت سے متعلق امام ابو یوسف کے افکار و نظریات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ عوام الناس کی نفسیات' اور ان کے مصالح سے پوری طرح واقفیت رکھتے تھے۔ آپ کے معاشی افکار سے ایک طرف اس دور کے معاشی حالات کا علم ہوتا ہے تو ساتھ ہی لوگوں کے جذبات' احساسات اور عرف و عادت کے بارے میں بہت سی مفید معلومات بھی ملتی ہیں آپ نے جس طرح جامع انداز میں تجارتی مسائل پر گفتگو کی ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ خرید و فروخت کے قواعد سے پوری طرح آگاہ تھے۔

خیار شرط (Stipulation for option) کے ضمن میں امام ابو یوسف کی یہ رائے بہت مناسب ہے کہ اگر مقررہ مدت کی وضاحت کر دی جائے تو تین دن سے زائد مدت بھی جائز ہے۔ اس لئے خیار شرط کی اجازت اس ضرورت کے تحت دی گئی ہے کہ بائع (Seller) اور مشتری (Purchaser) اچھی طرح غور و فکر کر لیں۔ تاکہ کسی فریق کے لئے خسارے یا دھوکے کا احتمال نہ رہے بعض اوقات بڑی خریداری کے معاملات میں بائع اور مشتری کو زیادہ سوچ بچار کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسے معاملات میں تین دن کی مدت کافی نہیں ہو سکتی۔

امام ابو حنیفہ اور امام شافعی نے حضرت منقذ بن عمرو (یا ان کے بیٹے حبان بن منقذ) کی جس روایت (327) سے استدلال کیا ہے۔ راقم کے خیال میں اسے ان کی خصوصیت پر محمول کرنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ابن قدامہ "المغنی" میں لکھتے ہیں۔

> والخیار یجوز اکثر میں ثلاث ــ و یجوز اشتراط الخیار ما یتفقان علیه من المدة المعلومة قلت مدته او کثرت(328)
>
> "خیار تین دن سے زائد کے لئے بھی درست ہے ــ خیار کی شرط اتنی مقرر مدت کے لئے جائز ہے جس پر فریقین متفق ہوں خواہ وہ کم ہو یا زیادہ۔"

ابن رشد نے اپنی کتاب "بدایۃ المجتہد" میں امام مالک بن انس (م 179ھ / 795ء) کا جو نظریہ بیان کیا ہے اس سے امام ابو یوسف کی رائے کی توثیق ہوتی ہے۔ امام مالک کہتے ہیں کہ اس کی فی نفسہ کوئی مدت متعین نہیں ہے بلکہ مدت کی تحدید خریدی جانے والی مختلف اشیاء کے فرق پر مبنی ہے۔ مثلاً کپڑے کی خریداری میں خیار شرط ایک یا دو دن کی ہو سکتی ہے جبکہ گھر کی خریداری کے لئے خیار شرط ایک ماہ ہو سکتی ہے۔(329)

"الشاۃ المصراۃ" (وہ بکری جس کا دودھ کچھ دن تک روک لیا گیا ہو تاکہ وہ زیادہ دودھ دینے والی نظر آئے) کے بارے میں امام ابو یوسف نے جو رائے دی ہے وہ ان کی معاشی بصیرت پر دلالت کرتی ہے۔ ڈاکٹر ساجد الرحمٰن صدیقی' امام ابو یوسف کی رائے پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

> "اس کا مطلب یہ ہے کہ امام ابو یوسف نے حدیث میں ایک صاع کھجور واپس کرنے کے حکم کو اس امر پر محمول کیا ہے کہ مذکورہ واقعہ میں نبی اکرمؐ نے اس وقت کے دودھ کی قیمت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کے برابر کھجوریں دینے کا حکم فرمایا تھا اور یہ حکم آپؐ نے اس لئے دیا تھا کہ اس زمانے میں کھجور ایسا مال تھا جو باآسانی اور بہ سہولت میسر تھا۔ ظاہر ہے کہ تساری میں قیمت ہی لازم آتی ہے۔ اس مسئلے میں امام ابو یوسف کی رائے زیادہ عادلانہ اور فقہی لحاظ سے زیادہ موزوں ہے اور اس رائے پر اعتماد کیا جانا چاہیے۔ بلکہ ان کی یہ رائے ان کے استاد امام ابو حنیفہ کی رائے سے بہتر ہے کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

عقد کو فسخ نہ کیا جائے۔ بلکہ اگر اس "مصراۃ" جانور کی قیمت میں کوئی کمی ہے تو خریدار وہ قیمت لے لے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ خریدار کا مقصود بھی اس وصف کا نہ ہونا ہو جس کا اس شے میں موجود ہونے کا تاثر دیا گیا ہے۔ "المجلہ" نے اس مسئلہ کو قابل اختیار نہیں سمجھا ہے حالانکہ المجلہ کو یہ مسئلہ بیان کرنا چاہئے تھا۔ اور اس میں امام ابو یوسف کی رائے اختیار کرنی چاہیے تھی۔" (330)

مصطفیٰ احمد' الزرقاء نے اپنی کتاب الفقہ الاسلامی فی ثوبہ الجدید میں ایسی ہی رائے کا اظہار کیا ہے۔ وہ رقم طراز ہیں۔

ور ای ابی یوسف کما تری' فی ھذہ القضیۃ ھو اعدل الاراء و اوجھا فقھا' و ھو الذی یجب التعویل علیہ' و ھو احسن من قول امامہ ابی حنیفۃ (331)

مکان کی خریداری کے لئے خیار روایت (option on inspection) کے بارے میں امام زفر بن الھذیل (م 158ھ / 775ء) کی رائے' ابو یوسف کی رائے سے بہتر ہے۔ صاحب ہدایہ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ اس دور کے مکانات اور ان کی طرز تعمیر میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا تھا لیکن آج کل کے دور میں طرز تعمیر میں کافی تبدیلیاں آ چکی ہیں اس لئے صرف باہر سے ہی نظر ڈالنے سے مکان کی اندرونی حالت کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ (332) امام ابو یوسف کی رائے پر عمل کرنے سے خریدار کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔

احمد بن محمد القدوری (م 428ھ / 1037ء) نے ابو یوسف کے اس قول پر اعتماد کیا ہے کہ "خیار رویت خیار شرط کی طرح ہے' ساقط ہونے کے بعد اس کا اعادہ نہیں ہوتا۔" (333)

بیع سلم (Sale by payment in advance) میں مسلم فیہ (مبیع) (Thing sold) کے بارے میں امام ابو یوسف کے فکر سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ امکانی حد تک فریقین کے مابین دھوکا اور نزاع کی ہر صورت کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ آپ اس امر کو ضروری قرار دیتے ہیں کہ جس چیز کا سودا کیا جا رہا ہے وہ بازار میں یا لوگوں کے پاس موجود ہو اور خریدار کو ادا کرنے تک موجود رہے۔ آپ کے معاشی فکر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ بازار کے اخبار و احوال اور معاملات میں لوگوں کے اغراض و مقاصد سے پوری واقفیت رکھتے تھے۔ ابو بکر الکاسانی "بدائع الصنائع" میں ابو یوسف کے معاشی فکر کی ترجمان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

ان القدرۃ علی التسلیم ثابتۃ للحال و فی وجودھا عند المحل شک لاحتمال الھلاک فان بقی حیا الی وقت المحل ثبتت القدرۃ و ان ھلک قبل ذلک لا تثبت والقدرۃ لم تکن ثابتۃ فوقع الشک فی ثبوتھا فلا تثبت مع الشک (334)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"بائع میں فی الحال مسلم فیہ کے ادا کرنے کی قدرت پائی جاتی ہے۔ مگر اس میں شبہ ہے کہ مبادا وہ چیز ادائیگی کے وقت موجود نہ رہے لہٰذا اگر وہ ادائیگی کے وقت موجود ہو گی تو اس کا معنی یہ ہوا کہ قدرت موجود ہے۔ اور اگر پہلے ضائع ہو گئی تو قدرت بھی ثابت نہ ہو سکی اور تصور کر لیا جائے گا کہ قدرت پہلے سے تھی ہی نہیں۔ لہٰذا ثبوت قدرت میں شک واقع ہوا اور شک پیدا ہونے سے قدرت ثابت نہ ہو سکے گی۔"

ابو بکر السرخسی لکھتے ہیں۔

فان قیل حیاته معلومة فی الحال والاصل بقاوه حیا الی ذلک الوقت و انما الموت موهوم قبله قلنا نعم و لکن بقاوه حیا الی ذلک الوقت باستصحاب الحال فیکون معتبرا فی ابقاء ماله علی ملکه لا فی توریثه من مورثه فبهذا الطریق لا تثبت قدرته علی التسلیم الا ان یکون موجودا فی الحال حتی تکون حیاته متصلة باوان ذلک الشئی (335)

"اگر سوال کیا جائے کہ اس کی زندگی فی الحال موجود ہے اور اصل یہی ہے کہ وہ اس وقت تک زندہ رہے گا اور ادائیگی سے پہلے موت کا آنا ایک فرضی امر ہے۔ ہم اس کا جواب دیں گے کہ بات ٹھیک ہے۔ مگر اس وقت تک بائع کی زندگی کا بقا استصحاب الحال کے قاعدہ پر مبنی ہو گا۔ لہٰذا اس کی زندگی اس کے اپنے مال پر قابض رہنے میں تو معتبر سمجھی جائے گی مگر یہ نہیں ہو سکے گا کہ وہ اپنے مورث کا وارث بھی قرار پائے۔ لہٰذا اس طریق سے ادائیگی پر اس کی قدرت ثابت نہ ہو سکے گی۔ مگر اس صورت میں کہ وہ چیز فی الحال موجود ہو تاکہ اس کی زندگی جملہ اوقات میں وقت تسلیم تک اس چیز سے متصل رہے۔"

بیع سلم میں مقام ادائیگی کی تعیین سے متعلق' امام ابو یوسف نے اپنے استاد امام ابو حنیفہ سے جو اختلاف کیا ہے وہ ٹھوس دلائل پر مبنی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انھوں نے اس بارے میں بڑی باریک بینی سے کام لیا ہے۔ آپ کے طرز استدلال سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ بائع و مشتری کو ہر قسم کے امکانی جھگڑوں سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں۔

تاہم امام ابو یوسف کے فکر میں ایک سقم بھی پایا جاتا ہے۔ بیع سلم میں قبضہ کا استحقاق کچھ مدت کے بعد ہوتا ہے اور یہ مدت طویل بھی ہو سکتی ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ جہاں معاملہ کیا گیا ہو ادائیگی کے وقت وہاں یہ صورت ممکن ہی نہ ہو کہ بائع مشتری کو مبیع حوالے کر سکے۔ امام ابو حنیفہ سے یہ قول مروی ہے۔

ارایت لو عقدا عقد السلم فی السفینه فی لجة البحر اکان یتعین موضع العقد للتسلیم عند حلول الاجل (336)

"غور فرمایئے اگر بحر مواج میں ایک کشتی سمندر کی لہروں کو چیرتی ہوئی جا رہی ہو اور وہاں بیع سلم کا معاملہ منعقد

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوا ہو تو کیا وقت مقرر آنے پر اس کشتی میں خرید کردہ چیز مشتری کو دی جائے گی؟"

گوشت کی بیع سلم سے متعلق امام ابو حنیفہ کی رائے' امام ابو یوسف کے فکر سے بہتر ہے امام ابو یوسف کے استدلال سے واضح ہوتا ہے کہ آپ نظر و قیاس سے زیادہ کام لیتے ہیں۔ آپ کی رائے نظری قسم کی ہے لیکن آپ کے استاد امام ابو حنیفہ کی رائے عملی ہے۔ آپ نے لوگوں کی نفسیات کو مد نظر رکھتے ہوئے باہمی نزاع کو روکنے کی کوشش کی ہے۔ امام ابو یوسف کی رائے کے مطابق اگر جانور کے گوشت کا خاص وصف متعین بھی کر دیا جائے' پھر بھی اس بات کا امکان باقی رہتا ہے کہ بائع اور مشتری کے درمیان جھگڑے کی صورت پیدا ہو جائے۔

بیع سلم میں بائع و مشتری کے درمیان اختلاف کی صورت میں امام ابو یوسف نے بائع کے قول کو قابل قبول کہا ہے۔ آپ کے اس نظریے کی تائید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان سے ہوتی ہے۔

عن ابن مسعودؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اختلف البیعان فالقول قول البائع (337)

"حضرت عبداللہؓ بن مسعود فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب فروخت کرنے والے اور خریدنے والے کے درمیان اختلاف ہو تو معتبر بات فروخت کرنے والے کی ہے۔"

امام ابو یوسف کی اس رائے پر فتویٰ دیا جاتا ہے کہ روٹی کو گندم یا آٹے کے عوض میں زیادتی سے فروخت کرنا جائز ہے مثلاً گندم یا آٹا دیا اور اس سے کم مقدار میں روٹی لی تو جائز ہے۔ (338) اسی طرح امام ابو یوسف کی اس رائے پر بھی فتویٰ دیا جاتا ہے کہ اگر گندم اور آٹا نقد دیئے جائیں جبکہ روٹی ادھار ہو تو یہ جائز ہے۔ (339)

عقود بالتعاطی کے بارے میں امام ابو یوسف کے فکر سے یہ واضح ہوتا ہے کہ آپ نے عرف کی بناء پر اس کو جائز قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال قرار دیا ہے لیکن اس کی کیفیت کو بیان نہیں کیا۔ لہٰذا کیفیت میں عرف و رواج ہی کا اعتبار ہونا چاہیے۔

احتکار کے بارے میں امام ابو یوسف کی یہ رائے بہتر ہے کہ احتکار صرف غذائی اشیاء ہی میں نہیں بلکہ ہر وہ چیز جس کے روکنے سے عام لوگوں کو نقصان پہنچے' وہ احتکار ہے۔ ابو الطیب شمس الحق (م 1329ھ / 1911ء) اپنی کتاب عون المعبود شرح سنن ابی داؤد میں لکھتے ہیں۔

والحاصل ان العلة اذا كانت هى الاضرار بالمسلمين لم يحرم الاحتكار الا على وجه يضربهم و يستوى فى ذلك القوت وغيره لانهم يتضررون بالجميع والله اعلم (340)

toobaa-elibrary.blogspot.com

محنت و اجرت

اجیر مشترک (Common employee) پر تاوان عائد کرنے کے بارے میں امام ابو یوسف کی رائے' امام ابو حنیفہ کی رائے سے بہتر ہے۔ خاص طور پر دور حاضر میں جبکہ لوگوں میں امانت و دیانت کا فقدان ہے' امام ابو حنیفہ کی رائے پر عمل کرنے سے لوگوں کے اموال کو محفوظ نہیں رکھا جا سکتا۔ حضرت عمر بن الخطابؓ (13-24ھ / 634-645ء) اور حضرت علیؓ بن ابی طالب (35-40ھ / 656-661ء) نے جب مختلف پیشہ وروں اور کاریگروں کی بد دیانتی کا مشاہدہ کیا تو انہوں نے ان پر تاوان عائد کر دیا تھا۔ (341) حضرت عمرؓ کے بارے میں ابو بکر الکاسانی کے الفاظ ہیں۔

و روی ان عمر رضی اللہ عنہ کان یضمن الاجیر المشترک احتیاطا لا موال الناس (342)

"اور روایت ہے کہ حضرت عمرؓ لوگوں کے مال کی حفاظت کے خیال سے احتیاطاً" اجیر مشترک سے تاوان لیتے تھے۔"

صاحب ہدایہ کہتے ہیں۔

"قیاساً" تو یہی بات درست ہے کہ ان سے ضمان نہ لیا جائے گا مگر صاحبین نے استحساناً" ضمان عائد کر دی ہے اور ان کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کی چیزیں اور اموال ضائع نہ ہونے پائیں۔" (343)

ہدایہ کے محشی اس پر اضافہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

فان الاجیر المشترک یقبل اعیانا کثیرۃ رغبۃ فی کثرۃ الاجر و قد یعجز عن قضار حق الحفظ فیھا فیضمن حتی لا یقصر فی حفظھا و لا یاخذ الا بقدر ما یقدر علی حفظہ (344)

"اجیر مشترک سے تاوان اس لئے لیا جائے گا کہ وہ لوگوں کا سامان زیادہ اجرت کی حرص کی وجہ سے لیتا چلا جاتا ہے حالانکہ اس کی حفاظت اس کے بس سے باہر ہو جاتی ہے تو تاوان کی وجہ سے وہ اتنا ہی سامان لے گا جتنے سامان کی وہ باقاعدہ حفاظت کر سکے۔"

فتاویٰ عالمگیری کے مولفین کا رجحان بھی اسی جانب ہے۔ اس میں لکھا ہے۔

و بقولھما یفتی الیوم لتغیر احوال الناس و بہ یحصل صیانۃ اموالھم کذا فی التبیین (345)

"آج کل صاحبین کے قول پر فتویٰ ہے۔ کیونکہ لوگوں کے حالات بدل گئے ہیں اور ان کے مال اسی طرح محفوظ رہ سکتے ہیں۔ جیسا کہ تبیین میں ہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر اجیر مشترک کو اجرت نہ دی جائے تو وہ اس کے حصول کے لئے سامان روک سکتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں امام مالک کی رائے' امام ابو یوسف کی رائے سے بہتر ہے امام مالک کا نظریہ یہ ہے کہ ہر قسم کے اجیر کو خواہ اس کے عمل کا اثر اصل چیز پر پڑے یا نہ پڑے' یہ حق ہے کہ اگر اس کو اجرت کی ادائیگی نہیں کی گئی تو وہ اصل چیز کو روک لے۔ وہ فرماتے ہیں۔

لهم ان يحبسوا ما عملوا حتى يعطوا اجورهم(346)

"ان کو حق ہے کہ اجرت کی ادائیگی تک اصل کو روک لیں۔"

حقیقت یہ ہے کہ دور حاضر میں مزدوروں کے حقوق کا تحفظ اسی صورت میں ممکن ہے جب امام مالک کی رائے پر عمل کیا جائے۔ مجیب اللہ ندوی لکھتے ہیں۔

"عاجز کے نزدیک امام ابو حنیفہ اور ان کے تلامذہ کی رائے ایک اچھے معاشرے کے لئے اخلاقی حیثیت سے بالکل صحیح ہے مگر تمدنی اور معاشی نقطہ نگاہ سے امام مالک کی رائے زیادہ صحیح اور قابل عمل ہے اگر اجیروں کو یہ حق نہ دیا جائے تو ان پر بڑا ظلم ہو گا اور ان کی بڑی حق تلفی ہو گی۔ خاص طور سے آج کے حالات میں۔" (347)

دور حاضر میں امام ابو یوسف کی اس رائے پر عمل کرنا مشکل ہے کہ دینی علوم (قرآن' حدیث' فقہ) کی اجرت لینا جائز نہیں۔ کیونکہ اس دور میں علماء کو بیت المال سے باقاعدہ وظائف دیئے جاتے تھے اور بعض حالات میں ان کے تلامذہ بھی معاشی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ان کی معاونت کرتے تھے۔ لیکن اس دور میں وہ علماء جو حکومت کی سرپرستی کے بغیر قرآن و حدیث کی تعلیم کے لئے اپنے آپ کو وقف کئے ہوئے ہیں' اگر ان کو اجرت نہ دی جائے تو وہ اپنی معاش کا بندوبست کس طرح کر سکیں گے؟ یہی وجہ ہے کہ متاخرین حنفیہ نے اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے۔ صاحب "تبیین الحقائق" کی یہ رائے درست ہے کہ استحسان کی رو سے بھی یہ جائز ہونا چاہیے۔ ان کے الفاظ ہیں۔

والفتوى اليوم على جواز الاستجار لتعليم القرآن و هو مذهب المتاخرين من مشايخ بلخ استحسنوا ذلك(348)

"اور آج فتویٰ قرآن کی تعلیم کی اجرت لینے کے جواز پر ہے اور یہی مذہب مشائخ بلخ میں سے متاخرین کا ہے۔ وہ اس کو اچھا سمجھتے ہیں۔"

چھوٹے بچوں کو مزدوری پر لگانے کے بارے میں امام ابو یوسف کی رائے بہتر نہیں۔ راقم کی رائے میں کم عمر بچوں کو مزدوری پر لگانا اخلاقی اور قانونی لحاظ سے درست نہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد اور صحابہ کرام کا عمل ہماری راہنمائی کے لئے کافی ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں۔

اہل مدینہ کا اس کے جواز پر اجماع ہے۔ اسی لیے امام مالک نے فرمایا ہے۔ لم يبلغني أن أحدا كره تعليم القرآن واكتابة بأجرة 349

toobaa-elibrary.blogspot.com

للمملوك

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طعامہ و کسوتہ بالمعروف و لا یکلف من العمل الا ما یطیق (350)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مملوک کے لئے کھانا اور پہننا معروف طریقہ سے مہیا کیا جائے اور اس کو ایسے کام پر پابند نہ کیا جائے کہ وہ جس کی استطاعت نہ رکھتا ہو۔

موطا امام مالک میں حضرت عمرؓ کے بارے میں لکھا ہے۔

ان عمر بن الخطاب کان یذھب الی العوالی کل سبت فاذا وجد عبدا فی عمل لا یطیقہ وضع عنہ منہ (351)

"حضرت عمرؓ ہر ہفتہ کو اوپر کے علاقے میں جاتے' اگر دیکھتے کہ کوئی غلام ایسے کام میں ہے جو اس کی استطاعت سے باہر ہے تو وہ اس سے روک دیتے۔"

بچوں سے مزدوری لینے کے بارے میں حضرت عثمان غنیؓ کے یہ الفاظ تو بالکل واضح ہیں۔ آپ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا۔

و لا تکلفوا الصغیر الکسب (352)

"اور بچوں سے کام نہ کرایا جائے۔"

حضرت عثمان غنیؓ کے اس ارشاد میں کسب سے مراد پیشہ ورانہ مزدوری ہے۔

نفقات واجبہ

نفقات واجبہ کے بارے میں امام ابو یوسف نے جو معاشی فکر پیش کیا ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے نزدیک مفلوک الحال اور نادار رشتہ داروں کی مالی کفالت ان کے مالدار رشتہ داروں پر لازم ہے۔ نفقۃ الاقارب کے بارے میں آپ کے فکر کی روشنی میں گداگری کا انسداد بھی کیا جا سکتا ہے۔

دور حاضر میں اگر امام ابو یوسف کے اس معاشی فکر پر عمل کیا جائے تو غریب خاندانوں کی کفالت کا انتظام بہتر طریقہ سے ہو سکتا ہے۔

امام ابو یوسف عورت کو یہ حق دیتے ہیں کہ وہ خاوند سے دو یا زائد خادموں کا نفقہ لے سکتی ہے۔ ابن عابدین نے لکھا ہے کہ اکثر مشائخ نے اس ضمن میں امام ابو یوسف کے قول کو اختیار کیا ہے۔ (353)

امام ابو یوسف غائب خاوند پر نفقہ واجب کرنے کے بارے میں قاضی کے اختیار کو تسلیم نہیں کرتے۔ ابو بکر الکاسانی اپنی کتاب بدائع الصنائع میں امام ابو یوسف کے قول کی تعریف کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

والصحیح قول ابی یوسف لان البینة علی اصل اصحابنا لا تسمع الا علی خصم حاضر و لا خصم فلا تسمع و ما ذکرہ زفر ان بینتها نقبل فی حق صحة الفرض غیر سدید لان صحة الفرض مبنیة علی ثبوت الزوجیة فاذا لم یکن الی اثبات الزوجیة بالبینة سبیل لعدم الخصم لم یصح فلا سبیل الی القبول فی حق صحة الفرض ضرورة هذا(354)

"صحیح بات وہی ہے جو امام ابویوسف نے فرمائی ہے کیونکہ ہمارے اصحاب (احناف) کے اصول کے مطابق مدعی علیہ یا مدمقابل کے خلاف دلیل اسی وقت سنی جاسکتی ہے جب وہ حاضر ہو یہاں چونکہ مدمقابل موجود نہیں لہٰذا اس کے خلاف دلیل نہیں سنی جائے گی۔ امام زفر کا یہ کہنا کہ بینہ (دلائل) فرض (نفقہ مقرر کرنے) کی صحت کے حق میں سنی جائے گی صحیح نہیں کیونکہ فرض (نفقہ مقرر کرنے) کی صحت زوجیت کے ثبوت پر مبنی ہے۔ جب مدمقابل کی غیرحاضری کی وجہ سے اثبات زوجیت کی بینہ (گواہی) سننے کا جواز نہیں تو فرض کی صحت کی بینہ سننے کا جواز بھی ضرورۃً نہیں۔"

بیوی کے نان و نفقہ کا شوہر ذمہ دار ہے اس لئے اگر شوہر کے سفر کا اندیشہ ہو تو امام ابویوسف نے بربنائے استحسان عورت کو یہ حق دیا ہے کہ وہ ایک مہینہ کے نفقہ کے لئے شوہر سے سفر سے پہلے ہی کوئی کفیل مقرر کرالے۔ ابن عابدین کہتے ہیں کہ امام ابویوسف کے اس قول پر فتویٰ دیا جاتا ہے۔ ان کے الفاظ ہیں "وعلیہ الفتوی" (355) محمد جعفر البوبکانی نے بھی لکھا ہے کہ فتویٰ ابویوسف کے قول پر ہے۔ (356)

منفق (خرچ کرنے والے) کے بارے میں دولت مندی کی حد کے سلسلہ میں امام ابویوسف کے قول پر ہی فتویٰ دیا جاتا ہے۔ (357) ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن لکھتے ہیں۔

"فتویٰ امام ابویوسف کے قول پر ہے چنانچہ آدمی کی بنیادی ضروریات سے اتنا مال زائد ہو جس پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہو تو اس پر اپنے ذی رحم رشتہ داروں کا نفقہ واجب ہوگا۔" (358)

حجر

سفیہ (بیوقوف) پر حجر کرنے کے بارے میں امام ابویوسف نے جو رائے پیش کی ہے وہ عقلی و نقلی دلائل کی روشنی میں زیادہ قرین صواب ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس مسئلہ میں ابویوسف کا نظریہ عمل و تجربہ پر مبنی اور اجتماعی معاملات میں لوگوں کے عادات و اطوار کے مطابق ہے کیونکہ سفیہ اور بیوقوف کمزور ارادے کا مالک ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو تصرف سے روکنے میں دراصل اس کی خیرخواہی اور اس کے جان و مال دونوں کی حفاظت ہے۔ اگر اس کے مالی تصرفات پر پابندی

toobaa-elibrary.blogspot.com

عائد نہ کی جائے تو وہ جلد ہی اپنی دولت سے محروم ہو جائے گا اور آخر کار گداگری اختیار کرنے پر مجبور ہو جائے گا۔

فضول خرچ' لاپرواہ' اور بے عقل شخص کو اس کی ملکیت میں تصرف سے روک دیا جائے تو اس سے اسلامی معاشرہ بھی نقصان سے محفوظ ہو جاتا ہے کیونکہ اگر یہ اپنی دولت کا غلط استعمال کرے گا تو اس سے معاشرے پر بھی برے اثرات پڑتے ہیں۔ ابن جریر طبری نے قرآن حکیم کی آیت "ولا تو تو السفهاء اموالکم" کی تفسیر میں مفسرین کے اقوال نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ ہمارے نزدیک صحیح و صواب یہ ہے کہ یہ آیت ہر سفیہ کے حق میں عام حکم دیتی ہے کہ ان کو تصرفات میں پابند رکھا جائے' خواہ وہ بالغ ہو یا نابالغ' مرد ہو یا عورت' سفیہ اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنے مال کو ضائع کرے یا اس کو فساد کا ذریعہ بنائے اور صحیح تدبیر کے ساتھ تصرف نہ کر سکے۔ (359)

ابو محمد الحسین بن مسعود البغوی (م 510ھ / 1117ء) نے لکھا ہے کہ سفیہ کی بندش اختیار پر تمام صحابہ متفق تھے۔ (360) محمد بن ابراہیم' ابن المنذر (م 318ھ / 930ء) کے الفاظ ہیں۔

و اجمعوا علی ان الحجر یجب علی کل مضیع لما له من صغیر و کبیر

(361)

ابو البرکات احمد بن محمد الدردیر (م 1201ھ / 1786ء) اپنی کتاب الشرح الصغیر علی اقرب المسالک الی مذهب الامام مالک میں لکھتے ہیں کہ حجر کے سات اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی ہے کہ ایک عاقل و بالغ آدمی اپنے مال کو غیر شرعی مصارف میں خرچ کرے۔ (362)

امام بخاری نے اپنی کتاب صحیح البخاری میں ایک باب کا عنوان یہ لکھا ہے۔

باب ما ینهی عن اضاعة المال و قول الله تعالٰی و الله لا یحب الفساد' و لا یصلح عمل المفسدین و قال اصلوتک تامرک ان نترک ما یعبد اباونا او ان نفعل فی اموالنا ما نشواط و قال و لا تو تو السفهاء اموالکم و لحجر فی ذلک و ما ینهی عن الخداع (363)

"مال ضائع کرنے کی ممانعت اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا' (اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ) اور مفسدین کے کام نہیں بناتا' اور (اللہ نے) فرمایا' (انہوں نے کہا اے شعیب) کیا تمہاری نماز تمہیں یہ سکھاتی ہے کہ جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے آئے ہیں ہم ان کو چھوڑ دیں یا اپنے اموال میں جو تصرف کرنا چاہیں نہ کریں۔ اور (اللہ نے) ارشاد فرمایا "اور کم عقلوں کو اپنے اموال نہ دو۔" اور اس کی وجہ سے پابندی اور دھوکے کی ممانعت"

ابن ہمام "فتح القدیر" میں لکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

و هو الصحیح عند المحققین (364)

اسی طرح قرض خواہوں کے مطالبہ پر مفلس قرض دار یا ادائیگی قرض میں ٹال مٹول کرنے والے کو بھی تصرف سے روک دینا مبنی بر حکمت اور عدل کے تقاضوں کے مطابق ہے۔ اگر ایک آدمی قرضہ کی ادائیگی سے انکار کرتا ہے تو وہ ظالم ہے اور قاضی کا کام ہے کہ وہ ظلم دور کرنے کے لئے انصاف کرے اور یہ اس صورت ہی ہو گا جب مقروض کے مال کو فروخت کر کے قرض واپس لیا جائے گا۔

قرضہ کی ادائیگی کے لئے مقروض کے مال کو فروخت کرنے کی شریعت میں گنجائش موجود ہے۔ بعض ایسے آثار ملتے ہیں جن سے ابو یوسف کے موقف کو تقویت ملتی ہے۔ مثلاً نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضت معاذؓ کا قرض ادا کرنے کے لئے ان کا مال فروخت کر دیا تھا اور اس کی قیمت قرض خواہوں کے قرض کے مطابق ان میں بانٹ دی تھی۔ (365) حضرت عمرؓ نے اسیفع جھینۃ کا مال ان کے قرض کی ادائیگی کے لئے فروخت کر دیا تھا۔ (366)

نرخ کی تعیین

نرخ کی تعیین کے بارے میں امام ابو یوسف کے معاشی نظریے پر تنقید کرتے ہوئے ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی رقم طراز ہیں۔

> "چونکہ غلہ کے نرخ کا مسئلہ محض ضمناً" سامنے آیا تھا لہٰذا ابو یوسف نے اس پر مزید بحث نہیں کی ہے۔ نہ انہوں نے اس کا گہرا تجزیہ کیا ہے۔ انہوں نے رسد کے بالمقابل طلب کے حالات کی طرف توجہ کی ہے۔ نہ آمدنیوں میں کمی بیشی یا معاشرے میں مقدار زر کی کمی بیشی اور نرخ کے درمیان کوئی ربط تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن یہ بات یہ نتیجہ اخذ کرنے کے لئے کافی نہیں کہ ان عوامل پر ان کی نظر نہیں ہے اس کی دلیل علاوہ اس بات کے کہ ان کا اصل موضوع نرخ کے تعین کا مسئلہ نہیں ہے' یہ ہے کہ انہوں نے اس ضمن میں احتکار کرنے والوں کی سرگرمیوں کا بھی کوئی ذکر نہیں کیا ہے جبکہ وہ اور ان سے پہلے کے فقہاء اس بات سے اچھی طرح واقف تھے کہ احتکار کے نتیجہ میں نرخ گراں ہو جاتا ہے۔ مزید برآں ان سطروں سے ذرا پہلے یہ خیال ظاہر کرتے وقت کہ متعین نقد رقم کی شکل میں زرعی محصول وصول کرنا خلاف عدل ہے' وہ یہ بھی کہہ چکے ہیں کہ اس سلسلے میں چند دوسرے عوامل کو بھی دخل حاصل ہے۔"

ان باتوں کے پیش نظر' اور بیان کو سامنے رکھتے ہوئے کہ "نہیں معلوم کہ یہ کس طرح طے پاتا ہے" ہم یہی نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ ان کے نزدیک نرخ کا انحصار صرف اس کی رسد پر نہیں' وہ اس سلسلے میں بعض دوسرے عوامل کو بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

دخیل سمجھتے ہیں۔ مگر ان عوامل کا احاطہ نہیں کر سکے ہیں۔ اس رائے کو تجزیاتی اعتبار سے بہت وقیع نہیں قرار دیا جا سکتا لیکن ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ امام ابو یوسف کو اس باب میں نہ تو اپنے علمی ماخذ سے کوئی واضح رہنمائی ملی تھی، نہ وہ ارسطو کے تجزیے سے باخبر تھے (جو خود ناقص تھا اور رسد و طلب کے تعامل پر مبنی تعیین نرخ کا نظریہ نہیں پیش کر سکا تھا۔ بحوالہ شمپیٹر = 60) رسد اور طلب کے باہمی تعامل سے نرخ کی تعیین کا نظریہ امام ابو یوسف کے صدیوں بعد باقاعدہ شکل اختیار کر سکا۔ خود مسلمان مفکرین میں ان کے بعد آنے والے علماء مثلاً ابن تیمیہ (367) اور ابن خلدون (368) کے یہاں ہمیں ان سے بہتر تجزیہ ملتا ہے۔ (369)

مسئلہ سود

دار الحرب میں سود کے لین دین کے بارے میں امام ابو یوسف کا نظریہ قرآن و سنت کی قطعی اور عام نصوص کے مطابق ہے۔ قرآن حکیم کی آٹھ آیات اور چالیس سے زائد احادیث میں سود کی حرمت بیان ہوئی ہے اور سودی کاروبار کرنے والوں کے لئے شدید وعید کا ذکر ہوا ہے۔ خود امام ابو حنیفہ نے لا تاکلوا الربوا والی آیت کو قرآن کی سب سے زیادہ خوفناک آیت فرمایا ہے، جیسا کہ صاحب مدارک التنزیل، عبداللہ بن احمد النسفی (م 710ھ / 1310ء) نے لکھا ہے کہ:

كان ابو حنيفة رضى الله عنه يقول = هى اخوف آية فى القرآن حيث اوعد الله المومنين بالنار المعدة للكافرين ان لم يتقوه فى اجتناب محارمه (370)

"(امام) ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے۔ یہ اس لحاظ سے قرآن کی خوفناک ترین آیت ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو اس آگ سے ڈرایا ہے جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ اگر انہوں نے اس کی حرام کی ہوئی چیزوں کو چھوڑنے میں پرہیز نہ کی۔"

حرمت ربو کی تمام آیات اور احادیث عام ہیں۔ سودی معاملات چاہے دار الاسلام میں کئے جائیں یا دار الحرب اور دار الکفر میں اور مسلمان چاہے دار الاسلام میں سود لے یا دار الحرب میں، ہر جگہ اس کے لئے سودی معاملہ کرنا ناجائز ہے۔ یہ اس لئے کہ بحیثیت مسلمان ہر جگہ وہ احکام اسلام کا پابند ہے۔ امام سرخسی لکھتے ہیں۔

ان المسلم من اهل دار الاسلام فهو ممنوع من الربا بحكم الاسلام حيث كان (371)

"(یہ کہ دار الاسلام کے مسلمان کو اسلام کے حکم کی بناء پر سود سے منع کیا گیا ہے۔ چاہے جہاں بھی رہے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں۔

و یحرم الربا فی دار الحرب کتحریمہ فی دار الاسلام(372)

"سود دار الحرب میں بھی اسی طرح حرام ہے جس طرح دار الاسلام میں حرام ہے۔"

امام ابو حنیفہ اور امام محمد نے جس حدیث (لا ربو بین المسلم والحربی فی دار الحرب) سے استدلال کرتے ہوئے دار الحرب میں سودی کاروبار کی اجازت دی ہے۔ وہ متقدمین و متاخرین محدثین کے نزدیک ثابت نہیں۔ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب "الدرایۃ فی تخریج احادیث الھدایۃ" میں لکھا ہے۔

حدیث = لا ربا بین المسلم والحربی فی دار الحرب لم اجدہ(373)

"مسلمان اور حربی کے درمیان دار الحرب میں سود نہیں" اس حدیث کو میں نے نہیں دیکھا۔

بدر الدین العینی (م 855ھ / 1451ء) لکھتے ہیں۔

ھذا حدیث غریب لیس لہ اصل سند(374)

اس حدیث کی سند متصل نہیں ہے بلکہ یہ مرسل ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کو روایت کرنے والے حضرت مکحول ہیں جو تابعی ہیں، صحابی نہیں۔ اسی بناء پر امام شافعی نے لکھا ہے۔

و ھذا الحدیث لیس بثابت فلا حجۃ فیہ(375)

"یہ حدیث ثابت نہیں ہے، اس لئے حجت نہیں بن سکتی۔"

ابو محمد عبد اللہ الزیلعی، بالعموم ہدایہ میں نقل کردہ احادیث کا ماخذ بیان کرتے ہیں لیکن اس حدیث کو انہوں نے بھی غریب کہنے کے بعد امام شافعی کا مندرجہ بالا قول نقل کیا ہے اور اس کی تردید نہیں کی۔(376) ابن قدامہ لکھتے ہیں۔

مجھول لم یرد فی صحیح و لا مسند و لا کتاب موثوق بہ و ھو مع ذلک مرسل(377)

"یہ غیر معروف روایت ہے جو کسی صحیح اور متصل سند کے ساتھ نقل نہیں ہوئی اور نہ کسی معتمد کتاب میں نقل ہوئی ہے اور مرسل بھی ہے۔"

اگر اس روایت کو ثابت تسلیم کر بھی لیا جائے تو پھر بھی "لا ربا" میں "لا" کو بمعنی نہی و ممانعت لیا جا سکتا ہے جیسا کہ نصوص شرعیہ میں بکثرت وارد ہے مثلاً فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ (378) میں نفی نہی کے معنوں میں ہے اس صورت میں مفہوم یہ ہو گا کہ دار الحرب میں بھی حربی اور مسلمان کے درمیان سود حرام اور ممنوع ہے۔ اسی کو یحییٰ بن شرف النووی نے لکھا ہے کہ حدیث کے معنی ہیں "لا یباح الربا فی دار الحرب (379) (دار الحرب میں ربا جائز نہیں)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کی رائے اس لئے بھی قوی ہے کہ قرآن کی نص قطعی پر خبرواحد کے ساتھ اضافہ نہیں کیا جاسکتا۔ ابن الہمام "فتح القدیر" میں لکھتے ہیں۔

و هذا لا يفيد لعارضة اطلاق النصوص الا بعد ثبوت حجية حديث مكحول و قد يقال لو سلم حجيته فالزيادة بخبر الواحد لا تجوز و اثبات قيد زائد على المطلق من نحو لا تاكلوا الربا و نحوه هو الزيادة فلا يجوز

(380)

"اور یہ (قرآن) کی نصوص کے ساتھ مقابلہ کرنا مفید نہیں ہے ہاں اگر (حضرت) مکحول کی حدیث کی حجیت ثابت ہو جائے۔ اور کبھی یوں بھی کہا جاتا ہے کہ اگرچہ اس کی حجیت ثابت ہو جائے پھر بھی خبرواحد کے ساتھ اس پر اضافہ کرنا جائز نہیں۔ مطلق آیات "سود نہ کھاؤ اور اس طرح کی دوسری آیات پر زائد قید کا اضافہ کرنا' یہ ایسا اضافہ ہے جو جائز نہیں۔"

امام ابویوسف کے نزدیک معاوضہ مال جہاں کہیں ہو' جب اس کا کوئی ایک فریق مسلمان ہو' اس میں اضافہ کی شرط سے ربو کا تحقق ہو جائے گا لیکن امام ابوحنیفہ اور امام محمد اس میں ایک اور شرط کا بھی اعتبار کرتے ہیں وہ یہ کہ دونوں فریق کا مال "مال معصوم" ہونا چاہیے۔ اگر کسی ایک کا مال معصوم نہیں ہے تو اس میں ربوٰ کا وجود نہ ہو گا' اگرچہ صورۃً ربو محسوس ہو۔

امام ابویوسف کے نزدیک دارالحرب میں حربی سے سود لینا' سود ہی ہے اس لئے جائز نہیں ہے۔ ان کی اس دلیل میں کافی وزن ہے کہ حربی کا مال اگرچہ مباح ہے لیکن مسلمان کے حق عقد ربوٰ حرام ہے خواہ کہیں بھی ہو اور کسی کے ساتھ ہو۔ یہ درست ہے کہ دارالحرب میں حربی سے ربوی معاملہ کے ذریعے حاصل کیا ہوا مال اس کی رضامندی سے لیا گیا ہے مگر دیکھنا چاہیے کہ یہ تحصیل مال عقد ربا کی وجہ سے ہے۔ ظاہر ہے کہ کافر حربی اپنا مال جو مسلمان کے حوالے کر رہا ہے' وہ اس لئے ہے کہ دونوں کے درمیان لین دین کا ایک معاملہ ہو رہا ہے' وہ اسی لین دین پر رضامند ہے' اس کی رضا اس کے علاوہ اور کسی بنیاد پر نہیں ہے' کیا وہ یہ سمجھ رہا ہے کہ اس کا مال مسلمان کے لئے مباح ہے' اور وہ اسے لے سکتا ہے۔ جب یہ بات نہیں ہے تو یہ تاویل کہ مسلمان اس کی رضامندی سے مال مباح پر قبضہ کر رہا ہے تاویل بعید ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ عقد ربوٰی ہے جو کہ ناجائز ہے۔

ابوبکر السرخسی لکھتے ہیں۔

والمعنى فيه ان المسلم من اهل دارالاسلام فهو ممنوع من الربا بحكم الاسلام حيث كان و لا يجوز ان يحمل فعله على اخذ مال الكافر بطيبة

toobaa-elibrary.blogspot.com

نفسه لانه قد اخذه بحكم العقد و لان الكافر غير راض باخذ هذا المال منه الا بطريق العقد منه و لو جاز هذا في دار الحرب لجاز مثله في دار الاسلام بين المسلمين على ان يجعل الدرهم بالدرهم والدرهم الاخر هبة(381)

"وجہ یہ ہے کہ دار الاسلام کا مسلمان ربو سے ممنوع ہے بحکم اسلام اور یہ جائز نہیں ہے کہ اس کے اس معاملہ کو اس پر محمول کیا جائے کہ اس نے کافر کا مال اس کی رضا سے لیا ہے' کیونکہ اس نے یہ بحکم عقد لیا ہے اور اس لئے کہ کافر کی رضا اس مال کے دینے پر بحکم عقد ہی ہوئی ہے' اور اگر یہ دار الحرب میں جائز ہو' تو اس جیسا معاملہ دار الاسلام میں بھی جائز ہونا چاہیے کہ ایک درہم ایک درہم کے عوض میں ہو اور دوسرا درہم ہبہ سمجھ لیا جائے۔"

امام اوزاعی بھی دار الحرب میں سود کو حرام قرار دیتے ہیں۔ (382) اجراء عمل کے لحاظ سے امام ابو یوسف کا مسلک احوط ہے کہ اس سے بہت سے مفاسد سے حفاظت رہتی ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سود کی حرمت کا اعلان فرمایا اس وقت حضرت عباس بن عبد المطلب اور دوسرے مسلمانوں کے سودی کاروبار کا بڑا حصہ کافروں سے متعلق تھا مگر ہر قسم کے سود یک قلم منسوخ کر دیئے گئے اور ایسا کوئی فرق روا نہیں رکھا گیا۔ اگر دار الحرب میں سودی معاملات جائز ہوتے اور دار الحرب کے حربی سے مسلمانوں کے لئے سود لینا جائز ہوتا تو آپ کبھی بھی مسلمانوں کے ان سودی بقایاجات کے خاتمہ کا اعلان نہ فرماتے جو غیر مسلموں سے متعلق تھے۔ قرآن حکیم میں مسلمانوں سے کہا گیا ہے۔ "وَ ذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ" (اور جو کچھ سود کا بقایا ہے اسے چھوڑ دو اگر تم ایمان والے ہو) یعنی اس آیت میں مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ بقایا سود چھوڑ دیں' چاہے وہ غیر مسلموں کے ذمہ ہو یا مسلمانوں کے۔

امام ابو یوسف نے جرمانہ کے بارے میں دیگر ائمہ احناف سے اختلاف کرتے ہوئے جو موقف اختیار کیا ہے وہ عقلی و نقلی دلائل کی روشنی میں زیادہ قوی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ زمانے میں مالی سزا کے بغیر معاشرہ کی اصلاح بعض حالات میں مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ مالی سزا کا مقصد انفرادی اور اجتماعی مصالح کا تحفظ اور ضرر کا ازالہ ہوتا ہے۔ تعزیر بالمال سنت سے ثابت ہے۔ ابن تیمیہ کے الفاظ ہیں۔

دلت عليه سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم(384)

"سنت سے مالی تعزیر کا جائز ہونا ثابت ہے۔"

صحیح رائے یہی ہے کہ مالی جرمانہ منسوخ نہیں۔ تعزیر بالمال کے بارے میں نسخ کا دعویٰ کرنے والوں کے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے۔ محقق محمد بن ابی بکر ابن قیم (م 751ھ / 1350ء) نے عہد نبوت اور دور خلافت کے پندرہ واقعات

toobaa-elibrary.blogspot.com

اپنی تالیف "الطرق الحکمیۃ" میں درج کئے ہیں جن سے تحقیقی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ مالی جرمانہ جائز ہے۔

(385)

یہ اعتراض کہ مالی جرمانہ کی صورت میں ظالم حکمرانوں کو اس بات کا موقع مل جائے گا کہ وہ عوام الناس کا مال ناحق طور پر چھین لیں' اس کا جواب دیتے ہوئے عبدالقادر عودہ (م 1374ھ / 1954ء) نے بجا طور پر لکھا ہے۔

و فی عصرنا الحاضر حیث نظمت شؤن الدولة و روقبت اموالها' و حیث تقرر الهیئة التشریعیة الحد الادنی والحد الا علی للغرامة' و حیث ترک توقیع العقوبات للمحاکم' لم یعد هناک محل للخوف من مصادرة اموال الناس بالباطل و بذلک یسقط احد الاعتراضات التی اعترض بها علی الغرامة(386)

"ہمارے زمانہ میں جبکہ امور مملکت کو باقاعدہ منضبط کیا جا چکا ہے اور اس کے اموال کی باقاعدہ نگرانی اور جانچ ہوتی ہے اور اس شکل میں جبکہ مجلس قانون ساز جرمانہ کی کم سے کم اور زیادہ سے مقدار مقرر کردے اور ان سزاؤں کے دینے کا اختیار صرف عدالتوں کو دیا جائے تو اس بات کا کوئی اندیشہ باقی نہ رہے گا کہ (ان سزاؤں کی آڑ لے کر) عوام کے مال ناحق ضبط کئے جاسکیں۔"

البتہ امام ابویوسف کے معاشی فکر میں یہ خامی ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ مجرم کے تائب ہونے کے بعد جرمانہ کی رقم اس کو واپس کردی جائے۔ اس سے مالی جرمانہ کا اصل مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ مجرم کو جب یہ معلوم ہو گا کہ اس کی رقم ایک نہ ایک دن ضرور واپس مل جائے گی تو اس جرمانہ کا اس پر کوئی اثر مرتب نہیں ہو گا وہ ایسے ہی خیال کرے گا کہ اس کو سزا ہی نہیں دی گئی۔ راقم الحروف کی رائے یہ ہے کہ اگر یہ رقم مجرم کو واپس کرنے کے بجائے معاشرہ کے غریب و نادار طبقہ کی معاشی فلاح و بہبود کے لئے خرچ کی جائے تو زیادہ مناسب ہو گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وراثت

قانون وراثت کے بارے میں امام ابویوسف کے معاشی افکار کی اہمیت و افادیت نمایاں ہے۔ ذوی الارحام کے مسئلہ میں آپ کی رائے بہت آسان ہے۔ اس کے برعکس امام محمد کی رائے پیچیدہ ہے۔

متاخرین حنفیہ نے امام ابویوسف کی اس رائے پر فتویٰ دیا ہے کہ میت کے دادا کی موجودگی میں بھائی بہن بھی وارث ہوتے ہیں اور دادا کو مثل ایک بھائی کے شریک کیا جائے گا۔ ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن 'امام ابویوسف کی رائے کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"حنفیہ میں ایک طویل زمانہ تک امام صاحب کے قول پر فتویٰ دیا جاتا رہا ہے لیکن ماضی قریب میں امام ابویوسف کے قول کو اختیار کر لیا گیا ہے اور مصر وغیرہ میں بھی اس کے مطابق قانون سازی کی گئی ہے..... موجودہ زمانے میں جبکہ مال کی حرص میں ایک وارث' دوسرے وارث کو' جس کا وارث ہونا کتاب و سنت سے مسلم ہے' محروم کرنے کی کوشش و سعی میں لگ جاتا ہے تو ان ورثاء کو جنہیں صحابہ کرام کے ایک گروہ اور اکثر مذاہب فقہ میں بعض صورتوں میں وارث تسلیم کیا گیا ہے' ان صورتوں کے تحت' وارث تسلیم کرنا اور ان کو حصہ دینا' دینی مصالح کے قریب تر ہو گا۔" (387)

حمل کے لئے ترکہ کی مقدار کے بارے میں بھی امام ابویوسف کی رائے پر فتویٰ دیا جاتا ہے۔ (388) ابوبکر السرخسی' ابویوسف کے قول کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

هو الاصح و عليه الفتوى ـ فان النادر لا يعارض الظاهر' والعام الغالب ان المراة لا تلد فى بطن واحد الا واحدا (389)

"وہ صحیح ترین (قول) ہے اور فتویٰ اسی پر ہے۔ اس لئے کہ کم ہی ایسا ہوتا ہے کہ ظاہر کے خلاف ہو۔ عام غالب امکان یہ ہے کہ عورت ایک حمل میں ایک ہی بچہ جنتی ہے۔"

ترکہ میں خنثیٰ مشکل کے حصہ کے بارے میں ابویوسف کی رائے پر فتویٰ دیا جاتا ہے۔ (390)

ابویوسف کے معاشی فکر کے خصائص

ابویوسف کے معاشی فکر کے خصائص درج ذیل ہیں۔

(1) سہولت و آسانی

ایک معاہر معاشیات کی حیثیت سے امام ابویوسف کا ایک اہم اور نمایاں کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے معاملات میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

زیادہ سے زیادہ آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ وہ اس حقیقت کو ثابت کرنے میں کافی حد تک کامیاب رہے ہیں کہ شریعت اسلامیہ ہر دور اور ہر ملک میں ترقی اور تمدن کی ضرورتوں کو ساتھ لے کر چلتی ہے نہ کہ خود اس کو ان کا تابع بننا پڑتا ہے۔

مشکل اور دقیق معاشی مسائل کا صحیح اندازہ وہی شخص کر سکتا ہے جس کو ان مسائل کا عملی تجربہ اور براہ راست سامنا کرنا پڑے۔ آپ ایک اہم عہدہ پر فائز تھے اور انسانی دشواریوں سے خوب آگاہ تھے اس لئے انہوں نے جہاں تک ہو سکا ان میں گنجائش اور سہولت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ تاکہ معاملات و مسائل صحیح شکل میں انجام پاسکیں اور باہمی جھگڑوں کا آسانی سے تصفیہ ہو سکے۔ اور مشقت و تنگی بھی باقی نہ رہے۔

آپ صرف تخیل کی بناء پر نظریہ سازی نہیں کرتے بلکہ عملی تجربوں سے فائدہ اٹھا کر اصول کا استخراج کرتے ہیں۔ وہ مسائل جن کا تعلق جائیداد کی تقسیم و انتقال سے ہوتا ہے' ان کی رائے مستند اور واجب العمل سمجھی جاتی ہے۔ ابن عابدین لکھتے ہیں۔

الفتوی علی قول ابی یوسف فیما یتعلق بالقضاء.... ای لحصول زیادۃ العلم له به التجربة(391)

"وہ معاملات جو قضاء سے متعلق ہیں ان کا زیادہ علم اور تجربہ ہونے کی وجہ سے فتویٰ ابو یوسف کے قول پر ہے۔"

(2) انفرادی اور اجتماعی دونوں پہلوؤں پر نظر

آپ کے معاشی افکار کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ انفرادی اور اجتماعی دونوں پہلوؤں پر نظر رکھتے ہیں۔ مثلاً جب وہ کم عقل یا مقروض پر حجر کی حمایت کرتے ہیں تو اس سے ان کا مقصد انسان کو انفرادی طور پر اور پورے معاشرے کو اجتماعی طور پر نقصان سے محفوظ رکھنا ہے۔

(3) اجتماعی مفاد زیادہ عزیز ہے

ابو یوسف اجتماعی مفاد کو ترجیح دیتے ہیں۔ آپ نے شام و عراق کے مفتوحہ علاقوں کی ملکیت کے بارے میں حضرت عمرؓ کی رائے کو اس لئے پسند کیا کہ اگر ان زمینوں کو قانون غنیمت کے مطابق جو سورہ انفال کی آیت 41 میں بیان ہوا ہے' مجاہدین میں تقسیم کر دیا جاتا تو اس طرح زیادہ اراضی (Lands) انفرادی جاگیروں کی شکل اختیار کر جاتیں اور ان کے کاشتکار شخصی غلام بن جاتے۔ اور اس کے نتیجے میں کثیر آبادی کا استحصال ہوتا' چند لوگوں کو تو اس سے فائدہ پہنچتا لیکن اجتماعی مفادات کو ٹھیس پہنچتی۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی لکھتے ہیں۔

"قاضی صاحب کو رعایا کا مجموعی مفاد' ان کی اجتماعی قوت اور ان کی آئندہ نسلوں کی بہبود بہت عزیز

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے۔ وہ متبادل طریقوں میں ہمیشہ اس طریقہ کو اختیار کرنے کی ترغیب دیتے ہیں جو مسلمانوں کے لئے زیادہ مفید اور رعایا کے لئے زیادہ خوش آئند ہو۔ اس بارے میں ان کے نقطہ نظر کو ان کے اس تبصرہ کے مطالعہ سے سمجھا جاسکتا ہے جو انہوں نے عراق و شام کی زمینوں کے بارے میں حضرت عمرؓ کے تاریخی فیصلہ کی روئیداد نقل کرنے کے بعد کیا ہے۔ (392)

وقف اور اجیر مشترک پر تاوان کے مسئلہ میں بھی آپ نے معاشرہ کے اجتماعی مفاد کو پیش نظر رکھا ہے۔

(4) خوشحالی معاشیات کا تصور

معاشی مسائل (Economic Problems) کا مطالعہ کرنے کے لئے دو نقطہ ہائے نظر پائے جاتے ہیں۔ ایک یہ کہ واقعات کا مطالعہ اسی طور پر کیا جائے جس طرح وہ نظر آتے ہیں اسے ایجابی نقطہ نظر (Positive) کہتے ہیں۔ دوسرا یہ کہ واقعات کا مطالعہ اس طرح کیا جائے کہ انہیں کیا ہونا چاہیے اسے معیاری نقطہ نظر (Normative) کہتے ہیں۔ اس میں حالات و واقعات کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پرکھا جاتا ہے اور یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ انہیں یوں ہونا چاہیے۔ اس کی اہم شکل خوشحالی معاشیات (Welfare Economic) ہے۔ امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں جس طرح معاشی مسائل کا حل پیش کیا ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ

آپ خوشحالی معاشیات (Welfare Economics) کے علمبردار ہیں۔

باب "ابویوسف کے معاشی افکار" میں راقم نے تفصیل سے یہ بتایا ہے کہ آپ کو انسانوں کی مادی فلاح و بہبود کس قدر عزیز ہے۔ وہ اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ معاشی خوشحالی کے لئے حکومت کیا کردار ادا کر سکتی ہے؟ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی لکھتے ہیں۔

"اس طرح انہوں نے تفصیل کے ساتھ یہ بتایا ہے کہ حکومت کی آمدنی کن مدات پر صرف کی جانی چاہیے کن لوگوں کے ذریعے صرف کرائی جانی چاہیے۔ ان مصارف کی نگرانی اور اس بات کا اہتمام کہ جس کام پر مال صرف کیا جائے وہ ٹھیک طور پر انجام پائے، کس طرح کیا جانا چاہیے۔ ان اخراجات میں وہ جہاں فوجیوں کی تنخواہوں اور سرحدوں کے استحکام کو شامل کرتے ہیں وہاں زرعی معیشت کو ترقی دینے والی اسکیموں کا بھی ذکر کرتے ہیں جگہ کی قلت کے باعث ہم زکوٰۃ و عشر سے ہونے والی آمدنی اور اس کے مصارف کے سلسلے میں امام ابویوسف کے مشوروں کا جائزہ نہیں لے سکے ہیں۔ ان کے ان مشوروں کے مطالعے سے ہماری اس رائے کو مزید سند ملتی ہے کہ وہ حکومت کے اخراجات کو فلاح عامہ کے حصول کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ ریاست کی ذمہ داریوں کے بارے میں ان کا تصور فلاحی ریاست کا تصور ہے اور ان کا تصور فلاح ایک جامع تصور ہے۔ جس طرح عوام کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مادی اور معاشی بہبود' ان کو ظلم وجور سے بچانا اور آزادی کے ساتھ باعزت زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم کرنا شامل ہے۔ اسی طرح ان کی اخلاقی تطہیر اور روحانی تطہیر کا اہتمام بھی شامل ہے۔

(393)

(5) حقوق کی بذریعہ کفالت توثیق

امام ابویوسف کے معاشی افکار کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ مختلف لوگوں کے حقوق کی بذریعہ کفالت توثیق کا اہتمام بھی کرتے ہیں۔ مثلاً بیوی کے نان و نفقہ کا ذمہ دار شوہر ہے۔ اس لئے اگر شوہر کے سفر کا اندیشہ ہو تو ابویوسف نے عورت کو یہ حق دیا ہے کہ وہ ایک مہینہ کے نفقہ کے لئے شوہر سے سفر سے پہلے ہی کوئی کفیل مقرر کرا لے۔ (394)

اسی طرح اگر ورثاء کے درمیان کوئی ایسا وارث ہو جو ماں کے پیٹ میں ہو اور وہ اس کی ولادت سے پہلے ہی ترکہ تقسیم کر لینا چاہتے ہوں تو ابویوسف ایک لڑکے کا حصہ روک رکھنے کے علاوہ مزید یہ شرط بھی عائد کرتے ہیں کہ ان لوگوں کو ایک ایسا کفیل بھی مقرر کرنا پڑے گا جو کئی بچے پیدا ہونے کی صورت میں ان کے حصوں کا ضامن بن سکے۔ (395)

(6) معاملات کی گہرائی کا شعور

آپ معاملات کی گہرائی اور سوسائٹی کی ضروریات کو بہت حد تک سمجھتے تھے۔ بیوقوف شخص پر حجر کرنے کے بارے میں ابویوسف نے جو رائے پیش کی ہے وہ اجتماعی معاملات میں لوگوں کے عادات و اطوار کے مطابق ہے۔

آپ کے لطیف فتووں میں سے ایک وہ بھی ہے جو شارع عام میں کنواں کھودنے کے متعلق ہے۔ اگر کسی پتھر سے ٹھوکر کھا کر کوئی شخص اس کنوئیں میں گر پڑے تو پتھر رکھنے والے کو تاوان دینا پڑے گا۔ گویا اس نے اس کو گرایا ہے' لیکن اگر پتھر رکھنے والے کا پتہ نہ چل سکے تو کنوئیں والے پر تاوان عائد ہو گا۔ (396)

اگر کوئی شخص حکومت کی اجازت کے بغیر کسی مزدور کے ذریعے مسلمانوں کے عام راستے میں کنواں کھدوائے' اور کوئی آدمی اس میں گر کر ہلاک ہو جائے تو قیاس کی رو سے اس کی ضمان مزدور کے سر ہونی چاہیے۔ امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ ہم نے اس مسئلہ میں قیاس کو اختیار نہیں کیا۔ کیونکہ جب اس کنوئیں کی تعمیر پر زیادہ عرصہ گزر جاتا ہے تو مزدوروں کا پتہ نہیں ملتا۔ اس لئے مرنے والے کی ضمان مستاجر کے عاقلہ کے ذمہ ہو گی۔ (397)

(7) مقاصد کی بلندی

مصارف زکوٰۃ پر آپ کی بحث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے نزدیک زکوٰۃ کی اصل غرض و غایت معاشرہ سے غربت و افلاس کا خاتمہ کرنا ہے۔ آپ کے نزدیک زکوٰۃ کا مقصد یہ ہرگز نہیں کہ ہر سال امراء' غرباء کو خیرات کے طور پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

کچھ رقم دے دیں بلکہ وہ کہتے ہیں کہ انہیں اتنی زکوٰۃ دی جائے جس سے متوسط معیار زندگی (Quality of life) کے لوازمات پورے ہو سکیں۔ (398)

عشر پر بحث کرتے ہوئے جب آپ یہ رائے دیتے ہیں کہ قیمت کا اعتبار کرنے میں سب سے زیادہ کم قیمت والی چیز مثلاً جو، مکئی وغیرہ کو معیار بنایا جائے تو اس سے وہ حاجت مندوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں۔

(8) مالیات عامہ کے وظائف کا جامع تصور

ابو یوسف نے مملکت کے لئے انصاف پر مبنی یکساں طور پر مفید مالیاتی نظام تجویز کیا ہے۔ اس نظام میں عوام کی خوشحالی اور حکومت کی مالی ضروریات کو بالعموم اور ملکی معاشی ترقی کو بالخصوص مد نظر رکھا ہے۔

(9) دردمند، حساس اور خیراندیش دل

کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ابو یوسف ایک نہایت دردمند، حساس اور خیراندیش دل رکھتے ہیں جن کی نظر میں قیام انصاف، استیصال ظلم، اور رعایا کی فلاح و بہبود زندگی کا سب سے اہم فریضہ ہے اور اس فریضہ کا احساس وہ خلیفہ کے دل میں اسی لگن سے پیدا کرنا چاہتے ہیں جس طرح خود ان کے دل میں موجود ہے۔ انہوں نے کتاب الخراج میں مختلف مقامات پر ہارون الرشید کو جو مشورے دیئے ہیں ان سے ان کی نرمی، دل سوزی اور غریب طبقہ سے ہمدردی ظاہر ہوتی ہے مثلاً ایک جگہ لکھتے ہیں۔

> و قد ینبغی یا امیر المومنین ایدک اللہ ان تتقدم فی الرفق باھل ذمۃ نبیک و ابن عمک محمد صلی اللہ علیہ وسلم والتقدم لھم حتی لا یظلموا و لا یوذوا و لا یکلفوا فوق طاقتھم و لا یوخذ شئی من اموالھم الا بحق یجب علیھم (399)
>
> "امیر المومنین! اللہ آپ کی مدد کرے، جن لوگوں کو نبی کریم" آپ کے چچازاد بھائی، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذمہ حاصل ہے ان کے ساتھ نرمی برتنے اور ان کے احوال کا جائزہ لیتے رہنے میں ذرا بھی کوتاہی نہ برتنے۔ تاکہ ان لوگوں پر ظلم و زیادتی کا سدباب ہو، ان پر ان کی برداشت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے۔ اور ان کے مال میں سے اتنا ہی لیا جائے جو حق کی رو سے ان پر واجب ہو۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) مثال کے طور پر دیکھئے' الخراج / 107

(2) الخراج / 5

(3) الترمذی' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' جامع الترمذی مع شرح تحفة الاحوذی ابواب صفة القیامة' باب ماجاء فی شان الحساب والقصاص' ملتان نشر السنة 3 / 291

(4) الخراج / 53

(5) ابن ماجه' ابوعبدالله محمد بن یزید' سنن ابن ماجه' کتاب التجارات' باب من کره ان یسعر (ایڈیشن' مع تحقیق و تعلیق محمد فواد عبدالباقی' دار احیاء التراث العربی 2 / 741'742

(6) الخراج / 55

(7) ابن ماجه' ابوعبدالله محمد بن یزید' سنن ابن ماجه' کتاب الزکوة' باب خرص النخل والعنب' (ایڈیشن مع تعلیق محمد فواد عبدالباقی' دار احیاء التراث العربی) 1 / 582

(8) الخراج / 24

(9) ابوداؤد' سلیمان بن الاشعث' سنن ابی داؤد (و معه کتاب معالم السنن للخطابی) اعداد و تعلیق عزت عبید الدعاس و عادل السید' کتاب الخراج والامارة والفئی' باب ماجاء فی الرکاز 3 / 462

(10) الخراج / 57

(11) البخاری' ابوعبدالله محمد بن اسماعیل' صحیح البخاری' کتاب الزکاة باب ما ادی زکاته فلیس بکنز (ایڈیشن مع تخریج الدکتور مصطفیٰ دیب البغا بیروت دار ابن کثیر) 2 / 509

(12) الخراج / 58

(13) مالک بن انس' الموطا (مع تعلیق' محمد فواد عبدالباقی) کتاب الزکاة' باب زکاة مایخرص من ثمار النخیل والاعناب' (دار احیاء التراث العربی) 1 / 270

(14) الخراج / 68

(15) البخاری' ابوعبدالله محمد بن اسماعیل' صحیح البخاری' (مع فہارس مصطفیٰ دیب البغا) کتاب بدء الخلق' باب ماجاء فی سبع ارضین (ایڈیشن' دمشق دار ابن کثیر) 3 / 1167'1168

(16) الخراج / 70

(17) ابوداود' سلیمان بن الاشعث' سنن ابی داود (و معه کتاب معالم السنن للخطابی) اعداد و تعلیق عزت عبید الدعاس و عادل السید' کتاب الخراج والامارة والفئی باب فی احیاء الموات (ایڈیشن بیروت' دار الحدیث للباعته والنشر 3 / 454

(18) الخراج / 54

(19) مالک بن انس' الموطا (مع تعلیق' محمد فواد عبدالباقی) کتاب السقاة باب ماجاء فی المساقاة (ایڈیشن' بیروت دار احیاء التراث العربی) 2 / 703'704

toobaa-elibrary.blogspot.com

(20) الخراج / 88

(21) ابوداود، سلیمان بن الاشعث، سنن ابی داود (و معہ کتاب معالم السنن للخطابی) اعداد و تعلیق عزت عبیدالدعاس - عادل السید، کتاب الخراج والامارۃ والفئی، باب فی ھدایا العمال 3 / 354، 355

(22) نجات اللہ صدیقی، اسلام کا نظام محاصل، 71

(23) ابراھیم البنا، تحقیق و تعلیق کتاب الخراج / 11

(24) الخراج / 44

(25) نجات اللہ صدیقی، اسلام کا نظام محاصل / 71، 72

(26) مثال کے طور پر دیکھئے، الخراج / 7، 10

(27) ایضاً / 17

(28) ایضاً / 18

(29) ایضاً / 234

(30) ایضاً / 141

(31) ایضاً / 26

(32) ایضاً / 149

(33) ایضاً / 128

(34) ایضاً / 95

(35) ایضاً

(36) ایضاً / 20

(37) دیکھئے ایضاً / 69، 70

(38) ایضاً / 102

(39) نجات اللہ صدیقی، اسلام کا نظام محاصل، 85، 86

(40) الخراج / 3-235

(41) ایضاً / 235

(42) حمید اللہ، محمد ڈاکٹر، خطبات بہاولپور، بہاولپور اسلامیہ یونیورسٹی اشاعت اول 1401ھ / 271

(43) العوضی، رفعت السید، منھج الادخار والاستثمار فی الاقتصاد الاسلامی، القاھرۃ الاتحاد الدولی للبنوک الاسلامیۃ، الطبعۃ الاولی 1400ھ، الفصل الرابع

(44) نجات اللہ صدیقی، امام ابو یوسف کا معاشی فکر، ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور، شمارہ اگست 64ء / 84

(45) الشافعی، الام 2 / 61

(46) الخراج / 87

(47) ابو عبید، الاموال / 454

toobaa-elibrary.blogspot.com

(48) الترمذی' ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ' جامع الترمذی' ابواب الزکوۃ' باب ماجاء فی زکوۃ مال الیتیم 1 / 139

(49) ابن رشد' بدایۃ المجتہد 1 / 179

(50) عبدالرحمٰن' المبارکفوری' مولانا' تحفۃ الاحوذی شرح جامع الترمذی' دھلی' ادارۃ الحکیم ذکی احمد' ابواب الزکوۃ' باب ماجاء فی زکوۃ الحلی' 2 / 11

(51) الزیلعی' نصب الرایۃ' 2 / 373

(52) شاہ ولی اللہ' قطب الدین احمد' حجۃ اللہ البالغۃ' لاہور' المکتبۃ السلفیۃ' 2 / 44

(53) الخراج / 87

(54) ایضاً"

(55) التوبہ = 60

(56) المنذری' ابو محمد عبدالعظیم بن عبدالقوی' مختصر سنن ابی داود' (تحقیق احمد محمد شاکر و محمد حامد الفقی) سانگلہ ہل' المکتبۃ الاثریۃ' الطبعۃ الاولی 1368ھ - 2 / 232

(57) ایضاً"

(58) الخطیب' ولی الدین محمد بن عبداللہ' مشکوۃ المصابیح' کتاب الاداب' باب ما ینھی عنہ من التھاجر والتقاطع واتباع العورات

(59) ایضاً" کتاب الرقاق' باب فضل الفقراء وما کان من عیش النبی صلی اللہ علیہ وسلم' / 447

(60) الکھف = ۷۹

(61) الذّٰریٰت = ۱۹

(62) الرازی' التفسیر 16 / خلاصہ صفحات 107 تا 110

(63) ابن سعد' الطبقات الکبریٰ 5 / 350

(64) ابو عبید' الاموال / 607

(65) الترمذی' جامع' ابواب الزکوۃ - باب ماجاء فی اعطاء المولفۃ قلوبھم' 1 / 144

(66) المنذری' ابو محمد عبدالعظیم بن عبدالقوی' مختصر سنن ابی داود' (تحقیق احمد محمد شاکر و محمد حامد الفقی) (سانگلہ ہل' المکتبۃ الاثریۃ' الطبعۃ الاولی 1368ھ - 2 / 231

(67) الرازی' التفسیر 16 / 111

(68) الرداوی' الانصاف 3 / 228

(69) عبدالرحمٰن بن محمد بن قاسم (مرتب)' مجموع فتاوی شیخ الاسلام احمد بن تیمیہ (طبع بامر خادم الحرمین الشریفین فہد بن عبدالعزیز آل سعود)' 33 / 94

(70) شاہ ولی اللہ' حجۃ اللہ البالغۃ' 2 / 45

(71) شہزاد اقبال شام' اسلام کا نظام مصارف' اسلام آباد' شریعہ اکیڈمی' / 12

(72) غفاری' نور محمد ڈاکٹر' اسلام کا نظام مالیات' ڈیرہ اسماعیل خاں' مکتبہ نعمانیہ / 95

toobaa-elibrary.blogspot.com

(73) الطبری' ابو جعفر محمد بن جریر' جامع البیان فی تفسیر القرآن' بولاق مطبعۃ الکبری الامیریہ الطبعۃ الاولی 1347ھ - 10 / 114

(74) ابن قدامہ' المغنی' 2 / 700

(75) ابن حجر' فتح الباری' 3 / 334

(76) ابن الاثیر مجد الدین ابو السعادات المبارک بن محمد الجزری' النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر (تحقیق محمد الطناحی - طاہر احمد الزاوی)' دار احیاء الکتب العربیۃ عیسیٰ البابی الحلبی و شرکاہ الطبعۃ الاولی 1383ھ' 2 / 339

(77) الشافعی' الام' 2 / 72

(78) الالوسی' ابو الفضل شہاب الدین السید محمود' روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی' ملتان' مکتبہ امدادیہ' 10 / 123

(79) القرطبی' ابو عبداللہ محمد بن احمد' الجامع لاحکام القرآن' قاہرہ' دار الکتب للطباعۃ والنشر 1387ھ' 8 / 185

(80) رشید رضا' محمد' تفسیر القرآن الحکیم الشہیر بتفسیر المنار' بیروت' دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر' 10 / 504

(81) ابن حزم' المحلی 6 / 151

(82) الخرقی' ابو القاسم عمر بن حسین' المختصر للخرقی مع المغنی' مصر' مکتبۃ الجمہوریۃ العربیۃ 6 / 435 تا 437

(83) ابو النجا المقدسی' شرف الدین موسیٰ' الاقناع فی فقہ الامام احمد بن حنبل' (تحقیق و تعلیق = عبداللطیف محمد موسیٰ) بیروت' دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر' 1 / 296

(84) الرازی' التفسیر 16 / 113

(85) ابو داؤد' سنن ابی داؤد' کتاب الزکوۃ' باب ما یجوز لہ اخذ الصدقۃ 1 / 238

(86) رشید رضا' المنار 10 / 506

(87) ابو داؤد' سنن' کتاب الجہاد' باب کراہیۃ ترک الغزو 1 / 346

(88) الخراج / 87

(89) ابو عبید' الاموال' 2 / 574

(90) السرخسی' المبسوط' 3 / 10

(91) ابو داود' سلیمان بن الاشعث' سنن ابی داود' کتاب الزکوۃ' باب من یعطی من الصدقۃ وحد الغنی 1 / 237

(92) ابن قدامہ' المغنی 2 / 519

(93) الرازی' التفسیر 16 / 110

(94) البیہقی' السنن' کتاب الزکوۃ باب من رای فی الخیل صدقۃ' 4 / 119
الدار قطنی' سنن' کتاب الزکوۃ' باب زکوۃ مال التجارۃ وسقوطہا عن الخیل والرقیق 2 / 126

(95) البیہقی' السنن' کتاب الزکوۃ' باب من رای فی الخیل صدقۃ 4 / 120

(96) الشوکانی' نیل الاوطار 4 / 146

(97) الطحاوی' شرح معانی الاثار 2 / 43

قاضی خان' الحسن بن المنصور بن محمود الاوزجندی' الفتاوی القاضی خان (مع الفتاوی السراجیۃ) کوئٹہ بلوچستان بکڈپو' 1405ھ' 1

toobaa-elibrary.blogspot.com

119 /

الزیلعی، نصب الرایۃ، 2 / 357، 358

(98) الزرقانی، محمد، شرح الزرقانی علی موطا الامام مالک، (صحح ھذہ الطبعۃ نخبۃ من علماء الازھر الشریف) مصر، ملتزم الطبع والنشر عبدالحمید احمد حنفی، صندوق بوستہ الغوریۃ 2 / 137

(99) البنوری، محمد یوسف بن السید محمد زکریا، معارف السنن شرح سنن الترمذی، کراچی، المدرسۃ العربیۃ الاسلامیۃ، الطبعۃ الاولی 1389ھ، 5 / 168

(100) دیکھئے ابن الھمام، فتح القدیر 2 / 137 تا 139

(101) الطحاوی، شرح معانی الاثار 2 / 42

(102) ایضاً، 2 / 43

(103) البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب الزکوۃ، باب الزکوۃ علی الزوج والایتام فی الحجر 1 / 198

مسلم، بن حجاج قشیری، الصحیح لمسلم (مع شرح الکامل للنواوی، کتاب الزکوۃ باب "فضل النفقۃ والصدقۃ علی الاقربین والزوج والاولاد والوالدین ولو کانوا مشرکین 1 / 323

(104) الطحاوی، شرح معانی الآثار 2 / 36

(105) مسلم، بن حجاج قشیری، الصحیح لمسلم (مع شرح الکامل للنواوی) کتاب الزکوۃ باب "فضل النفقۃ والصدقۃ علی الاقربین والزوج والاولاد والوالدین ولو کانوا مشرکین" 1 / 323، 324

(106) شبیر احمد العثمانی، فتح الملھم شرح صحیح مسلم، کراتشی، المکتبۃ الرشدیۃ 3 / 35، 36

(107) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمحتار، 2 / 326

(108) السمرقندی، علاء الدین، تحفۃ الفقھاء، (تحقیق و تعلیق الدکتور محمد زکی عبدالبر) قطر، ادارۃ احیاء التراث الاسلامی، 1 / 496

(109) البنوری معارف السنن، 5 / 232

(110) ابن ابی شیبۃ، ابوبکر عبداللہ بن محمد، مصنف ابن ابی شیبۃ (صحہ عبدالخالق الافغانی) کراچی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ، طبع 1406ھ، کتاب الزکوۃ باب فی کل شئی اخرجت الارض زکوۃ، 3 / 139

الزروبوی، محمد فرید، منھاج السنن شرح جامع السنن للامام الترمذی، اکوڑہ خٹک، موتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ، 3 / 152

(111) انور شاہ الکشمیری، السید محمد، العرف الشذی علی جامع الترمذی (واھتم بطبعۃ حافظ محمد یوسف) سارنپور، المکتبۃ الرحیمیۃ، 1 / 273

(112) ابن عربی، ابوبکر محمد بن عبداللہ، عارضۃ الاحوذی بشرح صحیح الترمذی، بیروت، دارالکتب العلمیہ، 3 / 135

(113) ابن عربی، ابوبکر محمد بن عبداللہ، احکام القرآن، (تحقیق علی محمد البجاوی) عیسی البابی الحلبی، الطبعۃ الثانیۃ 1387ھ، 2 / 750، 751

(114) الترمذی، ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ، جامع الترمذی، کتاب الزکوۃ، باب ماجاء فی زکوۃ الخضروات 1 / 138

toobaa-elibrary.blogspot.com

(115) الترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، جامع الترمذی، کتاب الزکوۃ، باب ماجاء فی زکوۃ الحروث 1/ 138

(116) الشرقاوی، النبیان/ 184

(117) الکاسانی، بدائع الصنائع 2/ 59

(118) البخاری، ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب الزکوۃ باب لیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ 1/ 201

(119) ایضاً

(120) مسلم، بن حجاج قشیری، الصحیح لمسلم (مع شرح الکامل للنووی) کتاب الزکوۃ، (ایڈیشن، دہلی، کتب خانہ رشیدیہ) 1/ 316

(121) ابو عبید، الاموال/ 480، 481

(122) البخاری، ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب الزکوۃ، باب

(123) ابن قدامہ، المغنی 2/ 554

(124) الخراج/ 57

(125) المرغینانی، الھدایۃ

(126) ابن قدامہ، المغنی 2/ 554

(127) ابن عابدین، مجموعۃ رسائل 2/ 142، 143

(128) ابن قدامہ، المغنی 2/ 592

(129) الکاسانی، بدائع الصنائع 2/ 56

(130) ابو عبید، الاموال/ 479

(131) احمد رضا، امام، فتاویٰ رضویہ، فیصل آباد، سنی دار الاشاعت 1394ھ، 4/ 450

(132) الشوکانی، نیل الاوطار 4/ 156

(133) ابن قدامہ، المغنی 2/ 577

(134) لجنۃ من علماء الھند، فتاوی عالمگیری 185/1

(135) احمد بن حنبل، المسند، 14/ 150، 151، حدیث نمبر 7710

(136) ابن قدامہ المغنی 2/ 662

(137) المرغینانی، الھدایۃ 1/ 210

(138) ابن عابدین، حاشیۃ رد المحتار 2/ 369

(139) ابو داود، سلیمان بن الاشعث، سنن ابی داود، کتاب البیوع باب فی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم الکیال کیال المدینۃ 2/ 118

(140) الریس، الخراج/ 315

(141) Zia uddin Ahmed, "USHR AND 'USHR LAND" (Journal, Islamic Studies, Summer 1980, Printed at Islamic Research institute press. / 86.

toobaa-elibrary.blogspot.com

(142) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمحتار 4/ 176

(143) ابو عبید، الاموال/ 89

(144) السرخسی، المبسوط، 2/ 208

(145) ابن زنجویۃ، حمید بن مخلد، کتاب الاموال، (تحقیق الدکتور شاکر ذیب فیاض) الریاض، المرکز الملک فیصل للبحوث والدراسات الاسلامیۃ، 1406ھ، 1/ 187 و مابعدھا۔
ابن قدامہ، ابوالفرج عبدالرحمٰن بن ابی عمر محمد، الشرح الکبیر، المدینۃ المنورۃ المکتبۃ السلفیۃ، جلد 10/ 538 ومابعدھا
یحییٰ، الخراج/ 19 ومابعدھا
ابو عبید، الاموال/ 77
قدامہ بن جعفر الکاتب، نبذ من کتاب الخراج و صنعۃ الکتابۃ (شرح و تعلیق = محمد حسین الزبیدی) بغداد و زارۃ الثقافۃ والاعلام، الطبعۃ الاولی 1981/ 204

(146) ابو عبید، الاموال/ 51

(147) ایضاً

(148) ایضاً/ 51

(149) ایضاً، 47

(150) الخراج/ 132

(151) ایضاً

(152) ابو عبید، الاموال/ 41

(153) الخراج، 133/

(154) ایضاً/ 80

(155) یحییٰ، الخراج/ 20

(156) الطبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن 10/ 77

(157) السرخسی، المبسوط، 10/ 77

(158) علاء الدین الحصکفی، الدر المختار، 2/ 277

(159) فتاوی عالمگیری، 2/ 867

(160) ابو عبید، الاموال، 48

(161) ایضاً

(162) الخراج/ 142

(163) ابو عبید، الاموال، 48

(164) ایضاً/ 49

toobaa-elibrary.blogspot.com

(165) السرخسی، المبسوط، 10/80

(166) الخراج/25، 26

(167) ابن عبدالحکم، ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ، فتوح مصر و اخبارھا، لیدن، مطبعہ بریل، 1920/90

(168) دیکھئے، الماوردی، الاحکام السلطانیہ/167

الکاسانی، بدائع الصنائع، 2/68

(169) البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب الشروط باب الشروط فی الوقف 1/382

(170) الترمذی، ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ، جامع الترمذی، ابواب الاحکام، باب ماجاء فی الوقف 1/256

(171) الطحاوی، شرح معانی الآثار 4/97

(172) علاءالدین الحصکفی، الدرالمختار (ترجمہ) 2/566

(173) ابن عابدین، حاشیہ ردالمحتار 4/338

شفیق العانی، احکام الاوقاف، بغداد احیاء التراث الاسلامی، 1960ء/10

(174) ابن الھمام، فتح القدیر 5/418

(175) ابن نجیم، البحر الرائق 5/212

(176) علاءالدین الحصکفی، الدرالمختار 2/299

(177) امیر علی، سید، اصول شرع محمدی (ترجمہ) (مترجم مولوی سید علی رضا) لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز/158

فرید وجدی، سر ڈنشا ملانائٹ، اصول شرع اسلام (ترجمہ) (مترجم مولوی مسعود علی) لاہور، نذیر پبلشرز، بار اول 1979ء/285

(178) ابن الھمام، فتح القدیر، 5/418، 424

(179) فتاوی عالمگیری، 2/956

(180) السرخسی، المبسوط، 12/36

(181) فتاوی عالمگیری 2/956

(182) ایضاً

(183) عبدالحی، محمد، مجموعۃ الفتاوی، لکھنؤ، مطبع یوسفی، 1321ھ/243

(184) مثال کے طور پر دیکھئے۔ Shemesh, A. Ben "Taxation in Islam. (revised second edition) Leiden, E.J.Brill, 1967.

(185) ڈینٹ، ڈینیل سی، جزیہ اور اسلام (اردو ترجمہ. (Conversion and the poll tax in early Islam. (مترجم مولانا غلام رسول مہر) لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز، طبع اول 1962ء/20-26

(186) ایضاً Lokke gaard, Islamic Taxation.

(187) الخراج/138

(188) ایضاً/38

(189) ایضاً

toobaa-elibrary.blogspot.com

(190) ایضاً / 28

(191) صوافی ان زمینوں کو کہتے ہیں جو کسریٰ، اس کے خاندان والوں، جنگ میں مارے جانے والوں، یا بھاگ جانے والوں کی ملکیت تھیں۔ ایسی تمام زمینیں حضرت عمرؓ نے بحق حکومت خاص کر لی تھیں۔

(192) الخراج / 40

(193) ایضاً / 133

(194) ایضاً / 129

الآجری، ابوبکر محمد بن الحسین، اخبار ابی حفص عمر بن عبدالعزیز و سیرتہ (تحقیق = عبداللہ عبدالرحیم) بیروت، موسسۃ الرسالۃ 1399ھ / 78

ابن الجوزی، ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی، سیرۃ عمر بن عبدالعزیز، مصر، مطبعۃ المؤید 1331ھ / 68

ابن عبدالحکم، ابو محمد عبداللہ، سیرۃ عمر بن عبدالعزیز، مصر، مطبعہ رحمانیہ 1346ھ / 65

الزحیلی، وھبۃ الدکتور، عمر بن عبدالعزیز، دمشق = دار قتیبۃ / 181

(195) یحییٰ، الخراج / 81

(196) الخراج / 135

(197) ایضاً

(198) ایضاً / 142

(199) ایضاً / 133

(200) ایضاً / 135'134

(201) ایضاً / 52

(202) ایضاً / 133

(203) ایضاً / 43

(204) ایضاً

(205) ایضاً

(206) دیکھئے کتاب الخراج کا فرانسیسی ترجمہ E. Fagnan, "LIVRE DE LIMPOT FONCIER (KITAB EL KHARADJ), Paris, Librairie Orientaliste paul Geuthner, 1921. P. 74

(207) ڈینٹ، جزیہ اور اسلام (ترجمہ) / 82

(208) الخراج / 43

(209) ڈینٹ، جزیہ اور اسلام (ترجمہ) / 81

(210) الخراج / 43

(211) البلاذری، فتوح البلدان / 174

toobaa-elibrary.blogspot.com

(212) ڈینٹ، جزیہ اور اسلام (ترجمہ) / 84

(213) الخراج / 44، 45

(214) ڈینٹ، جزیہ اور اسلام (ترجمہ) / 19

(215) الخراج / 219

(216) الشافعی، الام 4 / 176

(217) الخراج / 155، 156

(218) ایضاً / 159

(219) ایضاً

(220) ایضاً

(221) احمد بن حنبل، المسند 8 / 172 حدیث نمبر 5869

(222) المعری، ابو العلاء، لزوم مالایلزم (اللزومیات) بیروت، دار صادر، 1 / 54

(223) النحل = 90

(224) المائدۃ = 42

(225) المنذری، عبد العظیم بن عبد القوی، الترغیب والترھیب، مصر = ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ 3 / 135

(226) البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، کتاب المحاربین من اھل الکفر والردۃ، باب فضل من ترک الفواحش 2 / 1005

(227) النویری، نھایۃ الارب 6 / 34

(228) ایضاً 6 / 36

(229) ایضاً 6 / 34

(230) الابشیھی، شھاب الدین محمد بن احمد، المستطرف فی کل فن مستظرف، بیروت = دار احیاء التراث العربی 1 / 108

النویری، نھایۃ الارب، 6 / 35

(231) النویری، نھایۃ الارب، 6 / 35

(232) ایضاً، 6 / 37

(233) ایضاً

(234) ابن تیمیۃ ابوالعباس احمد، السیاسۃ الشرعیۃ فی احوال الراعی والرعیۃ، مصر = دار الکتاب العربی 1955ء / 14

(235) ابن تیمیۃ ابوالعباس احمد، الحسبۃ فی الاسلام او وظفیۃ الحکومۃ الاسلامیۃ - مطبعۃ المؤید، 1318ھ / 68

(236) الخراج / 120، 121

toobaa-elibrary.blogspot.com

(237) الماوردی' ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب' تسهیل النظر و تعجیل الظفر فی اخلاق الملک و سیاسة الملک (تحقیق هلال السرحان) بیروت = دار النهضة 1981ء / 178

(238) الخراج / 121

الخضری بک' محمد بن عفیفی' محاضرات تاریخ الامم الاسلامیة (الدولة العباسیة) مصر = المکتبة التجاریة الکبری' 1970ء / 143

(239) الخراج / 124

قلعه جی' محمد رواس الدکتور' موسوعة فقه عمر بن الخطاب عصره و حیاته' بیروت = دار النفائس' الطبعة الرابعة 1409ھ / 383

(240) المقدسی' ابوعبدالله محمد بن احمد' احسن التقاسیم فی معرفة الاقالیم' بیروت = مکتبة خیاط - / 133

المسعودی' ابوالحسن علی بن الحسین' التنبیه والاشراف (تصحیح' عبدالله اسماعیل الصاوی) بغداد 1357ھ / 274

الابشیهی' المستطرف 1 / 101

(241) ایضاً"

(242) الابشیهی' المستطرف 1 / 101

(243) ابن الجوزی' ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی' الشفاء فی مواعظ الملوک والخلفاء (تحقیق' الدکتور فواد عبدالمنعم احمد) الاسکندریة' دار الدعوة / 46

(244) ابن ابی الربیع' شهاب الدین احمد بن محمد' سلوک المالک فی تدبیر الممالک (مترجم مظهر علی کامل)' کراچی' شعبه تصنیف و تالیف و ترجمه کراچی یونیورسٹی' طبع اول 1962 / 88

(245) السرخسی' المبسوط 23 / 175

(246) نجات الله صدیقی' امام ابو یوسف کا معاشی فکر' ماہنامه ترجمان القرآن' ستمبر 64ء / 54

(247) ایضاً" / 54' 55

(248) سلیم باز' سلیم بن رستم' شرح المجلة' بیروت' دار احیاء التراث العربی' طبعة ثالثة دفعه نمبر 87' ص 58

(249) ابوداؤد' سنن' کتاب البیوع' باب فیمن اشتری عبدا فاستعمله ثم وجد به عیبا 2 / 139

الترمذی' جامع ابواب البیوع' باب ماجاء فی من یشتری العبد ویستغله ثم یجد به عیبا 1 / 241

(250) ڈاکٹر عابدین احمد سلامہ ریاض یونیورسٹی میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔

(251) Zia uddin Ahmed , (Munawar Iqbal - M. Fahim Khan), Fiscal Policy and Resource Allocation in Islam. Islamabad, institute of policy studies / 108

(252) Ibid

(253)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(253) Lokke gaard, "Islamic Taxation" P. 58, 113

(254) نجات اللہ صدیقی، ڈاکٹر "امام ابو یوسف کا معاشی فکر" ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور شمارہ ستمبر 64ء، ص 42

(255) الریس، الخراج / 426

(256) نجات اللہ صدیقی، مقدمہ کتاب الخراج / 67

(257) الریس، الخراج / 405، 406

(258) نجات اللہ صدیقی، امام ابو یوسف کا معاشی فکر، ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور، شمارہ ستمبر 64، ص 39

(259) اس وقت کا مروجہ چاندی کا ایک سکہ جس کا وزن تقریباً 3 گرام ہوتا تھا۔

(260) نجات اللہ صدیقی، امام ابو یوسف کا معاشی فکر، ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور، شمارہ ستمبر 1964ء، ص 39، 40

(261) ابن مسکویہ، ابو علی احمد بن محمد، تجارب الامم، مصر، مطبعۃ النیل / 70، 71، 72

(262) Claude Cahen "Bayt al-Mal" The Encyclopaedia of Islam

(new edition) 1 / 1144

Lokke gaard, Islamic Taxation / 93, 94

(263) ابن القطقی، الفخری / 228

(264) ابن منظور، لسان العرب، 11 / 544

ابو عبید، کتاب الاموال، 70

الماوردی، الاحکام السلطانیۃ / 152

ابو یعلی، محمد بن الحسین الفراء، الاحکام السلطانیۃ، لاہور دار نشر الکتب الاسلامیہ / 170

ابن رجب، الاستخراج، 51، 53

(265) ابن عبدون التجیبی، محمد، رسالہ فی القضاء والحسبہ، بیروت دار احیاء التراث العربی، الطبعۃ الاولی 1405ھ، ص 30، 31

(266) Khaled Abou El Fadl, " Tax Farming in Islmic law"

(Qibalah and daman of Kharaj) = A search for a concept.

(journal, Islamic, studies 1992, p. 16, 17.

(267) ابن ابی الحدید، عزالدین بن ھبۃ اللہ، شرح نہج البلاغۃ (تحقیق، الشیخ حسن تمیم) بیروت، دار مکتبۃ الحیاۃ 1964ء، 5 / 52

البحرانی، کمال الدین میثم بن علی، شرح نہج البلاغۃ، تہران، موسسۃ النصر 1384ھ-5 / 166

(268) ابن الاثیر، الکامل فی التاریخ 4 / 163

(269) الشریف الرضی نہج البلاغۃ (مع شرح الشیخ محمد عبدہ) 3 / 96، 97

(270) اس سے مراد وہ رقم ہے جو زمینداروں کو حکومت کی طرف سے امداد کے لئے قرض کے طور پر دی جاتی ہے۔

(271) المسعودی، مروج الذھب، 4 / 47

toobaa-elibrary.blogspot.com

(272) الشریف الرضی نہج البلاغہ (مع شرح الشیخ محمد عبدہ) 3/80'81

(273) ایضاً" 3/76

(274) *Mohammad Abdul Jabbar Beg, Dr, "Agricultural and irrigation labourers in social and Economic life of Iraq, During the Umayyad and Abbasid caliphates (An Examination of contracts (UQUD)" (Journal "Islamic Culture" January 1973. Published by the Islamic Culture Board Hyderabad - India - page . 15.*

(275) ایضاً" بحوالہ قتادہ' اقوال قتادہ

(276) ایضاً" 3/131

(277) ابوزہرہ' محمدبن احمد' الامام زید حیاتہ وعصرہ۔ آراؤہ وفقہہ' دارالفکر العربی/313

(278) ایضاً"

(279) ایضاً"

(280) الخراج/52

(281) ابوزہرہ' الامام زید/313

(282) جابر بن زید' رسائل' رسالہ نمبر8'

(283) ایضاً"

(284) محمد طاسین' مولانا' مروجہ نظام زمینداری اور اسلام' لاہور' مرکزی انجمن خدام القرآن'/223

(285) ایضاً"/224

(286) ایضاً"

(287) ایضاً"/232

(288) ایضاً"/244'245

(289) ایضاً"/245

(290) ایضاً"/246

(291) ایضاً"/247

(292) ایضاً"/247

(293) ایضاً"/245

(294) ایضاً"/248'249

(295) ایضاً"/247'248

(296) انور الکشمیری' فیض الباری' 3/295

(297) ابن عابدین' حاشیۃ ردالمحتار' 6/275

toobaa-elibrary.blogspot.com

(298) ابن نجیم' البحر الرائق' 8/181

(299) انور ا لکشمیری' فیض الباری' 3/260

(300) الخراج/96

(301) البخاری = ابوعبداللہ محمد بن اسمعیل' صحیح البخاری' کتاب الوکالۃ' ابواب الحرث والمزارعۃ و ما جاء فیہ' (ایڈیشن' کرچی' نور محمد اصح المطابع)' 1/313

(302) المرغینانی' الھدایۃ 4/425

(303) ابن الھمام' فتح القدیر' 8/386

(304) شرح وقایہ (اردو ترجمہ از محمد عبدالغفار الحنفی) لاہور' ملک سراج الدین 4/897

(305) ابن نجیم' البحر الرائق 8/186

(306) السرخسی' المبسوط 23/17

(307) عبدالواحد' ڈاکٹر "مروجہ نظام زمینداری" اور اسلام" پر تبصرہ' سہ ماہی منہاج لاہور مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری' شمارہ جولائی 1987ء صفحات 35'36'37'40'41'43'44

(308) مہدی حسن' مفتی' حاشیہ کتاب الحجۃ علی اہل المدینۃ' 4/140

(309) السرخسی' المبسوط' 23/3

(310) انور ا لکشمیری' فیض الباری' 3/296'301

(311) الخطابی' ابوسلیمان احمد بن محمد' معالم السنن (مع مختصر سنن ابی داود للمنذری) تحقیق احمد محمد شاکر' محمد حامد الفقی' سانگلہ ھل' المکتبۃ الاثریۃ الطبعۃ الاولی 1368'5/56

(312) النسائی' احمد بن علی بن شعیب' سنن النسائی' کتاب الایمان والنذور' باب شروط المزارعۃ والوثائق' (ایڈیشن' کراچی' قدیمی کتب خانہ) 2/156

(313) البخاری' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' صحیح البخاری' کتاب الوکالۃ' ابواب الحرث والمزارعۃ و ما جاء فیہ (ایڈیشن' کراچی' نور محمد اصح المطابع' الطبعۃ الثانیۃ' 1381ھ' 1/313

(314) ایضاً"

حضرت طاؤس کی یہ روایت کچھ الفاظ کے اختلاف کے ساتھ' عبدالرزاق ابن ھمام (م 211ھ/) نے بھی نقل کی ہے۔ دیکھئے۔ الصنعانی' عبدالرزاق بن ھمام' المصنف' (تحقیق = حبیب الرحمٰن الاعظمی) کتاب البیوع' باب المزارعۃ علی الثلث والربع بیروت = المجلس العلمی' طبع' 1972ء' 8/97'98

(315) البخاری' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' صحیح البخاری' کتاب الوکالۃ ابواب الحرث والمزارعۃ وماجاء فیہ' (ایڈیشن' کراچی' نور محمد اصح المطابع) 1/313

(316) ایضاً" 1/315

(317) ابوداود' سلیمان بن الاشعث السجستانی' سنن ابی داود' کتاب البیوع' باب فی المزارعۃ (ایڈیشن' کراچی' ایچ' ایم' سعید) 2/

toobaa-elibrary.blogspot.com

125 /

(318) الملا علی القاری' علی بن سلطان محمد' مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح' ملتان' مکتبہ المدادیہ' 6 / 132

(319) الملا علی القاری' حافظ علی بن محمد سلطان الحنفی' شرح النقایۃ (وبحاشہ شرح للمولوی الیاس) کراچی' ایچ' ایم' سعید' 2 / 204

(320) نجات اللہ صدیقی' ڈاکٹر' اسلام کا نظریہ ملکیت' لاہور' اسلامک پبلیکیشنز' 1 / 135' 136

(321) لجنۃ مولفۃ من العلماء المحققین' مجلۃ الاحکام العدلیۃ' دفعہ / 1272

(322) الریس' الخراج / 258

(323) ایضاً" / 259

(324) Ziaul Haque, "Metayage and Tax-Farming in the medieval Muslim Society"
Journal, "Islamic Studies" Islamabad, Islamic research institute,
Autumn 1975, / 229, 230.

(325) سعدی' ابوحبیب' موسوعۃ الاجماع فی الفقہ الاسلامی' دمشق' دار الفکر' الطبعۃ الثانیۃ 1404ھ' 2 / 968

(326) ابن حزم' ابو محمد علی بن احمد' مراتب الاجماع فی العبادات والمعاملات والاعتقادات' مکتبۃ القدسی' 1357ھ / 59

(327) البیھقی' ابوبکر احمد بن الحسین' السنن الکبری' کتاب البیوع' باب الدلیل علی ان لا یجوز شرط الخیار فی البیع اکثر من ثلاثۃ ایام' (ایڈیشن' (مع الجوھر النقی) ملتان' نشر السنۃ' 5 / 273

الشوکانی' محمد بن علی' نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار من احادیث سید الاخیار صلی اللہ علیہ وسلم' باب شرط السلامۃ من الغبن' (ایڈیشن لاھور' انصار السنۃ المحمدیۃ') 5 / 194

نیل الاوطار میں یہ حدیث ان الفاظ میں ملتی ہے۔" و عن ابن عمرؓ ان منقذا سفع فی راسہ فی الجاھلیۃ مامومۃ فخبلت لسانہ' فکان اذا بایع یخدع فی البیع' فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بایع و قل لاخلابۃ' ثم انت بالخیار ثلاثا قال ابن عمرؓ = فسمعتہ' یبایع و یقول لا خذابۃ لا خذابۃ"

"حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ منقذؓ کے سر میں زمانہ جاہلیت میں چوٹ آگئی تھی جس سے ان کی زبان میں تتلاہٹ پیدا ہو گئی' اور وہ جب کوئی شئے خریدتے تو اس میں نقصان ہو جایا کرتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا کہ جب تم کوئی شے خریدو تو یہ کہہ دیا کرو "لاخلابہ" (کوئی دھوکہ نہیں ہوگا) پھر تمہیں تین دن کا اختیار ہو گا۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے کہا کہ میں نے ان کو خریداری کرتے ہوئے سنا کہ وہ کہہ رہے تھے' "لا خذابۃ لا خذابۃ"

(328) ابن قدامہ' المغنی' 4 / 95' 96

toobaa-elibrary.blogspot.com

(329) ابن رشد' بدایۃ المجتہد 2 / 158

(330) ساجد الرحمٰن صدیقی' ڈاکٹر "حدیث غلابہ اور فقہی اجتہادات" سہ ماہی منہاج لاہور' مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری' شمارہ جولائی۔ اکتوبر 1988ء / 85-86

(331) الزرقاء' مصطفٰی احمد' الفقہ الاسلامی فی ثوبہ الجدید' دمشق' مطبعۃ الحیاۃ' 1383ھ' 1 / 412

(332) الہدایۃ' 3 / 37

(333) ایضاً" 39

(334) الکاسانی' بدائع الصنائع' 5 / 211

(335) السرخسی' المبسوط' 12 / 135

(336) ایضاً" 12 / 128

(337) الترمذی' ابو عیسٰی محمد بن عیسٰی' جامع الترمذی' (مع شرح)' ابواب البیوع باب ماجاء اذا اختلف البیعان' (ایڈیشن' کراچی' ایچ' ایم سعید 1 / 240

(338) الہدایۃ' 3 / 85

(339) ایضاً"

(340) ابو الطیب شمس الحق' محمد' عون المعبود شرح سنن ابی داود ملتان' نشر السنۃ' الطبعۃ الاولی 1399ھ' 3 / 286

(341) ابن رشد' بدایۃ المجتہد 2 / 175

(342) الکاسانی' بدائع الصنائع 4 / 210

(343) الہدایۃ' 3 / 310

(344) ایضاً"

(345) فتاویٰ عالمگیری' 3 / 822

(346) سحنون' عبدالسلام بن سعید التنوخی' المدونۃ الکبری' (روی المدونۃ فی فروع المالکیۃ عن عبدالرحمٰن بن قاسم' عن الامام مالک) دار الباز للطباعۃ والنشر' مطبعۃ السعادۃ' 1323ھ' 4 / 448

(347) مجیب اللہ ندوی' مولانا' اسلامی قانون محنت واجرت' لاہور' دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری / 218' 219

(348) الزیلعی' تبیین الحقائق 5 / 124

شرف بن علی الشریف' الدکتور' "الاجارۃ الواردۃ علی عمل الانسان" جدہ' دار الشروف للنشر و التوزیع والطباعۃ' الطبعۃ الاولی 1400ھ / 154' 155

(349) احمد بن غنیم' "الفواکہ الدوانی علی رسالۃ ابن ابی زید القیروانی" خرطوم' المکتبۃ الاھلیۃ' 1331ھ' 2 / 164

(350) مالک بن انس الامام' موطا الامام مالک' باب الامر بالرفق بالمملوک' (ایڈیشن' نور محمد' اصح المطابع' کراچی) / 730

toobaa-elibrary.blogspot.com

(351) ایضاً

(352) ایضاً

(353) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمختار، 3/ 590

(354) الکاسانی، بدائع الصنائع، 4/ 27

(355) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمحتار 3/ 582

(356) البوبکانی، المتانۃ/ 451

(357) ابن عابدین، حاشیۃ ردالمحتار 3/ 621

(358) تنزیل الرحمٰن، ڈاکٹر، "مجموعہ قوانین اسلام" 3/ 912

(359) الطبری، ابوجعفر محمد بن جریر، جامع البیان عن تاویل ای القرآن مصر، شرکۃ مکتبۃ و مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی، الطبعۃ الثانیۃ 1373ھ، 4/ 247، 248

(360) البغوی، ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء، معالم التنزیل، (تحقیق، خالد عبدالرحمٰن، مروان سوار) ملتان، ادارہ تالیفات اشرفیہ 1/ 395

(361) ابن المنذر، ابوبکر محمد بن ابراھیم، الاجماع یتضمن المسائل الفقھیۃ المتفق علیھا عند أکثر علماء المسلمین (تحقیق، فواد عبدالمنعم احمد - عبداللہ بن زید) الاسکندریۃ، من ذخائر التراث الاسلامی، طبع 1402ھ/ 99

(362) الدردیر، ابوالبرکات، احمد بن محمد، الشرح الصغیر علی اقرب المسالک الی مذھب الامام مالک، (تحقیق و تخریج، الدکتور مصطفٰی کمال وصفی) مصر، دارالمعارف 1393ھ، 3/ 381، 382

(363) البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسمعیل، صحیح البخاری، کتاب فی الاستقراض و اداء الدیون والحجر والتفلیس (ایڈیشن، کراچی، نو محمد اصح المطابع) 1/ 324

(364) ابن الھمام، فتح القدیر 5/ 417

(365) البیھقی، ابوبکر احمد بن الحسین، السنن الکبری مع الجوھر النقی، کتاب التفلیس، باب الحجر علی المفلس و بیع مالہ فی دیونہ، (ایڈیشن، ملتان، نشر السنۃ) 6/ 48

(366) ایضاً، 6/ 49

(367) دیکھئے ابن تیمیۃ، ابوالعباس احمد، الحسبۃ فی الاسلام او وظیفۃ الحکومۃ الاسلامیۃ، مطبعۃ المؤید، الطبعۃ الاولی، 1318ھ

(368) دیکھئے۔ ابن خلدون، عبدالرحمٰن بن محمد، مقدمۃ، فصل فی اسعار، المدن (الفصل الثانی عشر) تلخیص صفحات 362-364

(369) نجات اللہ صدیقی، امام ابویوسف کا معاشی فکر، ترجمان القرآن، شمارہ ستمبر 1964ء/ 48,47

(370) النسفی، ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود، تفسیر النسفی (مدارک) دار احیاء الکتب العربیہ، 1/ 181

toobaa-elibrary.blogspot.com

(371) السرخسی' المبسوط 14 / 57

(372) ابن قدامہ المغنی 4 / 162

(373) ابن حجر' ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی' الدرایۃ فی منتخب تخریج احادیث الھدایۃ لاہور' دار النشر الکتب الاسلامیہ' 2 / 158

(374) العینی' البنایۃ' 3 / 165

(375) الشافعی' الام 7 / 359

(376) الزیلعی' نصب الرایۃ' 4 / 44

(377) ابن قدامہ' المغنی' 4 / 163

(378) البقرۃ = 197

(379) النووی' ابوزکریا محی الدین یحیٰی بن شرف' المجموع شرح المھذب' المدینۃ المنورۃ' المکتبۃ السلفیۃ' 9 / 392

(380) ابن الھمام' فتح القدیر 6 / 178

(381) السرخسی' المبسوط' 14 / 57

(382) ابن قدامہ' المغنی 4 / 162

(383) البقرۃ' 278

(384) ابن تیمیہ' فتاوی' 28 / 110

(385) دیکھئے۔ ابن قیم' شمس الدین محمد بن ابی بکر' الطرق الحکمیۃ فی السیاسۃ الشرعیۃ' بیروت' دار الکتب العلمیۃ

(386) عبدالقادر عودہ' التشریع الجنائی الاسلامی مقارنا بالقانون الوضعی' بیروت' دار احیاء التراث العربی' الطبعۃ الرابعۃ 1405ھ' 1 / 706

(387) تنزیل الرحمٰن' ڈاکٹر مجموعہ قوانین اسلام' 5 / 1769' 1770

(388) السجاوندی' السراجی' / 52

بدران' احکام الترکات والمواریث / 290

(389) السرخسی' المبسوط' 30 / 52

(390) دیکھئے۔ خیری المفتی' علم الفرائض والمواریث' / 288

(391) ابن عابدین' حاشیۃ رد المحتار 1 / 71

(392) نجات اللہ صدیقی' مقدمہ کتاب الخراج / 78

(393) نجات اللہ صدیقی' امام ابویوسف کا معاشی فکر' ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور شمارہ ستمبر 1964' / 31

(394) الکاسانی' بدائع الصنائع 4 / 28

البوبکانی' المتانۃ / 451' 452

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن عابدین، حاشیۃ رد المحتار علی الدر المختار، 3/582

(395) البلاذری، الراجی/52

(396) الخراج/174

(397) ایضاً

(398) ایضاً/87

(399) ایضاً/134، 135

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب پنجم

امام ابو یوسف کی اقتصادی بصیرت کے اثرات

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصول

فصل اوّل :

وہ کتب جن پر ابو یوسف کے معاشی فکر کے اثرات ہیں۔

فصل دوم :

مُسلم ریاستوں کے مالیاتی و معاشی نظام میں آپ کے افکار و نظریات کے اثرات

فصل سوم :

مُسلم ممالک کے قوانین میں آپ کے افکار کے اثرات

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس باب میں اس امر پر بحث کی جائے گی کہ امام ابو یوسف کے معاشی افکار و نظریات سے کس حد تک استفادہ کیا گیا' ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) اور بعد کے مسلمان حکمرانوں کے ادوار میں حکومت اور انتظامیہ پر ان کے معاشی فکر کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

اس بحث کو راقم نے مندرجہ ذیل تین فصول میں سمیٹنے کی کوشش کی ہے۔

فصل اول

وہ کتب جن پر ابو یوسف کے معاشی فکر کے اثرات ہیں۔

فصل دوم

مسلم ریاستوں کے مالیاتی و معاشی نظام میں آپ کے افکار و نظریات کے اثرات

(ا) خلافت عباسیہ

(ب) خلافت عثمانیہ

(ج) سلاطین دہلی اور عہد مغلیہ کا مالیاتی نظام

فصل سوم

مسلم ممالک کے قوانین میں آپ کے افکار کے اثرات

(ا) مجلہ الاحکام العدلیہ

(ب) دیگر ممالک کے قوانین

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اوّل

وہ کُتب جن پر ابو یوسف کے معاشی فکر کے اثرات ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کی تصنیف "کتاب الخراج" سے متاثر ہو کر بعد ازاں متعدد علماء نے اس موضوع پر قلم اٹھایا۔ امام ابویوسف کی مثال اس ضمن میں بارش کے پہلے قطرے کی سی ہے۔ اسلامی تاریخ میں اس موضوع پر جو کام بھی ہوا وہ آپ کے کام سے بے نیاز نہ ہو سکا۔ مصطفیٰ بن عبداللہ' حاجی خلیفہ (م 1067ھ / 1657ء) نے اپنی کتاب "کشف الظنون" میں خراج کے موضوع پر ایسی چار کتب کے نام تحریر کئے ہیں جو امام ابویوسف کی کتاب الخراج کے بعد تحریر کی گئیں۔(1) اور محمد بن اسحاق الندیم (م 438ھ / 1047ء) نے "الفہرست" میں ایسی پندرہ کتب کے نام گنوائے ہیں۔ (2)

ذیل میں ہم ان کتب اور مولفین کے نام نقل کرتے ہیں۔

- ابو زکریا یحییٰ بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء)۔۔۔ کتاب الخراج (3)
- ابو علی الحسن بن زیاد اللولوی (م 204ھ / 819ء)۔۔۔ کتاب الخراج (4)
- ابو عبدالرحمٰن الہیثم بن عدی الشعلی (م 207ھ / 822ء)۔۔۔ کتاب الخراج (5)
- احمد بن محمد بن عبدالکریم بن ابی سہل الاحول (م 207ھ / 822ء)۔۔۔ کتاب الخراج (6)
- عبدالملک بن قریب الاصمعی (م 213ھ / 828ء)۔۔۔ کتاب الخراج (7)
- ابو محمد جعفر بن مبشر الثقفی (م 234ھ / 848ء)۔۔۔ کتاب الخراج (8)
- ابو عثمان عمرو بن بحر الجاحظ (م 255ھ / 869ء)۔۔۔ رسالتہ الی النجم بالخراج (9)
- احمد بن عمر بن مہیر الشیبانی الخصاف (م 261ھ / 875ء)۔۔۔ کتاب الخراج (10)
- ابو سلیمان داؤد بن علی ظاہری (م 270ھ / 884ء)۔۔۔ کتاب الخراج (11)
- احمد بن محمد بن سلیمان بن بشار الکاتب (م 270ھ / 884ء)۔۔۔ کتاب الخراج الکبیر (12)
- ابو القاسم عبیداللہ بن احمد بن محمد الکلواذانی (م کان حیا" =336ھ / 947ء)۔۔۔ کتاب الخراج (13)
- قدامہ بن جعفر بن قدامہ (م 337ھ / 948ء)۔۔۔ کتاب الخراج وصنعۃ الکتابۃ (14)
- ابو الحسن علی بن الحسن' المقلب بابن الماشطہ۔۔۔ کتاب الخراج (15)
- اسحاق بن شریح الکاتب النصرانی۔۔۔ کتاب الخراج (16)
- عبدالرحمٰن بن عیسیٰ بن داؤد الجراح۔۔۔ کتاب کبیر فی الخراج (17)
- ابو الحسن علی بن وصیف۔۔۔ کتاب الایضاح والتثقیف فی آئین الخراج ورسومہ (18)
- اسحاق بن یحییٰ بن سریج۔۔۔ کتاب الخراج الکبیر اور کتاب صناعۃ الخراج الصغیر (19)
- ابو نصر محمد بن مسعود العیاشی۔۔۔ کتاب الجزیہ والخراج (20)

toobaa-elibrary.blogspot.com

---- علی بن احمد بن بسطام ---- کتاب الخراج (21)

---- محمد بن احمد بن علی بن خیار الکاتب ---- کتاب الخراج (22)

---- نصر بن موسیٰ الرازی ---- کتاب الخراج (23)

---- زین الدین عبدالرحمٰن بن احمد بن رجب الحنبلی (م 795ھ.1393ء) ---- الاستخراج لاحکام الخراج (24)

---- ابوالقاسم عبداللہ 'ابن العرمرم ---- کتاب الخراج (25)

شیخ محمد محسن 'بزرک الطہرانی (م 1389ھ / 1969ء) نے اپنی تصنیف "الذریعۃالی تصانیف الشیعۃ" میں خراج کے موضوع پر درج ذیل کتب کا ذکر کیا ہے۔

(ا) کتاب الخراج والقاسمۃ

(ب) السراج الوھاج فی حرمۃ الخراج

(ج) حل الخراج (26)

عبدالجبار الرفاعی نے "فہرست الاقتصاد الاسلامی باللغۃ العربیۃ" میں احمد الاردبیلی کی کتاب "الرسالۃالخراجیۃ" اور عبداللہ افندی کی کتاب "الخراجیۃ" کا ذکر کیا ہے۔ الاردبیلی اور افندی کی ان دونوں کتب کے مخطوطے قم (ایران) کے مکتبہ آیۃ اللہ السید المرعشی میں موجود ہیں۔ (27)

علماء کی ایک جماعت نے اسی موضوع پر "الاموال" کے نام سے کتب تحریر کی ہیں۔

---- ابوعبید القاسم بن سلام (م 224ھ / 838ء) ---- کتاب الاموال (28)

---- حمید بن مخلد 'ابن زنجویہ (م 251ھ / 865ء) ---- کتاب الاموال (29)

---- قاضی اسماعیل بن اسحاق (م 282ھ / 895ء) ---- الاموال والمغازی (30)

---- ابو جعفر احمد بن نصر الداؤدی المالکی (م 402ھ / 1019ء) ---- کتاب الاموال (31)

---- ابوالحسن علی بن محمد المدائنی ---- کتاب اموال النبیؐ (32)

---- عبداللہ بن محمد الاصفہانی (م 369ھ / 979ء) ---- کتاب الاموال (33)

خراج کے موضوع پر جن کتب کی فہرست پیش کی گئی ہے اس میں شامل بعض کتب اب نایاب ہیں۔ کچھ کتابیں دنیا کے مختلف کتب خانوں میں مخطوطات کی شکل میں محفوظ ہیں اور ابھی تک شائع نہیں ہو سکیں۔ ان میں سے درج ذیل کتب زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں۔

(ا) یحییٰ بن آدم القرشی 'کتاب الخراج (لاہور سے المکتبۃ العلمیہ نے شائع کی ہے)

(ب) ابوعبید القاسم بن سلام 'کتاب الاموال (سانگلہ ہل سے المکتبۃ الاثریہ نے شائع کی ہے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(ج) حمید بن مخلد' ابن زنجویہ 'کتاب الاموال (الریاض سے المرکز الملک فیصل للبحوث والدراسات الاسلامیہ نے شائع کی ہے۔

(د) قدامہ بن جعفر بن قدامہ 'کتاب الخراج وصنعۃ الکتابۃ (لیدن' مطبع بریل سے 1306ھ میں شائع ہوئی)

(ر) زین الدین عبدالرحمٰن بن احمد بن رجب الحنبلی' الاستخراج لاحکام الخراج' (بیروت سے دارالکتب العلمیہ نے شائع کی)

وہ کتب جو شائع ہو چکی ہیں ان کے مباحث پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان پر ابو یوسف کی کتاب الخراج کے کافی اثرات ہیں۔ ان علماء نے انہی موضوعات پر قلم اٹھایا ہے جن پر امام ابو یوسف پہلے بحث کر چکے تھے۔

خاص خراج کے موضوع پر ان تصانیف کے علاوہ دیگر علماء نے اپنی تصانیف میں خراج کے موضوع پر بحث کی ہے۔ مثلاً محمد بن ادریس الشافعی (م 204ھ / 820ء) نے "کتاب الام" میں خراج کے موضوع پر روشنی ڈالی ہے۔ (34) بعض جغرافیہ دانوں نے بھی اپنی کتب میں خراج کو موضوع بحث بنایا۔ ابوالقاسم عبیداللہ بن احمد' ابن خرداذبہ (م 280ھ / 893ء) تیسری صدی ہجری کا ایک مشہور جغرافیہ دان ہے اس نے اپنی کتاب "المسالک والممالک" میں ہر اقلیم کی مقدار خراج کو بیان کیا ہے۔ (35) ابوالحسن علی بن محمد' الماوردی (م 450ھ / 1058ء) نے اپنی مشہور کتاب "الاحکام السلطانیۃ" میں بڑی وضاحت سے خراج کے موضوع پر لکھا ہے۔ (36) قاضی ابو یعلی محمد بن الحسین (م 458ھ / 1066ء) کی کتاب "الاحکام السلطانیۃ" میں بھی خراج کے موضوع پر بحث ملتی ہے۔ (37) ابو عبداللہ محمد بن عبدوس الجہشیاری (م 331ھ / 942ء) نے اپنی تصنیف "کتاب الوزراء والکتاب" میں خراج پر بحث کی ہے۔ (38) تقی الدین احمد بن علی المقریزی (م 845ھ / 1441ء) نے "الخطط" میں مصر کے مالیاتی نظام اور خراج کی تاریخ پر روشنی ڈالی ہے۔ (39)

ان کتب کے علاوہ فقہ کے موضوع پر جس قدر اہم کتب ہیں ان میں اس موضوع پر ضرور بحث کی گئی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

مُسلم ریاستوں کے مالیاتی ومعاشی نظام میں آپ کے افکار ونظریات کے اثرات

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱) خلافت عباسیہ

امام ابویوسف نے یہ کتاب ہارون الرشید (170-193ھ / 786-809ء) کی راہنمائی کے لئے تحریر کی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ہارون الرشید کے عہد کے معاشی و مالیاتی نظام میں ابویوسف کے معاشی فکر کے بہت اثرات ہیں۔

امام ابویوسف نے معاشی ترقی کے حصول کے لئے مختلف منصوبوں پر کام کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ ہارون الرشید نے بیت المال (Public Treasury) کی آمدنی سے ایک کثیر رقم مختلف سڑکوں، شاہراہوں اور پلوں کی تعمیر پر صرف کی۔ نئی نہروں کی کھدائی اور صفائی پر خاص توجہ دی گئی۔ (40) یہ کام دیوان الخراج کے ذمہ تھا۔ حکومت نے اس کام کے لئے اعلیٰ درجہ کے کاریگر ملازم رکھے ہوئے تھے۔ زراعت کی طرف خاص توجہ کی گئی، کھیتوں کو سیراب کرنے کے لئے آبپاشی کے بڑے بڑے منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ مختلف دریاؤں مثلاً دجلہ و فرات وغیرہ پر بند تعمیر کئے گئے اور پرانے بندوں کی تعمیر کرائی گئی۔ (41)

ہارون الرشید کے دور میں نہروں کی کھدائی کا کام اپنے عروج کو پہنچ چکا تھا۔ الجہشیاری کے بیان کے مطابق اس دور میں بیت المال سے دو کروڑ درہم آبپاشی کے منصوبوں پر خرچ کئے گئے۔ (42) نہریں کھودنے والوں کو "اصحاب القناء" کہا جاتا تھا جو بغداد کے ایک خاص کوارٹر میں رہتے تھے۔ عراقی معاشرہ میں ان کو خاص مقام حاصل تھا۔ (43)

ہارون الرشید نے امام ابویوسف کی پیش کردہ سفارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے زمین کی آبادکاری اور رعایا کی معاشی حالت کو بہتر بنانے کے لئے بہت سے اقدامات کئے۔ اس دور میں بکثرت غیر آباد زمینیں سرسبز و شاداب ہو گئیں اور زرعی پیداوار (Agricultural Production) میں اضافہ ہوا۔

اس عہد میں آبادی کی اکثریت زراعت پیشہ تھی۔ ابویوسف کی اقتصادی اصلاحات کی بدولت محاصل کی شرح میں کمی ہو گئی اور اس کے نتیجہ میں کسان خوشحال اور فارغ البال ہو گئے۔ محاصل (Taxes) کی ادائیگی کے بعد بھی کاشتکار کے پاس اتنی پیداوار بچ رہتی کہ جس سے وہ اطمینان اور خوشحالی کی زندگی بسر کر سکے۔ امام ابویوسف نے خلیفہ کو مشورہ دیا تھا کہ اگر مختلف آفات کیوجہ سے کاشتکار کی فصل ضائع ہو جائے تو اس صورت میں ٹیکس میں مناسب تخفیف کر دی جائے۔ ہارون الرشید کے دور میں جب بھی کاشتکار طبقہ مشکلات سے دوچار ہوتا تو ان کے ٹیکس میں کمی کر دی جاتی۔ (44)

امام ابویوسف کی سفارش پر عمل کرتے ہوئے ہارون الرشید نے ارض سواد کو زیادہ سے زیادہ سرسبز و شاداب بنانے کی کوشش کی۔ زراعت کی ترقی اور اجناس کی فراوانی کی وجہ سے اس علاقہ میں اشیائے خوردونوش کی قیمتیں خاصی کم ہو گئیں۔ رعایا خوشحال ہو گئی اور حکومت کو مالی استحکام حاصل ہوا۔ ہارون الرشید کے دور کے بعد علاقہ سواد سے خراج کی آمدنی میں غیر معمولی اضافہ ہوا۔ ہم یہاں سواد کے خراج کے اعداد و شمار نقل کرتے ہیں۔ یہ اعداد 204ھ کے دیوان

toobaa-elibrary.blogspot.com

الخراج سے ماخوذ ہیں۔ یہی وہ تاریخ ہے جس کے اعداد بالتفصیل ہم کو معلوم ہیں کیونکہ اس سے پہلے کے اعداد محمد الامین بن ہارون (193-198ھ / 809-813ء) کے قتل کے وقت 198ھ میں بغداد کے فتنہ و فساد میں جلا دیئے گئے۔ ان اعداد سے اس علاقے کی خوشحالی اور شادابی مکمل طور پر واضح ہو جائے گی۔

نام علاقہ	تعداد	کرگندم	کرجو	مقدار سکہ (درہم)
	انبارہائے گندم			
انبار	250	2300	1400	150000
مسکن	150	3000	1000	150000
قطربل	220	1000	1000	300000
بادوریا	420	3500	1000	2000000
بہرسیر	240	1900	1700	150000
رومقان	240	3300	3300	250000
نہردر قیط	125	2000	2000	200000
نہرجوبر	227	1700	6000	150000
کورۃ الزوابی	244	1400	7200	250000
بابل اور خطرنیہ	378	3000	5000	350000
فلوجہ العلیا	240	500	500	70000
فلوجہ السفلی	72	2000	3000	280000
نحرین	181	300	400	45000
عین التمر	14	300	400	45000
جبہ اور البداۃ	71	1200	1600	150000
سورا اور بر بیسما	265	700	2400	100000
بارو سما اور نہرالملک	764	1500	4500	250000
سلیمن اور وقوف	+	500	5500	50100
فرات بادقلی	271	2000	2500	900000
سیلحین	34	1000	1700	140000

toobaa-elibrary.blogspot.com

روزمستان ہرمزجود	+	500	5000	10000
نستر	173	1250	2000	300000
ایغار یقطین	+	1200	2000	404000
کسکر	+	3000	20000	200000
بزرجسابور	263	2500	2200	300000
راذانین	362	4800	4800	120000
نہربوق	+	200	1000	100000
کلواذی اور نہربین	34	1600	1500	330000
جاذراور مدینہ العتیقہ	116	1000	1500	140000
روستفباذ	+	1000	1400	170000
مہروزسلسل	+	2000	2500	250000
جلولا	76	1000	1000	100000
زیبین	230	700	1300	40000
رسکرہ	44	2000	2000	70000
برازالروز	86	3000	5500	120000
بندنیجین	54	600	500	100000
بادرایاباکسایا	207	4700	5000	3300000
کورہ استان شاذفیروز	+	+	+	1800000
نہروان الاعلی	+	2700	1800	350000
نہروان الاوسط	380	1000	500	100000
نہروان الاسفل	+	1000	1200	150000

221ھ میں ابوالعباس عبداللہ بن طاہر کو خراسان سے حسب ذیل خراج وصول ہوا۔ (44846000) درہم نقد۔ سواری کے جانور 13 عدد تین ہزار (3000) بکریاں' دو ہزار (2000) قیدی جن کی قیمت چھ لاکھ (600000) درہم تھی۔ ایک ہزار ایک سو ستاسی (1187) عدد کپڑے ایک ہزار تین سو (1300) عدد لوہے کے صندوق اور چادریں۔ (46)

آخر میں تمام سلطنت کے خراج کو صوبہ وار درج کیا جاتا ہے۔ اس سے اس زمانے کی معاشی ترقی و خوشحالی کا اندازہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بخوبی ہو سکتا ہے۔

نام صوبہ	خراج (الفاظ میں) مطابق درہم	ہندسوں میں
سواد	گیارہ کروڑ چوالیس لاکھ ستاون ہزار چھ سو پچاس درہم	(114457650)
اہواز	دو کروڑ تیس لاکھ	(23000000)
فارس	دو کروڑ چالیس لاکھ	(24000000)
کرمان	ساٹھ لاکھ	(6000000)
مکران	دس لاکھ	(1000000)
اصبہان	ایک کروڑ پانچ لاکھ	(10500000)
بجستان	دس لاکھ	(1000000)
خراسان	تین کروڑ ستر لاکھ	(37000000)
حلوان	نو لاکھ	(900000)
ماہ الکوفہ	پچاس لاکھ	(5000000)
ماہ البصرہ	اڑتالیس لاکھ	(4800000)
ہمدان	سترہ لاکھ	(1700000)
ماسبذان	بارہ لاکھ	(1200000)
مہرجان قذق	گیارہ لاکھ	(1100000)
الایغارین	اکتیس لاکھ	(3100000)
قم اور قاشان	تیس لاکھ	(3000000)
اذربیجان	پنتالیس لاکھ	(4500000)
رے اور دماوند	دو کروڑ اسی ہزار	(20080000)
قزوین و زنجان و ابہر	اٹھارہ لاکھ اٹھائیس ہزار	(1828000)
قومس	گیارہ لاکھ پچاس ہزار	(1150000)
جرجان	چالیس لاکھ	(4000000)
طبرستان	بیالیس لاکھ اسی ہزار سات سو	(4280700)

toobaa-elibrary.blogspot.com

تکریت اور طیرہان	نولاکھ	(900000)
شہرزور اور الصامغان	ستائیس لاکھ پچاس ہزار	(2750000)
الموصل اور اس سے ملحقہ علاقے	تریسٹھ لاکھ	(6300000)
قردی اور بذیدی	بتیس لاکھ	(3200000)
دیار ربیعہ	چھیانوے لاکھ پینتیس ہزار	(9635000)
ارزن اور میافارقین	بیالیس لاکھ	(4200000)
طرون	ایک لاکھ	(100000)
ارمینیہ	چار لاکھ	(400000)
آمد	بیس لاکھ	(2000000)
دیار مضر	ساٹھ لاکھ	(6000000)
اعمال طریق الفرات	انتیس لاکھ	(2900000)
قنسرین اور عواصم	تین لاکھ ساٹھ ہزار	(360000)
حمص	دو لاکھ اٹھارہ ہزار	(218000)
دمشق	ایک لاکھ دس ہزار	(110000)
اردن	ایک لاکھ نو ہزار	(109000)
فلسطین	دو لاکھ پچانوے ہزار	(295000)
مصر اور اسکندریہ	پچیس لاکھ	(2500000)
حرمین	ایک لاکھ	(100000)
یمن	چھ لاکھ	(600000)
یمامہ اور بحرین	پانچ لاکھ دس ہزار	(510000)
عمان	تین لاکھ	(300000)(47)

امام ابویوسف نے خراج وظیفہ کی بجائے خراج مقاسمہ کی سفارش کی تھی۔ ہارون الرشید نے اس تجویز کو سرکاری طور پر منظور کر کے تمام ملک میں نافذ کرادیا۔ ڈاکٹر صبحی صالح نے اپنی کتاب "النظم الاسلامیۃ" میں لکھا ہے کہ جب امام ابویوسف کی سفارش کے مطابق ہارون الرشید نے خراج مقاسمہ کا طریقہ نافذ کیا تو اس کے مثبت نتائج نکلے۔ اس سے رعایا بھی خوشحال ہوگئی اور خراج کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگیا۔ (48)

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپ نے خلیفہ کو یہ نصیحت کی تھی کہ خراج کی وصولی میں سختی نہ کی جائے ہارون الرشید نے اس پر عمل کیا اور خراج کی وصولی میں سختی کو یک قلم موقوف کردیا۔ سواد کے علاقہ میں خراج کی مقررہ شرح سے زیادہ جو دسواں حصہ لیا جاتا تھا اس کو بند کردیا۔ (49)

امام ابویوسف کی نصیحت کو مد نظر رکھتے ہوئے ہارون الرشید، عمال کے تقرر کے وقت ان کو عدل و انصاف کی ہدایت کرتا۔ (5) آپ نے کتاب الخراج میں ہارون الرشید کو یہ نصیحت کی تھی کہ ظالم اور خائن قسم کے عمال کو عبرت انگیز سزائیں دی جائیں۔ ہارون الرشید نے اس پر بھی عمل کیا۔ خراسان کے ایک عباسی امیر علی بن عیسیٰ کے ظلم و ستم سے مسلمان اور ذمی سب تنگ تھے۔ وہ حکومت کے مقررہ ٹیکس کے علاوہ لوگوں سے ناجائز طور پر رقم وصول کرتا تھا۔ ہارون الرشید نے علی بن عیسیٰ کو معزول کرکے اس کی جگہ ہرثمہ بن اعین (م 200ھ / 816ء) کا تقرر کیا۔ تقرر کا جو پروانہ لکھا تھا اس میں ہارون الرشید نے ہرثمہ بن اعین کو کہا کہ علی بن عیسیٰ نے عوام سے جو ناجائز مال اکٹھا کیا ہوا ہے اس کا ایک ایک درہم وصول کرے اور اس کے اصل حقداروں کو واپس کرے۔ (51)

امام ابویوسف نے جن ذمیوں کو جزیہ کے ٹیکس سے مستثنیٰ کیا ہے ان سے جزیہ نہیں لیا جاتا تھا۔ (52) عشور کا ٹیکس بھی امام ابویوسف کے فکر کے مطابق سال میں ایک بار ہی وصول کیا جاتا تھا۔ لقطہ اور لاوارث اشیاء بیت المال میں جمع ہوتی تھیں۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں احتساب کی اہمیت پر بہت زور دیا ہے۔ ہارون الرشید نے آپ کے مشورہ کے مطابق احتساب کے نظام کو مضبوط بنیادوں پر قائم کیا۔ ڈاکٹر منیر العجلانی لکھتے ہیں۔

فاقام الرشید محتسبا یطوف بالاسواق و یفحص الاوزان والمکاییل من الغش (53)

احتساب کے نظام سے غلہ کی تجارت کو ترقی ہوئی اور محکمہ احتساب کی سفارش سے ذخیرہ اندوزی پر بھی کافی حد تک قابو پالیا گیا، جس سے غریب و متوسط طبقہ کی معاشی حالت بہتر ہوگئی۔

امام ابویوسف نے قبالہ کے نظام کی مخالفت کی تھی اور اس کو ختم کرنے کی سفارش کی۔ لیکن آپ کی اس تجویز پر عمل نہیں کیا گیا۔ اور خراج و جزیہ کی تحصیل کو ٹھیکہ پر دینے کا رواج جاری رہا۔ الجہشیاری اور المقریزی کے بیان کے مطابق عہد ہارون الرشید کے آخری ایام (یعنی ابویوسف کی وفات کے بعد) میں بھی قبالہ کا نظام اسی طرح چلتا رہا۔ (54) المقریزی نے لکھا ہے کہ مامون الرشید کے دور میں بھی اس پر عمل ہوتا تھا۔ (55)

مقتدر باللہ (295-320ھ / 908-932ء) کے عہد حکومت میں بھی اس نظام پر عمل ہوتا رہا۔ المقریزی نے الخطط والآثار جلد 1، میں مصر کے خراج کے بارے میں جو معلومات دی ہیں ان سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ تیسری صدی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہجری میں وہاں قبالہ کا نظام رائج تھا۔ اندلس میں قبالہ 1101ء میں رائج تھا۔ بارہویں صدی عیسوی میں اطالیہ کی بندرگاہوں اور صقلیہ کے نارمنوں کے ہاں بھی رائج تھا۔(56)

محمد ضیاء الدین الریس کے بیان کے مطابق علاقہ سواد کی بارانی زمینوں سے بدستور نصف پیداوار وصول کی جاتی رہی اور امام ابویوسف کی تجویز کردہ نئی شرح (یعنی 2/5 پیداوار) اختیار نہیں کی گئی۔ (57) البتہ مامون الرشید (198-218ھ / 813-833ء) نے اپنے عہد خلافت میں یہ شرح نصف کے بجائے 2/5 کر دی۔ (58) جیسا کہ امام ابویوسف نے تجویز کیا تھا۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں بیت المال کے بارے میں یہ تصور دیا ہے کہ یہ خلیفہ کے پاس قوم کی امانت ہے اس لئے اس کے استعمال میں احتیاط برتنی چاہیے لیکن آپ کے اس فکر پر عمل نہیں کیا گیا۔ ہارون الرشید کے عہد میں اور بعد کے ادوار میں بھی بیت المال کا بے دریغ استعمال اسی طرح جاری رہا۔ شعراء' ادباء اور دیگر لوگوں کو بیت المال سے بڑی بڑی رقمیں دی جاتی تھیں۔(59)

ہارون الرشید کے بعد مختلف عباسی خلفاء کے ادوار میں بھی امام ابویوسف کے معاشی فکر کے اثرات ملتے ہیں۔ عباسی عہد میں زراعت کی ترقی کے لئے خاص اہتمام کیا گیا۔ خلفاء کو یہ احساس تھا کہ جب تک زراعت پیشہ طبقہ معاشی لحاظ سے مضبوط نہیں ہو گا اس وقت تک ملکی معاشی ترقی ممکن نہیں۔ کاشتکاروں کے مصالح پر خصوصی توجہ دی گئی جب عباسی خلیفہ معتصم باللہ (218-227ھ / 833-841ء) نے بغداد کے قریب سامرا کا شہر آباد کیا تو وہاں کی زمین بالکل بنجر تھی۔ پانی کمیاب تھا۔ خلیفہ نے اس کو زرخیز اور شاداب بنانے کے لئے مختلف ممالک سے آبی زمین شناخت کرنے والے اور اس سے پانی نکالنے والے مہندسین اور زمین کو زرخیز بنانے والے ماہرین جمع کر کے نہریں نکلوائیں۔ (60) محمد بن جریر الطبری (م 310ھ / 923ء) اور علی بن محمد' ابن الاثیر (م 630ھ / 1233ء) نے لکھا ہے کہ عباسی خلیفہ متوکل علی اللہ (232-246ھ / 847-861ء) نے سامراء کے شمال میں ماحوزہ کے مقام پر جب متوکلیہ کا شہر آباد کیا تو وہاں کی زرعی زمینوں کو سیراب کرنے کے لئے بیت المال سے کثیر رقم صرف کی۔(61)

عباسی خلیفہ معتضد باللہ (279-289ھ / 892-902ء) نے کاشتکاروں کی فلاح و بہبود کے لئے جو فرامین جاری کئے۔(62) وہ ان تجاویز سے ہم آہنگ ہیں جو امام ابویوسف نے خلیفہ ہارون الرشید کو پیش کی تھیں۔

معتضد باللہ کے ابتدائی دور میں' میراث کی تقسیم میں ذوی الارحام (Relative through the mother) کا کوئی حصہ نہیں تھا۔ ترکہ کی تقسیم کے وقت اگر ذوی الفروض اور عصبات میں سے کوئی بھی موجود نہ ہوتا تو متوفی کا ترکہ بیت المال میں داخل کر دیا جاتا۔

امام ابویوسف کے نزدیک عصبات کے بعد ذوی الارحام وارث ہیں۔ معتضد کے آخری دور میں ابویوسف کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاشی فکر کے مطابق ذوی الارحام کو حصہ ملنے لگا۔ اس سے رعایا پر بہت اچھا اثر پڑا اور ہر شخص کی زبان سے اس کے لئے دعا نکلنے لگی۔(63)

عباسی خلیفہ طائع للہ (363-381ھ / 974-991ء) نے اپنے عمال کو یہ حکم دیا تھا کہ عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور راہبوں سے جزیہ نہ لیا جائے۔(64)

بنو عباس کے عہد میں پیائش کے لئے ایک پیمانہ یوسفیہ استعمال ہوتا تھا اس کو امام ابو یوسف نے بنایا تھا۔ محمد بن الحسین، ابو۔علی (م458ھ.1066ء) کے الفاظ ہیں۔

> و اما الیوسفیة = فهی التی یذرع بها القضاة الدور بمدینة السلام، و هی اقل من الذراع السوداء بثلثی اصبع، و اول من وضعها ابویوسف القاضی (65)
>
> "اور یوسفیہ جس سے بغداد کے قاضی مکان کی پیائش کرتے ہیں ذراع سوداء سے 3/1-1 انگشت کم ہے۔ اس کو سب سے پہلے قاضی ابو یوسف نے بنایا ہے۔"

(ب) خلافت عثمانیہ

امام ابو یوسف نے قبالہ کے نظام کے بارے میں جو رائے دی تھی، عباسی عہد میں تو اس پر عمل نہ ہو کا لیکن اسلامی تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض عثمانی خلفاء نے ٹیکسوں کی وصولی میں ٹھیکہ کے نظام کو ختم کر دیا۔ مثلاً سلیم ثالث (1203-1222ھ) نے یہ فرمان جاری کیا کہ ٹیکس کی وصولی کے لئے جو ٹھیکے اہم لوگوں کو دیئے جاتے ہیں وہ سب ختم کر دیئے جائیں اور آئندہ تمام ٹیکس صرف سرکاری خزانہ کے عمال کے ذریعہ ہی وصول کئے جائیں۔(66) اسی طرح سلطان عبدالمجید خان (1255-1277ھ) نے 21 فروری 1856ء کو ایک اہم اعلان جاری کیا کہ ٹھیکہ داروں کی وساطت سے جو ٹیکس وصول کئے جاتے تھے وہ ختم کئے جاتے ہیں اور آئندہ حکومت کے عہدہ دار ہی براہ راست ٹیکس وصول کریں گے۔(67)

امام ابو یوسف نے جزیہ کا محصول تجویز کرتے وقت ذمیوں کو معاشی لحاظ سے تین اقسام میں تقسیم کیا ہے۔ سلیمان ثانی (1099-1103ھ) نے بھی اپنے دور میں جزیہ کا محصول لیتے وقت آمدنی کے لحاظ سے تین طبقات قرار دیئے۔ یعنی طبقہ امراء، متوسط طبقہ اور ادنیٰ طبقہ۔(68)

(ج) سلاطین دہلی اور عہد مغلیہ کا مالیاتی نظام

ہندوستان میں سلطنت دہلی اور مغلیہ دور کے نظام محاصل پر نظر ڈالی جائے تو اس میں بھی امام ابو یوسف کے معاشی فکر کے اثرات نمایاں طور پر ملتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جمہور فقہاء کے برعکس امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ ایک ہی زمین پر عشر و خراج اکٹھے نہیں ہو سکتے۔ سلطان قطب الدین ایبک (1206-1210ء) نے اپنے عہد میں یہ فرمان جاری کیا تھا کہ جو زمینیں مسلمانوں کی مملوکہ ہیں ان پر عشر یا نصف عشر عائد کیا جائے اور اس کے علاوہ ان سے خراج وغیرہ کچھ نہ وصول کیا جائے۔ (69)

سلطان التمش (1210-1236ء) کے عہد کے سرکاری خطوط و دستاویزات کے مشہور مجموعہ "انشاء ماہرو" میں صاف طور پر یہ لکھا ہے کہ آراضی ہندو حالت سے خالی نہیں یا تو وہ خراجی ہوگی یا عشری۔ (70)

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں خراج وظیفہ کی بجائے خراج مقاسمہ کی سفارش کی ہے۔ سلطان علاؤالدین خلجی (1296-1316ء) نے خراج وظیفہ کے طریقے کو بدل کر خراج مقاسمہ کا طریقہ نافذ کیا۔ (71) یہ طریقہ یہاں بہت آسان اور قابل قبول ثابت ہوا' کیونکہ ہندو اپنی زمینوں کی پیداوار کو مختلف صورتوں میں حکومت کے ساتھ بانٹنے کے عادی تھے۔ وہ یہ بات تسلیم کرتے تھے کہ حکومت زرعی پیداوار کا ایک حصہ لینے کا حق رکھتی ہے۔ اس طرح شرع کے تقاضوں اور ہندو روایات میں آسانی سے مفاہمت پیدا کی جا سکتی تھی۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں ہارون الرشید کو یہ مشورہ دیا ہے کہ بیت المال سے محتاج اور بے سہارا لوگوں کے لئے وظائف مقرر کئے جائیں تاکہ انہیں بھیک مانگنے کی نوبت نہ آئے۔ صاحب مسالک الابصار کے بیان کے مطابق سلطان محمد تغلق (1325-1351ء) نے بھیک مانگنے پر مکمل پابندی عائد کی اور فقراء و بے سہارا لوگوں کے لئے سرکاری خزانہ سے روزینہ جاری کیا۔ (72)

امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ حاکم وہی ٹیکس عائد کرنے کا مجاز ہے جو شریعت سے ثابت ہیں۔ سلطان فیروز شاہ تغلق (1351-1388ء) کی بابت خاص طور سے مورخین یہ شہادت پیش کرتے ہیں کہ اس نے بیت المال کے وسائل کو ان محاصل تک ہی محدود رکھا جو شریعت سے ثابت تھے اور باقی دیگر محاصل کو یک قلم ممنوع قرار دیا۔ (73)

اس کے عہد میں خراج مقاسمہ کا طریقہ رائج تھا۔ اس نے خراج کی وصولی میں ہر طرح کی بے ضابطگیوں کو ممنوع قرار دیا تھا۔ اس نے عمال و محصلین خراج کے نام یہ فرمان جاری کیا کہ کاشتکار پر خراج کی وہ مقدار عائد کی جائے جسے وہ آسانی سے ادا کر سکیں۔ ان پر سختی نہ کی جائے اور نہ ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ ان پر ڈالا جائے۔ اس لئے کہ کسان ہی سرکاری خزانہ (Public Treasury) میں اضافہ کا ذریعہ بنتے ہیں۔ (74)

امام ابویوسف کا معاشی فکر یہ ہے کہ بیت المال کی آبادی ہی میں سلطنت کی معاشی ترقی مضمر ہے۔ سلطان فیروز شاہ نے خان جہاں کو وزیر مقرر کرتے وقت اس کی جو ذمہ داریاں یاد دلائیں ان میں نظم محاصل کی نگرانی اور حکومت کی آمدنی میں اضافہ کی تدبیر بھی شامل تھی اور اس کی وجہ یہ بیان کی کہ سلطنت کی تعمیر و ترقی بیت المال کی آبادی اور ذرائع آمدنی میں اضافہ سے منسلک ہے۔ (75)

toobaa-elibrary.blogspot.com

سلاطین دہلی کے عہد میں جزیہ کی تحصیل امام ابویوسف کی تجویز کردہ تین شرحوں کے مطابق ہوتی تھی۔ یعنی دولت مند طبقہ سے اڑتالیس تنکہ سالانہ، متوسط طبقہ سے چوبیس تنکہ سالانہ، ادنیٰ طبقہ سے بارہ تنکہ سالانہ۔

عورتیں، بچے، محتاج، اپاہج، بوڑھے، مذہبی پیشوا اور فوجی خدمات انجام دینے والے غیر مسلم جزیہ سے مستثنیٰ تھے۔ (76)

امام ابویوسف نے کاشتکاروں سے خراج کی بروقت وصولی پر بھی زور دیا ہے تاکہ کاشتکار اور ریاست دونوں کو نقصان نہ اٹھانا پڑے۔ سلاطین دہلی کے دور میں اس بات کا خاص خیال رکھا جاتا تھا کہ مالیے کی تشخیص کرنے والی جماعت کے انتظار میں کٹی ہوئی فصل کھلے میدان میں نہ پڑی رہے۔ (77)

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ ایسے تمام ترکے جن کا کوئی وارث نہ ہو بیت المال میں جمع کئے جائیں گے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ عہد مغلیہ میں بیت المال کے وسائل میں جس چیز کا سب سے زیادہ ذکر ملتا ہے وہ "لاوارث ترکے" ہیں۔ تمام مغل بادشاہوں کے زمانہ حکومت میں یہ مسلمہ اصول معمول بہ رہا ہے کہ اگر کوئی شخص بغیر کوئی شرعی وارث چھوڑے وفات پا جاتا تو اس کی جائیداد بیت المال کی ملک ہو جاتی۔ جلال الدین محمد اکبر (1556-1605ء) کے زمانہ میں اس سے متعلق جو قانون جاری کیا گیا تھا اس کی وضاحت معاصر مورخ بدایونی کے یہاں ان الفاظ میں ملتی ہے کہ اگر میت کا کوئی وارث نہ ہو تو اسے بیت المال میں داخل کیا جائے۔ (78) نورالدین محمد جہانگیر (1605-1627ء) نے تخت نشینی کے بعد جو بارہ مشہور ضوابط جاری کئے تھے ان میں ایک یہ بھی تھا کہ مسلم و غیر مسلم متوفی کی جائیداد اس کے ورثاء کے حوالے کر دی جائے اور لاوارث جائیداد سرکاری تحویل میں لی جائے۔ (79) اورنگ زیب عالمگیر (1658-1707ء) نے 1667ء میں اسی نوعیت کا حکم جاری کیا تھا۔ (80)

اورنگ زیب عالمگیر نے اپنے دور میں مفلس، اندھوں، اپاہجوں اور بوڑھے افراد جو کام کرنے کے قابل نہ ہوں۔ ان کو جزیہ کے محصول سے مستثنیٰ قرار دیا۔ (81)

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں غریب و نادار قیدیوں کی معاش کے بارے میں بھی فکر پیش کیا ہے۔ یعنی بیت المال سے ان کی خوراک اور لباس کا انتظام ہونا چاہیے۔ اور لاوارث قیدیوں کی تجہیز و تکفین بیت المال سے کی جائے۔ اورنگ زیب عالمگیر نے 1697ء میں قاضی ابوالفرح خاں کو احمد آباد کے صوبائی بیت المال کا امین (نگران) مقرر کرتے ہوئے قیدیوں کے بارے میں یہ حکم صادر فرمایا کہ سردی کے موسم میں ہر غریب قیدی کو بیت المال سے ایک قبا، ایک شلوار اور ایک ٹوپی فراہم کی جائے۔ اور گرمی کے دنوں میں ایک چادر، ایک شلوار اور ایک ٹوپی دی جائے۔ (82) اس کے دور میں یہ قانون بھی رائج تھا کہ اگر متوفی کے عزیز و اقارب میں کوئی زندہ نہ ہوتا تو مقامی قاضی اس کی تجہیز و تکفین کا انتظام کرتا تھا اور اس کے اخراجات بیت المال سے ادا کئے جاتے تھے۔ (83) امام ابویوسف نے بھی کتاب الخراج میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلیفہ کو یہی مشورہ دیا ہے۔

بیت المال کے مصارف کے بارے میں امام ابویوسف نے بنیادی اصول یہ پیش کیا ہے کہ یہ ادارہ خلیفہ کی ذاتی ملکیت نہیں کہ وہ اسے جس طرح چاہے استعمال کرے بلکہ یہ اس کے پاس قوم کی امانت ہے۔ اس کو عوام کی معاشی فلاح و بہبود کے کاموں ہی میں خرچ کرنا چاہیے۔ تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عہد وسطیٰ کے ہندوستان میں بیت المال کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود کے کاموں میں صرف کیا جاتا تھا۔ سلطان یا بادشاہ بیت المال میں بس اتنا ہی اپنا اختیار سمجھتے تھے جتنا کسی مال یا جائیداد پر اس کے امین یا نگران کا ہوتا ہے۔ سلاطین دہلی میں ناصرالدین محمود (1246-1266ء) کا واقعہ مشہور ہے کہ جب ان کی اہلیہ نے بیت المال سے گھر کے کام کاج کے لئے ایک خادمہ کی فراہمی کا مطالبہ کیا تو سلطان نے جواب دیا کہ بیت المال خدا کے بندوں کا حق ہے مجھے اس میں ذاتی تصرف کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ (84) دیگر سلاطین کی بھی ایسی متعدد مثالیں ملتی ہیں۔

امام ابویوسف نے اس بات پر زور دیا ہے کہ حکومت کو مختلف ذرائع سے جو کچھ آمدنی ہو اسے الگ الگ مدات میں خرچ کیا جائے۔ سلاطین دہلی اور عہد مغلیہ کی فقہی تالیفات میں یہ صراحت ملتی ہے کہ مختلف ذرائع سے جو محاصل اکٹھے کئے جاتے تھے انہیں الگ الگ مدات میں خرچ کیا جاتا تھا۔ بیت المال کی آمدنی کے چار شعبے قائم کئے گئے تھے اور ان میں سے ہر ایک کے مصارف علیحدہ ہوتے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

مُسلم ممالک کے قوانین میں آپ کے افکار کے اثرات

toobaa-elibrary.blogspot.com

(ا) مجلّہ الاحکام العدلیہ

یہ وہ دستاویز (Document) ہے جس میں خلافت عثمانیہ کے زمانے میں فقہاء کی ایک جماعت نے فقہ حنفی کی روشنی میں شریعت اسلامیہ کے قوانین کو دفعہ وار مرتب کر دیا۔ خلافت عثمانیہ کے زمانے میں اور اس کے بعد بھی ایک عرصہ تک ان ممالک میں جو خلافت عثمانیہ کے ماتحت رہ چکے تھے' مجلّہ الاحکام العدلیہ کے مطابق ملکی عدالتیں فیصلے کرتی رہیں۔

یہ مجلّہ 1851 دفعات پر مشتمل ہے جس میں ایک مقدمہ اور 16 ابواب ہیں۔ ان مسائل کا تعلق معاملات سے ہے۔ اس مجلّہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مرتبین نے امام ابویوسف کے افکار سے بہت استفادہ کیا ہے۔ یہاں چند ایسی مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

(1) امام ابویوسف کا نظریہ یہ ہے کہ زمان و مکان کے اختلاف اور حالات کی تبدیلی سے اجتہادات' احکام اور فتووں میں بھی تغیر و تبدل ہو جاتا ہے اور اس کا سبب علت یا عادت کی تبدیلی یا ضرورت و مصلحت کا تقاضا ہوتا ہے۔ امام ابویوسف کی اس رائے کو مجلّہ الاحکام العدلیہ میں اختیار کیا گیا ہے۔ اس میں یہ تصریح کی گئی ہے۔

لا ینکر تغیر الاحکام بتغیر الازمان(85)

"زمانے کی تبدیلیوں کی وجہ سے احکام میں تبدیلیاں کرنا کوئی معیوب اور ناپسندیدہ بات نہیں۔"

مجلّہ کی تدوین میں حصہ لینے والوں نے' اس دفعہ کی مزید تشریح ان الفاظ میں کی ہے۔

انه بتبدل الاعصار تتبدل المسائل التی یلزم بناوها علی العرف والعادة(86)

"جن مسئلوں کا دارومدار عرف و عادت پر ہوا کرتا ہے۔ وہ زمانے کی تبدیلیوں کی وجہ سے بدل جایا کرتے ہیں۔"

(2) متعاقدین کی نیت کی تشریح میں امام ابویوسف' امام ابوحنیفہ سے اختلاف کرتے ہوئے یہ رائے رکھتے ہیں کہ اگر کسی معاملہ میں حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تعارض پیدا ہو جائے اور مجازی معنی کا استعمال عرفاً" عام اور مشہور ہو تو مجازی معنی کو حقیقی معنی پر ترجیح دی جائے گی۔ امام ابویوسف کے اس قول کو مجلّہ میں قاعدہ کلیہ کے طور پر ذکر کیا گیا ہے۔

الحقیقة تترک بدلالة العادة(87)

"عادت کی دلالت کی بناء پر حقیقت کو ترک کر دیا جائے گا۔"

(3) خرید و فروخت کے معاملات میں مسئلہ خیار شرط (Stipulation for option) کی بحث میں امام ابویوسف کی رائے کو بہتر سمجھتے ہوئے مجلّہ کے مرتبین نے تین دن کی قید کا ذکر نہیں کیا۔ اس میں لکھا ہے۔

یجوز ان یشرط الخیار بفسخ المبیع او اجازته مدة معلومة لکل من البائع والمشتری او لاحدهما دون الآخر(88)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"کسی معاملہ بیع میں یہ شرط کرلینا جائز ہے کہ بائع اور مشتری کو یا دونوں کو ایک معین و معلوم مدت کے اندر اس معاملہ کے باقی رکھنے یا توڑ دینے کا اختیار حاصل ہو گا۔"

(4) سفیہ پر حجر کے بارے میں امام ابویوسف کی یہ رائے ہے کہ حجر قاضی کے عائد کرنے سے ہوتا ہے۔ مجلّہ میں امام ابویوسف کی اس رائے کو اختیار کیا گیا ہے۔

للحاکم ان یحجر علی السفیہ(89)

"حاکم (قاضی) کے لئے سفیہ پر حجر لگانا درست ہے۔"

مقرض پر حجر کرنے کے بارے میں بھی امام ابویوسف کی رائے کو اختیار کیا گیا ہے۔ مجلّہ میں ہے۔

للحاکم ان یحجر علی المدیون بطلب الغرماء (90)

"حاکم کو یہ اختیار حاصل ہے کہ قرض خواہوں کی درخواست پر کسی قرضدار کو مجور قرار دے۔"

امام ابویوسف کہتے ہیں کہ جب قاضی کسی پر حجر عائد کرے تو اس کا سبب بیان کرے اور لوگوں کے سامنے اس کی تشہیر بھی کرائے۔ مجلّہ میں اس کو اختیار کیا گیا ہے۔

اذا حجر السفیہ والمدیون من طرف الحاکم یشھد و یعلن الناس ببیان سببہ(91)

"اگر کوئی سفیہ یا مدیون حاکم کی جانب سے مجور قرار دیا جائے تو یہ لازمی ہے کہ اس کا سبب خاص بتایا جائے اس کا اعلان بھی کر دیا جائے اور اظہار عام بھی ہو جائے۔"

(5) امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ کسی شخص کو اس کی ذاتی ملکیت میں استعمال سے اس وقت روک دیا جائے گا جب اس کے پڑوسی کو سنگین قسم کا نقصان پہنچ رہا ہو۔ مجلّہ کے مرتبین نے آپ کی اس رائے کو اختیار کرتے ہوئے لکھا ہے۔

لا یمنع احد من التصرف فی ملکہ ابدا الا اذا کان ضررہ لغیرہ فاحشا(92)

"کسی شخص کو اس کی ملکیت میں تصرف سے کبھی بھی روکا نہیں جا سکتا بجز اس صورت کے جس میں اس کے تصرف سے دوسرے کو شدید قسم کا نقصان پہنچتا ہو۔"

آگے چل کر یہ بھی تصریح کی گئی ہے کہ سنگین قسم کے نقصان کو جس طرح ممکن ہو گا ختم کیا جائے گا۔ مجلّہ میں یہ الفاظ ملتے ہیں۔

یدفع الضرر الفاحش بای وجہ کان(93)

امام ابویوسف کے اس استحسان کی بنیاد اس قاعدہ کلیہ پر ہے جس کا ذکر مجلّہ میں ان الفاظ کے ساتھ کیا گیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

درء المفاسد اولی من جلب المنافع (94)

"دفع مفاسد جلب منافع سے زیادہ ضروری اور اہم ہے۔"

(6) امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں موات (بنجر و غیر آباد) زمینوں کی جو تعریف کی ہے' مجلّہ میں اسی کو ایک دفعہ کی صورت میں بیان کیا گیا ہے۔

الاراضی الموات هی الاراضی التی لیست ملکا لاحد و لا هی مرعی و لا محتطبا لقصبة او قریة و هی بعیدة عن اقصی العمران یعنی ان جهیر الصوت لوصاح من اقصی الدور التی فی طرف تلک القصبة او القریة لا یسمع منها صوته(95)

"موات زمینوں سے مراد ایسی زمینیں ہیں جو نہ کسی کی ملک میں ہوں نہ کسی شہر یا گاؤں کے باشندے انہیں چراگاہ کے طور پر یا ایندھن حاصل کرنے کے لئے استعمال کرتے ہوں اور جو آبادی کی آخری حد سے کم از کم اتنے فاصلے پر واقع ہوں کہ ایک بلند آواز آدمی اگر وہاں کھڑا ہو کر پوری قوت سے چلائے تو بھی وہاں نہ سنائی دے۔"

(7) اجیر مشترک (Common Employee) سے اگر کوئی چیز ضائع ہو جائے' تو امام ابویوسف کے نزدیک اس سے تاوان لیا جائے گا۔ مجلّہ میں اس کو اختیار کیا گیا ہے۔

الاجیر المشترک یضمن الضرر والخسار الذی تولد عن فعله و صنعه(96)

"اجیر مشترک اس نقصان اور گھاٹے کا تاوان دے گا جو اس کے کام اور عمل سے رونما ہوا۔"

(8) امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ اجرت محض عقد اجارہ سے واجب نہیں ہوتی۔ مجلّہ کی ایک دفعہ اسی کے مطابق تحریر کی گئی ہے۔

لا تلزم الاجرة بالعقد المطلق (97)

(9) امام ابویوسف کہتے ہیں کہ اگر غاصب کے پاس غصب شدہ مال ضائع ہو جائے تو اس پر ضمان واجب ہو گا اور قیمت کا اعتبار اس دن کی قیمت کے مطابق ہو گا جب مال غصب کیا گیا تھا۔ سلیم رستم باز اللبنانی "شرح المجلہ" میں لکھتے ہیں۔

و اختار صاحب النهایة قول ابی یوسف لانه اعدل الاقوال(98)

"اور صاحب نہایہ نے ابویوسف کا قول اختیار کیا ہے' اس لئے کہ یہ سب سے زیادہ انصاف پر مبنی قول ہے۔"

(10) امام ابویوسف کے معاشی فکر کی رو سے ہر انسان کے لئے اپنے حقوق کا استعمال کرنا جائز ہے اور مجرد اس استعمال سے تاوان و ضمان عائد نہیں ہو سکتا۔ مجلّہ میں اس کو اختیار کیا گیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

الجواز الشرعی ینافی الضمان مثلا لو حفر انسان فی ملکه بئرا فوقع فیها حیوان رجل و هلک لا یضمن حافر البئر شیئا(99)

"اگر کوئی چیز شرعاً جائز ہو تو اس کے کرنے میں کوئی تاوان نہیں عائد ہو گا مثلاً اگر کوئی انسان اپنی ملکیت کی زمین میں کوئی کنواں کھودے اور اس میں کسی آدمی کا جانور گر کر ہلاک ہو جائے تو کنواں کھودنے والے کو کوئی تاوان نہیں دینا پڑے گا۔"

اس کی وجہ یہ ہے کہ کنواں کھودنے والے نے ایسا کام کیا تھا جو شرعاً" جائز تھا۔ اس شرعی جواز نے اس کو اس نقصان کی ذمہ داری سے جو حیوان کے کنوئیں میں گر کر ہلاک ہونے سے ہوا ہے بری کر دیا۔

(11) مجلّہ کی اس دفعہ پر بھی ابو یوسف کے معاشی فکر کا اثر ظاہر ہے۔

لا یجوز لاحد ان یاخذ مال احد بلا سبب شرعی(100)

"کسی کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی کا مال کسی شرعی سبب کے بغیر لے۔"

(12) غلہ کے کسی ڈھیر کی فروخت اگر اس طرح ہو کہ ہر مد اتنی قیمت میں فروخت کیا تو امام ابو یوسف کے نزدیک اس کا اطلاق تمام ڈھیر پر ہو جائے گا' چاہے وہ کتنے مد ہو۔ خریدار مقررہ نرخ فی مد کے حساب سے قیمت کی ادائیگی کے بعد تمام غلہ حاصل کرے گا۔ مجلّہ میں امام ابو یوسف کی اس رائے کو اختیار کیا گیا ہے۔

بیع المقدرات صفقة واحدة مع بیان ثمن کل فرد و قسم منها صحیح' مثلا لو باع صبرة حنطة او وسق سفینة من حطب او قطیع غنم او قطعة من جوخ علی ان کل کیل من الحنطة او قنطار من الحطب او راس من الغنم او ذراع من الجوخ بکذا صح البیع(101)

"ناپی' تولی' اور گنی جانے والی اشیاء کو قسم بیان کر کے اور ہر ایک کی قیمت بیان کر کے فروخت کرنا جائز ہے مثلاً اگر کسی نے گیہوں کا ایک ڈھیر فروخت کیا' یا ایک کشتی بھر لکڑی فروخت کی' یا بکریوں کا ایک ریوڑ فروخت کیا یا کھادی کا ایک تھان فروخت کیا اور بات یہ کی کہ گیہوں فی من یہ دام ہو گا' لکڑی فی گانٹھ یہ دام ہو گی' بکری فی راس یہ دام ہو گی' کھادی فی گز اس دام پر ہو گی تو یہ بیع صحیح ہو گی۔"

(13) مجلّہ کی دفعہ 392 بھی امام ابو یوسف کے معاشی فکر سے ماخوذ ہے۔

اذا انعقد الاستصناع فلیس لاحد العاقدین الرجوع و اذا لم یکن المصنوع علی الاوصاف المطلوبة المبینة" کان المستصنع مخیرا(102)

"جب معاملہ بیع استصناع ہو گیا تو کسی فریق کو اس سے رد گردانی کا حق حاصل نہیں۔ البتہ اگر مطلوبہ شے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس طرح کی نہ ہوئی جیسی کہ معاملہ میں بیان کی گئی تھی تو صاحب فرمائش کو فسخ معاملہ کا حق حاصل ہو گا۔"

(ب) دیگر ممالک کے قوانین

(1) سفیہ (کم عقل شخص) پر حجر کرنے کے بارے' مصر کے دیوانی قانون میں امام ابویوسف کی رائے کو اختیار کیا گیا ہے۔ چنانچہ یہ تصریح کی گئی ہے کہ سفیہ پر پابندی عدالت کے حکم ہی سے لگائی جائے گی اور عدالت کے حکم سے یہ پابندی اٹھائی جائے گی۔(103)

عراق کے دیوانی قانون میں بھی امام ابویوسف کی رائے کو اختیار کیا گیا ہے۔ دیوانی قانون کی دفعہ 95 کے مطابق ذاتی طور پر محض سفاہت ہی کی وجہ سے پابندی عائد نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے جو عدالت مخصوص ہے اس کا فیصلہ بھی ضروری ہے۔(104)

(2) وقف مشاع کے مسئلہ میں 1946ء تک مصر میں امام ابویوسف کی رائے کے مطابق عمل ہوتا رہا۔(105)

(3) مصر کے قانون میں اس امر کی تصریح کر دی گئی ہے کہ حمل کے لئے لڑکے یا لڑکی کا' دونوں کے حصوں میں جو زیادہ ہو وہ حصہ روکا جائے گا۔(106)

یہی قانون شام اور تیونس میں بھی رائج ہے۔(107)

(4) مصر کے قانون المواریث کے تحت خنثی مشکل کی یہ تعریف کی گئی ہے "خنثی مشکل وہ ہے جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وہ مرد ہے یا عورت اس کے لئے مرد یا عورت دونوں کے حصہ میں جو بھی کم ہو دیا جائے گا۔(108)

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) حاجی خلیفہ، کشف الظنون 2/ 1415

(2) دیکھئے، ابن الندیم، الفہرست، 60، 61، 112، 143، 144، 145، 150، 151، 154، 208، 258، 259، 283، 303، 304

(3) ایضاً/ 283

(4) حاجی خلیفہ، کشف الظنون 2/ 1415

ابن الندیم، الفہرست/ 258

الزرکلی، الاعلام 2/ 191

(5) ابن الندیم، الفہرست/ 112

(6) ایضاً/ 150

(7) ایضاً/ 60، 61

(8) ابن الندیم، الفہرست/ 208

(9) A. Ben shemesh " Taxation in Islam." 1/4

(10) ابن الندیم، الفہرست/ 259

الزرکلی، الاعلام 1/ 185

(11) ابن الندیم، الفہرست/ 303، 304

(12) حاجی خلیفہ، کشف الظنون 2/ 1415، ابن الندیم، الفہرست/ 150

(13) ابن الندیم، الفہرست/ 145، کحالہ = معجم المولفین 6/ 237

(14) ابن الندیم، الفہرست/ 144، الزرکلی، الاعلام 5/ 191

(15) ابن الندیم، الفہرست/ 150، حاجی خلیفہ، کشف الظنون 2/ 1415

(16) ابن الندیم، الفہرست/ 145

(17) کحالہ، معجم المولفین 5/ 164، ابن الندیم، الفہرست/ 143

(18) ابن الندیم، الفہرست/ 154

(19) کحالہ = معجم المولفین 2/ 239، ابن الندیم، الفہرست، 151

(20) Shemesh, A. Ben "Taxation in Islam." 1/6

(21) یاقوت، معجم الادباء 5/ 225

(22) ابن الندیم، الفہرست/ 151

(23) حاجی خلیفہ، کشف الظنون 2/ 1415

(24) ابن رجب، ابو الفرج عبد الرحمٰن بن احمد، الاستخراج لاحکام الخراج، بیروت دار الکتب العلمیہ، الطبعۃ الاولیٰ 1405ھ

(25) ابن الندیم، الفہرست/ 143

toobaa-elibrary.blogspot.com

(26) بزرک الطهرانی، محمد محسن "الذریعة الی تصانیف الشیعة" طهران - الطبعة الاولی 1367ھ / 1948ء-7 / 144، 145

(27) الرفاعی، عبدالجبار، "فهرست الاقتصاد الاسلامی باللغة العربیة" مجلة التوحید قط نمبر6، ص160

(28) ابن الندیم، الفہرست / 78

(29) الرحبی، فقه الملوک 1 / 8

فواد سید، فهرس المخطوطات المصورة / 547، 548

الزرکلی، الاعلام 2 / 283

(30) الولیلی، ابراهیم، من رواد الاقتصاد الاسلامی (حمید بن زنجویة) مجلة الاقتصاد الاسلامی (الامارات العربیه) / 275

(31) فواد سید، فهرس المخطوطات المصورة / 547، 548

الرحبی، فقه الملوک 1 / 8

ابو جعفر الداؤدی المالکی کی تصنیف کتاب الاموال کا ایک نادر نسخہ میڈرڈ (اسپین) کی اسکیوریل لائبریری میں محفوظ ہے۔ اس کا نمبر1165 ہے۔ اس کی مائکرو فلم، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد کی لائبریری میں ہے۔

(32) ابن الندیم، الفہرست، / 113، 114

(33) الولیلی، ابراهیم، من رواد الاقتصاد الاسلامی (حمید بن زنجویه) مجلة الاقتصاد الاسلامی (الامارات العربیه / 275)

(34) دیکھئے، الشافعی، الام 7 / 357

(35) دیکھئے، ابن خرداذبه، المسالک والممالک، لیڈن، مطبع بریل، 1306ھ

(36) دیکھئے، الماوردی، الاحکام السلطانیه

(37) دیکھئے، ابو یعلی، الاحکام السلطانیه 153 — 187

(38) دیکھئے، الجهشیاری، الوزراء، 23، 51، 142، 281 — 288

(39) دیکھئے، المقریزی، الخطط 1 / 175 — 179

(40) حسن ابراهیم حسن، تاریخ الاسلام، 2 / 302، 303

(41) حسام السامرائی، الدکتور، السیاسة الزراعیة للدولة العباسیة (خلال القرن الثالث الهجری) مجلة کلیة الامام الاعظم، بغداد، مطبعة العانی، العدد الثانی 1394ھ / 142

(42) الجهشیاری، الوزراء / 177

(43) *Mohammad Abdul Jabbar Beg, Dr, "Agricultural and Irrigation Labourers in social and Economic life of "Iraq" during the Umayyad and Abbasid caliphates" P. 27*

(44) السامرائی، حسام الدین، دراسات فی الاقتصاد الزراعی للدولة العباسیة (حتی نهایة القرن

toobaa-elibrary.blogspot.com

الثالث الهجری) مجلة البحث العلمی والتراث الاسلامی' مکه مکرمه 1402ھ / 366

(45) کرغلہ کا ایک پیمانہ تھا اور عراق میں استعمال ہوتا تھا۔

(46) قدامة بن جعفر' نبذ من کتاب الخراج و صنعة الکتابة لیدن' مطبع بریل 1306ھ / 243
ابن خرداذبه' المسالک والممالک / 34'35
جمیل الرحمٰن' سلطنت اسلام کا خراج انتہائے عروج کے زمانہ میں' ماہنامہ معارف (اعظم گڑھ) جولائی 1920ء / 44 تا 47

(47) رفاعی' احمد فرید' عصر المامون' القاهرة' مطبعة دار الکتب المصریة الطبعة الثانیة 1346ھ - / 326'327

(48) صبحی الصالح' الدکتور' النظم الاسلامیة / 388

(49) جرجی زیدان' جرجی بن حبیب' تاریخ التمدن الاسلامی' بیروت' دار مکتبة الحیاة / 337

(50) ابن اثیر' الکامل' 5 / 132'133
الطبری' تاریخ' 8 / 353
العزاوی' المحامی عباس' تاریخ الضرائب العراقیة (من صدر الاسلام الی آخر العهد العثمانی) بغداد = شرکة التجارة والطباعة' 1958 / 19

(51) الطبری' تاریخ' 8 / 331

(52) آدم متز' (نقله الی العربیة محمد عبدالهادی ابوریده) الحضارة الاسلامیة فی القرن الرابع الهجری' القاهره' مکتبة الخانجی' 1 / 101

(53) العجلانی' منیر الدکتور' عبقریة الاسلام فی اصول الحکم' بیروت' دار النفائس' الطبعة الاولی 1405ھ / 290

(54) الجهشیاری' کتاب الوزراء' 254' المقریزی' الخطط' 1 / 144

(55) المقریزی' الخطط' 1 / 149

(56) اردو دائرہ معارف اسلامیہ' 16 / 1' آرٹیکل "قبالہ"

(57) الریس' الخراج / 427'444

(58) ابن الاثیر' الکامل' 5 / 196

(59) الخطیب' تاریخ' 14 / 9

(60) السامرائی' حسام الدین' دراسات فی الاقتصاد الزراعی للدولة العباسیة (حتی نهایة القرن الثالث الهجری) مجلة البحث العلمی والتراث الاسلامی' مکه مکرمه 1402ھ' العدد الخامس / 362' 364

(61) الطبری' تاریخ' 245ھ کے واقعات
ابن الاثیر' الکامل' 5 / 298

(62) دیکھئے' الصابی' ابوالحسن الهلال بن المحسن بن ابراهیم الکاتب' کتاب تحفة الامراء فی

toobaa-elibrary.blogspot.com

تاریخ الوزراء بیروت' مطبعۃ الآباء الیسوعیین' 1904ء / 256'257

(63) ایضاً" / معین الدین ندوی، تاریخ اسلام 295/2

(64) الدوری' عبدالعزیز' تاریخ العراق الاقتصادی فی القرن الرابع الہجری' بغداد' مطبعۃ المعارف / 196

(65) ابو یعلی' قاضی محمد بن الحسین الفراء' الاحکام السلطانیۃ' مصر' شرکۃ مکتبۃ و مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی' الطبعۃ الثانیۃ 1386ھ / 158 (ایک ایڈیشن کے مطابق صفحہ 174 ہے)

(66) عزیر' محمد

دولت عثمانیہ' اعظم گڑھ' معارف پریس' 1362ھ-1 / 447

(67) ایضاً" 2 / 90

(68) ایضاً" 1 / 311

(69) فخر مدبر' تاریخ فخر الدین مبارک شاہ (تصحیح سر ڈینی سن راس) لندن' 1927ء ص 33'34

(70) عین الدین ماہرو' انشاء ماہرو (تصحیح پروفیسر عبدالرشید) لاہور' 1965 مکتوب نمبر 28' ص 63

(71) محمد شفیع' مفتی' اسلام کا نظام اراضی' کراچی' دارالاشاعت' ایڈیشن' سوم' اپریل 1979ء / 85

(72) العمری' شہاب الدین' مسالک الابصار' علی گڑھ 1943 / 39 السمرقندی' یحییٰ بن احمد بن عبداللہ' تاریخ مبارک شاہی (تصحیح' محمد ہدایت حسین) کلکتہ' ایشیاٹک سوسائٹی' 1931ء / 143

(73) عفیف' شمس سراج' تاریخ فیروز شاہی' (تصحیح مولوی ولایت) کلکتہ' ایشیاٹک سوسائٹی' 1891ء / 278'279

فیروز شاہ' سلطان' فتوحات فیروز شاہی' (تصحیح' شیخ عبدالرشید) علی گڑھ' مسلم یونیورسٹی 1954 / 5'6

(74) برنی' ضیاء الدین' تاریخ فیروز شاہی' کلکتہ 1862 / 574

(75) ماہرو' انشاء' منشور نمبر 2' ص 9

(76) اشتیاق حسین قریشی' ضریبہ' ہندوستان (سلطنت دہلی) اردو دائرہ معارف اسلامیہ' 12 / 340

علی الکوفی' بن حامد' فتح نامہ سند المعروف بہ پچنامہ (تصحیح' عمر بن محمد داؤد پوتہ) حیدر آباد دکن' مجلس مخطوطات فارسیہ' 1358ھ / 208'209

(77) اشتیاق حسین قریشی' ضریبہ' ہندوستان (سلطنت دہلی) اردو دائرہ معارف اسلامیہ 12 / 341

(78) بدایونی' عبدالقدر بن ملوک شاہ "منتخب التواریخ" (تصحیح ولیم ناسولیس و منشی احمد علی) کلکتہ' 1865-2 / 391

(79) جہانگیر' نورالدین' تزک جہانگیری (ترجمہ مولوی احمد علی رام پوری)' لاہور' سنگ میل پبلی کیشنز' 42

(80) علی محمد' محمد حسن مرزا' مرات احمدی (تصحیح و حاشیہ سید نواب علی) کلکتہ' بپسٹ میشن پریس' 1928'1 / 267

(81) ایضاً" 1 / 314

(82) علی محمد' مرات احمدی 1 / 340

(83) ایضاً"

(84) بدایونی' منتخب التواریخ' 1 / 90

(85) مجلۃ الاحکام العدلیۃ' دفعہ / 39

toobaa-elibrary.blogspot.com

(86) صبحی محمصانی' فلسفة التشریع فی الاسلام/ 160

(87) مجلة الاحکام العدلیة' دفعه/ 40

(88) ایضاً' دفعه/ 300

(89) ایضاً' دفعه/ 958

(90) ایضاً' دفعه/ 959

(91) ایضاً' دفعه/ 961

(92) ایضاً' دفعه/ 1197

(93) ایضاً' دفعه/ 1200

(94) ایضاً' دفعه/ 30

(95) ایضاً' دفعه/ 1270

(96) ایضاً' دفعه/ 611

(97) ایضاً' دفعه/ 466

(98) سلیم رستم باز اللبنانی' شرح المجلة' بیروت' دار احیاء التراث العربی' طبعة ثالثة ص 490

(99) مجلة الاحکام العدلیة' دفعه/ 91

(100) ایضاً' دفعه/ 97

(101) ایضاً' دفعه=220

(102) ایضاً' دفعه/ 392

(103) زیدان' عبدالکریم الدکتور' الوجیز فی اصول الفقه (مترجم' ڈاکٹر احمد حسن)/ 150

(104) ایضاً'/ 149

(105) ابوزهرة' محمد بن احمد' محاضرات فی الوقف' دارالفکر العربی/ 102

(106) بدران' ابوالعینین بدران' احکام الترکات والمواریث فی الشریعة الاسلامیة والقانون' مصر' دار المعارف' الطبعة الاولی 1964ء/ 296 بحوالہ قانون المواریث' مصر 77' بابت 1943ء' دفعہ 42

(107) تنزیل الرحمٰن' مجموعہ قوانین اسلام 5/ 1875' 1876 بحوالہ قانون الاحوال الشخصیہ' شام 1953ء' دفعہ 299
مجلۃ الاحوال الشخصیہ تیونس' 1956' دفعہ 147

(108) تنزیل الرحمٰن' مجموعہ قوانین اسلام 5/ 1889 بحوالہ قانون المواریث مصر' نمبر 77 بابت 1943ء دفعہ/ 46

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب ششم

امام ابو یوسف اور ممتاز ماہرینِ معاشیات

ـــــــ ایک تقابلی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں مالیات عامہ کے بارے میں جو فکر پیش کیا ہے' اس کا موازنہ ہم مسلم اور غیر مسلم مغربی ماہرین معاشیات کے ساتھ کر سکتے ہیں۔

ایک سرسری جائزہ سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ مالیات عامہ کا جو جامع تصور امام ابویوسف نے پیش کیا ہے۔ وہ صدیوں بعد کسی مغربی ماہر معاشیات کے فکر میں نہیں ملتا۔

امام ابویوسف نے "معاشی عدل" کا جو بہترین اصول پیش کیا ہے' اس سے ان کے فکر کی اہمیت و افادیت بڑھ گئی ہے۔

مسلم و غیر مسلم مغربی ماہرین معاشیات کی فہرست تو طویل ہے اور ان سب کے فکر کا تقابلی جائزہ پیش کرنا بے جا طوالت کا باعث ہو گا اس لئے راقم نے ابویوسف کے معاشی فکر کے ساتھ تقابلی جائزہ پیش کرنے کے لئے درج ذیل ماہرین معاشیات کا انتخاب کیا ہے۔ اس باب میں صرف ان ماہرین کے ساتھ ابویوسف کا تقابلی جائزہ پیش کیا جائے گا۔

یحییٰ بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء)

ابوعبید القاسم بن سلام (م 224ھ / 838ء)

قدامہ بن جعفر (م 337ھ / 948ء)

علی بن احمد' ابن حزم (م 456ھ / 1064ء)

ابوحامد محمد بن محمد' الغزالی (م 505ھ / 1111ء)

عبدالرحمٰن بن محمد' ابن خلدون (م 808ھ / 1406ء)

ایڈم سمتھ (م 1790ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

یحییٰ بن آدم القرشی

آپ کی ولادت کوفہ میں 140ھ یا اس کے کچھ قبل یا بعد ہوئی۔ آپ کے شاگردوں کی فہرست میں احمد بن حنبل (م 241ھ / 855ء)، اسحاق بن راہویہ (م 238ھ / 852ء) اور یحییٰ بن معین (م 233ھ / 847ء) ایسے ائمہ کے نام بھی شامل ہیں۔ سلیمان بن الاشعث، ابوداود (م 275ھ / 889ء)، احمد بن علی، النسائی (م 303ھ / 916ء) ابو عبداللہ محمد ابن سعد (م 230ھ. 844ء) اور ابو حاتم محمد ابن حبان (م 354ھ / 965ء) ان کی ثقاہت کی شہادت دینے والوں میں شامل ہیں آپ نے 15 ربیع الاول 203ھ کو فم الصلح(1) کے مقام پر وفات پائی۔

حالات زندگی کے لئے دیکھئے۔(2)

کتاب الخراج

معاشیات پر ان کی تالیف کا نام کتاب الخراج ہے۔ جو 185 صفحات پر مشتمل ہے۔ بہت سے مسائل میں وہ اپنے شیوخ سے سوال و جواب کرتے ہیں۔ کتاب چار اجزاء میں منقسم ہے۔ اس کتاب کو سب سے پہلے ایک فرانسیسی مستشرق جوینبول (W Juynboll) نے اپنی تصحیح و تعلیق سے 1896ء (1314ھ) میں لیڈن سے شائع کیا۔ اس کے بعد مصر کے مشہور محقق استاد ابوالاشبال احمد محمد شاکر نے اس کی تصحیح و تعلیق کی۔ جوینبول کی تحقیق میں جو خامیاں رہ گئی تھیں ان کی تصحیح کی۔ اس نسخہ کو مطبعہ سلفیہ قاہرہ نے 1928ء (1347ھ) میں شائع کیا۔ یہ ایڈیشن بہت ہی مفید حواشی اور آخر میں متعدد انڈکس (اشاریے) پر مشتمل ہے۔ پاکستان میں اسے المکتبۃ العلمیۃ لاہور نے شائع کیا ہے۔

تقابلی جائزہ

خراج کے موضوع پر امام ابویوسف اور یحییٰ بن آدم القرشی کی کتب کا مطالعہ کرنے کے بعد چند واضح حقائق کی بنیاد پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایک ماہر معاشیات کی حیثیت سے امام ابویوسف کا مقام بہت بلند ہے۔

(1) یحییٰ بن آدم کا طرز تصنیف یہ ہے کہ انہوں نے خراج کے مختلف مسائل سے متعلق احادیث و آثار کو اپنی سند کے ساتھ جمع کر دیا ہے۔ ان احادیث و آثار پر فقیہانہ غور و فکر کر کے اجتہاد و استنباط کا کام بہت ہی کم کیا ہے۔ وہ بحث و تنقید کے بعد کسی ایک رائے کو ترجیح نہیں دیتے۔ لیکن امام ابویوسف ہر عنوان کے تحت جزئیات اور بہت سے مجتہدانہ نکات پیش کرتے ہیں۔

(2) یحییٰ بن آدم کی کتاب الخراج، ابویوسف کی کتاب الخراج کے مقابلے میں بہت مختصر ہے۔ ابویوسف کی کتاب میں 38

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابواب اور یحییٰ بن آدم کی کتاب میں 33 ابواب ہیں۔ یحییٰ کی کتاب صرف ایک علمی تصنیف ہے جس میں زیادہ وسعت نہیں پائی جاتی۔ انہوں نے اپنی کتاب میں زکوٰۃ و عشر' خراج و جزیہ' غنیمت' فئے اور زمین کے متعلق چند مسائل بیان کرنے پر ہی اکتفا کیا ہے اور وہ بھی نہایت مختصر انداز میں۔ مثلاً وہ زکوٰۃ پر بحث کرتے ہیں لیکن زکوٰۃ کے مصارف کے بارے میں وہ گفتگو نہیں کرتے۔ اسی طرح دریا سے حاصل کی ہوئی اشیاء کے بارے میں بھی بحث نہیں کرتے۔

لیکن امام ابویوسف نے اپنی کتاب ایک اسلامی مملکت کے سربراہ کے حکم کی تعمیل میں اور ایک اعلیٰ منصب پر فائز ہو کر تحریر کی تھی اس لئے انہوں نے اس میں مذکورہ بالا امور کے علاوہ بہت سے دیگر مالی و انتظامی امور کا بھی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی لکھتے ہیں۔

> "جن مسائل پر ان دونوں کتابوں میں گفتگو کی گئی ہے ان میں سے اکثر میں ابویوسف کے یہاں زیادہ تفصیل اور وضاحت ملتی ہے۔ چنانچہ معادن پر زکوٰۃ اور اس خراجی زمین کے محصول کے بارے میں جسے کوئی مسلمان خریدے' ابویوسف کی بحث یحییٰ کی بحث سے زیادہ واضح اور جامع ہے۔ یہی حال زکوٰۃ کے لئے پیداوار کی کم سے کم مقدار کے مسئلہ کا ہے۔ چراگاہوں سے متعلق مسائل کے ضمن میں بھی ابویوسف کے یہاں بعض ایسے مسائل سے تعرض کیا گیا ہے جن کا یحییٰ نے کوئی ذکر نہیں کیا ہے۔" (3)

(3) یحییٰ بن آدم کی کتاب الخراج علماء کے نزدیک وہ مقام حاصل نہیں کر سکی جو امام ابویوسف کی کتاب الخراج کو حاصل ہے۔ مسلم بن حجاج قشیری (م 261ھ / 875ء)' محمد بن یزید' ابن ماجہ (م 273ھ / 886ء)' سلیمان بن الاشعث' ابوداود (م 275ھ / 889ء)' احمد بن یحییٰ البلاذری (م 279ھ / 892ء)' یحییٰ بن شرف' النووی (م 676ھ / 1277ء) اور احمد بن علی' ابن حجر (م 852ھ / 1449ء) وغیرہ نے متعدد جگہ یحییٰ کی روایات اور ان کے اقوال اپنی اپنی کتابوں میں نقل کئے ہیں لیکن ان میں سے کسی نے بھی کتاب الخراج کا ذکر نہیں کیا۔ اور نہ کسی جگہ اس کا حوالہ دیا ہے۔ اس کے مقابلے میں امام ابویوسف کی کتاب الخراج کو تاریخ کے ہر دور میں متقدمین و متاخرین ائمہ کے ہاں ایک خاص درجہ حاصل رہا ہے۔ حدیث' فقہ اور اسلامی معاشیات پر لکھی گئی اکثر کتب میں ابویوسف کی کتاب الخراج کا ذکر کیا گیا ہے۔

(4) یحییٰ بن آدم پر امام ابویوسف کی فوقیت کی ایک بڑی اور اہم وجہ یہ بھی ہے کہ آپ نے کتاب الخراج میں اس دور کے معاشی مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے ان کے حل کے لئے علمی تجاویز بھی دی ہیں۔ ان تجاویز کو راقم نے باب "ابویوسف کے معاشی افکار و نظریات" میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ دونوں ماہرین معاشیات کے مابین اس نمایاں فرق کی وجہ ہمیں یہ نظر آتی ہے کہ ابویوسف کا بڑا مقصد یہ تھا کہ اس بارے میں خلیفہ کی راہنمائی کی جائے کہ ایک عظیم سلطنت کے مالیاتی نظام کو کس طرح احسن طریقہ سے چلایا جا سکتا ہے؟ کون سے امور اصلاح طلب ہیں؟ عوام کا معیار زندگی کس

toobaa-elibrary.blogspot.com

طرح بلند کیا جاسکتا ہے اور ملک کو معاشی لحاظ سے کس طرح مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔

یحییٰ بن آدم نے اپنی کتاب الخراج میں ایسی معاشی اصلاحات کا کوئی ذکر نہیں کیا اور نہ ہی ان کے سامنے ایسا کوئی مقصد تھا۔ امام ابویوسف کے معاشی افکار کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے انسانی زندگی کے انتہائی باریک اور پیچیدہ مسائل پر گفتگو کی ہے اور یہی حقیقت ان کو اعلیٰ معاشی مقام پر فائز کرتی ہے۔

تاہم یحییٰ بن آدم کی کتاب میں کچھ خوبیاں بھی ہیں جن کا ذکر ضروری ہے۔

(1) امام ابویوسف نے اپنی کتاب میں بعض مباحث کو ضمناً بیان کیا ہے لیکن یحییٰ بن آدم نے ان کے مستقل ابواب قائم کئے ہیں۔ مثلاً تحجیر، شراب کی تجارت پر ذمیوں سے ٹیکس، سبزیوں پر زکوٰۃ وغیرہ۔

(2) امام ابویوسف کی کتاب میں اگرچہ جزئیات اور متنوع مسائل زیادہ ہیں لیکن پوری کتاب تقریباً تمام تر حنفی مسلک کے مسائل تک محدود ہے۔ اس کے مقابلہ میں یحییٰ بن آدم کا طرز تصنیف چونکہ محدثانہ ہے۔ اس لئے وہ ہر عنوان کے تحت مختلف احادیث و آثار و اقوال نقل کردیتے ہیں اور اپنی طرف سے بہت کم رائے دیتے ہیں۔ اس کا ایک فائدہ یہ ہوتا ہے کہ قاری خود غور و فکر کرکے کسی امام کی رائے کو راجح قرار دے سکتا ہے۔

(3) یحییٰ بن آدم نے اپنی کتاب میں بعض ایسی نادر باتیں بیان کی ہیں جو ابویوسف کی کتاب میں نہیں ملتیں۔ مثلاً وہ کتاب الخراج میں زرعی مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں۔

قال یحییٰ = وسالت ابا ایاس فقال = البعل والعثری والعذی، هوالذی یسقی بماء السماء قال یحییٰ = و اذا کانت الارض یسقی بعضها فتحا و یسقی بعضها بالغرب فیخرج فیها کلها خمسة اوساق، فانه یزکی بالحصة، ما سقی فتحا فالعشر، و ما سقی بالغرب فنصف العشر والعثری ما یزرع بالسحاب والمطر خاصة، لیس یسقی الا بما یصیبه من المطر، فذلک العثری، والبعل ما کان من الکروم، قد ذهب عروقه فی الارض الی الماء فلا یحتاج الی السقی الخمس سنین والست، یحتمل ان یترک السقی، فهذا البعل، والسیل ماء الوادی اذا سال، فاما الغیل فهو سیل دون السیل الکبیر، اذا سال القلیل بالماء الصافی فهو الغیل، والعذی ماء المطر (۹)

"یحییٰ نے کہا، میں نے ابو ایاس سے سوال کیا تو انہوں نے بتایا کہ بعل عثری اور عذی وہ زراعت ہے جس کی سینچائی بارش سے ہو، اور جب مزروعہ زمین کا کچھ نالی سے اور کچھ حصہ ڈول سے سینچا جائے اور اس سے کل پانچ وسق پیداوار ہو تو جو حصہ نالی سے سینچا جائے اس میں عشر ہے اور جو حصہ ڈول سے سینچا جائے اس میں نصف عشر

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے اور عشری وہ زراعت ہے جو خاص طور سے بارش کے پانی سے بوئی جائے اس کو عشری کہتے ہیں اور .عل انگور کی وہ بیل ہے جس کی جڑیں زمین میں پانی تک پہنچ جائیں جس کی وجہ سے پانچ چھ سال تک سینچائی کی ضرورت نہ پڑے بلکہ یوں ہی چھوڑ دی جائے۔ اس کو .عل کہتے ہیں' اور سیل (سیلاب) وادی کا پانی ہے جب بہتا ہو اور غیل بڑے سے کم سیل ہے جب کہ اس کا صاف ستھرا پانی تھوڑا تھوڑا بہتا ہو اور عذی بارش کا پانی ہے۔"

اور اس کے بعد اسی باب یعنی "باب ما سقت السماء او سقی بغرب" کے آخر میں ایک نادر تحقیق پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

قال یحییٰ = فیما بین مکة والیمن مواضع یزرعون فی السنة مرتین' قالوا = نزرع حین تسقط الثریا' فیحصدونه و یفرغون منه الی خمسة اشهرونحوها' ثم یزرعون عند طلوع مرزم الجوزاء و هوالشعری' و یزرعون العلس' و هو حنطة حب صغار فی اکمامه فی کل کمة حبتان' و یزرعون المایة' حب ایضا صغار حنطة' و یزرعون السلت' و هو شعیر الا انه ابیض صغار و لیس له قشور' و منه اخضر' و یزرعون الذرة و هو حب مثل الحنطة الا انه یوکل کما یوکل الارز' و منهم من یخبزه کما یخبز الارز ایضا(5)

"یحییٰ نے کہا= مکہ اور یمن کے درمیان کچھ ایسے مقامات ہیں جہاں کے لوگ سال میں دو مرتبہ کاشت کرتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ ہم لوگ ایک فصل ثریا کے ڈوب جانے کے بعد بوتے ہیں اور تقریباً پانچ ماہ میں اس کی کٹائی وغیرہ سے فارغ ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد دوسری فصل مرزم جوزاء یعنی شعری کے طلوع پر بوتے ہیں۔ اس میں علس' مایہ' سلت اور ذرہ کی کاشت کرتے ہیں۔ علس چھوٹے دانے کا گیہوں ہے جس کے ہر چھلکے میں دو دانے ہوتے ہیں۔ مایہ بھی چھوٹے دانے کا گیہوں ہے۔ سلت چھوٹے دانے کا سفید جو ہوتا ہے جس میں چھلکا نہیں ہوتا۔ اس کی ایک قسم سبزی ہوتی ہے۔ اور ذرہ (مکئی) گیہوں کے مانند ایک دانہ ہے جو چاول کی طرح پکا کر کھایا جاتا ہے۔ بعض لوگ چاول کی روٹی کی طرح اس کی بھی روٹی بناتے ہیں۔

دونوں ماہرین معاشیات درج ذیل باتوں میں مشترک ہیں۔

(1) جس طرح امام ابو یوسف نے بہت سے مسائل میں اپنے استاد' امام ابو حنیفہ سے اختلاف کیا ہے اسی طرح یحییٰ بن آدم اپنے شیخ حسن بن صالح (م 167ھ / 784ء) اور دیگر شیوخ کے فقہی مسلک پر عمل کرنے کے باوجود ان سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اختلاف بھی کرتے ہیں۔

(2) دونوں ماہرین معاشیات ایسے راویوں کی روایت قبول کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے جو عام محدثین کی نظر میں مطعون یا ضعیف ہیں مثلاً امام ابویوسف نے محمد بن اسحاق (م 151ھ / 768ء) اور اشعث بن سوار (م 138ھ / 756ء) کی روایات بھی نقل کی ہیں۔ اسی طرح یحییٰ بن آدم کے شیوخ اور سلسلہ سند کے رواۃ میں بہت سے ضعیف اور مجہول اشخاص بھی ہیں۔ مثلاً ابراہیم بن محمد (م 184ھ / 800ء) عبدالرحمٰن بن معاویہ (م 174ھ / 790ء) وغیرہ کو علماء نے ضعیف کہا ہے۔ (6) اور سنان بن ہارون البرجمی (م 172ھ / 788ء) عمر بن ہارون الخراسانی (م 194ھ / 809ء)، عمرو بن ثابت بن ہرمز (م 172ھ / 788ء)، قیس بن الربیع الاسدی (م 168ھ / 784ء)، مفضل بن صدقہ الکوفی (م 161ھ / 778ء) وغیرہ رواۃ کا تذکرہ رجال کی کسی کتاب میں نہیں ملتا۔ (7)

(3) اسلامی مالیات کے جن شعبوں کے متعلق قرآن پاک کی آیات میں اشارات موجود ہیں۔ یحییٰ بن آدم اور امام ابویوسف نے ان عنوانات کے تحت ان آیات کا تذکرہ کیا ہے۔ بعد ازاں دونوں ماہرین احادیث و آثار سے استدلال کرتے ہیں مثلاً، فئے، غنیمت، صدقات وغیرہ کے مباحث میں اس کی تفصیل ملتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو عبید القاسم بن سلام

آپ 150ھ میں ہرات شہر میں پیدا ہوئے۔ اس دور کے مختلف علمی مراکز سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد واپس وطن تشریف لائے اور ہارون الرشید کے ایک نامور سپہ سالار ہرثمہ بن اعین (م 200ھ / 816ء) کی اولاد کے اتالیق مقرر ہوئے۔ آپ کے وسیع مطالعہ، قرآن و حدیث پر گہری نظر اور فقہی بصیرت سے متاثر ہو کر طرسوس کے گورنر ثابت بن نصر بن مالک نے آپ کو قاضی مقرر کیا اور آپ اٹھارہ (18) سال تک اس منصب پر فائز رہے۔

یحییٰ بن معین، ابوداود، ابن حجر اور ابو نصر عبدالوھاب، تاج الدین السبکی (م 771ھ / 1370ء) نے آپ کی ثقاہت اور فضل و کمال کا اعتراف کیا ہے۔ آپ نے 224ھ کو مکہ معظمہ میں انتقال کیا۔ (حالات زندگی کے لئے دیکھئے۔ (8))

کتاب الاموال

مختلف علوم و فنون پر آپ نے تقریباً چونتیس (34) کتب تحریر کیں۔ ان تصانیف میں کتاب الاموال ایک مشہور کتاب ہے۔ اس کا اردو ترجمہ مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی نے کیا ہے جو ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد کے زیر اہتمام شائع ہو چکا ہے۔

یہ کتاب اسلامی حکومتوں کے مالیاتی نظام سے متعلق تمام امور و مسائل پر جامع اور حاوی ہے۔ اسلامی مملکت کا مالیاتی نظام جس کی بنیاد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھی اور جو خلفائے راشدین کے دور میں بتدریج ترقی کے منازل طے کرتا رہا اور پھر اسلامی دور کی ابتدائی دو صدیوں میں اسے جن تغیرات کا سامنا کرنا پڑا، یہی کتاب الاموال کا موضوع ہے۔

تقابلی جائزہ

(1) امام ابو یوسف اور ابو عبید دونوں ماہرین معاشیات نے اسلامی مملکت کے محاصل کو موضوع بحث بنایا ہے۔

(2) دونوں مسلم ماہرین معاشیات نے صحابہ کرام، تابعین اور ائمہ فقہ و حدیث کے اقوال و فتاویٰ اور ان کے دلائل ذکر کر کے ان پر تنقید و محاکمہ کیا ہے اور اپنی ترجیح کو دلائل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

(3) مالیات کے موضوع پر دونوں ماہرین نے گہری بصیرت کا ثبوت مہیا کیا ہے۔

ابو یوسف کی فوقیت

ابو عبید پر ابو یوسف کی فوقیت درج ذیل امور سے ثابت ہوتی ہے۔

(1) ابو یوسف کو مالیات پر گفتگو کرنے میں ابو عبید پر سبقت زمانی حاصل ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(2) ابوعبید اگرچہ طرز بیان کی سادگی اور احادیث کو جمع کرنے میں ابویوسف پر سبقت لے گئے ہیں لیکن دقت نظر، قوت مشاہدہ اور وسیع معلومات میں ابویوسف کو فوقیت حاصل ہے۔

(3) ابویوسف ٹیکس عائد کرنے کے اصولوں سے بھی بحث کرتے ہیں۔ اس ضمن میں انہوں نے مفادعامہ کو ترجیح دی ہے۔ جبکہ ابوعبید نے صرف اسلامی محاصل کی تفصیلات بیان کرنے پر اکتفا کیا ہے۔

(4) ابوعبید نے محدود موضوعات پر اگرچہ تفصیل سے بحث کی ہے لیکن ابویوسف معاشیات کے زیادہ مسائل زیر بحث لائے ہیں۔

(5) ابوعبید وہی موضوعات زیر بحث لائے ہیں جن پر ابویوسف پہلے بحث کر چکے تھے جیساکہ مفتوحہ اراضی کے بارے میں معلومات، جزیہ، خراج، زکوٰۃ، عشور اور اہل ذمہ کے بعض احکام۔

(6) ابوعبید نے اپنی کتاب میں زیادہ ترلغت سے متعلق معلومات دی ہیں جبکہ ابویوسف کو اس لحاظ سے انفرادی مقام حاصل ہے کہ انہوں نے عراق میں خراج سے متعلق بہت زیادہ معلومات دی ہیں۔

(7) ابویوسف نے اس دور کے معاشی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے حل کے لئے تجاویز بھی دی ہیں لیکن ابوعبید کے معاشی فکر میں اصلاحات پر کوئی مواد نہیں ملتا۔

(8) ایک ماہر معاشیات کے لئے ضروری ہے کہ وہ ملکی معاشی ترقی کے لئے جامع لائحہ عمل پیش کرے۔ ابویوسف اس ضمن میں بھی ابوعبید پر فوقیت رکھتے ہیں۔

ابوعبید کی فوقیت

(1) ابوعبید نے زکوٰۃ، عشر، جزیہ اور معدنیات پر خمس کے بارے میں ان کی جزئیات تک بحث کی ہے۔ اس لحاظ سے ان کا معاشی فکر ابویوسف سے بڑھ کر ہے۔

امام ابوعبید فرماتے ہیں اہل عراق دراصل عشور (تجارت کے سامان پر چنگی) کو زکوٰۃ سے مشابہ قرار دیتے ہیں حالانکہ عشور کو زکوٰۃ نہیں کہا جاسکتا کیونکہ زکوٰۃ تو سال گزرنے کے بعد وصول کی جاتی ہے جبکہ عشور نیا سامان درآمد و برآمد کرنے پر بغیر سال گزرے وصول کیا جاتا ہے۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک سفیان کا قول سب سے زیادہ مبنی برعدل اور حضرت عمرؓ کے منشاء سے زیادہ مشابہ ہے۔ (9)

(2) ابویوسف اپنے دور میں رائج ناپ تول کے پیمانوں مثلاً صاع رطل وغیرہ کا صرف سرسری ذکر کرتے ہیں لیکن ان کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں دیتے۔ جبکہ ابوعبید نے ان پیمانوں کی مقدار کی تحقیق بھی کی ہے۔ انہوں نے کتاب الاموال کے باب 74 (10) میں اس موضوع پر تفصیل سے گفتگو کی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(3) ابوعبید نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے متعدد ایسے خطوط اور خطبے نقل کئے ہیں جن سے معاشی نکات اخذ کئے جاسکتے ہیں۔ ابویوسف کی کتاب میں معاشیات کا یہ ذخیرہ کم ملتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قدامہ بن جعفر

قدامہ بن جعفر 275ھ یا اس کے کچھ عرصہ بعد بغداد میں پیدا ہوئے۔ آپ آبائی طور پر عیسائی مذہب سے وابستہ تھے۔ عباسی خلیفہ مکتفی باللہ (289-295ھ / 902-908ء) کے ہاتھ پر دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔ بغداد میں مختلف سرکاری عہدوں پر فائز رہے۔ آپ کی وفات 337ھ میں ہوئی۔ (حالات زندگی کے لئے دیکھئے) (11)

کتاب الخراج وصناعۃ الکتابۃ

مختلف موضوعات پر آپ نے 18 کتب تحریر کی ہیں لیکن ان میں سب سے زیادہ مشہور اور اہم کتاب الخراج وصناعۃ الکتابۃ ہے۔ انہوں نے یہ کتاب اس وقت تحریر کی جب وہ محکمہ مال کے مختلف عہدوں پر تقریباً بیس سال تک کام کر چکے تھے۔ (12) یہ کتاب سلطنت کی صوبائی تقسیم کے ذکر سے شروع ہوتی ہے۔ اور اس میں محکمہ ڈاک کی تنظیم کا حال اور ہر ضلع سے وصول ہونے والے مالیے کی رقم مذکور ہے۔ اس کے بعد مصنف نے ہمسایہ ممالک خارجہ اور وہاں کے باشندوں کا جائزہ لیا ہے اور پھر مالی نظام، محصول اور انتظامی قانون کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ (13)

قدامہ نے یہ کتاب تحریر کرنے کے بعد خلیفہ مکتفی باللہ کے وزیر علی بن عیسیٰ کی خدمت میں پیش کی۔ یہ کتاب فرانسیسی ترجمہ کے ساتھ 1889ء میں لیڈن میں طبع ہوئی۔ اس کا اردو ترجمہ دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن سے 1930ء میں شائع ہوا۔

تقابلی جائزہ

ابو یوسف کی فوقیت

(1) ابو یوسف نے ٹیکسوں کے نفاذ اور ان کی وصولی کے لئے راہنما اصول دیئے ہیں۔ جن کی مدد سے اسلامی ریاست کا مالیاتی نظام بہتر طریقہ سے چل سکتا ہے لیکن قدامہ بن جعفر نے زیادہ تر ٹیکس وصول کرنے کے لئے مختلف شہروں کے راستوں اور ان کے درمیانی فاصلوں کے اندازے مقرر کئے ہیں۔ یعنی انہوں نے زیادہ تر تاریخ اور جغرافیہ کی معلومات دی ہیں۔

(2) قدامہ بن جعفر نے جزیہ، خراج، فئے اور غنیمت وغیرہ مسائل پر جو گفتگو کی ہے اس میں وہ ابو یوسف کے افکار سے متاثر نظر آتے ہیں۔ انہوں نے متعدد احادیث و روایات ابو یوسف کے حوالہ سے نقل کی ہیں۔ عراق کی زمینوں کے بارے میں حضرت عمرؓ کی مشاورت اور آپ کے فیصلہ کو ابو یوسف کی کتاب الخراج سے لیا ہے۔

(3) ابو یوسف کی کتاب پر معاشیات کا موضوع حاوی ہے لیکن قدامہ بن جعفر نے زیادہ تر ان امور پر بحث کی ہے جن کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاشیات سے تعلق نہیں۔ ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے الفاظ میں "قدامہ کی کتاب اپنے مضامین اور مزاج دونوں کے اعتبار سے ابویوسف کی کتاب الخراج سے مختلف ہے۔ ابویوسف کی کتاب قانون کی کتاب ہے جبکہ قدامہ کی کتاب زیادہ تر جغرافیہ اور تاریخ کی معلومات پر مشتمل ہے جو موضوعات دونوں کے درمیان مشترک ہیں ان پر ابویوسف کی بحث زیادہ جامع اور مفصل ہے۔(14)

(4) معاشی اصلاحات پیش کرنے میں بھی ابویوسف کو فوقیت حاصل ہے۔

قدامہ بن جعفر کی فوقیت

(1) قدامہ بن جعفر نے اپنی کتاب میں ملکی سکوں کے بارے میں کافی معلومات دی ہیں لیکن ابویوسف ان سکوں کا صرف سرسری ذکر کرتے ہیں۔

(2) قدامہ کا مقام اس لحاظ سے ابویوسف سے بڑھ کر ہے کہ انہوں نے سواد عراق کے مختلف علاقوں سے حاصل ہونے والی آمدنیوں کا مفصل گوشوارہ دے دیا ہے کن کن اشیاء پر ٹیکس لگایا جاتا تھا اور مختلف شہروں سے ٹیکس کے طور پر کتنی رقم اور اشیاء وصول ہوتی تھیں' اس بارے میں قدامہ بن جعفر ابویوسف سے زیادہ معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قدامہ بن جعفر نے عباسی سلطنت کے ہر علاقہ کی دولت و ثروت کا ایک خوبصورت نقشہ کھینچا ہے۔

قدامہ بن جعفر نے' عبیداللہ بن احمد' ابن خرداذبہ (م 280ھ / 893ء) کی تصنیف کتاب المسالک والممالک' ابوعبید کی کتاب الاموال اور یحییٰ بن آدم کی کتاب الخراج سے استفادہ کیا ہے۔

امام ابویوسف کی طرح قدامہ نے بھی بعض فقہاء مثلاً امام ابوحنیفہ' اور امام مالک وغیرہ کی آراء سے بھی استفادہ کیا ہے۔(15)

toobaa-elibrary.blogspot.com

علی بن احمد' ابن حزم

آپ 384ھ میں ماہ رمضان کے آخری روز قرطبہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد وزارت کے عہدہ پر فائز تھے۔ اس لئے ان کی پرورش و تربیت امراء زادوں کی طرح ہوئی۔ اس دور میں امراء کی اولاد کی نگہداشت باندیوں کے سپرد ہوتی تھی۔ آپ نے ابتدائی تعلیم ان باندیوں سے حاصل کی۔ آپ مختلف ادوار میں عہدہ وزارت پر فائز رہے۔ احمد بن محمد' ابن خلکان (م 681ھ / 1282ء) ابو عبداللہ محمد بن احمد' الذہبی (م 748ھ / 1348ء) عبداللہ بن اسعد' الیافعی (م 768ھ / 1367ء) اور عبدالحی' ابن العماد (م 1089ھ / 1678ء) نے آپ کے فضل و کمال کا ذکر کیا ہے۔ آپ نے 28 شعبان 456ھ کو وفات پائی۔ (حالات زندگی کے لئے دیکھئے) (16)

المحلیٰ

آپ کے بیٹے ابو رافع فضل بن علی (م 479ھ / 1086ء) کے قول کے مطابق ابن حزم کی تصانیف کی تعداد چار سو (400) تھی۔ (17) جن میں سے اکثر کتب کو مخالفین نے نذر آتش کر دیا۔ آپ کی وہ کتب جو اب دستیاب ہیں ان میں ایک مشہور کتاب المحلیٰ ہے۔ ابن حزم کے معاشی افکار اس کتاب میں ملتے ہیں۔ یہ کتاب مصر میں گیارہ جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔

تقابلی جائزہ

ابو یوسف کی کتاب الخراج اور ابن حزم کی المحلیٰ کی روشنی میں دونوں ماہرین معاشیات کے افکار کا تقابلی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

ابن حزم کی فوقیت

(1) اگرچہ ابو یوسف نے بھی کفالت عامہ کا تصور پیش کیا ہے لیکن ابن حزم کے معاشی افکار میں یہ تصور زیادہ واضح اور جامع ہے۔ بالخصوص ہنگامی حالات میں ابن حزم نے حاکم کو اختیار دیا ہے کہ اگر غریب طبقہ کی بنیادی ضروریات پوری نہ ہو رہی ہوں تو وہ ان محروم المعیشت افراد کی کفالت کے لئے جبراً" لے سکتا ہے۔ (18) وہ کہتے ہیں کہ ہر شخص کو ضروریات زندگی کم سے کم اس معیار کی فراہم ہونی چاہیے۔

(1) غذا' ایسی غذا جو ان کی زندگی اور ضروریات کارکردگی کے لئے ناگزیر ہو۔

(2) لباس' ایسا لباس جو کہ گرمی سردی میں صحت و قوت کو برقرار رکھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(3) مکان' ایسا مکان جو بارش اور گرمی کے برے اثرات سے انہیں محفوظ رکھے اور راستوں پر چلنے والوں کی نظروں سے ان کی خلوت کی پردہ داری ہو سکے۔(19)

اس طرح کفالت عامہ کا ایک اعلیٰ تصور پیش کرنے میں ابن حزم ابویوسف سے بڑھ گئے ہیں۔

(2) تقسیم دولت کے بہترین اصول پیش کرنے میں بھی ابن حزم' ابویوسف پر سبقت لے گئے ہیں۔ گردش دولت جو قرآن کا منشاء ہے اور کسی ملک کی معاشی ترقی کے لئے ناگزیر ہے اس کا واضح اور جامع تصور ابن حزم کے افکار میں ابویوسف کے افکار سے بدرجہا بہتر ملتا ہے۔ ابن حزم کا نظریہ یہ ہے کہ دولت چند ہاتھوں میں مرتکز نہیں ہونی چاہیے بلکہ معاشرہ کے زیادہ سے زیادہ افراد میں تقسیم ہو۔ مثلاً غیر وارث اقارب کے سلسلے میں ابویوسف اور دیگر فقہاء وصیت کی فرضیت کو نہیں مانتے لیکن ابن حزم کا موقف یہ ہے کہ وصیت غیر وارث اقارب کے لئے فرض ہے۔ وصیت کنندہ کو چاہیے کہ اتنے مال میں وصیت کرے جس سے اس ثابت شدہ فریضے کی تکمیل ہو جائے۔ چونکہ ان کے نزدیک وصیت واجبہ کا ترک ظلم کے مترادف ہے اس لئے یہ کام حاکم یا قاضی کے سپرد ہو گا کہ وہ وصیت کے نفاذ کی نگرانی کرے یا عدم وصیت کی صورت میں متاثرین کو ان کے حقوق دلائے۔(20)

مصری حکومت نے ابن حزم کے اس مسلک کی روشنی میں یتیم پوتے کی میراث کا قانون بنایا ہے۔ اس طرح مصری قانون نمبر 71 مجریہ 1946ء کی دفعات نمبر 76-79 ابن حزم کی کتاب المحلیٰ سے ماخوذ نظر آتی ہیں۔

میت کے ترکہ میں سے جتنے حقوق وابستہ ہیں' ابن حزم ان میں حقوق اللہ مثلاً حج اور کفارہ وغیرہ کو ترجیح دیتے ہیں ان کے نزدیک یہ خداوندی حقوق میت کی تجہیز و تکفین سے بھی مقدم ہیں۔(21) جبکہ ابویوسف کے نزدیک حقوق اللہ کے سلسلہ میں متوفی کا وصیت کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح ترکہ کی تقسیم کے وقت اگر یتیم و مسکین جمع ہوں تو انہیں کچھ نہ کچھ دے دینا چاہیے۔ ابویوسف اور اکثر فقہاء یہی رائے رکھتے ہیں لیکن ابن حزم کی رائے میں یہ عطیہ اختیاری نہیں بلکہ وجوبی ہے لہٰذا اگر ورثاء دینے سے انکار کریں تو حاکم ان سے جبراً" دلائے۔ وہ کہتے ہیں کہ ترکہ کی مالیت اور حصص کے اعتبار سے حاکم یتامیٰ و مساکین کے حصے کا تعین کر سکتا ہے۔(22)

(3) ابن حزم کے معاشی افکار میں محنت کش طبقہ کے حقوق کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام کی چیرہ دستیوں اور مظالم سے مزدور کو محفوظ رکھنے کے لئے ابویوسف کے افکار کی نسبت ابن حزم کے افکار میں زیادہ کشش موجود ہے مثلاً وہ ابویوسف اور دیگر فقہاء کی رائے کے برعکس اجیر مشترک اور اجیر خاص میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ ان کے نزدیک دونوں سے نقصان ہونے کی صورت میں کسی قسم کا تاوان نہیں لیا جائے گا۔ ابن حزم المحلیٰ میں لکھتے ہیں۔

و لا ضمان علی اجیر مشترک او غیر مشترک و لا علی صانع اصلا الا ما ثبت انه تعدی فیه او اضاعه والقول فی کل ذلک ما لم تقم علیه بینة قوله مع

toobaa-elibrary.blogspot.com

یمینہ(23)

"اور اجیر مشترک ہو یا خاص یا کاریگر ہو اس پر مال میں نقصان ہو جانے یا ہلاک ہو جانے سے کوئی تاوان نہیں آتا تاوقتیکہ اس کا ارادی قصور یا ضائع کر دینا ثابت نہ ہو اور ان تمام امور میں جب تک اس کے خلاف گواہ موجود نہ ہوں اس اجیر کا قول معتبر ہے قسم کے ساتھ۔"

ابو یوسف کی فوقیت

(1) امام ابو یوسف اپنے دور کے معاشی مسائل کی نشاندہی اور اقتصادی اصلاحات پیش کرنے میں ابن حزم پر سبقت لے گئے ہیں۔

(2) مالیات عامہ پر ابو یوسف کی بحث ابن حزم کی بحث سے زیادہ جامع ہے۔

(3) دقت نظر، قوت مشاہدہ اور وسیع معلومات میں ابو یوسف کو برتری حاصل ہے۔

(4) معاشی ترقی کا ایک جامع ماڈل پیش کرنے میں بھی ابو یوسف کو سبقت حاصل ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو حامد محمد بن محمد' الغزالی

آپ طوس کے مقام پر 450ھ میں پیدا ہوئے۔ آبائی سوت فروشی کی نسبت سے الغزالی کے لقب سے مشہور ہیں۔ آپ بغداد کے مدرسہ نظامیہ میں کچھ عرصہ درس دیتے رہے۔ 488ھ میں دنیوی جاہ و منزلت کو خیرباد کہہ کر فقر و درویشی اختیار کرلی۔ آپ نے 14 جمادی الثانی 505ھ کو پچپن برس کی عمر میں وفات پائی۔ (حالات زندگی کے لئے دیکھئے۔ (24))

آپ نے درج ذیل کتب میں معاشی موضوعات پر بھی بحث کی ہے۔

(1) احیاء علوم الدین.... بیروت' دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر

(2) میزان العمل.... (تحقیق = الدکتور سلیمان بدنیا) القاھرۃ' نشر دار المعارف

(3) شفاء الغلیل.... بغداد' نشر دار الارشاد' الطبعۃ الاولیٰ 1971ء

(4) المستصفیٰ من علم الاصول.... بیروت' نشر دار احیاء التراث العربی

(5) کتاب الاربعین فی اصول الدین.... القاھرۃ' نشر المکتبۃ التجاریۃ الکبری

(6) الاقتصاد فی الاعتقاد.... بغداد' نشر دار الارشاد

تقابلی جائزہ

ابو یوسف کی فوقیت

(1) امام ابو یوسف نے خالص معاشی موضوع پر کتاب تحریر کی ہے یہی وجہ ہے کہ اس میں معاشی اصلاحات بھی ملتی ہیں۔ جبکہ امام غزالی کی اکثر کتب کا موضوع فقہ اور اخلاقیات ہے۔ ان کتب میں اس دور کی معاشی اصلاحات کا ذکر نہیں ملتا۔

(2) اگرچہ دونوں مسلم ماہرین معاشیات اس بات پر زور دیتے ہیں کہ عوام سے ناجائز ٹیکس وصول نہ کئے جائیں اور ان کا معاشی استحصال نہ کیا جائے لیکن ابو یوسف زیادہ واضح اور جامع انداز میں اس موضوع پر گفتگو کرتے ہیں۔

(3) اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریوں کے بارے میں ابو یوسف کا معاشی فکر' امام غزالی کے فکر سے بڑھ کر ہے۔

(4) معاشی ترقی کا واضح اور جامع تصور جو ابو یوسف کے فکر میں ملتا ہے' وہ غزالی کے معاشی افکار میں نہیں۔

(5) ابو یوسف اور امام غزالی' دونوں نے مضاربت' شراکت' ٹھیکہ اور سود کے بارے میں بحث کی ہے لیکن ابو یوسف کا فکر اس ضمن میں جامع ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام غزالی کی فوقیت

(1) اگرچہ ابویوسف اور امام غزالی دونوں ماہرین نے زکوٰۃ کے بارے میں بحث کی ہے لیکن امام غزالی' زکوٰۃ کی معاشی اہمیت اور اس کی ادائیگی کے آداب پر بھی گفتگو کرتے ہیں۔ ابویوسف نے زکوٰۃ کے اس پہلو پر بحث نہیں کی۔ اس لحاظ سے امام غزالی کا مقام ابویوسف سے بڑھ جاتا ہے۔

(2) امام غزالی رزق حلال کی فضیلت اور رزق حرام کی مذمت بیان کرتے ہیں اکتناز کی خرابیاں اور اس سے بچنے کی تدابیر بتاتے ہیں وہ اکتساب مال اور صرف مال کے مثبت اور منفی اصولوں پر تفصیل سے گفتگو کرتے ہیں۔ جبکہ ابویوسف کے فکر میں یہ بحثیں نہیں ملتیں۔ امام غزالی نے محنت کی عظمت پر بھی بحث کی ہے۔

(3) امام غزالی نے احیاء علوم الدین میں معاشیات کے پانچ اصول دیئے ہیں جو آج بھی ہمارے انفرادی اور اجتماعی معاشی پروگرام کی اصلاح کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ

(ا) مال کے اصل مقصود کو پہچانا جائے کہ یہ کس لئے پیدا ہوا اور اس کی حاجت کیوں ہوتی ہے (اس طرح انسان بقدر حاجت کسب معیشت کرے گا اور مال کو جمع کرنے کے لالچ سے محفوظ رہے گا)

(ب) یہ کہ آمدنی کے ذریعہ کا خیال رکھے (اس طرح مال حرام سے بچے گا اور رزق حلال کی کوشش کرے گا۔

(ج) یہ کہ مقدار معیشت کو ملحوظ رکھے (یعنی مقدار حاجت کے مطابق اور حاجت تین چیزوں کی ہوتی ہے روٹی' کپڑا اور مکان۔

(د) خرچ کا لحاظ رکھے (یعنی فضول خرچی اور بخل سے پرہیز کرتے ہوئے اعتدال اور میانہ روی اختیار کرے۔

(ر) یہ کہ مال کے لینے اور چھوڑنے میں نیت درست رکھے (یعنی جو مال حاصل کرے اس میں نیت عبادت پر استقامت کی ہو' حرص دنیا کی نہ ہو اور جو ترک کرے اس میں زہد اور مال کی حقارت کی ہو نہ کہ افسوس اور ملال کی ہو)

(25)

(4) امام غزالی کی ایک خوبی یہ ہے کہ انہوں نے اشیاء اور سکوں کے تبادلہ میں اپنے وقت تک کے مختلف مراحل کا بھی تفصیل سے جائزہ لیا ہے۔

امام ابویوسف اور امام غزالی دونوں ماہرین معاشیات نے اس بات پر زور دیا ہے کہ آمدنی اور خرچ کی مدوں کا الگ الگ حساب رکھا جائے۔ وہ اخراجات میں بچت اور کمی کرنے پر بھی زور دیتے ہیں اور واضح کرتے ہیں کہ خلیفہ عوام سے حاصل کردہ رقم کو ذاتی استعمال میں نہیں لا سکتا۔ بلکہ صرف مفاد عامہ کے کاموں ہی پر خرچ کر سکتا ہے۔

امام غزالی نے اپنی کتاب "التبر المسبوک فی نصائح الملوک" میں لکھا ہے کہ دنیا کی آبادی اور ویرانی زیادہ تر بادشاہوں کی ذات پر منحصر ہوتی ہے۔ (26) امام ابویوسف نے بھی کتاب الخراج میں یہ فکر پیش کیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام غزالی نے یہ رائے دی ہے کہ حکومت ہنگامی حالات میں ضرورت کے مطابق لوگوں پر نئے ٹیکس عائد کر سکتی ہے۔(27)

toobaa-elibrary.blogspot.com

عبدالرحمٰن بن محمد' ابن خلدون

آپ 732ھ میں ٹیونس میں پیدا ہوئے۔ اسی سرزمین میں علوم مروجہ قرآن' حدیث' فقہ' صرف و نحو اور شعرو ادب کی تعلیم حاصل کی۔ جب شمالی افریقہ میں بنو مرین کو اقتدار حاصل ہوا تو ابن خلدون کو اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کی بناء پر دربار میں اپنا اثرورسوخ قائم کرنے کا موقع ملا۔ وہ دربار میں اہم مناصب پر فائز رہے۔ اپنی عمر کے آخری دور میں امراء اور بادشاہوں کی دوستی و خدمت سے توبہ کرکے قلعہ ابن سلام میں گوشہ نشین ہو گئے۔ اور اپنا سارا وقت تصنیف و تالیف میں صرف کرنے لگے۔ آپ نے 808ھ میں قاہرہ میں وفات پائی۔ (حالات زندگی کے لئے دیکھئے۔ (28))

مقدمة

آپ کی تصانیف میں "مقدمة" کو ایک نمایاں اور منفرد مقام حاصل ہے۔ یہ تاریخ کی بجائے تاریخ کے فلسفہ پر مشتمل ہے۔ ابن خلدون نے "مقدمة" کے پانچویں باب میں بتیس (32) طویل فصول صرف "المعاش" کے لئے مخصوص کی ہیں۔ یہ مقدمہ تقریباً سوا پانچ سو صفحات پر مشتمل ہے۔ اطالوی' جرمن' لاطینی اور انگریزی زبانوں میں اس کے تراجم ہو چکے ہیں اس کا اردو ترجمہ مولانا محمد داؤد راغب رحمانی نے کیا ہے جو نفیس اکیڈمی کراچی سے شائع ہو چکا ہے۔

تقابلی جائزہ

مقدمہ ابن خلدون اور کتاب الخراج کے مطالعہ کے بعد یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ اگرچہ بعض پہلوؤں سے ابویوسف کا معاشی فکر ابن خلدون سے اعلیٰ ہے لیکن اکثر مسائل میں ابن خلدون کا مقام ابویوسف سے بڑھ کر ہے۔

ابویوسف کی فوقیت

(1) ابویوسف کا مقام اس لحاظ سے بڑھ جاتا ہے کہ انہوں نے ابن خلدون سے تقریباً ساڑھے چھ سو سال قبل معاشی ترقی کے بارے میں ایک واضح اور جامع خاکہ پیش کیا ہے۔ ان بنیادوں کی نشاندہی کی ہے جن پر کسی ملک کی معاشی ترقی استوار ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس موضوع پر وہ تمام مسلم ماہرین معاشیات پر سبقت لے گئے ہیں۔ ابویوسف پہلے ماہر معاشیات ہیں جنہوں نے راستوں کی تعمیر پر بڑا زور دیا ہے۔ فلاح عامہ کا جو تصور ابویوسف کے معاشی فکر میں ہے وہ ابن خلدون کے ہاں نہیں ملتا۔

(2) مالی اور اقتصادی اصلاحات پیش کرنے میں بھی ابویوسف ابن خلدون پر سبقت لے گئے ہیں۔ اگرچہ ابن خلدون

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے بھی ضمناً بعض اصلاحات کی طرف اشارہ کیا ہے لیکن ابو یوسف کی خوبی یہ ہے کہ وہ اپنے دور کے معاشی حالات کا بنظر غائر جائزہ لیتے ہیں اور ساتھ ہی ان کی اصلاح کے لئے عملی تجاویز بھی دیتے ہیں۔

(3) ابو یوسف نے علم معاشیات کو اپنا مستقل موضوع بحث بنایا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کتاب الخراج میں اگرچہ معاشیات کے علاوہ دیگر مباحث بھی ہیں لیکن معاشیات کا موضوع تمام مضامین پر حاوی ہے اور پوری کتاب پر یہ موضوع حاوی ہے۔ لیکن ابن خلدون نے معاشیات کو مستقل موضوع بحث نہیں بنایا بلکہ ان کا حقیقی مقصد قوموں کے عروج و زوال اور تمدن کے ارتقاء و انحطاط کے اسباب کی تحقیقات کرنا ہے۔

(4) اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریوں پر اگرچہ ابن خلدون نے بھی بحث کی ہے لیکن ابو یوسف کی بحث زیادہ جامع ہے۔ یہ درست ہے کہ ابن خلدون' ابو یوسف کی طرح معاشی ترقی کو کسی حکومت کا اہم فریضہ سمجھتے ہیں لیکن انہوں نے اس بارے میں زیادہ تفصیل نہیں دی۔

(5) ابو یوسف نے زمین سے متعلق مسائل پر تفصیل سے گفتگو کی ہے لیکن ابن خلدون نے اس موضوع پر بہت کم روشنی ڈالی ہے۔

ابن خلدون کی فوقیت

(1) ابن خلدون کا مقام اس لحاظ سے بڑھ جاتا ہے کہ انہوں نے جدید معاشیات کے اہم موضوعات پر بھی بحث کی ہے۔ معاشیات کے موضوع پر ابن خلدون کی بحثیں اس قدر جامع اور پر مغز ہیں کہ جدید دور کے ماہرین معاشیات ان کے تلامذہ نظر آتے ہیں۔

ابن خلدون نے جدید معاشیات کے جن موضوعات پر بحث کی ہے' ابو یوسف کے معاشی فکر میں وہ نہیں ملتے۔ مثلاً

(1) معاشیات کی تعریف اور نفس مضمون — *Definition and subject matter of economics.*

(2) معاشیات کا دوسرے سائنسی مضامین سے تعلق — *The relation of economics to other sciences.*

(3) آبادی پر اثر انداز ہونے والے معاشی عوامل — *Economic factors affecting the size of population.*

(4) دیہاتی اور شہری معاشی نظام — *Rural and Urban economic systems.*

(5) برآمدات اور درآمدات (29) — *Exports and imports.*

(2) ابو یوسف نے کتاب الخراج میں اگرچہ غلہ کی گرانی اور ارزانی کا ذکر کیا ہے لیکن قیمتوں کو متاثر کرنے والے اسباب

toobaa-elibrary.blogspot.com

پر روشنی نہیں ڈالی۔ لیکن ابن خلدون قیمتوں کو متاثر کرنے والے اسباب بھی بتاتے ہیں۔ ابن خلدون اس ضمن میں تین باتوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ قیمتوں کو متاثر کرنے والی پہلی چیز حکومت کی پالیسی ہے۔ مثلاً اشیاء پر بھاری ٹیکس عائد ہونے کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ان کے نزدیک معاشرتی اسباب بھی قیمتوں کو متاثر کرتے ہیں۔ قدرتی اسباب بھی زمین کی قیمت کو متاثر کرتے ہیں زمین کی گھٹی ہوئی زرخیزی کی وجہ سے جو نقصان ہوتا ہے اس کی تلافی کرنا یا زرخیزی کو برقرار رکھنے کے لئے مختلف مصنوعی طریقوں کو اختیار کرنا پڑتا ہے۔ اس سے مصارف میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اس کے نتیجہ میں قیمتیں بھی متاثر ہوتی ہیں۔

مہنگائی کے اسباب بیان کرتے ہوئے ابن خلدون نے ذخیرہ اندوزی (Speculation) پر بھی بحث کی ہے۔ ابن خلدون کے نزدیک اشیاء جو ضروریات زندگی کی حیثیت رکھتی ہیں ان کا ذخیرہ اس نیت سے کرنا کہ بعد ازاں انہیں مہنگے داموں فروخت کیا جائے گا۔ ایک قسم کا استحصال ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ذخیرہ اندوزی کی وجہ سے قیمتوں میں تغیرات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ (30)

(3) ابو یوسف ٹیکس عائد کرنے کے اصول بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ٹیکس کی شرح ہلکی ہونی چاہیے۔ لیکن وہ اس ضمن میں زیادہ تفصیل سے بات نہیں کرتے۔ ابن خلدون کی بحث اس ضمن میں جامع ہے۔ ابن خلدون کا ٹیکسوں کے بارے میں فلسفہ اور تجزیہ یہ ہے کہ جب کوئی ملک یا حکومت عروج سے ہمکنار ہوتی ہے تو اس کا خزانہ لبالب بھرا ہوا ہوتا ہے۔ ٹیکس کی شرح کم ہوتی ہے اور خوشحال لوگ شوق کے ساتھ ٹیکس ادا کرتے ہیں اور پوری قوم خوشحالی میں حصہ دار ہوتی ہے لیکن جب حکمران نااہل ہونے لگتے ہیں اور ان کے فضول اخراجات بڑھنے شروع ہوتے ہیں تو خزانے پر بوجھ پڑنا شروع ہوتا ہے اور وہ خالی ہونے لگتا ہے۔ اس صورت حال سے پریشان ہو کر حکمران مشورے کرتے ہیں کہ خزانے کو کس طرح آباد کیا جائے اس کا جواب بالعموم یہ ملتا ہے کہ ٹیکس بڑھا دیئے جائیں۔ اس طرح حکومتیں رفتہ رفتہ ٹیکس بڑھانے لگتی ہیں۔ ٹیکسوں میں اضافے سے لوگ پریشان ہو جاتے ہیں' بڑھے ہوئے ٹیکسوں کی ادائیگی مشکل ہو جاتی ہے چنانچہ ٹیکسوں کی چوری شروع ہوتی ہے۔ لوگ اپنی آمدنی چھپاتے ہیں اور ایسے حیلے بہانے اختیار کرتے ہیں کہ ٹیکس ادا نہ کرنے پڑیں کیونکہ یہ ٹیکس ان کی سکت سے زیادہ ہوتے ہیں۔ جب خزانہ پھر بھی خالی رہتا ہے تو حکمران ٹیکسوں میں اور زیادہ اضافہ کر دیتے ہیں اس طرح ٹیکسوں کی چوری اور محصول وصول کرنے والوں میں رشوت بڑھنی شروع ہو جاتی ہے اور ایک خوشحال سلطنت غریب اور رفتہ رفتہ دیوالیہ ہو جاتی ہے اور حکمران کمزور ہو کر حکومت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ ابن خلدون مثالیں دے کر دلائل کے ساتھ یہ ثابت کرتے ہیں کہ ٹیکس جتنے حقیقت پسندانہ اور عوام کی آمدنی کے مطابق ہوں گے اتنے ہی زیادہ وصول ہوں گے اور خزانہ کبھی خالی نہیں رہے گا لیکن ٹیکس جس قدر غیر حقیقت پسندانہ اور لوگوں کی آمدنی اور استطاعت سے بڑھ جائیں گے ان کی وصولی اتنی ہی کم ہو جائے گی۔ اور ٹیکس چوری ایسی خرابیاں

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیدا کرے گی کہ قوم میں بد عنوانی عام ہو جائے گی۔ لوگ رشوت دیں گے اور حکام وصول کریں گے۔ لیکن ملک کے خزانے میں کچھ نہیں آئے گا۔(31)

ابن خلدون کا ٹیکس کا یہ فلسفہ اس قدر بنیادی انسانی مزاج اور طبیعتوں کے مطابق ہے کہ اس پر وقت کا کوئی اثر نہیں پڑ سکتا۔ انسانوں کے بنیادی مسائل اور مزاج میں کبھی فرق نہیں پڑتا۔ ان کے علاج اور حل میں ترقی ہوتی رہتی ہے لیکن انسانی فطرت جوں کی توں رہتی ہے۔ یہ بات صدیوں پہلے بھی اتنی ہی سچی تھی جتنی آج ہے اور جتنی کل ہو گی۔ آج پاکستان میں جتنے ٹیکس بڑھتے جا رہے ہیں اتنی ہی چوری بھی بڑھتی جا رہی ہے اور ٹیکس چھپانے کے لئے کرپشن بھی ہر سطح پر بڑھتی جا رہی ہے۔ عام حالات میں آسان شرح کے ساتھ جتنے ٹیکس وصول ہو سکتے ہیں، بہت زیادہ بڑھی ہوئی شرح کے باوجود اتنے بھی وصول نہیں ہو رہے۔

(4) اسلامی حکومت کے ذرائع آمدن پر بحث کرتے وقت ابو یوسف معاشی عدل (Economic Justice) پر زور دیتے ہیں۔ ابن خلدون نے بھی مقدمہ میں معاشی عدل کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے وہ بتاتے ہیں کہ اقتصادی ظلم کس طرح آبادیوں کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ ان کے فکر کا خلاصہ یہ ہے کہ جب حکومت رعایا پر اقتصادی ظلم کرتی ہے تو ان کی معاشی سرگرمیاں ماند پڑ جاتی ہیں۔ ٹیکسوں سے حاصل کردہ رقم میں کمی آجاتی ہے اور اس کے نتیجہ میں ملک پر تباہی لازم ہو جاتی ہے۔(32) حقیقت یہ ہے کہ اس موضوع پر ابن خلدون کا معاشی فکر ابو یوسف کے معاشی فکر سے بڑھ کر ہے۔

(5) ابن خلدون نے اخلاق اور معاش کے باہمی ربط کو بڑی خوبصورتی سے واضح کیا ہے۔ ان کے فکر کا خلاصہ یہ ہے کہ مادی طاقت اور خوشحالی انسان کی نفسیات اور اخلاق بدل دیتی ہے اور یہ اخلاق کی تبدیلی بالآخر مادی طاقت کے زوال کا سبب بنتی ہے اس لئے جو قوم دنیا میں زندہ رہنا چاہتی ہے اس کا فرض ہے کہ تہذیب و تمدن، صنعت و حرف کی ترقی کے ساتھ ساتھ اخلاق و سیرت پر کڑی نظر رکھے۔(33)

بہرحال کچھ ایسے معاشی مباحث بھی ہیں جن کے بارے میں دونوں مسلم ماہرین کے افکار ملتے ہیں۔ مثلاً زراعت اور تجارت جو معیشت کے دو اہم شعبے ہیں ان کے بارے میں ان کا بلند معاشی فکر موجود ہے۔ اسی طرح دونوں ماہرین نے اکتساب مال کے ان متعدد مسائل سے بحث کی ہے جن سے ایک انسان کو واسطہ پڑتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایڈم سمتھ

ایڈم سمتھ (Adam Smith) سکاٹ لینڈ کے ایک شہر ایڈنبرا (Edinburgh) کے قریب کرک کیلڈی (Kirk Caldy) میں 5 جون 1723ء کو پیدا ہوا۔ اس نے ابتدائی تعلیم کرک کیلڈی میں حاصل کرنے کے بعد گلاسگو یونیورسٹی اور آکسفورڈ یونیورسٹی میں بھی تعلیم حاصل کی۔ اسے 1751ء میں گلاسگو یونیورسٹی میں منطق کا پروفیسر مقرر کیا گیا۔ اس نے 17 جولائی 1790ء کو وفات پائی۔ (حالات زندگی کے لئے دیکھئے۔ (34))

دولت اقوام

یہ ایڈم سمتھ کی کتاب:

"An Inquiry in to the nature and causes of th wealth of nations"

کا اردو ترجمہ ہے۔

ایڈم سمتھ کی یہ کتاب 9 مارچ 1776ء کو شائع ہوئی۔ یعنی "دولت اقوام کی حقیقت اور اس کے وجوہ میں ایک تحقیق" اس کتاب کو عموماً "دولت اقوام" کے مختصر نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس کتاب کا موضوع بحث یہ تھا کہ کسی قوم کی دولت کیونکر بڑھائی جاتی ہے اور اسے کیونکر تقسیم کیا جاتا ہے۔ ایڈم سمتھ نے اپنی کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کرتے ہوئے یہ عنوانات قائم کئے ہیں۔

صرف دولت (Consumpiton of wealth)، پیدائش دولت (Production of wealth)، مبادلہ دولت (Exchange of wealth) اور تقسیم دولت (Distribution of wealth)

ایک غلط فہمی اور اس کا ازالہ

راقم کو جدید مورخین معاشیات کے اس نظریے سے اتفاق نہیں ہے کہ ایڈم سمتھ معاشیات کا بانی ہے۔ ایڈم سمتھ سے کئی سو سال قبل مختلف مسلم ماہرین معاشیات مثلاً امام ابو یوسف، امام ابن حزم اور ابن خلدون وغیرہ نے دولت کو موضوع بحث بنایا۔ بالخصوص ابن خلدون نے دولت کے بارے میں بڑی جامع بحثیں کی ہیں۔

اس نے تو علم معاشیات پر اس وقت بحث کی جب یہ ترقی کی منازل طے کر چکا تھا۔ سمتھ سے قبل اس موضوع پر جو کام ہو چکا تھا وہ اس کی راہنمائی کا ذریعہ تھا۔

تقابلی مطالعہ

(1) امام ابو یوسف نے معاشیات کے موضوع پر اس وقت کام کیا جب اس موضوع پر کوئی تحقیقی کام ان کے سامنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہیں تھا۔ فلاسفہ یونان' افلاطون اور ارسطو وغیرہ کی تصانیف کے تراجم ابھی نہیں ہوئے تھے۔ جبکہ ایڈم سمتھ کے دور میں جیساکہ پہلے ذکر کیا گیا ہے اس علم کے بارے میں ماہرین کافی بحثیں کر چکے تھے۔ اگر ایڈم سمتھ اپنے سے پہلے کسی گذشتہ زمانے میں پیدا ہوتا تو اس کو وہ شہرت ہرگز نہ ملتی جو کہ اب حاصل ہے۔

(2) ایڈم سمتھ کی کتاب غیر مربوط اور بے ترتیب ہے۔ اس کو ایک مستقل کتاب کہنے کی بجائے ایک سلسلہ مضامین کہنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ لیکن امام ابویوسف کی کتاب میں یکسانیت اور ہم آہنگی ہے۔

(3) ایڈم سمتھ نے ٹیکس عائد کرنے کے چار اصول بیان کئے ہیں۔ یعنی' اصول مساوات' اصول تیقن' اصول سہولت' اور اصول کفایت۔ اصول مساوات سے مراد یہ ہے کہ ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق ٹیکس ادا کرے۔ جس شخص کی آمدنی زیادہ ہو وہ زیادہ ٹیکس ادا کرے اور جس کی آمدنی کم ہو وہ کم ٹیکس ادا کرے۔ اصول تیقن سے مراد یہ ہے کہ ٹیکس دہندہ کو علم ہونا چاہیے کہ اس نے کتنا ٹیکس ادا کرنا ہے؟ کب کرنا ہے؟ اور کہاں ادا کرنا ہے؟ اصول سہولت سے مراد یہ ہے کہ ٹیکس ادا کرنے والا اسے بوجھ تصور نہ کرے۔ مثلاً زمین دار سے اس وقت ٹیکس وصول کیا جائے جب فصل تیار ہو چکی ہو۔ اصول کفایت سے مراد یہ ہے کہ ٹیکسوں کی وصولی کا نظام اس قسم کا ہونا چاہیے کہ کم سے کم روپیہ خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ ٹیکس وصول کیا جائے۔

امام ابویوسف کی تصنیف کتاب الخراج کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ایڈم سمتھ سے ایک ہزار سال قبل ٹیکس کے یہ اصول پیش کئے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) فم الصلح دریائے دجلہ اور شہر واسط کے درمیان ایک شہر تھا۔

(2) ابن سعد' الطبقات الکبریٰ 6 / 402

ابن حجر' تہذیب التہذیب' 11 / 154' 155' 275

الذہبی' تذکرۃ الحفاظ' 1 / 330

ابن العماد' شذرات الذہب' 2 / 8

ابن قتیبۃ' المعارف / 225

احمد محمد شاکر' تصحیح و حاشیہ کتاب الخراج / 6-14

ابن ابی حاتم الرازی' ابو محمد عبدالرحمٰن' کتاب الجرح والتعدیل' حیدر آباد الدکن' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' الطبعۃ الاولی 1373ھ' جلد 4' قسم 2 / 128

الذہبی' شمس الدین ابو عبداللہ' العبر فی خبر من غبر (تحقیق صلاح الدین المنجد' الدکتور) کویت' التراث العربی' دائرۃ المطبوعات والنشر' 1960ء-1 / 343

(3) نجات اللہ صدیقی' اسلام کا نظام محاصل' / 88

(4) یحییٰ بن آدم' کتاب الخراج / 146

(5) ایضاً" / 147

(6) دیکھئے' احمد محمد شاکر' تصحیح و حاشیہ کتاب الخراج / 231-235

(7) ایضاً"

(8) السبکی' تاج الدین ابو نصر عبدالوہاب' طبقات الشافعیۃ الکبریٰ' مصر' مطبعۃ الحسینیۃ المصریہ' الطبعۃ الاولی 1 / 271

السیوطی' عبدالرحمٰن جلال الدین' المزہر فی علوم اللغۃ وانواعہا' بیروت' دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع 1 / 83

الخطیب' تاریخ' 12 / 404-415

ابن الندیم' الفہرست / 106

ابن خلکان' وفیات الاعیان 4 / 62

ابن سعد' الطبقات الکبریٰ' 7 / 355

ابن قتیبہ' المعارف / 239

ابن حجر' تہذیب التہذیب 8 / 284

یاقوت الحموی' ابو عبداللہ یاقوت بن عبداللہ' معجم الادباء' بیروت' دار احیاء التراث العربی' 16 / 255-257

الموسوی' محمد باقر' روضات الجنات فی احوال العلماء والسادات' (تصحیح' محمد علی الاصبہانی) الطبعۃ الثانیۃ 1347ھ-6 / 23

toobaa-elibrary.blogspot.com

(9) ابوعبید' الاموال / 536'537

(10) ایضاً / 514-525

(11) محمد کرد علی' محمد بن عبدالرزاق' کنوز الاجداد' مصر' مطبعۃ المعارف 1357ھ / 150

ابن الندیم' الفہرست / 188

یاقوت الحموی' معجم الادباء 17 / 14

ابن کثیر' البدایۃ والنہایۃ' 11 / 221

(12) طلال جمیل رفاعی' الدکتور' مقدمۃ' المنزلۃ الخامسۃ من کتاب الخراج و صنعۃ الکتابۃ' مکۃ المکرمۃ' مکتبۃ الطالب الجامعی' الطبعۃ الاولی 1407ھ / 13

(13) براکلمان' قدامہ بن جعفر' اردو دائرہ معارف اسلامیہ 16 / 1 ص 293

(14) نجات اللہ صدیقی' اسلام کا نظام محاصل / 90'91

(15) الزبیدی' محمد حسین' شرح و تحقیق کتاب الخراج و صناعۃ الکتابۃ قدامۃ ابن جعفر' بغداد' وزارۃ الثقافۃ والاعلام الطبعۃ الاولی / 11'12

السامرائی' ابراھیم' من کتب التراث - کتاب الخراج و صناعۃ الکتابۃ بقدامۃ بن جعفر' مجلۃ' عالم الکتب (الریاض) شوال 1402ھ' الریاض' دار ثقیف للنشر والتالیف / 200

(16) القفطی' جمال الدین ابوالحسن علی بن یوسف' کتاب اخبار العلماء باخبار الحکماء' مصر' دارالکتب الخدیویۃ' طبع اول 1326ھ / 156

المقری' ابوالعباس احمد بن محمد' نفح الطیب من غصن الاندلس الرطیب و ذکر و زیرھا لسان الدین بن الخطیب' (تحقیق' محمد محی الدین عبدالحمید) مصر' مطبعۃ عیسیٰ البابی الحلبی 6 / 203

عبدالکریم' خلیفہ' الدکتور' ابن حزم الاندلسی حیاتہ وادبہ' بیروت' دارالعربیۃ للطباعۃ والنشر والتوزیع / 1-53

ابن خلکان' وفیات' 3 / 325-328

یاقوت الحموی' معجم الادباء' 12 / 237-239

اردو دائرہ معارف اسلامیہ 1 / 491

(17) المقری' نفح الطیب' 6 / 203

(18) ابن حزم' المحلی' 6 / 156

(19) ایضاً

(20) ایضاً' 9 / 316

(21) ایضاً' 253

(22) ایضاً' 310'311

toobaa-elibrary.blogspot.com

(23) ایضاً 8 / 201

(24) السبکی، طبقات الشافعیة الکبری، 4 / 102-116

المصنف، ابوبکر بن هدایة اللّٰه، طبقات الشافعیة، بغداد، المکتبة العربیة، 1356ھ / 69-71

محمد، احسن صدیقی، مذاق العارفین ترجمہ احیاء العلوم الدین، لاہور مکتبہ رحمانیہ، 1 / 5

عادل زعبوب الدکتور، منهاج البحث عند الغزالی، بیروت، موسسة الرسالة الطبعة الاولی 1400ھ / 9-19

(25) الغزالی، احیاء علوم الدین، 3 / 225-259

الغزالی، ابوحامد محمد بن محمد، کتاب الاربعین فی اصول الدین، القاهرة، المکتبة التجاریة الکبریٰ، / 32، 33

الغزالی، ابو حامد محمد بن محمد، میزان العمل (تحقیق = الدکتور سلیمان بدنیا) القاهرة، نشر دار المعارف / 382

(26) الغزالی، ابو حامد محمد بن محمد، التبر المسبوک فی نصائح الملوک، مصر، مطبعه خیریه، 1306ھ / 83

(27) الغزالی، ابو حامد محمد بن محمد، شفاء الغلیل، بغداد، نشر دار الارشاد الطبعة الاولی 1971 / 235-243

الکبیسی، احمد عبید، الدکتور، مباحث التعلیل، (کتاب پر ناشر کا نام تحریر نہیں ہے) / 131-132

(28) لطفی جمعة، محمد، تاریخ فلاسفة الاسلام فی المشرق والمغرب، مصر مطبعة المعارف، 1345ھ / 225

الحصری، ابو خلدون ساطع، دراسات عن مقدمة ابن خلدون، مصر، دار المعارف، 1953ء / 69-93

حنیف ندوی، مولانا محمد، افکار ابن خلدون، لاہور، ادارہ ثقافت اسلامیہ / 3

الفریڈ بل، ابن خلدون، اردو دائرہ معارف اسلامیہ 1 / 504

Sherwani, H.K. Ibn Khaldun and his Politico-Economic thought.

Islamic culture (An English quarterly) April 1970 (Published

by the Islamic culture Board Hyderabad (India) / 71-73.

(29) *Ahmad, Rafiq, The origin of economics and the muslims ....*

A Preliminary Survey" (Jounral, The Punjab University Economist.

Lahore, University of the Punjab) / 41, 42.

ابن خلدون، مقدمة، الباب الخامس من الکتاب الاول، تلخیص صفحات 380-428

البوزیدی، علال "نظرات فی الفکر المنهجی عند ابن خلدون" مجلة الامة 1404ھ / 49

toobaa-elibrary.blogspot.com

(30) ابن خلدون، مقدمة، الباب الرابع من الكتاب الاول، الفصل الثانی عشر "فی اسعار المدن" تلخیص صفحات 362-364

(31) ایضاً، الباب الثالث من الکتاب الاول، الفصل الثامن والثلاثون فی الجبایة و سبب قلتها و کثرتها، 279، 280

Boulakia, Jean David, Ibn Khaldun = A Fourteenth century Economist, Journal of Islamic Banking and Finance / 75-76.

(32) ابن خلدون، مقدمة، الباب الثالث من الکتاب الاول، الفصل الثالث والاربعون، "فی ان الظلم موذن بخراب العمران" تلخیص صفحات 286-290

(33) ایضاً، الباب الثانی من الکتاب الاول، الفصل الرابع فی ان اهل البدو اقرب الی الخیر من اهل الحضر، تلخیص صفحات، 123، 124

(34) *Hay, Thomas Robson, smith Adam, Collier's Encyclopaedia (Newyork Macmillan Educational company) 21/90,91*

Viner, Jacob, Smith Adam, International Encyclopaedia of the Social Sceinces, (Newyork, The Macmillan comapny) 14/322,323

Smith Adam, The New Encyclopaedia Britannica 10 / 892

Cropsey, Joseph, Smith Adam, The Encyclopaedia Americana, 25 / 53, 54

Gill, Richard T Smith, Adam, The Macmillan Family Encyclopaedia 17 / 366, 367.

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب ہفتم

پاکستان میں ٹیکس کے نظام کا تنقیدی جائزہ اور ابو یوسف کے معاشی افکار کی روشنی میں اصلاح کی تجاویز

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کی تصنیف "کتاب الخراج" بنیادی طور پر اسلامی نظام مالیات سے متعلق ہے۔ آپ نے اس کتاب میں ٹیکسوں سے متعلق مختلف مباحث مثلاً ٹیکس عائد کرنے کے اصول، وصولی کا طریق کار، ٹیکس وصول کرنے والوں کے اوصاف اور اس ذریعہ سے حاصل ہونے والی رقوم کو خرچ کرنے کے بارے میں تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ اس لئے ایک ماہر معاشیات کے طور پر امام ابویوسف کے مقام کا تعین اور ان کے کام کی قدر و قیمت کا اندازہ اس وقت ہی ہو سکتا ہے جب ہم پاکستان میں موجود ٹیکسوں کے نظام کا تنقیدی جائزہ لیں اور یہ بتائیں کہ اس نظام میں جو خرابیاں موجود ہیں ان کو دور کرنے کے لئے امام ابویوسف کے معاشی افکار سے کہاں تک استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

قوانین محاصل

پاکستان میں مختلف قسم کے محاصل کے بارے میں جو قوانین نافذ ہیں یہاں ان کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

(1) زرعی پیداوار ٹیکس ایکٹ، 1940ء (The Agricultural Produce cess Act,1940)

وہ زرعی پیداواریں جو بغرض تجارت ملک سے باہر بھیجی جاتی ہیں ان پر ٹیکس عائد کیا جاتا ہے۔ اس ٹیکس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ زراعت، خوراک، مویشی و ماہی پروری کی ترقی کے لئے سائنسی تحقیق کی جا سکے۔

(2) ریلوے (مقام مقتدرہ جات محصولاتی) ایکٹ، 1941ء

(The Railway (Local Authorities Taxation) Act, 1941)

اس ایکٹ کے ذریعے ریلوے کو اس امر کا پابند بنایا گیا ہے کہ وہ مقامی مقتدرہ جات (Local Authorities) کی طرف سے عائد شدہ ٹیکس ادا کرے۔

(3) پیشہ ورانہ ٹیکس کی حدود کا ایکٹ، 1941ء

(The Professions Tax Limitation Act, 1941)

مختلف پیشوں پر جو ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ اس ایکٹ کے ذریعے اسے پچاس روپے تک محدود کر دیا گیا ہے اور اس سے زائد ٹیکس ختم کر دیا گیا ہے۔

(4) سنٹرل ایکسائز و سالٹ ایکٹ، 1944ء

(The Central Excise and Salt Act, 1944)

اس ایکٹ کے ذریعے شیڈول اول میں شامل تمام اشیاء پر ڈیوٹی نفاذ پذیر ہے۔ یہ ٹیکس بالواسطہ عائد کیا گیا ہے۔

(5) سیلز ٹیکس، ایکٹ، 1951ء (The Sales Tax , 1951)

یہ ایک بالواسطہ ٹیکس (Indirect Tax) ہے۔ یہ ٹیکس اگرچہ ان تاجروں سے وصول کیا جاتا ہے جو اشیاء

toobaa-elibrary.blogspot.com

فروخت کرتے ہیں لیکن تاجر ٹیکس کی رقم کو جو انہوں نے حکومت کو ادا کرنی ہوتی ہے' اس چیز کی قیمت میں شامل کر دیتے ہیں۔ اس طرح اس ٹیکس سے عوام متاثر ہوتے ہیں۔

(6) پٹرولیم کی مصنوعات پر ترقیاتی زائد ٹیکس آرڈیننس' 1961ء

(The Petroleum Product = Development Surcharge ordinance, 1961)

یہ ٹیکس پٹرولیم کی مصنوعات تیار کرنے والی کمپنیوں پر عائد کیا جاتا ہے۔ یہ سیلز ٹیکس یا ایکسائز ڈیوٹی کے علاوہ ہے۔

(7) سیمنٹ (زائد ٹیکس) آرڈیننس 1961ء

(The Cement (Surcharge) Ordinance 1961)

یہ ٹیکس سیمنٹ بنانے والی کمپنیوں پر عائد کیا گیا ہے۔ یہ ایک بالواسطہ ٹیکس ہے اور کمپنی یہ ٹیکس قیمت میں شامل کر کے صارفین سے وصول کر لیتی ہے۔

(8) ہبہ ٹیکس ایکٹ' 1963ء (The Gift Tax Act, 1963)

اگر ایک شخص دوسرے کو مقررہ مالیت کی کوئی جائیداد منقولہ (Movable Property) یا غیر منقولہ (Immovable) ہبہ کرے تو اس پر ٹیکس عائد ہوتا ہے۔ یہ ٹیکس موہوب الیہ سے بھی وصول کیا جا سکتا ہے۔

(9) دولت ٹیکس ایکٹ' 1963ء (The wealth tax act, 1963)

یہ ایک بلاواسطہ (Direct) ٹیکس ہے جو ایک مقررہ مالیت تک پہنچنے والی جائیداد منقولہ و غیر منقولہ پر عائد کیا گیا ہے۔

(10) خوابیدہ فنڈز (انتظامی) ایکٹ' 1966ء

(The Dormant Funds (Administration) Act, 1966)

اس ایکٹ کے ذریعے بعض ایسے ٹیکس جن کی ضرورت ختم ہو جائے ان کی جمع شدہ رقم کو بعض دوسری اہم ضرورتوں پر صرف کر دیا جاتا ہے۔ اس قانون کے ذریعے قائداعظم بہار ریلیف فنڈ' پاکستان فنڈ اور مسلم لیگ فنڈ (انڈیا) کی غیر استعمال شدہ رقوم کو صدارتی ریلیف فنڈ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

(11) قدرتی گیس (ترقیاتی زائد ٹیکس) آرڈیننس' 1967ء

(The Natural Gas (Development Surcharge) Ordinance, 1967)

یہ ٹیکس گیس کمپنیوں پر عائد کیا گیا ہے۔ کمپنی اس ٹیکس کا بار صارفین کی طرف منتقل کر دیتی ہے۔

(12) درآمد سامان (قیمتوں کو مساوی رکھنے کے لئے زائد ٹیکس) ایکٹ' 1967ء

(The import of Goods (price Equalization surcharge Act, 1967)

toobaa-elibrary.blogspot.com

بعض اشیاء جو بیرونی ممالک سے درآمد (Import) کی جاتی ہیں ان پر زائد ٹیکس لگایا جاتا ہے تاکہ ان کی قیمتیں اس طرح کی دیگر اشیاء کی قیمتوں کے برابر ہو جائیں۔

(13) کسٹم ایکٹ، 1969ء (The Custom Act, 1969)

یہ ایک بالواسطہ ٹیکس ہے جو درآمدی سامان پر لگایا جاتا ہے۔

(14) سوتی ریشہ (ایکسائز ڈیوٹی) آرڈیننس 1978ء

(The staple cotton (Exise Duty) ordinance 1978)

روئی اوٹنے والے کارخانے جب روئی اوٹ کر گانٹھوں کی شکل میں سوتی کپڑا بننے کے کارخانوں کو مہیا کرتے ہیں تو اس وقت ان پر ٹیکس عائد کیا جاتا ہے۔ یہ ایک بالواسطہ ٹیکس ہے جو درحقیقت کپڑا خریدنے والے صارفین ہی ادا کرتے ہیں۔

(15) انکم ٹیکس آرڈیننس 1979ء (Income Tax Ordinance, 1979)

اس آرڈیننس کے ذریعے مختلف افراد کی آمدنیوں پر ٹیکس عائد کیا جاتا ہے۔

(16) چینی پر سنٹرل ایکسائز ڈیوٹی (جواز) آرڈیننس 1979ء

The Central Excise Duty on sugar (validation) ordinance, 1979.

اس قانون کے ذریعے 7 جون 1975ء کو عائد ہونے والے ٹیکس کو قانونی جواز مہیا کیا گیا ہے۔

(17) زکوٰۃ و عشر آرڈیننس 1980ء (The Zakat and Ushr Ordinance, 1980)

حکومت نے 20 جون 1980ء کو زکوٰۃ و عشر آرڈیننس کا اعلان کیا۔ اس کی رو سے ہر سال رمضان المبارک کے مہینہ میں بینکوں میں جمع شدہ رقوم سے زکوٰۃ لی جاتی ہے۔

(18) درآمد سامان (درآمدی سامان اور اعانہ یافتہ درآمدات کی قیمتوں کو باقاعدہ بنانے کے لئے محصول) آرڈیننس 1983ء

The import of Goods (antidumping and countervailing duties) ordinance, 1983.

اگر کوئی ملک پاکستانی اداروں کو نقصان پہنچانے کی خاطر اپنے تجارتی سامان کی قیمت کم کر کے بھیجے تو حکومت اس آرڈیننس کے ذریعے غیر ملکی سامان کی قیمت کو پاکستانی سامان کی قیمت کے برابر کرنے کے لئے کسٹم کے ساتھ یہ محصول عائد کرتی ہے۔

(19) معدنیات پر ایکسائز ڈیوٹی (بہبودی محنت کاراں) ایکٹ 1967ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

(The Excise Duty on minerals (Labour welfare) Act, 1967,)

مختلف کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے معدنیات پر ایکسائز ڈیوٹی عائد کی گئی ہے۔ اس ایکٹ کی دفعہ 4 کے ذریعے مائنز لیبر ویلفیئر اینڈ جنرل ویلفیئر فنڈ قائم کیا گیا ہے۔ اس میں ایکسائز ڈیوٹی سے حاصل شدہ رقم جمع ہو گی۔ (1)

تنقیدی جائزہ

کسی بھی ملک کی معیشت میں ٹیکس کی آمدنی ایک بڑا ذریعہ ہوتی ہے جس سے حکومت اپنے اخراجات پورے کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کی فلاح و بہبود پر رقوم خرچ کرتی ہے۔ ٹیکس دراصل حکومت کا کل پیداوار میں ایک حصہ ہوتا ہے جس طرح ایک مزدور محنت کا معاوضہ اور سرمایہ دار اپنا سرمایہ مہیا کر کے منافع لیتا ہے اسی طرح حکومت جو خدمت مہیا کرتی ہے اس کا معاوضہ ٹیکس ہے' ٹیکس نہ دینا ایسے ہے جیسے کسی مزدور کو اس کی اجرت نہ دی جائے۔

ٹیکسوں کا موجودہ اور فرسودہ نظام غیر ملکی آقاؤں کا بنایا ہوا ہے جو برصغیر سے خراج وصول کر کے اپنی اساس مضبوط کرنے اور اپنے وفادار جاگیرداروں اور زمینداروں کو تحفظ دینے کے لئے وضع کیا گیا تھا اس لئے اس میں ٹیکس دہندگان (Tax payers) کے لئے قطعی کسی سہولت یا آسانی کا خیال نہیں رکھا گیا تھا۔

ایک اچھے اور کامیاب ٹیکس سسٹم (نظام محصولات) کے لئے جو اوصاف درکار ہیں ان کا ہمارے ہاں بہت فقدان ہے۔ پاکستانی عوام اور خصوصاً" کاروباری طبقے میں سب سے زیادہ پریشانی اور بے چینی ہمارے مروجہ ٹیکس سسٹم کے بارے میں پائی جاتی ہے۔

ہمارے ملک میں عوام اور حکومت کے درمیان ٹیکسوں کا مسئلہ ایک مسلسل محاذ آرائی اور کاروباری عدم تحفظ و عدم استحکام کا سبب بنا ہوا ہے اور کاروبار کرنا اور ذرائع آمدنی کو وسیع کرنا ایک جرم کی سی کیفیت اختیار کر چکا ہے۔

جب ہم پاکستان کے ٹیکسوں کی تشخیص اور وصولی کے نظام و طریق کار پر نظر ڈالتے ہیں تو اس میں متعدد خامیاں نظر آتی ہیں۔

(1) پاکستان میں ٹیکس دہندگان (Tax payers) سے انتہائی ظالمانہ سلوک کیا جاتا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ اور دیگر ترقی پذیر ممالک میں تو ٹیکس دہندگان کو جو حقوق اور مراعات حاصل ہیں وہ اپنی جگہ' اس کے ساتھ ساتھ جس باوقار طریقے سے حکومتیں ٹیکس وصول کرتی ہیں وہ بھی قابل ستائش ہے لیکن ہمارے ملک میں مختلف ادارے جس بے دردی سے ٹیکس وصول کرتے ہیں وہ انتہائی تکلیف دہ اور افسوسناک ہے۔ ٹیکس کی ادائیگی کرتے وقت جن مشکل اور صبر آزما مراحل سے گزرنا پڑتا ہے ان کی وجہ سے ٹیکس دہندگان یہ محسوس کرتے ہیں کہ کاش ہم اس قابل ہی نہ ہوتے کہ ہمیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ٹیکس ادا کرنا پڑتا۔ یہاں کسی بھی حکومت نے ٹیکس دہندگان کی اہمیت کا اندازہ نہیں کیا اور نہ ہی ان کے بارے میں کبھی یہ سوچا کہ حکومت کا خزانہ ان ہی کی وجہ سے آباد ہے ہمارے یہاں تو ٹیکس دہندگان کی صورتحال دیکھتے ہوئے یوں محسوس ہوتا ہے گویا یہ مجرم ہیں اور قومی خزانہ بھرنے کی سزا انہیں چلچلاتی دھوپ میں کھڑے رہنے کی صورت میں دی جارہی ہے۔ بجلی، سوئی گیس، ٹیلی فون، اور پانی کے بل جمع کراتے ہوئے ہر بینک کے باہر ایک لائن دکھائی دیتی ہے۔ بل جمع کرانے والوں کے سر پر نہ تو کوئی سایہ ہوتا ہے اور نہ ہی ان کے لئے بیٹھنے یا پانی پینے کی کوئی سہولت ہوتی ہے۔ ان لوگوں میں ایک بڑی تعداد خواتین اور بچوں کی بھی ہوتی ہے جو "قومی جرمانے" بھرنے کے لئے گھنٹوں انتظار میں گزارتے ہیں۔ متوسط اور سفید پوش طبقے سے لے کر غریب عوام تک سبھی پسینے میں شرابور حکومت کو ٹیکس ادا کرنے کے لئے روزانہ بنکوں کے باہر دھکے کھاتے دیکھے جاسکتے ہیں۔ یہی صورت انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کراتے ہوئے دکھائی دیتی ہے۔ گوشوارے جمع کرانے والے لوگوں کو دیکھ کر یقیناً یہ احساس ہوتا ہے کہ جیسے انہیں بھی کسی جرم کی سزا دی جارہی ہے۔ تنخواہ دار طبقہ ایک تو ٹیکس ایمانداری اور باقاعدگی سے ادا کرتا ہے۔ دوسرے اسے ٹیکس دفاتر کی خاک بھی چھاننی پڑتی ہے۔

یہی صورت ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن (Excise and Taxation) ڈیپارٹمنٹ میں پراپرٹی پر ٹیکس ادا کرنے والوں کو پیش آتی ہے۔ بعض اوقات تو زیادہ ٹیکس یا ناجائز ٹیکس لگ جانے کی صورت میں کئی دن تک دفتروں کے چکر بھی کاٹنے پڑتے ہیں۔

(2) پاکستان میں ٹیکسوں کی چوری (Tax Evasion) کا رجحان بہت وسیع اور سنگین ہے۔ حکومت نے چند سال پہلے ٹیکس اصلاحات کے لئے جو کمیشن ایک ممتاز ماہر اقتصادیات کی قیادت میں مقرر کیا تھا اس کا اندازہ یہ تھا کہ واجب الادا (Payable) ٹیکسوں کا اسی فیصد ملکی خزانے میں نہیں آتا ایک اور سروے سے یہ ظاہر ہوا تھا کہ ملک کی بعض مشہور و معروف مارکیٹوں میں جہاں کروڑوں اربوں کا کاروبار سالانہ ہوتا ہے اور جہاں بڑی بڑی معروف فرمیں واقع ہیں وہاں سے حکومت کو سالانہ بمشکل لاکھ دو لاکھ روپے مجموعی ٹیکس وصول ہوتا ہے۔

یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ پہلے سے رائج ٹیکس بھی درست طور پر وصول نہیں کئے جارہے۔ یہ ٹیکس دہندگان (صنعتکاروں اور سرمایہ داروں) اور متعلقہ افسر شاہی (ٹیکس جمع کرنے کی مشینری) کی غیر مقدس ملی بھگت کا نتیجہ ہے۔ جو سالانہ کروڑوں روپے کمارہے ہیں وہ چند ہزار روپے ٹیکس دے رہے ہیں۔

سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر محبوب الحق نے کہا تھا کہ سرکاری اداروں سے وابستہ عمال (workers) ہر سال اس غریب ملک کے عوام کا کم از کم 40 (چالیس) ارب روپیہ ہضم کر جاتے ہیں۔ (2) وہ حیران ہو کر کہا کرتے ہیں کہ جس ملک میں آج تک ایک بھی صنعتکار یا سرمایہ دار ٹیکس ادا نہ کرنے کی وجہ سے جیل نہ بھیجا گیا ہو اس ملک میں واجب الادا سرکاری

toobaa-elibrary.blogspot.com

واجبات کس طرح وصول کئے جاسکتے ہیں؟

روزنامہ جنگ کی ایک خبر کے مطابق حکومت کی جانب سے ٹیکس دہندگان کے ناموں پر مشتمل ڈائریکٹری کی اشاعت کے فیصلے کے بعد انکم ٹیکس کے تینوں ریجن سنٹرل ریجن' نارتھ ریجن اور کراچی ریجن نے تقریباً 11 لاکھ ٹیکس دہندگان کی فہرستیں سنٹرل بورڈ آف ریونیو کو بھجوادی ہیں ان میں ہر اس شخص کا نام شامل ہے جو ٹیکس ادا کرتا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ان میں بڑے بڑے صنعت کاروں' فیکٹریوں کے مالکان' سیاست دان اور سرکاری اعلیٰ افسران کے ناموں کے ساتھ رونگٹے کھڑا کردینے والے اعداد و شمار بھی دیئے گئے ہیں کہ کون کتنا ٹیکس دیتا ہے۔

ذرائع نے بتایا ہے کہ بعض افراد حکومت کی خود تشخیصی سکیم کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے محکمے کے افسران و اہل کاروں کی ملی بھگت سے اپنی جائیدادوں اور کاروبار سے متعلقہ غلط گوشوارے جمع کرا رکھے ہیں اور اس طرح ٹیکس حکومت کے خزانے میں جمع کرانے کی بجائے چوری کرلیا جاتا ہے اربوں روپے کی جائیداد کے مالک سالانہ چند سو روپے ٹیکس جمع کراتے ہیں جبکہ متعدد افراد جنہوں نے فیکٹریاں اس ملک میں لگا رکھی ہیں لیکن ان کے بنک اکاؤنٹ بیرونی ممالک کے بینکوں میں ہیں۔

محکمہ انکم ٹیکس لاہور کے ایک اعلیٰ افسر نے بتایا کہ اصل خرابی نظام کی ہے۔ یہاں ایک افسر کی تنخواہ اتنی ہے کہ وہ بمشکل اپنی گاڑی کا پٹرول ڈلوا سکتا ہے۔ لیکن اس کے پاس اختیارات اتنے ہیں کہ اس کے قلم کی ایک جنبش سے کروڑ روپے ادھر ادھر ہو سکتے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ سنٹرل ریجن لاہور جس کے دائرہ اختیار میں لاہور' ملتان' بہاولپور اور ڈی' جی' خاں کے ڈویژن شامل ہیں تقریباً ساڑھے تین لاکھ ٹیکس دہندگان کے ناموں پر مشتمل فہرستیں سی۔ بی۔ آر کو بھجوادی ہیں۔ ان میں بعض تاجر صنعتکار اور سیاست دانوں کے نام بھی شامل ہیں جو عام سرکاری ملازم سے بھی کم ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ (3)

(3) ٹیکس عائد کرنے کے لئے تشخیصی نظام میں بھی خرابی پائی جاتی ہے۔ کسی کاروبار کے حجم کو بنیاد بنا کر ٹیکس عائد کرنے کے بجائے' آمدنی' اخراجات و اثاثہ جات کی تفصیلات کی جانچ پڑتال کو بنیاد بنایا جاتا ہے۔ یعنی عمال حکومت کو آم کھانے سے زیادہ پیڑ گننے سے دلچسپی ہوتی ہے۔ یہ طریقہ کار رشوت' بلیک میلنگ' سرکاری خزانے کی آمدنی میں کمی اور اپنے بوجھل پن و پیچیدگی میں اضافہ کے سوا اور کسی منفعت کا سبب نہیں بنتا۔ مثلاً ستم ظریفی کی انتہا دیکھئے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس کے مطابق کاروباری حضرات کے لئے دفعہ نمبر 80-C کے تحت آمدنی میں سے براہ راست منہا کئے جانے والے ٹیکس یا دفعہ نمبر 80-D کے تحت سالانہ ٹرن اوور کے اعشاریہ پانچ فیصد (5%) میں سے جو رقم بھی زیادہ ہو گی وہ بطور ٹیکس واجب الادا ہو گی لیکن معاملہ یہاں ختم نہیں ہو گا بلکہ اس کے بعد ٹیکس دہندہ کی تشخیص ہو گی اور تمام حسابات کی پڑتال کی جائے گی اور اگر مزید ٹیکس لاگو ہو گا تو وصول کیا جائے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسی تشخیصی نظام کی ایک اور بڑی خرابی و سلتھ اسٹیٹمنٹ (منقولہ و غیر منقولہ جائیداد کی تفصیلات) کا تقاضا ہے جو کہ قانون کے مطابق ہر اس شخص کو فراہم کرنا ضروری ہے جس کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپے یا اس سے زائد ہو۔ اس دستاویز کی تیاری ایک طرف عام آدمی تو درکنار ایک تعلیم یافتہ شخص کے بھی بس کی بات نہیں۔ کیونکہ یہ ایک خالص ٹیکنیکل دستاویز ہوتی ہے لہٰذا اس کے لئے لوگوں کو وکلاء کے پیچھے بھاگنا پڑتا ہے اور دوسری طرف اتنے بڑے پیمانے پر یہ کھوج کرید اس لحاظ سے بھی لاحاصل ہے کہ عوام کے لئے اپنے اثاثہ جات کے ذرائع کی صحیح تفصیلات حکمرانوں کو بتانا ممکن نہیں ہوتا کیونکہ ان میں سے اکثر کے حصول کو ایک مدت گزر چکی ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ بات واضح ہے کہ ہمارے تشخیصی نظام کا موجودہ طریقہ کار نہ تو عوام کے لئے قابل قبول ہے اور نہ ہی سرکاری خزانہ (Public Treasury) کے لئے فائدہ مند۔ البتہ یہ سرکاری عمال کی مستقل اور پکی آمدنی کا ذریعہ ضرور ہے۔ لہٰذا پورے وثوق سے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ ہمارے سرکاری افسران کے ناجائز مفاد کو نظرانداز کئے بغیر ٹیکس سسٹم میں کسی بھی اصلاح کی کوئی گنجائش ممکن نہیں۔ انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 13 کے تحت افسران کو جو صوابدیدی اختیارات اس وقت حاصل ہیں وہ ٹیکس سسٹم کی کمزوریوں اور عملے کی نااہلیوں کو قانونی تحفظ فراہم کرنے کا ذریعہ بنے ہوئے ہیں اور عموماً" ان اختیارات کے استعمال کے خلاف اپیلیں ہوتی رہتی ہیں اور زیادہ تر فیصلے عوام ہی کے حق میں ہوتے ہیں۔

(4) ملک میں زیادہ تر ٹیکس بالواسطہ (Indirect) انداز میں لگائے گئے ہیں۔ اس وقت بالواسطہ ٹیکس 85 فیصد اور براہ راست (Direct) صرف 15 فیصد ہیں۔ یہ تناسب انتہائی غیر متوازن ہے۔ بیشتر ٹیکس ایسے افراد ادا کرتے ہیں جن کو معلوم ہی نہیں کہ ان سے یہ ٹیکس وصول کیا جارہا ہے۔ تمام بالواسطہ ٹیکس مثلاً سیلز ٹیکس 'ایکسائز ڈیوٹی' تفریحی ٹیکس وغیرہ یہی خصوصیت رکھتے ہیں۔ عوام کے علم میں لائے بغیر ان سے ٹیکس وصول کرنا بداعتمادی بدمعاملگی اور دھوکے کی ایک صورت ہے۔

بالواسطہ ٹیکس کا بار غرباء اور متوسط طبقے پر پڑتا ہے۔ عموماً" یہ کہا جاتا ہے کہ تعیشات پر سیلز ٹیکس لگایا جائے تو اس کا اثر امیروں پر پڑتا ہے۔ یہ سوچ عملی معاشیات سے ناواقفیت کی دلیل ہے۔ تقریباً تمام اغنیاء یقیناً معاشرے کے عملی میدان میں ایسی موثر پوزیشن (Dominating Position) میں ہوتے ہیں کہ وہ اپنے تمام اخراجات کا بار غرباء کی طرف منتقل کرسکتے ہیں۔ اور عملاً" وہ ایسا ہی کرتے ہیں۔ لہٰذا بالواسطہ ٹیکس کا بار سو فی صد حالات میں غرباء کی طرف منتقل ہو کر رہتا ہے۔ (4)

(5) متعدد ٹیکسوں کا بار (Incidence) آخر کار ایک ہی مقام پر ہوتا ہے مثلاً ہر جائیداد سے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر ہاؤس ٹیکس' پراپرٹی ٹیکس' دولت ٹیکس' خالی پلاٹوں پر ٹیکس' بہتری ٹیکس (Betterment Tax) انکم ٹیکس اور بعض حالات میں گفٹ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔ (5)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسی طرح ملازم پیشہ افراد پہلے تنخواہ پر ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ پھر جب خرچ کرتے ہیں تو اس پر بھی ٹیکس دینا پڑتا ہے۔

(6) ہمارے ملک میں ٹیکس دہندگان کی تعداد بہت محدود ہے۔ بارہ کروڑ سے زائد آبادی والے ملک میں کم و بیش دس لاکھ ٹیکس دہندگان ہیں جو ملک کی آبادی کے ایک فی صد سے بھی کم ہیں۔ ان میں سے بھی بمشکل پندرہ ہزار ٹیکس دہندگان اپنی سالانہ آمدنی ایک لاکھ سے زیادہ دکھاتے ہیں۔

بہت سی آمدنیاں ہیں جن پر ٹیکس نہیں لگتا اور وہ دولت ٹیکس سے بھی مستثنیٰ ہوتی ہیں۔ ہمارے ملک میں ٹیکس سے مستثنیٰ جتنی آمدنیوں کی تعداد ہے وہ کسی دوسرے ملک میں بمشکل ہی ملے گی۔ ان رعایتوں اور مستثنیات کی تعداد 285 ہے۔

اگرچہ بعض ٹیکس جو کہ دونوں (وفاقی اور صوبائی) سطحوں پر وصول کئے جاتے ہیں بظاہر وسیع بنیادوں کے حامل ہیں لیکن درحقیقت تمام ہی صورتوں میں ٹیکس کی بنیادیں بہت محدود ہیں۔

مرکزی سطح پر ٹیکسوں کی چار بڑی اقسام ہیں جن میں انکم ٹیکس، کسٹم ڈیوٹیز، ایکسائز ڈیوٹیز اور سیلز ٹیکس ہیں۔ صوبائی سطح پر بڑے ٹیکسوں میں سٹمپ ڈیوٹی، موٹر گاڑی ٹیکس، تفریحی ٹیکس اور بجلی کا ٹیکس شامل ہیں۔

ایک اور بڑا مسئلہ جس کا نظام محصولات کو سامنا ہے یہ ہے کہ ٹیکس وصولیوں میں اضافے کا ٹیکس کی بنیاد میں توسیع کے ساتھ خودکار ربط نہیں ہے۔ لہٰذا محصولات کے نظام کی لچک اور بڑھوتری کا باہمی تعلق بہت محدود ہے جو کہ ٹیکس کی بنیاد میں خودکار تبدیلی اور ٹیکس کی وصولی کو بڑھانے کے لئے دوسرے اختیاری اقدامات کی موجودگی میں ٹیکس کی وصولیوں پر اثر پذیری کو ناپ سکے۔

ٹیکس کی بنیاد کی محدودیت اور لچک اور بڑھوتری کے درمیان محدود باہمی تعلق کی وجوہات کی نشاندہی کے لئے ذیل میں کوشش کی گئی ہے۔

(ا) اگرچہ انکم ٹیکس مختلف ذرائع سے حاصل کی گئی آمدنیوں مثلاً تنخواہوں، ہنڈیوں سے حاصل ہونے والا سود، جائیداد کے کاروبار اور پیشوں سے حاصل ہونے والی آمدنی، سرمایہ پر، منافع وغیرہ پر لگایا جاتا ہے، لیکن دو اہم شعبے اس سے مستثنیٰ ہیں۔

پہلا اور سب سے اہم شعبہ زرعی شعبہ ہے۔ ایک اندازے کے مطابق زرعی شعبہ میں 30 لاکھ گھرانے ایسے ہیں جن کی آمدنی استثنائی حد سے زیادہ ہے۔ اس شعبے کے استثناء کی وجہ سے ملک میں ٹیکس کی بنیاد بہت محدود ہو گئی ہے۔

انکم ٹیکس سے مستثنیٰ دوسرا اہم شعبہ معیشت کا غیر منظم شعبہ ہے۔ منظم شعبہ میں ٹیکس کی بنیاد 380 سٹاک ایکسچینج کمپنیوں، 12000 رجسٹرڈ فرموں، اور تنخواہ دار طبقہ پر مشتمل ہے جبکہ تھوک فروشوں، پرچون فروشوں، چھوٹے صنعتکاروں تاجروں، خرید و فروخت کرنے والوں اور مکانات کے مالکان کی بڑی تعداد انکم ٹیکس سے صرف اس بنا پر بچ جاتی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے کہ ان کی نشاندہی اور ان کی آمدنی کی تشخیص میں کچھ انتظامی مشکلات حائل ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ٹیکس کی بنیاد محدود ہونے کی وجہ سے بہت سنگین نتائج سامنے آئے ہیں پہلا یہ کہ ایک پہلے سے طے شدہ ہدف کو پورا کرنے کے لئے ٹیکس کی بنیاد جتنی محدود ہوگی شرح ٹیکس اتنی ہی بلند رکھی جائے گی اور بلند شرح ٹیکس سے ٹیکس کی چوری اور دوسری بدعنوانیاں بڑھتی ہیں۔ دوسرا یہ کہ محدود اساس ٹیکس سے تمام محصولات کا بوجھ آبادی کے ایک چھوٹے حصے پر پڑتا ہے۔ جس سے عدل و انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوپاتے۔ تیسرا یہ کہ ٹیکس ادا کرنے والوں پر ٹیکس کے بھاری بوجھ کی بنا پر ان کے لئے ترقی کی ترغیب ختم ہو جاتی ہے اور ٹیکس کی بنیاد اور بھی محدود ہوتی چلی جاتی ہے۔ چنانچہ اس طرح نظام محصولات ٹھٹھر کر رہ جاتا ہے۔(6)

(7) ٹیکس کے قانون میں محکمہ کے عملہ کو تشخیص کے سلسلے میں لامحدود اختیارات تمیزی دیئے گئے ہیں۔ لامحدود پیمانے پر رشوت وصول کی جاتی ہے جس کے نتیجے میں حکومت کا ٹیکس بہت کم کر دیا جاتا ہے۔ ٹیکس کی تشخیص اور وصولی کسی آسان' سادہ اور عادلانہ فارمولے اور طریقے کے بجائے پیچیدہ اور ظالمانہ طریقوں سے ہوتی ہے اور متعلقہ عملے کو وسیع اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ سندھ ٹیکسیشن کمیشن نے ایک مثال دی ہے کہ ایک ہی علاقے میں ایک جیسی جائیدادوں کی سالانہ کرایہ داری تشخیص میں خاصا فرق پایا گیا۔(7)

(8) ٹیکس کی تشخیص اور وصولی کے سلسلہ میں حکومت کو اعتراف ہے کہ اس میں لامحالہ ظلم و زیادتی کی جاتی ہے۔ اس وجہ سے ٹیکس کے ہر قانون کو عدالتی محاسبہ سے بالاتر رکھا گیا ہے تاکہ یہ ظلم ظاہر نہ ہو۔

(9) زکوٰۃ و عشر آرڈیننس 1980ء کے تحت وصولی کے لئے جو اصول و ضوابط اور طریقہ کار وضع کیا گیا ہے' اس پر کئی اشکالات وارد ہوتے ہیں۔ جنہیں مختصر طور پر یہاں بیان کیا جاتا ہے۔

(ا) زکوٰۃ کی کٹوتی کے لئے 3200 روپے نصاب کی جو حد مقرر کی گئی ہے' وہ غیر شرعی ہے۔

(ب) زکوٰۃ کا یہ نظام زیادہ تر بنکوں کی سطح تک محدود رکھا گیا ہے۔ لوگ رمضان المبارک سے پہلے اپنی رقوم بنک سے نکال لیتے ہیں اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے بچ جاتے ہیں۔

(ج) بنکوں میں نصاب کے لئے ایک سال کی مدت کو بھی مد نظر نہیں رکھا جاتا۔ رمضان المبارک سے چند دن پہلے جمع شدہ رقم پر بھی زکوٰۃ لی جاتی ہے جو کہ غیر شرعی ہے۔

(د) دینی تربیت کے فقدان کی وجہ سے غبن وغیرہ کا سلسلہ عام ہے۔

(ر) زکوٰۃ کی تقسیم سیاسی بنیادوں پر کی جاتی ہے جو اسلام کے مزاج کے خلاف ہے اس طرح اصل مستحقین کی حق تلفی ہوتی ہے۔

(س) زرعی پیداوار پر جو عشر عائد کیا گیا ہے اس کی وصولی عملاً" ختم ہو کر رہ گئی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(9) بعض ٹیکسوں کی وصولی ٹھیکے پر دے دی جاتی ہے۔ ٹھیکے نیلام کرتے وقت نیچے عوام کی سطح سے لے کر اعلیٰ سرکاری عہدیداروں تک رشوت کا بازار گرم ہوتا ہے۔ بدعنوان قسم کے لوگوں کو ٹھیکے دیئے جاتے ہیں اور پھر یہ ٹھیکے دار محض اپنا نفع بڑھانے کے لئے غیر قانونی طور پر عوام سے ان کی خون پسینے کی کمائی پر ڈاکہ ڈالتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو یوسف کے افکار کی روشنی میں اصلاح کی تجاویز

پاکستان کو معرض وجود میں آئے تقریباً نصف صدی کا عرصہ گزر چکا ہے لیکن ہم ہنوز تجرباتی دور سے گزر رہے ہیں۔ ہم حکومتی سطح پر کسی میدان میں منظم طور پر اپنا لائحہ عمل وضع نہیں کر سکے۔ سرکاری محاصل کا نظام جس پر کسی ملک کی تعمیر و ترقی اور معیشت کا جملہ دارومدار ہوتا ہے ہنوز صحیح خطوط پر استوار نہیں ہو سکا۔ اس نظام کی اصلاح کے لئے کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی گئی۔

ایک بہترین ٹیکس سسٹم (Tax system) کی تشکیل کے لئے یوں تو مختلف مسلم ماہرین معاشیات کی کتب میں کافی اشارات مل جاتے ہیں۔ تاہم اگر ہم صرف دوسری صدی ہجری کے عظیم مسلم ماہر معاشیات' امام ابو یوسف کے پیش کردہ نظام مالیات و محصولات ہی سے استفادہ کر لیں تو ہم مملکت خداداد پاکستان میں ٹیکس کے نظام میں موجود خرابیوں کو دور کر سکتے ہیں۔

ذیل میں ابو یوسف کے معاشی افکار کی روشنی میں تجاویز پیش کی جاتی ہیں۔

(1) امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں مختلف ٹیکسوں کے بارے میں جو بحث کی ہے اس سے واضح طور پر یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ آپ کی رائے یہی ہے کہ عوام سے ان کی حسب استطاعت ٹیکس لیا جانا چاہیے۔ کسی کی قوت برداشت سے زائد نہ ہو' یعنی ٹیکس کی شرح ہلکی ہونی چاہیے۔ (8) تاکہ ہر شخص اس کو خوشدلی اور قومی جذبے کے تحت ادا کرے۔

امام ابو یوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ ٹیکسوں کی تعداد میں کمی کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی شرح میں بھی کمی کی جائے۔ اگرچہ مسلم لیگ کی موجودہ حکومت نے اقتصادی پیکج پیش کر کے عملی قدم اٹھایا ہے۔ لیکن ابھی اس میں عوام کو مزید ریلیف دینے کی گنجائش ہے۔ (9)

جدید ماہرین معاشیات نے بھی اس حقیقت کو تسلیم کر لیا ہے کہ ٹیکس میں کمی پیداوار (Production) میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔ امریکہ کے سابق صدر ریگن کی وجہ شہرت بننے والی منطق "سپلائی سائیڈ اکنامکس" ہی تھی۔ جب پیداوار میں اضافہ ہو گا تو اس کے نتیجے میں اضافی ٹیکس کا رجحان فروغ پانے کے باعث حکومت کی آمدنی میں نمایاں اضافہ ہو گا۔

آمدنی میں اضافے کے لئے یہ ایک معقول بلکہ بہترین منطق ہے۔ کیونکہ ٹیکسز کی اونچی شرح مصنوعات کی لاگت میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔ اور مہنگی مصنوعات عام خریداروں کی پہنچ سے باہر ہو جاتی ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ تیار شدہ مصنوعات فروخت نہ ہونے کے باعث ان کا ڈھیر لگ جاتا ہے اور سرمایہ (Capital) منجمد ہو کر رہ جاتا ہے۔ طلب (Demand) میں کمی کے باعث ہماری بیشتر صنعتیں دم توڑ رہی ہیں۔ انہیں زندہ رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ ایسے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مثبت اقدامات اٹھائے جائیں جو طلب (Demand) میں اضافہ کریں۔ طلب میں اضافہ پیداوار (Production) میں اضافے کی بنیاد ہے اور کسی بھی صنعت کی بقاء اور ترقی کے لئے ضروری ہے کہ اس کی پروڈکشن میں اضافہ ہوتا رہے۔

اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قانون محاصل" میں یہ لکھا گیا ہے۔

"عوام پر ٹیکسوں کے بوجھ کو کم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ٹیکسوں کی موجودہ بھرمار اور ان کی اونچی شرحیں عوام میں ٹیکس چوری کے رجحانات پیدا کر رہی ہیں۔ ٹیکسوں کی وصولی میں رشوت کا بازار بھی خوب گرم ہے۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ حکومت اپنے اخراجات میں حتی الوسع کمی کرے اور تمام مسرفانہ اخراجات کو بیک قلم بند کردے اور اسی تناسب سے عوام پر ٹیکسوں کے بوجھ کو کم کر دے۔ (10)

(2) کسی ملک کے ٹیکس دہندگان ہی کسی قوم کا اصل سرمایہ ہوتے ہیں۔ انہی کی وجہ سے قومیں ترقی کرتی ہیں۔ امام ابو یوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ٹیکس دہندگان کی عزت نفس کا خیال رکھا جائے۔ امام ابو یوسف لکھتے ہیں۔

و لا یضربن رجل فی دراهم خراج و لا یقال علی رجل' فانه بلغنی انهم یقیمون اهل الخراج فی الشمس و یضربونهم الضرب الشدید و یطلقون علیهم الجرار و یقیدونهم بما یمنعهم من الصلاة' و هذا عظیم عندالله شنیع فی الاسلام (11)

"خراج کی رقم وصول کرنے کی خاطر کسی آدمی کو مارنا یا ایک ٹانگ پر کھڑا رکھنا بھی سراسر ظلم ہے مجھے معلوم ہوا ہے کہ افسران خراج لوگوں کو دھوپ میں کھڑا رکھتے ہیں' انہیں سخت مار مارتے ہیں ان کی گردنوں میں گھڑے لٹکا دیتے ہیں اور انہیں اس طرح پابہ زنجیر کر دیتے ہیں کہ وہ نماز بھی نہیں ادا کر سکتے۔ یہ بات اللہ تعالیٰ کی نظر میں بہت ہی بری ہے اور اسلام میں ایسی (سزائیں) انتہائی ناپسندیدہ ہیں۔

(3) امام ابو یوسف کتاب الخراج میں لکھتے ہیں کہ غریب طبقہ پر ٹیکس کا بوجھ نہیں پڑنا چاہیے۔ (12) جبکہ ہمارے ملک میں جیسا کہ پچھلے صفحات پر یہ بتایا گیا ہے کہ بالواسطہ ٹیکسوں کی کثرت کی وجہ سے ٹیکسوں کا زیادہ بوجھ غریب اور متوسط طبقہ پر پڑتا ہے۔ امام ابو یوسف بالواسطہ ٹیکسوں کی حوصلہ افزائی نہیں کرتے۔ کیونکہ یہ ٹیکس قرآنی اصول کے خلاف ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ بلاواسطہ ٹیکس لگائے جائیں کیونکہ اس طرح معاشرہ کے تمام طبقات پر استطاعت کے مطابق بوجھ پڑتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آمدنی کے ساتھ ساتھ ٹیکس ان اشیاء پر لگایا جائے جنہیں صرف خوشحال طبقہ استعمال کرتا ہے۔ بڑی بڑی ذاتی گاڑیوں' عالی شان مکانوں پر ٹیکس لگایا جائے۔

پاکستان میں مالیاتی پالیسی اور مالیات عامہ کے مختلف پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینے کے لئے انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد نے یکم اور 2 مئی 1986ء کو ماہرین معاشیات کے ایک ورکنگ گروپ کا اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں بالواسطہ ٹیکس کے سلسلے میں ورکنگ گروپ نے مندرجہ ذیل سفارشات پیش کی ہیں۔

(1) درآمدی ٹیکس سے استثنائی فہرست کو ممکن حد تک کم کرنا چاہیے اس وقت یہ فہرست بہت طویل ہے اور اس کے مقابلے میں چند چیزوں پر بہت بھاری ٹیکس عائد کیا گیا ہے اور اسی لئے اس ٹیکس کی بنیاد بھی بہت کمزور ہے۔

(2) سرکاری شعبے کی چیزوں پر ٹیکسوں کے استثناء کو کم کرنا چاہیے۔ درحقیقت ٹیکسوں میں موجودہ استثناء سرکاری اداروں کے اپنے نفع جات کو بڑھانے کے لئے ایک مصنوعی حربہ ہے۔

(3) ٹیکس کی شرح کو دو حصوں میں تقسیم کرتے ہوئے ملکی سیلز ٹیکس کی چوری کو جزوی طور پر کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ (الف) پیداواری سطح پر (ب) تھوک بکری کی سطح پر۔

(4) بدعنوانی کو کم کرنے اور پیداوار کے لئے بہتر فضا پیدا کرنے کے لئے ایکسائز ٹیکس کی جگہ گنجائشی ٹیکس متعارف کرایا جائے۔ اس ٹیکس کو ایک ایسے طریقے سے ترتیب دیا جائے کہ جس سے زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیتوں کو استعمال میں لانا ممکن ہو سکے۔ اس کے لئے ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ بہت زیادہ پیداواری صلاحیت استعمال کرنے پر کم شرح سے یہ ٹیکس نافذ کیا جائے۔

(5) ایسی صنعتیں جن پر ایکسائز ٹیکس کا بہرحال باقی رکھنا مقصود ہو وہاں خود تشخیصی سکیم کو متعارف کرانے کی کوشش کرنی چاہیے اور ایکسائز انسپکٹر کے ادارے کو ختم کر دینا چاہیے۔

ایکسائز ڈیوٹی کی چوری کو کم کرنے کے لئے ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ پیداواری معیار کو بڑھانے کے لئے مزدور طبقہ کے لئے کام اور شرائط کار کو دلکش بنایا جائے۔ مثال کے طور پر مزدوروں کے لئے مکمل طور پر تنخواہ پر مبنی نظام کو تبدیل کر کے تنخواہ میں کچھ حصہ اور نفع میں کچھ حصہ مقرر کر کے ایک نیا نظام رائج کیا جائے۔

(6) موجودہ دور میں ایکسائز ڈیوٹی کا زیادہ تر بوجھ چند اشیاء پر پڑتا ہے۔ مالیات کا تقریباً 85 فیصد حصہ سیمنٹ' تمباکو' پٹرولیم کی مصنوعات گھی اور قدرتی گیس پر ٹیکس نافذ کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ بعض صورتوں میں بہت زیادہ ٹیکس کی شرح کے نفاذ کو سماجی طور پر پسندیدہ نگاہ سے دیکھا جا سکتا ہے لیکن اس کو ایک معقول حد سے آگے نہیں بڑھنے دینا چاہیے۔ اس کے بجائے ایسی اشیاء پر ٹیکسوں کی شرح زیادہ سے زیادہ مقرر کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جو ٹیکس کی بنیاد کو وسیع کر سکیں۔ ملک کے اندر پیدا ہونے والی نئی اشیاء مثلاً ریفریجریٹر' ایئر کنڈیشنڈ اور ٹی وی سیٹوں کو ان ٹیکسوں کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مدوں میں شامل کرنا چاہیے۔(13) اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قانون محاصل" میں یہ لکھا گیا ہے۔

"موجودہ بالواسطہ ٹیکس مثلاً سیلز ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی غیر عادلانہ ہیں چونکہ ان کا بوجھ امیر طبقوں کے مقابلہ میں غریب طبقوں پر زیادہ پڑتا ہے۔ ہمارا نصب العین تو یہ ہونا چاہیے کہ ہمارا محصولاتی نظام صرف بلاواسطہ ٹیکسوں پر مشتمل ہو لیکن ایک درمیانی مدت کے لئے کچھ حد تک بالواسطہ ٹیکسوں کا وجود گوارا کیا جا سکتا ہے' بشرطیکہ اس چیز کا تیقن کر لیا جائے کہ غرباء کی روزانہ استعمال کی اشیاء پر قطعاً" کوئی دوسری قسم کا ٹیکس نہیں ہو گا۔ حکومت ایک پنج سالہ منصوبہ بنائے جس میں ہر سال مرحلہ وار بالواسطہ ٹیکسوں پر انحصار بتدریج کم کیا جائے۔ یہاں تک کہ اس مدت کے اختتام تک صرف وہ بالواسطہ ٹیکس رہ جائیں جو یا تو عشور (Custom Duty) کی تعریف میں آتے ہیں جو اسلام کے ابتدائی دور میں رائج تھے یا ان اشیاء پر عائد کئے جائیں جن کے استعمال کی ہمت شکنی قومی مفاد میں مقصود ہو۔" (14)

درج ذیل محاصل بالواسطہ ہیں اور ان کا بوجھ متوسط یا غریب طبقہ سے تعلق رکھنے والے صارفین (consumers) پر پڑتا ہے۔ اس لئے امام ابو یوسف کے معاشی فکر کی رو سے ان کا کوئی جواز نہیں۔

(1) سیلز ٹیکس ایکٹ 1951ء (2) پٹرولیم کی مصنوعات پر ترقیاتی زائد ٹیکس آرڈیننس 1961ء (3) سیمنٹ (زائد ٹیکس) آرڈیننس 1961ء (4) قدرتی گیس (ترقیاتی زائد ٹیکس) آرڈیننس 1967ء (5) سوتی ریشہ (ایکسائز ڈیوٹی) آرڈیننس 1978ء

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں "اصول عدل" (Principle of Justice) کو بہت اہمیت دی ہے۔ آپ کے نزدیک ٹیکسوں کا نظام عادلانہ اور منصفانہ ہونا چاہیے ہر طبقہ اور فرد کے ساتھ یکساں سلوک ہونا چاہیے۔ ایک طبقہ کو مالی مراعات دیتے ہوئے دوسرے پر اضافی بوجھ نہیں پڑنا چاہیے۔(15)

امام ابو یوسف کے مندرجہ بالا معاشی فکر کی روشنی میں راقم کی طرف سے یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ ملک میں ٹیکسوں کی بنیاد کو وسیع کیا جائے' یعنی معاشرے کے ان طبقات کو جو ٹیکس ادا نہیں کرتے' ٹیکس کے دائرہ کار میں لایا جائے۔ معاشیات کا سنہری اصول ہے کہ جس کی آمدنی خاص حد سے زیادہ ہو وہ ٹیکس دے چاہے کوئی بھی ہو اور کسی بھی پیشہ سے تعلق رکھتا ہو۔

اس اصول کی روشنی میں جب ہم اپنے ملک کے ٹیکسوں کے نظام پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ ہمارے ملک میں صرف سرکاری ملازمین اور وہ بھی صرف تنخواہ کی حد تک صحیح ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ سیاستدان' سرمایہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دار، سپیشلسٹ ڈاکٹر، کاروباری لوگ اپنی اصل آمدنی کو ظاہر نہیں کرتے۔ کروڑوں کی آمدنی رکھنے والوں سے صرف اتنا ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جتنا ایک درمانے درجے کا تنخواہ دار ہر سال ادا کرتا ہے۔

جاگیردار اور زمینداروں کا ایک بڑا طبقہ کثیر آمدنی رکھنے کے باوجود ٹیکس سے آزاد ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ٹیکسوں کی ادائیگی کا بھاری بوجھ ملازمین اور متوسط طبقہ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ اور اسی وجہ سے وہ خوش دلی سے ادائیگی نہیں کرتے اور ٹیکس چوری کا رجحان بڑھتا ہے۔ ٹیکسز کے بارے میں یہ رویہ ابو یوسف کے معاشی فکر کے برعکس ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ زمیندار طبقہ کو ٹیکسوں کے نیٹ ورک میں لایا جائے۔

یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ حکومت پنجاب کے فیصلہ کے مطابق زرعی انکم ٹیکس کا نفاذ عمل میں آ چکا ہے۔ زرعی ٹیکس کا شیڈول (Schedule) جس کا اطلاق 10 اپریل 1997ء سے ہوا تھا، کچھ اس طرح ہے:

(ا) قابل کاشت زمین

زمین	ٹیکس
ساڑھے سات ایکڑ سے کم	صفر
ساڑھے سات ایکڑ تا ساڑھے بارہ ایکڑ	75 روپے فی ایکڑ
ساڑھے بارہ ایکڑ تا پچیس ایکڑ	100 روپے فی ایکڑ
پچیس ایکڑ تا پچاس ایکڑ	125 روپے فی ایکڑ
پچاس ایکڑ سے زیادہ	150 روپے فی ایکڑ

(ب) غیر زرعی

زمین	ٹیکس
پندرہ ایکڑ سے کم	صفر
پندرہ ایکڑ سے پچیس ایکڑ	37 روپے پچاس پیسے فی ایکڑ
پچیس ایکڑ تا پچاس ایکڑ	50 روپے فی ایکڑ
پچاس ایکڑ تا سو ایکڑ	62 روپے پچاس پیسے فی ایکڑ
سو ایکڑ سے زیادہ	75 روپے فی ایکڑ (16)

بعد ازاں حکومت پنجاب نے چھوٹے کسانوں کی سہولت کے لئے ٹیکس کی چھوٹ کی حد ساڑھے سات ایکڑ سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بڑھا کر ساڑھے بارہ ایکڑ کردی ہے۔ اس طرح زرعی مالکان کا تقریباً 83% حصہ ٹیکس سے مستثنیٰ ہوگیا ہے۔ ٹیکس کی نئی شرح حسب ذیل ہے۔

زمین	ٹیکس
ساڑھے بارہ ایکڑ سے زیادہ پچیس ایکڑ تک	100 روپے فی ایکڑ
پچیس ایکڑ سے زیادہ پچاس ایکڑ تک	300 فی ایکڑ
پچاس ایکڑ سے زیادہ	350 روپے فی ایکڑ
باغات	500 روپے فی ایکڑ

بارانی زمین کی صورت میں ٹیکس کی شرح اس کا نصف ہوگی۔

باغات میں وہ رقبہ شمار ہوگا جس میں کم از کم پچیس پھلدار درخت فی ایکڑ لگے ہوں اور آم کے درخت کم از کم سات سال پرانے اور کینو وغیرہ کم از کم پانچ سال پرانے ہوں۔ (17)

امام ابو یوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں بہتر تو یہ تھا کہ فی ایکڑ کے حساب سے فلیٹ ریٹ ٹیکس عائد کرنے کی بجائے زرعی پیداوار پر ٹیکس لگایا جاتا۔ اس ضمن میں زمین کا بندوبست اور پروڈیوس انڈکس یونٹ (PIU) کی تشخیص بڑی اہمیت کی حامل ہے۔

زرعی بندوبست اسی لئے کیا جاتا ہے تاکہ مختلف علاقوں کی زرخیزی کا حساب لگایا جائے اور مختلف علاقوں کی زرخیزی کے مطابق ٹیکس کی شرح عائد کی جائے۔

زرعی ٹیکس پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ راقم الحروف کی تجویز یہ ہے کہ پچاس ایکڑ حد ملکیت مقرر کرکے پیداوار کے مطابق ٹیکس عائد کیا جائے۔ اس سے کاشتکار طبقہ اور حکومت دونوں کو فائدہ ہوگا۔ اس سے کم زرعی رقبے کے مالکان کو فی الحال ٹیکس سے مستثنیٰ رکھا جائے۔

راقم نے پچاس ایکڑ اراضی کی حد اس لئے تجویز کی ہے کہ زراعت خطرات سے پر ایک ایسا پیشہ ہے جس پر قدرتی عوامل بڑی شدت سے اثر انداز ہوتے ہیں۔ حقیقت میں یہ ایک ایسا کاروبار ہے جو کھلے آسمان کے نیچے ہوتا ہے۔ اور اس کی ان عوامل سے حفاظت بہت مشکل کام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر دوسرے تیسرے سال فصلوں کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ علاوہ ازیں زراعت میں ایک سے حالات میں بھی پیداوار مختلف ہو سکتی ہے۔ ان حالات کی وجہ سے ہمارے ملک کا وہ کاشتکار طبقہ جو کم رقبے کا مالک ہے حکومت کی طرف سے زرعی سہولتوں کے فقدان اور مناسب امداد نہ ملنے کی وجہ سے مالی مشکلات سے دوچار ہے۔

زرعی ٹیکس کے سلسلے میں یہ بات بھی بڑی اہم ہے کہ انکم ٹیکس دینے والوں کو ایک خاص آمدنی تک ٹیکس معاف

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوتا ہے۔ اور انکم کی یہ حد ٹیکس سے مستثنیٰ ہوتی ہے۔ لیکن زرعی ٹیکس کے معاملے میں اس چیز کا خیال نہیں رکھا گیا۔ ساڑھے بارہ ایکڑ سے زائد اراضی کے مالک کو پوری زمین سے ٹیکس دینا پڑے گا یعنی اگر کسی کی زمین 13 ایکڑ ہے تو اسے ساڑھے بارہ ایکڑ کی چھوٹ نہیں ملے گی اور اسے پورے 13 ایکڑ پر ٹیکس دینا پڑے گا۔

امام ابو یوسف کے معاشی فکر کی راہنمائی میں یہ تجویز بھی دی جاتی ہے کہ مختلف آفات یعنی خشک سالی، سیلاب، اور زیادہ بارشوں یا بیماریوں کے نتیجے میں جب بھی ضروری ہو کاشتکاروں کو زرعی ٹیکس میں رعایت دینے کا انتظام بھی کیا جائے۔

امام ابو یوسف کا نظریہ یہ ہے کہ کاشتکاروں کو سرکاری اہلکاروں کی زیادتیوں سے محفوظ رکھنا چاہیے۔ آپ کے فکر کی روشنی میں یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ محکمہ مال کے اہلکاروں کا احتساب کیا جائے۔ زرعی ٹیکس کی وصولی کے لئے نظام کو شفاف بنانے کی ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لئے ایک علیحدہ سسٹم بھی قائم کیا جا سکتا ہے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ زرعی ٹیکس کو زراعت کی بہتری کے لئے ہی خرچ کیا جائے۔ اس کے دو فائدے ہوں گے، اول یہ کہ ہمارے زرعی سیکٹر (Agricultural Sector) کی حالت بہتر ہوگی جس سے کاشتکاروں کا اعتماد بحال ہوگا۔ اور پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ دوم یہ کہ جب ہمارے کسانوں کو اس بات کا یقین ہوگا کہ ان کا دیا ہوا ٹیکس ان کی فلاح و بہبود پر خرچ ہو رہا ہے۔ تو پھر وہ ٹیکس ریونیو میں اضافہ کے لئے حکومت سے تعاون کریں گے۔

انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد کے ایک اجلاس میں ماہرین معاشیات کے ایک ورکنگ گروپ نے یہ سفارش پیش کی کہ:

> "زراعت کے معاملے میں تمام قسم کی اقتصادی اور جائیدادوں پر خالص دولت ٹیکس کو ایک سطحی شرح سے نافذ کیا جا سکتا ہے خالص دولت ٹیکس سے حاصل ہونے والی تمام آمدنی متعلقہ صوبوں کو ملنی چاہیے اور اسے ابتدائی طور دیہات کی ترقی کے لئے اس طرح خرچ کرنا چاہیے کہ اس علاقے کو زیادہ ترجیح دی جائے جہاں سے ٹیکس اکٹھا کیا گیا ہے۔ ٹیکس دہندگان سے حاصل ہونے والی عشر کی ادائیگیوں کو ٹیکس کی مد میں سے منہا کر دینا چاہیے۔ خالص دولت کی ہر تین سال بعد دوبارہ قیمت لگائی جا سکتی ہے۔ زمین کے ریکارڈ کو از سر نو منظم کرنے کے لئے اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ اس سارے عمل کے دوران پٹواری کے ادارے کو ختم کر دینا چاہیے۔" (18)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں مختلف ٹیکسوں پر بحث کرتے وقت اصول سہولت پر بہت زور دیا ہے آپ کے اس معاشی فکر سے راہنمائی حاصل کرتے ہوئے ٹیکس دہندگان کی سہولت کا خیال رکھنا چاہیے۔ خود تشخیصی نظام کو وسعت دی جائے۔ (19) اور چھوٹے ٹیکس گزاروں کو بالخصوص گوشوارے کی گرفت سے آزاد کیا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک سادہ ورق کا گوشوارہ ہونا چاہیے جس پر نام، نیشنل ٹیکس نمبر اور آمدنی قابل ٹیکس وغیرہ درج ہوں اور اسے ہر شخص خود پر سکے۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں خراج کی بروقت وصولی پر بھی زور دیا ہے۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ فصل کٹنے کے بعد غلہ اتنے ہی عرصہ کھیت میں رہ کا جائے جتنے عرصہ میں کہ دنوائی کے انتظامات مکمل ہو جائیں۔ وہ کہتے ہیں کہ غلہ کو کھلیانوں میں جلد منتقل کرنا چاہیے۔ اور اس میں ایک دن کی بھی تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ (20)

آپ کے اس معاشی فکر سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ ٹیکس کی وصولی کے لیے انتظامی مہارت (Administrative Efficiency) ہونا بہت ضروری ہے۔ وہ اس بات پر بھی زور دیتے ہیں کہ ٹیکسوں کی وصولی کے اخراجات کم از کم ہونے چاہیں۔

آپ کے معاشی افکار کی روشنی میں ٹیکسز کے انتظامی اقدامات کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ تاکہ محصولات میں اضافہ ہو سکے۔ اور ٹیکس کی چوری، بدعنوانی اور رشوت کے رجحان پر قابو پایا جا سکے۔

پاکستان میں موجود ٹیکس مشنری اتنی زیادہ ہے کہ اس کے اخراجات کے لئے الگ بجٹ کی ضرورت پڑتی ہے۔ ایسے ٹیکس کا کیا فائدہ جس کی وصولی کے لئے خطیر رقم صرف ہو جائے۔

ہر سال ٹیکس لگاتے وقت حکومت یہ بات تسلیم کرتی ہے کہ چوری، غبن اور کرپشن کو روکنا مشکل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انتظامی مہارت نہ ہونے کی وجہ سے کثیر رقم ضائع ہو جاتی ہے۔ اگر یہ اس طرح ضائع نہ ہو تو پھر نئے ٹیکسوں کا جواز کم رہ جاتا ہے۔ گذشتہ کئی برسوں سے نئے ٹیکس اس لئے لگائے جا رہے ہیں کہ حکومت اکثر و بیشتر ان لوگوں کے پاس رہی ہے جن کے مزاج فیوڈل ہونے کی وجہ سے ان کی حکومت میں اہلیت ہی نہ تھی کہ وہ ملک میں ٹیکس چوری کو روک سکیں۔

ٹیکسوں اور معاشیات کے حوالہ سے دیانت داری اور اعتماد کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔

ٹیکس چوری (Tax Evasion) کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب حکومت پر عوام کا اعتماد نہ ہونا ہے۔ وہ ٹیکس اس لئے چوری کرتے ہیں کہ انہیں حکومت پر اعتماد نہیں ہوتا۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت ان کی معاشی فلاح و بہبود میں دلچسپی نہیں لیتی اور یہ حقیقت بھی ہے کہ حکومت جن لوگوں سے ٹیکس وصول کرتی ہے انہیں وہ سہولتیں مہیا نہیں کرتی جو انہیں ملنی چاہیں۔ علاج معالجہ، ذرائع آمد و رفت، آبپاشی وغیرہ کی جو سہولتیں دی جاتی ہیں وہ ناکافی ہوتی ہیں۔

امام ابو یوسف کتاب الخراج میں لکھتے ہیں کہ حکومت کو اقتصادی کاموں اور معاشی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں خصوصی دلچسپی لینی چاہیے۔ ان کے نزدیک تمام اجتماعی کاموں کی بنیاد حکومت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ حکومت کو یہ فریضہ عبادت سمجھ کر ادا کرنا چاہیے۔ (21)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر ہمارے حکمران' امام ابویوسف کے اس معاشی فکر کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے فرائض دیانتداری سے ادا کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ عوام انہیں خوش دلی سے ٹیکس نہ دیں۔

ٹیکسوں کے معاملہ میں بات صرف اعتماد کی ہے۔ ٹیکس دینے والوں کو اعتماد ہو اور ٹیکس لینے والے اسے صحیح خرچ کریں۔ اگر حکومت اس اصول پر عمل کرے تو ہمارے اکثر معاشی مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں صرف ٹیکسوں کے بارے میں ہی بحث نہیں کی بلکہ اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ ٹیکسوں کی وصولی کا فریضہ جن لوگوں کو سونپا جائے ان کے انتخاب کے لئے کچھ شرائط ہونی چاہیں۔ وہ لوگ جو معیار پر پورا نہ اترتے ہوں ان کو یہ ذمہ داری نہیں دینی چاہیے۔ ٹیکسوں کی وصولی کے لئے درج ذیل صفات کے حامل افراد کا ہونا ضروری ہے۔

(1) وہ امین اور دیانت دار ہوں اور ان پر اعتماد کیا جا سکتا ہو۔

(2) دین دار' پاکیزہ اخلاق اور صالح سیرت کے حامل ہوں۔

(3) سچ بولنے کے عادی ہوں اور جھوٹ سے نفرت کرتے ہوں۔

(4) شرعی مسائل سے نہ صرف واقفیت رکھتے ہوں بلکہ اعلیٰ درجہ کی فقہی بصیرت کے بھی مالک ہوں۔

(5) ہر کسی سے خیر خواہی کرنے والے ہوں۔

(6) اپنے فرائض منصبی حلال و حرام کی حدود میں رہتے ہوئے انجام دینے والے ہوں۔

(7) اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کی خاطر کام کرنے والے ہوں اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں کسی کی ملامت کی پرواہ نہ کرتے ہوں۔

(8) دوسروں پر اپنی ذاتی رائے کو مسلط کرنے والے نہ ہوں بلکہ اہل الرائے سے مشورہ کرنے والے ہوں۔

(9) رعایا کو ان سے کسی قسم کا نقصان پہنچنے کا احتمال نہ ہو۔(22)

ہمارے ملک میں محکمہ انکم ٹیکس کے ملازمین کی تقرری کرتے وقت صرف تعلیمی قابلیت اور ذہانت ہی کو مد نظر رکھا جاتا ہے۔ خوف خدا سے محروم' اخلاقی و دینی تربیت سے عاری یہ افراد ذاتی مفاد کو قومی و اجتماعی مفادات پر ترجیح دیتے ہیں۔ مختلف ٹیکسوں کی صورت میں عوام سے حاصل کردہ رقوم کا ایک بڑا حصہ قومی خزانے میں جمع ہونے کی بجائے ان افسروں کی جیب میں چلا جاتا ہے۔

اگر امام ابویوسف کی مقرر کردہ ان شرائط کو مد نظر رکھا جائے تو تھوڑے ٹیکسوں سے کثیر آمدنی قومی خزانے میں جمع ہو۔ ٹیکس چوری کرنے والے خود ٹیکس دینے پر رضامند ہو جائیں۔

امام ابویوسف کی یہ رائے بہت مناسب ہے کہ خائن اور بددیانت افراد کو سخت سزا دینی چاہیے۔ اور ان کو عوام سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

متعلق کوئی ذمہ داری نہیں سونپنی چاہیے۔ (23) ڈاکٹر عابدین احمد سلامہ' (24) امام ابویوسف کے اس معاشی فکر کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"This stands as a good guide to Mulsim countries of today for keeping a watch on tax administrators. Continuous checking of their assessments and their own financial and real holdings should be carried out to prevent corruptions. (25)

"آج کے مسلم ممالک کے لئے یہ ایک اچھی راہنمائی ہے کہ وہ ٹیکس کے منتظمین پر نظر رکھیں۔ ان کی جائیداد کی پڑتال کی جائے۔ ان کی ذاتی مالی اور حقیقی جائیداد کو منظرعام پر لایا جائے تاکہ بدعنوانی کو روکا جائے۔"

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں یہ اصول پیش کیا ہے کہ حاکم کو چاہیے کہ وہ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ٹیکسوں کی وصولی پر فائز نہ کرے۔ (26) اسی طرح محض سفارش کی بنیاد پر بھرتی ہونے والے افراد بھی اس منصب کے اہل نہیں ہیں۔ آپ لکھتے ہیں۔

انی قد اراهم لا يحتاطون فيمن يولون الخراج' اذا لزم الرجل منهم باب احدهم اياما ولاه رقاب المسلمين و جباية خراجهم و لعلة ان لا يكون عرفه بسلامة ناحية و لا بعفاف و لا باستقامة طريقة و لا بغير ذلك' و قد يجب الاحتياط فيمن يولى شيئا من امر الخراج والبحث عن مذاهبهم والسؤال عن طرائقهم كما يجب ذلك فيمن اريد للحكم والقضاء (27)

"میرا مشاہدہ ہے کہ لوگ خراج کے والیوں کا تقرر عمل میں لاتے وقت احتیاط سے کام نہیں لیتے۔ جو آدمی بھی ان میں سے کسی کی ڈیوڑھی پر چند دن پڑا رہے اسے وہ مالیہ وصول کرنے کا کام دے کر مسلمانوں کے سر پر مسلط کر دیتا ہے۔ حالانکہ زیادہ امکان اسی کا ہے کہ وہ نہ تو اس شخص کے حسن کردار اور سلامت روی پر مطمئن ہے نہ اس کے طور طریق اور دیگر معاملات کے سلسلہ میں اس کے بارے میں کوئی واقفیت رکھتا ہے۔ جس فرد کو بھی خراج کی تحصیل پر مامور کیا جائے اس کے تقرر میں خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس کے مسلک اور اس کے طور طریق وغیرہ کے بارہ میں پوری تحقیق کی جانی چاہیے۔ ان کے سلسلہ میں ایسا کرنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ حاکموں اور قاضیوں کے تقرر میں۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابویوسف کی رائے یہ ہے کہ نااہل لوگوں کو اگر ذمہ داری دے دی جائے تو پھر بدعنوانی (Corruption) بڑھتی ہے۔ ہمارے ملک میں ٹیکسوں کے نظام میں جو خرابیاں پائی جاتی ہیں ان کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ سفارشی اور سیاسی اثرورسوخ رکھنے والے افراد اس منصب پر فائز ہو جاتے ہیں۔ حکمران طبقہ سے اپنے تعلق کی بنیاد پر وہ قومی خزانے کو بے دریغ نقصان پہنچاتے ہیں۔ اگر امام ابویوسف کے اس مشورے پر عمل کیا جائے تو بدعنوانی کو کافی حد تک کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

امام ابویوسف کے نزدیک ٹیکسوں کی وصولی کے لئے ٹھیکہ داری کا نظام بدعنوانی کی ایک بدترین شکل ہے۔ اس کے ذریعے ٹھیکہ دار کو ٹیکس کی وصولی کے سرکاری ریٹ (Government rate) سے زائد وصول کرنے کا اختیار مل جاتا ہے۔ (28)

امام ابویوسف کے معاشی فکر کے مطابق یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ٹیکس وصول کرنے کے لئے ٹھیکہ داری کے نظام کو ختم کر دیا جائے۔

حقیقت یہ ہے کہ امام ابویوسف نے دوسری صدی ہجری کے معاشرہ کی جن خرابیوں کی طرف اشارہ کیا ہے وہ تمام خرابیاں آج ہمارے پاکستانی معاشرہ میں بھی پائی جاتی ہیں۔

ٹھیکہ دار جس مقررہ رقم پر ٹھیکہ لیتا ہے اس سے کئی گنا زائد کمانے کے لئے وہ عوام سے مقررہ ٹیکس سے زائد وصول کرتا ہے۔ اسے صرف ایک ہی فکر لاحق ہوتی ہے کہ وہ اپنے منافع کو کئی گنا کیسے بڑھا سکتا ہے۔ اس طرح ابویوسف کے بقول رعایا پر ظلم و ستم کا دروازہ کھلتا ہے۔ ٹھیکہ دار ان کا معاشی استحصال (economic extortion) کرتا ہے۔

اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ میں یہ لکھا گیا ہے:

> "ٹیکسوں کی وصولی ٹھیکے پر دینے کا فلسفہ اس بنیاد پر قائم ہے کہ حکومت کی پوری مشینری بدعنوان ہے دوسری طرف حکومت کی یہی بدعنوان مشینری ٹیکسوں کو نیلام کرتی اور وصولی کی نگرانی کرتی ہے۔ حکومت کی یہ بدعنوان مشینری اور ٹھیکے دار مل کر جس قدر ظلم اور زیادتی سے اور غیر قانونی طور پر عوام سے اس کے گاڑھے پسینے کی کمائی چھینتے ہیں اس پر خدا کا غضب جس قدر بھی وارد ہو کم ہے۔ (29)

ہمارے ملک میں، ابویوسف کے معاشی فکر سے استفادہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ ہر نئی حکومت اپنے عہدیداروں اور کارکنوں کو نوازنے کے لئے سیاسی رشوت کے طور پر بلدیاتی اداروں کے ٹھیکے دیتی ہے۔ کسی قسم کا احتساب نہ ہونے کی وجہ سے یہ ٹھیکیدار عوام کے لئے ایک بڑی پریشانی کا سبب بن جاتے ہیں۔

ابویوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں یہ تجویز دی جاتی ہے کہ حکومت کی طرف سے براہ راست ایسے افراد مقرر

toobaa-elibrary.blogspot.com

کئے جائیں جن کی حیثیت حکومت کے ملازم کی ہو۔ ان افراد کی تقرری کے وقت وہ تمام شرائط اور صفات مد نظر رکھی جائیں جو ابو یوسف کے نزدیک محصلین خراج میں ہونی چاہیں۔(30)

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں افسران کے احتساب پر بھی زور دیا ہے۔ آپ نے ہارون الرشید کو اس ضمن میں جو مشورہ دیا ہے اس سے اس دور کے حکمران بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں۔

و انا اری ان تبعث قوما من اهل الصلاح والعفاف ممن یوثق بدینه و امانته یسالون عن سیرة العمال و ما عملوا به فی البلاد و کیف جبوا الخراج علی ما امروا به و علی ما وظف علی اهل الخراج واستقر، فاذا ثبت ذلک عندک و صح اخذوا بما استفضلوا من ذلک اشد الاخذ حتی یودوه بعد العقوبة الموجعة والنکال حتی لا یتعدوا ما امروا به و ما عهد الیهم فیه(31)

"میری رائے ہے کہ آپ چند پاک باز اور صالح افراد کو، جن کی دین داری اور امانت داری پر پورا اعتماد ہو، اپنے افسران کے طرز عمل کی جانچ پڑتال کے لئے روانہ کیجئے۔ یہ لوگ معلوم کریں کہ اپنی اپنی عمل داری میں ان افسران کی پالیسی کیسی رہی ہے۔ انہوں نے تحصیل خراج میں کس حد تک مقررہ اصول و ضوابط کی پابندی کی، اور اس شرح کو برقرار رکھا یا نہیں جو اہل خراج کے لئے مقرر کی گئی ہے۔ جب آپ کو ان افراد سے رپورٹ مل جائے اور اس رپورٹ میں لگائے گئے الزامات کی تحقیق مکمل ہو جائے تو ان افسران نے جو کچھ فاضل وصول کیا ہے اس پر ان سے بہت سخت جواب طلبی کی جائے اور سخت سزائیں دے کر ان سے یہ رقمیں وصول کی جائیں تاکہ آئندہ یہ لوگ مقررہ ضوابط کی خلاف ورزی اور اپنے مقررہ حدود سے تجاوز کی جرات نہ کر سکیں۔"

اس کے بعد لکھتے ہیں۔

فان کان ما عمل به والی الخراج من الظلم والعسف فانما یحمل انه قد امر به، و قد امر بغیره، و ان احللت بواحد منهم العقوبة الموجعة انتهی غیره واتقی و خاف و ان لم تفعل هذا بهم تعدوا علی اهل الخراج واجتروا علی ظلمهم و تعسفهم و اخذهم بما لا یجب علیهم(32)

"والی خراج جو ظلم و زیادتی کرتا ہے اس کے بارے میں رعایا یہ سمجھتی ہے کہ اسے ایسا ہی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ آپ اگر ان میں سے ایک کو بھی سخت سزا دے دیں تو دوسرے ڈر کر ان حرکتوں سے باز آ جائیں گے لیکن اگر آپ ایسا نہ کریں گے تو یہ لوگ اہل خراج پر دست درازیاں جاری رکھیں گے اور ان پر ظلم ڈھا کر ان سے بے جا وصولیابی کرنے پر اور زیادہ جری ہو جائیں گے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو یوسف کے اس معاشی فکر کی روشنی میں یہ تجویز دی جاتی ہے کہ حکومت ان افسران کو سخت سزا دے جو اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھا کر قومی خزانے کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) مختلف قوانین محاصل کو اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے۔
دیکھئے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قانون محاصل' اسلام آباد' اسلامی نظریاتی کونسل' اپریل 1984ء / 21-37

(2) روزنامہ جنگ (لاہور)' 15 جون 1993ء

(3) روزنامہ جنگ (لاہور)' 25 ستمبر 1993ء

(4) اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قوانین محاصل / 11

(5) ایضاً"

(6) *Report of a working Group "Tax system in Pakistan. Islamabad institute of policy studies, page 8,9,14.*

(7) اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قانون محاصل" / 12

(8) الخراج / 54

(9) وزیر خزانہ سرتاج عزیز نے جمعہ 28 مارچ 1997ء کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں اقتصادی بحالی کا پیکیج کیا۔ اس پیکیج کے تحت انکم ٹیکس' جنرل سیلز ٹیکس' کارپوریٹ ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹی کی شرحوں میں کمی کا اعلان کیا گیا ہے۔
ریگولیٹری ڈیوٹی ختم' تنخواہ دار طبقے کے لئے انکم ٹیکس کی شرح نصف کر دی گئی ہے۔ سیلز ٹیکس کا دائرہ پرچون فروشوں تک پھیلا دیا گیا۔ کسٹم ڈیوٹی کی شرح میں بیس فی صد کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔
ایک لاکھ کی آمدنی پر پانچ فیصد' اگلے ایک لاکھ پر دس فیصد اور اگلے ایک لاکھ پر پندرہ فیصد انکم ٹیکس لگے گا۔ تنخواہ دار طبقے کے لئے بنیادی ٹیکس کی شرح پانچ ہزار سے کم کر کے اڑھائی ہزار کر دی گئی ہے۔
اس اقتصادی پیکیج پر عملدرآمد یکم جولائی 1997ء سے ہو گا۔ (روزنامہ جنگ لاہور 29 مارچ 1997ء)

(10) اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قانون محاصل" / 15

(11) الخراج / 118

(12) ایضاً" / 53

(13) *Report of a working Gourp "Tax system in Pakistan" / 24-26*

(14) اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قانون محاصل" / 15' 16

(15) الخراج / 53

(16) روزنامہ جنگ لاہور 4 جون 1997ء

(17) روزنامہ جنگ لاہور 16 جون 1997ء

(18) *Report of a working Group "Tax system in Paksitan" / 23*

(19) حال ہی میں وزیراعظم پاکستان کے اقتصادی پیکیج کے ذریعے حکومت نے ٹیکس گزار پر اعتماد کر کے اسے خود اپنی آمدنی کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مطابق ٹیکس ادا کرنے کا موقع دیا ہے۔ (روزنامہ جنگ لاہور 8 اپریل 97)

اس سے پہلے تاجر، صنعت کار اور عام آدمی محکمہ انکم ٹیکس کے کرپٹ اہل کاروں کے ہاتھوں تنگ تھا۔ قوم کا کروڑوں روپیہ قومی خزانے میں جانے کی بجائے ان اہلکاروں اور افسران کی جیب میں جاتا تھا۔ وزیر اعظم نے تاجروں اور صنعت کاروں کو خود تشخیصی نظام کے تحت آمدنی کے گوشوارے جمع کرانے اور محکمہ کی طرف سے پوچھ گچھ اور پڑتال کی پابندی ختم کر کے ایک انقلابی اقدام کیا ہے۔ اب محکمہ انکم ٹیکس کے افسران اور اہل کاروں کے اختیارات بھی کم ہو گئے ہیں۔ کتاب الخراج کے مطالعہ کے بعد یہ رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ امام ابو یوسف بھی ٹیکس افسروں کے صوابدیدی اختیارات میں مناسب کمی کرنے کے حق میں ہیں۔ تاہم یہاں اس حقیقت کو بیان کرنا بھی ضروری ہے کہ یہ اخلاقی انحطاط کا دور ہے۔ ہم قرآن و سنت کی تعلیمات سے دور جا چکے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ٹیکس دہندگان کی دینی و اخلاقی تربیت کا مناسب انتظام کیا جائے۔ ہمارے ملک میں آج تک ٹیکس دہندگان کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ نہیں دی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ عوام کی اکثریت ٹیکس دینا بوجھ سمجھتی ہے۔

(20) الخراج / 117

(21) ایضاً / 119

(22) ایضاً / 115-143

(23) ایضاً / 120

(24) ڈاکٹر عابدین احمد سلامہ سعودی عرب کی ریاض یونیورسٹی میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔

(25) Ziauddin Ahmed, (Munawar Iqbal - M. Fahim Khan). Fiscal Policy and Resource Allocation in Islam. Islamabad, intitute of policy studies / 109.

(26) الخراج / 123

(27) ایضاً / 115

(28) ایضاً / 114

(29) اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ "اسلامی نظام محاصل و قانون محاصل" / 13

(30) ان شرائط کے لئے دیکھئے الخراج / 115

(31) ایضاً / 120

(32) ایضاً

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب ہشتم

ابو یوسف کے معاشی افکار کی روشنی میں پاکستان کے معاشی مسائل کا حل

toobaa-elibrary.blogspot.com

پاکستان کے معاشی مسائل

پاکستان کو آزاد ہوئے نصف صدی ہو چکی ہے لیکن بڑے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ آج بھی ہم متعدد معاشی مسائل سے دوچار ہیں۔ اقتصادی لحاظ سے ہمارا ملک اس قدر غیر مستحکم ہو چکا ہے کہ تاریخ کے نازک ترین معاشی بحران سے دوچار ہے۔ چند ایک معاشی مسائل درج ذیل ہیں:

(1) بیرونی قرضوں کا بوجھ۔

بیرونی قرضوں کا دباؤ' پاکستان کے ایک فلاحی اور ترقی یافتہ مملکت بننے میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ ایک ممتاز پاکستانی ماہر معیشت سید شاہد حسین جو حال ہی میں ورلڈ بنک سے بطور وائس پریذیڈنٹ ریٹائرڈ ہوئے ہیں' انہوں نے پاکستان کو درپیش عمومی چیلنجوں بالخصوص اقتصادی مشکلات کا تذکرہ کرتے ہوئے معیشت کو لاحق امراض کا تفصیلی تجزیہ کیا اور ہمارے ایک اہم قومی مرض کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے۔

"We have become addicted to dependence, growing dependence. We have no self-esteem left. There was a time when we financed our current expenditure and much of our development. No more, we borrow to pay interest, we borrow for imports, we borrow for salaries, we borrow long, we borrow short, borrow from banks, we borrow from countries. And now we beg and borrow from Pakistanis abroad. Yet, we give a masssive tax cut to the wealthiest and can not levy a half-way decent and credible tax on the landed aristocracy." (1)

"ہمیں جو سب سے بڑا مرض اقتصادی دائرے میں لاحق ہے وہ یہ ہے کہ ہم دوسروں پر انحصار اور مزید انحصار کے مرض کی گرفت میں آ چکے ہیں۔ ہمارے اندر عزت نفس ختم ہو چکی ہے۔ ایک زمانہ تھا جب ہم اپنے اخراجات جاریہ اور ترقیاتی اخراجات کا بڑا حصہ اپنے وسائل سے پورا کرتے تھے۔ افسوس کہ یہ کیفیت اب باقی نہیں رہی۔ ہم سود ادا کرنے کے لئے قرض لیتے ہیں' ہم درآمدات کے لئے قرض لیتے ہیں' ہم تنخواہیں ادا کرنے کے لئے قرض لیتے ہیں' ہم طویل المیعاد اور قلیل المیعاد قرض لیتے ہیں ہم بینکوں سے قرض لیتے ہیں' ملکوں سے قرض لیتے ہیں اور اب ہم

toobaa-elibrary.blogspot.com

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں سے قرض اور امداد مانگتے ہیں۔ اس کے باوجود ہم سب سے مالدار طبقوں کو ٹیکسوں میں بہت بڑی چھوٹ دیتے ہیں اور زرعی رقبوں کے بڑے بڑے مالکوں سے ایک مناسب مقدار میں ٹیکس وصول کرنا بھی ممکن نہیں پاتے۔"

قومی معیشت کے لئے قرضوں کا بوجھ ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ ہمارے بیرونی قرضے 17 ارب ڈالر اور اندرونی قرضے 21 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں۔ ہم ہر سال صرف سود کی ادائیگی پر 110 ارب روپے خرچ کرتے ہیں۔ بیرونی قرضے 4 سے 6 فیصد شرح سود سالانہ ہے لیکن اندرونی قرضے 18 سے 21 فیصد شرح پر لینے کا سلسلہ جاری ہے۔ 1985-86ء میں قرضوں کی ادائیگی پر اٹھنے والے اخراجات ہمارے بجٹ کا 307 فیصد تھے۔ لیکن 1996-97ء تک یہ شرح 51 فیصد ہو چکی ہے۔ یعنی گذشتہ دس سال میں اس مد میں ہونے والے اخراجات کی مد میں 630 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ یہ صورت حال قومی اقتصادی ڈھانچے کے لئے ناقابل برداشت ہے۔ قرضوں کے بوجھ میں اگر اسی طرح اضافہ ہوتا رہا تو ہمارے لئے اپنے سالانہ ترقیاتی پروگرام جو پہلے ہی وسائل کی کمی کا شکار ہے کو چلانا تقریباً ناممکن ہو جائے گا۔ (2)

یہ امر کسی وضاحت کا محتاج نہیں کہ عالمی مالیاتی ادارے' سرمایہ دارانہ نظام کے مخصوص طریق کار کے مطابق تجارتی بنیادوں پر چلائے جاتے ہیں اور انہوں نے مہاجنوں کی طرح اپنا سود در سود وصول کرنا ہوتا ہے۔ جب تک ان قرضوں پر انہیں آرام سے سود ملتا جاتا ہے وہ آرام سے بیٹھے رہتے ہیں لیکن جونہی اس میں تاخیر ہوتی ہے وہ مقروض ممالک کی اعانت اور امداد کے نام پر نئے قرضے اور نئی شرائط لے کر سامنے آجاتے ہیں۔ ان اداروں کی جانب سے مختلف ممالک کو قرض فراہم کرنے کا مقصد ان ممالک کی ترقی میں مدد دینا نہیں ہوتا بلکہ ان کی معیشت کو اپنے شکنجے میں جکڑنا ہوتا ہے۔ ان مالیاتی اداروں اور مقروض ممالک کی تاریخ پر ایک نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ جب کوئی ملک ایک دفعہ ان کے دام میں آجاتا ہے تو پھر وہ مسلسل پھنستا ہی چلا جاتا ہے۔ اور اسے ہر گام ان کی سیاسی و معاشی شرائط کی پابندی کرنی پڑتی ہے۔ بدقسمتی سے وطن عزیز کی معیشت بھی انہی اداروں کے قرضوں پر چل رہی ہے اور اس بناء پر روز افزوں مہنگائی اور گرانی میں کمی ہونے کے کوئی امکانات نظر نہیں آتے۔

(2) زرعی شعبے کی بدحالی

پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے۔ یہاں کی تقریباً 75% آبادی کا ذریعہ معاش زراعت ہے۔ ملکی دولت کا چالیس فی صد اور مجموعی زرمبادلہ کا نوے فی صد زراعت ہی سے حاصل ہوتا ہے۔ ملکی صنعتوں کا خام مال بھی اسی ذریعہ سے دستیاب ہے۔

آبپاشی کی سہولتیں ابھی محدود اور ناقص ہیں۔ کئی اور اسباب ہیں جو زرعی پسماندگی کا باعث ہیں مثلاً کسان کی جہالت' تساہل اور قدامت پرستی' فرسودہ آلات کا استعمال' سیلاب کی تباہ کاریاں وغیرہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہمارے ملک میں غذائی قلت کا مسئلہ ایک تشویشناک صورت اختیار کرتا جارہا ہے۔ ملک کا نوے فیصد رقبہ کسی نہ کسی طرح زراعت میں مشغول ہے لیکن پھر بھی ہم اس مسئلہ میں خود کفیل نہیں ہو سکے۔

یہی وجہ ہے کہ حکومت کو ہر سال کافی مقدار میں گندم باہر سے درآمد کرنی پڑتی ہے' جس میں کافی زرمبادلہ خرچ ہوتا ہے۔ ہر سال خوراک کی درآمد پر بھاری زرمبادلہ خرچ کرنے کی وجہ سے ہماری معیشت بری طرح متاثر ہوتی ہے کیونکہ اس طرح صنعتی اور زرعی ترقی کے لئے مشینیں اور خام مال درآمد نہیں کیا جاسکتا۔ اور مجموعی طور پر معاشی ترقی کی رفتار سست پڑ جاتی ہے۔

(3) سیاسی قرضوں کی عدم وصولی

ہماری قومی معیشت کا سب سے بڑا المیہ ہی یہ ہے کہ صاحب حیثیت اور بارسوخ افراد اپنی سیاسی وفاداریوں کی قیمت چکانے کے لئے قومی اداروں سے بھاری قرض لیتے ہیں اور پھر ان کو واپس کرنے کا نام نہیں لیتے اور حکومتیں بھی اپنے مخصوص مفادات کے لئے ان سے کوئی باز پرس نہیں کرتیں بلکہ اکثر و بیشتر یہ حضرات ان قرضوں کو معاف کروا لینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ روزنامہ جنگ کراچی کی ایک خبر کے مطابق بینکوں اور مالیاتی اداروں میں بڑھتی ہوئی سیاسی اور سرکاری مداخلت کی وجہ سے 60 ارب روپے کے قرضوں کی واپسی غیر یقینی ہو گئی ہے۔ زرعی ترقیاتی بینک اور دیگر مالیاتی ادارے قرضوں کی مسلسل عدم وصولی کی وجہ سے دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ (3)

بینکوں کا سرمایہ قومی امانت ہوتا ہے۔ قرضوں کی واپسی کی محفوظ یقین دہانی کے بغیر قرضے جاری کرنا ایک سنگین جرم ہوتا ہے لیکن بالائی دباؤ کے تحت بینک ایسا کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

(4) غیر ترقیاتی اخراجات

غیر ترقیاتی اخراجات کا مسئلہ بھی اہم ہے۔ 87-1986ء میں ہمارے انتظامی اخراجات صرف 4567 ملین روپے تھے۔ جو دس سال کے عرصے میں بڑھ کر آج 22300 ملین روپے ہو گئے ہیں۔ یعنی اس عرصے میں یہ اخراجات 460 فی صد تک بڑھ گئے ہیں۔ وسائل کی کمی کے باعث غیر ترقیاتی اخراجات کا مسئلہ اب بڑی اہمیت اختیار کر گیا ہے لیکن عوامی نمائندوں اور افسر شاہی کے اخراجات ہیں کہ بڑھتے ہی چلے جارہے ہیں۔ حالانکہ اس مد میں زیادہ سے زیادہ بچت کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر نور محمد غفاری کے الفاظ ہیں۔

> "افسوس آج کروڑوں روپے کا بجٹ محض دفاتر کی جلوہ آرائیوں' سربفلک عمارات کی تعمیر' نیلی پیلی کاروں کی خریداری اور رنگارنگ تقاریب کی بھینٹ چڑھ جاتا ہے۔ اور ان کے اخراجات اس غریب کسان پر ٹیکس لگا کر پورے کئے جاتے ہیں جس کا بچہ اس سے تعجب سے پوچھتا ہے کہ ابو!

toobaa-elibrary.blogspot.com

صدر صاحب تو روزانہ گڑ سے روٹی کھاتے ہوں گے۔" (4)

مہنگائی

طلب اور رسد میں نمایاں فرق کی وجہ سے مہنگائی کا مسئلہ بھی نازک صورت اختیار کر چکا ہے۔ مارکیٹ اکانومی اور طلب و رسد کے متوازن نظام کے لئے کبھی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی، جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ہمارے عوام آج پوری طرح تاجر برادری کے رحم و کرم پر ہیں۔ قیمتوں کا تعین کا سرے سے کوئی نظام موجود نہیں ہے۔ پرائس کنٹرول کمیٹیاں بری طرح ناکام ہو چکی ہیں۔ افراط زر میں اضافہ کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ 1947ء میں 20 پیسے فی کلو کا آٹا آج 9 روپے فی کلو ہے یعنی 50 برس میں آٹے کی قیمت میں 4500 فی صد اضافہ ہوا۔ اسی طرح گذشتہ 5 دہائیوں میں چینی کی قیمت میں 3666 فیصد، گھی کی قیمت میں 2133 فی صد، دال چنا کی قیمت میں 4800 فیصد، گوشت کی قیمت میں 8800 فیصد اور پٹرول کی قیمت میں 12366 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ (5)

(5) بے روزگاری

صنعتی پھیلاؤ کی سست رفتاری کی وجہ سے بے روزگاری کا سرطان روز بروز سنگین سے سنگین تر شکل اختیار کرتا جا رہا ہے۔ اور لاکھوں تعلیم یافتہ، معمولی پڑھے لکھے، ان پڑھ، ہنر یافتہ، غیر تربیت یافتہ نوجوان مرد اور عورتیں روزگار کی تلاش میں در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ سابق صدر پاکستان غلام اسحاق خان نے 8 جنوری 1990ء کو ملکی و غیر ملکی ماہرین اقتصادیات کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ "پاکستان میں تعلیم یافتہ بے روزگاری کی تعداد قومی اوسط سے بہت زیادہ تجاویز کر گئی ہے۔ روزگار کے مواقع فراہم کرنے والا مینوفیکچرنگ سیکٹر ترقی کی بجائے روبہ تنزل ہو چکا ہے۔

روزنامہ جنگ کی ایک خبر کے مطابق ملک میں 34 ملین نوجوان بے روزگار ہیں جو ہماری لیبر فورس کا 15 فیصد ہیں اور بے روزگاروں کی اس فوج میں ہر سال مزید 10 لاکھ افراد کا اضافہ ہو رہا ہے۔ بے روزگاری کی شرح میں اضافہ جہاں شہری علاقوں پر آبادی کے دباؤ میں اضافہ کر رہا ہے وہاں امن عامہ کے مسائل بھی پیدا کر رہا ہے۔

(6) برآمدات میں کمی

برآمدات میں کمی مقامی صنعت کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ ادائیگیوں کے توازن کو بھی خراب کر رہی ہے۔ 96-1995ء میں ہماری ٹوٹل برآمدات 8.7 بلین ڈالر تھیں جبکہ درآمد 11.8 بلین ڈالر رہیں۔ اس طرح گذشتہ مالی سال کے دوران ہمارا خسارہ 3.1 بلین ڈالر تھا۔ امسال ہماری برآمدات کا ٹارگٹ 9.2 بلین ڈالر ہے لیکن جولائی 1996ء سے اپریل 1997ء تک ہماری برآمدات 6.8 بلین ڈالر تھیں اور اسی دوران ہمارا درآمدی بل 9.7 بلین ڈالر تھا لہٰذا رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں ہی ہمارا تجارتی خسارہ 2.8 بلین ڈالر ہے اور ان حالات میں ممکن ہی نہیں کہ ہم 9.2 بلین ڈالر کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ٹارگٹ حاصل کر سکیں۔

(7) بدعنوانی

بدعنوانی کے زہر نے پاکستانی معیشت کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ہر سال ہمارے یہاں 2 سو ارب روپے کرپشن کی نذر ہو جاتے ہیں' اور دیکھا جائے تو یہی وسائل قومی ترقی کے لئے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ بدعنوانیوں اور میرٹ کے اصولوں کی پامالی نے زندگی کے ہر شعبے کو تباہی کے کنارے پر پہنچا دیا ہے۔ بینکوں سے لے کر بلدیاتی اداروں تک اور تعلیم جیسے مقدس پیشے سے لے کر صحت کے نظام تک ہر جگہ کرپشن کا زہر پھیل چکا ہے۔ ایک عالمی سروے کے مطابق ہم دنیا بھر میں کرپشن میں دوسرے نمبر پر ہیں۔ یہ صورت حال قومی اقتصادی ترقی کے لئے بڑی خطرناک ہے ان حالات میں کوئی ترقیاتی پروگرام اپنے اہداف نہیں حاصل کر سکتا۔ اس طرح یہ توقع بھی نہیں رکھی جا سکتی کہ کرپشن کی لعنت ختم کئے بغیر ہم اپنی پسماندگی دور کر سکتے ہیں۔

(8) غیر منصفانہ تقسیم دولت

ایک اہم مسئلہ غیر منصفانہ تقسیم دولت کا ہے۔ جس کے باعث ہمارا معاشرہ اقتصادی اعتبار سے دو مختلف گروہوں میں منقسم ہو چکا ہے۔ ایک نہایت امیر اور دوسرا نہایت غریب۔ ایک طبقہ عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتا ہے جبکہ دوسرا طبقہ بھوک اور افلاس کا شکار رہتا ہے۔

ابو یوسف کے معاشی افکار کی روشنی میں مسائل کا حل

(1) حقیقی احتساب... ہماری قومی بقاء کی ایک اہم ضرورت

پاکستان کے معاشی مسائل پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے بیشتر مسائل حقیقی احتساب کے فقدان کی وجہ سے ہیں۔ ہمارے ہاں احتساب نام کی چیز آئینی' قانونی اور انتظامی طور پر کسی نہ کسی صورت میں تو موجود ہے لیکن اس کے اثرات اور نتائج ناپید' غیر موثر اور مکمل طور پر ناکام نظر آتے ہیں اور بہتری کی بجائے ہر آنے والا دن مزید بھیانک نظر آتا ہے اور قوم مکمل طور پر ایسے عدم اعتماد کا شکار نظر آتی ہے کہ ہمارے ہاں کبھی بھی کچھ بھی ٹھیک نہیں ہو سکے گا۔

حقیقی احتساب' ہماری قومی بقاء کی ایک اہم ضرورت ہے۔ جس کے دائرہ کار میں تمام مقتدر طبقات آئیں۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں احتساب پر بہت زور دیا ہے۔ آپ کے نزدیک اکثر معاشی مسائل کا حل صحیح اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

بے لاگ احتساب میں پوشیدہ ہے۔ آپ کتاب الخراج میں لکھتے ہیں۔

فلو تقربت الی اللہ عزوجل یا امیر المومنین بالجلوس لمظالم رعیتک فی الشھر او الشھرین مجلسا واحدا تسمع فیہ من المظلوم و تنکر علی الظالم رجوت ان لا تکون ممن احتجب عن حوائج رعیتہ و لعلک لا تجلس الا مجلسا او مجلسین حتی یسیر ذلک فی الامصار والمدن فیخاف الظالم وقوفک علی ظلمہ فلا یحتری علی الظلم و یامل الضعیف المقھور جلوسک و نظرک فی امرہ فیقوی قلبہ و یکثر دعاؤہ۔ و کذلک من بعدہ مع انہ متی علم العمال والولاۃ انک تجلس للنظر فی امور الناس یوما فی السنۃ لیس یوما فی الشھر تناھوا باذن اللہ عن الظلم وانصفوا من انفسھم' و انی لارجولک بذلک اعظم الثواب انہ من نفس عن مومن کربۃ من کرب الدنیا نفس اللہ عنہ کربۃ من کرب الاخرۃ(6)

"اے امیر المومنین اگر آپ اللہ تعالیٰ عزوجل کا قرب حاصل کرنے کی خاطر ہر مہینہ یا مہینہ میں دوبار ایک اجلاس خاص اس لئے کریں کہ اپنی رعایا سے مظالم کی فریاد سنیں اور ظالموں کو متنبہ کریں تو مجھے امید ہے کہ آپ کا شمار ان حکمرانوں میں نہ ہو گا جو اپنی رعایا کی ضروریات سے بے نیاز و بے خبر رہتے ہیں۔ مجھے توقع ہے کہ اس طرح کے دو ایک اجلاس کا انعقاد ہوتے ہی یہ خبر اطراف و جوانب میں عام ہو جائے گی۔ ہر ظالم کو اس بات کا ڈر لگنے لگے گا کہ اس کی خبر آپ تک پہنچ جائے گی اور وہ ظلم سے باز آجائے گا کمزور و پامال لوگوں کو یہ آس بندھ جائے گی کہ آپ اجلاس کر کے ان کے معاملہ پر غور فرمائیں گے۔ اس سے ان کی ڈھارس بندھے گی اور وہ آپ کو بہت دعائیں دیں گے ..... ایسا کرنے کا دوسرا فائدہ یہ ہو گا کہ جب عمال اور والیوں کو یہ معلوم ہو گا کہ آپ مہینہ میں ایک دن بلکہ سال میں ایک دن عام لوگوں کے معاملات و مقدمات پر غور کرنے کے لئے اجلاس کرتے ہیں تو ان شاء اللہ وہ ظلم سے باز آجائیں گے اور خود بخود انصاف کرنے لگیں گے۔ مجھے توقع ہے کہ ایسا کرنے سے آپ کو بہت بڑا ثواب ملے گا۔ کیونکہ جو کوئی کسی مسلمان پر سے مصائب دنیا میں سے کسی مصیبت کو دور کرتا ہے اللہ اس پر سے مصائب آخرت میں سے ایک مصیبت دور فرمادے گا۔"

امام ابو یوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں یہ تجویز دی جاتی ہے کہ وہ لوگ جن کے ذمے قومی بینکوں کے لاکھوں' کروڑوں روپے کے قرضے اور قومی خزانے کا ٹیکس واجب الادا ہے' ان سے سختی کے ساتھ نمٹا جائے۔ اور ان سے سرکاری خزانے کی ایک ایک پائی وصول کی جائے۔ نیز یہ قانون بنا دیا جائے کہ سیاستدان کسی قسم کا قرض نہیں لے سکتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(2) امام ابویوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں غیر ترقیاتی اخراجات کو بھی کم کرنے کی ضرورت ہے۔ دور حاضر کے حکمران جو عیش و عشرت کی زندگی کے دلدادہ ہو چکے ہیں ان کے لئے ابویوسف کے معاشی فکر میں یہ سبق ملتا ہے کہ سادگی کو اپنایا جائے۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ جب کسی شخص کو عامل مقرر کرتے تو انصار اور دوسرے لوگوں پر مشتمل ایک جماعت کو گواہ بنا کر اس شخص سے چار شرائط کی پابندی کا عہد لیتے تھے۔

(ا) یہ کہ وہ عمدہ خچر پر نہ سوار ہو گا۔

(ب) باریک کپڑے نہ پہنے گا۔

(ج) چھنا ہوا آٹا نہ کھائے گا۔

(د) اپنے دروازے بند کر کے لوگوں کی ضروریات سے بے نیازی نہ برتے گا اور اپنی ڈیوڑھی پر دربان نہ رکھے گا۔(7)

جدید دور میں زمانہ کے حالات اور ضروریات کے پیش نظر وزراء گورنروں وغیرہ کو ان شرائط سے ملتی جلتی چند شرائط کا پابند بنایا جا سکتا ہے۔

(3) دور حاضر میں سرکاری خزانہ (Public Treasury) کا جس طرح بے دریغ استعمال کیا جاتا ہے' اور حکمران جس طرح بدعنوانیوں کے مرتکب ہوتے ہیں' وہ بھی ایک المیہ ہے۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں بیت المال کے بارے میں اسلامی تصور کو واضح کیا ہے۔ آپ کے نزدیک حاکم کی حیثیت ایک ایسے نگران کی ہے جو قومی دولت کی حفاظت پر مامور ہوتا ہے۔ آپ ہارون الرشید کو نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

و انی اوصیک یا امیر المومنین بحفظ ما استحفظک اللہ و رعایۃ ما استرعاک اللہ (8)

"اے امیر المومنین میں آپ کو تہہ دل سے نصیحت کرتا ہوں کہ اللہ نے جن چیزوں کی حفاظت و پاسداری آپ کے ذمہ کی ہے ان کا پورا پورا تحفظ کیجئے۔

امام ابویوسف نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ جب حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو بیت المال کی ذمہ داری سونپی تو فرمایا۔

"میں نے تمہیں اور خود اپنے آپ کو اس مال کے سلسلہ میں وہی مقام دیا ہے جو یتیم کے والی کا ہے۔"(9)

(4) امام ابویوسف کہتے ہیں کہ جب ریاست میں عدل ناپید ہو اور ظلم عام ہو تو لوگوں کو اپنے حقوق خریدنے پڑتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یعنی رشوت کی وبا پھیل جاتی ہے۔ آپ رقم طراز ہیں۔

و انما ھلک من ھلک من الامم بحبسھم الحق حتی یشتری منھم و اظھار ھم الظلم حتی یفتدی منھم(10)

"ماضی میں جو قومیں تباہ ہو گئیں ان کی تباہی کا سبب یہی تھا کہ انہوں نے عوام کے حقوق دینے سے گریز کیا تاکہ لوگ ان حقوق کو قیمت ادا کر کے ان سے خریدیں اور ظلم ڈھائے تاکہ لوگ ان کے مظالم سے بچنے کی خاطر فدیے ادا کریں۔"

بد قسمتی سے آج پاکستان میں رشوت عام ہو چکی ہے۔ میرٹ پر عمل نہ ہونے کی وجہ سے عوام رشوت دینے پر مجبور ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ امام ابو یوسف کے معاشی فکر سے راہنمائی حاصل کرتے ہوئے معاشرہ میں عدل و انصاف کو رائج کیا جائے' ہر حقدار کو اس کا حق آسانی سے مل جائے۔ میرٹ کی خلاف ورزی نہ کی جائے۔

امام ابو یوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں رشوت اور بد عنوانی کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ امام ابو یوسف کتاب الخراج میں جگہ جگہ عدل پر زور دیتے ہیں۔ عدل کا مفہوم یہ بھی ہے کہ ملکی معاشی پالیسی (Economic Policy) کو ایسی بنیادوں پر استوار کیا جائے جس میں ہر سرکاری ملازم کو اس کے کام کے مطابق معقول تنخواہ دی جائے۔ اس کی باوجود بھی اگر ایک فرد رشوت اور بد عنوانی کا مرتکب ہوتا ہے تو امام ابو یوسف کے فکر کے مطابق اس کو ایسی سخت ترین سزا دی جائے جو دوسروں کے لئے باعث عبرت ہو۔

(5) ہمیں بیرونی قرضہ جات کی مدد سے سرمایہ کاری کرنا چاہیے تھی تاکہ ایک جانب ملکی پیداوار بڑھتی (اور اس طرح اشیاء کی رسد بڑھنے سے قیمتوں میں کمی ہوتی) جبکہ دوسری جانب نئے کارخانے لگنے سے لوگوں کو روزگار ملتا۔ اور اس طرح پاکستان کے دونوں سنگین اقتصادی مسائل یعنی مہنگائی اور بے روزگاری پر قابو پانے میں مدد ملتی۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم خود انحصاری اور سخت کوشی کی پالیسی اپنا لیں اور اپنے قوت بازو کے سہارے آگے بڑھیں۔ عام استعمال کے لئے قرضے لینا فوری طور پر بند کر دیں۔ اور صرف ایک مد میں قرضوں کا حصول جاری رکھیں مثلاً کوئی بہت بڑا ترقیاتی پراجیکٹ ہو' مثلاً اسٹیل مل یا ڈیم وغیرہ جو ملکی وسائل سے بنانا ناممکن ہو۔ صرف اس مد کے لئے قرضہ لیا جائے۔ ڈاکٹر رفیق احمد کے الفاظ میں "اپنی مدد آپ کا اصول ہی ہمیں غیر ملکی قرضوں کے بوجھ سے نجات دلوا سکتا ہے۔" اس سلسلے میں جو حکمت عملی صحیح معنوں میں کارگر ثابت ہو سکتی ہے اس کے دو پہلو ہیں اول پیداواری صلاحیت بڑھانے والے قرضوں کو چھوڑ کر باقی کاموں کے لئے قرضے لینے فوراً بند کر دیئے جائیں خاص کر تعلیم' صحت اور بہبود آبادی کے شعبوں میں۔ دوئم پاکستانی ماہرین کو یہ کام سونپا جائے کہ وہ ملکی وسائل کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی مدد آپ کے اصول پر ہر شعبے سے متعلق پراجیکٹس از سر نو ترتیب دیں اور اپنی چادر سے زیادہ پاؤں نہ پھیلائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسلامیان ہند پاکستان نے آزادی سے پہلے بے سروسامانی کی حالت میں بھی تعلیم اور رفاہی انجمنوں کی شکل میں خود انحصاری کی بنیاد پر کئی پراجیکٹس پایہ تکمیل تک پہنچائے تھے۔ سوئم جن غیر ملکی قرضوں کا حاصل کرنا ضروری ہو ان کے بارے میں قانونی طور پر رہنما اصول بنائے جائیں تاکہ قرضوں کی رقم کا موثر اور صحیح استعمال ہو۔ چہارم موجودہ قرضوں کا بوجھ اتارنے کے لئے صاحبان اقتدار خلفائے راشدین کی پیروی کرتے ہوئے یہ انقلابی قدم اٹھائیں کہ اپنے دفاتر، رہائش گاہوں اور کاروبار سلطنت کی انجام دہی میں فقیرانہ شان پیدا کریں۔" (11)

(6) امام ابویوسف نے جو زرعی اصلاحات پیش کی ہیں ان کی روشنی میں پاکستان کے زرعی شعبے کی بدحالی کو دور کیا جاسکتا ہے۔ بنجر اراضی کی آبادکاری کے بارے میں ابویوسف کے معاشی فکر سے استفادہ کرنے کی بہت ضرورت ہے۔ خوراک کی قلت کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ غیر آباد زمینیں جو ریاست کی ملکیت ہیں ان کو ایسے محنتی افراد کو دیا جائے جو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ان کی آبادکاری کا انتظام کریں۔ امام ابویوسف کتاب الخراج میں رقم طراز ہیں۔

والارض عندی بمنزلة المال فللامام ان یجیز من بیت المال من کان له غناء فی الاسلام و من یقوی به علی العدو و یعمل فی ذلک بالذی یری انه خیر للمسلمین و اصلح لامرهم، و کذلک الارضون یقطع الامام منها من احب من الاصناف التی سمیت و لا اری ان یترک ارضا لا ملک لاحد فیها و لا عمارة حتی یقطعها الامام، فان ذلک اعمر للبلاد واکثر للخراج (12)

"زمین میرے نزدیک مال کی طرح ہے چنانچہ امام کو یہ اختیار حاصل ہے کہ بیت المال میں سے ان لوگوں کو انعامات دے جنہوں نے اسلام کی کوئی نمایاں خدمت انجام دی ہو یا جو اس مال کے ذریعہ دشمن کے مقابلہ کی تیاری کرنے والے ہوں۔ امام اس باب میں وہ پالیسی اختیار کرے گا جو اس کی رائے میں مسلمانوں کے لئے بہتر اور ان کے حق میں موزوں ہو۔ یہی نوعیت زمینوں کی بھی ہے میں نے جس قسم کے لوگوں کا اوپر ذکر کیا ہے ان میں سے امام جس کو چاہے جاگیر دے سکتا ہے۔ میرے خیال میں غیر مملوکہ اور غیر آباد زمینوں کو بے کار چھوڑ رکھنے کی بجائے امام کو چاہیے کہ انہیں بطور جاگیر مختلف افراد کو دے دے۔ اس طرح ہمارے علاقے زیادہ آباد و خوش حال ہو جائیں گے اور خراج میں بھی اضافہ ہو گا۔"

(7) امام ابویوسف کا معاشی نظریہ یہ ہے کہ دیہاتی علاقوں سے حاصل ہونے والی آمدنیوں کو انہی علاقوں کی تعمیر و ترقی پر خرچ کیا جائے۔

پاکستان میں چند بڑے شہروں کے علاوہ پینتالیس ہزار (45000) دیہات ہیں جو کل آبادی کا 75 فیصد ہیں۔ اس لئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جب تک ہم اپنے ملک کی ترقی کے لئے دیہات کو بنیاد بنا کر کام شروع نہیں کریں گے' ہم ترقی یافتہ ممالک کی صف میں نہیں آسکتے۔"

ہمارے ملک میں دیہاتی آبادی خاص طور پر معاشی مسائل سے دوچار ہے۔ خوراک' لباس' رہائش' علاج معالجہ اور ذرائع آمدورفت ایسے مسائل موجود ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ امام ابویوسف کے معاشی فکر کی روشنی میں زرعی آمدنی کو جو زیادہ تر دیہات ہی سے حاصل ہوتی ہے' انہیں کی تعمیر و ترقی میں خرچ کیا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواشی و حوالہ جات

(1) روزنامہ جنگ لاہور 13 ستمبر 1997ء / 6

(2) ایضاً" 31 مئی 1997ء

(3) روزنامہ جنگ (کراچی) 20 فروری 1997ء

(4) نور محمد غفاری، اسلام کا قانون محاصل / 126

(5) روزنامہ جنگ لاہور 31 مئی 1997ء

(6) الخراج / 121

(7) ایضاً" / 126'125

(8) ایضاً" / 5

(9) ایضاً" / 39

(10) ایضاً" / 114

(11) رفیق احمد، ڈاکٹر، غیر ملکی قرضوں میں تخفیف کا واحد راستہ، آرٹیکل روزنامہ جنگ لاہور

(12) الخراج / 66

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصادر و مراجع

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصادر و مراجع

(1) عربی کتب

(1) **القرآن الکریم**

(2) **الآجری**، ابوبکر محمد بن الحسین (م 360ھ / 971ء)
اخبار ابی حفص عمر بن عبدالعزیز و سیرتہ۔ (تحقیق عبداللہ عبدالرحیم) بیروت = موسسۃ الرسالۃ، 1399ھ / 1979ء

(3) **الآلوسی**، ابوالفضل شہاب الدین السید محمود، (م 1270ھ / 1854ء)
روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی، ملتان = مکتبہ امدادیہ

(4) **الآمدی**، سیف الدین ابوالحسن علی بن ابی علی بن محمد (م 631ھ / 1234ء)
الاحکام فی اصول الاحکام القاھرۃ = 1347ھ

(5) **ابراھیم البنا**، محمد الدکتور
تحقیق و تعلیق کتاب الخراج لابی یوسف، مصر - دارالاصلاح للطبع والنشر والتوزیع

(6) **ایضاً**
من عیون التراث۔ وصیۃ ابی یوسف لھارون الرشید، دارالاعتصام

(7) **ابراھیم** فاضل
المعادن والرکاز (بحث مقارن فی الاقتصاد الاسلامی بغداد، مطبعۃ دارالرسالۃ

(8) **ابراھیم** کبہ
دراسات فی تاریخ الاقتصاد والفکر الاقتصادی، بغداد مطبعۃ الارشاد، الطبعۃ الاولی 1970ء

(9) **الابشیھی** شہاب الدین محمد بن احمد (م 850ھ / 1446ء)
المستطرف فی کل فن مستظرف بیروت = دار احیاء التراث العربی

(10) **ابن ابی اصیبعہ** ابوالعباس احمد بن القاسم (م 668ھ / 1270ء)
عیون الانباء فی طبقات الاطباء، مطبعۃ الوھبیۃ، الطبعۃ الاولی 1299ھ

(11) **ابن ابی حاتم** الرازی، أبو محمد عبدالرحمٰن (م 327ھ / 938ء)
کتاب الجرح والتعدیل، حیدر آباد الدکن - الھند، مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، الطبعۃ الاولی، 1373ھ

(12) **ابن ابی الحدید** ابوحامد عزالدین عبدالحمید بن ھبۃ اللہ (م 656ھ / 1258ء)
شرح نہج البلاغۃ (تحقیق = الشیخ حسن تمیم) بیروت = دار مکتبۃ الحیاۃ، 1964ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

(13) **ابن ابی الدم الحموی** شہاب الدین ابی اسحاق ابراھیم بن عبداللہ (م 642ھ / 1244ء)
کتاب ادب القضاء و ھو المنظومات فی الاقضیۃ والحکومات (تحقیق = الدکتور محمد مصطفٰی الزحیلی) دمشق - دار الفکر، الطبعۃ الثانیۃ 1402ھ

(14) **ابن ابی الربیع** احمد بن محمد، (م 272ھ / 885ء)
سلوک المالک فی تدبیر الممالک (مترجم، مظہر علی کامل) کراچی، شعبہ تصنیف و تالیف و ترجمہ کراچی یونیورسٹی طبع اول 1962ء

(15) **ابن ابی شیبۃ** ابوبکر عبداللہ بن محمد (م 235ھ / 849ء)
المصنف (صححہ عبدالخالق الافغانی) کراتشی = ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ طبع 1406ھ

(16) **ابن ابی الوفاء** محی الدین ابو محمد عبدالقادر (م 775ھ / 1374ء)
الجواھر المضیئۃ فی طبقات الحنفیۃ حیدر آباد الدکن - الھند = مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ - الطبعۃ الاولی - 1332ھ

(17) **ابن الاثیر** عزالدین ابوالحسن علی بن محمد (م 630ھ / 1233ء)
اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ - طہران = المکتبۃ الاسلامیۃ

(18) **ایضاً**
الکامل فی التاریخ، بیروت = دار الکتاب العربیہ، الطبعۃ الثانیۃ 1387ھ

(19) **ایضاً**
اللباب فی تہذیب الانساب - بغداد - مکتبۃ المثنی

(20) **ابن الاثیر** مجدالدین ابو السعادات المبارک بن محمد الجزری (م 606ھ / 1210ء)
النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر (تحقیق = محمود محمد الطناحی - طاہر احمد الزاوی) دار احیاء الکتب العربیۃ، الطبعۃ الاولی 1383ھ

(21) **ابن الاخوۃ** محمد بن محمد بن احمد القرشی (م 729ھ / 1329ء)
معالم القربۃ فی احکام الحسبۃ (تصحیح = روبن لیوی)، کیمبرج = مطبعۃ دار الفنون 1937ء

(22) **ابن الانباری** ابوالبرکات کمال الدین عبدالرحمٰن ابن محمد،
نزھۃ الالباء فی طبقات الادباء (تحقیق الدکتور ابراھیم السامرائی) بغداد، 1959ء

(23) **ابن البزاز الکردری** حافظ الدین محمد بن محمد بن شہاب (م 827ھ / 1424ء)
مناقب الامام الاعظم - حیدر آباد الدکن - الھند = مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ البطعۃ الاولی، 1321ھ

(24) **ابن بسام** محمد (م نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی)

toobaa-elibrary.blogspot.com

نهایۃ الرتبۃ فی طلب الحسبۃ' (تحقیق = حسام الدین السامرائی) بغداد مطبعۃ المعارف، 1968ء

(25) **ابن بصال'** ابو عبداللّٰہ محمد بن ابراھیم' (م چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی)
کتاب الفلاحۃ' (تحقیق و نشر و ترجمۃ خوسی ماریہ میاس۔ محمد عزیمان) المغرب = مطبعۃ کریمادیس 1955ء

(26) **ابن بطوطہ'** محمد بن عبداللّٰہ (م 777ھ / 1377ء)
رحلۃ ابن بطوطۃ المسماۃ تحفۃ النظار فی غرائب الامصار و عجائب الاسفار۔ بیروت = دار الکتاب اللبنانی

(27) **ابن الترکمانی** ابوالحسن علی بن عثمان (م 750ھ / 1349ء)
الجوھر النقی فی الرد علی البیھقی' ملتان = نشر السنۃ

(28) **ابن تغری بردی'** ابوالمحاسن جمال الدین یوسف (م 874ھ / 1470ء)
النجوم الزاھرۃ فی ملوک مصر والقاھرۃ مصر = وزارۃ الثقافۃ والارشاد القومی للتالیف والترجمۃ والطباعۃ والنشر

(29) **ابن تیمیۃ** ابوالعباس احمد (م 728ھ / 1328ء)
الحسبۃ فی الاسلام او وظیفۃ الحکومۃ الاسلامیۃ' مطبعۃ الموید' الطبعۃ الاولی 1318ھ

(30) **ایضاً"**
السیاسۃ الشرعیۃ فی احوال الراعی والرعیۃ۔ مصر = دار الکتاب العربی 1955ء

(31) **ایضاً"**
القواعد النورانیۃ الفقھیۃ (تحقیق = محمد حامد الفقی)' الریاض = مکتبۃ المعارف' الطبعۃ الاولی 1402ھ

(32) **ابن الجوزی** ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی (م 597ھ / 1201ء)
تاریخ عمر بن الخطاب (تعلیق = اسامۃ عبدالکریم الرفاعی) دمشق' = دار احیاء علوم الدین للتالیف والطباعۃ والنشر

(33) **ایضاً"**
الحث علی حفظ العلم و ذکر کبار الحفاظ (تحقیق = الدکتور فواد عبدالمنعم احمد) الاسکندریۃ' دار الدعوۃ للطبع والنشر والتوزیع' الطبعۃ الاولی 1403ھ / 1983ء)

(34) **ایضاً"**
سیرۃ عمر بن عبدالعزیز' مصر = مطبعۃ الموید 1331ھ

(35) **ایضاً"**

toobaa-elibrary.blogspot.com

الشفاءفی مواعظ الملوک والخلفاء(تحقیق=الدکتور فواد عبدالمنعم احمد)الاسکندریة' دارالدعوة للطبع والنشر والتوزیع

(36) **ایضا"**

مناقب الامام احمد بن حنبل'(تصحیح و تعلیق=محمد امین الخانجی الکتبی)القاهرة' 1349ھ'الطبعة الاولی

(37) **ایضا"**

مناقب بغداد(تصحیح و تعلیق محمد بهجة الاثری)بغداد=1342ھ

(38) **ایضا"**

المنتظم فی تاریخ الامم والملوک (دراسة و تحقیق = محمد عبدالقادر عطا - مصطفیٰ عبدالقادر عطا)بیروت=دارالکتب العلمیة

(39) **ابن حبان'** ابو حاتم محمد(م354ھ / 965ء)

کتاب الثقات' حیدر آباد الدکن - الهند = مطبعة مجلس دائرة المعارف العثمانیه' الطبعة الاولی=1401ھ

(40) **ایضا"**

مشاهیر علماء الامصار'القاهرة=1962ء

(41) **ابن حجاج الاشبیلی** احمد بن محمد (م پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی)

المقنع فی الفلاحة(تحقیق=صلاح جرار - جاسر ابو صفیة - عبدالعزیز الدوری)عمان= مجمع اللغة العربیة الاردنی'1982ء

(42) **ابن حجر العسقلانی** ابوالفضل شهاب الدین احمد بن علی(م852ھ / 1448ء)

الاصابة فی تمییز الصحابة(مع الاستیعاب) مصر = المکتبة التجاریة الکبری 1358ھ / 1939ء

(43) **ایضا"**

تقریب التهذیب(صححه ارشاد الحق الاثری)لاهور=دار نشر الکتب الاسلامیه

(44) **ایضا"**

توالی التاسیس لمعالی محمد بن ادریس (حققه=ابوالفداء عبدالله القاضی) - بیروت= دارالکتب العلمیة الطبعة الاولی-1406ھ / 1986ء

(45) **ایضا"**

تهذیب التهذیب لاهور=نشر السنة

(46) **ایضا"**

toobaa-elibrary.blogspot.com

الدرایۃفی منتخب تخریج احادیث الھدایۃ' لاھور = دار نشر الکتب الاسلامیہ

(47) **ایضاً**

فتح الباری بشرح صحیح البخاری۔ بیروت = دار المعرفۃ

(48) **ایضاً**

لسان المیزان' حیدر آباد الدکن۔ الھند = مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ' الطبعۃ الاولی' 1331ھ

(49) **ایضاً**

ھدی الساری مقدمۃ فتح الباری' کراتشی = قدیمی کتب خانہ

(50) **ابن حجر الھیتمی** شہاب الدین احمد (م974ھ / 1567ء)

الخیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان۔ (تعلیق = محمد عاشق الھی البرنی) کراتشی = ایچ = ایم۔ سعید کمپنی' الطبعۃ الاولی 1414ھ

(51) **ایضاً**

الفتاوی الکبری الفقھیۃ' ترکی = المنکبۃ الاسلامیۃ

(52) **ابن حزم'** ابو محمد علی بن احمد بن سعید (م456ھ / 1064ء)

الاحکام فی اصول الاحکام۔ (تحقیق = احمد محمد شاکر) کراتشی = جامعہ ابی بکر الاسلامیہ' الطبعۃ الاولی 1408ھ

(53) **ایضاً**

المحلی۔ (تحقیق = لجنۃ احیاء التراث العربی) بیروت۔ منشورات دار الافاق الجدیدۃ

(54) **ایضاً**

مراتب الاجماع فی العبادات والمعاملات والاعتقادات۔ مکتبۃ القدسی' 1357ھ

(55) **ابن حنبل'** احمد بن محمد (م241ھ / 855ء)

المسند (شرحہ و وضع فھارسہ احمد محمد شاکر) مصر = دار المعارف للطباعۃ والنشر' 1367ھ

(56) **ابن حوقل** ابو القاسم محمد بن علی (م بعد 367ھ / بعد 977ء)

کتاب صورۃ الارض۔ بیروت = مکتبۃ دار الحیاۃ

(57) **ایضاً**

کتاب المسالک والممالک' نشرہ دی خویہ' لایدن' 1873ء

(58) **ابن خرداذبہ** ابو القاسم عبید اللہ بن احمد (م280ھ / 893ء)

کتاب المسالک والممالک۔ لیدن = مطبع بریل 1306ھ

(59) **ابن خلدون** عبد الرحمٰن بن محمد (م808ھ / 1406ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مقدمة كتاب العبر و ديوان المبتدا والخبر فی ایام العرب والعجم والبربر و من عامرهم من ذوی السلطان الاکبر' مصر =مطبعة مصطفی محمد صاحب المکتبة التجاریة

(60) **ابن خلکان** ابو العباس شمس الدین احمد بن محمد (م681ھ / 1282ء)
وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان' بیروت=دار الثقافة

(61) **ابن دقیق** ابو الفتح تقی الدین (م702ھ / 1302ء)
احکام الاحکام شرح عمدة الاحکام' بیروت=دار الکتب العلمیة

(62) **ابن رجب** ابو الفرج عبد الرحمٰن بن احمد (م795ھ / 1393ء)
الاستخراج لاحکام الخراج' بیروت=دار الکتب العلمیة' الطبعة الاولی 1405ھ

(63) **ابن رستہ'** احمد بن عمر (م290ھ / 903ء)
الاعلاق النفیسة (تحقیق=فوستنفلد بریل' لیدن 1892ء

(64) **ابن رشد** ابو الولید محمد بن احمد (م595ھ / 1198ء) الطبعة
بدایة المجتهد و نهایة المقتصد لاهور=المکتبة العلمیة' الاولی 1396ھ

(65) **ایضاً**
البیان والتحصیل والشرح والتوجیه والتعلیل فی مسائل المستخرجة (تحقیق = الاستاذ احمد الحبابی) بیروت=دار الغرب الاسلامی' الطبعة الاولی 1404ھ / 1984ء)

(66) **ابن زنجویه'** حمید بن مخلد (م251ھ / 865ء)
کتاب الاموال - (تحقیق الدکتور شاکر ذیب فیاض) الریاض = المرکز الملک فیصل للبحوث والدراسات الاسلامیة الطبعة الاولی 1406ھ / 1986م)

(67) **ابن سعد'** ابو عبداللہ محمد (م230ھ / 844ء)
الطبقات الکبریٰ - بیروت=دار صادر للطباعة والنشر' 1377ھ

(68) **ابن الشحنہ الحنفی** ابو الولید ابراهیم بن ابی الیمن محمد (م882ھ / 1478ء)
لسان الحکام فی معرفة الاحکام' مصر = شرکة مکتبة و مطبعة مصطفی البابی الحلبی' الطبعة الثانیة 1393ھ / 1973ء

(69) **ابن الطقطقی'** محمد بن علی بن طباطبا (م709ھ / 1309ء)
الفخری فی الآداب السلطانیة والدول الاسلامیة' مصر=المطبعة الرحمانیة

(70) **ابن عابدین** محمد امین (م1252ھ / 1836ء)
حاشیة رد المحتار علی الدر المختار = شرح تنویر الابصار - مصر = شرکة مکتبة و مطبعة مصطفی البابی الحلبی' الطبعة الثانیة 1386ء

(71) **ایضاً**
مجموعة رسائل ابن عابدین لاهور = سهیل اکیڈمی' الطبعة الثانیة 1400ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(72) **ایضاً**

نشر العرف فی بناء بعض الاحکام علی العرف، دمشق-مطبعۃ معارف الطبعۃ الاولی 1301ھ

(73) **ابن عبدالبر**، ابوعمر یوسف بن عبداللہ (م463ھ / 1071ء)

الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب (مع الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ) بیروت، دار احیاء التراث العربی، طبع 1328ء

(74) **ایضاً**

الانتقاء فی فضائل الثلاثۃ الائمۃ الفقہاء مالک والشافعی وابی حنیفۃ رضی اللہ عنہم وذکر عیون من اخبارھم واخبار اصحابھم القاھرۃ=مکتبۃ القدس، الطبعۃ الاولی 1350ھ

(75) **ابن عبدالحکم**، ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ (م257ھ / 871ء)

کتاب فتوح مصر واخبارھا، لیدن=مطبع بریل، 1920ء

(76) **ابن عبدالحکم**، ابومحمد عبداللہ (م214ھ / 829ء)

سیرۃ عمر بن عبدالعزیز، مصر=مطبعہ رحمانیہ 1346ھ

(77) **ابن عبدربہ**، ابوعمر احمد بن محمد (م328ھ / 940ء)

کتاب العقد الفرید (شرحہ وضبطہ وعنون موضوعاتہ=احمد امین، احمد الزین، ابراھیم الابیاری) بیروت=دار الاندلس للطباعۃ والنشر والتوزیع، الطبعۃ الاولی 1408ھ

(78) **ابن العربی** ابوبکر محمد بن عبداللہ (م543ھ / 1148ء)

احکام القرآن - تحقیق = علی محمد البجاوی مصر = عیسیٰ البابی الحلبی و شرکاہ، الطبعۃ الثانیۃ 1387ھ

(79) **ایضاً**

عارضۃ الاحوذی بشرح صحیح الترمذی، بیروت=دار الکتب العلمیہ

(80) **ابن عرنوس**، محمود بن محمد

تاریخ القضاء فی الاسلام، قاھرۃ=المطبعۃ المصریۃ الاھلیۃ الحدیثۃ، الطبعۃ الاولی 1352ھ

(81) **ابن العماد الحنبلی** ابوالفلاح عبدالحی (م1089ھ / 1678ء)

شذرات الذھب فی اخبار من ذھب، بیروت=دار احیاء التراث العربی

(82) **ابن العمرانی** محمد بن علیؒ (م فی حدود سنۃ 580ھ / 1184ء)

الانباء فی تاریخ الخلفاء، (تحقیق و تقدیم و دراسۃ الدکتور قاسم السامرائی) لایدن، 1973ء

(83) **ابن العوام الاشبیلی** ابو زکریا یحییٰ بن محمد (م ساتویں صدی ھجری / تیرھویں صدی عیسوی)

کتاب الفلاحۃ، میڈرڈ=1802ء

(84) **ابن فرحون** برھان الدین ابراھیم بن علی (م799ھ / 1397ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

تبصرۃ الحکام فی اصول الاقضیۃ و مناہج الاحکام۔ مصر = مکتبۃ و مطبعۃ مصطفٰی البابی الحلبی 1378ھ / 1958ء

(85) **ابن الفقیہ** احمد بن محمد (340ھ / 951ء)
مختصر کتاب البلدان، (تحقیق = دی خویہ) بریل = لیدن، 1885ء

(86) **ابن الفوطی** کمال الدین ابو الفضل عبدالرزاق بن احمد (م723ھ / 1323ء)
مجمع الآداب فی معجم الالقاب (تحقیق الدکتور مصطفٰی جواد) دمشق۔ مطابع وزارۃ الثقافۃ والارشاد القومی، الطبعۃ الاولی 1965ء

(87) **ابن قتیبہ** ابو محمد عبداللہ بن مسلم (م276ھ / 889ء)
الامامۃ والسیاسۃ و ہو المعروف بتاریخ الخلفاء (تحقیق الدکتور طہ محمد الزینی) موسسۃ الحلبی و شرکاہ للنشر والتوزیع

(88) **ایضاً**
المعارف، کراتشی = قدیمی کتب خانہ

(89) **ابن قدامۃ** ابو الفرج عبدالرحمٰن بن ابی عمر محمد (م682ھ / 1283ء)
الشرح الکبیر، المدینۃ المنورۃ = المکتبۃ السلفیۃ

(90) **ابن قدامۃ** ابو محمد عبداللہ بن احمد (م620ھ / 1223ء)
المغنی، المدینۃ المنورۃ = المکتبۃ السلفیۃ

(91) **ابن قطلوبغا** ابو العدل زین الدین قاسم (م879ھ / 1474ء)
تاج التراجم فی طبقات الحنفیۃ طبع اول، بغداد، مکتبۃ المثنی، مطبعۃ العانی 1962۔ طبع ثانی کراتشی۔ ایچ۔ ایم۔ سعید

(92) **ابن قیم** شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر (م751ھ / 1350ء)
احکام اہل الذمۃ (تحقیق = الدکتور صبحی الصالح) بیروت = دار العلم للملایین، الطبعۃ الاولی 1381ھ

(93) **ایضاً**
اعلام الموقعین عن رب العالمین۔ مصر = دار الحدیث

(94) **ایضاً**
الطرق الحکمیۃ فی السیاسۃ الشرعیۃ، بیروت = دار الکتب العلمیۃ

(95) **ابن کثیر**، عماد الدین ابو الفداء اسماعیل، (م774ھ / 1373ء)
البدایۃ والنہایۃ۔ بیروت۔ مکتبۃ المعارف، الطبعۃ الاولی 1966ء

(96) **ایضاً**
عمر بن عبدالعزیز (تقدیم و تعلیق احمد الشرباصی) القاہرۃ = الدار القومیۃ للنشر

toobaa-elibrary.blogspot.com

(97) **ابن ماجه** ابوعبداللہ محمد بن یزید (م 273ھ / 887ء)
السنن {کراتشی=ایچ ایم سعید کمپنی}
مقالہ میں سنن ابن ماجہ کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال ہوا ہے۔
سنن ابن ماجه (مع تحقيق و تعليق محمد فواد عبدالباقی) دار احياء التراث العربی

(98) **ابن ماکولا** ابونصر علی بن هبة الله (م 475ھ)
الاكمال فی رفع الارتياب عن الموتلف والمختلف من الاسماء والكنى والانساب۔ (تصحيح و تعليق = عبدالرحمٰن اليمانی) الهند حيدر آباد الدكن۔ الطبعة الاولى 1382ھ / 1963ء م

(99) **ابن مسکویه** ابو علی احمد بن محمد (م 421ھ / 1030ء)
كتاب تجارب الامم۔ مصر = مطبعة النيل

(100) **ابن مماتی** اسعد بن المهذب (م 606ھ / 1209ء)
قوانين الدواوين۔ (تحقيق = عزيز سوريال عطية) القاهرة = 1943ء

(101) **ابن المنذر** ابوبکر محمد بن ابراهيم (م 318ھ / 930ء)
الاجماع يتضمن المسائل الفقهية المتفق عليها عند اكثر علماء المسلمين۔ (تحقيق = فواد عبدالمنعم احمد۔ عبدالله بن زيد المحمود) الاسكندرية = من ذخائر التراث الاسلامی، الطبعة الثالثة 1402ھ

(102) **ایضاً**
الاشراف على مذاهب اهل العلم (تحقيق و تخريج = عبدالله عمر البارودی) بيروت = دار الفكر للطباعة والنشر والتوزيع الطبعة الاولى، 1414ھ / 1993ء

(103) **ابن منظور** ابوالفضل جمال الدين محمد بن مكرم، (م 711ھ / 1311ء)
لسان العرب {قم۔ ایران = نشر ادب الحوزة، 1405ھ}

(104) **ابن نجیم** زین العابدین بن ابراهیم (م 970ھ / 1562ء)
الاشباه والنظائر (مع شرح للحموی) کراتشی، ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

(105) **ایضاً**
البحر الرائق شرح كنز الدقائق، بيروت = دار المعرفة الطبعة الثانية
(اس کتاب کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال ہوا ہے۔ کوئٹہ، المكتبة الماجدية

(106) **ابن الندیم** ابوالفرج محمد بن ابی یعقوب اسحق (م 438ھ / 1047ء مطابق الاعلام)
الفهرست فی اخبار العلماء المصنفين من القدماء والمحدثين واسماء كتبهم (تحقيق = رضا تجدد) کتاب پر مقام اشاعت اور سن اشاعت تحریر نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نوٹ:- مقالہ میں "الفہرست" کے اس نسخہ کے علاوہ 'مصر=المکتبۃ التجاریۃ الکبری کے شائع کردہ ایڈیشن سے بھی حوالہ جات دیئے گئے ہیں۔

(107) **ابن وھب الکاتب** ابوالحسین اسحاق بن ابراھیم
البرھان فی وجوہ البیان (تحقیق الدکتور احمد مطلوب والدکتورۃ خدیجۃ الحدیثی) بغداد = 1387ھ

(108) **ابن ھبیرہ** ابوالمظفر عون الدین یحیی بن محمد (م 560ھ / 1164ء)
کتاب الافصاح عن معانی الصحاح الریاض' الموسسۃ السعیدیۃ

(109) **ابن الھمام** کمال الدین محمد بن عبدالواحد (م 861ھ / 1457ء)
فتح القدیر شرح ھدایۃ' کوئٹہ = مکتبہ رشیدیہ

(110) **ابوبکر** بن ایوب (م 624ھ / 1227ء)
السھم المصیب فی الرد علی الخطیب المکتبۃ الاعزازیۃ

(111) **ابوالخیر** الاندلسی
کتاب فی الفلاحۃ' فاس = المطبعۃ الجدیدۃ 1357ھ

(112) **ابوداود** سلیمان بن الاشعث السجستانی (م 275ھ / 889ء)
سنن ابی داود - ملتان = مکتبہ حقانیہ

(نوٹ:- مقالہ میں سنن ابی داؤد کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال کیا گیا ہے۔

ابوداود' سلیمان بن الاشعث السجستانی' سنن ابی داود' (و معہ کتاب معالم السنن للخطابی) اعداد و تعلیق عزت عبید الدعاس و عادل السید' بیروت' دارالحدیث للطباعۃ والنشر والتوزیع)

(113) **ایضاً**
کتاب مسائل الامام احمد (تحقیق و تعلیق' السید محمد رشید رضا) بیروت' دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر

(114) **ابوزھرۃ** محمد بن احمد (م 1394ھ / 1974ء)
ابوحنیفۃ حیاتہ و عصرہ - آراوہ و فقھہ - دارالفکر العربی

(115) **ایضاً** احکام التر کات والمواریث' دارالفکر العربی

(116) **ایضاً** اصول الفقہ - دارالفکر العربی

(117) **ایضاً**
الامام زید حیاتہ و عصرہ - آراوہ و فقھہ - دارالفکر العربی الطبعۃ الاولی

(118) **ایضاً**
محاضرات فی الوقف - دارالفکر العربی

toobaa-elibrary.blogspot.com

(119) **ابوشامۃ المقدسی** شہاب الدین عبدالرحمٰن بن اسماعیل (م 665ھ / 1267ء)
کتاب الروضتین فی اخبار الدولتین - بیروت = دار الجیل، 1287ھ

(120) **ابوالطیب** شمس الحق، محمد، (م 1329ھ / 1911ء)
عون المعبود شرح سنن ابی داؤد، ملتان، نشر السنۃ، الطبعۃ الاولی 1399ھ

(121) **ابوعبد اللہ** الدمشقی، محمد بن عبدالرحمٰن (م آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی)
رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ، دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع

(122) **ابوعبید** القاسم بن سلام (م 224ھ / 838ء)
کتاب الاموال - تصحیح و تعلیق = محمد حامد الفقی من علماء الازہر الشریف - سانگلہ ہل = المکتبۃ الاثریۃ

(123) **ابوالعلاء المعری** احمد بن عبداللہ بن سلیمان (م 449ھ / 1057ء)
لزوم مالا یلزم (اللزومیات) بیروت = دار صادر

(124) **ابوالفضل الدمشقی** جعفر بن علی (م چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی)
الاشارۃ الی محاسن التجارۃ (تحقیق = البشری الشوربجی) القاہرۃ = مکتبۃ الکلیات الازہریۃ 1977ء

(125) **ابوالمعالی الجوینی** امام الحرمین عبدالملک بن عبداللہ (م 478ھ / 1085ء)
غیاث الامم فی التیاث الظلم (تحقیق و دراسۃ = الدکتور مصطفی حلمی - الدکتور فواد عبدالمنعم احمد) الاسکندریۃ، دار الدعوۃ

(126) **ابوالنجا المقدسی** شرف الدین موسیٰ (م 968ھ / 1561ء)
الاقناع فی فقہ الامام احمد بن حنبل (تحقیق و تعلیق = عبداللطیف محمد موسیٰ) بیروت = دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر

(127) **ابوالنصر، عمر**
آثار ابن المقفع - بیروت = منشورات دار مکتبۃ الحیاۃ الطبعۃ الاولی 1966ء

(128) **ابویعلی** قاضی محمد بن الحسین الفراء (م 458ھ / 1066ء)
الاحکام السلطانیۃ مصر = شرکۃ مکتبۃ و مطبعۃ مصطفیٰ البابی الحلبی، الطبعۃ الثانیۃ، 1386ھ

(129) **ابویوسف** یعقوب بن ابراھیم، (م 182ھ / 798ء)
اختلاف ابی حنیفۃ و ابن ابی لیلی (تصحیح و تعلیق = ابوالوفاء الافغانی) مطبعۃ الوفاء 1357ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(130) **ایضاً**

الرد علی سیر الاوزاعی - (تصحیح و تعلیق = ابوالوفاء الافغانی) حیدر آباد الدکن - الهند = لجنة احیاء المعارف النعمانیة

(131) **ایضاً**

کتاب الآثار (تصحیح و تعلیق = ابوالوفاء الافغانی) - بیروت = دار الکتب العلمیه

(132) **ایضاً**

کتاب الخراج - بولاق = 1302ھ

(133) **الاتاسی** محمد خالد، شرح المجلة کوئٹه - مکتبة اسلامیة

(134) **احمد امین** ابن الشیخ ابراهیم (م 1373ھ / 1954ء)

ضحی الاسلام - القاهره = مکتبة النهضة المصریة الطبعة العاشرة

(135) **احمد بک** ابراهیم (م 1364ھ / 1945ء)

کتاب المعاملات الشرعیة المالیة - کراتشی = ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة

(136) **احمد شلبی** الدکتور الاقتصاد فی الفکر الاسلامی، القاهرة - مکتبة النهضة المصریة الطبعة السادسة 1987ء

(137) **احمد موسیٰ**

تاریخ التشریع الاسلامی و تاریخ النظم القضائیة فی الاسلام، القاهرة، مکتبة النهضة المصریة، الطبعة الثانیة 1981ء

(138) **ایضاً**

الفن الاسلامی - بیروت = دار النفائس

(139) **اسماعیل باشا البغدادی** ابن محمد امین (1339ھ / 1920ء)

هدیة العارفین اسماء المولفین واثار المصنفین - بیروت = مکتبة المثنی، 1955ء

(140) **الاصطخری** ابو اسحاق ابراهیم بن محمد (م 346ھ / 957ء)

کتاب المسالک والممالک نشره دی خویه، لایدن 1870ء

(141) **الاصفهانی** احمد بن عبدالله (م 430ھ / 1039ء)

حلیة الاولیاء و طبقات الاصفیاء القاهرة = مطبعة السعادة = 1357ھ

(142) **الاعظمی** عواد مجید الدکتور، الزراعة والاصلاح الزراعی فی عصر صدر الاسلام بغداد، مطبعة الجامعة، طبع 1978ء

(143) **الانباری** ابوالبرکات کمال الدین عبدالرحمٰن بن محمد،

نزهة الالباء فی طبقات الادباء (تحقیق = الدکتور ابراهیم السامرائی) - بغداد = 1959ء

(144) **انطوان قیس**

toobaa-elibrary.blogspot.com

تاریخ الفکر الاقتصادی۔ حلب= کلیۃ العلوم الاقتصادیۃ طبع 1968ء

(145) **انور شاہ الکشمیری** السید محمد
العرف الشذی علی جامع الترمذی۔ سہارنپور= المکتبۃ الاسلامیۃ

(146) **ایضاً**
فیض الباری علی صحیح البخاری۔ القاہرۃ۔ مطبعۃ الحجازی' الطبعۃ الاولی 1357ھ

(147) **البابرتی** اکمل الدین محمد بن محمد بن محمود (م786ھ / 1384ء)
شرح العنایۃ علی الہدایۃ۔ کوئٹہ= مکتبہ رشیدیہ

(148) **البجمعوی** علی بن سلیمان (م1306ھ / 1889ء)
نفع قوت المغتذی علی جامع الترمذی' (کتاب پر پر مقام اشاعت اور سن اشاعت تحریر نہیں ہے۔)

(149) **البحرانی** کمال الدین میثم بن علی (م 679ھ / 1280ء)
شرح نہج البلاغۃ تہران' موسسۃ النصر 1384ھ

(150) **البخاری** ابو عبداللہ محمد بن اسمعیل (م 256ھ / 870ء)
صحیح البخاری' کراتشی = نور محمد' اصح المطابع الطبعۃ الثانیۃ' 1381ھ
(نوٹ:۔ مقالہ میں صحیح البخاری کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال کیا گیا ہے)
بیروت= دار ابن کثیر' مع فہارس = مصطفیٰ دیب البغا)

(151) **بدران** ابوالعینین بدران' احکام التركات والمواريث فی الشريعة الاسلامية والقانون مصر = دار المعارف' الطبعة الاولی 1964ء

(152) **بدوی** عبداللطیف عوض' النظام المالی الاسلامی المقارن - مصر = المجلس الاعلی للشؤن الاسلامیۃ' الطبعۃ الاولی 1392ھ / 1972ء

(153) **البراقی** حسین بن احمد (م 1332ھ / 1914ء)
تاریخ الکوفۃ النجف = المکتبۃ المرتضویۃ 1356ھ

(154) **بروکلمان** کارل'
تاریخ الادب العربی' (نقلہ الی العربیۃ = الدکتور عبدالحلیم النجار) القاہرۃ = دار المعارف' طبع 1962ء

(155) **بزرک الطہرانی** محمد محسن (م 1389ھ / 1969ء)
الذریعۃ الی تصانیف الشیعۃ۔ طہران الطبعۃ الاولی = 1367ھ / 1948ء

(156) **البغوی** ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء (م 510ھ / 1117ء)
معالم التنزیل (تحقیق = خالد عبدالرحمٰن' مروان سوار) ملتان = ادارہ تالیفات اشرفیہ

(157) **البلاذری** احمد بن یحییٰ بن جابر (م 279ھ / 892ء)
انساب الاشراف (تحقیق الدکتور عبدالعزیز الدوری) بیروت = النشریات الاسلامیۃ'

toobaa-elibrary.blogspot.com

1398ھ / 1978ء

(158) **ایضاً**

کتاب فتوح البلدان (تحقیق = صلاح الدین المنجد' الدکتور) القاهرة = مکتبة النهضة المصریة

(159) **البنوری** محمد یوسف بن السید محمد زکریا

معارف السنن شرح سنن الترمذی' کراتشی = المدرسة العربیة الاسلامیة' الطبعة الاولی 1389ھ

(160) **البوبکانی** المخدوم محمد جعفر ابن عبدالکریم

المنانة فی مرمة الخزانة (فتاوی البوبکانی) (تحقیق و تعلیق = ابو سعید غلام مصطفیٰ السندی) کراتشی = لجنة احیاء الادب السندی

(161) **البیهقی** ابوبکر احمد بن الحسین بن علی (م458ھ / 1066ء)

السنن الکبری مع الجوهر النقی ملتان = نشر السنة

(162) **ایضاً**

مناقب الشافعی (تحقیق = السید احمد صقر) القاهرة = دار النصر للطباعة - مکتبة دار التراث' الطبعة الاولی 1391ھ

(163) **الترمذی** ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ (م279ھ / 892ء)

جامع الترمذی (مع شرح) کراتشی' ایچ-ایم سعید کمپنی 1988ء

(نوٹ:- مقالہ میں جامع الترمذی کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال ہوا ہے۔) کراچی قدیمی کتب خانہ

(164) **التسولی** ابوالحسن علی بن عبدالسلام

البهجة فی شرح التحفة - بیروت = دار المعرفة للطباعة والنشر والتوزیع' الطبعة الثالثة 1397ھ / 1977ء

(165) **التمیمی** تقی الدین بن عبدالقادر (م 1005ھ / 1597ء)

الطبقات السنیة فی تراجم الحنفیة (تحقیق الدکتور عبدالفتاح محمد الحلو) الریاض = دار الرفاعی للنشر والطباعة والتوزیع' الطبعة الاولی 1403ھ

(166) **التنوخی** ابو علی المحسن بن علی (م 384ھ / 994ء)

الفرج بعد الشدة (تحقیق = عبود الشالجی بیروت = دار صادر ' طبع 1398ھ

(167) **ایضاً**

نشوار المحاضرة واخبار المذاکرة (تحقیق = عبود الشالجی) طبع 1393ھ

(168) **التهانوی** محمد اشرف علی

احکام القرآن الملقب به دلائل القرآن علی مسائل النعمان ' کراتشی 1387ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(169) **الثعالبی** محمد بن الحسن (م 1376ھ / 1957ء)
الفکر السامی فی تاریخ الفقه الاسلامی بیروت' دار الکتب العلمیة 1416ھ / 1995ء

(170) **الجاحظ** ابوعثمان عمرو بن بحر (م 255ھ / 869ء)
کتاب التبصر بالتجارة - القاهرة = دار الکتاب الجدید' 1966ء

(171) **ایضاً**
کتاب الحیوان (تحقیق و شرح - عبدالسلام محمد هارون) مصر = مکتبة مصطفٰی البابی الحلبی' الطبعة الاولی 1356ھ / 1938ء

(172) **الجبوری** عبداللّٰه' فهرس المخطوطات العربیة فی مکتبة الاوقاف العامة فی بغداد' الجمهوریة العراقیة رئاسة دیوان الاوقاف - الطبعة الاولی 1393ھ

(173) **جرجی زیدان** جرجی بن حبیب (م 1332ھ / 1914ء)
تاریخ آداب اللغة العربیة - بیروت منشورات دار مکتبة الحیاة' الطبعة الثانیة 1978ء

(174) **ایضاً**
تاریخ التمدن الاسلامی' بیروت = دار مکتبة الحیاة

(175) **الجزیری** عبدالرحمٰن بن محمد (م 1360ھ / 1941ء)
کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة - مصر = المتکبة التجاریة الکبریٰ' الطبعة الاولی 1970ء
(مقالہ میں اس کتاب کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال ہوا ہے۔' بیروت' دار الفکر 1969ء)

(176) **الجصاص** ابوبکر احمد بن علی (م 370ھ / 981ء)
احکام القرءان - (تحقیق = محمد الصادق قمحاوی) دار احیاء التراث العربی

(177) **الجندی** عبدالحلیم - ابوحنیفة بطل الحریة والتسامح فی الاسلام - القاهرة = دار المعارف

(178) **الجورجانی**' ابواسحاق ابراهیم بن یعقوب (م 259ھ / 873ء)
احوال الرجال' سانگله هل = المکتبة الاثریة

(179) **الجوهری**' محمد بن الحسن (م حوالی 350ھ / 961ء)
نوادر الفقهاء (تحقیق = الدکتور محمد فضل عبدالعزیز المراد) ' دمشق = دار القلم للطباعة والنشر والتوزیع الطبعة الاولی 1414ھ / 1993ء

(180) **الجهشیاری** ابوعبداللّٰه محمد بن عبدوس (م 331ھ / 942ء)
کتاب الوزراء والکتاب (تحقیق = مصطفٰی السقاء ابراهیم الابیاری' عبدالحفیظ شلبی القاهرة = مطبعة مصطفٰی البابی الحلبی' الطبعة الاولی 1357ھ / 1938ء

(181) **حاجی خلیفة** مصطفٰی بن عبداللّٰه (م 1067ھ / 1657ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

كشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون' بیروت=مکتبة المثنی

(182) **الحزقی** ابوالقاسم عمر بن حسین بن عبدالله

المختصر للحزقی مع المغنی' مصر=مکتبة الجمهوریة العربیة

(183) **حسن ابراهیم** حسن' الدکتور (م1388ھ / 1968ء)

تاریخ الاسلام السیاسی والدینی والثقافی والاجتماعی بیروت=دار احیاء التراث العربی الطبعة السابعة=1964ء

(184) **ایضاً" وعلی ابراهیم حسن**

النظم الاسلامیة-مصر=مکتبة النهضة المصریة" الطبعة الاولی' 1358ھ

(185) **حسن احمد الخطیب'** فقه الاسلام (مترجم' سید رشید احمد ارشد) کراچی' نفیس اکیڈمی' طبع سوم' اگست 1982ء

(186) **الحصری** ابو خلدون ساطع' دراسات عن مقدمة ابن خلدون' مصر = دار المعارف' 1953ء

(187) **الحصری** احمد الدکتور' السیاسة الاقتصادیة والنظم المالیة فی الفقه الاسلامی مصر = مکتبة الکلیات الازهریة

(188) **الخالصی** عبدالمحسن' احکام الاراضی' بغداد = مطبعة الازهر 1388ھ

(189) **الخربوطلی** علی حسنی الدکتور

الاسلام و اهل الذمة- القاهرة= المجلس الاعلی للشؤن الاسلامیة" طبع اول 1389ھ

(190) **الخزاعی** ابوالحسن علی بن محمد (م 781ھ) کتاب تخریج الدلالات السمعیة علی ما کان فی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم من الحرف والصنائع والعمالات الشرعیة (تحقیق احمد محمد ابوسلامه) القاهرة = لجنة احیاء التراث الاسلامی وزارة الاوقاف المصریة" 1980ء

(191) **الخزرجی'** صفی الدین احمد بن عبدالله (م بعد 923ھ / بعد 1517ء)

خلاصة تذهیب تهذیب الکمال فی اسماء الرجال (تحقیق محمود عبدالوهاب) سانگله هل- المکتبة الاثریة

(192) **الخصاف'** ابوبکر احمد بن عمر (م 261ھ / 875ء)

احکام الاوقاف- مصر = 1326ھ

(193) **ایضاً"**

کتاب النفقات (تحقیق الشیخ ابوالوفا الافغانی) بیروت = دار الکتاب العربی 1984ء

(194) **الخضری بک** محمد بن عفیفی (م 1345ھ / 1927ء)

تاریخ التشریع الاسلامی' بیروت = دار الکتب العلمیة" الطبعة التاسعة" 1390ھ / 1970ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(195) **ایضاً**
محاضرات تاریخ الامم الاسلامیة (الدولة العباسیة) مصر = المکتبة التجاریة الکبری، 1970ء

(196) **الخطابی**، ابوسلیمان احمد بن محمد (م 388ھ / 998ء)
معالم السنن، القاهرة = مطبعة السعادة، 1357ھ

(197) **الخطیب البغدادی** ابوبکر احمد بن علی (م 463ھ / 1071ء)
تاریخ بغداد او مدینة السلام، بیروت = دار الکتب العلمیه

(198) **الخطیب** محب الدین، تحقیق و تعلیق کتاب الخراج لابی یوسف، القاهرة = المطبعة السلفیة، طبع 1392ھ

(199) **الخطیب** ولی الدین محمد بن عبدالله (م 737ھ / 1337ء)
مشکوة المصابیح کراتشی = قدیمی کتب خانه

(200) **خلاف**، عبدالوهاب - مصادر التشریع الاسلامی فیما لانص فیه، کویت، دار القلم، الطبعة الخامسة 1402ھ / 1982ء

(201) **الخلال** ابوبکر احمد بن محمد بن هارون (م 312ھ / 924ء)
کتاب الحث علی التجارة والصناعة والعمل، الریاض = دار العاصمة، طبع 1407ھ

(202) **خلیل احمد** ابو ابراهیم
بذل المجهود فی حل ابی داود، ملتان = مکتبه قاسمیه

(203) **خیری المفتی** منذر محمد، علم الفرائض والمواریث فی الشریعة الاسلامیة والقانون السوری، (کتاب پر ناشر کا نام تحریر نہیں) طبع 1403ھ / 1983ء

(204) **الدارقطنی** ابوالحسن علی بن عمر (385ھ / 995ء)
سنن الدارقطنی (مع التعلیق المغنی) لاهور = دار نشر الکتب الاسلامیه

(205) **داماد آفندی** عبدالله بن محمد بن سلیمان
مجمع الانهر فی شرح ملتقی الابحر - بیروت = دار احیاء التراث العربی

(206) **داود العبادی** عبدالسلام الدکتور، الملکیة فی الشریعة الاسلامیة طبیعتها و وظیفتها و قیودها دراسة مقارنة بالقوانین والنظم الوضعیة، عمان، مکتبة الاقصی، الطبعة الاولی 1977ء م / 1397ھ

(207) **الدبوسی** ابو زید عبیدالله بن عمر بن عیسیٰ (م 430ھ / 1039ء)
کتاب تاسیس النظر (ویلیه رسالة الامام ابی الحسن الکرخی فی الاصول) القاهرة = المطبعة الادبیة - الطبعة الاولی

(208) **الدجیلی** خولة شاکر - بیت المال نشاته و تطوره من القرن الاول حتی القرن

toobaa-elibrary.blogspot.com

الرابع الهجری-بغداد=مطبعة وزارة الاوقاف' طبع 1396ھ / 1976ء

(209) **الدجیلی** عبدالصاحب بن عمران (م1362ھ / 1943ء)
اعلام العرب فی العلوم والفنون النجف' مطبعة النعمان 1386ھ

(210) **الدردیر** ابوالبرکات احمد بن محمد (م1201ھ / 1786ء)
الشرح الصغیر علی اقرب المسالک الی مذهب الامام مالک (تحقیق و تخریج' الدکتور مصطفٰی کمال وصفی) مصر' دار المعارف 1393ھ

(211) **الدرینی** فتحی الدکتور' نظریة التعسف فی استعمال الحق' بیروت' موسسة الرسالة' الطبعة الثالثة 1401ھ / 1981ء

(212) **الدلجی** شهاب الدین احمد بن علی (م838ھ / 1435ء)
الفلاکة والمفلوکون' القاهرة=مطبعة الشعب' 1322ھ

(213) **الدوالیبی** محمد معروف
المدخل الی علم اصول الفقه-مطابع دار العلم للملایین' الطبعة الخامسة' 1385ھ

(214) **الدوری** عبدالعزیز الدکتور
تاریخ العراق الاقتصادی فی القرن الرابع الهجری-بغداد=مطبعة المعارف

(215) **ایضاً**
نشوء الاصناف والحرف فی الاسلام-بغداد=مطبعة المعارف

(216) **الدولابی** محمد بن احمد (م310ھ / 923ء)
کتاب الکنی والاسماء-حیدر آباد الدکن-الهند=دائرة المعارف النظامیة' 1322ھ

(217) **الدیاربکری** حسین بن محمد بن الحسن (م982ھ / 1574ء)
تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس-بیروت' موسسة شعبان

(218) **الدینوری** ابوحنیفة احمد بن داؤد (م282ھ / 895ء)
کتاب الاخبار الطوال (تحقیق=عبدالمنعم عامر-الدکتور جمال الدین [illegible] بیروت=

(219) **الذهبی** شمس الدین ابوعبدالله محمد بن احمد بن عثمان (م748ھ / 1348ء)
تاریخ الاسلام و وفیات المشاهیر والاعلام (تحقیق=الدکتور عمر عبدالسلام تدمری) بیروت=دار الکتاب العربی' الطبعة الثانیة 1410ھ / 1990ء

(220) **ایضاً**
تذکرة الحفاظ' حیدر آباد الدکن-الهند=مطبعة دائرة المعارف النظامیه

(221) **ایضاً**
العبر فی خبر من غبر (تحقیق=صلاح الدین المنجد الدکتور) الکویت=التراث العربی

toobaa-elibrary.blogspot.com

الطبعة الاولى 1960ء

(222) **ایضاً**

مناقب الامام ابی حنیفة و صاحبیه ابی یوسف و محمد بن الحسن (تحقیق = محمد زاهد الکوثری - و ابو الوفا الافغانی) کراتشی = ایچ - ایم - سعید کمپنی

(223) **ایضاً**

میزان الاعتدال فی نقد الرجال (تحقیق = علی محمد البجاوی) سانگلہ ہل = المکتبة الاثریة

(224) **الرازی**، فخر الدین ابو عبداللہ محمد بن عمر بن حسین (م 606ھ / 1210ء)

التفسیر الکبیر مطبعة البهیة المصریة، 1357ھ

(225) **ایضاً**

مناقب الشافعی - طبع سنة 1279ھ

(226) **الراغب الاصفهانی** الحسین بن محمد (م 502ھ / 1108ء)

المفردات فی غریب القرآن کراتشی = نور محمد - اصح المطابع

(227) داود احمد محمد علی،

الحقوق المتعلقة بالترکة بین الفقه و القانون عمان = وزارة الاوقاف، طبع 1402ھ

(228) الرحیبی عبدالعزیز بن محمد (م بعد سنة 1184ھ / بعد 1770ء)

فقه الملوک و مفتاح الرتاج المرصد علی خزانة کتاب الخراج (تحقیق = الدکتور احمد عبید الکبیسی) بغداد = احیاء التراث الاسلامی، الطبعة الاولی، 1973ء

(229) **رشید رضا**، محمد (م 1354ھ / 1935ء)

تفسیر القرآن الحکیم الشهیر بتفسیر المنار، بیروت = دار المعرفة للطباعة و النشر

(230) **رفاعی** احمد فرید، الدکتور

عصر المامون - القاهرة = مطبعة دار الکتب المصریة، 1346ھ / 1927ء

(231) **رفاعی** انور، النظم الاسلامیة، دار الفکر

(232) رفاعی طلال جمیل الدکتور

، دراسة و تحقیق المنزلة الخامسة من کتاب الخراج و صنعة الکتابة لابی فرج قدامة بن جعفر الکاتب (تقدیم = الدکتور حسام الدین السامرائی) مکة المکرمه = مکتبة الطالب الجامعی، الطبعة الاولی 1407ھ

(233) **الرملی** شمس الدین محمد بن احمد بن حمزة (م 1004ھ / 1596ء)

نهایة المحتاج الی شرح المنهاج فی الفقه علی مذهب الامام الشافعی - دار الکفر للطباعة و النشر و التوزیع

toobaa-elibrary.blogspot.com

(234) **الریس** محمدضیاءالدین الدکتور
الخراج والنظم المالیة للدولة الاسلامیة القاهرة=دار الانصار-الطبعة الرابعة 1977ء

(235) **الزبیدی** محب الدین' ابوفیض السید محمد مرتضیٰ (م1205ھ / 1790ء)
شرح القاموس المسمی تاج العروس من جواهر القاموس' دار الفکر للطباعة والنشر والتوزیع

(236) **ایضاً**
عقود الجواهر المنیفة فی ادلة مذهب الامام ابی حنیفة مما واقق فیه الائمة الستة او احدهم (تصحیح=السید عبدالله هاشم الیمانی) کراتشی=ایچ-ایم-سعید

(237) **الزبیدی** محمد حسین
شرح وتحقیق کتاب الخراج وصناعة الکتابة قدامة ابن جعفر {بغداد=وزارة الثقافة والاعلام -الطبعة الاولی 1981ء

(238) **الزحیلی** وهبة الدکتور
عمر بن عبدالعزیز {دمشق=دار قتیبة

(239) **ایضاً**
الفقه الاسلامی وادلته-دمشق=دار الفکر الطبعة الاولی 1404ھ / 1984ء

(240) **الزرقانی** محمد بن عبدالباقی (م1122ھ / 1710ء)
شرح الزرقانی علی موطا الامام مالک (صحح هذه الطبعة نخبة من علماء الازهر الشریف) مصر=صندوق بوستة الغوریة

(241) **الزرکلی** خیر الدین بن محمود (م1396ھ / 1976ء)
الاعلام لاشهر الرجال والنساء من العرب والمستعربین والمستشرقین - بیروت = دار العلم للملایین' الطبعة السابعة 1986ء

(242) **الزروبوی**' محمد فرید
منهاج السنن شرح جامع السنن للامام الترمذی اکوڑه خٹک-پشاور=موتمر المصنفین دار العلوم حقانیه

(243) **الزمخشری** جار الله ابوالقاسم محمود بن عمر (م538ھ / 1144ء)
اساس البلاغة (کتاب پر ناشر کا نام اور مقام اشاعت تحریر نہیں) 1399ھ

(244) **ایضاً**
الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل و عیون الاقاویل فی وجوه التاویل - (تصحیح = مصطفیٰ حسین احمد) القاهرة - مطبعة الاستقامة - الطبعة الاولی 1365ھ / 1946ء

(245) **الزنجانی** شهاب الدین محمود بن احمد (م656ھ / 1258ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

تخریج الفروع علی الاصول - (حققه و علق حواشیه = الدکتور محمد ادیب صالح)
بیروت=موسسة الرسالة الطبعة الخامسة 1404ھ / 1984ء

(246) **الزهرانی** ضیف اللّٰہ یحییٰ
النفقات و ادارتها فی الدولة العباسیة مکة المکرمة' مکتبة الطالب الجامعی' الطبعة الاولی 1406ھ / 1986ء

(247) **زیدان** عبدالکریم الدکتور
احکام الذمیین والمستامنین فی دار الاسلام - بغداد = مکتبة القدس طبع 1402ھ / 1982ء

(248) **ایضاً**
الوجیز فی اصول الفقه - لاهور = دار نشر الکتب الاسلامیه

(249) **الزیلعی** جمال الدین ابو محمد عبداللّٰہ بن یوسف (م762ھ / 1360ء)
نصب الرایة لاحادیث الهدایة سورت - الهند = المجلس العلمی الطبعة الاولی 1357ھ

(250) **الزیلعی** فخر الدین عثمان بن علی (م743ھ / 1343ء)
تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق - ملتان = مکتبه امدادیه (الطبعة الاولی بالمطبعة الکبری الامیریة ببولاق مصر' سنة 1315ھ

(251) **الساعاتی** احمد بن عبدالرحمٰن (م بعد 1371ھ / بعد 1951ء)
الفتح الربانی لترتیب مسند الامام احمد بن حنبل الشیبانی (مع شرح بلوغ الامانی من اسرار الفتح الربانی) بیروت = دار احیاء التراث العربی

(252) **السامری** نصیر الدین محمد بن عبداللّٰہ (م616ھ / 1219ء)
المستوعب (دراسة و تحقیق = مساعد بن قاسم الفالح) الریاض = مکتبة المعارف للنشر والتوزیع

(253) **السبکی** تاج الدین ابو نصر عبدالوهاب بن علی (م771ھ / 1370ء)
طبقات الشافعیة الکبری' بیروت = دار المعرفة للطباعة والنشر والتوزیع الطبعة الثانیة

(254) **السجاوندی** سراج الدین محمد بن عبدالرشید (م سانویں صدی هجری / تیرهویں عیسوی)
السراجی فی المیراث (مع حاشیه' دلیل الوراث) ملتان' مکتبه شرکت علمیه

(255) **سحنون** عبدالسلام بن سعید التنوخی (م240ھ / 854ء)
المدونة الکبری (روی المدونة فی فروع المالکیة عن عبدالرحمٰن بن قاسم' عن الامام مالک) دار الباز للطباعة والنشر' مطبعة السعادة 1323ھ

(256) **السخاوی** شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن (م902ھ / 1497ء)
الضوء اللامع لاهل القرن التاسع - بیروت = منشورات دار مکتبة الحیاة

toobaa-elibrary.blogspot.com

(257) **السرخسی** ابوبکر محمدبن احمدبن ابی سهل (م483ھ / 1090ء)
اصول السرخسی (تحقیق = ابوالوفاء الافغانی - لاهور = دار المعارف النعمانیة الجماعة المدنیة الطبعة الاولی 1401ھ

(258) **ایضاً**
شرح کتاب السیر الکبیر لمحمدبن الحسن الشیبانی (تحقیق = صلاح الدین المنجد و عبدالعزیز احمد) المکتب للحرکة الثورة الاسلامیة

(259) **ایضاً**
المبسوط کراتشی = ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة الطبعة الاولی 1407ھ

(260) **سرکیس**، یوسف الیان،
معجم المطبوعات العربیة والمعربة مصر = مطبعة سرکیس، 1346ھ / 1928ء

(261) **سعدی**، ابوحبیب
القاموس الفقهی لغة واصطلاحا - دمشق = دار الفکر

(262) **ایضاً**
موسوعة الاجماع فی الفقه الاسلامی - دمشق = دار الفکر الطبعة الثانیة 1404ھ

(263) **السقاف** علوی، (م 1357ھ / 1938ء) فهارس احادیث الاموال لحمید بن زنجویه والخراج لیحی بن آدم القرشی والخراج لابی یوسف صاحب ابی حنیفة - الریاض دار الهجرة = 1410ھ

(264) **سلیم باز**، سلیم بن رستم (م1338ھ / 1920ء)
شرح المجلة - بیروت = دار احیاء التراث العربی - طبعة ثالثة

(265) **السمرقندی** ابواللیث نصر بن محمدبن احمد (م373ھ / 983ء)
خزانة الفقه و عیون المسائل والنوازل (تحقیق = الدکتور صلاح الدین الناهی) بغداد، مطبعة اسعد - جامعة بغداد، 1386ھ

(266) **السمرقندی** محمدبن احمد (م540ھ / 1145ء)
تحفة الفقهاء (تحقیق و تعلیق الدکتور محمد زکی عبدالبر) قطر، ادارة احیاء التراث الاسلامی

(267) **السمعانی** عبدالکریم بن محمد (م562ھ / 1166ء)
کتاب الانساب - بغداد = مکتبة المثنی

(268) **السمنانی**، ابوالقاسم علی بن محمد (م499ھ / 1105ء)
روضة القضاة، مصر = مطبعة السعادة (سن اشاعت درج نہیں)

(269) **السنهوری**، عبدالرزاق (م1391ھ / 1971ء)، مصادر الحق فی الفقه الاسلامی - بیروت دار احیاء التراث العربی

(270) السهمی، حمزه بن یوسف بن ابراهیم

toobaa-elibrary.blogspot.com

تاریخ جرجان۔ حیدر آباد الدکن۔ الھند 1369ھ / 1950ء

(271) **السھیلی** ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن احمد (م 581ھ / 1185ء)
الروض الانف۔ (فی تفسیر ما اشتمل علیہ احادیث السیرۃ النبویۃ لابن ھشام) و بھامشہ السیرۃ النبویۃ۔ ابو محمد عبدالملک بن ھشام (م 213ھ) ملتان = عبدالتواب اکیڈمی

(272) **السید**، سابق، فقہ السنۃ، جدۃ = مکتبۃ الخدمات الحدثیۃ

(273) **السیوطی** عبدالرحمٰن جلال الدین (م 911ھ / 1505ء)
تاریخ الخلفاء (تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید) کراتشی، نور محمد تجارت کتب

(274) **ایضاً**
تبییض الصحیفۃ فی مناقب الامام ابی حنیفۃ (تقدیم = عبدالرشید نعمانی) (کتاب پر ناشر کا نام اور مقام اشاعت تحریر نہیں ہے)

(275) **ایضاً**
حسن المحاضرۃ فی اخبار مصر والقاھرۃ، القاھرۃ مطبعۃ الموسوعات، 1321ھ

(276) **ایضاً**
المزھر فی علوم اللغۃ وانواعھا بیروت = دار الجیل۔ دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع

(277) **الشاطبی** ابواسحق ابراھیم بن موسیٰ (م 790ھ / 1388ء)
الموافقات فی اصول الشریعۃ (تخریج = الشیخ عبداللہ دراز) دار الفکر العربی

(278) **الشاطری** احمد بن عمر
الیاقوت النفیس فی مذھب ابن ادریس (کتاب پر ناشر کا نام اور سن اشاعت تحریر نہیں)

(279) **الشافعی** ابوعبداللہ محمد بن ادریس (م 204ھ / 820ء)
الام۔ (تصحیح = محمد زھری النجار من علماء الازھر) بیروت = دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر۔ الطبعۃ الثانیۃ، 1393ھ

(280) **شاہ ولی اللہ** احمد بن عبدالرحیم (م 1176ھ / 1763ء)
حجۃ اللہ البالغۃ، لاھور = المکتبۃ السلفیۃ

(281) **شبیر احمد** العثمانی
فتح الملھم شرح صحیح مسلم۔ کراتشی = المکتبۃ الرشیدیۃ

(282) **الشخیلی** صباح ابراھیم سعید
الاصناف فی العصر العباسی نشاتھا و تطورھا۔ و زارۃ الاعلام۔ الجمھوریۃ العراقیۃ، طبع 1976ء

(283) **الشرباصی**، احمد،
الائمۃ الاربعۃ۔ موسسۃ دار الھلال

toobaa-elibrary.blogspot.com

(284) **ایضاً**

المعجم الاقتصادی الاسلامی - بیروت = دار الحیل، 1401ھ

(285) **الشربینی** محمد الخطیب {مغنی المحتاج الی معرفة معانی الفاظ المنهاج} - بیروت = دار الفکر للطباعة والنشر والتوزیع

(286) **شرف** بن علی الشریف،

الاجارة الواردة علی عمل الانسان - جده = دار الشروف للنشر والتوزیع والطباعة، الطبعة الاولی 1400ھ / 1980م

(287) **الشرقاوی** احمد بن عبدالسلام

کتاب التبیان شرح نور البیان فی فقه الامام الاعظم ابی حنیفة النعمان - الازهر الشریف = 1366ھ

(288) **الشرقاوی** عبدالله بن حجازی (م 1227ھ / 1812ء)

فتح المبدی شرح مختصر الزبیدی (مع التجرید الصریح الاحادیث الجامع الصحیح) - بیروت = دار المعرفة

(289) **الشریف الرضی** محمد بن الحسین (م 406ھ / 1015ء)

نهج البلاغة (کلام سیدنا امیر المومنین علی بن ابی طالب) (مع شرح الشیخ محمد عبده) بیروت = دار المعرفة للطباعة والنشر

(290) **الشعرانی**، عبدالوهاب بن احمد بن علی

المیزان الکبری، دار الفکر للطباعة والنشر والتوزیع

(291) **شفیق** العانی،

احکام الاوقات - بغداد = احیاء التراث الاسلامی، 1960ء

(292) **الشکعة** مصطفی الدکتور،

الائمة الاربعة - القاهرة = دار الکتاب المصری الطبعة الثانیة، 1403ھ / 1983ء

(293) **شلتوت** محمود محمد - السایس محمد علی

مقارنة المذاهب فی الفقه - مصر، مطبعة محمد علی، طبع 1373ھ / 1953ء

(294) **شوقی احمد** دنیا

الاسلام والتنمیة الاقتصادیة دار الفکر العربی، الطبعة الاولی 1979ء

(295) **ایضاً**

سلسلة اعلام الاقتصاد الاسلامی، الریاض = مکتبة الخریجی، 1984ء

(296) **الشوکانی** محمد بن علی، (م 1250ھ / 1834ء)

الدراری المضیة شرح الدرر البهیة بیروت = دار المعرفة للطباعة والنشر

toobaa-elibrary.blogspot.com

(297) **ایضاً**

نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار من احادیث سید الاخیار صلی اللہ علیہ وسلم۔ لاہور = انصار السنۃ المحمدیۃ

(298) **الشیبانی** محمد بن الحسن (م 189ھ / 805ء)

الاکتساب فی الرزق المستطاب۔ (تقدیم و تحقیق = محمد عرنوس۔ عزت العطار) دمشق = مطبعۃ الانوار 1938ء / 1357ھ

(299) **ایضاً**

الجامع الصغیر مع شرحہ النافع الکبیر۔ کراتشی = ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ

(300) **ایضاً**

الجامع الکبیر (تحقیق = ابوالوفاء الافغانی) لاہور = دار المعارف النعمانیۃ طبع 1401ھ

(301) **ایضاً**

زیادات الزیادات (تحقیق = ابوالوفاء الافغانی) لاہور = دار المعارف النعمانیۃ 1401

(302) **ایضاً**

القانون الدولی الاسلامی (کتاب السیر) (حققہ و علق علیہ الدکتور مجید خدوری) کراتشی = ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ

(303) **ایضاً**

کتاب الآثار۔ کراتشی = ادارہ القرآن والعلوم الاسلامیۃ

(304) **ایضاً**

کتاب الاصل المعروف بالمبسوط (مع التعلیق ابوالوفا الافغانی) کراتشی = ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیۃ

(305) **ایضاً**

کتاب الحجۃ علی اہل المدینۃ (صححہ و علق علیہ = مفتی مہدی حسن الشاہجہانپوری) لاہور = دار المعارف النعمانیۃ الجامعۃ المدنیۃ

(306) **ایضاً**

کتاب المخارج فی الحیل (تصحیح جوزف شاخت) ویلیہ روایۃ اخری لہذا الکتاب لشمس الائمۃ ابی بکر محمد بن احمد بن ابی سہل السرخسی

Leipzig, J. C. Himrich's sche Buchhandlung, 1930

(307) **شیخ الربوہ** شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی طالب (م 727ھ / 1327ء)

نخبۃ الدہر فی عجائب البر والبحر (تحقیق ا۔ ف۔ مہرن) بغداد = مکتبۃ المثنی، 1928ء

(308) **الشیرازی** ابو اسحاق ابراہیم بن علی (م 476ھ / 1083ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

طبقات الفقهاء بغداد' المكتبة العربية' 1356ھ

(309) **الشیرازی** السید محمد بن المهدی الحسینی'
من التمدن الاسلامی' بیروت=دار الصادق' الطبعة الاولی 1397ھ / 1977ء

(310) **الشیزری** عبدالرحمٰن بن نصر (م589ھ / 1192ء)
کتاب نهایة الرتبة فی طلب الحسبة (تحقیق=السید الباز العرینی)-بیروت=دار الثقافة

(311) **ایضاً**"
کتاب النهج السلوک فی سیاسة الملوک-القاهرة=مطبعة الظاهر' 1326ھ

(312) **الصابی**' ابوالحسن هلال بن المحسن بن ابراهیم (م448ھ / 1056ء)
کتاب تحفة الامراء فی تاریخ الوزراء-بیروت=مطبعة الاباء الیسوعیین' 1904ء

(313) **صالح**' احمد العلی' التنظیمات الاجتماعیة والاقتصادیة فی البصرة فی القرن الاول الهجری' بیروت=دار الطلیعة' الطبعة الثانیة' 1969ء

(314) **صبحی الصالح** الدکتور
النظم الاسلامیة نشاتها و تطورها بیروت' دار العلم للملایین' الطبعة الثانیة 1388ھ

(315) **صبحی محمصانی** الدکتور'
فلسفة التشریع فی الاسلام بیروت' دار الکشاف للنشر والطباعة والتوزیع' الطبعة الثانیة 1371ھ / 1952ء

(316) **ایضاً**"
المجتهدون فی القضاء (مختارات من اقضیة السلف بیروت' دار العلم للملایین' الطبعة الاولی 1980ء

(317) **صدیق حسن خان**' محمد صدیق خان بن حسن (م1307ھ / 1890ء)
الروضة الندیة شرح الدرر البهیة لاهور=دار نشر الکتب الاسلامیة

(318) **ایضاً**"
عون الباری لحل ادلة البخاری' (شرح کتاب التجرید الصریح لاحادیث الجامع الصحیح) حلب سوریا دار الرشید

(319) **الصنعانی** ابوبکر عبدالرزاق بن همام (م211ھ / 826ء)
المصنف (تحقیق=حبیب الرحمٰن الاعظمی) بیروت=المجلس العلمی' طبع 1972ء

(320) **الصولی**' ابوبکر احمد بن یحییٰ (م335ھ / 947ء)
ادب الکتاب-(نشره محمد بهجة الاثری القاهرة=المطبعة السلفیة' 1341ھ)

(321) **الصیمری** ابوعبدالله حسین بن علی (م436ھ / 1045ء)
اخبار ابی حنیفة واصحابه-لاهور=اداره ترجمان السنة

toobaa-elibrary.blogspot.com

(322) **طاش کبری زادہ** ابوالخیر احمد بن مصطفیٰ (م968ھ / 1561ء)
طبقات الفقہاء' الموصل' الطبعۃ الثانیۃ 1961ء

(323) **ایضاً**
مفتاح السعادۃ و مصباح السیادۃ' حیدر آباد الدکن = الطبعۃ الثانیۃ 1397ھ / 1977ء

(324) **الطبری** ابوجعفر محمد ابن جریر (م310ھ / 923ء)
اختلاف الفقہاء (تصحیح و تعلیق = الدکتور فریدریک البرلینی) بیروت = دار الکتب العلمیۃ' الطبعۃ الثانیۃ

(325) **ایضاً**
تاریخ الرسل والملوک (تحقیق محمد ابوالفضل ابراہیم) القاہرۃ = ملتزم الطبع والنشر = دار المعارف

(326) **ایضاً**
جامع البیان فی تفسیر القرآن } بولاق = مطبعۃ الکبری الامیریہ' الطبعۃ الاولی 1347ھ
(نوٹ:- مقالہ میں جامع البیان کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال ہوا ہے') مصر' شرکۃ مکتبۃ و مطبعۃ مصطفیٰ البابی الحلبی' طبع 1373ھ

(327) **الطحاوی** ابوجعفر احمد بن محمد (م321ھ / 933ء)
اختلاف الفقہاء (تحقیق و تعلیق الدکتور محمد صغیر حسن المعصومی)' اسلام آباد = معہد الابحاث الاسلامیۃ

(328) **ایضاً**
شرح معانی الآثار' لاہور = قانونی کتب خانہ

(329) **ایضاً**
مختصر الطحاوی (تحقیق = ابوالوفا الافغانی) القاہرۃ' 1370ھ

(330) **الطحطاوی** السید احمد بن محمد (م1231ھ / 1816ء)
حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار بیروت = دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر' الطبعۃ الاولی 1395ھ / 1975ء

(331) **الطرابلسی** ابوالحسن علاء الدین علی بن خلیل (م844ھ / 1440ء)
معین الحکام فیما یتردد بین الخصمین من الاحکام' القاہرۃ = المطبعۃ المیمنیۃ' 1310ھ

(332) **الطریحی** فخر الدین بن محمد بن علی (م1085ھ / 1674ء)
مجمع البحرین و مطلع النیرین' (تحقیق احمد الحسینی) نجف = دار الکتب' 1961ء

(333) **طہ** عبدالباقی سرور' الغزالی

toobaa-elibrary.blogspot.com

دار المعارف للطباعة والنشر، 1890ء

(334) **طیفور** احمد بن ابی طاہر (م280ھ / 893ء)
کتاب بغداد لایپزج 1904ء

(335) **ظفر احمد** العثمانی (م1394ھ / 1975ء)

(336) **ایضاً**
اعلاء السنن، کراتشی، الطبعة الاولی 1385ھ
مقدمة اعلاء السنن (ابو حنیفة واصحابه المحدثون) (تحقیق و تعلیق = عبدالفتاح ابوغدة) - کراتشی = ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة

(337) **عادل** زعبوب الدکتور
منهاج البحث عند الغزالی، بیروت = موسسة الرسالة، الطبعة الاولی 1400ھ / 1980ء

(338) **عبدالحی** ابوالحسنات محمد (م1304ھ / 1887ء)
السعایة فی کشف ما فی شرح الوقایة - لاہور سہیل اکیڈمی، طبع 1396ھ

(339) **ایضاً**
الفوائد البهیة فی تراجم الحنفیة (تصحیح محمد بدرالدین ابو فراس النعسانی) القاهرة = الطبعة الاولی 1324ھ

(340) **ایضاً** النافع الکبیر لمن یطالع الجامع الصغیر (مقدمة الجامع الصغیر) - کراتشی = ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة (مقالہ میں النافع الکبیر کا درج ذیل ایڈیشن بھی استعمال کیا گیا ہے۔)
عبدالحی، ابوالحسنات محمد - طبقات الفقهاء اعنی النافع الکبیر لمن یطالع الجامع الصغیر - پشاور = مکتبة نشر القرآن والحدیث

(341) **عبدالرحمٰن** بن محمد بن قاسم
مجموع فتاوی شیخ الاسلام احمد بن تیمیة (طبع بامر خادم الحرمین الشریفین فهد بن عبدالعزیز آل سعود) (کتاب پر مقام اشاعت تحریر نہیں)

(342) **عبدالرحمٰن** المبارکفوری
تحفة الاحوذی شرح جامع الترمذی - دهلی، ادارة الحکیم ذکی احمد

(343) **عبدالعزیز**، علاوالدین،
کشف الاسرار علی اصول الامام فخر الاسلام علی بن محمد البزدوی - شرکت صحافیه عثمانیه، الطبعة الاولی 1308ھ

(344) **عبدالعلی**، محمد بن نظام الدین
فواتح الرحموت بشرح مسلم الثبوت، قم = منشورات الشریف الرضی، الطبعة الثانیة

(345) **عبدالقادر** عوده (م1374ھ / 1954ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

التشريع الجنائی الاسلامی مقارنا بالقانون الوضعی- بیروت= دار احیاء التراث العربی، الطبعة الرابعة 1405ھ

(346) **عبدالکریم خلیفه** الدکتور

ابن حزم الاندلسی حیاته وادبه- بیروت دار العربیة للطباعة والنشر والتوزیع

(347) **عبدالله**، عبدالغنی الدکتور

المشکلة الاقتصادیة و نظریة الاجور والاسعار فی الاسلام- اسکندریة= المکتب الجامعی الحدیث، 1984ء

(348) **عبدالمنعم الجمال** محمد الدکتور

موسوعة الاقتصاد الاسلامی، القاهرة= دار الکتاب المصری، الطبعة الثانیة 1406ھ

(349) **عبدالنبی** بن عبدالرسول جامع العلوم الملقب بدستور العلماء

(تهذیب و تصحیح قطب الدین محمود بن غیاث الدین) حیدر آباد الدکن- الهند= دائرة المعارف النظامیة

(350) **العجلانی** منیر الدکتور

عبقریة الاسلام فی اصول الحکم- بیروت= دار النفائس الطبعة الاولی، 1405ھ / 1985ء

(351) **العراقی** زین الدین عبدالرحمٰن بن الحسین

شرح الفیة العراقی المسماة بالتبصرة والتذکرة (تصحیح و تعلیق محمد بن الحسین العراقی)- فاس= 1354ھ

(352) **العزاوی** المحامی عباس

تاریخ الضرائب العراقیة (من صدر الاسلام الی آخر العهد العثمانی) بغداد= شرکة التجارة والطباعة، 1958ء

(353) **ایضاً**

تاریخ النقود العراقیة- بغداد= شرکة التجارة والطباعة

(354) **العسکری** ابوهلال الحسن بن عبدالله (م 395ھ / 1005ء)

کتاب الصناعتین (تحقیق علی محمد البجاوی و محمد ابوالفضل ابراهیم) القاهرة= الطبعة الاولی 1371ھ

(355) **علاءالدین** الحصکفی، محمد بن علی (م 1088ھ / 1677ء)

الدر المختار فی شرح تنویر الابصار، لکهنؤ= منشی نولکشور، طبع 1294ھ

(356) **علی الخفیف**، اسباب اختلاف الفقهاء، القاهرة، مطبعة الرسالة 1375ھ

(357) **ایضاً**

مختصر احکام المعاملات الشرعیة= القاهرة= مطبعة السنة المحمدیة، الطبعة الرابعة

toobaa-elibrary.blogspot.com

1371ھ

(358) **علی فکری** السید'

المعاملات المادیة والادبیة- مصر' مطبعة مصطفی البابی الحلبی' الطبعة الاولی 1357ھ / 1938ء

(359) **علی القرنی** بن حسن بن علی الدکتور

الحسبة فی الماضی والحاضر بین ثبات الاهداف و تطور الاسلوب' مکتبة الرشد للنشر والتوزیع' الطبعة الاولی 1415ھ / 1994ء

(360) **علی المتقی** علاء الدین علی بن عبدالملک (م975ھ / 1567ء)

کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال' بیروت = موسسة الرسالة' الطبعة الخامسة 1405ھ / 1985ء

(361) **عمر عبداللّٰه**

احکام المواریث فی الشریعة الاسلامیة' مصر' دار المعارف' الطبعة الثانیة 1957ء

(362) **العوضی** رفعت السید الدکتور

منهج الادخار والاستثمار فی الاقتصاد الاسلامی' القاهرة = الاتحاد الدولی للبنوک الاسلامیة' 1400ھ

(363) **العینی** بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد (م855ھ / 1451ء)

البنایة فی شرح الهدایة المشهور عینی شرح هدایة' مکة المکرمة' المکتبة الامدادیة

(364) **ایضاً**

عمدة القاری شرح صحیح البخاری- بیروت = محمد امین دمج (سن اشاعت تحریر نہیں)

(365) **الغزالی** ابو حامد محمد بن محمد (م505ھ / 1111ء)

احیاء علوم الدین' بیروت = دار المعرفة للطباعة والنشر

(366) **ایضاً**

الاقتصاد فی الاعتقاد- بغداد = نشر دار الارشاد

(367) **ایضاً**

التبر المسبوک فی نصائح الملوک مصر = مطبعه خیریه' 1306ھ

(368) **ایضاً**

شفاء الغلیل- بغداد = نشر دار الارشاد' الطبعة الاولی 1971ء

(369) **ایضاً**

کتاب الاربعین فی اصول الدین- القاهرة = المکتبة التجاریة الکبری

toobaa-elibrary.blogspot.com

(370) **ایضاً**
کتاب الوجیز، مطبعۃ الآداب بالموید=مصر=1317ھ
(371) **ایضاً** المستصفیٰ من علم الاصول-قم=منشورات الرضی، الطبعۃ الثانیۃ
(372) **ایضاً**
میزان العمل (تحقیق=الدکتور سلیمان یرتیا) القاہرۃ=نشر دار المعارف
(373) **فواد سید**
فہرس المخطوطات المصورۃ، القاہرۃ، مہد احیاء المخطوطات العربیۃ، 1957ء
(374) **فواد عبدالباقی** محمد، (م1388ھ / 1968ء)
المعجم المفہرس لالفاظ القرآن الکریم-لاہور=سہیل اکیڈیمی الطبعۃ الاولی 1395ھ
(375) **ایضاً**
مفتاح کنوز السنۃ (وضعہ باللغۃ الانکلیزیۃ الدکتور ا-ی-فنسنک و نقلہ الی اللغۃ العربیۃ فواد عبدالباقی)-لاہور=سہیل اکیڈمی، الطبعۃ الاولی 1391ھ
(376) **قاضی خان** حسن بن منصور بن محمود الاوزجندی (م592ھ / 1196ء)
الفتاویٰ القاضی خان (مع الفتاویٰ السراجیۃ) کوئٹہ=بلوچستان بکڈپو، 1405ھ
(377) **قاضی زادہ** شمس الدین احمد بن محمود (م988ھ / 1580ء)
نتائج الافکار فی کشف الرموز والاسرار، کوئٹہ مکتبہ رشیدیہ
(378) **قحف**، محمد منذر الدکتور
الاقتصاد الاسلامی الکویت=دار القلم الطبعۃ الاولی 1399ھ
(379) **قدامۃ** بن جعفر الکاتب ابوالفرج (م337ھ / 948ء)
نبذ من کتاب الخراج وصنعۃ الکتابۃ، لیدن=مطبع بریل، 1306ھ
(380) **قدری** افندی، عبدالقادر بن یوسف (م1083ھ / 1672ء)
مجموعۃ فتاویٰ قدری افندی المعروف بہ واقعات المفتین-مکران-بلوچستان=دائرۃ المعارف الاسلامیۃ
(381) **القرضاوی** یوسف الدکتور
فقہ الزکاۃ دراسۃ مقارنۃ لاحکامہا وفلسفتہا فی ضوء القرآن والسنۃ-دار المعرفۃ
(382) **القرطبی** ابو عبداللہ محمد بن احمد (م671ھ / 1272ء)
الجامع لاحکام القرآن-القاہرۃ=دار الکتب للطباعۃ والنشر، 1387ھ
(383) **القرمانی**، ابوالعباس احمد بن یوسف
اخبار الدول و آثار الاول فی التاریخ، بیروت=عالم الکتب
(384) **القسطلانی** ابوالعباس شہاب الدین احمد بن محمد (923ھ / 1517ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

لرشاد السارى لشرح صحيح البخارى - بيروت = دار الفكر للطباعة والنشر والتوزيع، الطبعة السادسة

(385) **القفال الشاشى** سيف الدين ابوبكر محمد بن احمد (م 507ھ / 1113ء)

حلية العلماء فى معرفة مذاهب الفقهاء (حققه = الدكتور ياسين احمد ابراهيم درادكه) عمان = دار الباز مكتبة الرسالة الحديثة، الطبعة الاولى 1988ء

(386) **القفطى** جمال الدين ابوالحسن على بن يوسف (م 646ھ / 1248ء)

اخبار العلماء باخبار الحكماء المشهور تاريخ الحكماء - مصر = دار الكتب الخديوية، مطبعة السعادة، طبع الاول، 1326ھ

(387) **قلعه جى**، محمد رواس - حامد صادق قنيبى

معجم لغة الفقهاء (عربى - انكليزى) كراتشى = ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

(388) **قلعه جى** محمد رواس الدكتور

موسوعة فقه عمر بن الخطاب عصره وحياته - بيروت = دار النفائس، الطبعة الرابعة 1409ھ / 1989ء

(389) **القلقشندى** ابوالعباس شهاب الدين احمد بن على (م 821ھ / 1419ء)

صبح الاعشى فى صناعة الانشاء القاهرة = مطبعة الاميرية، 1332ھ

(390) **ايضاً**

نهاية الارب فى معرفة انساب العرب (تحقيق ابراهيم الابيارى) الطبعة الاولى، القاهرة 1959ء

(391) **الكاسانى**، علاء الدين ابوبكر بن مسعود (م 587ھ / 1191ء)

بدائع الصنائع فى ترتيب الشرائع - كراتشى، ايچ، ايم، سعيد، الطبعة الاولى 1328ھ

(392) **الكاندهلوى** محمد زكريا

اوجز المسالك الى موطا مالك - ملتان ادارہ تاليفات اشرفيه

(393) **الكبيسى** احمد عبيد، الدكتور

مباحث التعليل (كتاب پر ناشر كا نام تحرير نہيں ہے)

(394) **الكتبى** محمد بن شاكر (م 764ھ / 1363ء)

فوات الوفيات والذيل عليها (تحقيق = احسان عباس) بيروت = دار صادر، طبع 1973ء

(395) **كحاله**، عمر رضا

مباحث اجتماعية فى عالمى العرب والاسلام دمشق = مطبعة الحجاز، 1394ھ / 1974ء

(396) **ايضاً**

معجم المولفين (تراجم مصنفى الكتب العربية) دمشق = مطبعة الترقى 1380ھ (مقالہ میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

معجم المولفین کے اس ایڈیشن کے علاوہ بیروت = مکتبہ المثنی کے شائع کردہ ایڈیشن سے بھی حوالہ جات دیئے گئے ہیں)

(397) **الکرمانی** محمد ابن یوسف (م 786ھ / 1384ء)
الکواکب الدراری فی شرح صحیح البخاری - القاهرة = موسسة المطبوعات الاسلامیة

(398) **الکنانی** بدرالدین بن الشیخ العارف'
تذکرة السامع والمتکلم فی ادب العالم والمتعلم } حیدر آباد الدکن - الهند' 1353ھ

(399) **الکنانی** یحییٰ بن عمر (م 289ھ / 902ء)
کتاب النظر والاحکام فی جمیع احوال السوق (روایة ابو جعفر احمد القصری القیروانی) (تحقیق = حسن حسنی عبدالوهاب) تونس = الشرکة التونسیة للتوزیع' طبع 1975ء

(400) **الکندی** ابو عمر محمد بن یوسف (م 350ھ / 961ء)
الولاة و کتاب القضاة - بیروت = 1908ء

(401) **ایضاً**"
ولاة مصر - (تحقیق = دکتور حسین نصار) بیروت = دار بیروت - دار صادر' للطباعة والنشر 1379ھ / 1959ء

(402) **الکوثری**' محمد زاهد بن الحسن (م 1371ھ / 1952ء)
الامتاع بسیرة الامامین الحسن بن زیاد و صاحبه محمد بن شجاع - کراتشی - ایچ' ایم' سعید ادارة نشر الکتب 1401ھ

(403) **ایضاً**"
بلوغ الامانی فی سیرة الامام محمد بن الحسن الشیبانی' کراتشی = ایچ - ایم - سعید کمپنی' الطبعة الاولی 1355ھ

(404) **ایضاً**"
الحاوی فی سیرة الامام ابی جعفر الطحاوی - کراتشی' ایچ' ایم' سعید

(405) **ایضاً**"
حسن التقاضی فی سیرة الامام ابی یوسف القاضی' کراتشی' شرکة ایچ - ایم - سعید (ادارة نشر الکتب) طبع ثانی 1403ھ

(406) **ایضاً**"
فقه اهل العراق و حدیثهم (حققه = عبدالفتاح ابوغدة) کراتشی = شرکة ایچ - ایم - سیعد کمپنی' الطبعة الاولی' 1401ھ

(407) **ایضاً**"

toobaa-elibrary.blogspot.com

لمحات النظر فی سیرة الامام زفر (کراتشی، شرکة ایچ۔ایم۔سعید (ادارة نشر الکتب) طبع ثانی 1397ھ)

(408) **ایضاً**

النکت الطریفة فی التحدث عن ردود ابن ابی شیبة علی ابی حنیفة۔ القاهرة = مطبعة الانوار، الطبعة الاولی 1365ھ

(409) **الکیرانوی** محمد نظام الدین

النظامی شرح الحسامی۔ کراتشی، ایچ، ایم، سعید

(410) **لجنة** احیاء التراث العربی

کتاب الاحکام الشرعیة فی الاحوال الشخصیة علی مذهب الامام ابی حنیفة، بیروت = منشورات دار الافاق الجدیدة، الطبعة الثانیة 1400ھ

(411) **لجنة** من علماء الهند، فتاوٰی عالمگیری، لکهنو = منشی نولکشور

(412) **لجنة** مولفة من العلماء المحققین

مجلة الاحکام العدلیة۔ کراتشی = قدیمی کتب خانه

(413) **لطفی جمعه** محمد (م 1372ھ / 1953ء)

تاریخ فلاسفة الاسلام فی المشرق والمغرب۔ مصر = مطبعة المعارف 1345ھ

(414) **المازندرانی** السید موسی الحسینی العقد المنیر فی تحقیق ما یتعلق بالدراهم والدنانیر۔ طهران = مکتبة الصدوق، 1382ھ

(415) **مالک**، بن انس الامام (م 179ھ / 795ء)

الموطا۔ کراتشی = نور محمد، اصح المطابع

(416) **الماوردی** ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب البصری (م 450ھ / 1058ء)

الاحکام السلطانیة والولایات الدینیة۔ مصر = دار الفکر للطباعة والنشر والتوزیع، الطبعة الاولی 1404ھ

(417) **ایضاً**

ادب الدین والدنیا (مصر = دار الکتب العربیه (سن طبع درج نہیں))

(418) **ایضاً**

تسهیل النظر و تعجیل الظفر فی اخلاق الملک و سیاسة الملک (تحقیق = هلال السرحان) بیروت، دار النهضة، الطبعة الاولی 1981ء

(419) **ایضاً**

قوانین الوزارة۔ (تحقیق و دراسة = الدکتور فواد عبدالمنعم احمد۔ الدکتور محمد سلیمان داؤد) موسسة الجامعة الاسکندریة، طبعة ثانیة 1398ھ / 1978ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

(420) **المجلس** الاعلی للشؤن الاسلامیة بمصر
موسوعة الفقه الاسلامی المعروفة بموسوعة جمال عبدالناصر الفقهیة' القاهرة = 1390
(421) **المجمع** الملکی لبحوث الحضارة الاسلامیة
التنمیة من منظور الاسلامی - عمان = آل البیت
(422) **ایضاً**
الفهارس التهلیلیة للاقتصاد الاسلامیه وفقاً للموضوعات - عمان = آل البیت
(423) **محمد سلام** مدکور المدخل للفقه الاسلامی - القاهرة = الطبعة الاولی 1380ھ / 1960ء
(424) **محمد شهیر** ارسلان
القضاء والقضاة' بیروت = دار الارشاد الطبعة الاولی 1389ھ / 1969 م
(425) **محمد عثمان** شبیر'
احکام الخراج فی الفقه الاسلامی - الکویت' دار الارقم الطبعة الاولی 1406ھ / 1986ء
(426) **محمد کرد** علی' محمد بن الرزاق (م 1372ھ / 1953ء)
کتاب خطط الشام دمشق = مطبعة الترقی' 1346ھ / 1927ء
(427) **ایضاً**
کنوز الاجداد' مصر = مطبعة المعارف 1357ھ
(428) **محمد یحییٰ** ابوزکریا (م 1334ھ / 1916ء)
لامع الدراری علی جامع البخاری - مکة المکرمه = المکتبة الامدادیة' سنة الطبع 1396ھ
(429) **محی الدین** عطیة'
الکشاف الاقتصادی لآیات القرآن الکریم المعهد العالمی للفکر الاسلامی' الطبعة الاولی 1412ھ / 1991ء
(430) **المرداوی** علاء الدین ابوالحسن علی بن سلیمان (م 885ھ / 1480ء)
الانصاف (تحقیق = محمد حامد الفقی) دار احیاء التراث العربی' الطبعة الثانیة' 1400
(431) **المرغینانی** برهان الدین ابوالحسن علی بن ابی بکر (م 593ھ / 1197ء)
الهدایة (مع الدرایة فی منتخب تخریج احادیث الهدایة' ملتان = مکتبه شرکة علمیة
(نوٹ:- مقالہ میں ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال ہوا ہے۔ کراچی محمد علی کارخانہ اسلامی کتب)
(432) **المرکز** العالمی لابحاث الاقتصاد الاسلامی
الاقتصاد الاسلامی - مکة المکرمة = جامعة الملک عبدالعزیز' الطبعة الاولی 1400ھ
(433) **المسعودی** ابوالحسن علی بن الحسین بن علی (م 346ھ / 957ء)
التنبیه والاشراف (تصحیح عبدالله اسماعیل الصاوی)' بغداد' 1357ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(434) **ایضاً**

مروج الذهب و معادن الجوهر (تحقیق = محمد محی الدین عبدالحمید)' مصر = المکتبة التجاریة الکبری الطبعة الثانیة' 1367ھ

(مقالہ میں اس کتاب کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال کیا گیا ہے۔)

مروج الذهب (تحقیق و تعلیق = یوسف اسعد داغر) بیروت = دار الاندلس للطباعة والنشر' الطبعة الاولی 1965ء

(435) **مسلم**' بن حجاج قشیری (م 261ھ / 875ء)

الصحیح لمسلم (مع شرح الکامل للنواوی) اسلام آباد = ادارة البحوث الاسلامیه بوزارة التعلیم الوفاقیة' سنة الطبع 1405ھ

نوٹ: مقالہ میں الصحیح لمسلم کا ایک ایڈیشن یہ بھی استعمال ہوا ہے۔ کراچی' قدیمی کتب خانہ

(436) **مصطفیٰ** الزرقاء' احمد

الفقه الاسلامی فی ثوبه الجدید' دمشق = مطبعة الحیاة - 1383ھ

(437) **المصنف** ابوبکر بن هدایة الله (م 1014ھ / 1605ء)

طبقات الشافعیة - بغداد = المکتبة العربیة' 1356ھ

(438) **مصنف** مجهول'

معجم المصنفین (طبع فی ظل دولة السلطان ملک الدکن) بیروت' مطبعة و زنکو غراف طباره' 1344ھ

(439) **المظهری**' محمد ثناء الله قاضی (م 1225ھ / 1811ء)

التفسیر المظهری - حیدر آباد - الهند = مجلس اشاعت العلوم

(440) **المقدسی** شمس الدین ابوعبدالله محمد بن احمد (م 375ھ / 985ء)

احسن التقاسیم فی معرفة الاقالیم - بیروت = مکتبة خیاط

(441) **المقری** احمد بن محمد (م 1041ھ / 1631ء)

نفح الطیب من غصن الاندلس الرطیب و ذکر و زیرها لسان الدین بن الخطیب - (تحقیق = محمد محی الدین عبدالحمید) القاهرة = مصر = مطبعة عیسیٰ البابی الحلبی

(442) **المقریزی** تقی الدین احمد بن علی بن عبدالقادر (م 845ھ / 1441ء)

المواعظ والاعتبار بذکر الخطط والآثار لبنان = مکتبة احیاء العلوم

(443) **ایضاً**

کتاب النقود الاسلامیة المسمی "بشذور العقود فی ذکر النقود (تحقیق = محمد السید علی بحر العلوم) قم = منشورات الشریف الرضی' الطبعة الخامسة 1387ھ /

toobaa-elibrary.blogspot.com

1967ء

(444) **الملاعلی** القاری، علی بن (سلطان) محمد (م1014ھ / 1606ء)
ذیل الجواهر المضیة۔ حیدر آباد الدکن۔ الهند = 1332ھ

(445) **ایضاً**
شرح النقایة (وبهامشه شرح للمولوی الیاس) کراتشی = ایچ ایم سعید

(446) **ایضاً**
مرقاة المفاتیح شرح مشکوة المصابیح ملتان = مکتبه امدادیه

(447) **المنذری** عبدالعظیم بن عبدالقوی (م656ھ / 1258ء)
مختصر سنن ابی داود۔ (تحقیق احمد محمد شاکر و محمد حامد الفقی) = سانگله هل = المکتبة الاثریة الطبعة الاولی 1368ھ

(448) **الموسوی** محمد باقر
روضات الجنات فی احوال العلماء و السادات (تصحیح محمد علی الاصبهانی) الطبعة الثانیة 1347ھ

(449) **الموفق** المکی، بن احمد (م568ھ / 1172ء)
مناقب الامام الاعظم ابی حنیفة۔ حیدر آباد الدکن۔ الهند = مطبعة مجلس دائرة المعارف النظامیة 1321ھ

(450) **النابلسی** عبدالغنی (م935ھ / 1529ء)
علم الملاحة فی علم الفلاحة۔ بیروت = دار الافاق الجدیدة طبع 1979ء

(451) **النسائی** احمد بن علی بن شعیب (م303ھ / 915ء)
سنن النسائی، کراچی، قدیمی کتب خانه

(452) **النسفی** ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود (م710ھ / 1310ء)
مدارک التنزیل و حقائق التاویل، دار احیاء الکتب العربیة عیسیٰ البابی الحلبی و شرکاؤ

(453) **ایضاً**
کشف الاسرار فی شرح المنار، بولاق = المطبعة الامیریة الکبری، الطبعة الاولی 1316ھ

(454) **النسفی** عمر بن محمد بن احمد بن اسماعیل (م537ھ / 1142ء)
الخلافیات۔ بغداد = مکتبة الاوقاف، الطبعة الاولی 1983ء

(455) **ایضاً**
طلبة الطلبة فی الاصطلاحات الفقهیة (تحقیق = الشیخ خلیل) بیروت = دار القلم، الطبعة الاولی 1406ھ

(456) **النفراوی** احمد بن غنیم بن مهنا (م1126ھ / 1714ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

الفواكه الدوانی علی رسالة ابن ابی زید القیروانی - خرطوم = المکتبة الاهلیة، مطبعة السعادة، 1331ھ

(457) **النقشبندی** السید ناصر محمود
الدرهم الاسلامی المضروب علی الطراز الساسانی، بغداد = المجمع العلمی العراقی، 1389ھ / 1969ء

(458) **ایضاً**
الدینار الاسلامی فی المتحف العراقی، بغداد = 1953ء

(459) **النمنکانی** حامد مرزا الفرغانی،
الفتح الرحمانی فی فتاوی السید ثابت ابی المعانی (تصحیح = نعمان محمد طاشکندی) القاهرة = مطبعة دار الجهاد، الطبعة الثانیة 1396ھ

(460) **النووی** ابوزکریا محی الدین یحییٰ بن شرف (م676ھ / 1277ء)
تهذیب الاسماء واللغات - بیروت = دار الکتب العلمیة

(461) **ایضاً**
المجموع شرح المهذب } المدینة المنورة = المکتبة السلفیة

(462) **ایضاً**
منهاج الطالبین وعمدة المفتین - مصر = دار الاحیاء الکتب العربی، 1343ھ

(463) **النویری** احمد بن عبدالوهاب بن محمد (م733ھ / 1333ء)
نهایة الارب فی فنون الادب - القاهرة = وزارة الثقافة والارشاد القومی الموسسة المصریة، طبع 1955ء

(464) **الوصابی** ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن (م782ھ / 1380ء)
البرکة فی فضل السعی والحرکة، القاهرة = المکتبة التجاریة

(465) **وکیع** محمد بن خلف بن حیان (م306ھ / 919ء)
اخبار القضاة (تصحیح = عبدالعزیز مصطفیٰ المراغی) بیروت = عالم الکتب، الطبعة الاولی 1366ھ

(466) **هلال الرای** بن یحییٰ بن مسلم (م245ھ / 859ء)
کتاب احکام الوقف - حیدر آباد الدکن - الهند = مجلس دائرة المعارف العثمانیة، الطبعة الاولی 1355ھ

(467) **الهیثمی** نور الدین علی بن ابی بکر (م807ھ / 1405ء)
مجمع الزوائد ومنبع الفوائد بیروت = موسسة المعارف، 1406ھ

(468) **الیافعی** ابومحمد عبداللہ بن اسعد (م768ھ / 1366ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مرآة الجنان و عبرة اليقظان فی معرفة ما يعتبر من حوادث الزمان - بيروت = موسسة الاعلمی للمطبوعات، الطبعة الثانية 1390ھ

(469) **ياقوت** الحموی، ابو عبدالله ياقوت بن عبدالله (م 626ھ / 1229ء)
معجم الادباء بيروت = دار احياء التراث العربی

(470) **ايضاً**
معجم البلدان بيروت = دار صادر للطباعة والنشر، 1376ھ

(471) **يحيٰی** بن آدم القرشی (م 203ھ / 818ء)
كتاب الخراج (صححه و شرحه و وضع فهارسه ابو الاشبال احمد محمد شاكر) لاهور = المكتبة العلمية الطبعة الاولی 1395ھ

(472) **اليعقوبی** احمد بن اسحاق (ابی يعقوب) بن جعفر (م بعد 292ھ / 905ء)
تاريخ اليعقوبی - بيروت = دار صادر للطباعة والنشر، 1379ھ

(473) **يوسف** ابراهيم يوسف الدكتور
المنهج الاسلامی فی التنمية الاقتصادية مطابع الاتحاد الدولی للبنوك الاسلامية 1401ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

عربی مخطوطات

(474) **ابن مازه** برهان الدین ابوالمعالی محمود بن الصدر السعید تاج الدین احمد (م 616ھ / 1219ء)

المحیط البرهانی نمبر ب 11-256 م لاهور، قائداعظم لائبریری

(475) **الزرنوجی** برهان الدین، تعلیم المتعلم آداب التعلم فی جمیع العلوم

کراچی، کتب خانه بمدرد دواخانه نمبر 1492

(476) **السمعانی**، حسین بن محمد (م آٹھویں صدی ھجری)

خزانة المفتین نمبر 9 II 2922 پنجاب یونیورسٹی لائبریری

(477) **الشریف** الجرجانی، علی بن محمد (م 816ھ)

الشریفیه نمبر 82 II 1001 - لاهور، پنجاب یونیورسٹی لائبریری

(478) **الصیمری**، ابوعبدالله حسین بن علی،

مناقب حسان من اخبار الامام ابی حنیفة الحبر البحر النعمان لاهور، قائداعظم لائبریری، ص 19، 256 م 591

(479) **الغزنوی** ابو حفص سراج الدین عمر بن اسحاق (م 797ھ) الغرة المنیفة فی ترجیح مذهب الامام ابی حنیفة کراچی، کتب خانه بمدرد دواخانه نمبر 1188

(480) **قاضی نظام الدین** شهاب الدین احمد بن محمد (م 875ھ / 1471ء) فتاوی ابراهیم شاهی - نمبر 98 II 1857 - پنجاب یونیورسٹی لائبریری

(481) **مصنف مجهول** الالفاظ الحسان فیما اختلف فیه الامامان الشافعی والنعمان نمبر 94 II 1067 - پنجاب یونیورسٹی لائبریری

(482) **مصنف مجهول** رسالة فی بیان السلف من العلماء الراسخین

مخطوطه، کتب خانه پیر محمد اعظم، خانقاه فاضلیه گڑھی افغاناں (راولپنڈی)

(483) **مصنف مجهول** مناقب الامام ابی یوسف و مناقب الامام محمد بن الحسن الشیبانی

(مخطوطه، کتب خانه پیر محمد اعظم، خانقاه فاضلیه گڑھی افغاناں (راولپنڈی)

(484) **الناگوری** ابوالفتح رکن بن حسام

فتاوی حمادیه (ایک فقهی مخطوطه) (پنجاب یونیورسٹی لائبریری، شیرانی کلیکشن نمبر 3909 = ورق / 211

(485) **النسفی** ابوالبرکات عبدالله بن احمد بن محمود (م 710ھ)

کنز الدقائق - نمبر 11-A-8588 - پنجاب یونیورسٹی لائبریری

الاخروية

والرنيوية

toobaa-elibrary.blogspot.com

اردو کتب

(486) **ابوالکلام آزاد** احمد بن خیر الدین (م 1377ھ / 1958ء) تذکرہ (مرتبہ مالک رام) نئی دلی = ساہتیہ اکادیمی، طبع اول-1968ء

(487) **احمدرضا** مولانا (م 1340ھ) فتاویٰ رضویہ، فیصل آباد، سنی دارالاشاعت 1394ھ

(488) **تنزیل الرحمٰن** ڈاکٹر، مجموعہ قوانین اسلام، اسلام آباد = ادارہ تحقیقات اسلامی، طبع دوم 1985ء

(489) **حمیداللہ** محمد ڈاکٹر،

خطبات بہاولپور-بہاولپور = اسلامیہ یونیورسٹی، اشاعت اول 1401ھ

(490) **حنیف ندوی** محمد مولانا

افکار ابن خلدون-لاہور = ادارہ ثقافت اسلامیہ، پانچواں ایڈیشن 1984ء

(491) **سعیداللہ** قاضی، ڈاکٹر

اصول تحقیق، پشاور شیخ زائد اسلامک سنٹر، طبع 1992ء

(492) **سیوہاروی** محمد حفظ الرحمٰن،

قصص القرآن-کراچی = دارالاشاعت

(493) **شبلی نعمانی** محمد (م 1332ھ / 1914ء)

سیرۃ النعمان، لاہور = اسلامی اکادمی

(494) **شہزاد** اقبال شام

اسلام کا نظام مصارف، اسلام آباد = شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، طبع اول 1414ھ

(495) **عزیز محمد** دولت عثمانیہ، اعظم گڑھ = معارف پریس، 1362ھ

(496) **غفاری** نور محمد ڈاکٹر، اسلام کا قانون محاصل، لاہور = مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری

(497) **ایضاً**

اسلام کا نظام مالیات-ڈیرہ اسماعیل خاں، مکتبہ نعمانیہ

(498) **فقیر محمد** جہلمی

حدائق الحنفیہ (مرتبہ مع حواشی و تکملہ خورشید احمد خان) لاہور = مکتبہ حسن سہیل طبع سوم 1906ء

(499) **محمداحسن** صدیقی، مذاق العارفین ترجمہ احیاء علوم الدین، لاہور مکتبہ رحمانیہ

(500) **محمدشفیع** مفتی

اسلام کا نظام اراضی، کراچی = دارالاشاعت-ایڈیشن سوم، 1979ء

(501) **محمدطاسین** مولانا،

مرجع نظام زمینداری اور اسلام-لاہور مرکزی انجمن خدام القرآن

(501/2) **نجات اللہ صدیقی**

toobaa-elibrary.blogspot.com

محمد ڈاکٹر' اسلام کا نظام محاصل (ترجمہ' کتاب الخراج) کراچی' مکتبہ چراغ راہ' طبع اول 1966ء

(502) **ایضاً"**

اسلام کا نظریہ ملکیت۔ لاہور = اسلامک پبلی کیشنز' اشاعت سوم 1980ء

(503) **ایضاً"**

شرکت و مضاربت کے شرعی اصول' لاہور' اسلامک پبلی کیشنز طبع سوم 9181ء

(504) **یوسف گورایہ** ڈاکٹر' کیا اسلام میں کرایہ داری جائز ہے؟ لاہور = فیروز سنز

(505) اسلامی نظریاتی کونسل کی تیرھویں رپورٹ' اسلام نظام محاصل و قانون محاصل' اسلام آباد' اسلامی نظریاتی کونسل' اپریل 1984ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

فارسی کتب

(506) **بدایونی** عبدالقادر بن ملوک شاہ۔ منتخب التواریخ (تصحیح=ولیم ناسولیس و منشی احمد علی) کلکتہ' 1865ء

(507) **برنی'** ضیاءالدین تاریخ فیروز شاہی۔ کلکتہ=1862ء

(508) **السیھرندی** یحییٰ بن احمد بن عبداللہ (م 838ھ)
تاریخ مبارک شاہی (تصحیح محمد ہدایت حسین) کلکتہ=ایشیاتک سوسائٹی' 1931ء

(509) **شمس سراج** عفیف۔ تاریخ فیروز شاہی (تصحیح مولوی ولایت حسین) کلکتہ=ایشیاتک سوسائٹی' 1891ء

(510) **العمری** شہاب الدین
مسالک الابصار' علی گڑھ=1943ء

(511) **فخر'** مدبر
تاریخ فخرالدین مبارک شاہ (تصحیح سر ڈینی سن راس) لندن=1927ء

(512) **فیروز** شاہ' سلطان
فتوحات فیروز شاہی۔ (تصحیح=شیخ عبدالرشید) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی' 1954ء

(513) **الکوفی** علی بن حامد بن ابی بکر (م 613ھ)
فتح نامہ سندھ المعروف بہ چچنامہ (تصحیح=عمر بن محمد داؤد پوتہ) حیدر آباد دکن۔ الہند= مجلس مخطوطات فارسیہ' 1358ھ

(514) **ماھرو** عین الدین
انشاء ماھرو (تصحیح پروفیسر عبدالرشید) لاہور 1965ء

(515) **محمد حسن** مرزا
مرات احمدی (تصحیح و تحشی=سید نواب علی) کلکتہ' 1928ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

ENGLISH BOOKS

(516) Ahmed, Ziauddin , (Munawar Iqbal - M. Fahim Khan).
Fiscal Policy and Resource Allocation in Islam. Islamabad, institute of policy studies.
(517) Arnold, Thomas, W.Caliphate - London, 1965
(518) Bach, George Leland, Economics An intoduction to analysis and policy. New Jersey, Prentice Hall inc.
(519) Gide, Charles ..... Rist, charles.
A History of Economic Doctrines. London, George G. Harrap Company, 1950.
(520) Haney, Lewish.
History of Economic thougth. New york, The Macmillan Compnay, 1965.
(521) Lambton, Ann K.S, = Landlord and Peasant in Persia,
Oxford, 1953.
(522) Lokke gaard, Frede,
Islamic Taxation in the classic period. Lahore, sind sagar academy.
(523) Report of a working group
"Tax System in Pakistan" Islamabad, Institute of policy studies.
(524) Schacht, J. The origins of Muhammadan Juris Prudence
London, 1965.
(525) Schumpeter, Joseph, A
History of Economic Analysis. London, George Allen-Unwin Ltd.
(526) Ibid
The Great Economists, London, George Allen-Unwint Ltd.
(527) Shemesh, A. Ben.
Taxation in Islam. Leiden E.J. Brill, 1969 .
(528) Taylor, Overton H.
A History of Economic Thought. Tokyo, Kogakusha Company. Ltd.
(529) Weber, Max,
General Economic Hsitory. (Translated by Frank H. Knight) London, George Allen-Unwin Ltd.
(530) Wilson, E.M. Carus.
Essays in Economicc History. London, Edward Arnold (Publishers) Ltd., 1962.
(531) Ziaul Haque. Landlord and peasant in early Islam.
Islamabad, Islamic Research institute, 1984.

toobaa-elibrary.blogspot.com

تراجم

(5.32) ایس ایم اختر' ڈاکٹر۔ غلام رسول مہر' مولانا' عظماء کے معاشی نظریات (جارج سول (George Soule) کی کتاب "Ideas of the great Economists" کا اردو ترجمہ' لاہور' مجلس ترقی ادب' طبع اول 1960ء

(5.33) رشید احمد' مولوی' تاریخ معاشیات' (ڈاکٹر انگرم کی کتاب "History of Economics" کا اردو ترجمہ' حیدر آباد دکن

(5.34) غلام رسول مہر' مولانا' جزیہ اور اسلام' (ڈینٹ' ڈینیل سی کی کتاب "Conversion and the poll tax in early Islam" کا اردو ترجمہ' لاہور' شیخ غلام علی اینڈ سنز' طبع اول 1962ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

عربی مضامین

(535) **البوزیدی**' علال' نظرات فی الفکر المنهجی عند ابن خلدون' مجلة = الامة (قطر) صفر '1404ھ

(536) **الحمر** عبدالملک'
من تاریخ الفکر الاقتصادی فی الاسلام' مجلة = الاقتصاد الاسلامی (الامارات العربیه) العدد 48 ذوالقعدة 1405ھ

(537) **الرفاعی** عبدالجبار'
فهرست الاقتصاد الاسلامی باللغة العربیة مجلة التوحید

(538) **رمضان علی السید** الدکتور
التعزیر بالمال فی الشریعة الاسلامیة (العقوبة بالمال) مجلة = الشریعة والقانون - العدد الاول 1978ء - جامعة صنعاء کلیة الشریعة والقانون'

(539) **السامرائی** ابراهیم'
من کتب التراث - کتاب الخراج و صناعة الکتابة بقدامة بن جعفر - مجلة = عام الکتب (الریاض) شوال 1402ھ - الریاض = دار ثقیف للنشر والتالیف

(540) **السامرائی** حسام الدین' الدکتور
السیاسة الزراعیة للدولة العباسة (خلال القرن الثالث الهجری) مجلة = کلیة الامام الاعظم (بغداد) مطبعة العانی' العدد الثانی 1394ھ

(541) **السامرائی** حسام الدین' الدکتور
دراسات فی الاقتصاد الزراعی للدولة العباسیة مجلة = البحث العلمی والتراث الاسلامی (مکه مکرمه) 1402ھ

(542) **السائح** علی حسین
زکاة المزروعات بین واقع النصوص و اختلاف الفقهاء واقتصاد العصر - مجلة کلیة الدعوة الاسلامیة (طرابلس) العدد الرابع 1397ھ

(543) **السقاف** عبدالعزیز الدکتور
مبادی السیاسة المالیة فی الدولة الاسلامیة مجلة = الشریعة والقانون جامعة صنعاء کلیة الشریعة والقانون

(544) **الطهطاوی** محمد عزت
من اعلام القضاء فی دوله الاسلام = ابو یوسف یعقوب بن ابراهیم مجلة الازهر - صفر 1406ھ

(545) **عبدالرحمٰن**' فقیه عصره - مجلة = لواء الاسلام صفر 1388ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(546) **عبدالواحد** دنوزطه
صور سياسة الحجاج الثقفى المالية فى العراق مجلة = المورد (تصدرها وزارة الاعلام - الجمهورية العراقية) العدد الثالث 1396هـ

(547) **العرينى**، الباز السيد، الاقطاع فى الشرق الاوسط (منذ القرن السابع حتى القرن الثالث عشر الميلادى) حوليات كلية الاداب، المجلد الرابع يناير 1957ء - جامعة عين شمس

(548) **العوضى** رفعت السيد الدكتور
رؤية فى منهج الاقتصاد الوضعى
كلية الشريعة والدراسات الاسلامية، الدوحة = جامعة قطر العدد الثانى 1984م

(549) **القزاز** وداد على،
الدراهم الاسلامية المضروبة على الطراز الساسانى للخلفاء الراشدين فى المتحف العراقى، مجلة = المسكوكات العدد اسنة 1969ء

(550) **الكفراوى** عوف محمود
الانفاق الاستثمارى فى الدولة الاسلامية = فى فكر القاضى ابى يوسف - مجلة = الاقتصاد الاسلامى (الامارات العربيه) رمضان المبارك 1405هـ

(551) **محمد ابوالثير**
ابو يوسف بين الهادى والرشيد - مجلة = الجديد (مصر) اكتوبر 1978ء

(552) **المرسى** محمود الدكتور
دراسة تحليلية للنظام المحاسبى فى الدواوين فى عصر الخلافة العباسية بمصر 659هـ - 923هـ مجلة جامعة ام القرى (جامعة ام القرى / مكة المكرمة) العدد الثانى، العام 1409هـ

(553) **مليحة**، الدكتورة
بناء المجتمع العراقى فى العصر العباسى، مجلة = حولية كلية البنات بجامعة عين شمس، العدد السادس

(554) **نزيه كمال** حماد، الدكتور
تغير النقود واثره على الديون فى الفقه الاسلامى مجلة البحث العلمى والتراث الاسلامى (مطبع دار مكة) العدد الثالث 1400هـ

(555) **الوليلى**، ابراهيم،
من رواد الاقتصاد الاسلامى، (حميد بن زنجويه 180 - 251هـ) مجلة = الاقتصاد الاسلامى (الامارات العربيه)

(556) **اليوزبكى** توفيق سلطان الدكتور

toobaa-elibrary.blogspot.com

نظرات فی مواقف الاسلام والدولة الاسلامية من اهل الذمة خلال القرنين الاول والثانی للهجرة مجلة=الدراسات الاسلامية بجامعة ام درمان الاسلامية ربيع الاول 1398ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اردو مضامین

(557) اشتیاق حسین'

ضریبہ - ہندوستان (سلطنت دہلی) اردو دائرہ معارف اسلامیہ جلد 12 لاہور = دانش گاہ پنجاب

(558) ساجد الرحمٰن' صدیقی ڈاکٹر

حدیث غلابہ اور فقہی اجتہادات - سہ ماہی منہاج لاہور جولائی اکتوبر 1988ء - لاہور = مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری

(559) عبدالواحد' ڈاکٹر

"مروجہ نظام زمینداری اور اسلام" پر تبصرہ - سہ ماہی منہاج لاہور جولائی 1987ء لاہور = مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری

(560) غفاری' نور محمد ڈاکٹر

اسلام میں جاگیرداری اور زراعت - سہ ماہی منہاج لاہور اپریل 1990ء لاہور = مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری

(561) نجات اللہ صدیقی' ڈاکٹر

امام ابو یوسف کا معاشی فکر - ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور اگست' ستمبر 1964ء لاہور = دفتر ترجمان القرآن

toobaa-elibrary.blogspot.com

ENGLISH ARTICLES

(562) Ahmad, Rafiq, The origin of Economics and the Mulsims — A Preliminary survey (Journal, The Punjab University Economist Lahore, University of the Punjab).

(563) Beg, Muhammad Abdul Jabbar, Dr. "Agricultural and Irrigation Labourers in social and Economic life of IRAQ during the Umayyad and Abbasid Caliphates (An Examination of contracts (UQUd)" Journal "Islamic Culture" January 1973. Published by the Islamic Culture Board Hyderabad - INDIA.

(564) Boulakia, Jean David, Ibn Khaldun = A Fourteenth century Economist, Journal of Islamic Banking and Finance.

(565) Cahen, CL. "Baytal - Mal" The Encyclopaedia of Islam. (New edition)

(566) Ibid Kharadj. The Encyclopaedia of Islam. (New Edition) Leiden. E.J. Brill 1978.

(567) Cropsey, Joseph, Smith Adam, The Encyclopaedia Americana,

(568) Gill, Richard T. Smith Adam, The Macmillan Family Encyclopaedia.

(569) Hay, Thomas Robson Smith Adam, Collier's Encyclopaedia (New York Macmillan Educational Compnay).

(570) Khaled Abou EL Fadl "Tax Farming in Islamic law (Qibalah and daman of Kharaj) A search for a concept. (Journal, Islamic Studies 1992.

(571) Mirakhor, Abbas Dr, The Muslim scholars and the history of economics = a Need for consideration. The American jounral of Islamic social sciences. vol. 4, No.2, 1987.

(572) Schacht, J. Abu Yusuf Encyclopaedia of Islam. (New edition) Leiden, E.J. Brill.

(573) Sherwani, H.K. Ibn Khaldun and his politico - economic thought. Islamic culture (An English quarterly) April 1970 (Published by the Islamic culture board Hyderabad (India).

toobaa-elibrary.blogspot.com

(574) Viner, Jacob,
Smith Adam,
International Encyclopaedia of the social sciences (Newyork,
The Macmillan company).
(575) Ziauddin Ahmed
"USHR AND USHR LAND" (Journal, Islamic Studies, Summer 1980,
Printd at Islamic research institute press.
(576) Ziaul Haque
"Metayage and Tax-Farming in the medieval Muslim Society"
Journal "Islamic Studies" Islamabad, Islamic Research Institute,
Autumn 1975.

قومی اخبار

(577) روزنامہ جنگ لاہور
اشاعت 15 جون 1993ء 25 ستمبر 1993ء 20 فروری 1997 29 مارچ 1997ء 31 مئی 1997ء 4 جون 1997ء 16 جو
1997ء 13 ستمبر 1997ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

کُتب خانے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصادر و مراجع کے حصول کے لیے درج ذیل لائبریریوں سے استفادہ کیا گیا راقم ان کے منتظمین کا شکر گذار ہے

اسلام آباد	لائبریری	ادارہ تحقیقات اسلامی
	"	اسلامی نظریاتی کونسل
	"	انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈی
	"	بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی
	"	" " " "شعبہ معاشیات
	"	قائداعظم یونیورسٹی
	"	وفاقی شرعی عدالت
بہاولپور	"	اسلامیہ یونیورسٹی
	"	سنٹرل
پشاور	"	اسلامیہ کالج
جامشورو	"	سندھ یونیورسٹی
حیدر آباد	"	شاہ ولی اللہ اکیڈمی
رحیم یار خاں	"	شیخ زاید
فیصل آباد	"	زرعی یونیورسٹی
کراچی	"	جامعہ الدراسات الاسلامیہ
	"	خالد اسحاق ایڈووکیٹ
	"	کراچی یونیورسٹی
	"	مجلس علمی
	"	ہمدرد دواخانہ (بیت الحکمتہ)
گڑھی افغاناں ضلع راولپنڈی		پیر محمد اعظم (خانقاہ فاضلیہ)
گوجرانوالہ	"	جناح (ٹرسٹ پلازہ)
	"	گورنمنٹ کالج
	"	مدرسہ نصرۃ العلوم
لاہور	"	ادارہ علوم اسلامیہ (جامعہ پنجاب)
	"	پنجاب پبلک
	"	دیال سنگھ
	"	قائداعظم
	"	یونیورسٹی

toobaa-elibrary.blogspot.com